# ذکر اللہ جل جلالہ

## کے

# فضائل و مسائل

تألیف


حضرت مولانا سید مفتی مختار الدین صاحب ظلہ کربوغہ شریف

خلیفہ مجاز بزرگ العصر شیخ الحدیث حضرت اقدس مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی

نور اللہ مرقدہ



دار الایمان

DARUL-IMAAN

# مقدمہ کتاب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ

اَلحَمد للّٰہِ وَ کَفٰی وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلامُ عَلیٰ عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفیٰ

اللہ تعالی بے انتہا بڑے ہیں ان کی یاد بھی بہت بڑی ہے اللہ تعالی کا ارشاد ہے؛ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَر : اور اللہ تعالی کی یاد بہت بڑی چیز ہے ( عنکبوت ) اور اس کی یاد سے انسان کے دل کو حقیقی اطمینان وسکون حاصل ہوتا ہے۔ اَلاَ بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْب : اچھی طرح سن لو، دلوں کو اطمینان یادالٰہی سے حاصل ہوتا ہے۔

اور یہی اطمینان وسکون انسان کے اندر وہ عزم اور حوصلہ پیدا کر دیتا ہے جو اس کو اللہ تعالیٰ کے سوا ہر خوف اور ہر طمع سے بے پرواہ کر دیتا ہے اور یہی وہ اصل قوت اور حقیقی جوہر ہے جو ایمان اور اللہ تعالی کی یاد سے حاصل ہوتا ہے اور جس شخص اور جس قوم کو حقیقی معنوں میں ایمان اور یادالٰہی کی نعمت نصیب ہوتی ہے وہ شخص اور وہ قوم حقیقی عزت وترقی کی راہ پر بڑھتی ہے اور یہی ایمان و یادالٰہی پوری شریعت کی روح ہے۔ تمام اعمال حسنہ جیسے نماز، روزہ ، زکواۃ، حج، امر بالمعروف و نہی عن المنکر، حقوق العباد اور جہاد وغیرہ اعمال صالحہ کی شکلیں اور صورتیں ہیں اور ان اعمال کی روح اخلاص اور اللہ تعالی کی یاد ہے اگر یہ اعمال ذکر اللہ کی روح سے خالی ہو جائیں تو ان کی کوئی قدر و قیمت نہیں اور جس عمل کے اندر جس قدر خلوص ومحبت اور یادالٰہی ہوگی اسی قدر وہ عمل قیمتی اور وزنی ہوتا ہے۔

پھر یہ یادالٰہی صرف پوری شریعت اور اعمال حسنہ کی روح نہیں بلکہ موجودہ دنیا کی روح بھی اللہ تعالی کی اختیاری یاد ہے جب تک پوری دنیا میں ایک بندہ بھی اللہ تعالی کے دیئے ہوئے اختیار کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو یاد کر کے اللہ اللہ کہتا ہوگا تب تک آسمان وزمین کا یہ نظام باقی رہیگا اور جب پوری دنیا میں ایک شخص بھی ایسا نہ پایا جائے گا جس کا دل اللہ تعالی کی یاد سے معمور ہو جو اللہ تعالی ہی کو پکارے اور اس کی طرف بلائے تو قیامت برپا ہو جائے گی اور موجودہ نظام درہم برہم ہو جائے گا۔

خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالی کی یاد بہت بڑی چیز ہے اور اللہ کی یاد سے بڑھ کر نہ کوئی چیز ہے اور نہ ہو سکتی ہے۔ اللہ تعالی کو یاد کرنے اور اسکی یاد میں ترقی کرنے کیلئے جس طرح صحیح عقیدہ اور ایمان کی ضرورت ہے اسی طرح اس کو ترقی دینے کیلئے آسمان وزمین میں اللہ تعالی کے انعامات واحسانات میں غور وفکر اور دل وزبان سے سراً وجہراً اللہ تعالی کا نام لینا بھی ضروری اور مفید ہے اس لئے شریعت مطہرہ نے کچھ زبانی اور عملی اذکار سراً وجہراً خاص مقدار

میں فرض و واجب قرار دیئے ہیں جن کی ایک کامل صورت نماز ہے نیز فرض و واجب مقدار کے علاوہ کثرت سے ذکر کی ترغیب دی ہے تا کہ اللہ تعالی کے قرب اور اس کی طرف بڑھنے کا راستہ کھلا رہے۔

لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ جس چیز کی سب سے زیادہ اہمیت اور ضرورت ہے اور جس چیز کے بارے میں قرآن وحدیث میں سب سے زیادہ ترغیب دی گئی ہے اس چیز کی کمی کے باعث امت مسلمہ کی اجتماعی روح کمزور ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی ہے ایسے وقت میں ذکر الٰہی کی اہمیت اور قدر و قیمت کو مختلف انداز سے گھٹایا جا رہا ہے حالانکہ اس وقت امت مسلمہ کے ساتھ بلکہ پوری انسانیت کے ساتھ خیر خواہی اور ہمدردی تو یہ تھی کہ لوگوں کو کثرت ذکر اور آخرت کی طرف متوجہ کیا جاتا لیکن بعض لوگوں نے اس معاملہ میں کچھ ایسا رویہ اختیار کیا ہے جس کی وجہ سے عام لوگوں میں تو کیا دینی طلبا و علماء میں بھی یاد الٰہی کا جذبہ کمزور پڑتا جا رہا ہے اور لوگوں کی زبان عام طور پر اللہ تعالی کے نام کی بجائے اپنے لیڈروں کے ذکر سے تر رہتی ہے ان میں سے بعض نے یہ رویہ اختیار کیا ہوا ہے کہ جب وہ کسی ایسے طالب علم کو دیکھتے ہیں جو صوم وصلوٰۃ کا زیادہ پابند ہے اور عمامہ باندھتا ہے تو ایسے طالب علم کو شیخ اور صوفی وغیرہ کے نام سے یاد کر کے اس کا مذاق اڑاتے ہیں اور اس طرح وہ لوگوں کے دلوں میں نبی کریم ﷺ کی سنتوں عمامہ وغیرہ اور یاد الٰہی کی قدر و قیمت کم کرتے ہیں۔

اور ان میں سے بعض لوگ ایسے ہیں کہ مجالس ذکر کے انعقاد کا انکار کرتے ہیں اور اس کی وجہ یہ بتاتے ہیں کہ احناف کے نزدیک تداعی الی النوافل درست نہیں۔ حالانکہ یہ اصول صرف نوافل کی جماعت کے ساتھ خاص ہے۔ کہ نفلی نماز کی جماعت کو اذان سے نہ بلایا جائے مطلقاً نفلی کاموں اور اذکار کی طرف بلانا اور پھر اس کے انکار کو احناف کی طرف منسوب کرنا احناف کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے اور ان کو عملی میدان میں بدنام کرنا ہے۔ مجالس ذکر کی طرف بلانا اور ایسی مجالس کے انعقاد کی ترغیب تو خود واضح نصوص اور احادیث سے ثابت ہے اور جس طرح شریعت میں ذکر کی ترغیب موجود ہے اس طرح مجلس ذکر کی بھی ہے۔

ان میں بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو ذکر جہر کو ناجائز قرار دیتے ہیں اور اپنے مدعا کی تائید اور دلیل میں ادعوا ربکم تضرعاً وخفیۃ (القرآن) و اذکر ربک فی نفسک تضرعاً و خیفۃ و دون الجھر من القول (القرآن) اور اربعو اعلی انفسکم (الحدیث) کو پیش کرتے ہیں حالانکہ اگر وہ ان آیتوں کے سیاق وسباق پھر ان کے الفاظ " تضرعاً " " جھراً " دون الجھر " اور اربعو کے معانی میں غور وفکر کرتے اور پھر قرآن وسنت کے دوسرے نصوص کے ساتھ ان کو ملاتے تو ان کو قرآن وسنت میں کوئی تضاد کوئی ٹکراؤ اور اختلاف نظر نہ آتا۔ نیز اگر وہ شریعت مطہرہ کے احکامات اور تواتر سے ثابت شدہ اعمال کو سامنے رکھتے جن کا آدھے سے زائد حصہ جہری ہی ہے تو یہ لوگ قطعاً اس طرح کی رائے قائم نہ کرتے پھر حیرانی یہ ہے کہ استسقاء میں

صرف جہری قراءت ہی نہیں بلکہ اس میں جہراً دعائیں بھی مانگی جاتی ہیں اور لوگ پیچھے آمین آمین بھی کہتے ہیں اور ختم قرآن اور دوسرے اجتماعات کے موقع پر لمبی لمبی اجتماعی دعائیں لاؤڈ اسپیکر پر مانگی جاتی ہیں اور حرمین شریفین میں رمضان المبارک کے ختم القرآن کے موقع پر نماز کے اندر جہراً دعائیں مانگی جاتی ہیں اور جہر کے منکر خود بھی عملاً اجتماعی دعاؤں میں جہراً دعا پڑھتے ہیں پھر بھی جوایت" ادعوا ربکم" دعا کے بارے میں صریح اور واضح ہے اس آیت کو ذکر جہر کی ممانعت میں پیش کرتے ہیں۔منکرین جہر کی تحریروں ان کی تقریروں اور ان کے عمل کو دیکھا جائے تو ان سے یہی ثابت ہوگا کہ وہ اپنے مدعا میں ڈانواں ڈول ہیں۔

معلوم ایسا ہوتا ہے کہ یا تو ان کی تحقیقات صرف گروہی تعصب اور خالص مناظرانہ رویہ پر مبنی ہیں یا پھر انہوں نے جہر کے اس اختلاف کے مفہوم میں ٹھوکر کھائی ہے جس کو رفع الصوت" جہر" یعنی جہر کامل، جہر شدید اور جہر مفرط کہا جاتا ہے اور یہ وہ آواز ہے جس کو گلا پھاڑ کر نکالا جائے اور اس کو اردو زبان میں پکارنا اور بلند آواز کہا جاتا ہے اور یہی وہ آواز ہے جو اذان اور اعلان میں نکالی جاتی ہے ایسے جہر میں علماء کا اختلاف ہے بعض کے نزدیک اس جہر کے ساتھ ذکر جائز ہے اور بعض اس کو مکروہ سمجھتے ہیں باقی رہا جہر معتدل تو اس میں نہ کبھی دو رائے ہوئی ہیں اور نہ ہوسکتی ہیں یہ بالاتفاق جائز ہے اور اس میں کسی اختلاف کی گنجائش نہیں۔البتہ اس میں بھی شک نہیں کہ بعض لوگوں کا انداز جہر اور اس کی عملی صورت اس قدر بے ڈھنگی اور غیر سنجیدہ ہوتی ہے کہ اس سے واضح طور پر اللہ تعالیٰ کے نام کی بے ادبی اور توہین محسوس ہوتی ہے یا ان کے جہر کی وجہ سے لوگوں کی نمازوں میں خلل پڑتا ہے لیکن بعینہ یہ بلکہ اس سے زیادہ ایذا رسائی اور اللہ تعالی کے نام کی بے ادبی عام مروجہ جلسوں، جلوسوں اور رات کے وقت شبینوں میں ہوا کرتی ہے اور وہ بھی لاؤڈ سپیکروں کے ذریعے یقیناً ایسے جلسے جلوسوں پر نکیر لازم ہے جن کی وجہ سے لوگوں کو ایذا رسائی ہو اور اللہ تعالی کا نام ایسے اچھل کود کر لیا جائے جس میں اللہ تعالی کے نام کی توہین ہو یا مجلس ذکر یا کوئی جلسہ، اجتماع وقار، سنجیدگی کے خلاف ہو۔

اس بات کا آسان حل یہی ہے کہ جہر اور مجلس ذکر پر نکیر نہ کی جائے اور عام اصول کو پھیلایا جائے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کا نام محبت وعظمت سے لیا جائے۔اور ایسے انداز سے قطعاً پرہیز کیا جائے جس میں اللہ تعالیٰ کے نام کی عظمت وعزت مجروح ہوتی ہے یا کسی نمازی کی نماز میں خلل واقع ہوتا ہو۔یا سوئے ہوئے یا جسمانی مریض کو اس سے ایذاء اور نقصان پہنچتا ہو یا اس قدر شدید جہر ہو جس کی وجہ سے خود ذکر کرنے والے کو ایذاء اور نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا جنگی موقع پر کیا جائے جس کی وجہ سے دشمن کو اسلامی فوج کے ٹھکانوں کا پتہ چلے یا اپنی مجلس ذکر پر اس قدر زور دیا جائے کہ اس میں اگر کوئی نہ بیٹھے تو اس پر لعن طعن کیا جائے اور اس کو اپنی نفلی حیثیت سے بڑھا کر اس کو فرضیت کے درجے پر پہنچا دیا جائے تو یہ وہ عام اصول ہیں جس کی وجہ سے کوئی جائز اور نفلی کام ناجائز ہو جاتا ہے۔

www.noorehidayat.org

اس کتاب میں فضائل اذکار کے ساتھ ذکر جہراور مجالس ذکر جہری پر بھی مفصل بحث کی گئی ہے اوران غلط فہمیوں کے ازالے کی کوشش کی گئی ہے جو عام طور پر ذکر جہراور مجالس ذکر جہری کے متعلق پھیلائی جاتیں ہیں۔

بندہ

**مختار الدین،**

کربوغہ شریف

۲۹ ربیع الاول ۱۴۱۹ھ

www.noorehidayat.org

ا؎ اس کے مفصل بیان کیلئے کتاب جواہرا ے لاسلام میں "اللہ تعالیٰ کے خاص حقوق میں شرک" کو پڑھ لیجئے۔ نیز "عقیدہ اورعقیدت" میں بھی اسکی کچھ تفصیل موجود ہے

# آغاز کتاب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## ذکرالٰہی کا بیان اورقوت ومحبت کا اصل مصرف

انسان کے اندرایک عظیم قوت محبت ہےاورجس چیز کے ساتھ اسکی محبت ہوجاتی ہے،اسی چیز کی یاداسکو آنےلگتی ہے۔اور جب اس چیز کی محبت دوسری چیزوں پر غالب آجاتی ہے،تواس کوعشق کہاجاتا ہے پھراسی عشق اورشدیدمحبت کےادنیٰ سےلیکراعلیٰ تک بےشماردرجات ہیں۔اورجس کالاوۂ محبت جس قدردوسروں سے کٹ کر اپنےمحبوب کی طرف بہہ نکلتاہے۔اسی قدروہ اپنےمحبوب کی محبت میں ڈوبتا چلاجاتاہے حتّٰی کہ جب، محبت زیادہ شدت اختیارکرجاتی ہےتوانسان خودبھی محبوب کی خوشنودی میں ایسا گم ہوجاتاہے۔کہ وہ اپنے آپکوبھی نہیں پاسکتا۔اوراسکی اپنی کوئی مرضی نہیں رہ جاتی۔

## محبت کا ابتدائی اورکامل درجہ:

ہرمحبت کےظہورکے بےشماردرجات ہیں۔اس کا ابتدائی درجہ میلان کہلاتاہےاوراس کےاعلیٰ درجہ کا نام عشق ہے۔پھرعشق کےاعلیٰ سےبھی اعلیٰ بےشماردرجات ہوسکتے ہیں۔

بعض لوگوں نے محبت کےاس جذبےکودنیا کی بےشمارچیزوں سےوابستہ کررکھاہے۔اس طرح اسکی طاقت بکھرنے کی وجہ سےاس جذبہ کا کوئی نمایاں اثرظاہرنہیں ہوتا۔اورجن لوگوں نے دنیا کی پرکشش چیزوں میں سےکسی ایک چیزسےاس جذبہ کووابستہ کیا۔تواس کواس سلسلہ کی نمایاں ترقی حاصل ہوئی۔لیکن یہ محبت اس قدر گھٹیاہوتی ہےکہ ان چیزوں سے محبت کرنے والےکوکوئی عاشق کےنام سےنہیں پکارتا۔

ہاں ؛بعض لوگوں نےمخلوق میں سے اشرف المخلوقات یعنی انسان کےکسی فرد سےمحبت کی اوراس محبت میں اسکوکافی ترقی ہوئی۔کیونکہ انسان میں محبت کرنے کی وجوہات (حسن و جمال،کردار وگفتار ورفتار وغیرہ) دیگرساری مخلوقات سے زیادہ پائی جاتی ہیں۔اورخودان معشوقوں میں بھی محبت کا مادہ پایاجاتاہے۔وہ بھی عاشق کےجذبہ عشق کواپنی طرف مقناطیس کی طرح کھینچتے ہیں۔اوراس کی قوت ومحبت کومجتمع کرکےصرف اپنی طرف

لگا دیتے ہیں۔

## محبت کس کے ساتھ کی جائے؟

اب سوال یہ ہے کہ محبت کی جائے تو کس سے؟ انسان کی اس عظیم قوت کے مصرف کا مستحق وہی ہوسکتا ہے۔ جو محبت کا لائق و مستحق ہو۔ وہ ذات صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہیں [1] اس میں انسان کی فلاح ونجات ہے۔ اوراسی میں راحت وسکون، اوراس کے برعکس دنیا اور دنیا کی چیزوں سے محبت سراسر پریشانی وسرگردانی اور بے چینی وبے اطمینانی ہے۔اور دنیا وآخرت کی ھلاکت ہے۔ کیونکہ دنیا کی چیزیں، خواہ وہ مال ومتاع ہو یا جاہ ومنصب یا کوئی انسان، بہرحال فانی چیزیں ہیں اور ناپائیدار ہیں۔ اسلئے ان تمام چیزوں کے ساتھ محبت کی وجہ سے انسان پریشان وسرگردان رہتا ہے۔

اس کے برعکس اللہ تعالیٰ سے محبت ہو جائے جوحیّ وقیّوم ذات ہے۔ راحت وتکلیف، غم وخوشی، خوف و اطمینان کے سارے خزانے اسی کے پاس ہیں۔ حسن و جمال اور ساری صفات کمال اس کی ذاتی اور لامحدود ہیں۔ اس نے آسمان وزمین کی چیزیں ہمارے لئے بنائیں۔ اوران چیزوں کو مسخّر کر کے ہمارا غلام اور تابع بنایا۔ صرف یہی نہیں بلکہ آخرت کی دائمی زندگی میں ہمارے لئے راحتوں اور خوشیوں کا سامان کیا پھر وہ محبوب بھی ایسے محبت کرنے والے اور مہربان ہیں۔ کہ جوان کے ساتھ تھوڑی سی بھی محبت کرتا ہے۔ اور تھوڑا سا بھی ان کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ تو وہ اس سے بہت زیادہ محبت کرنے لگتے ہیں۔ اوراسکو اپنی آغوشِ رحمت میں لے لیتے ہیں۔ اور جو جس قدر زیادہ محبت کرتا ہے۔ اسی قدر اسکو وہ اپنی رحمت کی آغوش میں لے لیتے ہیں۔ اور جسکو وہ ذات اپنی رحمت میں لے لے۔ تو ایسے شخص کو حزن ہوسکتا ہے اور نہ ملال، نہ کسی کا خوف ہوتا ہے نہ غم۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛ اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰهِ لَاخَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَاهُمْ یَحْزَنُوْن: سن لو؛ اللہ تعالیٰ کے دوستو کیلئے نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے (یونس۶۲) اور یہی محبان الٰہی، انبیاء علیہم السلام اوران کے بعد اولیاء اللہ ہیں۔ جو دنیا میں بڑے بڑے اصلاحی انقلابات لاتے ہیں۔ اوراللہ تعالیٰ کے بجائے دنیا کی چیزوں سے محبت رکھنا خالق، حقیقی مالک اور محبوب حقیقی کے ساتھ عظیم بے وفائی ہے۔ اور اسکی نعمتوں کی عظیم ناقدری اور ناشکری ہے۔ اسلئے حکم دیا جارہا ہے۔

فَاذْكُرُوْنِیْ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْلِیْ وَلَاتَكْفُرُوْنِ:
پس تم مجھ کو یاد رکھو میں تم کو یاد رکھونگا اور میرا احسان مانو اور میری ناشکری نہ کرو (بقرۃ،۱۵۲)۔

# حبِّ الٰہی کیسے پیدا کی جائے؟

اللہ تعالیٰ کی محبت جو دنیا وآخرت میں چین وسکون اور فلاح کا سبب ہے کیسے حاصل ہو؟ اس کے لئے بہت بڑی رکاوٹ انسان کا خود اپنا نفس ہے اس سے لڑکر اسے اپنے پروردگار کی مرضی اور اسکی تعلیم وہدایت کے مطابق وموافق بنانے کی کوشش کرنا جسکو مجاہدہ نفس کہتے ہیں اور ایسے لوگوں کی صحبت اختیار کرنا جن کے اندر اللہ تعالیٰ کے عشق کی آگ بھڑکتی رہتی ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کے تقرب اور اسکی محبت کو حاصل کرنے کا ایک قریب راستہ اللہ تعالیٰ کی لائن کو اختیار کرنا ہے۔ اور جب اللہ تعالیٰ کے ساتھ شدید محبت قائم ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کی یاد خود بخود حاصل ہو جائے گی۔ اور یہی یاد حق ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کی رحمتوں میں ڈال دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنا عشق ومحبت اور اپنی یاد نصیب فرمائے۔ آمین؛

# ذکر الٰہی کیا ہوتا ہے؟

ذکر کے لفظی معنٰی 'یاد کرنے' اور 'یاد رکھنے' کے ہیں۔ اور اسکی ضد غفلت اور نسیان ہے۔ اور یہ بات تو بالکل ظاہر ہے۔ کہ یاد کا تعلق دل سے ہے، اور اسکی اصل جگہ دل ہے۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے، کہ آدمی نام بھول جاتا ہے۔ اور اس کے الفاظ یاد نہیں رہتے، البتہ اسکی ذات اور شخصیت دل میں باقی رہتی ہے۔ یا مثلاً کوئی چیز آپ سے گم ہوگئی ہے، اور آپ اس کو ڈھونڈ رہے ہیں، لیکن اسکا نام آپ بھول گئے ہیں۔ تو ایسی صورت میں وہ چیز آپکو یاد رہتی ہے۔ اگرچہ اسکا نام یاد نہیں آتا۔ تو اللہ تعالیٰ کے ذکر اور یاد کا تعلق اور اصل جگہ بھی دل ہے۔ البتہ الفاظِ ذکر وفکر سے یہ یاد دل میں پیدا ہوتی ہے، اور الفاظ سے ذکر کرتے کرتے انسان اس نہج پہ پہنچ جاتا ہے کہ بالآخر یاد الٰہی انسان کے دل کی صفت بن جاتی ہے۔

# ذکر الٰہی کائنات اور اعمالِ شرعیہ کی روح ہے:

اس دنیا میں ہر چیز کی زندگی روح سے ہے۔ محض بدن سے کوئی چیز زندہ نہیں رہ سکتی۔ جب تک بدن کے اندر روح ہے، زندگی کہلاتی ہے جیسے ہی روح نکل جاتی ہے۔ آدمی کو مردہ کہتے ہیں۔ اس کے بعد وہ اس قابل نہیں رہتا کہ اسے باقی رکھا جائے۔ وہی انسان جس سے محبت کا تعلق ہوتا ہے۔ روح نکلنے کے بعد اس سے وحشت ہونے لگتی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ تعلق اور محبت درحقیقت بدن سے نہیں بلکہ اس کے اندر جو روح سمائی ہوئی ہوتی ہے۔ اس سے ہوتا ہے۔ اسی طرح پوری کائنات بھی کسی روح سے زندہ ہے۔ جب تک یہ روح کائنات میں موجود ہے۔ یہ زندہ کہلائے گی اور جب یہ روح نکل جائے گی تو عالم کائنات کی موت واقع ہو جائے گی۔ اور

قیامت برپا ہو جائے گی۔

عالم کائنات کی روح کیا ہے؟ اس کے متعلق خاتم الانبیاء محمد رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔" لاَ تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰی یُقَالُ فِی الاَرْضِ اللّٰہ اللّٰہ" (قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک اس دنیا میں ایک آدمی بھی اللہ اللہ کہنے والا موجود ہو) جسکا مطلب یہ ہے کہ جب ایک آدمی بھی ایسا نہ رہے جو اللہ اللہ کہتا ہو تو قیامت برپا ہو جائے گی۔ اور عالم کائنات کو موت آجائے گی۔ اس سے معلوم ہوا کہ عالمِ کائنات کی روح اختیار کے ساتھ یادِ الٰہی ہے۔ اور جب یہ روح نہ رہے گی تو عالمِ کائنات کا مرکزِ وجود ختم ہو جائے گا۔ شاید اسکی وجہ یہ ہو کہ یہ موجودہ آسمان و زمین تو انسان ہی کیلئے بنائے گئے ہیں جب کائنات میں ایسا انسان ہی باقی نہ رہا کہ جس میں اللہ تعالیٰ کی محبت ہو، جس کی وجہ سے وہ اللہ اللہ کرتا ہو تو اللہ تعالیٰ کے پیدا کردہ آسمان و زمین کا ہونا فضول ہو جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی شان اور حکمت کبھی اس بات کو گوارا نہیں کر سکتی کہ وہ ایک لمحہ کیلئے بھی کسی بے کار اور فضول نظام کو چلائے رکھے (واللہ اعلم)۔

غرض اصل بنیادی چیز روح ہے۔ بغیر روح کے زندگی ہے اور نہ ہی کسی چیز کیلئے بقاء۔ تو جس طرح مادی اشیاء کی زندگی اور بقاء کا تعلق روح سے ہے۔ اسی طرح اعمال شرعیہ بھی روح ہی سے زندہ ہوتے ہیں۔

اعمال شرعیہ جیسے نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج اور قتال فی سبیل اللہ وغیرہ یہ سارے اعمال کی شکلیں اور صورتیں ہیں۔ ان اعمال کی روح یادِ خداوندی ہے۔ اگر یہ ذکر اللہ کی روح سے یکسر خالی ہوں۔ تو انکی کوئی بھی قدر و قیمت نہیں ہے۔ اور جس عمل میں جسقدر اللہ تعالیٰ کا ذکر ہوگا، وہ عمل اسی قدر وزنی اور قیمتی ہوگا۔ ذکر سے مراد یہاں "دل کی بیداری"، اللہ تعالیٰ کو یاد رکھنا اور اللہ تعالیٰ سے دلی لگاؤ ہے۔ صرف الفاظِ ذکر مراد نہیں۔ کیونکہ الفاظِ ذکر بھی یادِ الٰہی کی ایک صورت ہیں۔ پس اگر نماز میں یادِ الٰہی کے بجائے غفلت آجائے تو نماز ختم ہو جائے گی۔ اسی لئے فرمایا گیا۔ "اَقِمِ الصَّلٰوۃ لِذِکْرِیْ": نماز قائم کرو میری یاد کیلئے (القرآن الکریم)۔ جب نماز یادِ الٰہی سے خالی رہی۔ مثلاً نماز کی نیت ہی صحیح نہ ہو کہ ریاء و شہرت کیلئے ہو۔ تو روحِ نماز بالکل ختم ہو جائے گی۔ اب محض قیام، رکوع اور سجدہ وغیرہ کی ترکیب نماز کا بے روح ڈھانچہ ہوگا۔ جسکی کوئی قدر و قیمت عند اللہ نہ ہوگی۔ اور ایسی نماز جس میں ذکر اللہ اور یادِ الٰہی نہ ہو وہ نماز بے روح ہوگی۔ چنانچہ ارشادِ ربّانی ہے۔ "اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْکَرِ": بلاشبہ نماز فحش (گندی، بے حیائی) اور برے کاموں سے روکتی ہے (قرآن مجید)۔ اب ہم نماز بھی پڑھتے ہیں، نوافل کی پابندی بھی کرتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود ہم ظاہری اور باطنی ہر قسم کی برائیوں میں مبتلا رہتے ہیں۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ تو یہ ہے کہ نماز فحش اور منکرات سے بچا دیتی ہے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ بالکل

www.noorehidayat.org

سچا ہے۔اگر ہماری نمازوں کے اندر ذکر ہوتا تو یہی کچھ ہوتا۔جیسا کہ فرمایا گیا ہے۔لیکن ہم نے نمازوں کا ڈھانچہ تو قائم کیا ہے۔اور جو روح اور یادِحق ہے وہ ہماری نمازوں کے اندر نہیں ہے جسکی وجہ سے ہماری نمازیں بے روح اور مردہ ہیں۔تو یہ بے جان اور مردہ نمازیں منکرات اور برائیوں سے بچا دینے والی کیسے ہونگی؟ نماز میں جان ہو تو تب منکرات سے بچا دینے والی ہوگی۔

اسی طرح اگر روزہ کے اندر یادِالٰہی نہ رہی تو یہ بھی محض بے روح ڈھانچہ ہوگا۔اور فاقہ کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔جسکی کوئی قدرو قیمت نہیں۔نیّت کی سچائی اور اس میں یادِالٰہی ہونے سے روزہ زندہ ہو کر عبادت بن جاتا ہے۔ورنہ عبادت کے بجائے رسم وعادت بن جاتا ہے۔

زکوٰۃ میں یادِحق اور سچی نیت نہ ہو تو زکوٰۃ بے روح ہو جائے گی۔اسلئے اعمال میں ذکراللہ کو سب سے زیادہ فضیلت دی گئی ہے۔اس سے بڑھکر کوئی بھی عمل نہیں۔ بلکہ ہر عمل کی مقبولیت ذکراللہ اور یادِخداوندی کی مرھونِ منّت ہے۔

غرض سارے اعمال شرعیہ کی روح اور جان درحقیقت ذکراللہ اور یادخداوندی ہے۔اگر یہ روح نکل جائے۔تو عبادت،عبادت کے بجائے رسم وعادت بن جاتی ہے۔رسم اور عبادت میں یہی فرق ہوتا ہے کہ رسم و عادت محض صورت اور ڈھانچہ ہوتا ہے جس میں یادِالٰہی نہیں ہوتی اور عبادت ایسا ڈھانچہ اور صورت ہوتی ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی یاد ہوتی ہے۔خواہشِ نفس کی آمیزش نہیں ہوتی۔حتّٰی کہ اگر ہم دن رات اللہ اللہ کرتے جائیں لیکن غفلت سے کریں روح کے اندر بیداری نہ ہو اور دل میں خلوص نہ ہو۔دکھلاوے کیلئے ہو۔تو یہ اللہ اللہ کرنا بھی صرف ذکر کی صورت اور ڈھانچہ ہوگا۔جو کہ روح اور یادِحق سے خالی ہوگا۔اور اسکا کوئی وزن نہیں ہوگا۔روح ہی سے قدرو قیمت بڑھتی ہے اور اسی سے وزن قائم رہتا ہے۔صرف زبان سے 'اللہ' کہدینا کافی نہیں جس کے ساتھ دل کی یاد شامل نہ ہو۔مولانا روم رحمہ اللہ اس کے متعلق فرماتے ہیں کہ؛

برزبان تسبیح ودردلِ گاؤ و خر
این چنین تسبیح کے دارد اثر

یعنی زبان پر تسبیح جاری ہے۔مگر دل میں گھربار کا خیال آرہا ہے،بات دکان کی سوچ رہا ہے،دل کے اندر دوسروں کیلئے گڑھے کھود رہا ہے۔اور زبان پر اللہ اللہ جاری ہے۔یہ ذکر تو ہے۔مگر قلبی نہیں زبانی ذکر ہے۔تو جو صرف زبان سے اللہ اللہ کہتا جائے دل ساتھ نہ ہو وہ کافی نہیں۔

غرض اللہ اللہ کرنا،نماز پڑھنا،روزہ رکھنا،زکوٰۃ دینا،حج کرنا اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی راہ میں جان ومال

www.noorehidayat.org

سے لڑنا وغیرہ سارے اعمال ڈھانچے اور صورتیں ہیں۔ انکی روح ذکراللہ اور یاد خداوندی ہے۔ جو دل کی بیداری اور اللہ تعالیٰ سے لگاؤ ہے۔ یہی یاد اور ذکراللہ اعمال شرعیہ کی روح ہیں۔ قیامت میں صرف صورتوں اور ڈھانچوں کی نمائش نہ ہوگی۔ بلکہ ان اعمال کا وزن ہوگا، جن میں یادِ حق ہوگی اور ان ڈھانچوں کا ظہور ہوگا، جن میں یادِ الٰہی کی روح چمکتی ہو۔ چنانچہ بہت چھوٹی سی پرچی جس کے اندر یہ روح پائی جائے۔ ننانوے دفتروں پر غالب آئے گی یہ اس لئے کہ اس بندہِ خدا نے **لا الٰہ الاّ اللہ** کا صرف لفظ نہیں کہا تھا بلکہ اس میں اس کا اخلاص اور دلی لگاؤ بھی شامل تھا۔

حاصل یہ نکلا کہ جسطرح کائنات کی روح اللہ تعالیٰ کی یاد ہے اسی طرح پوری شریعت کی روح بھی یادِ الٰہی ہے۔ یہ جب دل میں ہوگی تو چھوٹے سے چھوٹے عمل کی بھی قدر و قیمت ہوگی۔ اور اگر شریعت میں سے روح کو نکال دیا جائے تو یہ بے جان ڈھانچہ ہوکر عادت بن جائے گی اور جب پوری کائنات میں ایک بھی آدمی یادِ حق رکھنے والا نہ ہوگا تو یہ دنیا بے جان ہوکر ختم ہوجائے گی۔ اسلئے قرآن کریم نے فرمایا ہے۔ "**وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ**" جسکا مطلب یہ ہے کہ سب سے زیادہ وزنی چیز اور سب سے زیادہ پرعظمت چیز اللہ تعالیٰ کی یاد ہے کہ دنیا و مافیہا اسکا مقابلہ نہیں کرسکتے۔

یہاں یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ اس پورے مضمون سے کبھی کوئی یہ نہ سمجھے کہ ہمارے اعمال ذکر و عبادت میں یادِ الٰہی تو ہے نہیں۔ ہمارے اعمال تو محض صورتیں اور ڈھانچے ہیں۔ اس لئے ان کے کرنے سے کیا فائدہ حاصل ہوگا لہذا ان کو چھوڑ دینا چاہیے۔ یہ مطلب ہرگز نہیں بلکہ آپ برابر نماز، روزہ اور ذکراللہ وغیرہ، اعمال کرتے رہیے۔ اگر ان صورتوں میں روح نہیں تو انکی صورت کو اچھی سے اچھی بنانے کی کوشش کرتے رہیے کہ اچھی شکل وصورت میں اچھی حقیقت آجاتی ہے۔ اور ان میں یادِ حق کو بتکلّف لانے کی کوشش کریں (محنت اور تکلف سے یادِ الٰہی لانے کی کوشش کریں گے تو ثواب بھی دوہرا ملے گا۔ چنانچہ ایک حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص قرآن کریم پڑھنے میں مشقت اٹھاتا ہے اسکو دوہرا اجر ملے گا)۔ چنانچہ ان اعمال کی وجہ سے اور تکلّف کے ساتھ ایسا کرنے سے دل میں اللہ تعالیٰ کی یاد جڑ پکڑے گی اور یادِ حق آجائے گی۔ لہذا یہ وسوسہ دل میں نہ آنے دینا چاہیے کہ میرے عمل میں روح یعنی یادِ حق اور اخلاص نہیں تو کرنے سے کیا فائدہ۔ بلکہ آپ برابر فرض اعمال، نوافل اور آداب شرعیہ بجالاتے رہیں۔ اور ان میں بتکلف یادِ حق لانے کی کوشش کریں۔ مثلاً آپ نماز کا عمل کرتے ہیں۔ اگرچہ نماز میں مکمل استحضار نہیں لیکن جب تکبیر تحریمہ کے وقت دل کو حاضر کرکے اللہ تعالیٰ کیلئے نماز کی نیت کریں گے۔ تو ایسی صورت میں اگرچہ اسی قدر ثواب میں کمی ہوگی جس قدر خشوع کم ہوگا۔ کیونکہ نماز کے جتنے حصے

میں خشوع نہ ہوا سکا پورا ثواب تو نہیں ملیگا بلکہ اسی قدر ثواب میں کمی ہوگی۔لیکن اس سے فرض تو ادا ہو جائے گا اور تارک الصلوٰۃ لوگوں میں شامل ہونے سے بچ جائیں گے۔اسی طرح اللہ اللہ کرنے میں یادِ حق نہیں تو زبانی ذکر میں اتنی نیت تو ضرور ہو کہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کیلئے کر رہا ہوں۔اگر استحضار نہ بھی ہو اور دل دوسری طرف متوجہ ہو تو بھی ذکرِ لسانی تو ہو جائے گا اور بالآخر اللہ تعالیٰ اس میں روح اور یادحق بھی ڈال دیں گے۔اسی طرح فرض عبادات کے علاوہ نوافل کا بھی اہتمام کیجیے۔اوران میں بھی بتکلّف یادحق لانے کی کوشش برابر کرتے رہیں۔تو محنت کرنے سے رفتہ رفتہ ان اعمال میں روح اور یادِ حق آ جائے گی۔اور آپ کے ان اعمال کا وزن اوراسکی قدر و قیمت بڑھ جائے گی۔اوران کے اثرات ظاہر ہوں گے۔پھراس یادِ حق کو بڑھانے اوراس کے اندر ترقی کرنے میں مرتے دم تک کوشش کرتے رہیئے۔اور کبھی بھی یہ خیال نہ آنے دیں کہ میں یادِ حق میں کمال تک پہنچ گیا اور ذکر کی کیفیت بڑھانے کیلئے فضائل ذکر سننے اور پڑھنے کا اہتمام کیجیے، نیک لوگوں کی صحبت میں رہیے یا ذکر کثرت سے کیجئے اور اس میں دل کو بیدار رکھنے کی کوشش کریں۔اور تخلیقِ کائنات، آسمان وزمین اوران میں سمائی ہوئی چیزوں میں غور وفکر کرتے رہیں۔اس کے علاوہ یادِ حق پیدا کرنے کی ایک آسان صورت یہ ہے۔کہ اپنے آپکو کسی عالم اھلِ دل کے سپرد کیجئے وہ اس کے بارے میں قرآن وسنت کی روشنی میں جونسخہ تجویز کردے۔اس پر عمل کیجئے۔

## یادِ حق کی شکلیں اوراسکی صورتیں:

ذکر کے معنٰی ومفہوم جاننے اوراسکا موضع ومحل معلوم کرنے کے بعد جاننا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی یاد کی مختلف صورتیں اور شکلیں تعلیم فرمائی ہیں اور حکم دیا ہے کہ انہی صورتوں میں اللہ تعالیٰ کو یاد کیا کریں۔اسلئے دینِ اسلام کے تمام احکامات کو بھی مجازاً ذکر ہی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔اورقرآن وحدیث میں بھی بعض احکامات کیلئے ذکر ہی کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ہم یہاں بطور نمونہ چند آیات پیش کرتے ہیں۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ :اے ایمان والو؛تمہیں تمہارے اموال اور تمہاری اولاد اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل نہ کرے اور جوکوئی ایسا کرے گا( کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل ہوجائے ) تو وہی نقصان اٹھانے والے ہیں (المنٰفقون۔۹)

اس آیت کریمہ میں ذکر سے مراد تمام فرائض وواجبات اور اللہ تعالیٰ کے احکامات ہیں۔کہ ان فرائض وواجبات وغیرہ میں کوتاہی خسران اور نقصان کا باعث ہے۔بدامنی اور خوف کی حالت میں نماز کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْرُكْبَانًا فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّالَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ :اگر پھر تمہیں ( کسی دشمن وغیرہ کا) خوف ہو اور اندیشہ ہو تو چاہے پیدل ہوں یا سوار (جسطرح بھی بن پڑے ) نماز پڑھو۔ پھر جب امن پاؤ تو اللہ تعالیٰ کا ذکر (نماز) اس طریقے سے کرو جو اس نے تمہیں سکھایا ہے۔ جسکو تم پہلے نہ جانتے تھے (البقرۃ ۲۳۹)۔

اس آیت میں نماز کو ذکر اللہ کہا گیا ہے۔

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَ نَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَعْمٰى: اور جو میرے ذکر سے منہ پھیرے گا تو اسکی زندگی بھی تنگ ہوگی اور اسے ہم قیامت کے روز اندھا اٹھائیں گے (طٰہٰ-۱۲۴)۔

یہاں ذکر سے مراد قرآنِ مجید اور اللہ تعالیٰ کی تعلیمات ہیں۔ جو کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نعمت ہے اور جس پر عمل کرنے کیلئے نبی کریم ﷺ کی پیروی بھی لازمی شرط ہے۔ تو آیت کریمہ کا حاصل یہ ہوا۔ کہ جو بھی اللہ تعالیٰ کی تعلیم، نصیحت اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت سے اعراض کرے گا۔ تو اس کا انجام دنیا و آخرت کی بے چینی، بے اطمینانی اور بربادی ہے۔

غرضیکہ ہر وہ چیز جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کو یاد کیا جاتا ہے۔ خواہ وہ الفاظ و اقوال ہوں یا اعمال اور نقل و حرکت سب کے سب ذکر الٰہی میں داخل ہیں۔ اور یہ تمام کے تمام احکامات اور تعلیمات اللہ تعالیٰ کے ذکر کی مختلف شکلیں اور صورتیں ہیں۔ نماز اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے۔ روزہ، زکوٰۃ اور حج کی ادائیگی اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے۔ دعائیں، قرآن مجید کی تلاوت، درود شریف، توبہ و استغفار ذکر اللہ ہیں۔ حتّٰی کہ وہ جائز کاروبا مثلاً تجارت و زراعت وغیرہ اگر ان میں بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچنے کی کوشش کیجائے تو یہ بھی اللہ تعالیٰ کے ذکر میں شامل ہونگے۔ کیونکہ اس شخص کے دل میں اللہ تعالیٰ کی یاد ہے اس لئے تو اسکی نافرمانی سے بچنے کی کوشش کرتا ہے۔

## انسان ذکر اللہ کی ان تمام صورتوں اور شکلوں کی ادائیگی کا مکلّف ہے:

یادِ حق کی ان مختلف صورتوں کے اختیار کرنے کا بندہ مکلّف اور پابند ہے۔ اور اسکی ذمہ داری صرف اس قدر ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی ہر بات کو ٹھنڈے دل سے قبول کرے اور اسکے ہر حکم کو رسول اللہ ﷺ کی پیروی میں

ا۔ اسکا تفصیلی بیان کتاب جواہر الاسلام میں "رسالت کے بیان" میں پڑھ لیجئے۔

ادا کرے اور یہی احکام، اعمال اور اوراد ہوتے ہیں کہ جن پر عمل کرنے سے انسان کے اندر اللہ تعالیٰ کی یاد رچ بس جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کا عشق ومحبت دل میں سما جاتا ہے۔ جس کے بعد انسان خود بخود بے اختیار اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے لگتا ہے۔ اور اسکی اطاعت اور بندگی میں آگے بڑھنے کیلئے کوشاں رہتا ہے۔ اگر کسی کو اللہ تعالیٰ کی یاد میں زیادہ پختگی حاصل نہ بھی ہو پھر بھی انسان کی فلاح ونجات کیلئے اس قدر کافی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے تمام احکامات کو ٹھنڈے دل سے قبول کرے اور انہیں رسول اللہ ﷺ کی پیروی میں ادا کرتا رہے۔ البتہ ذکر اصطلاح میں تہلیل، تکبیر، تسبیح، تلاوت اور دعا کا نام ہے۔ جسکا بیان انشاء اللہ آگے آجائیگا۔

## اطاعت الٰہی سے اعراض کرنے والے ذاکر نہیں بلکہ کافر ہیں:

مذکورہ بالا بیان سے یہ بات بھی اچھی طرح واضح ہوگئی کہ جو لوگ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم کو حقیقی یاد اور معرفت الٰہی حاصل ہوگئی ہے۔ لہٰذا ہمارے لئے اب نماز، روزہ وغیرہ اعمال کی ضرورت باقی نہ رہی۔ جب ہمیں مغز مل گیا تو چھلکوں کی اب کیا ضرورت اور اپنے اس باطل دعویٰ کیلئے قرآن کریم کی یہ آیت بھی پیش کرتے ہیں۔ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ: اور اپنے رب کی بندگی کرو۔ یہاں تک کہ تمہیں یقینی چیز آجائے (الحجر-۹۹)، یہاں اس آیت میں یہ لوگ یقین سے مراد معرفت الٰہی لے لیتے ہیں۔ حالانکہ یہاں "یقین" سے مراد موت ہے۔ کیونکہ یقینی چیز موت ہی ہے۔ یہ بات دلائل سے بھی ثابت ہے۔ کیونکہ انسان پر آئندہ آنے والے جو حالات یعنی جوانی و بڑھاپا، غم وخوشی وغیرہ آتے ہیں۔ انسان کو ان حالات میں شک ہوتا ہے۔ کہ شاید جوانی اور بڑھاپے سے پہلے مر جاؤں۔ نیز مستقبل میں آنے والی چیزوں میں سے عذاب اور راحت قبر، قیامت، حشر، حساب وکتاب، جنت و دوزخ جیسے امور ایسے ہیں۔ کہ ان کے متعلق بہت سے لوگوں کو تردّد ہے۔ اور بہت سی اقوام ان کے ماننے سے انکار کرتی ہیں۔ لیکن موت ایسی چیز ہے۔ کہ جسکو وہ لوگ بھی مانتے ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کی ہستی کے منکر ہیں۔ نیز موت ہی ایسی یقینی چیز ہے کہ جسکے بعد ان لوگوں کو بھی قیامت اور حشر ونشر کا یقین آجائیگا۔ کہ جو موت سے قبل ان چیزوں کا انکار کرتے تھے۔

اسلئے قرآن مجید میں ایک دوسری جگہ بھی موت کو "الیقین" (یقینی چیز) سے تعبیر کیا گیا ہے۔ چنانچہ جہنمی لوگ جہنم میں جانے کے اسباب بیان کرتے ہوئے کہیں گے۔ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ حَتّٰى اَتٰنَا الْيَقِيْنُ: اور ہم روز جزا کو جھٹلایا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ہمیں یقینی چیز آگئی یعنی موت آپہنچی (المدثر ۴۶-۴۷)، نیز نبی کریم ﷺ نے بھی اسی لفظ یقین کو موت کیلئے استعمال فرمایا ہے، چنانچہ جب حضرت عثمانؓ وفات پا گئے تو ان کے متعلق آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ " فقد جاءہ الیقین وانی لارجولہ الخیر ": 'پس انکو یقینی چیز

(موت) آ گئی ہے اور میں ان کیلئے خیر کی امید رکھتا ہوں' (تفسیر قرطبی بحوالہ صحیح بخاری)۔ لہذا مذکورہ بالا آیت وَاعۡبُدۡ رَبَّکَ حَتّٰی یَاۡتِیَکَ الۡیَقِیۡن کا مغز اور مطلب تو یہی ہے، کہ آخر دم تک مسلسل اللہ تعالیٰ کی بندگی کا حق ادا کرتے رہیے اور یہی وجہ ہے کہ کسی مفسّر نے بھی یہ مطلب نہیں لیا ہے۔ کہ جب معرفت الٰہی حاصل ہو جائے تو بندگی یعنی نماز وغیرہ کو ترک کر دو۔

اور اس کے یہ معنیٰ ہو بھی کیسے سکتے ہیں؟ حالانکہ نبی کریم ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی معرفت و محبت اور اسکا یقین نبوت سے پہلے بھی حاصل تھا۔ کیونکہ نبی اول ہی سے نبی ہوتا ہے[1] لیکن اس کے باوجود نبی کریم ﷺ آخر دم تک مسلسل نماز وغیرہ کا پورا اہتمام فرماتے رہے۔ لہذا جو لوگ ایسے بے ہودہ خیالات رکھتے ہیں۔ اور معرفت الٰہی کا دعوٰی کر کے نماز، روزہ وغیرہ کو چھوڑ بیٹھے ہیں۔ وہ بلا شبہ الحاد و زندقہ کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ (ایسے لوگوں سے اور انکے بیہودہ خیالات سے اللہ تعالیٰ امن میں رکھے۔

## جو لوگ احکام الٰہی میں کوتاہی کرتے ہیں وہ بھی حقیقی ذاکر اور صوفی نہیں ہیں:

نیز بعض لوگ اپنے آپکو ذاکر، شاغل بلکہ صوفی کہتے ہیں۔ اور نوافل و مستحبات کا بہت زیادہ اہتمام کرتے ہیں۔ چھوٹی چھوٹی اور معمولی باتوں میں لوگوں پر تنقید کرتے ہیں۔ اور گرفت کرتے ہیں۔ لیکن خود فرائض و واجبات سے غافل رہتے ہیں۔ اور وہ فرائض و واجبات کا اس قدر اہتمام نہیں کرتے جس قدر اہتمام وہ نفلی عبادات کا کرتے ہیں یہ جاہ پرستی یا سراسر جاہلیت ہے ان لوگوں کو ذکر الٰہی کی حقیقت حاصل نہیں ورنہ جن لوگوں کو ذکر الٰہی میں کمال حاصل ہوتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچتے رہتے ہیں اور فرائض واجبات کا خوب اہتمام کرتے ہیں، حرام اور منہیات سے بچنے کی پوری کوشش کرتے ہیں اور احکام الٰہی کی پابندی ان کی عادت ثانیہ بن جاتی ہے اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے گریز کرتا ہو اور غلط کاموں میں ڈوبا ہوا ہو تو اس کو خوب سمجھنا چاہیے کہ اس کو یاد الٰہی کی حقیقت حاصل نہیں بلکہ یہ تکبر اور ایک وسوسہ ہے جو شیطان اس کے دل میں ڈال رہا ہے۔

## ذکر اللہ زندگی کی بنیادی ضرورت اور دین اسلام کا اصل مقصد اور مغز ہے:

مذکورہ بالا بیان سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ " ذکر اللہ " محض ایک فریضہ اور ضابطہ نہیں بلکہ وہ زندگی

کی بنیادی ضرورت اور فطرت انسانی کا ایک خاصہ ہے یہ روح کی غذا اور دل کی دوا ہے اس کے متعلق حضرت مولانا نعمانی رحمۃ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں کہ " کتاب اللہ اور احادیث نبوی ﷺ کی روشنی میں یہ ایک معلوم حقیقت ہے کہ امت کو رسول ﷺ سے دین و شریعت کی جو نعمت عظمیٰ حاصل ہوئی ہے اس کے تمام شعبوں میں ذکر و دعا کی حیثیت اصل مقصود اور مغز کی ہے حتیٰ کہ نماز اور حج جیسی اعلیٰ عبادات کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ ان کا خاص مقصد اور ان کی روح ذکر و دعا ہے نیز بتایا گیا ہے کہ بندہ کوئی عمل اور اس کی کوئی قربانی خواہ دنیا میں اس کو کتنا ہی بڑا سمجھا جاتا ہو اللہ کی نگاہ میں ذکر و دعا کے برابر نہیں۔ بلکہ جس طرح کوئی غذا معدہ کے لئے اس وقت تک قابل قبول نہیں ہوتی جب تک کہ اس میں نمک یا شرینی یا ترشی کی آمیزش نہ ہو اسی طرح اللہ کے یہاں کوئی عمل قابل قبول نہیں ہوسکتا جب تک اس میں ذکر و دعا کا عنصر شامل نہ ہو۔

پھر یہ بھی ایک معلوم و مسلم حقیقت ہے کہ ذکر و دعا اللہ تعالیٰ کے قرب خصوصی اور حصول مقام ولایت کا خاص الخاص وسیلہ ہے اور امت میں جن لاکھوں کروڑوں بندگان خدا کو یہ دولت نصیب ہوئی ان کی زندگیوں میں ذکر و دعا کا عنصر غالب اور نمایاں رہا ہے۔ (معارف الحدیث جلد پنجم ۱۳ تا ۱۴)۔

# فضائل ذکر

اللہ تعالیٰ کے ذکر کے فضائل قرآن حکیم اور احادیث نبویہ میں اس قدر ہیں کہ اس کے لئے دفتر درکار ہیں یہاں ان بے شمار فضائل اور تاکیدات میں سے بعض کو نقل کر دیتا ہوں۔

## فضائل ذکر کے بارے میں قرآن مجید کی آیات

ذاکرین کو اللہ تعالیٰ یاد فرماتا ہے؛

فَاذْكُرُوْنِيْ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْلِيْ وَلَاتَكْفُرُوْنِ:

پس تم مجھے یاد کرو میں تم کو یاد رکھونگا اور میرا احسان مانو اور میری ناشکری نہ کرو (بقرہ،۱۵۲)۔

گزشتہ آیتوں میں اللہ تعالیٰ اپنے ان احسانات وانعامات کو بیان فرماتے ہیں جوانہوں نے مسلمانوں پر کئے ہیں اس کے بعد اب حکم دیا جا رہا ہے کہ ان احسانات اور انعامات کے رو سے تم پر یہ لازم ہے کہ تم اپنے دل اپنی زبان اور اپنے اعضاء جوارح سے مجھے یاد کرو اور ان تمام ذمہ داریوں اور فرائض کو یاد رکھو اور ان کی بجا آوری کرو جو امت مسلمہ کے سپرد کئے جا رہے ہیں اور اس پر یہ وعدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں یاد کرے گا اپنی رحمتوں اور عنائتوں کے ساتھ تمہاری طرف متوجہ رہے گا اور دنیا و آخرت دونوں میں کامیابی ونصرت، فتح مندی وسرخروئی اور طرح

www.nooreHidayat.org

طرح کے انعامات اور رحمتوں سے تمہیں نوازے گا۔

## اللہ تعالیٰ کے احکامات وہدایات پرصحیح طور پر عمل کب ہوسکتا ہے:

یاد رہے کہ اللہ تعالیٰ کے احکامات وہدایات پر صحیح طور پر اس وقت عمل ہوسکتا ہے اور اللہ تعالی کی عائد کردہ ذمہ داریوں اور فرائض کو بندہ اس وقت کماحقہ پورا کرسکتا ہے جب اس کا دل یادالٰہی سے معمور ہو اور اس کے لئے یادالٰہی کی کثرت ناگزیر ہے۔ کثرت سے ذکر کرنے سے جب یادالٰہی دل میں رچ بس جاتی ہے تو انسان کا پوراوجود ذکرالٰہی میں مشغول ہوجاتا ہے اور اس کی ہر حرکت وسکون اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس کے حکم کی بجاآوری ہوکر رہ جاتی ہے اور اس کے دل وزبان اور تمام اعضاء اللہ تعالیٰ کی شکرگزاری میں لگ جاتے ہیں اور جس شخص کا دل یادالٰہی سے خالی ہوجاتا ہے تو وہ خودسری اور ناشکری میں مبتلا ہوجاتا ہے وہ کبھی بھی اللہ تعالی کی عائدکردہ ذمہ داریوں اور فرائض کو اخلاص کے ساتھ پورا نہیں کرسکتا اور اس کے تمام تر دینی اور دنیاوی امور میں بھاگ دوڑ کا مقصد دنیا کے مفادات اور ہوائے نفس کا حصول ہو کے رہ جاتا ہے۔

## ایک سخت تنبیہ:

آخر میں اللہ تعالیٰ نے " ولاتکفرون " کے الفاظ سے ایک سخت تنبیہ فرمائی کہ میری ناشکری نہ کرنا ورنہ اگر تم نے ناشکری کی اور اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اور احکامات الٰہی سے منہ موڑ گئے اور اپنی ذمہ داریوں میں غفلت کی توجسطرح یہود وغیرہ ناشکری کر کے کیفرکردار کو پہنچے اس طرح تم بھی اللہ تعالیٰ کے قانون کی زد سے نہیں بچ سکو گے۔

## ذکر کی عظیم فضیلت:

ذکر کی فضیلت میں اگر کوئی اور آیت نہ ہوتو صرف یہی ایک آیت اس کی فضیلت کے لئے کافی ہے ایک بندے کے لئے اس سے زیادہ فخر اور اس سے بڑا انعام اور کیا ہوسکتا ہے کہ معبود حقیقی اور محبوب حقیقی اور پوری کائنات کا خالق ومالک اور بادشاہ اس کو یاد کرے اور اس کی طرف متوجہ ہو اور پھر اس کا یاد کرنا بھی صرف یاد کرنا نہیں بلکہ اس کا یاد کرنا اپنے انعامات اور عنایات اور نصرتوں، عزتوں اور عظیم کامیابیوں کا عطا کرنا بھی ہے۔ اللہ تعالی ہم سب کو اپنی یاد کی توفیق عنایت فرمائے آمین۔

ابوعثمان نہدیؒ فرماتے ہیں کہ میں اس وقت کو جانتا ہوں جس میں اللہ تعالی ہمیں یاد فرماتے ہیں لوگوں نے پوچھا کہ آپکو یہ کیسے معلوم ہوسکتا ہے فرمایا اس لئے کہ قرآن مجید کے وعدے کے مطابق جب کوئی مومن اللہ

تعالیٰ کو یاد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اسے یاد کرتا ہے اس لئے سب کو یہ سمجھ لینا آسان ہے کہ جس وقت ہم اللہ تعالیٰ کی یاد میں مشغول ہونگے تو اللہ تعالیٰ بھی ہمیں یاد فرمائے گا (قرطبی ۱۷۱ ج۲)۔

# عقلمند لوگ کون ہیں؟

عقلمند لوگ کون ہیں؟ ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں؛

اِنّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ o الَّذِیۡنَ یَذۡکُرُوۡنَ اللّٰہَ قِیٰمًا وَّ قُعُوۡدًا وَّ عَلٰی جُنُوۡبِهِمۡ وَیَتَفَکَّرُوۡنَ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ج رَبَّنَا مَاخَلَقۡتَ هٰذَا بَاطِلًا ج سُبۡحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ: بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات دن کے باری باری آنے میں عقل والوں کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں (یہ عقلمند وہ لوگ ہیں) جو کھڑے اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں اور آسمانوں و زمین کی پیدائش میں غور و فکر کرتے ہیں (تو وہ کہہ اٹھتے ہیں کہ) اے ہمارے رب تو نے یہ سب بے مقصد نہیں پیدا کیا ہے تو (اس بات سے) پاک ہے (کہ کوئی عبث اور فضول کام کرے) پس تو ہم کو آگ کے عذاب سے بچا (آل عمران آیت ۱۹۰-۱۹۱)

ان آیتوں میں ارباب بصیرت اور حقیقی معنوں میں عقل مند لوگوں کا بیان ہورہا ہے یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کو ہر جگہ اور ہر حال میں یاد کرتے رہتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور ان کی تمام چیزوں پر برابر غور وفکر کرتے ہیں اس ذکر اور غور فکر کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کے دل کی آنکھیں کھل جاتی ہیں اور ان کے دل یہ گواہی دیتے ہیں کہ یہ کارخانہ کائنات بے مقصد نہیں ہوسکتا کائنات کی ہر چیز عدل وحکمت پر مبنی اور بنی ہوئی ہے تو یہ کیسے ممکن ہے کہ جو چیزیں انسان کے لئے پیدا کی گئیں ہیں ان میں تو عدل اور حکم کارفرما ہو اور خود انسان کے لئے عدل کا یہ قانون موجود نہ ہو لہذا ضرور ایک دن ایسا آنے والا ہے جس میں انسان کے بارے عدل کا ظہور ہوگا جس میں گنہگار اور نیکوکار لوگ اپنے اپنے اعمال کا بدلہ پائیں گے جزا وسزا کے اس تصور سے انکے دل کانپ اٹھتے ہیں اور ان کے دلوں میں اس بات کے لئے شدید داعیہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کو اس عذاب ورسوائی سے پناہ ونجات ملے جو ان لوگوں کے لئے مقرر ہے جو اس دنیا کو بس کھیل تماشا سمجھ کر اس میں غیر ذمہ دارانہ زندگی گزار رہے ہیں۔

یادالٰہی ہر حال میں مطلوب ہے:

ل　مومن کی صفات کی پوری تفصیل کیلئے "آئینہ ایمان" کو پڑھ لیجئے

مذکورہ بالا آیتوں سے یہ بات بھی اچھی طرح معلوم ہوگی کہ اللہ تعالیٰ کا ذکراوراس کی یاد ہر حال میں مطلوب ہےاورزیر بحث آیات میں یہ بات بالکل واضح ہے کہ اولوا الالباب کی خاص صفت یہی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کہ یاد سے کبھی غافل نہیں ہوتے۔

............کائنات میں غور وفکر:

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ دین اسلام میں جس طرح ذکراور یادالٰہی مطلوب ہے اس طرح فکر یعنی کائنات میں غور وفکر بھی مطلوب ہے اگر ذکر ہوگا اور فکر نہ ہوتو ذکر صرف زبان کا ایک شغل بن کے رہ جائیگا اگر چہ صرف زبانی ذکر بھی فائدے سے خالی نہیں اوراس پرثواب بھی ملتا ہےلیکن اس سے معرفت الٰہی کے دروازے نہیں کھلتے اور نہ آخرت کا کامل یقین اورآخرت کے دلی مشاہدہ کی طرف رہنمائی ہوتی ہے۔ یہ نعمتیں تو کثرت ذکراور دھیان کےساتھ ذکراور کائنات میں غور وفکر ہی سے ملتی ہیں،اللہ تعالیٰ ہم سب کو یہ عظیم نعمتیں نصیب فرمائے۔

## نبی کریم ﷺ کی سچی اتباع کون کرسکتا ہے:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی اتباع وہی بندہ کرسکتا ہے جو کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہواور جس کا دل یادالٰہی سے معمور ہو۔چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

> لَقَدۡ كَانَ لَكُمۡ فِيۡ رَسُوۡلِ اللّٰهِ اُسۡوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنۡ كَانَ يَرۡجُوا اللّٰهَ وَالۡيَوۡمَ الۡاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيۡرًا: بےشک تمہارے لئے اللہ کے رسول (ﷺ) کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے (لیکن اس سے ہر کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتا بلکہ یہ فائدہ ہے) اس کے لئے ہے جو اللہ تعالیٰ کی ملاقات اور روز آخرت کا امید وار ہو اور کثرت سے اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہو(احزاب-۲۱)۔

اس آیت کریمہ میں اس حقیقت کی طرف اشارہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کی زندگی مسلمانوں کے لئے بہترین نمونہ ہےاورآپ ﷺ کی اتباع میں دنیاوآخرت کی کامیابی ہےلیکن نبی کریم ﷺ کی سچی اتباع ہر مدعی کا کام نہیں بلکہ اس راہ کی آزمائشوں سے وہی لوگ عہدبرآ ہوسکتے ہیں جواللہ تعالیٰ کی ملاقات اورروزآخرت کےامیدواراور اس کے منتظرہوں اوران کے دل ہر وقت یادِالٰہی سے معمورہوں اور کثرت سے اللہ تعالیٰ کے ذکر کرنیوالے ہوں اس آیت سے یہ بات بھی اچھی معلوم ہوئی کہ دین اسلام پراستقامت اور نبی کریم ﷺ کی سچی اتباع انہی لوگوں کوحاصل ہوتی ہے۔جن کے اندراللہ تعالیٰ اورآخرت پرمضبوط ایمان ویقین ہواور برابراپنے اس ایمان ویقین کو

---

۱ صدق وصبر کی تفصیل کیلئے کتاب "جواہرالاسلام کا باب الاخلاق" دیکھئے۔

اللہ تعالی کے ذکراوراس کی یاد سے تازہ رکھیں ۔ ورنہ جولوگ اللہ تعالی کے ذکر سے غافل ہوں ان کی ایمانی قوت کمزور بلکہ ختم ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے وہ نبی کریم ﷺ کی سچی اتباع سے محروم ہوکررہ جاتے ہیں۔

## مومن کی صفات اور دین اسلام کا منبع اوراس کا محافظ یادالٰہی ہے:

قرآن مجید نے ایک مقام پرمومن کی دس صفات گنوائی ہیں چنانچہ ارشاد ہے؛

اِنَّ الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِیْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِیْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِیْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِیْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِیْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِیْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِیْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِیْنَ اللهَ كَثِیْرًا وَّ الذّٰكِرٰتِ اَعَدَّاللّٰهُ لَهُمْ مَغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِیْمًا: اطاعت کرنے والے مرداوراطاعت کرنے والی عورتیں اورایمان لانے والے مرداورایمان لانے والی عورتیں اور بندگی کرنے والے مرداور بندگی کرنے والی عورتیں اور راست باز مرداورراست بازعورتیں اورصبر کرنے والے مرداورصبر کرنے والی عورتیں اور خشوع کرنے والے مرداورخشوع کرنے والی عورتیں ،صدقہ وخیرات کرنے والے مرداور صدقہ وخیرات کرنے والی عورتیں ،اورروزے رکھنے والے مرداورروزے رکھنے والی عورتیں اوراللہ تعالی کوکثرت سے یادکرنے والے اوراللہ تعالی کوکثرت سے یادکرنے والی عورتیں، ان کے لئے اللہ تعالیٰ نے مغفرت اوراجرعظیم تیارکررکھا ہے(احزاب۔۳۵)۔

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے یہ بیان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اوراس کے رسول ﷺ کوجومعاشرہ مطلوب اورمحبوب ہے اس کی صفات یہ ہونی چاہیں یہ دس صفات گویا آئینہ ہیں کہ وہ اس کوسامنے رکھکر اپنے آپ کوسنواریں، یہاں جودس صفات بیان ہوئی ہیں اگرغورکیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اسلامی اخلاق وکردار کے تمام پہلوان دس صفات کے اندرسمٹ آئے ہیں ان صفات میں سے کچھ کاتعلق اصلاح نفس کے ساتھ ہے۔

اسلام اورایمان:

دین،اسلام کی جامع تعبیر ہے ایمان دین اسلام کا باطن ہے اوراسلام دین اسلام کا ظاہر ہے اور یہ دونوں بیک وقت مطلوب ہیں [1]۔

قنوت:

اللہ تعالیٰ کی اس بندگی اوراس کے رسول کی اس فرمانبرداری کی تعبیر ہے جو دل کی پوری یکسوئی پوری نیازمندی اورکامل عاجزی اور پورے اخلاص کے ساتھ دائماً ہو۔

صدق:

راست بازی ارادہ قول اورفعل تینوں کی مطابقت اوراستواری کی تعبیر کے لئے آتا ہے، صادق وہ ہے جس کی زندگی قول وفعل کے تضاد سے خالی ہو۔

صبر:

صبر ثابت قدمی اوراستقامت واستقلال کے معنی میں آتا ہے اور جو بندہ ہر خوف اور ہر طمع و لالچ کے مقابلے میں خواہ وہ خود اس کے اندرکی اپنی خواہشات نفس ہوں یا وہ خارجی دشمن ہو وہ بہرحال حق پر ڈٹا اوراپنے رب سے راضی اور مطمئن رہے۔اور صبر واستقامت کے ساتھ تمام دین اسلام پر قائم رہے[1]۔

خشوع:

خشوع کا مفہوم عاجزی فروتنی اور خاکساری ہے یہ چیز اللہ تعالی کی ہیبت اوراس کی عظمت و جلال کے صحیح تصور سے پیدا ہوتی ہے ۔ یہ صفت بندے کو اپنے "رب " اللہ عز وجل کے سامنے بھی جھکاتی ہے اوراس کے بندوں کے معاملہ میں بھی اس کو مہربان وحلیم اورمتواضع بناتی ہے یہ خشوع تکبر اوراستکبار کی ضد ہے جو تمام انفرادی اوراجتماعی برائیوں کی جڑ ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ خشوع عبادت کی روح بھی ہے اور بندوں کے ساتھ حسن سلوک اوران کے حقوق کی ادائیگی کی روح بھی ہے۔

تصدق:

صدقہ وخیرات کرنا، اس کا تعلق خاص طور پر بندوں کے حقوق کے ساتھ ہے اللہ تعالیٰ کا جو بندہ اپنی خواہشات کو دبا کراور اپنی ضروریات میں ایثار کرکے اپنا مال دوسرے لوگوں کی ضروریات پوری کرنے میں خرچ کرتا ہے یا اپنے مال وجان کواللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتا ہے تو اس سے اس کے ایمان کی تصدیق ہوتی ہے اور یہ چیز درجہ بدرجہ اس کے ایمان کو پختہ اورمضبوط کرتی جاتی ہے۔

صوم:

صوم یعنی روزہ یہ ضبطِ نفس اور تربیتِ صبر کی خاص ریاضت ہے اس سے بندے کا نفس کنٹرول ہو جاتا ہے اسلئے یہ روزہ صبر وتقویٰ کی تربیت کیلئے بہت بڑا ذریعہ ہے۔ بشرطیکہ روزہ حقیقی معنوں میں روزہ ہو۔

شرمگاہ کی حفاظت:

یہ عفت اور پاکدامنی کی تعبیر ہے جو ضبطِ نفس کا ثمرہ اور نتیجہ ہے اس میں وہ تمام امور شامل ہیں جو بندے کو بے حیائی کی طرف لیجاتے ہیں۔ مثلاً بدنظری وغیرہ۔ عفیف اور پاکدامن شخص تمام بے حیائیوں سے بچتا رہتا ہے۔

ذکراللہ:

اللہ تعالیٰ کی یاد، یہ تمام مذکورہ بالا صفات کا منبع بھی ہے اور انکا محافظ بھی ہے جو بندہ جس قدر زیادہ اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور یاد رکھتا ہے اتنی ہی یہ صفات اس کے اندر پختہ ہوتی ہیں اور سارے دین اسلام کا محافظ درحقیقت اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اس کی یاد ہے اور یہ نہ ہو تو آدمی ہوائے نفس کا شکار ہو کر بھٹک جاتا ہے۔

اور جس شخص کے اندر مذکورہ بالا صفات ہوں، اس کیلئے اللہ تعالیٰ کی بخشش اور اجرِ عظیم تیار ہے اور جس کے اندر جس قدر یہ صفات زیادہ پائی جائیں گی اسی قدر وہ اللہ تعالیٰ کی بخشش اور اجر کا زیادہ مستحق ہوگا۔

## تلاش رزق اور کام کاج میں بھی کثرت سے ذکر کرنے کا حکم:

رزق کی تلاش اور کام کاج کے وقت بھی اللہ تعالیٰ کا حکم یہی ہے کہ ذکرُ اللہ کی کثرت کی جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

**یَـاَیُّهَـا الَّـذِیْـنَ اٰمَـنُـوْ آ اِذَانُـوْدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِاللّٰهِ وَذَرُوْاالْبَیْـعَ ط ذٰلِـكُـمْ خَیْـرٌ لَّـكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ o فَـاِذَا قُـضِیَـتِ الصَّلٰوۃُ فَـانْتَشِـرُوْ افِیْ الْاَرْضِ وَابْتَـغُـوْا مِـنْ فَـضْـلِ اللهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِیْرًا لَّعَلَّكُمْ تُـفْلِحُوْنَ:** اے ایمان والو جب جمعہ کے دن کی نماز کیلئے اذان دی جائے تو اللہ تعالیٰ کی یاد کی طرف چل پڑو اور خرید وفروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانو۔ پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ تعالیٰ کا فضل (یعنی رزق) تلاش کرو اور

---

[1] داعی کے اوصاف کیلئے دیکھئے کتاب "اسرارالعروج"۔

(تلاشِ رزق اور کام کاج کے وقت بھی) اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ(الجمعہ،۹-۱۰)۔

مطلب یہ ہے کہ جب نماز جمعہ سے فارغ ہو جاؤ تو اس کے بعد تمہارے لئے رزق کی تلاش اور اس کیلئے بھاگ دوڑ پر کوئی پابندی نہیں البتہ یہ ضرور ہو کہ کام کاج اور تلاشِ رزق کی مشغولیت میں اللہ تعالیٰ اور آخرت کو نہ بھولئیے اس میں اللہ تعالیٰ کے احکامات کی خوب نگہداشت کریں، اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر موقعہ پر اللہ تعالیٰ کے حکموں کو یاد رکھو اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کیا کرو یہی ذکر الٰہی شیطان کے مکروفریب اور فتنوں سے بچائے گا ورنہ اگر تم اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل ہو گئے تو شیطان تمہیں اس طرح اندھا بنا دے گا کہ حلال وحرام کا امتیاز نہیں رہے گا اور تمہاری دوڑ دھوپ ساری کی ساری دنیا کیلئے ہو کر رہ جائیگی، لہذا ضروری یہ ہے کہ معاشی سرگرمیوں کے دوران برابر اللہ تعالیٰ کو یاد کیا کریں اور کثرت سے اس کا ذکر کریں۔

## ذاکر کی زندگی اطمینان والی اور پرسکون ہوتی ہے:

دولت، حکومت، منصب جاگیر اور شان وشوکت وغیرہ کوئی چیز انسان کو حقیقی سکون اور اطمینان نہیں دلا سکتی یہ اطمینان وسکون صرف اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ صحیح اور قوی تعلق سے حاصل ہو سکتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ ط اَلاَ بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْب :

وہ لوگ جو ایمان لائے اور جن کے دل اللہ تعالیٰ کے ذکر سے مطمئن ہوتے ہیں سن لو؛ اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے(الرعد-۲۸)۔

## اطمینان وسکون کس ذکرُ اللہ سے حاصل ہوتا ہے؟

مطلب یہ ہے کہ کان کھول کر سن لو کہ اگر دلوں کا اطمینان وسکون چاہتے ہو تو یہ نعمت صرف اللہ تعالیٰ کے ذکر سے حاصل ہوتی ہے۔ بعض لوگ یہ شکایت کرتے ہیں کہ ہم تو شب وروز اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں، نمازیں پڑھتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی تہلیل وتحمید اور تمجید وتسبیح کرتے ہیں لیکن ہمیں اطمینان وسکون حاصل نہیں ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ان کا ذکر ان کے دل ودماغ میں رچا بسا نہیں ہوتا ہے اور بندے کے دل میں ذکر حقیقی اور یاد الٰہی اس وقت خوب گھر کر لیتی ہے جب ان کے عقائد درست ہوں اور ان کو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کی قدرت وقوت اور آخرت پر غیر متزلزل یقین حاصل ہو اور یہ محکم یقین وایمان اللہ تعالیٰ اور اس کی صفاتِ جمال و

کمال اور کائنات میں غور وفکر سے اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے احساس اور شکر اور دھیان سے کثرتِ ذکر سے حاصل ہوتا ہے۔اور اللہ تعالیٰ پر اور آخرت پر مضبوط ایمان ویقین اور کثرت ذکر سے دلوں کے اضطراب اور وحشت دور ہو جاتی ہے اور اس روح کی پرورش ہوتی ہے اور دل ودماغ پاک وصاف ہو جاتے ہیں جب تک اللہ تعالیٰ کے ساتھ صحیح اور قوی تعلق نہ ہو تو صرف زبانی ذکر سے حقیقی اطمینان حاصل نہیں ہوتا۔اَللّٰھُمَّ اَعِنَّا عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ (آمین).

## دعوت وتبلیغ اور دینی جدوجہد کے موقع پر کثرتِ ذکر کا حکم:

دعوت وتبلیغ ہو یا دین اسلام کیلئے کوئی اور جدوجہد ہو اس میں بھی کثرتِ ذکر مطلوب ہے بلکہ ایسے مواقع پر ذکر میں کوتاہی بھی دینی جدوجہد کو بے نور اور بے روح بنا دیتی ہے۔جب اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام دونوں کو فرعون کے پاس بھیجا تو ان دونوں کو جو خاص تاکید کی تھی وہ کثرتِ ذکر اور ذکر میں کوتاہی نہ کرنے کی ہدایت تھی۔چنانچہ اللہ تعالیٰ ان دونوں کو ارشاد فرماتے ہیں کہ:

اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ:

(اے موسیٰ) تم اور تمہارا بھائی میری نشانیوں کے ساتھ جاؤ اور تم دونوں میرے ذکر میں سستی نہ کرنا (طٰہٰ-۴۲)۔

مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دین کی تبلیغ میں پوری مستعدی دکھلاؤ اور تمام احوال اور اوقات میں عموماً اور دعوت وتبلیغ ور دینی جدوجہد کے وقت خصوصاً اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کرو اور اس میں سستی نہ کرو۔

## مصلح اور داعی کیلئے کثرتِ ذکر کی ضرورت:

یاد رکھیں کہ دعوت وتبلیغ کا اصل سرچشمہ اللہ تعالیٰ ہی ہیں کیونکہ اس کی طرف اور اس کے دین کی طرف لوگوں کو دعوت دی جاتی ہے لہذا دعوت دینے والے کا جس قدر اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق مضبوط ہوگا اسی قدر اس کی دعوت میں جان اور روح وقوت ہوگی اور اسی قدر اس سے خیر پھیلے گی لیکن اگر اللہ تعالیٰ سے تعلق کمزور ہو جائے تو اس کی یہ دعوت بے روح اور بے جان ہو جاتی ہے اور اگر یہ تعلق بالکل ہی منقطع ہو جائے تو پھر وہ دعوت بالکل شیطانی دعوت بن کر رہ جاتی ہے اگرچہ اس میں نام اللہ تعالیٰ اور اس کے دین کا لیا جائے۔اس لئے ایسے مواقع پر اور زیادہ ذکر الٰہی کی ضرورت ہے [1] کیونکہ ذکرِ الٰہی ہی تعلق مع اللہ کا محافظ ہے اور اس کے سبب یہ تعلق مضبوط سے مضبوط تر

ہوتا رہتا ہے۔ نیز یہی کثرتِ ذکر ہی اہل اللہ و داعیانِ حق اور مصلحین کی کامیابی کا بہت بڑا سبب بھی ہے اور دشمن کے مقابلہ میں بہترین اور اول نمبر کا ہتھیار بھی ہے۔ اور اس سے انسان کے اندر عزم وہمت پیدا ہوتی ہے اور بڑھتی رہتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حقیقی ذکر کرنے والوں میں شمار کرے (آمین)۔

## جہاد میں کثرتِ ذکر کا حکم اور اس کی ضرورت:

کفار ومشرکین اور دشمنانِ اسلام کے ساتھ لڑنے اور جہاد کے وقت کثرتِ ذکر کی سخت ضرورت ہوا کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ کا حکم بھی یہی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُم فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوْا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفلِحُوْنَ:

اے ایمان والو جب کسی گروہ سے تمارا مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کرو تا کہ تم فلاح پاؤ (انفال-۴۵)۔

انسان کی اصل قوت دل کی قوت ہے اور دل کی قوت ایمان سے حاصل ہوتی ہے اور ذکراللہ کی کثرت ایمان کو تازہ رکھتی ہے اور اس کے نور کو بڑھاتی رہتی ہے اس لئے ذکرِ الٰہی صبرواستقامت اور ثابت قدمی کا بہت بڑا ذریعہ ہے اس لئے جب حالات سخت ہوں اور جن میں صبرواستقامت کی زیادہ ضرورت ہو وہاں زیادہ سے زیادہ ذکراللہ کی ضرورت ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ نے بھی ایسے مواقع میں کثرتِ ذکر کا حکم فرمایا ہے۔ اور صحابہ کرامؓ کا سب سے بڑا ہتھیار نماز، تہلیل وتسبیح وتکبیر وغیرہ اور اذکار کی کثرت تھی۔

## ذکرِ الٰہی کے بغیر جہاد صرف جنگ کی صورت اختیار کر لیتا ہے:

یاد رہے کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف وہی حقیقی جہاد ہے جو اللہ تعالیٰ کے کلمہ اور نام بلند کرنے اور حق کی حمایت کیلئے ہو، ظاہر ہے کہ جس قدر اللہ تعالیٰ سے تعلق مضبوط ہوگا اسی قدر حق کی حمایت اور اعلائے کلمۃ اللہ کی جہاد میں اخلاص وللّٰہیت ہوگی اور جس قدر یہ تعلق کمزور ہوگا اسی قدر جہاد بے نور اور بے روح ہوگا اور اگر یہ تعلق بالکل منقطع ہو تو یہ جہاد کے بجائے قومی، ملکی اور دنیوی مفادات کے حصول کی جنگ بن جائیگا۔

اس لئے اللہ تعالیٰ نے یہاں "تغلبون" کے بجائے "تفلحون" کا لفظ استعمال فرمایا اور فلاح ایک جامع لفظ ہے جو دنیا وآخرت دونوں کی کامیابیوں اور ترقیوں پر مشتمل ہے لھذا یہاں فلاح سے مطلب صرف یہ نہیں کہ تم غلبہ حاصل کرو کیونکہ فتح اور غلبہ تو کبھی بغیر ذکرِ الٰہی کے بھی حاصل ہوتا ہے، کافر ومشرک قومیں بھی ایک دوسرے پر فتح وغلبہ حاصل کرتی رہتی ہیں بلکہ کبھی حق وباطل کی جنگ میں بھی عارضی طور پر اہلِ حق کو شکست ہو جاتی

ہے۔لہٰذا ہر غلبہ اور فتح فلاح کا ذریعہ نہیں ہوسکتا بلکہ فلاح صرف اسی غلبہ اور فتح سے حاصل ہوگی جس کی بنیاد ذکرِ الٰہی پر ہو اور جس فتح کا دروازہ ذکرِ الٰہی سے کھلے اور یہی وہ فتح ہے جس میں دنیا و آخرت کی فلاح و کامیابی کا راز مضمر ہے۔

## مردانِ خدا کون لوگ ہیں؟

مردانِ خدا اور اللہ تعالیٰ کے سچے بندے وہی لوگ ہیں جو کسی بھی وقت اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل نہیں ہوتے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّ لَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ص يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ: وہ (جوان) مرد جن کو تجارت اور خرید وفرخت اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل نہیں کرتی اور نہ نماز کے قیام و اہتمام سے اور نہ زکوٰۃ کی ادائیگی سے، وہ ایک ایسے دن سے ڈرتے ہیں جس میں دل اور آنکھیں الٹ (اور مضطرب) ہو جائیں گے (نور-۳۷)۔

## مؤمن کی شان ہمہ وقت یادِ الٰہی ہے:

لفظ رجال سے ان لوگوں کی انتہائی درجہ کی تعریف واضح ہے یعنی یہ وہ جوان مرد یا وہ مردانِ خدا ہیں کہ انہیں دنیا کی کوئی چیز بھی اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل نہیں کرتی انہیں ہر چیز سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا حکم اور اس کی رضا و خوشنودی مطلوب ہے اور مؤمن کی شان یہی ہے کہ وہ تجارت خرید وفروخت کسب و ہنر سب کچھ کرے لیکن وہ کسی بھی وقت اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اس کی یاد اور اس کے فرائض واحکام کی بجا آوری سے غافل نہ ہو۔

## منافق اور مؤمن کی تجارت ولین دین میں فرق:

مؤمن بندہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے اور اس کے حکموں کو یاد رکھتا ہے۔اس کے برعکس منافق ڈانواں ڈول قسم کے لوگ دنیا کی محبت اور اس کی لالچ میں اللہ تعالیٰ کو بھول جاتے ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ منافقون میں منافق اور ڈانواں ڈول قسم کے لوگوں کے رویہ کو بیان کر کے اس کے بعد مؤمنوں کو خطاب فرمایا ہے کہ؛

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَا اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ: اے ایمان والو؛ تمہیں تمہارے اموال اور تمہاری

---

[1] اس کا پورا بیان کتاب "مسلک اعتدال" میں "ایّ الاعمال افضل" کے عنوان کے تحت پڑھ لیجئے۔

اولاد اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل نہ کرے اور جو کوئی ایسا کرے گا (کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل ہو جائے) تو وہی نقصان اٹھانے والے ہیں (منافقون-۹)۔

اس آیت کریمہ میں مؤمنوں کو منافقوں کے طریقہ کار اور رویہ سے پرہیز کی تاکید فرمائی گئی ہے کہ ان لوگوں کے اموال اور اولاد نے ان کو اپنے پروردگار کے ذکر سے اور اس کے فرائض واحکامات سے غافل کر دیا ہے؛ اے مسلمانوں تم ایسا نہ کرنا کیونکہ جو شخص دنیا کی محبت میں کھو کر اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل ہو جاتا ہے تو وہ سراسر خسارے اور نقصان میں پڑ جاتا ہے اور حقیقی نفع وفلاح پانے والے لوگ وہی ہیں جو اپنی زندگی کے لمحات اللہ تعالیٰ کے ذکر اور نبی کریم ﷺ کی اتباع میں بسر کر دیتے ہیں۔

## اللہُ اکبر – وَلَذِکْرُ اللہِ اَکْبَرُ:

اللہ تعالیٰ بے انتہا بڑے ہیں اور ان کا ذکر اور ان کی یاد بھی بہت ہی بڑی چیز ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛

وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ ط اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ط وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ ط وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ : اور نماز کو قائم کرو بے شک نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی یاد بہت بڑی چیز ہے اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو (عنکبوت-۴۵)۔

اس آیت کریمہ میں فرمایا گیا کہ نماز آدمی کو تمام برائیوں سے روکتی ہے اس میں کوئی شک وشبہ نہیں جو لوگ نماز کو اس کی شرائط وآداب اور پورے خشوع اور اخلاص واہتمام کے ساتھ پڑھتے ہیں تو وہ ایسی نماز کے سبب برائیوں سے رک جاتے ہیں جیسا کہ اس کی پوری تفصیل اس کتاب کی ابتداء میں گذر چکی ہے۔ نماز کے قیام واہتمام کے حکم کے بعد فرمایا کہ "وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَر" اور اللہ تعالیٰ کی یاد بہت بڑی چیز ہے۔ یہ اس کی وجہ بتائی گئی کہ نماز برائیوں سے روکنے والی ہے کیونکہ نماز اللہ تعالیٰ کے یاد کرنے کی بہترین صورت ہے اور اللہ تعالیٰ کی یاد بہت بڑی چیز ہے اور جس شخص کا دل یادِ الٰہی سے معمور ہوگا اس کو اللہ تعالیٰ کے احکامات وہدایات اپنے دنیوی مفادات اور خواہشاتِ نفس سے زیادہ محبوب ہونگے اور وہ ہر اس کام سے نفرت کرے گا جو اس کے محبوب حقیقی اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف ہوں۔

## ذکرُ اللہ کی خاصیّتیں

اللہ تعالیٰ کا ذکر دل کو روشن اور نرم اور اللہ تعالیٰ کی طرف مائل کر دیتا ہے اور بندے کے دل کو بری عادتوں

اور برے جذبات و اخلاق سے پاک کر دیتا ہے اور اچھے اخلاق و جذبات سے دل کو سنوارتا ہے، ذکر کے نور سے ذاکر کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک خاص لگن اور رابطہ اور نسبت و تعلق پیدا ہو جاتا ہے جس کے بعد وہ اللہ عز وجل شانہ کی رضا و خوشنودی اور اس کے قرب کو اپنا مقصد بنا لیتا ہے، اور اس کے لئے اللہ تعالیٰ کے احکام و ہدایات کی بے چون و چراں تعمیل اور نواہی سے پرہیز اس کی عادت ثانیہ بن جاتی ہے اور ذکر کی قوت ذاکر کو ہر وقت اعمال صالحہ اور اللہ تعالیٰ کے قرب و رضا کے حصول میں سرگرم رکھتی ہے۔ ذکر کے نور اور تجلیات سے شبہات اور بے یقینی کے اندھیرے بھاگ جاتے ہیں یہ روح کی غذا ہے اور اس سے روح کو تقویت ملتی ہے اور اس سے انسان کے اندر نیکی کی پوشیدہ صلاحیتیں نشو و نما پاتی ہیں اور اس کی وجہ سے بندے کو قلبی اطمینان اور سکون کی نعمت حاصل ہوتی ہے اور ذکر اس کے دل کو گھبراہٹ اور اضطراب سے بچا لیتا ہے اور اس کے اندر عزم و حوصلہ اور ہمت کو بڑھا دیتا ہے اور یہی وہ چیز ہے جو نماز، جہاد، روزہ، حج، زکوٰۃ اور اوراد وغیرہ تمام عبادات اور تمام دینی اعمال کی روح ہے یہ نہ ہو تو عبادت جسدِ بے روح بن جاتی ہے اور یہی ذکر وہ قوت ہے جو انسان کو اعلیٰ سے اعلیٰ جنتوں پر پہنچا دیتی ہے اس لئے ذکر اللہ اور یاد الٰہی سے بڑھکر کوئی عبادت نہیں، اصل فضیلت اسی کو ہے یوں عارضی طور پر اگر کوئی عمل ذکر اللہ سے سبقت لے جائے وہ دوسری بات ہے [1] بہر حال اللہ تعالیٰ کی یاد تمام اعمال سے افضل اور بڑھ کر ہے اور جب وہ نماز کی صورت اور اس کے ضمن میں ہو تو وہ افضل تر ہوگا لہذا بندے کو چاہیے کہ کسی وقت بھی ذکر الٰہی سے غافل نہ ہو اور بندہ ہمیشہ اس حقیقت کو یاد رکھے کہ جو ذکر ذاکر کو احکام الٰہی کا پابند اور ظلم و زیادتی اور بے حیائی کے کاموں سے نہ روکے تو اس کو ذکر کی حقیقت حاصل نہیں اور اب تک اس کا ذکر، ذکر نہیں بلکہ صرف ورد ہے۔

# فضائل ذکر کے بارے میں احادیث

فضائل ذکر کے بارے میں جو احادیث اور ان کی تشریح و تفصیل شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مہاجر مدنیؒ اور جو احادیث حضرت مولانا محمد منظور نعمانیؒ نے اپنی کتاب معارف لحدیث میں لکھی ہیں ان میں سے کچھ کو مع ان کی تشریح و تفصیل کے ساتھ یہاں نقل کر دیتا ہوں۔ چنانچہ حضرت شیخ الحدیثؒ "احادیث ذکر" کے عنوان کے تحت لکھتے ہیں، جبکہ اس مضمون میں قرآن پاک کی آیات اس کثرت سے موجود ہیں تو احادیث کا کیا پوچھنا کیونکہ قرآن مجید کے کل تیس پارے ہیں اور حدیث شریف کی لا تعداد کتابیں ہیں اور ہر کتاب میں بے شمار حدیثیں ہیں ایک بخاری شریف ہی کے بڑے بڑے تیس پارے ہیں اور ابو داؤد شریف کے بتیس پارے ہیں اور کوئی کتاب بھی ایسی نہیں کہ اس مبارک ذکر سے خالی ہو اس لئے احادیث کا احاطہ تو کون کر سکتا ہے نمونہ اور عمل

[1] یعنی مرتے وقت کی حالت میں جس کو امید بھی ہو اور خوف بھی۔

کے واسطے ایک آیت اور ایک حدیث بھی کافی ہے اور جس کو عمل ہی نہیں کرنا اس کے لئے دفتر کے دفتر بھی بیکار ہیں۔ کَمَثَلِ الْحِمَارِ یَحْمِلُ اَسْفَارا۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ یَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالیٰ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ وَاَنَا مَعَه، اِذا ذَکَرَنِیْ فَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِهٖ ذَکَرْتُه، فِیْ نَفْسِیْ وَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ مَلَاءٍ ذَکَرْتُه، فِیْ مَلَاءٍ خَیْرٍ مِّنْهُمْ وَاِنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ اِلَیْهِ ذِرَاعًا وَّاِنْ تَقَرَّبَ اِلَیّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ اِلَیْهِ بَاعًا وَّ اِنْ اَتَانِیْ یَمْشِیْ اَتَیْتُه، هَرْوَلَةً. رواه احمد و البخاری و مسلم والترمذی و النّسائی و ابن ماجة والبیهقی فی الشعب واخرج احمد والبیهقی فی الاسماء والصفات عن انس بمعناه بلفظ یَا ابْنُ ادم اذاذکرتنی فی نفسک الحدیث و فی الباب عن معاذ بن انس عندالطبرانی باسناد حسن وعن ابن عباس عند البزار باسناد صحیح والبیهقی و غیر هما و عن ابی هریرة عند ابن ماجة و ابن حبان وغیرهما بلفظ انا مع عبدی اذا ذکرنی وتحرکت بی شفتاه کما فی الدرالمنثور والترغیب للمنذری والمشکوٰة مختصراً وفیه بروایة مسلم عن ابی ذربمعناه و فی الاتحاف علقه البخاری عن ابی هریرة بصیغة الجزم ورواه ابن حبان من حدیث ابی الدرداء اه: حضوراقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ ارشادفرماتے ہیں کہ: میں بندہ کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرتا ہوں جیسا کہ وہ میرے ساتھ گمان رکھتا ہے اور جب وہ مجھے یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں پس اگر وہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اس کو اپنے دل میں یاد کرتا ہوں اور اگر وہ میرا مجمع میں ذکر کرتا ہے تو میں اس مجمع سے بہتر یعنی فرشتوں کے مجمع میں (جو معصوم اور بے گناہ ہیں) تذکرہ کرتا ہوں اور اگر بندہ میری طرف ایک بالشت متوجہ ہوتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہوں اور اگر وہ ایک ہاتھ بڑھتا ہے تو میں دو ہاتھ ادھر متوجہ ہوتا ہوں اور اگر وہ میری طرف چل کر آتا ہے تو میں اس کی طرف دوڑ کر چلتا ہوں۔

(ف) اس حدیث شریف میں کئی مضمون وارد ہیں۔ اوّل یہ کہ بندہ کے ساتھ اس کے گمان کے موافق معاملہ کرتا ہوں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ سے اس کے لطف وکرم کی امید رکھنا چاہئیے اس کی رحمت

سے ہرگز مایوس نہ ہونا چاہیے ۔ یقیناً ہم لوگ گنہگار ہیں اور سراپا گناہ اور اپنی حرکتوں اور گناہوں کی سزا اور بدلے کا یقین ہے لیکن اللہ کی رحمت سے مایوس بھی نہ ہونا چاہیے ۔ کیا بعید ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ محض اپنے لطف وکرم سے بالکل ہی معاف فرمادیں ۔ کلام اللہ شریف میں وارد ہے کہ؛ "اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ : حق تعالیٰ شانہٗ شرک کے گناہ کو تو معاف نہیں فرمائیں گے اس کے علاوہ جس کو چاہیں گے سب کچھ معاف فرمائیں گے " لیکن ضروری نہیں کہ معاف فرما ہی دیں اسی وجہ سے علماء فرماتے ہیں کہ ایمان امید وخوف کے درمیان ہے حضور اقدس ﷺ ایک نوجوان صحابی کے پاس تشریف لے گئے وہ نزع کی حالت میں تھے حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کس حال میں ہو عرض کیا یا رسول اللہ، اللہ کی رحمت کا امیدوار ہوں اور اپنے گناہوں سے ڈر رہا ہوں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ دونوں یعنی امید وخوف جس بندہ کے دل میں ایسی حالت میں ہوں [1] تو اللہ جل شانہٗ جو امید ہے وہ عطا فرما دیتے ہیں اور جس کا خوف ہے اس سے امن عطا فرما دیتے ہیں ۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ مومن اپنے گناہ کو ایسا سمجھتا ہے کہ گویا ایک پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہے اور وہ پہاڑ اس پر گرنے لگا اور فاجر شخص گناہ کو ایسا سمجھتا ہے گویا ایک مکھی بیٹھی تھی اڑا دی یعنی ذرا پرواہ نہیں ہوتی مقصود یہ ہے کہ گناہ کا خوف اس کے مناسب ہونا چاہیے اور رحمت کی امید اس کے مناسب ۔

حضرت معاذؓ طاعون میں شہید ہوئے انتقال کے قریب زمانہ میں بار بار غشی ہوتی تھی جب افاقہ ہوتا تو فرماتے یا اللہ تجھے معلوم ہے کہ مجھ کو تجھ سے محبت ہے تیری عزت کی قسم تجھے یہ بات معلوم ہے جب بالکل موت کا وقت قریب آ گیا تو فرمایا کہ اے موت ترا آنا مبارک ہے کیا ہی مبارک مہمان آیا مگر فاقہ کی حالت میں یہ مہمان آیا ہے اس کے بعد فرمایا اے اللہ تجھے معلوم ہے کہ میں ہمیشہ تجھ سے ڈرتا رہا آج تیرا امیدوار ہوں یا اللہ مجھے زندگی کی محبت تھی مگر نہریں کھودنے اور باغ لگانے کے واسطے نہیں تھی بلکہ گرمیوں کی شدت پیاس برداشت کرتے اور (دین کی خاطر) مشقیں جھیلنے کے واسطے اور ذکر کے حلقوں میں علماء کے پاس جم کر بیٹھنے کے واسطے تھی بعض علماء نے لکھا ہے کہ حدیث بالا میں گمان کے موافق معاملہ عام حالات کے اعتبار سے ہے خاص مغفرت کے متعلق نہیں ۔ دعا صحت وسعتِ امن وغیرہ سب چیزیں اس میں داخل ہیں مثلاً دعا کے ہی متعلق سمجھو ۔ مطلب یہ ہے اگر بندہ یہ یقین کرتا ہے ۔ کہ میری دعا قبول ہوتی ہے اور ضرور ہوگی تو اس کی دعا قبول ہوتی ہے اور اگر یہ گمان کرے کہ میری دعا قبول نہیں ہوتی تو ویسا ہی معاملہ کیا جاتا ہے چنانچہ دوسری احادیث میں آیا ہے کہ بندہ کی دعا قبول ہوتی ہے جب تک یہ نہ کہنے لگے کہ میری تو دعا قبول نہیں ہوتی ۔ اسی طرح صحت تونگری وغیرہ سب امور کا حال ہے ۔ حدیث

میں آیا ہے کہ جس شخص کو فاقہ کی نوبت آئے اگر اس کو لوگوں سے کہتا پھرے تو تونگری نصیب نہیں ہوتی اللہ کی پاک بارگاہ میں عرض معروض کرے تو جلد یہ حالت دور ہو جائے لیکن یہ ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ حسن ظن اور چیز ہے اور اللہ پر گھمنڈ دوسری چیز ہے کلام اللہ شریف میں مختلف عنوانات سے اس پر تنبیہ کی گئی۔ ارشاد ہے؛ "وَلَا یَغُرَّنَّکُمْ بِاللّٰہِ الْغَرُوْرُ : اور نہ دھوکہ میں ڈالے تم کو دھوکہ باز] یعنی شیطان تم کو یہ نہ سمجھائے کہ گناہ کئے جاؤ اللہ غفور رحیم ہے"۔ دوسری جگہ ارشاد ہے؛" اَطَّلَعَ الْغَیْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَھْدًا. کَلَّا: کیا وہ غیب پر مطلع ہو گیا، یا اللہ تعالیٰ سے اس نے عہد کر لیا ہے ایسا ہرگز نہیں" دوسرا مضمون یہ ہے کہ جب بندہ مجھے یاد کرتا ہے تو جب تک اس کے ہونٹ میری یاد میں حرکت کرتے رہتے ہیں میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں دوسری حدیث میں ہے کہ جب بندہ مجھے یاد کرتا ہے تو جب تک اس کے ہونٹ میری یاد میں حرکت کرتے رہتے ہیں میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں یعنی میری خاص توجہ اس پر رہتی ہے اور خصوصی رحمت کا نزول ہوتا رہتا ہے۔ تیسرا مضمون یہ ہے کہ میں فرشتوں کے مجمع میں ذکر کرتا ہوں یعنی تفاخر کے طور پر اس کا ذکر فرمایا جاتا ہے ایک تو اس وجہ سے کہ آدمی کی خلقت جس ترکیب سے ہوئی ہے اس کے موافق اس میں اطاعت اور معصیت دونوں کا مادہ رکھا ہے۔ اس حالت میں طاعت کا کرنا یقیناً تفاخر کا سبب ہے دوسرے اس وجہ سے کہ فرشتوں نے ابتداء خلقت کے وقت عرض کیا تھا۔ آپ ایسی مخلوق کو پیدا فرماتے ہیں جو دنیا میں خونریزی اور فساد کرے گی اور اس کی وجہ بھی وہی مادہ فساد کا ان میں ہوتا ہے بخلاف فرشتوں کے کہ ان میں یہ مادہ نہیں اسی لئے انھوں نے یہ عرض کیا تھا کہ تیری تسبیح وتقدیس ہم کرتے ہی ہیں تیسرے اس وجہ سے کہ انسان کی اطاعت اس کی عبادت فرشتوں کی عبادت سے اس وجہ سے بھی افضل ہے کہ انسان کی عبادت غیب کے ساتھ ہے اور فرشتوں کی عالم آخرت کے مشاہدہ کے ساتھ۔ اسی کی طرف اللہ پاک کے اس کلام میں اشارہ ہے کہ اگر وہ جنت ودوزخ کو دیکھ لیتے تو کیا ہوتا۔ ان وجوہ سے حق تعالیٰ شانہٗ اپنے یاد کرنے والوں اور اپنی عبادت کرنے والوں کے کارنامے جتاتے ہیں۔ چوتھا مضمون حدیث میں یہ ہے کہ بندہ جس درجہ میں حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف متوجہ ہوتا ہے اس سے زیادہ توجہ اور لطف اللہ جل شانہٗ کی طرف سے اس بندہ پر ہوتا ہے۔ یہی مطلب ہے قریب ہونے اور دوڑ کر چلنے کا کہ میرا لطف اور میری رحمت تیزی کے ساتھ اس کی طرف چلتی ہے اب ہر شخص کو اپنا اختیار ہے کہ جس قدر رحمت ولطف الٰہی کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہے اتنی ہی اپنی توجہ اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف بڑھائے۔ پانچویں بحث اس حدیث شریف میں یہ ہے کہ اس میں فرشتوں کی جماعت کو بہتر بتایا ہے ذکر کرنے والے شخص سے حالانکہ یہ مشہور امر ہے کہ انسان اشرف المخلوقات ہے اس کی ایک وجہ تو ترجمہ

---

۱؎ اللہ کے ذکر سے بغض کا مطلب ہے کہ آدمی کو وہ پسند نہ ہو اور ذکر نہ کرتا ہو۔

میں ظاہر کردی گئی کہ ان کا بہتر ہونا ایک خاص حیثیت سے ہے کہ وہ معصوم ہیں ان سے گناہ ہو ہی نہیں سکتا دوسری وجہ یہ ہے کہ باعتبار اکثر افراد کے ہے کہ اکثر افراد فرشتوں کے اکثر آدمیوں بلکہ اکثر مومنوں سے افضل ہیں گو خاص مومن جیسے انبیاء علیہم السلام سارے ہی فرشتوں سے افضل ہیں اس کے علاوہ اور بھی وجوہ ہیں جن میں بحث طویل ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ شَرَائِعَ الْاِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ فَاَخْبِرْنِيْ بِشَيْءٍ اَسْتَنُّ بِهِ قَالَ لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ اَخْرَجَهُ' ابن ابی شیبة و احمد والترمذی و حسنه و ابن ماجة و ابن حبان فی صحیحه والحاکم و صححه والبیهقی کذافی الدروفی المشکوٰة بروایة الترمذی و ابن ماجة وحکی عن الترمذی حسن غریب.

قلت و صححه الحاکم و اقره علیه الذهبی و فی الجامع الصغیر بروایة ابی نعیم فی الحلیة مختصرا بلفظ اَنْ تُفَارِقَ الدُّنْيَا وَلِسَانُكَ رَطْبٌ'' مِّنْ ذِكْرِ اللهِ ورقم له بالضعف وبمعناه عن مالک بن یخامر اَنَّ مُعَاذَ ابْنَ جَبَلٍ قَالَ لَهُمْ اِنَّ اٰخِرَ كَلَامٍ فَارَقْتُ عَلَيْهِ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ قُلْتُ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَى اللهِ، قَالَ اَنْ تَمُوْتَ وَلِسَانُكَ رَطْبٌ مِّنْ ذِكْرِ اللهِ، اخرجه ابن ابی الدنیا والبذار و ابن حبان والطبرانی والبیهقی کذا فی الدروالحصن الحصین والترغیب للمنذری و ذکره فی الجامع الصغیر مختصرًا و عزاه الٰی ابن حبان فی صحیحه و ابن السنی فی عمل الیوم واللیلة والطبرانی فی الکبیر والبیهقی فی الشعب و فی مجمع الزوائد رواه الطبرانی باسانید :اک صحابیؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ احکام تو شریعت کے بہت سے ہیں، مجھے ایک چیز کوئی ایسی بتا دیجئے جس کو میں اپنا دستور اور اپنا مشغلہ بنالوں۔حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے ذکر سے تو ہر وقت رطبُ اللّسان رہے۔ ایک اور حدیث میں ہے۔حضرت معاذؓ فرماتے ہیں کہ جدائی کے وقت آخری گفتگو جو حضور ﷺ سے ہوئی وہ یہ تھی میں نے دریافت کیا کہ سب اعمال میں محبوب ترین عمل اللہ کے نزدیک کیا ہے۔حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس حال میں تیری موت آوے کہ اللہ کے

ذکر میں رطبُ اللّسان ہو۔

(ف) جدائی کے وقت کا مطلب یہ ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے حضرت معاذؓ کو اہل یمن کی تبلیغ و تعلیم کیلئے یمن کا امیر بنا کر بھیجا تھا، اس وقت رخصت کے وقت حضور ﷺ نے کچھ وصیتیں بھی فرمائی تھیں اور انھوں نے بھی کچھ سوالات کئے تھے۔ شریعت کے احکام بہت سے ہونیکا مطلب یہ ہے کہ ہر حکم کی بجا آوری تو ضروری ہے ہی لیکن ہر چیز میں کمال پیدا کرنا اور اس کو مستقل مشغلہ بنانا دشوار ہے اس لئے ان میں سے ایک چیز جو سب سے اہم ہو مجھے ایسی بتا دیجئے کہ اس کو مضبوط پکڑ لوں اور ہر وقت ہر جگہ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے کرتا رہوں۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ چار چیزیں ایسی ہیں کہ جس شخص کو یہ مل جائیں اس کو دین و دنیا کی بھلائی مل جائے۔ ایک وہ زبان جو ذکر میں مشغول رہنے والی ہو۔ دوسرے وہ دل جو شکر میں مشغول رہتا ہو۔ تیسرے وہ بدن جو مشقت برداشت کرنے والا ہو۔ چوتھے وہ بیوی جو اپنے نفس میں اور خاوند کے مال میں خیانت نہ کرے۔ نفس میں خیانت یہ ہے کہ کسی قسم کی گندگی میں مبتلا ہو جائے۔ رطبُ اللّسان کا مطلب اکثر علماء نے کثرت کا لکھا ہے اور یہ عام محاورہ ہے۔ ہمارے عرف میں بھی جو شخص کسی کی تعریف یا تذکرہ کثرت سے کرتا ہے تو یہ بولا جاتا ہے کہ فلاں کی تعریف میں رطبُ اللّسان ہے۔ مگر بندہ ناچیز کے خیال میں ایک دوسرا مطلب بھی ہوسکتا ہے۔ وہ یہ کہ جس سے عشق و محبت ہوتی ہے اس کے نام لینے سے منھ میں ایک لذت اور مزہ محسوس ہوا کرتا ہے جن کو بابِ عشق سے کچھ سابقہ پڑ چکا ہے وہ اس سے واقف ہیں۔ اس بنا پر مطلب یہ ہے کہ اس لذت سے اللہ کا پاک نام لیا جائے کہ مزہ آ جائے۔ میں نے اپنے بعض بزرگوں کو بکثرت دیکھا ہے کہ ذکر بالجہر کرتے ہوئے ایسی طراوٹ آ جاتی ہے کہ پاس بیٹھنے والا بھی اس کو محسوس کرتا ہے اور ایسا منھ میں پانی بھر جاتا ہے کہ ہر شخص اس کو محسوس کرتا ہے مگر یہ جب حاصل ہوتا ہے کہ جب دل میں چسک ہو اور زبان کثرتِ ذکر کے ساتھ مانوس ہو چکی ہو۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ سے محبت کی علامت اس کے ذکر سے محبت ہے اور اللہ سے بغض کی علامت اس کے ذکر سے بغض ہے[1]۔ حضرت ابو درداءؓ فرماتے ہیں کہ جن لوگوں کی زبان اللہ کے ذکر سے تر و تازہ رہتی ہے وہ جنت میں ہنستے ہوئے داخل ہوں گے۔

عَنْ اَبِیْ الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِخَیْرِ اَعْمَالِکُمْ وَاَزْکَاھَا عِنْدَ مَلِیْکِکُمْ وَاَرْفَعِھَا فِیْ دَرَجَاتِکُمْ وَخَیْرٍ لَّکُمْ مِّنْ اِنْفَاقِ الذَّھَبِ وَالْوَرِقِ وَ خَیْرٍ لَّکُمْ مِّنْ اَنْ تَلْقَوْعَدُوَّکُمْ فَتَضْرِبُوْا اَعْنَاقَھُمْ وَیَضْرِبُوْا

---

[1] اس کی پوری تفصیل راقم الحروف کی کتاب "مسلک اعتدال" میں پڑھ لیجئے۔

اَعْنَاقَكُمْ قَالُوْ بَلیٰ قَالَ ذِكْرُ اللّٰهِ اخرجه احمد و الترمذی و ابن ماجة و ابن ابی الدنیا والحاکم و صححه والبیهقی كذافی الدر والحصن الحصین قلت قال الحاکم صحیح الاسناد ولم یخرجاه و اقره علیه الذهبی ورقم له فی الجامع الصغیر بالصحة و اخرجه احمد عَنْ معاذابنؓ جبل كذافی الدروفیه ایضًا بروایة احمد والترمذی والبیهقی عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ سُئِلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم اَیُّ الْعِبَادِ اَفْضَلُ دَرَجَة عِنْدَ اللهِ يَوْم الْقِيَامَةِ قَالَ الذَّاكِرُوْنَ اللهَ كَثِيْرًا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ وَمِنَ الْغَازِیْ فِیْ سَبِيْلِ اللهَ قَالَ لَوْ ضَرَبَ بِسَيْفِهٖ فِی الْكُفَّارِ وَالْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يَنْكَسِرَ وَ يَخْتَضِبَ دَمًا لَكَانَ الذَّاكِرُوْنَ اللهَ اَفْضَلَ مِنْهُ دَرَجَةً: حضور اقدس ﷺ نے ایک مرتبہ صحابہؓ سے ارشاد فرمایا کیا میں تم کو ایسی چیز نہ بتاؤں جو تمام اعمال میں بہترین چیز ہے اور تمہارے مالک کے نزدیک سب سے زیادہ پاکیزہ اور تمہارے درجوں کو بہت زیادہ بلند کرنے والی اور سونے چاندی کو (اللہ کے راستہ میں) خرچ کرنے سے بھی زیادہ بہتر اور (جہاد میں) تم دشمنوں کو قتل کرو وہ تم کو قتل کریں اس سے بھی بڑھی ہوئی۔ صحابہؓ نے عرض کیا ضرور بتادیں، آپ نے ارشاد فرمایا اللہ کا ذکر ہے

(ف) یہ عام حالت اور ہر وقت کے اعتبار سے ارشاد فرمایا ہے ورنہ وقتی ضرورت کے اعتبار سے صدقہ جہاد وغیرہ امور سب سے افضل ہو جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے بعض احادیث میں ان چیزوں کی افضیلت بھی بیان فرمائی گئی ہے۔ کہ انکی ضرورتیں وقتی ہیں اور اللہ پاک کا ذکر دائمی چیز ہے اور سب سے زیادہ اہم اور افضل ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ ہر چیز کیلئے کوئی صاف کرنیوالی اور میل کچیل دور کرنیوالی چیز ہوتی ہے (مثلاً کپڑے اور بدن کیلئے صابون، لوہے کیلئے آگ کی بھٹی وغیرہ وغیرہ) دلوں کی صفائی کرنے والی چیز اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے اور کوئی چیز اللہ کے عذاب سے بچانے والی اللہ کے ذکر سے بڑھ کر نہیں ہے۔ اس حدیث میں چونکہ ذکر کو دل کی صفائی کا ذریعہ اور سبب بتایا ہے اس سے بھی اللہ کے ذکر کا سب سے افضل ہونا ثابت ہوتا ہے اس لئے کہ ہر عبادت اسی وقت عبادت ہوسکتی ہے جب اخلاص سے ہو اور اس کا مدار دلوں کی صفائی پر ہے اسی وجہ سے بعض صوفیا نے کہا ہے کہ اس حدیث میں ذکر سے مراد ذکرِ قلبی ہے نہ کہ زبانی ذکر اور ذکرِ قلبی یہ ہے کہ دل ہر وقت اللہ کیساتھ وابستہ ہو جائے اور اس میں کیا شک ہے کہ یہ حالت ساری عبادتوں سے افضل ہے اس لئے کہ جب یہ

حالت ہو جائے تو پھر کوئی عبادت چھوٹ ہی نہیں سکتی کہ سارے اعضاء ظاہرہ و باطنہ دل کے تابع ہیں۔جس چیز کے ساتھ دل وابستہ ہو جاتا ہے سارے ہی اعضاء اس کے ساتھ ہو جاتے ہیں۔عشّاق کے حالات سے کون بے خبر ہے۔اور بھی بہت سی احادیث میں ذکر کا سب سے افضل ہونا وارد ہوا ہے۔حضرت سلمانؓ سے کسی نے پوچھا کہ سب سے بڑا عمل کیا ہے۔ انھوں نے فرمایا کہ تم نے قرآن شریف نہیں پڑھا۔قرآن پاک میں ہے۔وَلَذِکْرُ اللہِ اَکْبَرُ ۔کوئی چیز اللہ کے ذکر سے افضل نہیں۔حضرت سلمانؓ نے جس آیت شریفہ کی طرف اشارہ فرمایا وہ اکیسویں پارہ کی پہلی آیت ہے۔صاحب مجالس الابرار کہتے ہیں کہ اس حدیث میں اللہ کے ذکر کو صدقہ اور جہاد اور ساری عبادات سے افضل اس لئے فرمایا کہ اصل مقصود اللہ کا ذکر ہے اور ساری عبادتیں اس کا ذریعہ اور آلہ ہیں اور ذکر بھی دو قسم کا ہوتا ہے۔ایک زبانی اور ایک قلبی جو زبان سے بھی افضل ہے اور وہ مراقبہ اور دل کی سوچ ہے اور یہی مراد ہے اس حدیث سے جس میں آیا کہ ایک گھڑی کا سوچنا ستّر برس کی عبادت سے افضل ہے۔مسند احمد میں ہے حضرت سہلؓ حضور اقدس ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ اللہ کا ذکر اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے سے سات لاکھ حصے زیادہ ہو جاتا ہے۔اس تقریر سے یہ معلوم ہو گیا کہ صدقہ اور جہاد وغیرہ جو وقتی چیزیں ہیں وقتی ضرورت کے اعتبار سے ان کی فضیلت بہت زیادہ ہو جاتی ہے۔لہٰذا ان احادیث میں کوئی اشکال نہیں جن میں ان چیزوں کی بہت زیادہ فضیلت وارد ہوئی ہے۔چنانچہ ارشاد ہے کہ تھوڑی دیر کا اللہ کے راستہ میں کھڑا ہونا اپنے گھر پر ستّر سال کی نماز سے افضل ہے۔حالانکہ نماز بالاتفاق افضل ترین عبادت ہے۔لیکن کفّار کے ہجوم کے وقت جہاد اس سے بہت زیادہ افضل ہو جاتا ہے[1] (فضائل ذکر،ص۱۴تا۲۰)۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ یَسِیْرُ فِیْ طَرِیْقِ مَكَّةَ فَمَرَّ عَلٰى جَبَلٍ یُقَالُ لَهٗ جُمْدَانُ فَقَالَ سِیْرُوْا هٰذَا جُمْدَانُ سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ، قَالُوْا وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ الذَّاكِرُوْنَ اللّٰهَ كَثِیْرًا وَّالذَّاكِرَاتُ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک سفر میں مکہ مکرمہ کی طرف تشریف لئے جا رہے تھے، راستے میں جمدان نامی پہاڑ پر سے گزر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا؛ یہ پہاڑ جمدان ہے، مُفَرِّدُوْن سبقت لے گئے۔عرض کیا گیا مُفَرِّدُوْن کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا؛ اللہ کا زیادہ ذکر کرنے والے بندے اور زیادہ ذکر کرنے والی بندیاں (رواہ مسلم)۔

(تشریح) جمدان ایک پہاڑی کا نام ہے جو مدینہ طیّبہ کے قریب ہی ایک دن کی مسافت پر ہے۔متعدد

www.noorehidayat.org

حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین کے جس حصہ پر اللہ کا نام لیا جاتا ہے اس کا شعور واحساس اس حصہ زمین کو ہوتا ہے۔ چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ۔ ایک پہاڑ دوسرے پہاڑ سے پوچھتا ہے کہ کیا آج اللہ کا نام لینے والا کوئی بندہ تجھ پر سے گزرا؟ جب وہ بتاتا ہے کہ ہاں گزرا تو وہ کہتا ہے کہ تجھے بشارت ہو، مبارک ہو،۔ معلوم ہوتا ہے کہ جمدان پہاڑ پر سے گزرتے ہوئے رسول اللہ ﷺ پر یہ بات منکشف ہوئی کہ جو زیادہ ذکر کرنے والے بندے اور بندیاں ہیں انھوں نے قبول ورضا کے بڑے مقامات حاصل کر لئے اور وہ بہت آگے بڑھ گئے، تو آپ نے یہ بات فرمائی کہ مُفَرِّدُون یعنی بہت زیادہ ذکر کرنے والے سبقت لے گئے۔ مُفَرِّدُون کے لغوی معنی ہیں اپنے کو سب سے الگ اور اکیلا اور ہلکا پھلکا کر لینے والے۔ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو اللہ کے قرب ورضا کی طلب میں اپنے کو اس دنیا کی الجھنوں سے ہلکا کر لیں، اور سب طرف سے کٹ کے اکیلے اللہ کے ہو جائیں، یہی مقامِ تفرید ہے۔ اور یہی قرآن مجید کی خاص اصطلاح میں تبتّل ہے (وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا) پس " الذّٰاكِرُوْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّ الذّٰكِرٰتِ " کے مصداق وہی بندے ہیں جن کا یہ حال ہوا اور جنھوں نے ہر طرف سے کٹ کر اللہ جل جلالہ کو اپنا قبلہ مقصود بنا لیا ہو (معارف الحدیث، ج ۵، ص ۳۳ تا ۳۵)۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ اَنَّه، كَانَ يَقُوْلُ لِكُلِّ شَيْءٍ صِقَالَةٌ و صِقَالَةُ الْقُلُوْبِ ذِكْرُاللّٰهِ وَمَا مِنْ شَيْءٍ اَنْجىٰ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ ذِكْرِاللّٰهِ قَالُوْا وَلَا الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ وَلَا اَنْ يَّضْرِبَ بِسَيْفِهٖ حَتّٰى يَنْقَطِعَ: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ، ہر چیز کی صفائی کیلئے کوئی صیقل ہے، اور قلوب کی صیقل (یعنی ان کی صفائی کا خاص مسالہ) ذکر اللہ ہے، اور اللہ کے عذاب سے بچانے اور نجات دلانے میں اللہ کا ذکر جس قدر مؤثر ہے اتنی کوئی دوسری چیز مؤثر نہیں۔ لوگوں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ کیا جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا۔ ہاں؛ وہ جہاد بھی عذابِ خداوندی سے نجات دلانے میں ذکر کے برابر مؤثر نہیں جس کا کرنے والا ایسی جانبازی سے جہاد کرے کہ تلوار چلاتے چلاتے اس کی تلوار بھی ٹوٹ جائے (رواہ البیہقی فی الدعوات الکبیر)۔

(تشریح) اصل حقیقت یہی ہے کہ سارے اعمال صالحہ کے مقابلہ میں ذکر اللہ افضل اور عنداللہ محبوب تر ہے (وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَر) بندے کو اللہ تعالیٰ کا جو قرب اور اس کی وجہ سے جو سعادت اور شرف ذکر کے وقت

---

۱ کہتے ہیں کہ وہ زندگی ہی نہیں ہے جو میری ہے...... زندہ وہ ہے جس کو دوست کا وصال حاصل ہو

حاصل ہوتا ہے وہ کسی دوسرے عمل کے وقت نہیں ہوتا، بشرطیکہ یہ ذکر عظمت اور محبت وخشیت اور دل کی توجہ کے ساتھ ہو۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ؛

فَاذْكُرُوْنِيْ اَذْكُرْكُمْ : تم مجھے یاد کرو میں تم کو یاد کروں گا

اور حدیثِ قدسی ؛

اَنَا جَلِيْسُ مَنْ ذَكَرَنِيْ -- وَ اَنَامَعَ عَبْدِيْ اِذَا ذَكَرَنِيْ وَتَحَرَّكَتْ بِيْ شَفَتَاه :

میں اپنے ذکر کرنے والے بندے کے ساتھ اور اس کا ہمنشین رہتا ہوں : اور میرا بندہ جب میرا ذکر کرتا ہے اور اس کے لب میرا ذکر کرنے سے حرکت کرتے ہیں تو بس اس کے بالکل پاس اور ساتھ ہوتا ہوں۔

بہرحال قرآن وحدیث کے ان واضح نصوص کا مدعا یہی ہے کہ تمام اعمالِ صالحہ میں ذکراللہ ہی افضل اور عنداللہ محبوب تر اور اس کے قرب ورضا کا خاص الخاص وسیلہ ہے۔البتہ یہ ملحوظ رہے کہ اس ذکر میں نماز اور تلاوتِ قرآن وغیرہ اس قسم کی عبادات سب داخل ہیں۔

## خاص ذکرِلسانی کی فضیلت:

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فَقَالَ اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ ؟ فَقَالَ طُوْبىٰ لِمَنْ طَالَ عُمُرُه، وَحَسُنَ عَمَلُه قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ؟ قَالَ اَنْ تُفَارِقَ الدُّنْيَا وَلِسَانُكَ رَطْبٌ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ: حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پوچھا کہ یارسول اللہ آدمیوں میں کون بہتر ہے ؟(یعنی کس قسم کے آدمیوں کا انجام زیادہ اچھا ہونیوالا ہے)،آپ نے فرمایا وہ لوگ جن کی عمر زیادہ ہو اور عمل اچھے ہوں۔پھر انھوں نے پوچھا کہ یارسول اللہ اعمال میں کون عمل افضل ہے؟ آپ نے فرمایا یہ کہ تم دنیا کو خیر باد کہو اور اس وقت تمہاری زبان اللہ کے ذکر سے تر ہو (رواہ احمد والترمذی)۔

(تشریح) پہلے سوال کے جواب میں رسول اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ فرمایا اس کی وجہ ظاہر ہے کہ اچھے اعمال کے ساتھ عمر جتنی زیادہ ہوگی بندہ اتنی ہی ترقی کرے گا اور اللہ تعالی کی رضا ورحمت کا اسی قدر زیادہ مستحق

[1] کیونکہ وہاں دنیا کی ہر چیز سے بہتر چیزیں ہوں گی مگر عمل کا موقع نہ ہوگا۔

ہوگا۔ دوسرے سوال کے جواب میں آپ نے سب سے اچھا عمل یہ بتایا کہ مرتے دم تک اور خاص کر آخری وقت میں بندہ اللہ کے ذکر سے رطب اللسان ہو۔یعنی اس کی زبان پر ذوق اور لذت کے ساتھ اللہ کا نام ہو۔ بلاشبہ یہ عمل اور یہ حال بڑا ہی عزیز اور قیمتی ہے، اور جو بندہ اس کی قدر جانتا ہو وہ سب کچھ دے کے بھی اس کو لینے کیلئے خوشی سے آمادہ ہوگا۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ یہ بات اسی بندے کو نصیب ہوگی جو زندگی میں اللہ کے ذکر سے خاص مناسبت پیدا کرلے، اور ذکراللہ اس کی روح کی لذیذ غذا بن جائے (معارف الحدیث، ج ۵ ،۳۸ تا۳۹)۔

## ذاکرین زندہ ہیں اور ذکر نہ کرنے والے مردہ:

عَنْ اَبِیْ مُوْسٰیؓ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الَّذِیْ یَذْکُرُ رَبَّہٗ وَالَّذِیْ لَا یَذْکُرُ رَبَّہٗ مَثَلُ الحَیِّ وَالْمَیِّتِ اخرجہ البخاری و مسلم والبیھقی کذا فی الدرو المشکوٰۃ: حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص اللہ کا ذکر کرتا ہے اور جو نہیں کرتا ان دونوں کی مثال زندہ اور مردے کی سی ہے کہ ذکر کرنے والا زندہ ہے اور ذکر نہ کرنے والا مردہ ہے۔

(ف) زندگی ہر شخص کو محبوب ہے اور مرنے سے ہر شخص ہی گھبراتا ہے حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو اللہ کا ذکر نہیں کرتا وہ زندہ بھی مردے ہی کے حکم میں ہے اس کی زندگی بیکار ہے۔

نتواں　گفت　حیاتے　کہ　مراست
زندہ　آنست　کہ　باد　وست　وصالے　دارد [1]

بعض علماء نے فرمایا ہے یہ دل کی حالت کا بیان ہے کہ جو شخص اللہ کا ذکر کرتا ہے اس کا دل زندہ رہتا ہے اور جو ذکر نہیں کرتا اس کا دل مرجاتا ہے اور بعض علماء نے فرمایا کی تشبیہ نفع ونقصان کے اعتبار سے ہے کہ اللہ کا ذکر کرنے والے شخص کو جو ستائے وہ ایسا ہے جیسا کسی زندہ کو ستائے کہ اس سے انتقام لیا جائے گا اور وہ اپنے کیئے کو بھگتے گا اور غیر ذاکر کو ستانے والا ایسا ہے جیسا مردے کا ستانے والا کہ وہ خود انتقام نہیں لے سکتا۔ صوفیا کہتے ہیں کہ اس سے ہمیشہ کی زندگی مراد ہے کہ اللہ کا ذکر کثرت سے اخلاص کیساتھ کرنے والے مرتے ہی نہیں بلکہ وہ اس دنیا سے منتقل ہوجانے کے بعد بھی زندوں ہی کے حکم میں رہتے ہیں جیسا کہ قرآن پاک میں شہید کے متعلق وارد ہوا ہے؛ بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ اسی طرح ان کے لئے بھی ایک خاص قسم کی زندگی ہے۔ حکیم ترمذیؒ کہتے ہیں کہ اللہ کا ذکر دل کو تر کرتا ہے اور نرمی پیدا کرتا ہے اور جب دل اللہ کے ذکر سے خالی ہوتا ہے تو نفس کی گرمی اور شہوت کی آگ سے خشک ہوکر سخت ہوجاتا ہے اور سارے اعضاء سخت ہوجاتے ہیں۔ اطاعت سے رک جاتے ہیں اگر ان اعضاء کو

کھینچو تو ٹوٹ جائیں گے جیسے کہ خشک لکڑی کہ جھکانے سے نہیں جھکتی صرف کاٹ کر جلا دینے کے کام کی رہ جاتی ہے۔

## ذکر اللہ کے بغیر گزرے ہوئے لمحے جنّت میں باعث حسرت ہونگے:

عَنْ مُعَاذِبْنِ جَبَلٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ یَتَحَسَّرُ اَھْلُ الْجَنَّۃِ اِلَّاعَلٰی سَاعَۃٍ مَّرَّتْ بِھِمْ لَمْ یَذْکُرُوااللّٰہَ تَعَالٰی فِیْھَا اخرجہ الطبرانی والبیھقی کذا فی الدرو فی الجامع رواہ الطبرانی فی الکبیر والبیھقی فی الشعب ورقم لہ بالحسن و فی مجمع الزوائد رواہ الطبرانی ورجالہ ثقات و فی شیخ الطبرانی خلاف و اخرج ابن ابی الدنیا والبیھقی عن عائشہ بمعناہ مرفوعًا کذا فی الدروفی الترغیب بمعناہ عن ابی ھریرۃ مرفوعًا وقال رواہ احمد باسناد صحیح و ابن حبان والحاکم وقال صحیح علی شرط البخاری: حضوراقدس ﷺ کاارشاد ہے کہ جنّت میں جانے کے بعداہل جنّت کو دنیا کی کسی چیز کاقلق وافسوس نہیں ہوگا۔ بجز اس گھڑی کے جو دنیا میں اللہ کے ذکر کے بغیر گذر گئی ہو[1]

(ف) جنت میں جانے کے بعد جب یہ منظر سامنے ہوگا کہ ایک دفعہ اس پاک نام کو لینے کا اجروثواب کتنا زیادہ مقدار میں ہے کہ پہاڑوں کے برابر مل رہا ہے۔ تو اس وقت اپنی اس کمائی کے نقصان پر جس قدر بھی افسوس ہوگا ظاہر ہے ایسے خوش نصیب بندے بھی ہیں جن کو دنیا ہی بغیر ذکر اللہ کے اچھی نہیں معلوم ہوتی۔ حافظ بن حجر نے منبہات میں لکھا ہے کہ یحیی بن معاذ رازیؒ اپنی مناجات میں کہا کرتے تھے۔

اِلٰھِیْ لَا یَطِیْبُ اللَّیْلُ اِلَّا بِمُنَاجَاتِکَ وَلَا یَطِیْبُ النَّھَارُ اِلَّا بِطَاعَتِکَ وَلَاتَطِیْبُ الدُّنْیَااِلَّا بِذِکْرِکَ وَلَاتَطِیْبُ الْاٰخِرَۃُ اِلَّا بِعَفْوِکَ وَلَاتَطِیْبُ الْجَنَّۃُ اِلَّا بِرُؤْیَتِکَ: یا اللہ رات اچھی نہیں لگتی مگر تجھ سے راز و نیاز کے ساتھ اور دن اچھا نہیں معلوم ہوتا مگر تیری عبادت کے ساتھ اور دنیا اچھی نہیں معلوم ہوتی مگر تیرے ذکر کے ساتھ اور آخرت بھلی نہیں مگر تیری معافی کے ساتھ اور جنت میں لطف نہیں مگر تیرے دیدار کے

ساتھ۔

حضرت سری سقطیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے جرجانیؒ کو دیکھا کہ ستو پھانک رہے ہیں میں نے پوچھا کہ یہ خشک ہی پھانک رہے ہو کہنے لگے کہ میں نے روٹی چبانے اور پھانکنے کا جب حساب لگایا تو چبانے میں اتنا وقت خرچ ہوتا ہے کہ اس میں آدمی ستر مرتبہ سبحان اللہ کہہ سکتا ہے اس لئے میں نے چالیس برس سے روٹی کھانا چھوڑ دی ستو پھانک کر گزر کر لیتا ہوں۔ منصورؒ بن معتمر کے متعلق لکھا ہے کہ چالیس برس تک عشاء کے بعد کسی سے بات نہیں کی۔ ربیعؒ بن ہشیم کے متعلق لکھا ہے کہ بیس برس تک جو بات کرتے اس کو ایک پرچہ پر لکھ لیتے اور رات کو اپنے دل سے حساب کرتے کہ کتنی بات اس میں ضروری تھی اور کتنی غیر ضروری (فضائل ذکر، ص-۲۱ تا ۲۴)۔

## عذاب قبر سے نجات دینے والا عمل:

عَنْ مُعَاذِبْنِ جَبَلٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاعَمِلَ اٰدَمِیٌّ عَمَلًا اَنْجٰی لَه، مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنْ ذِكْرِاللّٰهِ اخرجه احمد كذا فی الدروالیٰ احمد عزاه فی الجامع الصغير بلفظ اَنْجٰی لَه، مِنْ عذاب الله ورقم له بالصحة و فی مجمع الزوائد رواه احمد و رجاله رجال الصحيح الا ان زيادًالم يدرك معاذًا ثم ذكره بطريق آخر وقال رواه الطبرانی ورجاله رجال الصحيح قلت و فی المشكوٰة عنه موقوفًا بلفظ مَا عَمِلَ الْعَبْدُ عَمَلًا اَنْجیٰ لَه، مِنْ عَذَابِ اللهِ مِنْ ذِكْرِاللهِ وَقَالَ رواه مَالک والترمذی وابن ماجة اه قلت وهكذارواه الحاكم وقال صحيح الاسناد واقره، عليه الذهبی وفی المشكوٰة برواية البيهقی فی الدعوات عن ابن عمر مرفوعًا بمعناه قال القاری رواه ابن ابی شيبة وابن ابی الدنيا وذكره فی الجامع الصغير برواية البيهقی فی الشعب ورقم له،بالضعف وزاد فی اوله لِكُلِّ شَیْءٍ صِقَالَةٌ وَصِقَالَةُ الْقُلُوْبِ ذِكْرُاللهِ وفی الزوائد برواية جابر مرفوعًا نحوه وقال رواه الطبرانی فی الصغير والاوسط ورجالهما رجال الصحيح اه : نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ اللہ کے ذکر سے بڑھ کر کسی آدمی کا کوئی عمل عذاب قبر سے زیادہ نجات دینے والا نہیں ہے۔

(ف) عذاب قبر کتنی سخت چیز ہے اس سے وہی لوگ واقف ہیں جن کے سامنے وہ احادیث ہیں جو

عذاب قبر کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔حضرت عثمانؓ جب کسی قبر پر تشریف لے جاتے تو اس قدر روتے کہ داڑھی مبارک تر ہو جاتی۔کسی نے پوچھا کہ آپ جنت کے دوزخ کے ذکر سے ایسا نہیں روتے جیسا کہ قبر کے سامنے آجانے سے روتے ہیں۔آپ نے ارشاد فرمایا کہ قبر آخرت کی منزلوں میں سے سب سے پہلی منزل ہے جو شخص اس سے نجات پالے، بعد کی سب منزلیں اس پر سہل ہو جاتی ہیں اور جو اس سے نجات نہ پالے بعد کی منزلیں دشوار ہی ہوتی جاتی ہیں۔پھر آپ نے حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد سنایا کہ حضور ﷺ یہ ارشاد فرماتے تھے کہ میں نے کوئی منظر قبر سے زیادہ گھبراہٹ والا نہیں دیکھا۔حضرت عائشہؓ ارشاد فرماتی ہیں کہ حضور اقدس ﷺ ہر نماز کے بعد عذابِ قبر سے پناہ مانگتے تھے۔حضرت زیدؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا مجھے یہ اندیشہ ہے کہ تم ڈر اور خوف کی وجہ سے مردوں کا دفن کرنا چھوڑ دو گے۔ورنہ میں اس کی دعا کرتا کہ اللہ جل شانہٗ تمھیں بھی عذابِ قبر سنا دے۔آدمیوں اور جنّات کے سوا اور جاندار عذابِ قبر کو سنتے ہیں۔

ایک حدیث میں آیا کہ نبی اکرم ﷺ ایک مرتبہ سفر میں تشریف لے جا رہے تھے کہ حضور ﷺ کی اونٹنی بدکنے لگی۔کسی نے پوچھا حضور ﷺ کی اونٹنی کو کیا ہوا۔حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ایک آدمی کو قبر کا عذاب ہو رہا ہے اس کی آواز سے بِدکنے لگی۔ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ مسجد میں تشریف لے گئے تو چند آدمیوں کو دیکھا کہ کِھل کِھلا کر ہنس رہے ہیں۔حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر موت کو اکثر یاد کیا کرو تو یہ بات نہ ہو۔کوئی دن قبر پر ایسا نہیں گزرتا جس میں وہ یہ اعلان نہیں کرتی کہ میں غربت کا گھر ہوں، تنہائی کا گھر ہوں، کیڑوں اور جانوروں کا گھر ہوں۔جب کوئی مؤمن (کامل ایمان والا) دفن ہوتا ہے تو قبر اس سے کہتی ہے تیرا آنا مبارک ہے، تو نے بہت ہی اچھا کیا کہ آ گیا۔جتنے لوگ میری پشت پر یعنی زمین پر چلتے تھے تو ان سب میں مجھے بہت محبوب تھا۔آج تو میرے سپرد ہوا تو میرا احسنِ سلوک بھی دیکھے گا۔اس کے بعد وہ اس قدر وسیع ہو جاتی ہے کہ منتہائے نظر تک کھل جاتی ہے اور جنّت کا ایک دروازہ اسمیں کھل جاتا ہے جس سے وہاں کی ہوائیں خوشبوئیں وغیرہ پہنچتی رہتی ہیں اور جب کافر فاجر دفن کیا جاتا ہے تو قبر کہتی ہے کہ تیرا آنا منحوس اور نا مبارک ہے کیا ضرورت تھی تیرے آنے کی جتنے آدمی میری پشت پر چلتے تھے سب میں زیادہ بغض مجھے تجھ سے تھا آج تو میرے حوالہ ہوا تو میرا معاملہ بھی دیکھے گا۔اس کے بعد اسکو اس قدر زور سے بھینچتی ہے کہ پسلیاں ایک دوسری میں گھس جاتی ہیں جس طرح ہاتھ میں ہاتھ ڈالنے سے انگلیاں ایک دوسری میں گھس جاتی ہیں۔اس کے بعد نوّے یا ننانوے اژدھے اس پر مسلّط ہو جاتے ہیں جو اسکو نوچتے رہتے ہیں اور قیامت تک یہی ہوتا رہیگا۔حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ اگر ایک اژدھا بھی ان میں سے زمین پر پھنکار ماردے تو قیامت تک زمین میں گھاس نہ اُگے۔اس کے بعد حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا

کہ قبر یا جنّت کا ایک باغ ہے یا جہنّم کا ایک گڑھا۔ایک حدیث میں آیا کہ نبی اکرم ﷺ کا دو قبروں پر گذر ہوا، ارشاد فرمایا کہ ان دونوں کو عذاب ہورہا ہے۔ایک کو چغلخوری کے جرم میں دوسرے کو پیشاب کی احتیاط نہ کرنے کے جرم میں (کہ بدن کو اس سے بچاتا نہ تھا) ہمارے کتنے مہذّب لوگ ہیں جو استنجے کو عیب سمجھتے ہیں اس کا مذاق اڑاتے ہیں۔علماء نے پیشاب سے نہ بچنا گناہِ کبیرہ بتایا ہے۔ابن حجر ؒ مکی نے لکھا ہے کہ صحیح روایت میں آیا ہے کہ اکثر عذاب قبر پیشاب کی وجہ سے ہوتا ہے۔

ایک حدیث میں آیا کہ قبر میں سب سے پہلے مطالبہ پیشاب کا ہوتا ہے بالجملہ عذابِ قبر سخت چیز ہے اور جیسا کہ اس کے ہونے میں بعض گناہوں کو خاص دخل ہے اسی طرح اس سے بچنے میں بھی بعض عبادات کو خصوصی شرافت حاصل ہے۔چنانچہ متعدّد احادیث میں وارد ہے کہ سورۃ تَبَارَکَ الَّذِیْ کا ہررات کو پڑھتے رہنا عذابِ قبر سے نجات کا سبب ہے اور عذابِ جہنّم سے بھی حفاظت کا سبب ہے اور اللہ کے ذکر کے بارے میں تو حدیث بالا ہے ہی (فضائل ذکر،ص-۳۱-۳۳)۔

## اتنی کثرت سے ذکر کرو کہ لوگ تم کو مجنون اور دیوانہ کہنے لگیں:

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَکْثِرُوْا ذِکْرَاللّٰہِ حَتّٰی یَقُوْلُوْا مَجْنُوْنٌ. رواہ احمد وابویعلے وابن حبان والحاکم فی صحیحہ وقال صحیح الاسناد وروی عن ابن عباس مرفوعًا بلفظ اُذْکُرُاللّٰہَ ذِکْرًا یَقُوْلُ الْمُنَافِقُوْنَ اِنَّکُمْ مُّرَاؤُنَ رواہ الطبرانی و رواہ البیھقی عن ابی الجوزاء مرسلًا کذافی ا لترغیب والمقاصد الحسنۃ للسخاوی وھکذا فی الدرالمنثور للسیوطی الاانہ عزا حدیث ابی الجوزاء الی عبداللہ ابن احمد فی زوائد الزھد وعزاہ فی الجامع الصغیر الی سعید بن منصور فی سننہ والبیھقی فی الشعب ورقم لہ بالضعف و ذکر فی الجامع الصغیر ایضًا بروایۃ الطبرانی عن ابن عباس مسندًا ورقم لہ بالضعف وعزاحدیث ابی سعید الی احمد وابی یعلیٰ فی مسندہ وابن حبان والحاکم والبیھقی فی الشعب ورقم لہ' بالحسن: حضوراقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ اللہ کا ذکر ایسی کثرت سے کیا کرو کہ لوگ مجنون کہنے لگیں۔دوسری حدیث میں ہے کہ ایسا ذکر کرو کہ منافق لوگ تمہیں ریاکار کہنے لگیں۔

www.noorehidayat.org

(ف)اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ منافقوں یا بیوقوفوں کے ریا کار کہنے یا مجنون کہنے سے ایسی بڑی دولت چھوڑ نا نہ چاہیئے بلکہ اس کثرت اور اہتمام سے کرنا چاہیئے کہ یہ لوگ تم کو پاگل سمجھ کر تمہارا پیچھا چھوڑ دیں اور مجنون جب ہی کہا جائیگا جب نہایت کثرت سے اور زور سے ذکر کیا جائے آہستہ میں یہ بات نہیں ہوسکتی۔ابن کثیرؒ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے کوئی چیز بندوں پر ایسی فرض نہیں فرمائی جس کی کوئی حد مقرر نہ کر دی ہو اور پھر اس کے عذر کو قبول نہ فرمالیا ہو بجز اللہ کے ذکر کے کہ نہ اس کی کوئی حد مقرّ رفرمائی اور نہ عقل رہنے تک کسی کو معذور قرار دیا ہے۔چنانچہ ارشاد ہے؛ **اُذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا** : اللہ جل شانہٗ کا خوب کثرت سے ذکر کیا کرو، رات میں، دن میں، جنگل میں، دریا میں سفر میں، حضر میں، فقر میں، تونگری میں، بیماری میں، صحت میں، آہستہ اور پکار کر اور ہر حال میں۔ حافظ ابن حجرؒ نے منبہات میں لکھا ہے کہ حضرت عثمانؓ سے قرآن پاک کے ارشاد وَ کَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا میں منقول ہے کہ وہ سونے کی ایک تختی تھی جس میں سات سطریں لکھی ہوئی تھیں جن کا ترجمہ یہ ہے۔ (۱) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو موت کو جانتا ہو پھر بھی ہنسے۔(۲) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو یہ جانتا ہو کہ دنیا آخر ایک دن ختم ہونے والی ہے پھر بھی اس میں رغبت کرے۔(۳) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو یہ جانتا ہو کہ ہر چیز مقدر سے ہے پھر بھی کسی چیز کے جاتے رہنے پر افسوس کرے۔(۴) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جس کو آخرت میں حساب کا یقین ہو پھر بھی مال جمع کرے۔(۵) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جس کو جہنّم کی آگ کا علم ہو پھر بھی گناہ کرے۔(۶) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو اللہ کو جانتا ہو پھر کسی اور چیز کا ذکر کرے۔(۷) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جس کو جنت کی خبر ہو پھر دنیا میں کسی چیز سے راحت پائے۔بعض نسخوں میں یہ بھی ہیکہ مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو شیطان کو دشمن سمجھے پھر بھی اس کی اطاعت کرے۔حافظؒ نے حضرت جابرؓ سے حضور ﷺ کا بھی ارشاد نقل کیا ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام مجھے اللہ کے ذکر کی اس قدر تاکید کرتے رہے کہ مجھے یہ گمان ہونے لگا بغیر ذکر کے کوئی چیز نفع نہ دیگی۔ان سب روایات سے یہ معلوم ہوا کہ ذکر کی جتنی بھی کثرت ممکن ہو دریغ نہ کرے۔لوگوں کے مجنون یا ریا کار کہنے کی وجہ سے اس کا چھوڑ دینا اپنا ہی نقصان کرنا ہے۔صوفیاء نے لکھا ہے کہ یہ بھی شیطان کا ایک دھوکا ہے کہ اوّل وہ ذکر سے اس خیال سے روکتا ہے کہ لوگ دیکھیں گے۔کوئی دیکھے گا تو کیا کہے گا وغیرہ وغیرہ، پھر شیطان کو روکنے کیلئے یہ ایک مستقل ذریعہ اور حیلہ مل جاتا ہے اسلئے یہ تو ضروری ہے کہ دکھلانے کی نیت سے کوئی عمل نہ کرے لیکن اگر کوئی دیکھ لے تو بلا سے دیکھے اس وجہ سے چھوڑنا بھی نہ چاہیئے۔

## روزِ آخرت میں سات قسم کے آدمی اللہ کی رحمت کے سائے کے نیچے

ہونگے:

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ سَبْعَةٌ یُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِیْ ظِلِّهٖ یَوْمَ لَاظِلَّ اِلَّا ظِلُّه' اَلْاِمَامُ الْعَادِلُ وَالشَّابُّ نَشَاَ فِیْ عِبَادَةِ اللّٰهِ وَرَجُلٌ قَلْبُه' مُعَلَّقٌ بِالْمَسَاجِدِ وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِی اللّٰهِ اِجْتَمَعَا عَلٰی ذٰلِکَ وَتَفَرَّقَا عَلَیْهِ وَرَجُلٌ دَعَتْهُ اِمْرَاَةٌ ذَاتُ مَنْصَبٍ وَّجَمَالٍ فَقَالَ اِنِّی اَخَافُ اللّٰهَ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَاَخْفَاهَا حَتّٰی لَاتَعْلَمُ شِمَالُه' مَاتُنْفِقُ یَمِیْنُه' وَرَجُلٌ ذَکَرَاللّٰهَ خَالِیًا فَفَاضَتْ عَیْنَاهُ. رواہ البخاری و مسلم وغیرهما کذافی الترغیب والمشکوٰة و فی الجامع الصغیر بروایة مسلم عن ابی هریرة وابی سعید معاً وَذکر عدة طرقه اخری: حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ سات آدمی ہیں جن کو اللہ جل شانہٗ اپنے (رحمت کے) سایہ میں ایسے دن جگہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا۔ایک عادل بادشاہ، دوسرا وہ جوان جو جوانی میں اللہ کی عبادت کرتا ہو، تیسرے وہ شخص جس کا دل مسجد میں اٹک رہا ہو۔ چوتھے وہ دو شخص جن میں اللہ ہی کے واسطے محبت ہو اسی پر ان کا اجتماع ہو اسی پر جدائی، پانچویں وہ شخص جس کو کوئی حسین شریف عورت اپنی طرف متوجہ کرے اور وہ کہدے کہ مجھے اللہ کا ڈر مانع ہے، چھٹے وہ شخص جو ایسے مخفی طریق سے صدقہ کرے کہ دوسرے ہاتھ کو بھی خبر نہ ہو، ساتویں وہ شخص جو اللہ کا ذکر تنہائی میں کرے اور آنسو بہنے لگیں۔

(ف) آنسو بہنے کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ دیدہ ودانستہ اپنے معاصی اور گناہوں کو یاد کر کے رونے لگے اور دوسرا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ غلبہ شوق میں بے اختیار آنکھوں سے آنسو نکلنے لگیں، بروایت ثابتؒ بنانی ایک بزرگ کا مقولہ نقل کیا ہے، وہ فرماتے ہیں مجھے معلوم ہو جاتا ہے کہ میری کون سی دعا قبول ہوئی۔ لوگوں نے پوچھا کہ کس طرح معلوم ہو جاتا ہے۔ فرمانے لگے کہ جس دعا سے بدن کے بال کھڑے ہو جاتے ہیں اور دل دھڑکنے لگتا ہے اور آنکھوں سے آنسو بہنے لگتے ہیں وہ دعا قبول ہوتی ہے۔ ان سات آدمیوں میں جن کا ذکر حدیث پاک میں وارد ہوا، ایک وہ شخص بھی ہے جو اللہ کا ذکر تنہائی میں کرے اور رونے لگے۔ اس شخص میں دو خوبیاں جمع ہیں اور دونوں اعلیٰ درجے کی ہیں۔ ایک اخلاص کہ تنہائی میں اللہ کی یاد میں مشغول ہوا۔ دوسرے اللہ کا

---

1. یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات بہت بلند وبرتر ہے، اسکی ذات کے بارے میں سوچ وفکر کرنا گمراہی ہے۔

خوف یا شوق کہ دونوں میں رونا آتا ہے اور دونوں کمال ہیں۔

ہمارا کام ہے راتوں کو رونا یادِ دلبر میں
ہماری نیند ہے محوِ خیالِ یار ہوجانا

حدیث کے الفاظ ہیں؛ رَجُلٌ ذَكَرَاللّٰهَ خَالِيًا: ایک وہ آدمی جو اللہ کا ذکر کرے اس حال میں کہ خالی ہو، صوفیاء نے لکھا ہے کہ خالی ہونیکے دو مطلب ہیں۔ایک یہ کہ آدمیوں سے خالی ہو جس کے معنی تنہائی کے ہیں، یہ عام مطلب ہے۔ دوسرے یہ کہ دل اغیار سے خالی ہو۔ وہ فرماتے ہیں کہ اصل خلوت یہی ہے اس لئے اکمل درجہ تو یہ ہے کہ دونوں خلوتیں حاصل ہوں لیکن اگر کوئی شخص مجمع میں ہو اور دل غیروں سے بالکل خالی ہو اور ایسے وقت اللہ کے ذکر سے کوئی شخص رونے لگے تو وہ بھی اس میں داخل ہے کہ مجمع کا ہونا نہ ہونا اس کے حق میں برابر ہے۔ جب اس کا دل مجمع تو درکنار غیر اللہ کے التفات سے بھی خالی ہے تو اس کو مجمع کیا مضر ہوسکتا ہے۔ اللہ کی یاد میں یا اس کے خوف سے رونا بڑی ہی دولت ہے۔ خوش نصیب ہے وہ شخص جس کو حق تعالیٰ شانہٗ میسّر فرمادیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص اللہ کے خوف سے روئے وہ اس وقت تک جہنّم میں نہیں جاسکتا جب تک کہ دودھ تھنوں میں واپس جائے (اور ظاہر ہے کہ یہ ناممکن ہے۔ پس ایسے ہی اس کا جہنّم میں جانا بھی ناممکن ہے) ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص اللہ کے خوف سے روئے حتّٰی کہ اس کے آنسوؤں میں سے کچھ زمین پر ٹپک جائے تو اس کو قیامت کے دن عذاب نہیں ہوگا۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ دو آنکھوں پر جہنّم کی آگ حرام ہے۔ ایک وہ آنکھ جو اللہ کے خوف سے روئی ہو اور دوسری وہ جو اسلام کی اور مسلمانوں کی کفّار سے حفاظت کرنے میں جاگی ہو۔

## ذاکرین کا بہت بڑا اعزاز:

**عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِيْ مُنَادٍ يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ اَيْنَ اُولُوالْاَلْبَاب، قَالُوْا اَىُّ اُولِی الْاَلْبَابِ تُرِيْدُ قَالَ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّ قُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَاخَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَاعَذَابَ النَّار عُقِدَلَهُمْ لِوَاءٌ فَاتَّبَعَ الْقَوْمُ لِوَائَهُمْ وَقَالَ لَهُمْ اُدْخُلُوْهَا خَالِدِيْنَ. اخرجه الاصبهانى فى الترغيب كذا فى الدر:** حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قیامت کے دن ایک آواز دینے والا

---

۱ یعنی غور و فکر سے یہ پیدا ہوتی ہے کیونکہ غور و فکر سے اللہ تعالیٰ کی قدرت کے کمالات سمجھ میں آئیں گے اور ہر صاحب کمال سے آدمی کے دل میں محبت ہونا لازمی ہے۔ ۲ یعنی دل دل میں کیا ہوا ذکر۔

آواز دے گا کہ عقلمند لوگ کہاں ہیں؟ لوگ پوچھیں گے کہ عقلمندوں سے کون مراد ہیں۔ جواب ملے گا کہ وہ لوگ جو اللہ کا ذکر کرتے تھے کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے ہوئے (یعنی ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتے رہتے تھے) آسمانوں اور زمینوں کے پیدا ہونے میں غور کرتے تھے اور کہتے تھے کہ یا اللہ آپ نے یہ سب بے فائدہ تو پیدا کیا ہی نہیں ہم آپ کی تسبیح کرتے ہیں۔ آپ ہم کو جہنّم کے عذاب سے بچا لیجئے۔ اس کے بعد ان لوگوں کیلئے ایک جھنڈا بنایا جائیگا جس کے پیچھے یہ سب جائینگے اور ان سے کہا جائے گا کہ ہمیشہ کیلئے جنّت میں داخل ہو جاؤ۔

(ف) آسمانوں اور زمینوں کے پیدا ہونے میں غور کرتے ہیں۔ یعنی اللہ کی قدرت کے مظاہر اور اس کی حکمتوں کے عجائب سوچتے ہیں جس سے اللہ جلّ جلالہٗ کی معرفت میں قوت پیدا ہوتی ہے۔

الٰہی　یہ　عالم　ہے　گُلزار　تیرا

## معرفت الٰہی کی کنجی آسمانوں اور زمین میں غور وفکر ہے:

ابن ابی الدنیا نے ایک مرسل روایت نقل کی ہے کہ نبی اکرم ﷺ ایک مرتبہ صحابہؓ کی ایک جماعت کے پاس تشریف لے گئے جو چپ چاپ بیٹھے تھے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کیا بات ہے کس سوچ میں بیٹھے ہو؟ عرض کیا مخلوقاتِ الٰہیہ کی سوچ میں ہیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں اللہ کی ذات میں غور نہ کیا کرو (کہ وہ وراءُ الوراء ہے)[1] اس کی مخلوقات میں غور کیا کرو۔ حضرت عائشہؓ سے ایک شخص نے عرض کیا کہ حضور ﷺ کی کوئی عجیب بات سنا دیجئے فرمایا حضور ﷺ کی کونسی بات ایسی تھی۔ جو عجیب نہ تھی۔ ایک مرتبہ رات کو تشریف لائے۔ میرے بستر پر میرے لحاف میں لیٹ گئے پھر ارشاد فرمایا چھوڑ میں تو اپنے رب کی عبادت کرونگا۔ یہ فرما کر اٹھے وضو فرمایا اور نماز کی نیت باندھ کر رونا شروع کر دیا۔ یہاں تک کہ آنسو سینہ مبارک پر بہتے رہے۔ پھر اسی طرح رکوع میں روتے رہے۔ پھر سجدہ میں اسی طرح روتے رہے۔ ساری رات اسی طرح گذار دی حتّٰی کہ صبح کی نماز کے واسطے حضرت بلالؓ بلانے کیلئے آ گئے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ تو بخشے بخشائے ہیں پھر آپ اتنا کیوں روئے ارشاد فرمایا کیا میں اللہ کا شکر گذار بندہ نہ بنوں پھر فرمایا میں کیوں نہ روتا، حالانکہ آج یہ آیتیں نازل ہوئیں (یعنی اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰی جُنُوْبِھِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَاخَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَکَ فَقِنَاعَذَابَ النَّار) پھر فرمایا کہ ہلاکت ہے اس شخص کیلئے جو ان کو پڑھے اور غور وفکر نہ کرے عامر بن عبدقیسؒ کہتے ہیں کہ میں نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے سنا

ہے ایک سے دو سے تین سے نہیں (بلکہ ان سے زیادہ سے سنا ہے) کہ ایمان کی روشنی اور ایمان کا نور غور و فکر ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ حضور ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ ایک آدمی چھت پر لیٹا ہوا آسمان اور ستاروں کو دیکھ رہا تھا، پھر کہنے لگا خدا کی قسم مجھے یقین ہے کہ تمہارا پیدا کرنیوالا بھی کوئی ضرور ہے، اے اللہ تو میری مغفرت فرما دے۔ نظرِ رحمت اس کیطرف متوجّہ ہوئی اور اس کی مغفرت ہوگئی۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ایک ساعت کا غور تمام رات کی عبادت سے افضل ہے۔ حضرت ابو درداءؓ اور حضرت انسؓ سے بھی یہی نقل کیا گیا ہے۔ حضرت انسؓ سے یہ بھی نقل کیا گیا ہے کہ ایک ساعت کا غور ان چیزوں میں اسّی سال کی عبادت سے افضل ہے۔ اُم درداءؓ سے کسی نے پوچھا کہ ابو درداؓ کی افضل ترین عبادت کیا تھی، فرمایا غور و فکر، بروایت ابو ہریرہؓ حضور اقدس ﷺ سے بھی یہ نقل کیا گیا ہے کہ ایک ساعت کا غور و فکر ساٹھ برس کی عبادت سے افضل ہے۔

لیکن ان روایتوں کا یہ مطلب نہیں کہ پھر عبادت کی ضرورت نہیں رہتی۔ ہر عبادت اپنی جگہ جو درجہ رکھتی ہے، فرض ہو یا واجب سنّت ہو یا مستحب اس کے چھوڑنے پر اسی درجہ کی وعید عذاب یا ملامت ہوگی۔ جس درجہ کی وہ عبادت ہوگی۔

امام غزالیؒ نے لکھا ہے کہ غور و فکر کو افضل عبادات اس لئے کہا گیا کہ اس میں معنی ذکر کے تو موجود ہوتے ہی ہیں دو چیزوں کا اضافہ اور ہوتا ہے۔ ایک اللہ کی معرفت اس لئے کہ غور و فکر معرفت کی کنجی ہے، دوسری اللہ کی محبت کہ فکر پر یہ مرتّب ہوتی ہے [1] یہی غور و فکر ہے جس کو صوفیاء مراقبہ سے تعبیر فرماتے ہیں۔ بہت سی روایات سے اس کی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔ مسند ابو یعلیٰ میں بروایت حضرت عائشہؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے کہ وہ ذکرِ خفی جس کو فرشتے بھی نہ سن سکیں ستّر درجہ دو چند ہوتا ہے جب قیامت کے دن حق تعالیٰ شانہٗ تمام مخلوق کو حساب کیلئے جمع فرمائینگے اور کراماً کاتبین اعمالنامے لیکر آئیں گے، تو ارشاد ہوگا کہ فلاں بندہ کے اعمال دیکھو کچھ اور باقی ہیں۔ وہ عرض کرینگے کہ ہم نے کوئی بھی ایسی چیز نہیں چھوڑی جو لکھی نہ ہو اور محفوظ نہ تو ارشاد ہوگا کہ ہمارے پاس اس کی ایسی نیکی باقی ہے جو تمہارے علم میں نہیں وہ ذکرِ خفی ہے [2]۔ بیہقی نے شعب میں حضرت عائشہؓ سے بھی یہ حدیث نقل کی ہے کہ جس ذکر کو فرشتے بھی نہ سن سکیں وہ اس ذکر پر جس کو وہ سنیں ستّر درجے بڑھا ہوا ہے۔ یہی مراد ہے اس شعر سے جس میں کہا گیا ہے۔

میانِ عاشق و معشوق رمزے است
کِراماً کاتبیں راہم خبر نیست

---

[1] حلاوت کا مطلب مٹھاس یعنی لوگوں کو اسے دیکھ کر خوشی ہوتی ہے۔

کہ عاشق و معشوق میں ایسی رمز بھی ہوتی ہے جس کی فرشتوں کو بھی خبر نہیں ہوتی۔ کتنے خوش قسمت ہیں وہ لوگ جن کو ایک لحظہ بھی غفلت نہیں ہوتی کہ انکی ظاہری عبادات تو اپنے اپنے اجر و ثواب حاصل ہی کریں گی یہ ہر وقت کا ذکر و فکر پوری زندگی کے اوقات میں ستر گنا مزید براں۔ یہی چیز ہے جس نے شیطان کو دق کر رکھا ہے۔ حضرت جنیدؒ سے نقل کیا گیا ہے کہ انھوں نے ایک مرتبہ خواب میں شیطان کو بالکل ننگا دیکھا۔ انھوں نے فرمایا کہ تجھے شرم نہیں آتی آدمیوں کے سامنے ننگا ہوتا ہے وہ کہنے لگا کہ یہ کوئی آدمی ہیں، آدمی وہ ہیں جو شونیزیہ کی مسجد میں بیٹھے ہیں جنھوں نے میرے بدن کو دبلا کر دیا اور میرے جگر کے کباب کر دیئے۔ حضرت جنیدؒ فرماتے ہیں کہ میں شونیزیہ کی مسجد میں گیا۔ میں نے دیکھا کہ چند حضرات گھٹنوں پر سر رکھے ہوئے مراقبہ میں مشغول ہیں۔ (فضائل ذکر، ص-۳۷ تا ۴۳)۔

## ذکر اللہ سے غفلت کا انجام حسرت و محرومی اور دل کی قساوت:

...... عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَعَدَ مَقْعَدًا لَمْ یَذْکُرِ اللّٰہَ فِیْہِ کَانَتْ عَلَیْہِ مِنَ اللّٰہِ تِرَۃٌ وَمَنِ اضْطَجَعَ مَضْجَعًا لَایَذْکُرُو اللّٰہَ فِیْہِ کَانَتْ عَلَیْہِ مِنَ اللّٰہِ تِرَۃٌ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص کہیں بیٹھا اور اس نشست میں اس نے اللہ کو یاد نہیں کیا تو یہ نشست اس کیلئے بڑی حسرت اور خسران کا باعث ہوگی، اور اسی طرح جو شخص کہیں لیٹا اور اس میں اس نے اللہ کو یاد نہیں کیا تو یہ لیٹنا اس کیلئے بڑی حسرت اور خسران کا باعث ہوگا (رواہ ابوداؤد)۔

...... عَنْ اِبْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُکْثِرُوالْکَلَامَ بِغَیْرِ ذِکْرِ اللّٰہِ فَاِنَّ کَثْرَۃَ الْکَلَامِ بِغَیْرِ ذِکْرِ اللّٰہِ قَسْوَۃٌ لِلْقَلْبِ وَاِنَّ اَبْعَدَ النَّاسِ مِنَ اللّٰہِ الْقَلْبُ الْقَاسِیْ: حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے ذکر کے بغیر زیادہ کلام نہ کیا کرو، کیونکہ اس سے دل میں قساوت (سختی اور بیحسی) پیدا ہوتی ہے اور لوگوں میں وہ آدمی اللہ سے زیادہ دور ہے جس کے قلب میں قساوت ہو (ترمذی)۔

(تشریح) حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو آدمی اللہ کے ذکر کے بغیر زبان زیادہ چلانے کا عادی ہوگا، اس کے دل میں قساوت یعنی بیحسی اور بے نوری پیدا ہوگی اور وہ اللہ کے قرب اور اس کی خاص رحمت سے محروم رہے گا۔ اعاذنا اللہ منہ (معارف الحدیث، ج ۵، ص-۴۰ تا ۴۱)۔

# ذکر اللہ کے سو(100)فائدے:

حافظ ابن قیمؒ ایک مشہور محدّث ہیں۔انھوں نے ایک مبسوط رسالہ عربی میں "اَلوابِلُ الصَّیب " کے نام سے ذکر کے فضائل میں تصنیف کیا ہے جس میں وہ فرماتے ہیں کہ ذکر میں سو (۱۰۰) سے بھی زیادہ فائدے ہیں۔ان میں سے نمبروار اُناسی (۷۹) فائدے انھوں نے ذکر فرمائے ہیں جن کو مختصرًا اس جگہ ترتیب وار نقل کیا جاتا ہے۔اور چونکہ بہت سے فوائد ان میں ایسے ہیں جو کئی کئی فائدوں کو شامل ہیں اس لحاظ سے یہ سو (۱۰۰) سے زیادہ کو مشتمل ہیں۔

(۱) ذکر شیطان کو دفع کرتا ہے اور اس کی قوت کو توڑتا ہے۔(۲) اللہ جلّ جلالہٗ کی خوشنودی کا سبب ہے۔ (۳) دل سے فکر و غم کو دور کرتا ہے۔(۴) دل میں فرحت سرور اور انبساط پیدا کرتا ہے۔(۵) بدن کو اور دل کو قوت بخشتا ہے۔ (۶) چہرہ اور دل کو منوّر کرتا ہے۔ (۷) رزق کو کھینچتا ہے۔(۸) ذکر کرنیوالے کو ہیبت اور حلاوت کا لباس پہناتا ہے یعنی اس کے دیکھنے سے رعب پڑتا ہے اور دیکھنے والوں کو حلاوت نصیب ہوتی ہے [۱]۔(۹) اللہ تعالیٰ شانہٗ کی محبت پیدا کرتا ہے اور محبت ہی اسلام کی روح اور دین کا مرکز ہے۔اور سعادت اور نجات کا مدار ہے۔ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ کی محبت تک اس کی رسائی ہو اس کو چاہیے کہ اس کے ذکر کی کثرت کرے جیسا کہ پڑھنا اور تکرار کرنا علم کا دروازہ ہے اسے طرح اللہ کا ذکر اس کی محبت کا دروازہ ہے۔(۱۰) ذکر سے مُراقبہ نصیب ہوتا ہے جو مرتبہ احسان تک پہنچا دیتا ہے۔یہی مرتبہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی عبادت ایسی نصیب ہوتی ہے گویا اللہ جل شانہٗ کو دیکھ رہا ہے (یہی مرتبہ صوفیاء کا منتہائے مقصد ہوتا ہے)۔ (۱۱) اللہ کی طرف رجوع پیدا کرتا ہے جس سے رفتہ رفتہ یہ نوبت آجاتی ہے کہ ہر چیز میں حق تعالیٰ شانہٗ اس کی جائے پناہ اور ماویٰ و ملجا بن جاتے ہیں اور ہر مصیبت میں اسی کی طرف توجہ ہو جاتی ہے۔ (۱۲) اللہ کا قرب پیدا کرتا ہے اور جتنا ذکر میں اضافہ ہوتا ہے اتنا ہی قرب میں اضافہ ہوتا ہے اور جتنی ذکر سے غفلت ہوتی ہے اتنی ہی اللہ سے دوری ہوتی ہے۔ (۱۳) اللہ کی معرفت کا دروازہ کھولتا ہے۔ (۱۴) اللہ جل شانہٗ کی ہیبت اور اس کی بڑائی دل میں پیدا کرتا ہے اور اللہ کے ساتھ حضوری پیدا کرتا ہے۔ (۱۵) اللہ جل شانہٗ کی بارگاہ میں ذکر کا

---

[۱] یعنی نفس کو بھولنا سبب ہے دارین کی شقاوت اور بدبختی کا۔ [۲] مصلحتوں سے یعنی مفید کاموں سے۔

سبب ہے چنانچہ کلام پاک میں ارشاد ہے؛ فَاذْكُرُوْنِيْ اَذْكُرْكُمْ اورحدیث میں وارد ہے؛ مَنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهٖ ذَكَرْتُهٗ فِيْ نَفْسِيْ (الحدیث)، چنانچہ آیات اور احادیث کے بیان میں پہلے مفصّل گذر چکا ہے اگر ذکر میں اس کے سوا اور کوئی بھی فضیلت نہ ہوتی تب بھی شرافت اور کرامت کے اعتبار سے یہی ایک فضیلت کافی تھی چہ جائیکہ اس میں اور بھی بہت سی فضیلتیں ہیں۔ (۱۶) دل کو زندہ کرتا ہے۔ حافظ ابن تیمیہؒ (حافظ ابن قیمؒ کے استاد) کہتے ہیں کہ اللہ کا ذکر دل کیلئے ایسا ہے جیسا مچھلی کیلئے پانی۔ خود غور کرلو کہ بغیر پانی کے مچھلی کا کیا حال ہوتا ہے۔ (۱۷) دل اور روح کی روزی ہے۔ اگر ان دونوں کو اپنی روزی نہ ملے تو ایسا ہے جیسا بدن کو اس کی روزی (یعنی کھانا) نہ ملے۔ (۱۸) دل کو زنگ سے صاف کرتا ہے جیسا کہ حدیث میں بھی وررد ہوا ہے۔ ہر چیز پر اس کے مناسب زنگ اور میل کچیل ہوتا ہے۔ دل کا میل اور زنگ، خواہشات اور غفلت ہیں۔ یہ اس کیلئے صفائی کا کام دیتا ہے۔ (۱۹) لغزشوں اور خطاؤں کو دور کرتا ہے۔ (۲۰) بندہ کو اللہ جل شانہٗ سے جو وحشت ہوجاتی ہے اس کو دور کرتا ہے کہ غافل کے دل پر اللہ کی طرف سے ایک وحشت رہتی ہے جو ذکر ہی سے دور ہوتی ہے۔ (۲۱) جو اذکار بندہ کرتا ہے وہ عرش کے چاروں طرف بندہ کا ذکر کرتے رہتے ہیں۔ (۲۲) جو شخص راحت میں اللہ جل شانہٗ کا ذکر کرتا ہے اللہ جلّ شانہٗ مصیبت کے وقت اسکو یاد کرتا ہے۔ (۲۳) اللہ کے عذاب سے نجات کا ذریعہ ہے۔ (۲۴) سکینہ اور رحمت کے اترنے کا سبب ہے اور فرشتے ذکر کرنے والے کو گھیر لیتے ہیں۔ (۲۵) اس کی برکت سے زبان غیبت، چغلخوری، جھوٹ، بدگوئی اور لغوگوئی سے محفوظ رہتی ہے۔ چنانچہ تجربہ اور مشاہدہ سے ثابت ہے کہ جس شخص کی زبان اللہ کے ذکر کی عادی ہوجاتی ہے وہ ان اشیاء سے عموماً محفوظ رہتا ہے اور جس کی زبان عادی نہیں ہوتی ہر نوع کی لغویات (فضول باتوں میں) میں مبتلا رہتا ہے۔ (۲۶) ذکر کی مجلسیں فرشتوں کی مجلسیں ہیں اور لغویات اور غفلت کی مجلسیں شیطان کی مجلسیں ہیں۔ اب آدمی کو اختیار ہے جس قسم کی مجلسوں کو چاہے پسند کرلے اور ہر شخص اسی کو پسند کرتا ہے جس سے مناسبت رکھتا ہے۔ (۲۷) ذکر کی وجہ سے ذکر کرنے والا بھی سعید (نیک بخت) ہوتا

---

ل　یعنی بہت مانگا کرتے تھے۔

www.noorehidayat.org

ہےاوراس کے پاس بیٹھنے والا بھی اورغفلت یا لغویات میں مبتلا ہونے والا خود بھی بد بخت ہوتا ہےاوراس کے پاس بیٹھنے والا بھی۔ (۲۸) قیامت کے دن حسرت سے محفوظ رکھتا ہے اس لئے کہ حدیث میں آیا ہے کہ ہروہ مجلس جس میں اللہ کا ذکر نہ ہوقیامت کے دن حسرت اور نقصان کا سبب ہے۔ (۲۹) ذکر کے ساتھ اگرتنہائی کا رونا بھی نصیب ہو جائے تو قیامت کے دن کی تپش اورگرمی میں جبکہ ہرشخص میدانِ حشر میں بلبلا رہا ہوگا، یہ عرش کے سایہ میں ہوگا۔ (۳۰) ذکر میں مشغول رہنے والوں کوان سب چیزوں سے زیادہ ملتا ہے جودعائیں مانگنے والوں کوملتی ہیں۔حدیث میں اللہ جلّ شانہٗ کاارشادنقل کیا گیا ہے کہ جس شخص کومیرے ذکر نے دعا سے روک دیا اس کو میں دعائیں مانگنے والوں سے افضل عطا کروں گا۔ (۳۱) باوجودسہل ترین عبادت ہونے کے تمام عبادتوں سے افضل ہےاس لئے کہ زبان کوحرکت دینابدن کےاورتمام اعضاءکوحرکت دینے سے سہل ہے۔ (۳۲) اللہ کا ذکر جنت کے پودے ہیں۔(۳۳) جس قدر بخشش اورانعام کا وعدہ اس پر ہے اتنا کسی اور عمل پرنہیں ہے۔چنانچہ ایک حدیث میں وارد ہے کہ جوشخص لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ سو(۱۰۰) مرتبہ کسی دن پڑھےتواس کے لئے دس غلام آزادکرنے کا ثواب ہوتا ہےاورسونیکیاں اس کیلئےلکھی جاتی ہیں اورسو برائیاں اس سے معاف کردی جاتی ہیں اورشام تک شیطان سے محفوظ رہتا ہے۔اوردوسراکوئی شخص اس سے افضل نہیں ہوتامگروہ شخص کہ اس سے زیادہ عمل کرےاسی طرح اور بہت سی احادیث ہیں جن سے ذکرکا افضل اعمال ہونا معلوم ہوتا ہے۔ (۳۴) دوامِ ذکرکی بدولت اپنےنفس کوبھولنے سےامن نصیب ہوتا ہے جوسبب ہے دارین کی شقاوت کا[۱] اسلئے کہ اللہ کی یادکوبھلادینا سبب ہوتا ہےخوداپنےنفس کے بھلادینے کا اوراپنے تمام مصالح کے بھلادینے کا۔چنانچہ ارشادِخداوندی ہے؛ وَلَاتَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ اُولٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ: تم ان لوگوں کی طرح نہ بنو جنھوں نے اللہ سے بے پروائی کی۔پس اللہ نے انکواپنی جانوں سے بے پروا کردیا یعنی ان کی عقل ایسی ماری گئی کہ اپنے حقیقی نفع کونہ سمجھا( حشر،رکوع ۳)اورجب آدمی اپنےنفس کو

---

[۱] گوشہ کے معنی کونہ۔ [۲] پراگندہ کے معنی بکھراہوااورمنتشر۔

بھلا دیتا ہے تو اس کی مصالح [۲] سے غافل ہو جاتا ہے اور یہ سبب ہلاکت کا بن جاتا ہے جیسا کہ کسی شخص کی کھیتی ہو یا باغ ہو اور اس کو بھول جائے اس کی خبر گیری نہ کرے تو لامحالہ وہ ضائع ہوگا۔ اور اس سے امن جب ہی مل سکتا ہے جب اللہ کے ذکر سے زبان کو ہر وقت تر و تازہ رکھے اور ذکر اس کو ایسا محبوب ہو جائے جیسا کہ پیاس کی شدّت کے وقت پانی اور بھوک کے وقت کھانا اور سخت گرمی اور سخت سردی کے وقت مکان اور لباس بلکہ اللہ کا ذکر اس سے زیادہ کا مستحق ہے اسلئے کہ ان اشیاء کے نہ ہونے سے بدن کی ہلاکت ہے جو روح کی اور دل کی ہلاکت کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں ہے۔ (۳۵) ذکر آدمی کی ترقّی کرتا رہتا ہے۔ بستر ے پر بھی اور بازار میں بھی، صحت میں بھی اور بیماری میں بھی، نعمتوں اور لذّتوں کے ساتھ مشغولی میں بھی اور کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو ہر وقت ترقی کا سبب بنتی ہو حتّٰی کہ جس کا دل نورِ ذکر سے منوّر ہو جاتا ہے وہ سوتا ہوا بھی غافل شب بیداروں سے بڑھ جاتا ہے۔ (۳۶) ذکر کا نور دنیا میں بھی ساتھ رہتا ہے اور قبر میں بھی ساتھ رہتا ہے اور آخرت میں پل صراط پر آگے آگے چلتا ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے؛ **اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا**: [ایسا شخص جو پہلے مردہ یعنی گمراہ تھا پھر ہم نے اس کو زندہ یعنی مسلمان بنا دیا اور اس کو ایسا نور دیدیا کہ وہ اس نور کو لئے ہوئے آدمیوں میں چلتا پھرتا ہے یعنی وہ نور ہر وقت اس کے ساتھ رہتا ہے کیا ایسا شخص بد حالی میں اس شخص کی طرح ہوسکتا ہے جو گمراہیوں کی تاریکیوں میں گھرا ہو کہ ان سے نکلنے ہی نہیں پاتا (انعام رکوع ۱۵)۔ پس اوّل شخص مؤمن ہے جو اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور اس کی محبت اور اس کی معرفت اور اس کے ذکر سے منوّر ہے اور دوسرا شخص ان چیزوں سے خالی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ نور نہایت مہتم بالشّان چیز ہے اور اسی میں پوری کامیابی ہے۔ اسی لئے نبی اکرم ﷺ اس کی طلب اور دعا میں مبالغہ فرماتے تھے [۱] اور اپنے ہر ہر جزو میں نور کو طلب فرماتے تھے۔ چنانچہ احادیث میں متعدّد دعائیں ایسی ہیں جن میں حضور اقدس ﷺ نے اس کی دعا فرمائی ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ آپ کے گوشت میں، ہڈیوں میں، پٹّھوں میں، بال میں، کھال میں، کان میں، آنکھ میں،

[۱] اے اللہ مجھے بھی اس میں سے کچھ عطا فرما۔

اوپر نیچے دائیں بائیں آگے پیچھے نور ہی نور کردے حتّٰی کہ یہ بھی دعا کی کہ خود مجھی کو سرتاپا نُور بنادے کہ آپ کی ذات ہی نُور بن جائے۔اسی نور کی بقدر اعمال میں نور ہوتا ہے حتّٰی کہ بعض لوگوں کے نیک عمل ایسی حالت میں آسمان پر جاتے ہیں کہ ان پر آفتاب جیسا نور ہوتا ہے اور ایسا ہی نور انکے چہروں پر قیامت کے دن ہوگا۔ (۳۷) ذکر تصوّف کا اصل اصول ہے اور تمام صوفیاء کے سب طریقوں میں رائج ہے جس شخص کیلئے ذکر کا دررزاہ کھل گیا ہے اس کے لئے اللہ جلّ شانہٗ تک پہنچنے کا دروازہ کھل گیا اور جو اللہ جلّ شانہٗ تک پہنچ گیا وہ جو چاہتا ہے پاتا ہے کہ اللہ جلّ شانہٗ کے پاس کسی چیز کی بھی کمی نہیں ہے۔ (۳۸) آدمی کے دل میں ایک گوشہ ہے [1] جو اللہ کے ذکر کے علاوہ کسی چیز سے بھی پر نہیں ہوتا اور جب ذکر دل پر مسلّط ہو جاتا ہے تو وہ نہ صرف اس گوشہ کو پر کرتا ہے بلکہ ذکر کرنے والے کو بغیر مال کے غنی کر دیتا ہے اور بغیر کنبہ اور جماعت کے لوگوں کے دلوں میں عزّت والا بنا دیتا ہے اور بغیر سلطنت کے بادشاہ بنا دیتا ہے اور جو شخص ذکر سے غافل ہوتا ہے وہ باوجود مال و دولت اور حکومت کے ذلیل ہوتا ہے۔ (۳۹) ذکر پراگندہ کو مجتمع کرتا ہے اور مجتمع کو پراگندہ [2] کرتا ہے۔ دور کو قریب کرتا ہے اور قریب کو دور کرتا ہے۔ پراگندہ کو مجتمع کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آدمی کے دل پر جو متفرق ہموم غموم تفکّرات پریشانیاں ہوتی ہیں ان کو دور کر کے جمیعت خاطر پیدا کرتا ہے اور مجتمع کو پراگندہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آدمی پر جو تفکرات مجتمع ہیں ان کو متفرق کر دیتا ہے اور آدمی کی جو لغزشیں اور گناہ جمع ہو گئے ہیں ان کو پراگندہ کر دیتا ہے اور جو شیطان کے لشکر آدمی پر مسلّط ہیں ان کو پراگندہ کر دیتا ہے۔ اور آخرت کو جو دور ہے قریب کر دیتا ہے اور دنیا کو جو قریب ہے دور کر دیتا ہے۔ (۴۰) ذکر آدمی کے دل کو نیند سے جگاتا ہے، غفلت سے چوکنّا کرتا ہے اور دل جب تک سوتا رہتا ہے اپنے سارے ہی منافع کھوتا رہتا ہے۔ (۴۱) ذکر ایک درخت ہے جس پر معارف کے پھل لگتے ہیں۔ صوفیاء کی اصطلاح میں احوال اور مقامات کے پھل لگتے ہیں اور جتنی بھی ذکر کی کثرت ہوگی اتنی ہی اس درخت کی جڑ مضبوط ہوگی اور جتنی جڑ مضبوط ہوگی اتنے ہی زیادہ پھل اس پر آئیں گے۔ (۴۲) ذکر اس پاک ذات کے قریب کر دیتا ہے جس کا ذکر کر رہا ہے حتّٰی کہ اس کے ساتھ معیت نصیب ہو جاتی ہے۔ چنانچہ قرآن پاک میں ہے: اِنَّ اللّٰـــهَ مَعَ

اَلَّذِیۡنَ اتَّقَوۡا : اللہ جلّ شانہٗ متقیوں کے ساتھ ہے، اور حدیث میں وارد ہے؛ اَنَا مَعَ عَبۡدِیۡ مَاذَکَرَنِیۡ : میں اپنے بندے کے ساتھ رہتا ہوں جب تک وہ میرا ذکر کرتا رہتا ہے، ایک حدیث میں ہے کہ میرا ذکر کرنے والے میرے آدمی ہیں۔ میں ان کو اپنی رحمت سے دور نہیں کرتا اگر وہ اپنے گناہوں سے توبہ کرتے رہیں تو میں ان کا حبیب ہوں اور اگر وہ توبہ نہ کریں تو میں ان کا طبیب ہوں کہ ان کو پریشانیوں میں مبتلا کرتا ہوں تا کہ ان کو گناہوں سے پاک کروں۔ نیز ذکر کی وجہ سے جو اللہ جلّ شانہٗ کی معیّت نصیب ہوتی ہے وہ ایسی معیّت ہے جس کے برابر کوئی دوسری معیّت نہیں ہے۔ نہ وہ زبان سے تعبیر ہوسکتی ہے نہ تحریر میں آسکتی ہے۔ اس کی لذّت وہی جان سکتا ہے جس کو یہ نصیب ہوجاتی ہے (اَللّٰھُمَّ ارۡزُقۡنِیۡ مِنۡہُ شَیۡئًا ) [1] (۴۳) ذکر غلاموں کے آزاد کرنے کے برابر ہے۔ مالوں کے خرچ کرنے کے برابر ہے۔ اللہ کے راستہ میں جہاد کے برابر ہے۔ بہت سی روایات میں اس قسم کے مضامین گذر بھی چکے ہیں اور آئندہ بھی آنے والے ہیں۔ (۴۴) ذکر شکر کی جڑ ہے۔ جو اللہ کا ذکر نہیں کرتا وہ شکر بھی ادا نہیں کرتا۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا۔ آپ نے مجھ پر بہت احسانات کئے ہیں مجھے طریقہ بتادیجئے کہ میں آپ کا بہت شکر ادا کروں، اللہ جلّ شانہٗ نے ارشاد فرمایا کہ جتنا بھی تم میرا ذکر کروگے اتنا ہی شکر ادا ہوگا۔ دوسری حدیث میں حضرت موسیٰ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی یہ درخواست ذکر کی گئی ہے کہ یا اللہ تیری شان کے مناسب شکر کس طرح ادا ہو اللہ جلّ شانہٗ نے فرمایا کہ تمہاری زبان ہر وقت ذکر کے ساتھ تروتازہ رہے۔ (۴۵) اللہ کے نزدیک پرہیزگار لوگوں میں زیادہ معزّز وہ لوگ ہیں جو ذکر میں ہر وقت مشغول رہتے ہوں اس لئے کہ تقویٰ کا منتہا جنّت ہے اور ذکر کا منتہا اللہ کی معیّت ہے۔ (۴۶) دل میں ایک خاص قسم کی قسوت (سختی ہے جو ذکر کے علاوہ کسی چیز سے بھی نرم نہیں ہوتی)۔ (۴۷) ذکر دل کی بیماریوں کا علاج ہے۔ (۴۸) ذکر اللہ کے ساتھ دوستی کی جڑ ہے اور ذکر سے غفلت اس کے ساتھ دشمنی کی جڑ ہے۔ (۴۹) اللہ کے ذکر کے برابر کوئی چیز نعمتوں کو کھینچنے والی اور اللہ کے عذاب کو ہٹانے والی نہیں ہے۔ (۵۰) ذکر کرنے والے پر اللہ کی صلوٰۃ (رحمت) اور فرشتوں کی صلوٰۃ (دعا) ہوتی ہے۔ (۵۱) جو شخص یہ چاہے کہ

دنیا میں رہتے ہوئے بھی جنّت کے باغوں میں رہے وہ ذکر کی مجالس میں بیٹھے کیونکہ یہ مجالس جنّت کے باغ ہیں۔ (۵۲) ذکر کی مجلسیں فرشتوں کی مجلسیں ہیں (حدیث مذکورہ میں یہ مضمون مفصل گذر چکا ہے)۔ (۵۳) اللہ ذکر کرنیوالوں پر فرشتوں کے سامنے فخر کرتے ہیں۔ (۵۴) ذکر پر مداومت کرنے والا جنّت میں ہنستا ہوا داخل ہوتا ہے۔ (۵۵) تمام اعمال اللہ کے ذکر ہی کے واسطے مقرر کئے گئے ہیں۔ (۵٦) تمام اعمال میں وہ عمل افضل ہے جس میں ذکر کثرت سے کیا جائے۔ روزوں میں وہ روزہ افضل ہے جسمیں ذکر کی کثرت ہو۔ حج میں وہ حج افضل ہے جس میں ذکر کی کثرت ہو۔ اسی طرح اور اعمال جہاد وغیرہ کا حکم ہے۔ (۵۷) یہ نوافل اور دوسری نفل عبادات کے قائم مقام ہے۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ فقراء نے حضور ﷺ سے شکایت کی کہ یہ مالدار لوگ بڑے بڑے درجے حاصل کرتے ہیں۔ یہ روزے نماز میں ہمارے شریک ہیں اور اپنے مالوں کی وجہ سے حج، عمرہ، جہاد میں ہم سے سبقت لیجاتے ہیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں تمھیں ایسی چیز بتاؤں جس سے کوئی شخص تم تک نہ پہنچ سکے۔ مگر وہ شخص جو یہ عمل کرے۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے ہر نماز کے بعد سبحان اللہ، الحمدللہ، اللہ اکبر پڑھنے کو فرمایا، حضور ﷺ نے حج، عمرہ اور جہاد وغیرہ ہر عبادت کا بدل ذکر کو قرار دیا ہے۔ (۵۸) ذکر دوسری عبادات کے لئے بڑا معین ومددگار ہے کہ اس کی کثرت سے ہر عبادت محبوب بن جاتی ہے۔ اور عبادات میں لذّت آنے لگتی ہے اور کسی عبادت میں بھی مشقّت اور بار نہیں رہتا۔ (۵۹) ذکر کی وجہ سے ہر مشقّت آسان بن جاتی ہے اور ہر دشوار چیز سہل ہوجاتی ہے اور ہر قسم کے بوجھ میں خفّت ہوجاتی ہے اور ہر مصیبت زائل ہوجاتی ہے۔ (٦۰) ذکر کی وجہ سے دل سے خوف وہراس دور ہوجاتا ہے۔ ڈر کے مقام پر اطمینان پیدا کرنے اور خوف کے زائل کرنے میں اللہ کے ذکر کو خصوصی دخل ہے اور اس کی یہ خاص تاثیر ہے جتنی بھی ذکر کی کثرت ہوگی اتنا ہی اطمینان نصیب ہوگا اور خوف زائل ہوگا۔ (٦۱) ذکر کی وجہ سے آدمی میں ایک خاص قوت پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے ایسے کام اس سے صادر ہونے لگتے ہیں جو دشوار نظر آتے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جب انھوں نے چکّی کی مشقت اور کاروبار کی دشواری کی وجہ سے ایک خادم طلب کیا تھا تو سوتے وقت

سُبْحانَ اللّٰہِ اَلْحَمْدُ للّٰہِ ۳۳-۳۳مرتبہ اوراللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴مرتبہ پڑھنے کا حکم فرمایا تھا اور یہ ارشادفرمایا تھا کہ یہ خادم سے بہتر ہے۔(۶۲) آخرت کیلئے کام کرنے والے سب دوڑرہے ہیں اوراس دوڑ میں ذاکرین کی جماعت سب سے آگے ہے۔عمر مولیٰ غفرۃ ؒ سے نقل کیا گیا ہے کہ قیامت میں جب لوگوں کواعمال کا ثواب ملے گا تو بہت سے لوگ اس وقت حسرت کریں گے کہ ہم نے ذکر کا اہتمام کیوں نہ کیا کہ سب سے زیادہ سہل عمل تھا۔ ایک حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ مفرد لوگ آگے بڑھ گئے۔صحابہؓ نے عرض کیا کہ مفرد لوگ کون ہیں۔حضور ﷺ نے ارشادفرمایا کہ ذکر پرمر مٹنے والے کہ ذکران کے بوجھوں کو ہلکا کردیتا ہے۔ (۶۳)ذکرکرنے والے کی اللہ تعالیٰ شانہٗ،تصدیق کرتے ہیں اوراسکوسچّا بتاتے ہیں اور جس شخص کواللہ تعالیٰ خودسچّا بتائیں اس کا حشر جھوٹوں کے ساتھ نہیں ہوسکتا حدیث میں آیا ہے کہ جب بندہ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہے تو حق تعالیٰ شانہٗ فرماتے ہیں میرے بندہ نے سچ کہا میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں سب سے بڑا ہوں۔ (۶۴)ذکر سے جنت میں گھر تعمیر ہوتے ہیں۔جب بندہ ذکر سے رک جاتا ہے تو فرشتے تعمیر سے رک جاتے ہیں اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ فلاں تعمیر تم نے کیوں روکدی تو وہ کہتے ہیں کہ اس تعمیر کا خرچ ابھی تک آیا نہیں ہے۔ایک حدیث میں آیا ہے کہ جوشخص سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم سات مرتبہ پڑھے ایک گنبداس کے لئے جنت میں تعمیر ہوجاتا ہے۔ (۶۵) ذکر جہنّم کیلئے آڑ ہے۔اگرکسی بد عملی کی وجہ سے جہنّم کا مستحق ہوجائے تو ذکر درمیان میں آڑ بن جاتا ہے اور جتنی ذکر کی کثرت ہوگی اتنی ہی پختہ آڑ ہوگی۔ (۶۶) ذکرکرنیوالے کیلئے فرشتے استغفار کرتے ہیں۔حضرت عمرو بن العاصؓ سے نقل کیا گیا ہے کہ جب بندہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ کہتا ہے یااَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ کہتا ہے تو فرشتے دعا کرتے ہیں کہ اے اللہ اس کی مغفرت فرما۔ (۶۷) جس پہاڑ پر یا میدان میں اللہ کا ذکر کیا جائے وہ فخر کرتے ہیں۔ حدیث میں آیا ہے کہ ایک پہاڑ دوسرے پہاڑ کوآواز دے کر پوچھتا ہے کوئی ذکرکرنے والا تجھ پر آج گذرا ہے اگر وہ کہتا ہے کہ گذرا ہے تو وہ خوش ہوجاتا ہے۔(۶۸) ذکر کی کثرت نفاق سے بری ہونے کا اطمینان (اورسند) ہے کیونکہ اللہ جلّ شانہٗ نے منافقوں کی صفت یہ

بیان کی ہے کہ "لَایَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ اِلَّا قَلِیْلاً: نہیں ذکر کرتے اللہ کا مگر تھوڑا سا"، کعبؓ احبار سے نقل کیا گیا ہے کہ جو کثرت سے اللہ کا ذکر کرے وہ نفاق سے بری ہے۔ (۶۹) نیک اعمال کے مقابلے میں ذکر کے لئے ایک خاص لذّت ہے جو کسی عمل میں بھی نہیں پائی جاتی۔ اگر ذکر میں اس لذّت کے سوا کوئی بھی فضیلت نہ ہوتی تو یہی چیز اس کی فضیلت کیلئے کافی تھی۔ مالک بن دینارؒ کہتے ہیں کہ لذّت پانیوالے کسی چیز میں بھی ذکر کے برابر لذت نہیں پاتے۔ (۷۰) ذکر کرنیوالوں کے چہرے پر دنیا میں رونق اور آخرت میں نور ہوگا۔ (۷۱) جو شخص راستوں میں اور گھروں میں، سفر میں اور حضر میں کثرت سے ذکر کرے قیامت میں اس کی گواہی دینے والے کثرت سے ہونگے۔ حق تعالیٰ شانہٗ قیامت کے دن کے بارے میں فرماتے ہیں۔ "یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَھَا: اس دن زمین اپنی خبریں بیان کریگی"، حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا؛ جانتے ہو اس کی خبریں کیا ہیں؟ صحابہؓ نے لاعلمی ظاہر کی تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ؛ جس مرد و عورت نے جو کام زمین پر کیا ہے، وہ بتائے گی کہ فلاں دن فلاں وقت مجھ پر یہ کام کیا ہے (نیک ہو یا برا) اسلئے مختلف جگہوں میں کثرت سے ذکر کرنیوالوں کی گواہ بھی بکثرت ہونگے۔ (۷۲) زبان جتنی دیر ذکر میں مشغول رہے گی لغویات، جھوٹ اور غیبت وغیرہ سے محفوظ رہے گی اس لئے کہ زبان تو چپ رہتی ہی نہیں یا ذکر اللہ میں مشغول ہوگی ورنہ لغویات میں۔ اسی طرح دل کا حال ہے کہ اگر وہ اللہ کی محبت میں مشغول نہ ہوگا تو مخلوق کی محبت میں مبتلا ہوگا۔ (۷۳) شیاطین آدمی کے کھلے دشمن ہیں اور ہر طرح سے اسکو وحشت میں ڈالتے رہتے ہیں اور ہر طرف سے اسکو گھیرے رہتے ہیں۔ جس شخص کا یہ حال ہو کہ اس کے دشمن ہر وقت اس کا محاصرہ کئے رہتے ہوں اس کا جو حال ہوگا ظاہر ہے اور دشمن بھی ایسے کہ ہر ایک ان میں سے یہ چاہے کہ جو تکلیف بھی پہنچا سکوں پہنچاؤں۔ ان لشکروں کو ہٹانیوالی چیز ذکر کے سوا کوئی نہیں ہے۔ بہت سی احادیث میں بہت سی دعائیں آئی ہیں جن کے پڑھنے سے شیطان قریب بھی نہیں آتا اور سوتے وقت پڑھنے سے رات بھر حفاظت رہتی ہے۔ (فضائل ذکر، ص-۴۸ تا ۵۵)۔

## کلماتِ ذکر اور ان کی فضیلت و برکت:

رسول اللہ ﷺ نے جس طرح اللہ کے ذکر کی ترغیب دی اور تاکید فرمائی اسی طرح اس کے خاص کلمات بھی تلقین فرمائے ، اگر یہ نہ ہوتا تو اس کا امکان تھا کہ علم ومعرفت کی کمی کی وجہ سے بہت سے لوگ اللہ کا ذکر اس طرح کرتے جو اس کے شایان شان نہ ہوتا، یا جس سے بجائے حمد وثنا کے معاذ اللہ اس کی تنقیص ہوتی۔ عارف رومیؒ نے اپنی مثنوی میں حضرت موسیٰ اور ایک چرواہے کی جو حکایت بیان کی ہے وہ اسی کی ایک مثال ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے جو کلمات ذکر تلقین فرمائے ہیں وہ معنوی لحاظ سے مندرجہ ذیل چند قسموں میں سے کسی ایک قسم کے ہیں۔ یا تو ان میں اللہ تعالیٰ کی تنزیہہ اور تقدیس ہے (یعنی ان کا مفہوم اور مدعا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر اس بات سے منزہ اور پاک ہے جس میں عیب ونقص کا شائبہ بھی ہو) "سُبْحَانَ اللّٰہ" کا یہی مفہوم اور مدعا ہے۔ یا ان میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا ہے (یعنی ان کا مفہوم اور مدعا یہ ہے کہ ساری خوبیاں اور تمام کمالی صفات اللہ تعالیٰ میں ہیں اور اسلئے حمد وثنا اسی کو سزاوار ہے)۔"اَلْحَمْدُ لِلّٰہ" کی یہی خصوصیت ہے۔ یا ان میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی شان یکتائی کا بیان ہے چنانچہ "لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ" کی شان یہی ہے۔ یا ان میں اللہ تعالیٰ کی اس شان عالی کا اظہار ہے کہ ہم نے اس کے بارے میں منفی اور مثبت طور پر جو کچھ جانا اور سمجھا ہے اللہ تعالیٰ اس سے بھی بلند وبالا اور وراء الوراء ہے،"اَللّٰہُ اَکْبَر" کا یہی مفہوم ومدعا ہے۔ یا ان کلمات میں اس حقیقت کا اظہار ہے کہ سب کچھ کرنے والا اللہ ہی ہے اس کے سوا کسی کے بس میں کچھ نہیں، لہذا وہی اس کا حقدار ہے کہ اس سے مدد مانگی جائے اور اس پر بھروسہ کیا جائے۔" لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ " کی یہی نوعیت اور خصوصیت ہے۔ اس مختصر تمہید کے بعد اس سلسلہ کے رسول اللہ ﷺ کے چند ارشادات ذیل میں پڑھئے:-

عَنْ سَمُرَۃَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الْکَلَامِ اَرْبَعٌ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ: حضرت سمرہ بن جندبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ تمام کلموں میں افضل یہ چار کلمے ہیں، "سُبْحَانَ اللّٰہ "اور"اَلْحَمْدُ لِلّٰہ" اور "لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ"اور"اَللّٰہُ اَکْبَر"(مسلم)۔

(تشریح) اسی حدیث کی ایک دوسری روایت میں "اَفْضَلُ الْکَلَامِ اَرْبَعٌ "کے بجائے" اَحَبُّ الْکَلَامِ اِلَی اللّٰہِ اَرْبَعٌ "کے الفاظ بھی نقل کئے گئے ہیں، جس کا ترجمہ یہ ہوگا کہ سب کلموں میں اللہ تعالیٰ کو زیادہ پیارے چار کلمے ہیں۔

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَاَنْ اَقُوْلَ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَر اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَیْہِ الشَّمْسُ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛اس دنیا کی وہ تمام چیزیں جن پر سورج کی روشنی اوراس کی شعاعیں پڑتی ہیں،ان سب چیزوں کے مقابلے میں مجھے یہ زیادہ محبوب ہے کہ میں ایک دفعہ "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَر" کہوں (مسلم)۔

(تشریح)ان چاروں کلموں کا اجمالی مفہوم اوپر کی تمہیدی سطروں میں ذکر کیا جاچکا ہے۔اس سے یہ اندازہ بھی ہوگیا ہوگا کہ یہ نہایت مختصراور ہلکے پھلکے چار کلمے اللہ تعالیٰ کی تمام مثبت ومنفی صفات کمال پر کس قدر حاوی ہیں۔بعض عرفاء کاملین نے لکھا ہے کہ: اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء حسنیٰ جواس کی تمام صفات کمال کی ترجمانی کرتے ہیں ان میں سے کسی کا مفہوم بھی ان چار کلموں سے باہر نہیں ہے۔مثلاً اَلْقُدُّوسُ، اَلسَّلَامُ اوراَلطَّاھِرُ جیسے اسماء حسنیٰ جواللہ تعالیٰ کی ذات پاک سے ہر عیب ونقص کی نفی کرتے ہیں،سُبْحَانَ اللّٰہ کا مفہوم ان سب پر حاوی ہے۔اسی طرح اَلرَّحمن، اَلرَّحِیْم، اَلْکَرِیْم، اَلْعَلِیْم، اَلْقَدِیْر، اَلسَّمِیْع، اَلْبَصِیْر، اَلْعَزِیْز اوراَلْحَکِیْم جیسے تمام اسماء حسنیٰ جواللہ تعالیٰ کی ایجابی صفات کمال پر دلالت کرتے ہیں، وہ سب اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کے احاطے میں آجاتے ہیں۔اسی طرح جواسماء حسنیٰ اس کی وحدانیت ویکتائی اوراس کی شان لاشریکی وبے مثالی پر دلالت کرتے ہیں، جیسے اَلْوَاحِد اوراَلْاَحد وغیرہ،ان کی پوری ترجمانی کلمۂ لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کرتا ہے۔علیٰ ہٰذا اَلْعَلِیّ، اَلْاَعْلیٰ، اَلْکَبِیْر اور اَلْمُتَعَالِی جیسے اسماء حسنیٰ جن کا مفہوم ومدعا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو جوکچھ کسی نے جانا اور سمجھا ہے اللہ تعالیٰ اس سے بھی بلندوبالا اور وراءالوراء ہے۔بلاشبہ کلمۂ اَللّٰہُ اَکْبَر اس حقیقت کی بہترین تعبیر ہے۔

پس جس نے دل کے شعور ویقین کے ساتھ کہا"سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَر"اس نے اللہ کی ساری ثناء وصفت بیان کردی،اورتمام اسماء حسنیٰ میں اللہ تعالیٰ کی جن ایجابی یا سلبی صفات کمال کا بیان ہے دل سے ان سب کی شہادت دے دی،اسلئے یہ چار کلمے اپنی قدر وقیمت اور عظمت وبرکت کے لحاظ سے بلاشبہ اس ساری کائنات کے مقابلے میں فائق ہیں جس پر سورج کی روشنی یا اس کی شعاعیں پڑتی ہیں۔جن قلوب کو ایمان کی دولت نصیب ہے ان کے لئے یہ حقیقت بالکل وجدانی ہے۔اللہ تعالیٰ ایمان کی یہ دولت نصیب فرمائے۔

عَنْ انَسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلیٰ شَجَرَۃٍ یَا بِسَۃِ الْوَرَقِ فَضَرَبَھَا بِعَصَاہُ فَتَنَا ثَرَالْوَرَقُ فَقَالَ اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰہِ وَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَلَااِلٰہَ اِلَّا

اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ تُسَاقِطُ ذُنُوبَ الْعَبْدِ كَمَا يَتَسَاقَطُ وَرَقُ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ:

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک ایسے درخت کے پاس سے گرزے جس کے پتّے سوکھ چکے تھے، آپ ﷺ نے اس پر اپنا عصائے مبارک مارا تو اس کے سوکھے پتّے جھڑ پڑے (اور ساتھ والوں نے وہ منظر دیکھا) پھر آپ نے فرمایا کہ یہ کلمے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَر" بندے کے گناہوں کو اس طرح جھاڑ دیتے ہیں، جس طرح تم نے اس درخت کے پتّے جھڑتے دیکھے (الترمذی)۔

(تشریح) نیک اعمال کی اس خاصیت کا ذکر قرآن مجید میں بھی فرمایا گیا ہے کہ ان کی برکت اور تاثیر سے گناہ مٹ جاتے ہیں۔ ارشاد ہے؛ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ: یقینی بات ہے کہ نیکیاں گناہوں کا صفایا کردیتی ہیں۔ احادیث میں رسول اللہ ﷺ نے نماز اور صدقہ وغیرہ بہت سے اعمال صالحہ کی اس تاثیر کا خصوصیت سے بیان فرمایا ہے۔ اس حدیث میں آپ ﷺ نے ان چار کلموں کی یہ تاثیر بیان فرمائی اور درخت کے سوکھے پتّے عصا کی ایک ضرب سے جھاڑ کے صحابہ کرامؓ کو اس کا ایک نمونہ بھی دکھایا۔ اللہ تعالیٰ ان حقیقتوں کا یقین نصیب فرمائے اور ان کلموں کی عظمت وتاثیر سے استفادہ کی توفیق دے۔

عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ فِىْ يَوْمٍ مَائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَايَاهُ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِالْبَحْرِ:

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ جس نے روزانہ سو دفعہ کہا (سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ) ان کے قصور معاف کردیئے جائیں گے اگر چہ کثرت میں سمندر کے جھاگوں کے برابر ہوں (رواہ البخاری ومسلم)۔

(تشریح) "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ" کا مطلب وہی ہے جو "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ اللّٰه" کا ہے، یعنی ہر اس بات سے اللہ تعالیٰ کی تنزیہہ وتقدیس جو اس کے شایانِ شان نہیں ہے اور جس میں ذرا بھی قصور یا عیب کا کوئی شائبہ ہے، اور اسی کے ساتھ تمام صفات کمال کا اس کی ذات عالی کیلئے اثبات اور اس کی بنا پر اس کی حمد وثناء اس طرح یہ مختصر کلمہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ" اس سب پر حاوی ہے جو سلبی یا ایجابی طور پر اللہ تعالیٰ کی ثناء وصفت میں کہا جاسکتا ہے۔ حدیثِ سابق کی طرح اس حدیث میں اس مختصر دوحرفی کلمہ کی یہ تاثیر بیان کی گئی ہے کہ جو بندہ روزانہ یہ کلمہ سو (۱۰۰) دفعہ پڑھے تو اس کے سارے گناہ دور ہوجائیں گے اور وہ گناہوں کی گندگی سے پاک صاف ہوجائے گا، اگر چہ اس کے گناہ سمندر کے جھاگوں کے برابر حد وحساب سے باہر ہوں۔ گویا جس طرح

تیز روشنی اندھیرے کو ایک دم ختم کر دیتی ہے، اور جس طرح سخت تپش بالخاصہ نمی اور رطوبت کو فنا کر دیتی ہے اسی طرح اللہ کا ذکر اور دوسری نیکیاں گناہوں کے گندے اثرات کو فنا کر دیتی ہیں۔ قرآن مجید کی بعض آیات اور رسول اللہ ﷺ کے بعض ارشادات سے معلوم ہوتا ہے کہ نیکیوں کی برکت اور تاثیر سے صرف وہ خطائیں معاف ہوتی ہیں جو "کبیرہ" درجہ کی نہ ہوں، اسلئے بڑے درجہ کے گناہ جن کو خاص اصطلاح میں "گناہ کبیرہ" کہا جاتا ہے ان کی معافی کیلئے توبہ واستغفار ضروری ہے۔ واللہ اعلم۔

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْکَلَامِ اَفْضَلُ؟ قَالَ مَا اصْطَفَی اللّٰہُ لِمَلٰئِکَتِہٖ "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ": حضرت ابوذر غفاریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ؛ کلاموں میں کون سا کلام افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا؛ وہ کلام جو اللہ تعالیٰ نے اپنے ملائکہ کیلئے منتخب فرمایا ہے۔ یعنی "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ" (روا مسلم)۔

(تشریح) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فرشتوں کا خاص ذکر یہی "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ" ہے۔ اس حدیث میں اس کلمہ کو سب سے افضل کہا گیا ہے۔ اور حضرت سمرہ بن جندبؓ کی حدیث میں جو دوہی ورق پہلے درج ہو چکی ہے فرمایا گیا ہے، کہ سب سے افضل یہ چار کلمے ہیں "سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَلْحَمْدُ للّٰہ، لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ، اَللّٰہُ اَکْبَر" اور ایک دوسری حدیث میں "لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ" کو افضل الذکر فرمایا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان تینوں باتوں میں کوئی منافات نہیں ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ سب کلمے دوسرے سب کلاموں کے مقابلے میں افضل اور اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہیں۔

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَلِمَتَانِ خَفِیْفَتَانِ عَلَی اللِّسَانِ ثَقِیْلَتَانِ فِی الْمِیْزَانِ حَبِیْبَتَانِ اِلَی الرَّحْمٰنِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ دو کلمے ہیں زبان پر ہلکے پھلکے، میزانِ اعمال میں بڑے بھاری اور خداوند مہربان کو بہت پیارے "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ، سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم" (رواہ البخاری ومسلم)۔

(تشریح) ان دو کلموں کا زبان پر ہلکا ہونا تو ظاہر ہے، اور اللہ تعالیٰ کو محبوب ہونا بھی آسانی سے سمجھا جا سکتا ہے، لیکن میزانِ اعمال میں بھاری ہونے والی بات کا سمجھنا شاید بعض لوگوں کیلئے آسان نہ ہو۔ واقعہ یہ ہے کہ جس طرح مادی چیزیں ہلکی اور بھاری ہوتی ہیں اور ان کا وزن معلوم کرنے کیلئے آلات ہوتے ہیں جن کو میزان

(ترازو یا کانٹا) کہا جاتا ہے اسی طرح بہت سی غیر مادی چیزیں بھی ہلکی اور بھاری ہوتی ہیں اور ان کا ہلکا اور بھاری پن بتانے والا آلہ ہوتا ہے وہی اس کی میزان ہوتی ہے۔ مثلاً حرارت اور برودت یعنی گرمی اور ٹھنڈک ظاہر ہے کہ مادی چیزیں نہیں ہیں بلکہ کیفیات ہیں، لیکن انکا ہلکا اور بھاری پن تھرمامیٹر کے ذریعہ معلوم کیا جاتا ہے۔ اسی طرح قیامت میں اللہ کے نام کا وزن ہوگا، کلماتِ ذکر کا وزن ہوگا، تلاوتِ قرآن کا وزن ہوگا، نماز کا وزن ہوگا، ایمان کا اور اللہ تعالیٰ کے خوف اور اس کی محبت کا وزن ہوگا۔ اس وقت یہ بات کھل کر سامنے آئے گی کہ بعض بہت چھوٹے اور ہلکے پھلکے کلمے بے حد وزنی ہوں گے۔ ایک دوسری حدیث میں ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ: اللہ کے نام کے مقابلے میں کوئی چیز بھی بھاری اور وزنی نہ ہوگی۔ لَا یَزِنُ مَعَ اِسۡمِ اللّٰہِ شَیۡئٌ "۔

اس کلمہ "سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ، سُبۡحَانَ اللّٰہِ الۡعَظِیۡم" کا مطلب یہ ہے کہ میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں اس کی حمد وستائش کے ساتھ، میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو بڑی عظمت والا ہے۔

............ عَنۡ جُوَیۡرِیَّۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنۡ عِنۡدِھَا بُکۡرَۃً حِیۡنَ صَلَّی الصُّبۡحَ وَھِیَ فِیۡ مَسۡجِدِ ھَا ثُمَّ رَجَعَ بَعۡدَ اَنۡ اَضۡحٰی وَھِیَ جَالِسَۃٌ قَالَ مَازِلۡتِ عَلَی الۡحَالِ الَّذِیۡ فَارَقۡتُکِ عَلَیۡھَا؟ قَالَتۡ نَعَمۡ، قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ لَقَدۡ قُلۡتُ بَعۡدَکِ اَرۡبَعَ کَلِمَاتٍ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ لَوۡ وُزِنَتۡ بِمَا قُلۡتِ مُنۡذُ الۡیَوۡمَ لَوَزَنَتۡھُنَّ سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمۡدِہٖ عَدَ دَخَلۡقِہٖ وَزِنَۃَ عَرۡشِہٖ وَرِضٰی نَفۡسِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ: ام المؤمنین حضرت جویریہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن نماز فجر پڑھنے کے بعد ان کے پاس سے باہر نکلے، وہ اس وقت اپنی نماز پڑھنے کی جگہ بیٹھی کچھ پڑھ رہی تھیں۔ پھر آپ ﷺ دیر کے بعد جب چاشت کا وقت آچکا تھا واپس تشریف لائے، حضرت جویریہؓ اسی طرح بیٹھی اپنے وظیفہ میں مشغول تھیں۔ آپ ﷺ نے ان سے فرمایا: میں جب سے تمھارے پاس سے گیا ہوں کیا تم اس وقت سے برابر اسی حال میں اور اسی طرح پڑھ رہی ہو؟ انھوں نے عرض کیا: جی ہاں، آپ ﷺ نے فرمایا: تمھارے پاس سے جانے کے بعد میں نے چار کلمے تین دفعہ کہے، اگر وہ تمھارے اس پورے وظیفے کے ساتھ تولے جائیں جو تم نے آج صبح سے پڑھا ہے تو ان کا وزن بڑھ جائے گا، وہ کلمے یہ ہیں " سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمۡدِہٖ عَدَدَخَلۡقِہٖ وَزِنَۃَ عَرۡشِہٖ وَرِضٰی نَفۡسِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ: اللہ کی تسبیح اور اس کی حمد اس کی ساری مخلوقات کی تعداد کے برابر

اوراس کے عرش عظیم کے وزن کے برابر، اوراس کی ذات پاک کی رضا کے مطابق، اوراس کے کلموں کی مقدار کے مطابق" (رواہ مسلم)۔

............ عَنْ سَعْدِبْنِ اَبِیْ وَقَاصٍ اَنَّہ' دَخَلَ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلیٰ اِمْرَأۃٍ وَبَیْنَ یَدَیْھَا نویً اَوْحَصیً تُسَبِّحُ بِہٖ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُکِ بِمَا ھُوَاَیْسَرُ عَلَیْکِ مِنْ ھٰذَا اَوْ اَفْضَلُ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَمَاخَلَقَ فِی السَّمَاءِ وَ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَمَاخَلَقَ فِی الْاَرْضِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَمَابَیْنَ ذَالِکَ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَمَاھُوَ خَالِقٍ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ مِثْلَ ذَالِکَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ مِثْلَ ذَالِکَ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِثْلَ ذَالِکَ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ مِثْلَ ذَالِکَ: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ پہنچے ایک بیوی کے پاس اوران کے آگے کھجور کی کچھ گٹھلیاں تھیں، (یا سنگریزے تھے) وہ ان گٹھلیوں (یا سنگریزوں) پر تسبیح پڑھ رہی تھیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ؛ میں تم کو وہ نہ بتادوں جو تمھارے لئے اس سے زیادہ آسان ہے (یا فرمایا کہ اس سے افضل ہے) وہ یہ ہے کہ تم اس طرح کہو "سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَمَاخَلَقَ فِی السَّمَاءِ وَ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَمَاخَلَقَ فِی الْاَرْضِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَمَابَیْنَ ذَالِکَ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَمَاھُوَ خَالِقٍ......" سبحان اللہ ساری آسمانی مخلوق کی تعداد کے مطابق، سبحان اللہ ساری زمینی مخلوقات کی تعداد کے مطابق، سبحان اللہ زمین وآسمان کے درمیان ساری مخلوقات کی تعداد کے مطابق، سبحان اللّٰہ اس ساری مخلوقات کی تعداد کے مطابق جس کو وہ ابدآلاباد تک پیدا فرمانے والا ہے، اور (اللّٰہ اکبر) اسی طرح اور (الحمد للّٰہ) اسی طرح اور (لاالٰہ الا للّٰہ) اسی طرح، اور (لاحول ولاقوۃ الاباللّٰہ) اسی طرح (رواہ الترمذی وابوداؤد)۔

(تشریح) ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ زیادہ ثواب حاصل کرنے کا ایک طریقہ جس طرح کثرت ذکر ہے اسی طرح ایک آسان تر طریقہ یہ بھی ہے کہ اس کے ساتھ ایسے الفاظ شامل کردیئے جائیں جو کثرتِ تعداد پر دلالت کرنے والے ہو۔ جیسا کہ مندرجہ بالا دونوں حدیثوں میں حضور ﷺ نے بتلایا ہے۔ یہاں یہ بات ملحوظ رکھنے کی ہے کہ خود رسول اللہ ﷺ نے بعض حدیثوں میں کثرت ذکر کی ترغیب دی ہے اور قریب ہی وہ حدیث گذر چکی ہے جس میں آپ ﷺ نے روزانہ سو دفعہ "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ" کہنے

والے کو گناہوں کے معاف کئے جانے کی خوشخبری سنائی ہے، اسلئے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کی روایت کردہ اس حدیث، اوراس سے پہلے والی حضرت جویریہؓ کی حدیث سے کثرت ذکر کی نفی یا ناپسندیدگی سمجھنا ہرگز صحیح نہ ہوگا۔ ان دونوں حدیثوں کا منشاء اور مدعا دراصل یہ ہے کہ زیادہ ثواب حاصل کرنے کا ایک زیادہ آسان طریقہ یہ بھی ہے اور خاص کر وہ لوگ جو اپنے مخصوص حالات کی وجہ سے ذکراللہ کیلئے زیادہ وقت فارغ نہ کرسکیں، وہ اس طرح سے بھی بڑا ثواب حاصل کرسکتے ہیں۔

حضرت شاہ ولی اللہؒ نے اس سلسلہ میں فرمایا ہے کہ؛ جس شخص کا مقصد اپنے باطن اور اپنی زندگی کو ذکر کے رنگ میں رنگنا ہو اس کو کثرت ذکر کا طریقہ اختیار کرنا ناگزیر ہے، اور جس کا مقصد ذکر سے صرف ثواب اُخروی حاصل کرنا ہو اس کو ایسے کلمات ذکر کا انتخاب کرنا چاہیئے جو معنوی لحاظ سے زیادہ فائق اور وسیع تر ہوں جیسے کہ ان دونوں حدیثوں میں مذکور ہیں۔

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کی اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ عہد نبوی ﷺ میں تسبیح کا رواج تو نہیں تھا لیکن بعض حضرات اس مقصد کیلئے گٹھلیاں یا سنگریزے استعمال کرتے تھے، اور رسول اللہ ﷺ نے ان کو اس سے منع نہیں فرمایا۔ ظاہر ہے کہ اس میں تسبیح کے دانوں کے ذریعہ شمار میں کوئی فرق نہیں، بلکہ تسبیح دراصل اسی کی ترقی یافتہ اور سہل شکل ہے۔ جن حضرات نے تسبیح کو بدعت قرار دیا ہے بلاشبہ انھوں نے شدّت اور غلو سے کام لیا ہے (معارف الحدیث، جلد۵، ص۴۱ تا ۵۲)۔

## کلماتِ ذکر سو سو بار پڑھنے کی فضیلت:

عَنْ اِسْحٰق بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ اَوْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ کَتَبَ اللّٰهُ له مِائَةَ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَاَرْبَعًا وَّ عِشْرِیْنَ اَلْفَ حَسَنَةٍ قَالُوْا یَا رَسُوْلُ اللّٰهِ اِذًا لَّا یَهْلِکُ مِنَّا اَحَدٌ قَالَ بَلٰی اِنَّ اَحَدَکُمْ لَیُجِیْئُ بِالْحَسَنَاتِ لَوْوُضِعَتْ عَلٰی جَبَلٍ اَثْقَلَتْهُ ثُمَّ تَجِیْئُ النِّعَمُ فَتَذْهَبُ بِتِلْکَ ثُمَّ یَتَطَاوَلُ الرَّبُّ بَعْدَ ذٰلِکَ بِرَحْمَتِهٖ رواہ الحاکم وقال صحیح الاسناد کذافی الترغیب قلت واقرہ علیه الذهبی: حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص لاالٰہ الا للّٰہ کہے اس کیلئے جنت واجب ہوجائے گی اور جو

شخص سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سومرتبہ پڑھے گا اس کیلئے ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی۔صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ایسی حالت میں تو کوئی بھی (قیامت میں)ہلاک نہیں ہوسکتا (کہ نیکیاں غالب ہی رہیں گی)حضور ﷺ نے فرمایا (بعض لوگ پھر بھی ہلاک ہونگے اور کیوں نہ ہوں،بعض آدمی اتنی نیکیاں لے کرآئیں گے کہ اگر پہاڑ پر رکھ دی جائیں تو وہ دب جائے۔لیکن اللہ کی نعمتوں کے مقابلہ میں وہ کالعدم ہو جائیں گی۔البتہ اللہ جلّ شانہٗ پھراپنی رحمت اور فضل سے دستگیری فرمائیں گے۔

(ف)اللہ کی نعمتوں کے مقابلہ میں دب جانے اور کالعدم ہوجانے کا مطلب یہ ہے کہ قیامت میں جہاں نیکیاں اور برائیاں تولی جائیں گی۔وہاں اس چیز کا بھی مطالبہ اور محاسبہ ہوگا کہ اللہ جلّ جلالہٗ نے جو نعمتیں عطا فرمائی تھیں ان کا کیا حق ادا کیا اور کیا شکرادا کیا۔بندے کے پاس ہر چیز اللہ ہی کی عطا کی ہوئی ہے۔ہر چیز کا ایک حق ہے۔اس حق کی ادائیگی کا مطالبہ ہونا ہے۔چنانچہ حضوراقدس ﷺ کا ارشاد ہے:**يُصْبِحُ عَلٰى كُلِّ سُلَامٰى مِنْ اَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ اَلْحَدِيْثُ.في المشكوة برواية المسلم قلت ورواه ابوداؤد وابن ماجة**۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ہر صبح کو ہر آدمی کے ہر جوڑ اور ہڈّی پرایک صدقہ واجب ہوتا ہے۔دوسری حدیث میں ہے کہ آدمی میں تین سو ساٹھ (۳۶۰) جوڑ ہیں۔اس کے ذمّہ ضروری ہے کہ ہر جوڑ کی طرف سے ایک صدقہ کرے۔یعنی اس بات کے شکر میں کہ حق تعالیٰ شانہٗ نے سونے کے بعد جو مرجانے کے مشابہ حالت تھی پھراز سرنو زندگی بخشی اور ہر عضو صحیح سالم رہا۔صحابہؓ نے عرض کیا اتنے صدقے روزانہ کرنے کی طاقت کون رکھتا ہے۔حضور ﷺ نے فرمایا ہر تسبیح صدقہ ہے،ہر تکبیر صدقہ ہے۔ **لاالٰہ الا للّٰہ** ایک مرتبہ کہنا صدقہ ہے۔ **اللّٰہ اکبر** کہنا صدقہ ہے۔راستہ سے کسی تکلیف دینے والی چیز کا ہٹا دینا صدقہ ہے۔غرض بہت سے صدقات شمار کرائے۔اس قسم کی اور بھی احادیث ہیں جن سے آدمی کی اپنی ذات میں جو اللہ کی نعمتیں ہیں ان کا بیان ہے۔اس کے علاوہ کھانے پینے راحت وآرام کے متعلق جتنی اللہ کی نعمتیں ہر وقت میسر ہوتی ہیں وہ مزید براں۔(فضائلِ ذکر،۱۳۶ تا ۱۳۷)۔

## تسبیحاتِ فاطمہؓ اور کچھ دوسرے کلماتِ ذکر کی فضیلت:

**عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعَقِّبَاتٌ**

---

لے حضرت سلیمان علیہ السلام دنیا کوایسی فانی چیز چاہتے ہوئے بھی جوان چیزوں کواختیار کرتے تھے اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ آخرت کی تیاری بھی باقاعدہ کرتے تھے اور دنیاان کوغافل نہ کرتی تھی۔

لَایَخِیْبُ قَائِلُھُنَّ اَوْفَائِلُھُنَّ دُبُرَ کُلِّ صَلٰوۃٍ مَّکْتُوْبَۃٍ ثَلٰثٌ وَثَلٰثُوْنَ تَسْبِیْحَۃً ثَلٰثٌ وَثَلٰثُوْنَ تَحْمِیْدَۃً وَّاَرْبَعٌ وَّ ثَلٰثُوْنَ تَکْبِیْرَۃً: حضوراقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ چند پیچھے آنے والے (کلمات) ایسے ہیں جن کا کہنے والا نامراد نہیں ہوتا وہ یہ ہیں کہ ہر فرض نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ، سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ، الحمدللہ ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر (رواہ مسلم کذافی فی المشکوۃ و عزاہ السیوطی فی الجامع الی احمد و مسلم والترمذی والنسائی ورقم لہ' بالضعف و فی الباب عن ابی الدرداء عند الطبرانی)۔

(ف) ان کلمات کو پیچھے آنے والے یا تو اس وجہ سے فرمایا کہ یہ نمازوں کے بعد پڑھے جاتے ہیں یا اس وجہ سے کہ گناہوں کے بعد پڑھنے سے ان کو دھونے اور مٹا دینے والے ہیں یا اس وجہ سے کہ یہ کلمات ایک دوسرے کے بعد سُبْحَانَ اللّٰہِ اَلْحَمْدُ للّٰہِ ۳۳-۳۳ مرتبہ اور اللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ مرتبہ پڑھنے کا حکم کیا گیا ہے۔

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ رَفَعَہ' اَمَا یَسْتَطِیْعُ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّعْمَلَ کُلَّ یَوْمٍ مِثْلَ اُحُدٍ عَمَلًا قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَنْ یَّسْتَطِیْعُ قَالَ کُلُّکُمْ یَسْتَطِیْعُ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَاذَا قَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ وَ لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ للکبیر والبزار کذافی جمع الفوئد والیھما عزاہ فی الحصن ومجمع الزوائد وقال رجالھارجال الصحیح: حضوراقدس ﷺ نے ایک مرتبہ ارشادفرمایا یعنی بطورسوال کے یہ بات فرمائی کیاتم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے کہ روزانہ احد (جو مدینہ منورہ کے ایک پہاڑ کا نام ہے) کی برابر عمل کرلیا کرے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ اس کی کون طاقت رکھتا ہے (کہ اتنے بڑے پہاڑ کے برابر عمل کرے)۔ حضور ﷺ نے ارشادفرمایا ہر شخص طاقت رکھتا ہے صحابہؓ نے عرض کیا اس کی کیا صورت ہے ارشادفرمایا کہ سُبْحَانَ اللہ کا ثواب احد سے زیادہ ہے۔ لَااِلٰہَ اِلَّا اللہُ کا احد سے زیادہ ہے۔ اَلْحَمْدُللہ کا احد سے زیادہ ہے، اللہُ اَکْبَر کا احد سے زیادہ ہے۔

(ف) یعنی ان کلموں میں سے ہر کلمہ ایسا ہے جس کا ثواب احد پہاڑ سے زیادہ ہے اور ایک پہاڑ کیا نہ

معلوم کتنے ایسے پہاڑوں سے زیادہ ہے۔حدیث میں آیا ہے کہ سُبْحَانَ الله اَلْحَمْدُلله سارے آسمانوں اور زمینوں کو ثواب سے بھر دیتے ہیں۔ایک حدیث میں آیا ہے کہ سُبْحَانَ اللّٰه کا ثواب آدھی ترازو ہے اور اَلْحَمْدُلله اس کی پرکردیتی ہے اور اللّٰهُ اَكْبَر آسمان زمین کے درمیان کو پرکردیتی ہے ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ سُبْحَانَ اللّٰه اَلْحَمْدُلِلّٰه لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰه اللّٰهُ اَكْبَرُ مجھے ہر اس چیز سے زیادہ محبوب ہے جس پر آفتاب نکلے۔ اور آفتاب دنیا کی تمام چیزوں پر نکلتا ہے اس لئے مطلب یہ ہوا کہ دنیا کی ساری چیزوں سے زیادہ محبوب ہے۔ملا علیؒ فرماتے ہیں کہ مراد یہ ہے کہ ساری ہی دنیا اللہ کے واسطے خرچ کردوں تو اس سے بھی یہ زیادہ محبوب ہیں کہتے ہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام ہوائی تخت پر تشریف لے جارہے تھے۔ پرندے آپ پر سایہ کئے ہوئے تھے اور جن وانس وغیرہ لشکر در قطار،ایک عابد پر گزر ہوا جس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے اس وسعت ملکی اور عموم سلطنت کی تعریف کی آپ نے ارشاد فرمایا کہ مومن کے اعمالنامہ میں ایک تسبیح سلیمان بن داوٗد کے سارے ملک سے اچھی ہے کہ یہ ملک فنا ہو جائے گا اور تسبیح باقی رہنے والی چیز ہے[1] (فضائل ذکر ۱۴۰تا۱۴۱)۔

# تسبیحات کے ایک ایک حرف پر دس نیکیاں اور دنیوی مجلس کا کفارہ:

عَنْ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ وَ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ كُتِبَتْ لَه، بِكُلِّ حَرْفٍ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَمَنْ اَعَانَ عَلٰى خُصُوْمَةٍ بَاطِلٍ لَمْ يَزَلْ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْزِعَ وَمَنْ حَالَتْ شَفَاعَتُه، دُوْنَ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِاللّٰهِ فَقَدْ ضَادَّ اللّٰهَ فِيْ اَمْرِهٖ وَمَنْ بَهَّتَ مُؤْمِنًا اَوْ مُؤْمِنَةً حَبَسَهُ اللّٰهُ فِيْ رَدْغَةِ الْخَبَالِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يَخْرُجَ مِمَّا قَالَ وَلَيْسَ بِخَارِجٍ: حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ وَ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰه اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَر پڑھے ہر حرف کے بدلے میں دس نیکیاں ملیں گی اور جو شخص کسی جھگڑے میں ناحق کی حمایت کرتا ہے وہ اللہ کے غصہ میں رہتا ہے، جب تک کہ اس سے توبہ نہ کرے اور جو اللہ کی کسی سزا میں سفارش کرے (اور شرعی سزا کے ملنے میں حارج ہو) وہ اللہ کا مقابلہ کرتا ہے اور جو شخص کسی مومن مرد یا عورت پر بہتان

باندھے وہ قیامت کے دن رَدْغَۃُ الخبال میں قید کیا جائے گا یہاں تک کہ اس بہتان سے نکلے اور کس طرح اس سے نکل سکتا ہے (رواہ الطبرانی فی الکبیر والاوسط ورجالھما رجال الصحیح کذافی مجمع الزوائد قلت اخرجہ ابوداؤد بدون ذکر التسبیح فیہ)۔

(ف) ناحق کی حمایت آجکل ہماری طبیعت بن گئی ہے ایک چیز کو ہم سمجھتے ہیں کہ ہم غلطی پر ہیں مگر رشتہ داروں کی طرف داری ہے پارٹی کا سوال ہے لاکھ اللہ کے غصہ میں داخل ہوں اللہ کی ناراضگی ہو اس کا عتاب ہو مگر کنبہ برادری کی بات کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں ہم اس ناحق کرنے والے کو ٹوک نہ سکیں اور سکوت کریں یہ بھی نہیں بلکہ ہر طرح سے اس کی حمایت کریں گے اگر اس پر کوئی دوسرا مطالبہ کھڑا کرنے والا ہو تو اس کا مقابلہ کریں گے کسی دوست نے چوری کی ظلم کیا، عیاشی کی اس کے حوصلے بلند کریں گے اس کی ہر طرح مدد کریں گے کیا یہی ہے ہمارے ایمان کا مقتضیٰ، یہی ہے دینداری، اسی پر اسلام کے ساتھ ہم فخر کرتے ہیں یا اپنے اسلام کو دوسروں کی نگاہ میں بھی بدنام کرتے ہیں اور اللہ کے یہاں خود بھی ذلیل ہوتے ہیں ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص عصبیۃ پر کسی کو بلائے یا عصبیت پر لڑے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ دوسری حدیث میں ہے کسی عصبیت سے مراد یہ ہے کہ ظلم پر اپنی قوم کی مدد کرے۔ ردغۃ الخبال وہ کیچڑ ہے جو جہنمی لوگوں کے لہو پیپ وغیرہ سے جمع ہو جائے۔ کس قدر گندی اور اذیت دینے والی جگہ ہے جس میں ایسے لوگوں کو قید کر دیا جائے گا جو مسلمانوں پر بہتان باندھتے ہوں آج دنیا میں بہت سرسری معلوم ہوتا ہے۔ کہ جس شخص کے متعلق جو چاہا منہ بھر کر کہہ دیا، کل جب زبان سے کہی ہوئی ہر بات کو ثابت کرنا پڑے گا اور ثبوت بھی وہی جو شرعاً معتبر ہو دنیا کی طرح نہیں کہ چرب لسانی اور جھوٹی باتیں ملا کر دوسرے کو چپ کرا دیا جائے اس وقت آنکھیں کھلیں گی ہم نے کیا کہا تھا اور کیا نکلا نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ آدمی بعض کلام زبان سے ایسا نکالتا ہے جس کی پروا بھی نہیں کرتا لیکن اس کی وجہ سے جہنم میں پھینک دیا جاتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ آدمی بعضی بات صرف اس وجہ سے کہتا ہے کہ لوگ ذرا ہنس پڑیں گے لیکن اس کی وجہ سے اتنی دور (جہنم میں) پھینک دیا جاتا ہے جتنی دور آسمان سے زمین ہے۔ پھر ارشاد فرمایا کہ زبان کی لغزش پاؤں کی لغزش سے زیادہ سخت ہے ایک حدیث میں ہے جو شخص کسی کو گناہ سے عار دلاوے وہ خود مرنے سے پہلے اس گناہ میں مبتلا ہوتا ہے۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ وہ گناہ مراد ہے جس سے گناہگار توبہ کر چکا ہو حضرت ابوبکر صدیقؓ اپنی زبان مبارک کو پکڑ کر کھینچتے تھے کہ تیری بدولت ہم ہلاکتوں میں پڑتے ہیں۔ ابن المنکدرؒ مشہور محدّثین میں ہیں

---

ل عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جدّدوا ایمانکم قیل یا رسول اللہ کیف نجدد ایماننا؟ قال اکثروا من قول لاالہ الّا اللہ (رواہ احمد)

اورتابعی ہیں انتقال کے وقت رونے لگے کسی نے پوچھا کیا بات ہے فرمانے لگے مجھے کوئی گناہ تو ایسا معلوم نہیں جو میں نے کیا ہو اس پر روتا ہوں کوئی بات ایسی ہوگئی ہو جس کو میں نے سرسری سمجھا ہو اور وہ اللہ کے نزدیک سخت ہو۔

عَنْ اَبِیْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِیؓ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ بِاٰخِرِہٖ اِذَا اَرَادَاَنْ یَّقُوْمَ مِنَ الْمَجْلِسِ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ فَقَالَ رَجُلٌ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّکَ لَتَقُوْلُ قَوْلًا مَا کُنْتَ تَقُوْلُہٗ فِیْمَا مَضٰی قَالَ کَفَّارَةٌ لِّمَا یَکُوْنُ فِی الْمَجْلِسِ: حضوراقدس ﷺ کا معمول اخیر زمانہ عمر شریف میں یہ تھا کہ جب مجلس سے اٹھتے تو سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ پڑھا کرتے کسی نے عرض کیا کہ آجکل ایک دعا کا معمول حضور ﷺ کا ہے پہلے تو یہ معمول نہیں ہوتا تھا حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ مجلس کا کفارہ ہے دوسری روایت میں بھی یہ قصہ مذکور ہے اس میں حضوراقدس ﷺ کا یہ ارشاد منقول ہے کہ یہ کلمات مجلس کا کفارہ ہیں حضرت جبرائیلؑ نے مجھے بتائے ہیں (رواہ ابن ابی شیبة و ابوداؤد و النسائی والحاکم و ابن مردویه کذا فی الدروفیه ایضًا بروایة ابن ابی شیبة عن ابی العالیة بزیادة علمنیهن جبرئیل علیه السلام)۔

(ف) حضرت عائشہؓ سے بھی نقل کیا گیا ہے کہ نبی کریم ﷺ جب بھی مجلس سے اٹھتے تو سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ پڑھا کرتے، میں نے عرض کیا کہ آپ اس دعا کو بڑی کثرت سے پڑھتے ہیں۔ ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص مجلس کے ختم پر اس کو پڑھ لیا کرے تو اس مجلس میں جو لغزشیں اس سے ہوئی ہوں وہ سب معاف ہو جائیں گی، مجالس میں عموماً فضول باتیں بیکار تذکرے ہو ہی جاتے ہیں۔ کتنی مختصر دعا ہے اگر کوئی شخص ان دعاؤں میں سے کوئی سی ایک دعا پڑھ لے تو مجلس کے وبال سے خلاصی پا سکتا ہے۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے کیسی کیسی سہولتیں مرحمت فرمائی ہیں۔ (فضائل ذکر، ۱۵۵ تا ۱۵۷)۔

## کلمہ لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی خاص فضیلت:

عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الذِّکْرِ "لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ": حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا:۔ سب سے

افضل ذکر لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے (رواہ الترمذی وابن ماجہ)۔

(تشریح) حضرت سمرہ بن جندبؓ والی وہ حدیث پہلے گزر چکی ہے جس میں فرمایا گیا ہے کہ سب کلموں میں افضل یہ چار کلمے ہیں سُبْحَانَ الله اور اَلْحَمْدُ للهِ اور لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور اللّٰهُ اَكْبَرُ حضرت جابرؓ والی اس حدیث میں لَااِلٰـهَ اِلَّا الـلّٰه کو افضل ترین کلمہ فرمایا گیا ہے۔ واقعہ یہی ہے کہ دنیا بھر کے دوسرے سب کلموں اور کلاموں کے مقابلے میں تو یہ چاروں کلمے افضل ہیں، لیکن ان سب میں نسبتاً لَااِلٰـهَ اِلَّا الـلّٰـهُ افضل ہے، کیونکہ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ باقی کلموں کے مدعا کو بھی ضمنی طور پر اپنے اندر لئے ہوئے ہے۔

جب بندہ یہ کہتا ہے کہ معبود برحق صرف اللہ ہے اس کے سوا کوئی نہیں، تو اس کے ضمن میں یہ بات خود بخود آ جاتی ہے کہ وہ ہر نقص وعیب سے پاک اور منزہ ہے، اور تمام صفات کمال کا وہ جامع ہے اور عظمت وکبریائی میں وہ برتر ہے کیونکہ جو لاشریک معبود ہو اس میں یہ سب باتیں ہونا لازمی ہیں اس لئے جس نے صرف لَااِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه کہا، اس نے گویا وہ سب کچھ بھی کہہ دیا جو سُبْحَانَ الله اَلْحَمْدُ للهِ اور اللهُ اَكْبَر کے ذریعہ کہا جاتا ہے علاوہ ازیں "لَااِلٰـهَ اِلَّا الـلّٰه" کلمہ ایمان ہے اور اسی لئے سب پیغمبروں کی تعلیم کا پہلا سبق ہے نیز اپنے اپنے تجربہ کی بنا پر عرفا اور صوفیا کا اس پر گویا اتفاق ہے کہ باطن کی تطہیر اور قلب کو ہر طرف سے موڑ کے اللہ تعالیٰ سے وابستہ کرنے میں سب سے زیادہ موثر اسی کلمہ لَااِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـه کا ذکر ہوتا ہے۔ اسی لئے ایک حدیث میں رسول ﷺ نے ایمانی کیفیت کو قلب میں تازہ کرنے اور ترقی دینے کے لئے اس کلمہ لَااِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ کی کثرت کا حکم دیا ہے[1]۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاقَالَ عَبْد'' لَااِلٰهَ اِلَّا الـلّٰـهُ مُخْلِصًا مِنْ قَلْبِهٖ اِلَّا فُتِحَتْ لَه' اَبْوَابُ السَّمَاءِ حَتّٰی تُفْضِیَ اِلَی الْعَرْشِ مَا اجْتَنَبَ الْكَبَائِرَ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا جو بندہ دل کے اخلاص سے کہے "لَااِلٰـــهَ اِلَّا الـلّٰـــهُ" اس کے لئے لازماً آسمانوں کے دروازے کھل جائیں گے، یہاں تک کہ وہ کلمہ عرش الٰہی تک پہونچے گا۔ بشرطیکہ وہ آدمی کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے (رواہ الترمذی)۔

(تشریح) اس حدیث میں کلمہ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی ایک خاص فضیلت وخصوصیت یہ بیان کی گئی ہے کہ اگر اخلاص سے یہ کلمہ کہا جائے اور اللہ سے دور کرنے والے بڑے گناہوں سے بچنے کا اہتمام کیا جائے تو یہ کلمہ براہ راست عرش الٰہی تک پہونچتا ہے، اور خاص مقبولیت سے نوازا جاتا ہے اور ترمذی ہی کی ایک دوسری حدیث میں

ہے،وَلَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہ لَیْسَ لَھَا حِجَاب'' مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ حَتّٰی تَخلُصَ اِلَیْہِ:کلمہ لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے اوراللہ کے درمیان کوئی حجاب نہیں یہ کلمہ سیدھا اللہ کے پاس پہونچتا ہے ]معلوم ہوا کہ ذکر اللہ کے دوسرے کلموں کے مقابلے میں اس کلمہ کی یہ ایک مخصوص فضیلت اور خصوصیت ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہؒ " حجۃ اللہ البالغہ "میں فرماتے ہیں کہ "لَااِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ"میں بہت سے خواص ہیں ۔پہلی خاصیت یہ ہے کہ وہ شرک جلی کوختم کردیتا ہے۔دوسری خاصیت یہ ہے کہ وہ شرک خفی کوبھی ختم کرتا ہے،اور تیسری خاصیت یہ ہے کہ وہ بندے کے اور معرفت الٰہی کے درمیان حجابات کوسوخت کرکے حصول معرفت وقرب کا ذریعہ بن جاتا ہے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخدْرِیِّؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مُوسیٰ عَلَیْہِ السَّلام یَارَبِّ عَلِّمْنِیْ شَیْئًا اَذْکُرُکَ بِہٖ اَوْ اَدْعُوْکَ بِہٖ فَقَالَ یَا مُوسیٰ قُلْ لَااِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ فَقَالَ یَارَبِّ کُلُّ عِبَادِکَ یَقُوْلُ ھٰذَا اِنَّمَا اُرِیْدُ شَیْئًا تَخُصُّنِیْ بِہٖ قَالَ مُوْسیٰ لَوْ اَنَّ السَّمٰوٰاتِ السَّبْعَ وَعَامِرَ ھُنَّ غَیْرِیْ وَالْاَرْضِیْنَ السَّبْعَ وُضِعْنَ فِیْ کِفَّۃٍ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فِیْ کِفَّۃٍ لَمَالَتْ بِھِنَّ لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمایا کہ اللہ کے نبی موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حضور میں عرض کیا کہ اے میرے رب مجھ کو کوئی کلمہ تعلیم فرما جس کے ذریعہ میں تیرا ذکر کروں (یا کہا کہ جس کے ذریعہ میں تجھے پکاروں) تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے موسیٰ لَااِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا کرو۔انھوں نے عرض کیا کہ اے میرے رب یہ کلمہ تو تیرے سارے ہی بندے کہتے ہیں، میں تو وہ کلمہ چاہتا ہوں جو آپ خصوصیت سے مجھے ہی بتائیں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے موسیٰ: اگر ساتوں آسمان اور میرے سوا وہ سب کائنات جس سے آسمانوں کی آبادی ہے اور ساتوں زمینیں ایک پلڑے میں رکھی جائیں اور لَااِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہ دوسرے پلڑے میں تو لَااِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کا وزن ان سب سے زیادہ ہوگا (رواہ البغوی فی شرح السنّہ)۔

(تشریح) موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ بندگی اور محبت کا جو خاص تعلق تھا اور اس کی بنا پر قرب خصوصی کی جو قدرتی خواہش تھی اس کی وجہ سے انہوں نے اللہ تعالیٰ سے استدعا کی کہ مجھے ذکر کا کوئی خاص کلمہ تعلیم فرمایا جائے،اللہ تعالیٰ نے ان کو لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہ بتایا جو افضل الذکر ہے انھوں نے عرض کیا کہ میری استدعا کسی

خاص کلمہ کے لئے ہے جس سے مجھے ہی نوازا جائے۔الغرض کلمہ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـه کا عموم اس کی قدر و قیمت اور عظمت کے بارے میں ان کے لئے حجاب بن گیا اس لئے ان کو بتایا گیا کہ ل لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـه کی حقیقت زمین و آسمان کی ساری کائنات کے مقابلے میں زیادہ قیمتی اور بھاری ہے یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت عامہ ہے کہ اس نے اپنے پیغمبروں کے ذریعہ یہ نعمت عظمیٰ ہر عامی کو بھی پہونچادی ہے بہرکیف انبیاء ومرسلین کے لئے بھی کوئی کلمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰـه سے زیادہ قیمتی اور بابرکت نہیں ہے۔اس بے بہا نعمت خداوندی کا شکر یہی ہے کہ اس کلمہ پاک کو اپنا ورد بنایا جائے،اور اس کی کثرت کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے خاص رابطہ قائم کیا جائے۔

# کلمہ توحید کی خاص عظمت وبرکت:

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَه' لَاشَرِيْکَ لَه' لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٍ، فِیْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ كَانَتْ لَه' عِدْلَ عَشْرِ رِقَابٍ وَكُتِبَتْ لَه' مِائَةُ حَسَنَةٍ وَمُحِيَتْ عَنْهُ مِائَةُ سَيِّئَةٍ وَكَانَتْ لَه' حِرْزًا مِنَ الشَّيْطَانِ يَوْمَه' ذَالِکَ حَتّٰى يُمْسِیَ وَلَمْ يَاتِ اَحَدٌ بِاَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهٖ اِلَّا رَجُلٌ عَمِلَ اَكْثَرَ مِنْهُ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا جس نے سودفعہ کہا لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَه' لَاشَرِيْکَ لَه' لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْر (نہیں ہے کوئی معبود سوا اللہ کے، وہ اکیلا ہے،کوئی اس کا شریک ساجھی نہیں،فرمانروائی اسی کی ہے اور اسی کے لئے ہر قسم کی ستائش ہے اور ہر چیز پر اس کی قدرت ہے) تو وہ دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب کا مستحق ہوگا اور اس کے لئے سو نیکیاں لکھی جائیں گی اور اس کی سو غلط کاریاں محو کردی جائیں گی اور یہ عمل اس کے لئے اس دن شام تک شیطان کے حملہ سے حفاظت کا ذریعہ ہوگا،اور کسی آدمی کا عمل اس کے عمل سے افضل نہ ہوگا سوائے اس آدمی کے جس نے اس سے بھی زیادہ عمل کیا ہو(رواہ البخاری ومسلم)۔

(تشریح) بیشک یہ کلمہ توحید جس میں کلمہ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ پر کچھ اور اضافہ ہے جس سے اس کے منفی و مثبت مضمون کی مزید تشریح اور وضاحت ہوتی ہے اتنا ہی عظیم القدر اور بابرکت ہے جتنا کہ اس حدیث شریف میں بتایا گیا ہے۔مرنے کی بعد انشاء اللہ یہ چیز ہم سب کے مشاہدے میں آجائے گی۔بعض لوگوں کو ایسی حدیثوں کی بارے میں شکوک وشبہات ہوتے ہیں جن میں کسی کلمہ کا اتنا ثواب بتایا جائے۔حالانکہ خود انہیں اپنی زندگی میں بارہا

اس کا تجربہ ہوا ہوگا کہ برائی اور فساد کا ایک کلمہ آگ لگا دیتا ہے، اور اس کے منحوس اثرات برسہا برس تک کے لئے خاندانوں اور گروہوں کی زندگیوں کو جہنم بنا دیتے ہیں اسی طرح کبھی خلوص سے نکلا ہوا ایک اصلاحی کلمہ خیر فساد کی بھڑکتی آگ کو بجھانے میں ٹھنڈے پانی کا کام کرتا ہے، اور بے چینیوں اور تلخیوں کو دور کر کے زندگیوں کو باغ و بہار بنا دیتا ہے۔ انسان کی زبان سے نکلے ہوئے ایک ایک کلمہ کے جو اثرات ہماری اس دنیا ہی میں ہوتے ہیں ان میں غور وفکر کر کے آخرت کے ان سے بڑے اور دوررس نتائج وثمرات کا سمجھنا زیادہ مشکل نہیں رہتا۔

## لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کی خاص فضیلت:

عَنْ اَبِیْ مُوْسیٰ الْاَشْعَرِیؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّکَ عَلیٰ کَلِمَةٍ مِنْ کُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟ فَقُلْتُ بَلیٰ فَقَالَ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے مجھ سے ایک دن فرمایا۔ میں تمہیں وہ کلمہ بتاؤں جو جنت کے خزانوں سے ہے؟ میں نے عرض کیا کہ ہاں حضرتؐ ضرور بتائیں آپ نے فرمایا وہ ہے "لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِالله" (رواہ مسلم و البخاری)۔

(تشریح) اس کلمہ کے "خزائن جنت" میں سے ہونے کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ جو شخص یہ کلمہ اخلاص کے ساتھ پڑھے گا اس کے لئے اس کلمہ کے بے بہا اجر وثواب کا خزانہ اور ذخیرہ جنت میں محفوظ کیا جائے گا جس سے وہ آخرت میں ویسا ہی فائدہ اٹھا سکے گا جیسا کہ ضرورت کے موقعوں پر محفوظ خزانوں سے اٹھایا جاتا ہے اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ حضور ﷺ کا منشا اس لفظ سے اس کلمہ کی صرف عظمت اور قدر و قیمت بتانا ہے۔ یعنی یہ کہ جنت کے خزانوں کے جواہرات میں سے یہ ایک جوہر ہے۔ کسی چیز کو بہت قیمتی بتانے کیلئے یہ بہترین تعبیر ہوسکتی ہو واللہ اعلم۔

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ کا مطلب یہ ہے کی کسی کام کے لئے سعی وحرکت اور اس کے کرنے کی قوت و طاقت بس اللہ ہی سے مل سکتی ہی، کوئی بندہ خود کچھ بھی نہیں کرسکتا دوسرا ایک مطلب جو اس کے قریب ہی قریب ہے یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ " گناہ سے باز آنا اور اطاعت کا بجالانا اللہ کی مدد توفیق کے بغیر بندے سے ممکن نہیں"۔

...... عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَکْثِرْ مِنْ قَوْلِ "لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه" فَاِنَّهَا مِنْ کَنْزِ الْجَنَّةِ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ "لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ "

زیادہ پڑھا کرو، کیونکہ یہ خزائن جنت میں سے ہے (رواہ الترمذی)۔

...... عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلاَ اَدُلُّکَ عَلٰی کَلِمَةٍ مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ مِنْ کَنْزِ الْجَنَّةِ "لاَحَوْلَ وَلاَقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه" یَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی اَسْلَمَ عَبْدِیْ وَاسْتَسْلَمَ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا میں تم کو وہ کلمہ بتاؤں جو عرش کے نیچے سے اترا ہے اور خزانہ جنت میں سے ہے، وہ ہے "لاَحَوْلَ وَلاَقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه" (جب بندہ دل سے یہ کلمہ پڑھتا ہے تو ) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ:۔ یہ بندہ (اپنی انانیت سے دستبردار ہوکر) میرا تابعدار بالکل فرمانبردار ہوگیا (رواہ البیہقی فی الدعوات الکبیر)۔

(تشریح) اس حدیث میں کلمہ "لاَحَوْلَ وَلاَقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه" کو "مِنْ کَنْزِ الْجَنَّة" کے علاوہ "مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ" بھی فرمایا گیا ہے یہ بھی دراصل اس کلمہ کی عظمت کے اظہار کا ایک عنوان ہے، اور مطلب یہ ہے کہ مجھ پر اس کا نزول عرش الٰہی سے ہوا ہے واللہ اعلم۔

(فائدہ) بعض مشائخ طریقت کا ارشاد ہے کہ جس طرح شرک جلی وخفی اور قلب ونفس کی دوسری کدورتیں دور کرنے اور ایمان ومعرفت کا نور حاصل کرنے میں کلمہ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه خاص اثر کرتا ہے اسی طرح عملی زندگی درست کرنے یعنی معصیات اور منکرات سے بچنے اور نیکی کی راہ پر چلنے میں یہ کلمہ "لاَحَوْلَ وَلاَقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه" خاص اثر رکھتا ہے۔ (معارف الحدیث، جلد۵، ص۵۲ تا ۵۹)۔

## اسمائے حسنیٰ کا ذکر:

اللہ تعالیٰ کو جملہ مفرد ناموں جیسے "اللہ اللہ" "احد احد" سے یاد کرنا بھی روحانی ترقی اور اللہ تعالیٰ سے محبت میں ترقی اور اضافے کیلئے بہت مفید اور مجرب ہے۔ بعض لوگوں نے اس پر تنقید کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی اسم مفرد نام مثلاً "اللہ اللہ" "احد احد" کے ذکر کا حکم نہیں فرمایا ہے اور نہ مسلمانوں کیلئے اسم مفرد کا ذکر مشروع کیا گیا ہے۔ ان کی یہ بات اور یہ تنقید ہرگز درست نہیں ہے۔ ذرا غور کیجئے "سبحان اللہ" بھی جملہ مرکبہ بلکہ مضاف، مضاف الیہ ہے اور اس کا عامل ہمیشہ مقدر ہوتا ہے یعنی اس کے ساتھ "سَبَحْتُ یا اَسْبَحُ" فعل پوشیدہ مانا جاتا ہے اسی طرح اسم مفرد مثلاً اسم ذات لفظ "اللہ" کہنے کے ساتھ بھی ذہن میں حرف ندا اور دعا ہوتی ہے اور ظاہری الفاظ میں ندا و دعا کو حذف کیا جاتا ہے اور یہ سب تقریباً ہر زبان میں مشہور ومعروف ہے جو بچہ ماں باپ سے کوئی چیز مانگتا ہے یا محبت سے پکارتا ہے تو "ابوابو" اور "امی امی" کہہ کر پکارتا ہے اسی طرح "اللہ اللہ"

www.noorehidayat.org

کہنے والا بھی اصل میں یہ کہتا ہے کہ یا اللہ اپنی محبت میرے سینے میں ڈال دے یا اللہ اپنی عظمت سے میرے دل کو بھر دے یا یوں ہی محبت میں "اللہ اللہ" کہتا ہے۔ نیز کلامِ عرب میں جملہ اسمیہ میں کبھی کبھی مبتداء کو ذکر کر دیا جاتا ہے جبکہ خبر محذوف ہوتی ہے۔ یہاں بھی لفظ "اللہ" کے ساتھ ذہن میں قادر، رازق وغیرہ ہوتے ہیں لیکن یہ حذف کیئے جاتے ہیں مثلاً ذکر کرنے والا یوں پکارتا ہے اللہ قادر''، اللہ خالق''، اللہ رازق''۔

## اسمائے حسنٰی کے ذکر کی اہمیت:

بلا شبہ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں ہر نام کا ذکر روحانی اور باطنی ترقی اور اللہ تعالیٰ کی طرف لو لگانے اور قرب الٰہی کا ذریعہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے پاک نام "اللہ اللہ" کے ذکر سے بندے کا تعلق اللہ تعالیٰ سے مضبوط سے مضبوط تر ہوتا چلا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو اس کی صفات اور ناموں سے یاد کرنا قرآن وحدیث سے ثابت ہے۔

## اسم ذات اور اسمائے حسنٰی کے بارے میں قرآنی آیات:

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا وَذَرُوْا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْـمَآئِهٖ ط سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْن :اور اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہیں سب نام اچھے، پس انہی سے اسے پکارو اور ان لوگوں کو چھوڑو جو اس کے ناموں (اور صفات) میں کج روی اختیار کر رہے ہیں وہ جو کچھ کر رہے ہیں عنقریب اس کا بدلہ پائیں گے (اعراف، ۱۸۰)۔

مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کیلئے صرف اچھے ہی نام اور اچھی ہی صفتیں ہیں تو اللہ تعالیٰ کو انہی ناموں اور صفتوں سے پکارا کرو اور ان لوگوں کو ان کے حال پر چھوڑ دو جو صفاتِ الٰہی کے باب میں گمراہی کی روش اختیار کر چکے ہیں اور یہ جو کچھ شرک وغیرہ بداعمالیاں کرتے ہیں اس کی سزا وہ عنقریب بھگتیں گے۔

قُلِ ادْ عُوْ اللّٰهَ اَوِ ادْعُوْا الرَّحْمٰنَ ط اَيًّامَّاتَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ

---

ل تفصیل کیلئے حیاۃ الصحابہؓ جلد اول اس میں ہے کہ:۔۔۔۔۔۔اخرجه الامام احمد و ابن ماجه كذا فى البداية و اخرجه ايضًا الحاكم (جلد۳، ص ۲۸۴) و قال صحيح الاسناد ولم يخرجاه وقال الذهبى صحيح و اخرجه ابو نعيم فى الحلية (جلد ۱، ص ۱۴۹) وابن ابى شيبه كما فى الكنز (جلد۷، ص ۱۴) وابن البر فى الاستيعاب (جلد ۱، ص ۱۴۱) اخرجه ابو نعيم ايضًا فى الحلية (جلد ۱، ص ۱۴۰)

الــحُسْــنــیٰ: کہو کہ خواہ "اللہ" کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو سب اچھے نام (اور صفات) اسی کی ہیں (بنی اسرائیل، ۱۱۰)۔

مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو خواہ لفظ "اللہ" سے پکارو یا لفظ "رحمٰن" سے جس نام سے بھی اس کو پکارو تمام اچھے نام و صفات اسی ہی کیلئے ہیں۔

وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا: اور اپنے رب کے نام کا ذکر کرو اور سب سے کٹ کر (صرف) اسی کی طرف متوجہ ہوجاؤ (مزمّل، ۸)۔

تبتل اور تبتیل دونوں کے معنی انقطاع، الگ ہونے اور کٹ جانے کے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پاک نام کو یاد کیا کرو اور لوگوں سے کٹ کر پوری یکسوئی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رہو۔ بلا شبہ اللہ تعالیٰ کا ہر اسم اور ہر صفت بندہ مؤمن کیلئے دل کا ریگ مال اور نور ہے اس کے تکرار سے دل کے زنگ دور ہوجاتے ہیں اور بندے کے دل میں نور پیدا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نام کا تکرار محبت الٰہی کی دلیل بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کی محبت میں ترقی اور اضافے کا بڑا سبب بھی ہے اور اس کے نام کے تکرار سے بندہ کو فراغت قلبی، دلی یکسوئی اور تبتّل الی اللہ کا مقام حاصل ہوجاتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کا نام مبارک لفظ "اللہ" بڑا ہی بابرکت ہے:

بلا شبہ اللہ تعالیٰ کا نام لفظ "اللہ" بڑا ہی بابرکت ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛

تَبَارَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام: بڑا ہی بابرکت ہے نام تیرے عظمت والے اور بڑی شان والے رب کا (رحمٰن، ۷۸)۔

بے شک رب ذوالجلال والاکرام کی ہستی بڑی عظمت والی بڑی شان وعزت والی اور بڑی ہی بابرکت ہے اور اسی سے تمام خیر وبرکات لازمًا ظاہر ہونگی اور اسی بابرکت ہستی کے تمام نام وصفات عمومًا اور اس کا ذاتی نام لفظ "اللہ" خصوصًا بڑا ہی بابرکت ہے اس کے تکرار اور اس کی یاد میں بندے کیلئے بڑی خیر وبرکت موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے پاک نام کی یاد نصیب فرمائے۔

## اسمائے حسنیٰ کے بارے میں احادیث:

اسمائے حسنٰی اوراسم ذات کے متعلق حضوراقدس ﷺ کے ارشادات اور صحابہ کرامؓ کا عمل بھی کتب احادیث میں موجود یہاں ان کو بھی پڑھ لیجئے۔

حضرت ابوھریرۃؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جس نے اس کو یاد کیا وہ جنت میں داخل ہوگا (بخاری ومسلم)

...... اس حدیث میں اسمائے حسنٰی کے ذکراوران کی تکرار کی طرف ترغیب دی گئی ہے۔علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفیؒ اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں کہ " **المراد بالحفظ القرأة بظهر الُقلب فيكون كناية عن التكرار لان الحفظ يستلزم التكرار** "، اس حدیث میں اللہ تعالیٰ کے ننانوے ناموں کے یاد (کرنے اور) حفظ سے مراد ان کا دل (کی یاداشت) سے پڑھنا ہے پس یہ لفظ (حفظ) تکرار سے کنایہ ہے کیونکہ حفظ کیلئے تکرار لازم ہے۔(عمدۃ القاری، جلد-۱۰، ص-۵۸۰)۔

...... علامہ ابن کثیرؒ نے البدایۃ والنھایۃ میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے ایک طویل روایت نقل کی ہے جس میں حضرت بلالؓ کے متعلق یوں فرمایا ہے کہ "حضرت بلالؓ کولڑکوں کے حوالے کردیا جاتا اورانھیں مکہ مکرمہ کی گھاٹیوں میں پھراتے رہتے تھے۔" **وھو يقول احد احد** اور کہہ رہے ہوتے کہ "احداحد"۔(البدایۃ والنھایۃ ،جلد۳،ص۲۷-۲۸)۔

...... نیزابن اسحاقؒ کی دوسری روایت میں ہے کہ جب حضرت بلالؓ کی چھاتی پرگرم پتھر رکھدئے جاتے۔"**فيقول وھو فى ذالک احد احد** "تووہ اسی حال میں احداحد کہہ رہے ہوتے۔(البدایۃ والنھایۃ ،جلد۳،ص۵۵)۔

...... حضرت عروہ بن زبیرؓ فرماتے ہیں کہ ورقہ بن نوفلؓ حضرت بلالؓ کے پاس سے گذرتے کفارانھیں تکلیفیں پہنچارہے ہوتے اور حضرت بلالؓ " **احد احد** " کہہ رہے ہوتے تو ورقہؓ کہتے "**والله يا بلالؓ** " "اللہ کی قسم بلال واقعی معبودایک ہی ہے" [!]۔ (البدایۃ والنھایۃ ،جلد۳،ص۵۵-۵۶)۔ ان روایتوں سے یہ بات اچھی طرح معلوم ہوگئی کہ "احد احد" کا ذکرحضرت بلالؓ کا دائمی ذکر تھا۔

## اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی جب تک ایک آدمی بھی "اللہ اللہ" کہنے والا موجود ہو:

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

لَاتَقُوْمُ السَّاعَۃُ حتّٰی لَایُقَالَ فِیْ الْاَرْضِ " اللّٰہ اللّٰہ " : قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دنیا میں "اللہ اللہ" نہ کہا جائے۔ایک دوسری روایت میں ہے کہ؛ لَاتَقُوْمُ السَّاعَۃُ عَلٰی اَحَدٍ یَقُوْلُ " اللّٰہ اللّٰہ ": قیامت قائم نہیں ہوگی کسی ایسے شخص پر جو کہتا ہو "اللہ اللہ" (مسلم ومشکوٰۃ)۔

## اسم ذات "اللہ اللہ" کا ذکر روحانی ترقی اور نورِ ایمان میں ترقی کیلئے بہت مفید ہے:

خلاصہ یہ کہ اسمائے مفردہ کا ذکر خصوصًا اسم ذات "اللہ اللہ" کا ذکر روحانی ترقی اور نورِ ایمان میں ترقی کیلئے بہت مفید ہے۔جو بندہ اخلاص ومحبت کے ساتھ اس پاک نام کی رٹ لگاتا ہے تو اس کی برکت سے قلب اور روح منور ہو جاتا ہے اور ذکر دل کی گہرائیوں میں رچ بس جاتا ہے اور دل یادالٰہی سے معمور ہو جاتا ہے اور بندے کی سرگوشیاں اور دلی مناجات اپنے رب کے ساتھ ہمہ وقت جاری ہو جاتی ہیں۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی سچی محبت اور مضبوط سچا تعلق اور نبی کریم ﷺ کی والہانہ محبت اور سچی اتباع نصیب فرمائے (آمین)۔

## اسمائے حسنٰی کی تعداد:

اسمائے حسنٰی کے بارے حضرت مولانا محمد منظور نعمانیؒ لکھتے ہیں کہ حقیقی معنی میں اللہ پاک کا نام یعنی اسم ذات صرف ایک ہی ہے،اور وہ ہے "اللہ" البتہ اس کے صفاتی نام سینکڑوں ہیں جو قرآن مجید اور احادیث میں وارد ہوئے ہیں،انہی کو اسماء حسنٰی کہا جاتا ہے۔حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے فتح الباری شرح صحیح بخاری میں امام جعفر بن محمد صادقؒ اور سفیان بن عینیہؒ اور بعض دوسرے اکابر امت سے نقل کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے (اسماء حسنٰی) نام تو صرف قرآن مجید ہی میں مذکور ہیں،اور پھر انہی حضرات سے ان کی تفصیل اور تعیین بھی نقل کی ہے۔اس کے بعد حافظ ممدوحؒ نے ان میں سے بعض اسماء کے متعلق یہ تبصرہ کر کے کہ یہ اپنی خاص شکل میں قرآن مجید میں مذکور نہیں ہیں بلکہ استخراج اور اشتقاق کے طور پر وضع کئے گئے ہیں،ان کے بجائے دوسرے اسماء قرآن مجید ہی

سے نکال کے بتایا ہے کہ یہ ننانوے اسماء الٰہیہ قرآن مجید میں اپنی اصل شکل میں مذکور ہیں اور ان کی پوری فہرست دی ہے جو انشاء اللہ عنقریب نقل ہوگی۔

ہمارے ہی زمانہ کے بعض علماء نے اللہ تعالیٰ کے صفاتی اسماء کا تتبع احادیث سے کیا تو دوسو (۲۰۰) سے زائد ان کو ملے۔ یہ سارے صفاتی اسماء حسنیٰ اللہ تعالیٰ کے صفاتِ کمال کے عنوانات اور اس کی معرفت کے دروازے ہیں، پس اللہ تعالی کے ذکر کی ایک بڑی جامع اور تفصیلی شکل یہ بھی ہے کہ بندہ عظمت اور محبت کے ساتھ ان اسماء کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرے اور ان کو اپنا وظیفہ بنائے۔ اس تمہید کے بعد اس سلسلہ کی چند احادیث ذیل میں پڑھیے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِیْنَ اِسْمًا مِائَةً اِلَّا وَاحِدًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے یعنی ایک کم سو نام ہیں جس نے ان کو محفوظ کیا اور ان کی نگہداشت کی وہ جنت میں جائے گا (رواہ البخاری و مسلم)۔

(تشریح) صحیحین کی روایت میں صرف اتنا ہی ہے، ان ننانوے ناموں کی تفصیل اور تعیین اس روایت میں نہیں کی گئی ہے۔ عنقریب ہی انشاء اللہ جامع ترمذی وغیرہ کی اس روایت کا ذکر آئے گا جس میں تفصیل کے ساتھ یہ ننانوے نام بیان کئے گئے ہیں۔ شارحین حدیث اور علماء کا اس پر قریب قریب اتفاق ہے کہ اسماء الٰہیہ صرف ننانوے میں منحصر نہیں ہیں اور یہ ان کی پوری تعداد نہیں ہے، کیونکہ تتبع اور تلاش کے بعد احادیث میں اس سے بہت زیادہ تعداد مل جاتی ہے۔ اسلئے حضرت ابو ہریرہؓ کی اس حدیث کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس کا مطلب اور مدعا صرف یہ ہے کہ جو بندہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے ناموں کو یاد کرے گا اور ان کی نگہداشت کرے گا وہ جنت میں جائے گا۔ یعنی صرف ننانوے ناموں کا احصاء کر لینے پر بندہ اس بشارت کا مستحق ہو جائے گا۔

حدیث پاک کے جملہ "مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ" کی تشریح میں علماء اور شارحین نے مختلف باتیں لکھی ہیں، ایک مطلب اس کا یہ بیان کیا گیا ہے کہ جو بندہ ان اسماء الٰہیہ کے مطالب سمجھ کر اور ان کی معرفت حاصل کر کے اللہ تعالیٰ کی ان صفات پر یقین کرے گا جن کے یہ اسماء عنوانات ہیں وہ جنت میں جائے گا، دوسرا ایک مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ جو بندہ ان اسماء حسنیٰ کے تقاضوں پر عمل پیرا ہوگا وہ جنت میں جائے گا، تیسرا ایک مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ جو بندہ ننانوے ناموں سے اللہ تعالیٰ کو یاد کرے گا اور ان کے ذریعہ اس سے دعا

کرے گا وہ جنت میں جائے گا۔امام بخاریؒ نے "مَنْ اَحْصَاهَا" کی تشریح "مَنْ حَفِظَهَا" سے کی ہے، بلکہ اس حدیث کی بعض روایات میں "مَنْ اَحْصَاهَا" کی جگہ "مَنْ حَفِظَهَا" کے الفاظ بھی وارد ہوئے ہیں، اسلئے اس تشریح کو ترجیح دی گئی ہے، اور اسی لئے ترجمہ میں اس عاجز نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے۔اس بنا پر حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ جو بندہ ایمان اور عقیدت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا قرب اور اس کی رضا حاصل کرنے کیلئے اس کے ننانوے نام محفوظ کرلے اور ان کے ذریعہ اس کو یاد کرے وہ جنت میں جائے گا واللہ اعلم۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰه عَلَیْهِ وَسَلَّم اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالیٰ تِسْعَةً وَّ تِسْعِیْنَ اِسْمًا مِأَةً اِلَّا وَاحِدَةً مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ: هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْمَلِکُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِی الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ الْحَکَمُ الْعَدْلُ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ الْحَلِیْمُ الْعَظِیْمُ الْغَفُوْرُ الشَّکُوْرُ الْعَلِیُّ الْکَبِیْرُ الْحَفِیْظُ الْمُقِیْتُ الْحَسِیْبُ الْجَلِیْلُ الْکَرِیْمُ الرَّقِیْبُ الْمُجِیْبُ الْوَاسِعُ الْحَکِیْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِیْدُ الْبَاعِثُ الشَّهِیْدُ الْحَقُّ الْوَکِیْلُ الْقَوِیُّ الْمَتِیْنُ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ الْمُحْصِیُ الْمُبْدِیءُ الْمُعِیْدُ الْمُحْیِیُ الْمُمِیْتُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْوَالِیُ الْمُتَعَالِیُ الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّؤُفُ مَالِکُ الْمُلْکِ ذُوالْجَلالِ وَالْاِکْرَامِ الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِیُّ الْمُغْنِیُ الْمَانِعُ الضَّار النَّافِعُ النُّوْرُ الْهَادِیُ الْبَدِیْعُ الْبَاقِیُ الْوَارِثُ الرَّشِیْدُ الصَّبُوْرُ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے یعنی ایک کم سو نام ہیں جس نے ان کو محفوظ کیا اور ان کی نگہداشت کی وہ جنت میں جائے گا (ان ناموں کی تفصیل یہ ہے) وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی مالک ومعبود نہیں، وہ ہے (۱) اَلرَّحْمٰنُ (بڑی رحمت والا) (۲) اَلرَّحِیْمُ (نہایت مہربان) (۳) اَلْمَلِکُ (حقیقی بادشاہ اور فرمانروا) (۴) اَلْقُدُّوسُ (نہایت مقدس اور پاک) (۵) اَلسَّلَامُ (جس کی ذاتی

صفت سلامتی ہے)(۶) الْمُؤمِنُ (امن وامان عطا فرمانیوالا)(۷) الْمُهَيمِنُ (پوری نگہبانی فرمانے والا) (۸) الْعَزِيزُ (غلبہ اورعزت جس کی ذاتی صفت ہے، اور جوسب پر غالب ہے) (۹) الْجَبَّارُ (صاحب جبروت ہے ساری مخلوق اس کے زیر تصرف ہے)(۱۰) الْمُتَكَبِّر (کبریائی اور بڑائی اس کا حق ہے)(۱۱) الْخَالِقُ (پیدا فرمانے والا)(۱۲) الْبَارِئُی (ٹھیک بنانے والا)(۱۳) الْمُصَوِّرُ (صورت گری کرنے والا)(۱۴) الْغَفَّارُ (گناہوں کا بہت زیادہ بخشنے والا) (۱۵) الْقَهَّارُ (سب پر پوری طرح غالب اور قابو یافتہ جس کے سامنے سب عاجز اور مغلوب ہیں)(۱۶) الْوَهَّابُ (بغیر کسی عوض اور منفعت کے خوب عطا فرمانے والا) (۱۷) الرَّزَّاقُ (سب کو روزی دینے والا)(۱۸) الْفَتَّاح (سب کیلئے رحمت اور رزق کے دروازے کھولنے والا)(۱۹) الْعَلِيمُ (سب کچھ جاننے والا)(۲۰) الْقَابِضُ (تنگی کرنے والا)(۲۱) الْبَاسِطُ (فراخی کرنے والا یعنی اس کی شان یہ ہے کہ اپنی حکمت اور مشیت کے مطابق کبھی کسی کے حالات میں تنگی پیدا کرتا ہے اور کبھی فراخی کر دیتا ہے)(۲۲) الْخَافِضُ (۲۳) الرَّافِعُ (پست کرنے والا، بلند کرنے والا)(۲۴) الْمُعِز (۲۵) الْمُذِلُّ (عزت دینے والا، ذلت دینے والا یعنی کسی کو نیچا اور کسی کو اونچا کرنا، کسی کو عزت دے کر سرفراز کرنا اور کسی کو قعر مذلت میں گرا دینا اس کے قبضہ واختیار میں ہے، اور یہ سب کچھ اسی کی طرف سے ہوتا ہے)(۲۶) السَّمِيعُ (۲۷) الْبَصِيرُ (سب کچھ سننے والا، سب کچھ دیکھنے والا)(۲۸) الْحَكَم (۲۹) الْعَدْلُ (حاکم حقیقی وسراپا عدل وانصاف)(۳۰) اللَّطِيفُ (لطافت اور لطف وکرم جس کی ذاتی صفت ہے)(۳۱) الْخَبِيرُ (ہر بات سے باخبر) (۳۲) الْحَلِيمُ (نہایت بردبار) (۳۳) الْعَظِيمُ (بڑی عظمت والا، سب سے بزرگ وبرتر) (۳۴) الْغَفُورُ (بہت بخشنے والا)(۳۵) الشَّكُورُ (حسن عمل کی قدر کرنے والا اور بہتر سے بہتر جزا دینے والا)(۳۶) الْعَلِي (۳۷) الْكَبِيرُ (سب سے بالا، سب سے بڑا)(۳۸) الْحَفِيظُ (سب کا نگہبان)(۳۹) الْمُقِيتُ (سب کو سامان حیات فراہم کرنے والا)(۴۰) الْحَسِيبُ (سب کیلئے کفایت کرنے والا) (۴۱) الْجَلِيلُ (عظیم القدر)(۴۲) الْكَرِيمُ (صاحب کرم) (۴۳) الرَّقِيبُ (نگہدار اور محافظ)

(۴۴) الْمُجِيْبُ (قبول فرمانے والا)(۴۵) الْوَاسِعُ (وسعت رکھنے والا) (۴۶) الْحَكِيْمُ (سب کام حکمت سے کرنے والا) (۴۷) الْوَدُوْدُ (اپنے بندوں کو چاہنے والا)(۴۸) الْمَجِيْدُ (بزرگی والا)(۴۹) الْبَاعِثُ (اٹھانے والا، موت کے بعد مردوں کو جلانے والا) (۵۰) الشَّهِيْدُ (حاضر جو سب کچھ دیکھتا ہے اور جانتا ہے) (۵۱) الْحَقُّ (جس کی ذات اور جس کا وجود اصلاً حق ہے)(۵۲) الْوَكِيْلُ (کارساز حقیقی)(۵۳) الْقَوِيُّ (۵۴) الْمَتِيْنُ (صاحب قوت، اور بہت مضبوط)(۵۵) الْوَلِيُّ (سرپرست و مددگار) (۵۶) الْحَمِيْدُ (مستحق حمد وستائش)(۵۷) الْمُحْصِيْ (سب مخلوقات کے بارے میں پوری معلومات رکھنے والا)(۵۸) الْمُبْدِئُ (۵۹) الْمُعِيْدُ (پہلا وجود بخشنے والا، دوبارہ زندگی دینے والا)(۶۰) الْمُحْيِيْ (۶۱) الْمُمِيْتُ (زندگی بخشنے والا، موت دینے والا) (۶۲) الْحَيُّ (زندہ جاوید، زندگی جس کی ذاتی صفت ہے) (۶۳) الْقَيُّوْمُ (خود قائم رہنے والا اور سب مخلوق کو اپنی مشیت کے مطابق قائم رکھنے والا)(۶۴) الْوَاجِدُ (سب کچھ اپنے پاس رکھنے والا) (۶۵) اَلْمَاجِدُ (بزرگی اور عظمت والا)(۶۶) الْوَاحِدُ (۶۷) الْاَحَد (ایک اپنی ذات میں، اور یکتا اپنی صفات میں) (۶۸) الصَّمَدُ (سب سے بے نیاز اور سب اس کے محتاج)(۶۹) الْقَادِرُ (۷۰) الْمُقْتَدِرُ (قدرت والا، سب پر کامل اقتدار رکھنے والا) (۷۱) الْمُقَدِّمُ (۷۲) الْمُؤَخِّرُ (جسے چاہے آگے کر دینے والا، اور جسے چاہے پیچھے کر دینے والا)(۷۳) الْاَوَّلُ (۷۴) الْاٰخِرُ (سب سے پہلے اور سب سے پیچھے یعنی جب کوئی نہ تھا، کچھ نہ تھا، جب بھی وہ موجود تھا اور جب کوئی نہ رہے گا کچھ نہ رہے گا وہ اس وقت اور اس کے بعد بھی موجود رہے گا)(۷۵) الظَّاهِرُ (۷۶) الْبَاطِنُ (بالکل آشکارا اور بالکل مخفی)(۷۷) الْوَالِيُ (مالک وکارساز)(۷۸) الْمُتَعَالِيْ (بہت بلند و بالا)(۷۹) الْبَرُّ (بڑا محسن)(۸۰) التَّوَّابُ (توبہ کی توفیق دینے والا اور توبہ قبول کرنے والا)(۸۱) الْمُنْتَقِمُ (مجرمین کو کیفر کردار کو پہونچانے والا)(۸۲) الْعَفُوُّ (بہت معافی دینے والا) (۸۳) الرَّؤُفُ (بہت مہربان)(۸۴) مَالِكُ الْمُلْكِ

ل　حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں اسی کو راجح بتایا ہے۔

(سارے جہان کا مالک)(۸۵) ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (صاحب جلال اور بہت کرم فرمانیوالا۔ جسکے کرم سے بندہ ہمیشہ خائف رہے اور جس کے کرم سے ہمیشہ امید رکھے) (۸۶) الْمُقْسِطُ (حقدار کا حق ادا کرنے والا عادل ومنصف)(۸۷)الْجَامِعُ (ساری مخلوق کو قیامت کے دن یکجا کرنے والا)(۸۸) الْغَنِیُّ (۸۹) الْمُغْنِیُ (خود بے نیاز جس کو کسی سے کوئی حاجت نہیں، اور اپنی عطا کے ذریعہ بندوں کو بے نیاز کردینے والا) (۹۰)الْمَانِعُ (روک دینے والا ہر اس چیز کو جس کو روکنا چاہے)(۹۱) الضَّارُ (۹۲) النَّافِعُ (اپنی حکمت اور مشیت کے تحت ضرر پہونچانے والا اور نفع پہونچانے والا)(۹۳) النُّوْرُ (سراپا نور)(۹۴) الْهَادِیُ (ہدایت دینے والا)(۹۵) الْبَدِیْعُ (بغیر مثال سابق کے مخلوق کا پیدا فرمانے والا)(۹۶) الْبَاقِیُ (ہمیشہ رہنے والا جس کو کبھی فنا نہیں) (۹۷) الْوَارِثُ (سب کے فنا ہوجانے کے بعد باقی رہنے والا)(۹۸) الرَّشِیْدُ (صاحب رشد وحکمت جس کا ہر فعل اور فیصلہ درست ہے)(۹۹) الصَّبُوْرُ (بڑا صابر کہ بندوں کی بڑی سے بڑی نافرمانیاں دیکھتا ہے اور فوراً عذاب بھیج کران کو تہس نہس نہیں کر دیتا)(رواہ الترمذی والبیہقی فی الدعوات الکبیر)۔

(تشریح) حضرت ابو ہریرہؓ کی اس حدیث کا ابتدائی حصہ بالکل وہی ہے جو صحیحین کے حوالے سے ابھی اوپر نقل ہو چکا ہے۔ البتہ اس میں ننانوے ناموں کی تفصیل بھی ہے جو صحیحین کی روایت میں نہیں ہے۔ اس بنا پر بعض محدثین اور شارحین حدیث کی یہ رائے ہے کہ حدیث مرفوع یعنی رسول اللہ ﷺ کا اصل ارشاد بس اسی قدر ہے جتنا صحیحین کی روایت میں ہے یعنی "اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِیْنَ اِسْمًا مِائَةً اِلَّا وَاحِدًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ : اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جس نے ان کا احصا کیا وہ جنت میں جائے گا" اور ترمذی کی اس روایت میں اور اسی طرح ابن ماجہ اور حاکم وغیرہ کی روایتوں میں جو ننانوے نام بہ تفصیل ذکر کئے گئے ہیں وہ ارشاد نبوی ﷺ کا جز نہیں ہیں، بلکہ حضرت ابو ہریرہؓ کے بلاواسطہ یا بالواسطہ کسی شاگرد نے حدیث کے اجمال کی تفصیل اور ابہام کی تفسیر کے طور پر قرآن وحدیث میں واردشدہ یہ اسماء الٰہیہ ذکر کردیئے ہیں، گویا محدثین کی اصطلاح یہ اسماء حسنیٰ مدرج ہیں۔ اس کا ایک قرینہ یہ بھی ہے کہ ترمذی اور ابن ماجہ اور حاکم کی روایات میں ننانوے ناموں کی جو تفصیل ذکر کی گئی ہے اس میں بہت بڑا فرق اور اختلاف ہے۔ اگر یہ ننانوے اسماء حسنیٰ رسول اللہ ﷺ کے تعلیم فرمائے ہوئے ہوتے تو ان میں اتنا اختلاف اور فرق ناممکن تھا۔

بہر حال یہ تو فن حدیث وروایت کی ایک بحث ہے، مگر اتنی بات سب کے نزدیک مسلّم ہے کہ ترمذی کی

مندرجہ بالا روایت میں اوراسی طرح ابن ماجہ وغیرہ کی روایات میں جوننانوے اسماء حسنیٰ ذکر کئے گئے ہیں وہ سب قرآن مجید اوراحادیث میں وارد ہوئے ہیں اور رسول اللہ ﷺ نے ننانوے اسماء الٰہیہ کے احصاء پر (محفوظ کرنے پر) جو بشارت سنائی ہے اس کے وہ بندے یقیناً مستحق ہیں جو اخلاص اور عظمت کے ساتھ ان اسماء حسنیٰ کو محفوظ کریں اوران کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کو یاد کریں۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ نے اس کی لم اوراس کے سبب پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا ہے کہ جو صفات کمال حق تعالیٰ کے لئے ثابت کی جانی چاہئیں اور جن چیزوں کی اس کی ذات پاک سے نفی کی جانی چاہیئے، ان ننانوے اسماء حسنیٰ میں وہ سب کچھ آجاتا ہے، اس بنا پر یہ اسماء حسنیٰ اللہ کی معرفت کا مکمل اور صالح نصاب ہیں اوراسی وجہ سے ان کے مجموعہ میں غیر معمولی برکت ہے، اور علم قدس میں ان کو خاص قبولیت حاصل ہے۔ اور جب کسی بندے کے اعمال نامہ میں یہ اسماء الٰہیہ ثبت ہوں تو یہ اس کے حق میں رحمت الٰہی کے فیصلہ کے موجب ہونگے۔ واللہ اعلم۔

ترمذی کی مندرجہ بالا روایت میں ننانوے اسماء حسنیٰ ذکر کئے گئے ہیں ان میں سے دوتہائی تو قرآن مجید میں مذکور ہیں باقی احادیث میں وارد ہوئے ہیں۔

حضرت امام جعفر صادقؒ وغیرہ جن حضرات نے دعویٰ کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام قرآن مجید میں موجود ہیں ان کا ذکر ابھی اوپر کیا جاچکا ہے، اوراس سلسلہ میں حافظ ابن حجرؒ کی آخری کاوش کا بھی حوالہ دیا جاچکا ہے کہ انھوں نے صرف قرآن مجید سے وہ ننانوے اسماء الٰہیہ نکالے ہیں جو اپنی اصل شکل میں قرآن پاک میں موجود ہیں۔

اگر ان محدثین اور شارحین کی بات مان لی جائے جن کی رائے ہے کہ ترمذی کی مندرجہ بالا روایت میں جو اسماء حسنیٰ ذکر کئے گئے ہیں یہ حدیث مرفوع کا جزو نہیں ہیں بلکہ کسی راوی کی طرف سے مُدرَج ہیں [1] یعنی حدیث کے اجمال کی تفصیل کے طور پر انھوں نے قرآن وحدیث میں واردشدہ ان ناموں کا اضافہ کردیا ہے تو پھر حافظ ابن حجرؒ کی پیش کردہ وہ فہرست قابل ترجیح ہونی چاہیئے جس کے سب اسماء بغیر کسی خاص تصرف کے قرآن مجید ہی سے لئے گئے ہیں۔ ہم ذیل میں ان کی وہ فہرست فتح الباری سے نقل کرتے ہیں، انھوں نے اسم ذات "اللہ" کو بھی ان ننانوے ناموں میں شمار کیا ہے، بلکہ اسی سے اپنی فہرست کا آغاز کیا ہے۔

## ننانوے اسماءِ حُسنیٰ جوسب کے سب قرآن مجید میں ہیں:

اَللّٰهُ اَلرَّحْمٰنُ اَلرَّحِيْمُ اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوسُ اَلسَّلَامُ اَلْمُؤْمِنُ اَلْمُهَيْمِنُ اَلْعَزِيْزُ
اَلْجَبَّارُ اَلْمُتَكَبِّرُ اَلْخَالِقُ اَلْبَارِئُ اَلْمُصَوِّرُ اَلْغَفَّارُ اَلْقَهَّارُ اَلتَّوَّابُ اَلْوَهَّابُ

الْـخَلَّاقُ الـرَّزَّاقُ الْـفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ الْحَلِيْمُ الْعَظِيْم الْوَاسِعُ الْحَكِيْمُ الْحَىُّ الْقَيُّـوْمُ السَّـمِيْـعُ الْبَـصِيْـرُ الـلَّطِيْفُ الْـخَبِيْر الْعَلِىُّ الْكَبِيْر الْمُحِيْطُ الْقَـدِيْـرُ الْـمَـوْلٰـىٰ الـنَّـصِيْرُ الْكَرِيْمُ الرَّقِيْبُ اَلْقَرِيْبُ الْمُجِيْب الْوَكِيْلُ الْـحَسِيْـبُ الْـحَفِيْظُ الْمُقِيْت الْوَدُوْدُ الْمَجِيْد الْوَارِثُ الشَّهِيْدُ الْوَلِىُّ الْحَمِيْدُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ الْقَوِّىُ الْمَتِيْنُ الْغَنِىُّ الْمَالِكُ الشَّدِيْدُ الْقَادِرُ الْـمُـقْتَـدِرُ الْـقَـاهِـرُ الْـكَافِىُ الشَّاكِرُ الْمُسْتَعَانُ الْفَاطِرُ الْبَدِيْعُ الْغَافِرُ الْاَوَّلُ الْاٰخِـرُ الـظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْكَفِيْلُ الْغَالِبُ الْحَكَمُ الْعَالِمُ الرَّفِيْعُ الْـحَـافِـظُ الْـمُـنْـتَـقِمُ الْقَائِمُ الْمُحْيِىُ الْجَامِعُ الْمَلِيْكُ الْمُتَعَالُ النُّوْرُ الْهَـادِىُ الْـغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْعَفُوُّ الرَّؤُفُ الْاَكْرَمُ الْاَعْلٰىٰ الْبَرُّ الْحَفِىُّ الـرَّبُّ الْاِ لٰـهُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ اَلَّذِىْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّه كُفُوًا اَحَدٌ: (فتح الباری،ص۸۳، جز۲۶)

ننانوے اسماء حسنیٰ جو ترمذی کی روایت میں مذکور ہیں اور اسی طرح یہ جو حافظ ابن حجرؒ نے قرآن مجید سے نکالے ہیں، بلاشبہ ان میں سے ہر ایک معرفت الٰہی کا دروازہ ہے۔علمائے امت نے مختلف زمانوں میں ان کی شرح میں مستقل کتابیں لکھی ہیں۔مہمات میں ان کے ذریعہ دعا کرنا بہت سے اہل اللہ کے خاص معمولات میں سے ہے اور اس کی قبولیت مجرب ہے۔

# اسمِ اعظم

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے بعض وہ ہیں جن کو اس لحاظ سے خاص عظمت و امتیاز حاصل ہے کہ جب ان کے ذریعہ دعا کیجائے تو قبولیت کی زیادہ امید کی جاسکتی ہے۔

ان اسماء کو حدیث میں "اِسمِ اَعْظَمُ" کہا گیا ہے،لیکن صفائی اور صراحت کے ساتھ ان کو متعین نہیں کیا گیا ہے، بلکہ کسی درجہ میں ان کو مبہم رکھا گیا ہے، اور یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ لیلۃ القدر کو اور جمعہ کے دن قبولیت دعا کے خاص وقت کو مبہم رکھا گیا ہے۔احادیث سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی ایک ہی اسم پاک "اِسمِ اَعْظَمُ" نہیں ہے جیسا کہ بہت سے لوگ سمجھتے ہیں، بلکہ متعدد اسماء حسنیٰ کو "اِسمِ اَعْظَمُ" کہا گیا ہے۔نیز انہی احادیث سے یہ بات بھی صاف ہوجاتی ہے کہ عوام میں اسم اعظم کا جو تصور ہے اور اس کے بارے میں جو باتیں مشہور ہیں وہ بالکل بے اصل ہیں، اصل حقیقت وہی ہے جو اوپر عرض کی گئی ہے۔اس کے بعد اس سلسلہ کی

احادیث ذیل میں پڑھی جائیں۔

...... عَنْ بُرِیْدَۃَؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ اَلَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ، فَقَالَ دَعَا اللّٰہَ بِاسْمِہِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اِذَا سُئِلَ بِہٖ اَعْطٰی وَاِذَا دُعِیَ بِہٖ اَجَابَ: حضرت بریدہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو اس طرح دعا کرتے ہوئے سنا، وہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں عرض کر رہا تھا "اے اللہ؛ میں اپنی حاجت تجھ سے مانگتا ہوں بوسیلہ اس کے کہ بس تو اللہ ہے، تیرے سوا کوئی مالک ومعبود نہیں، ایک اور یکتا ہے، بالکل بے نیاز ہے، اور سب تیرے محتاج ہیں، نہ کوئی تیری اولاد، نہ تو کسی کی اولاد اور نہ تیرا کوئی ہمسر"۔ رسول اللہ ﷺ نے (جب اس بندے کو یہ دعا کرتے سنا تو) فرمایا کہ؛ اس بندے نے اللہ سے اس کے اس اسم اعظم کے وسیلہ سے دعا کی ہے کہ جب اس کے وسیلہ سے اس سے مانگا جائے تو وہ دیتا ہے، اور جب اس کے وسیلہ سے دعا کی جائے تو وہ قبول کرتا ہے (رواہ الترمذی وابوداؤد)۔

...... عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ کُنْتُ جَالِسًا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ وَرَجُلٌ یُصَلِّی فَقَالَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَسْئَلُکَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَعَا اللّٰہَ بِاسْمِہِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اِذَادُعِیَ بِہٖ اَجَابَ وَاِذَاسُئِلَ بِہٖ اَعْطٰی: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ میں ایک دن مسجد میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر تھا اور ایک بندہ وہاں نماز پڑھ رہا تھا، اس نے اپنی دعا میں عرض کیا "اے اللہ؛ میں تجھ سے اپنی حاجت مانگتا ہوں بوسیلہ اس کے کہ ساری حمد وستائش تیرے ہی لئے سزاوار ہے، کوئی معبود نہیں تیرے سوا، تجھ ہی سے مانگتا ہوں، اے ذوالجلال والاکرام؛ اے حیّ وقیّوم؛"۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس بندے نے اللہ کے اس اسم اعظم کے وسیلہ سے دعا کی ہے کہ اس کے وسیلہ سے جب خدا سے دعا کی جائے تو وہ قبول فرماتا ہے، جب اس کے وسیلہ سے اس سے مانگا جائے تو وہ عطا فرماتا ہیرواہ الترمذی وابوداؤدوالنسائی وابن ماجہ)۔

...... عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ یَزِیْدَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِسْمُ اللّٰہِ الْاَعْظَمُ

فِیْ هَاتَیْنِ الْاٰیَتَیْنِ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَاحِد لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَفَاتِحَةِ اٰلِ عِمْرَانَ، الٓمّٓ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْم : اسماء بنت یزیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا؛ اسم اللہ الاعظم ان دوآیتوں میں موجود ہے ایک " وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ "اوردوسری اٰل عمران کی ابتدائی آیت" الٓمّٓ .اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْم "(جامع ترمذی،سنن ابوداؤد،سنن ابن ماجہ،سنن دارمی)۔

(تشریح)ان احادیث میں غورکرنے سے صاف معلوم ہوجاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کسی ایک مخصوص نام پاک کواسم اعظم نہیں فرمایا گیاہے، بلکہ یہ بات زیادہ قرین قیاس معلوم ہوتی ہے کہ آخری حدیث میں جن دوآیتوں کا حوالہ دیا گیا،اوراس سے پہلی دونوں حدیثوں میں دوشخصوں کی جودودعائیں نقل کی گئی ہیں ان میں سے ہرایک میں متعدداسماءالٰہیہ کی خاص ترکیب سے اللہ تعالیٰ کا جومرکب اور جامع وصف مفہوم ہوتاہے اس کو "اِسْمِ اَعْظَم" سے تعبیر فرمایا گیاہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ جن کواللہ تعالیٰ نے اس نوع کےعلوم ومعارف سے خاص طور پرنوازا ہے،انھوں نے ان احادیث سے یہی سمجھا ہے۔ شاہ صاحبؒ حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں:

واعلم ان الاسم الاعظم الذی اذاسئل به اعطی واذادعی ہٖ اجاب هوالاسم الـذی یدل علی اجمع تدل من تدلیات الحق والذی تداوله الملاء الا علی

---

۱ حضرت شاہ ولی اللہؒ نے حجۃ اللہ البالغہ میں "احسان" کے بیان میں قرآن مجید کی تلاوت پرکلام کرتے ہوئےتحریرفرمایا ہے؛

"تلاوت قرآن کی روح یہ ہے کہ شوق ومحبت اورانتہائی تعظیم واجلال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوکرقرآن پاک کی تلاوت کرے،اوراس کے مواعظ اورنصائح میں غوراوران سے اثرلینے کی کوشش کرے،اوراس کے احکام و ہدایات کی تعمیل اور پیروی کےعزم کے ساتھ تلاوت کرے اوراس میں بیان ہونے والے قصص اورامثال سے عبرت حاصل کرےاورجب اللہ کی صفات کا بیان آئے تو کہے "سبحان اللہ "اورجب ان آیتوں سے گذرے جن میں جنت اوراللہ کی رحمت کا بیان ہے تو اللہ سے فضل وکرم فرمانے کی دعا کرے اوراپنے لئے جنت اوررحمت کا سوال کرے۔اورجب ان آیتوں سے گذرے جن میں دوزخ کا اوراللہ کے غضب کا بیان ہے تو اللہ سے پناہ مانگے"

بلاشبہ اس طرح کی تلاوت قلب کا خاص الخاص صیقل ہےاورجس بندہ کوکسی درجہ میں بھی ایسی تلاوت نصیب ہواس پراللہ تعالیٰ کا خاص الخاص فضل ہے۔اللہ تعالیٰ اپنے اس فضل سےمحروم نہ فرمائے۔

اکثر تداول ونطقت به التراجمة فی کل عصر....وھٰذا معنی یصدق علی "انت اللّٰه لا الٰه الا انت الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوًا احد" وعلی "لک الحمد لا الٰه انت الحنان المنان بدیع السمٰوٰت والارض یا ذالجلال الاکرام یا حیّ یاقیّوم " ویصدق علی اسماء تضاھی ذالک. (حجۃ اللہ البالغہ،ص۷۷،جلد۲)۔ واللہ اعلم (معارف الحدیث، جلد۵،ص۵۹تا ۷۲)۔

## قرآن مجید کی تلاوت:

قرآن مجید کی تلاوت بھی "ذکرُ الله " کی ایک قسم ہے،اور بعض حیثیتوں سے سب سے افضل اوراعلیٰ قسم ہے۔اس میں بندے کی مشغولیت اللہ تعالیٰ کو بیحد محبوب ہے۔

بلا شبہ اللہ تعالیٰ تشبیہ اور مثال سے وراء الورا ہے،لیکن ناچیز راقم سطور نے اس حقیقت کو اپنے اس ذاتی تجربہ سے خوب سمجھا ہے کہ جب کبھی کسی کو اس حال میں دیکھا کہ وہ میری لکھی ہوئی کوئی کتاب قدر اور توجہ سے پڑھ رہا ہے تو دل سرور سے بھر گیا اور اس شخص سے ایک خاص تعلق اور لگاؤ پیدا ہوگیا،ایسا تعلق اور لگاؤ جو بہت سے قریبی عزیزوں دوستوں سے بھی نہیں ہوتا۔ بہر حال میں نے تو اپنے اسی تجربہ سے یہ سمجھا کہ جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے کو اپنے پاک کلام قرآن مجید کی تلاوت کرتے سنتا اور دیکھتا ہوگا،تو اس بندہ پر اس کو کیسا پیار آتا ہوگا (الاّ یہ کہ کسی شدید جرم کی وجہ سے وہ اللہ تعالیٰ کے پیار اور نظرِ کرم کا مستحق ہی نہ ہو)۔

رسول اللہ ﷺ نے اُمّت کو قرآن مجید کی عظمت سے آشنا کرنے اور اس کی تلاوت وغیرہ کی ترغیب دینے کیلئے مختلف عنوانات استعمال فرمائے ہیں۔ہم نے بھی اس سلسلہ کی احادیث کو مختلف عنوانات میں تقسیم کردیا ہے۔اللہ تعالیٰ رسول اللہ ﷺ کے ان ارشادات سے وہ نفع اٹھانے کی توفیق دے جو ان کا اصل مقصد ہی۔

## قرآن مجید کی عظمت وفضیلت:

قرآن مجید کی بے انتہا عظمت کیلئے بس اتنا کافی ہے کہ وہ کلام اللہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی حقیقی صفت ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس دنیا میں جو کچھ بھی ہے، یہاں تک کہ زمینی مخلوقات میں کعبۃ اللہ اور انبیا علیہم السّلام کی مقدس ہستیاں اور عالمِ بالا و عالمِ غیب کی مخلوقات میں عرش،کرسی،لوح وقلم، جنت اور جنت کی نعمتیں اور اللہ کے مقرب ترین فرشتے، یہ سب اپنی معلوم ومسلّم عظمت کے باوجود غیر اللہ اور مخلوق ہیں۔لیکن قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی اور اس سے الگ کی کوئی چیز نہیں ہے، بلکہ اس کی حقیقی صفت ہے جو اس کی ذاتِ عالی کے ساتھ قائم ہے۔ یہ

www.nooreHidayat.org

اللہ پاک کا بے انتہا کرم اور اس کی عظیم ترین نعمت ہے کہ اس نے اپنے رسول امین ﷺ کے ذریعہ وہ کلام ہم تک پہونچایا اور ہمیں اس لائق بنایا کہ اس کی تلاوت کر سکیں اور اپنی زبان سے اس کو پڑھ سکیں، پھر اس کو سمجھ کر اپنی زندگی کا راہنما بنا سکیں۔

قرآن مجید میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے طویٰ کی مقدس وادی میں ایک مبارک درخت سے حضرت موسیٰ علیہ السّلام کو اپنا کلام سنوایا تھا۔ کتنا خوش قسمت تھا وہ بے جان درخت جس کو حق تعالیٰ نے اپنا کلام سنوانے کیلئے بطور آلہ کے استعمال فرمایا تھا۔ جو بندہ اخلاص اور عظمت و احترام کے ساتھ قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہے اس کو اس وقت شجرہ موسوی والا یہ شرف نصیب ہوتا ہے، اور گویا وہ اس وقت اللہ تعالیٰ کے کلامِ مقدس کا ریکارڈ رہوتا ہے۔ حق یہ ہے کہ انسان اس سے آگے کسی شرف کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔ اس مختصر تمہید کے بعد قرآن مجید کی عظمت و فضیلت کے بیان میں رسول اللہ ﷺ کی مندرجہ ذیل چند حدیثیں پڑھئے۔

## قرآن کی تلاوت قلب کا صیقل:

عَنْ اِبْنِ عُمَرؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ ھٰذِہِ الْقُلُوْبَ تَصْدَأُ کَمَا یَصْدَأُ الْحَدِیْدُ اِذَا اَصَابَہٗ الْمَاءُ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا جِلَاءُ ھَا قَالَ کَثْرَۃُ ذِکْرِ الْمَوْتِ وَتِلَاوَۃُ الْقُرْاٰن: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ بنی آدم کے قلوب پر اسی طرح زنگ چڑھ جاتا ہے جس طرح پانی لگ جانے سے لوہے پر زنگ آجاتا ہے۔ عرض کیا گیا کہ: حضور ﷺ دلوں کے اس زنگ کے دور کرنے کا ذریعہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ؛ موت کو زیادہ یاد کرنا اور قرآن مجید کی تلاوت (رواہ البیہقی فی شعب الایمان)۔

(تشریح) قلب کا زنگ یہ ہے کہ وہ اللہ سے اور آخرت کے انجام سے غافل اور بے فکر ہو جائے، یہ سارے چھوٹے بڑے گناہوں کی جڑ (بنیاد) ہے۔ اور بلا شبہ اس بیماری کی اکسیر دوا یہی ہے کہ اپنی موت کو بہت زیادہ یاد کیا جائے۔ اس کا دھیان اور مراقبہ کیا جائے، اور قرآن مجید کی عظمت اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کی خاص الخاص نسبت کو ملحوظ رکھتے ہوئے ادب اور اخلاص کے ساتھ اس کی تلاوت کی جائے، اگر یہ تلاوت اللہ تعالیٰ کی توفیق سے شوق اور تدبر کے ساتھ ہوگی تو انشاء اللہ قلب کے زنگ کو دور کر کے اس کو نور سے بھر دے گی۔ اللہ تعالیٰ نصیب فرمائے[1]۔

## ماہر قرآن کا مقام:

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ وَالَّذِیْ يَقْرَءُ الْقُرْاٰنَ وَيَتَتَعْتَعُ فِيْهِ وَهُوَ عَلَيْهِ شَاقٌّ لَهٗ اَجْرَانِ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ جس نے قرآن میں مہارت حاصل کر لی ہو (اور اس کی وجہ سے وہ اس کو حفظ یا ناظرہ بہتر طریقے اور بے تکلّف رواں پڑھتا ہو) وہ معزز اور وفادار وفرمانبردار فرشتوں کے ساتھ ہوگا۔ اور جو بندہ قرآن پاک (اچھا یاد اور رواں نہ ہونے کی وجہ سے زحمت اور مشقت کے ساتھ) اس طرح پڑھتا ہو کہ اس میں اٹکتا ہو تو اس کو دو اجر ملیں گے (ایک تلاوت کا اور دوسرے زحمت و مشقت کا) (رواہ البخاری ومسلم)۔

(تشریح) اس حدیث میں " سَفَرَہ " کا جو لفظ ہے اس سے اکثر شارحین نے حاملِ وحی فرشتے مراد لئے ہیں اور بعض حضرات نے اس سے انبیاء ورسل علیہم السّلام مراد لئے ہیں، اور لفظی معنیٰ میں ان دونوں ہی کی گنجائش ہے۔ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کے بندے قرآن کو کلام اللہ یقین کرتے ہوئے اس سے شغف رکھیں اور کثرتِ تلاوت اور اہتمام کی وجہ سے قرآن پاک سے ان کو خاص مناسبت اور مہارت حاصل ہو جائے ان کو انبیاء ورسل کی یا حاملِ وحی فرشتوں کی معیت اور رفاقت حاصل ہوگی۔ اور جن ایمان والے بندوں کا حال یہ ہو کہ صلاحیت اور مناسبت کی کمی کی وجہ سے وہ قرآن کو رواں نہ پڑھ سکتے ہوں، بلکہ تکلّف کے ساتھ اور اٹک اٹک کے پڑھتے ہوں اور اس کے باوجود اجر وثواب کی امید پر تلاوت کرتے ہوں، ان کو تلاوت کے اجر وثواب کے علاوہ اس زحمت و مشقت کا بھی ثواب ملے گا، اس لئے ان کو اپنی اس حالت کی وجہ سے شکستہ دل نہ ہونا چاہیئے۔ (معارف الحدیث، جلد۵ ص۸۴تا۸۶)۔

## قرآن مجید کے سیکھنے سکھانے کی فضیلت:

عن عثمانؓ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيه وَسلَّمَ خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَه: حضرت عثمانؓ سے حضور اقدس ﷺ کا ارشاد منقول ہے کہ تم میں سب سے بہتر شخص وہ ہے جو قرآن شریف کو سیکھے اور سکھائے (رواہ البخاری و ابوداؤد والترمذی والنسائی و ابن ماجة هٰذا فی الترغیب و عزاه الیٰ مسلم ایضًا لکن حکی الحافظ فی الفتح عن ابی العلاء ان مسلماسکت عنه).

اکثر کتب میں یہ روایت واؤ کے ساتھ ہے جس کا ترجمہ لکھا گیا۔ اس صورت میں فضیلت اس شخص کیلئے ہے جو کلام

مجید سیکھے اوراس کے بعد دوسروں کوسکھائے۔لیکن بعض کتب میں یہ روایت او کے ساتھ وارد ہوئی ہے۔اس صورت میں بہتری اور فضیلت عام ہوگی کہ خود سیکھے یا دوسروں کوسکھائے دونوں کیلئے مستقل خیر و بہتری ہے۔

کلام پاک چونکہ اصل دین ہے۔اس کی بقاء واشاعت پر ہی دین کا مدار ہے اس لئے اس کے سیکھنے اور سکھانے کا افضل ہونا ظاہر ہے۔کسی توضیح کا محتاج نہیں، البتہ اس کی انواع مختلف ہیں۔کمال اس کا یہ ہے کہ مطالب ومقاصد سمیت سیکھے اور ادنیٰ درجہ اس کا یہ ہے کہ فقط الفاظ سیکھے۔نبی کریم ﷺ کا دوسرا ارشاد حدیث مذکور کی تائید کرتا ہے جو سعید بن سلیمؓ سے مرسلاً منقول ہے کہ جو شخص قرآن شریف کو حاصل کرے اور پھر کسی دوسرے شخص کو جو کوئی اور چیز عطا کیا گیا ہوا پنے سے افضل سمجھے تو اس نے حق تعالیٰ شانہٗ کے اس انعام کی جو اپنے کلام پاک کی وجہ سے اس پر فرمایا ہے تحقیر کی ہے اور کھلی ہوئی بات ہے کہ جب کلامِ الٰہی سب کلاموں سے افضل ہے جیسا کہ مستقل احادیث میں آنے والا ہے تو اس کا پڑھنا پڑھانا یقیناً سب چیزوں سے افضل ہونا چاہئے۔ایک دوسری حدیث سے ملاّ علی قاریؒ نے نقل کیا ہے کہ جس شخص نے کلام پاک کو حاصل کیا اس نے علوم نبوت کو اپنی پیشانی میں جمع کرلیا۔سہل تستریؒ فرماتے کہ حق تعالیٰ شانہٗ سے محبت کی علامت یہ ہے کہ اس کے کلام پاک کی محبت قلب میں ہو۔شرح احیاء میں ان لوگوں کی فہرست میں جو قیامت کے ہولناک دن میں عرش کے سائے کے نیچے رہیں گے ان لوگوں کو بھی شمار کیا ہے جو مسلمانون کے بچوں کو قرآن پاک تعلیم دیتے ہیں۔نیز ان لوگوں کو بھی شمار کیا ہے جو بچپن میں قرآن شریف سیکھتے ہیں اور بڑے ہوکر اس کی تلاوت کا اہتمام کرتے ہیں۔

## قرآن مجید یاد کرنے اور اپنی اولاد کو حفظ پر لگانے کی فضیلت:

عَنْ مَعاذِ نِ الجهنيؓ قَال قَال رَسُولُ اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم مَنْ قَرَأَ الْقُراٰنَ وَعَمِلِ بِمافِيْهِ اُلْبِسَ وَالِدُه تاجاً يَومَ القِيٰمة ضوئُه' اَحْسَنُ مِنْ ضَوءِ الشَّمْسِ فِي بُيُوتِ الدُّنْيَا لَو كانَتْ فَمَاظَنُّكُم بِالَّذِى عَمِلَ بِهٰذَا: حضرت معاذ جہنیؓ نے حضور اکرم ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص قرآن پڑھے اور اس پر عمل کرے اس کے والدین کو قیامت کے دن ایک تاج پہنایا جاوے گا جس کی روشنی آفتاب کی روشنی سے بھی زیادہ ہوگی۔اگر وہ آفتاب تمہارے گھروں میں ہو پس کیا گمان ہے تمہارا اس شخص کے متعلق جو خود عامل ہے (رواه احمد و ابو داؤد و صححه الحاكم)۔

یعنی قرآن پاک کے پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کی برکت یہ ہے کہ اس کے پڑھنے والے کے والدین کو ایسا تاج پہنایا جائے گا جس کی روشنی آفتاب کی روشنی سے بہت زیادہ ہوگی۔اگر وہ آفتاب تمہارے گھروں میں ہو۔یعنی

آفتاب اتنی دور سے اس قدر روشنی پھیلاتا ہے۔ اگر وہ گھر کے اندر آ جائے تو یقیناً بہت زیادہ روشنی اور چمک کا سبب ہوگا تو پڑھنے والے کے والدین کو جو تاج پہنایا جاوے گا اس کی روشنی اس روشنی سے زیادہ ہوگی جس کو گھر میں طلوع ہونے والا آفتاب پھیلا رہا ہے اور جبکہ والدین کیلئے یہ ذخیرہ ہے تو خود پڑھنے والے کے اجر کا خود اندازہ کر لیا جاوے کہ کس قدر ہوگا کہ جب اس کے طفیلیوں کا یہ حال ہے تو خود اصل کا حال بدرجہا زیادہ ہوگا کہ والدین کو یہ اجر صرف اس وجہ سے ہوا ہے کہ وہ اس کے وجود یا تعلیم کا سبب ہوئے ہیں۔ آفتاب کے گھر میں ہونے سے جو تشبیہہ دی گئی ہے اس میں علاوہ ازیں کہ قرب میں روشنی زیادہ محسوس ہوتی ہے ایک اور لطیف امر کی طرف بھی اشارہ ہے وہ یہ کہ جو چیز ہر وقت پاس رہتی ہے اس سے انس والفت زیادہ ہوتی ہے، اس لئے آفتاب کی دوری کی وجہ سے جو اس سے بیگانگی ہے وہ ہر وقت کے قرب کی وجہ سے مبدّل بہ انس ہو جاوے گی، تو اس صورت میں روشنی کے علاوہ اس کے ساتھ مونست کی طرف بھی اشارہ ہے اور اس طرف بھی کہ وہ اپنی ہوگی کہ آفتاب سے اگرچہ ہر شخص فائدہ اٹھاتا ہے لیکن اگر وہ کسی کو ہبہ کر دیا جائے تو اس کیلئے کس قدر افتخار کی چیز ہو۔

حاکمؒ نے بریدہؓ سے حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص قرآن شریف پڑھے اور اس پر عمل کرے اس کو ایک تاج پہنایا جاوے گا جو نور سے بنا ہوا ہوگا اور اس کے والدین کو ایسے دو جوڑے پہنائے جاویں گے کہ تمام دنیا ان کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ وہ عرض کریں گے کہ یا اللہ یہ جوڑے کس صلہ میں ہیں تو ارشاد ہوگا کہ تمہارے بچّے کے قرآن شریف پڑھنے کے عوض ہیں۔

جمع الفوائد میں طبرانیؒ سے نقل کیا ہے کہ حضرت انسؓ نے حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص اپنے بیٹے کو ناظرہ قرآن شریف سکھلاوے اس کے سب اگلے اور پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور جو شخص حفظ کرائے اس کو قیامت میں چودھویں رات کے چاند کے مشابہ اُٹھایا جاوے گا اور اس کے بیٹے سے کہا جاوے گا کہ پڑھنا شروع کر جب بیٹا ایک آیت پڑھے گا باپ کا ایک درجہ بلند کیا جاوے گا حتّٰی کہ اسی طرح قرآن شریف پورا ہو۔

بچّے کے قرآن شریف پڑھنے پر باپ کیلئے یہ فضائل ہیں اور اسی پر بس نہیں۔ دوسری بات بھی سن لیجئے کہ اگر خدانخواستہ آپ نے اپنے بچّے کو چار پیسے کے لالچ میں دین سے محروم رکھا تو یہ ہی نہیں کہ آپ اس لازوال ثواب سے محروم رہیں گے۔ بلکہ اللہ کے یہاں آپ کو جواب دہی بھی کرنی پڑے گی۔ آپ اس ڈر سے کہ یہ مولوی وحافظ پڑھنے کے بعد صرف مسجد کے ملاّنے اور ٹکڑے کے محتاج بن جاتے ہیں، اس وجہ سے آپ لاڈلے بچّے کو اس سے بچاتے ہیں یاد رکھیں کہ اس سے آپ اس کو تو دائمی مصیبت میں گرفتار کر ہی رہے ہیں۔ مگر ساتھ ہی اپنے اوپر بھی بڑی سخت جواب دہی لے رہے ہیں۔ حدیث کا ارشاد ہے: كُلُّكُمْ رَاعٍ وَ كُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ

رَعِیَّتِہٖ : ہر شخص سے اس کے ماتحتوں اور دست نگروں کا بھی سوال ہوگا کہ ان کو کس قدر دین سکھلایا ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ ان عیوب سے آپ بچنے اور بچانے کی کوشش کیجئے۔ مگر جوؤں کے ڈر سے کپڑا نہ پہننا کوئی عقل کی بات نہیں۔ البتہ اس کے صاف رکھنے کی ضرور کوشش چاہئے۔ بالجملہ اگر آپ اپنے بچّے کو دینداری صلاحیّت سکھلائیں گے۔ اپنی جواب دہی سے سبک دوش ہوں گے اور اس وقت تک وہ زندہ رہے جس قدر نیک اعمال کرے گا۔ دعا واستغفار آپ کیلئے کرے گا۔ آپ کیلئے رفع درجات کا سبب بنے گا، لیکن دنیا کی خاطر چار پیسے کے لالچ سے آپ نے اس کو دین سے بے بہرہ رکھا تو یہی نہیں کہ خود آپ کو اپنی حرکت کا وبال بھگتنا پڑے گا جس قدر بداطواریاں فسق وفجور اس سے سرزد ہونگے۔ آپ کے نامہ اعمال بھی اس ذخیرے سے خالی نہ رہیں گے۔ خدارا اپنے حال پر رحم کھائیں۔ دنیا بہر حال گذر جانے والی چیز ہے اور موت ہر بڑی سے بڑی تکلیف کا خاتمہ ہے لیکن جس تکلیف کے بعد موت بھی نہیں اس کا کوئی منتہی نہیں۔

# جس شخص کو قرآن مجید کی کچھ سورتیں یا آیتیں یاد نہ ہوں اس کا دل ویران گھر کی مانند ہے:

عَنْ ابن عباسؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اِنَّ الَّذِی لَیْسَ فِیْ جوفہٖ شَیءٌ مِنَ الْقُرْاٰنِ کَالْبَیْتِ الْخَرِبِ :عبداللہ بن عباسؓ نے نبی کریم ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جس شخص کے قلب میں قرآن شریف کا کوئی حصّہ بھی محفوظ نہیں وہ بمنزلہ ویران گھر کے ہے (رواہ الترمذی و قال ھذا حدیث صحیح و راہ الدارمی و الحاکم و صححہ)۔

ویران گھر کے ساتھ تشبیہ دینے میں ایک خاص لطیفہ بھی ہے وہ یہ کہ خانہ خالی را دیومی گیرد اسی طرح جو قلب کلام پاک سے خالی ہوتا ہے۔ شیاطین کا اس پر تسلّط زیادہ ہوتا ہے۔ اس حدیث میں حفظ کی کس قدر تعریف فرمائی ہے کہ اس دل کو ویران گھر ارشاد ہوا ہے جس میں کلام پاک محفوظ نہیں۔ ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ جس گھر میں کلام مجید پڑھا جاتا ہے اس کے اہل وعیال کثیر ہو جاتے ہیں اس میں خیر وبرکت بڑھ جاتی ہے ملائکہ اس میں نازل ہوتے ہیں اور شیاطین اس گھر سے نکل جاتے ہیں۔ اور جس گھر میں تلاوت نہیں ہوتی اس گھر میں تنگی اور بے برکتی ہوتی ہے، ملائکہ اس گھر سے چلے جاتے ہیں۔ شیاطین اس میں گھس جاتے ہیں۔ ابن مسعودؓ سے منقول ہے اور بعض لوگ حضور ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ خالی گھر وہی ہے جس میں تلاوت قرآن شریف نہ ہوتی ہو۔

## قرآن مجید سے تکیہ نہ لگاؤ:

عَنْ عُبَيْدَةَ الْمُلَيْكِي قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم يا اَهْلَ الْقُرْاٰنِ لاَ تَتَوَسَّدُوْا الْقُرْاٰنَ وَاتْلُوْه حَقَّ تِلاوَتِهٖ مِن اٰناءِ الَّيْلِ والنَّهارِ وافْشُوْه وتَدَبَّرُوْا مَافِيْهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْن وَلاتَعْجَلُوْا ثوَابَه' فَاِنَّ لَه' ثَوَاباً: عبیدہ ملیکیؓ نے حضور اکرم ﷺ سے نقل کیا ہے قرآن والو قرآن شریف سے تکیہ نہ لگاؤ اور اس کی تلاوت شب وروز کرو جیسا کہ اس کا حق ہے کلام پاک کی اشاعت کرو اور اس کو اچھی آواز سے پڑھو اور اس کے معانی میں تدبّر کرو تاکہ تم فلاح کو پہنچو اور اس کا بدلہ (دنیا میں طلب نہ کرو کہ (آخرت میں) اس کیلئے بڑا اجر و بدلہ ہے (رواہ البیھقی فی شعب الایمان)۔

حدیث بالا میں چند امور ارشاد فرمائے ہیں (۱) قرآن شریف سے تکیہ نہ لگاؤ۔ قرآن شریف سے تکیہ نہ لگانے کے دو مفہوم ہیں۔ اوّل یہ کہ اس پر تکیہ نہ لگاؤ کہ یہ خلاف ادب ہے۔ ابن حجرؒ نے لکھا ہے کہ قرآن پاک پر تکیہ لگانا، اس کی طرف پاؤں پھیلانا، اس کی طرف پشت کرنا، اس کو روندنا وغیرہ حرام ہے۔ دوسرے یہ کہ کنایہ ہے غفلت سے کہ کلام پاک برکت کے واسطے تکیہ ہی پر رکھا رہے جیسا کہ بعض مزارات پر دیکھا گیا کہ قبر کے سرہانے برکت کے واسطے رحل پر رکھا رہتا ہے یہ کلام پاک کی حق تلفی ہے اس کا حق یہ ہے کہ اس کی تلاوت کی جائے (۲) اور اس کی تلاوت کرو جیسا کہ اس کا حق ہے یعنی کثرت سے آداب کی رعایت رکھتے ہوئے خود کلام پاک میں بھی اس کی طرف توجہ فرمایا گیا ارشاد ہے " اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَتْلُوْنَه' حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ": جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جیسا کہ اس کی تلاوت کا حق ہے یعنی جس عزت سے بادشاہ کا فرمان اور جس شوق سے محبوب کا کلام پڑھا جاتا ہے اسی طرح پڑھنا چاہیے (۳) اور اس کی اشاعت کرو یعنی تقریر سے، تحریر سے، ترغیب سے، عملی شرکت سے جس طرح ہو سکے اس کی اشاعت جتنی ہو سکے کرو نبی کریم ﷺ کلام پاک کی اشاعت اور اس کے پھیلانے کا حکم فرماتے ہیں لیکن ہمارے روشن دماغ اس کے پڑھنے کو فضول بتلاتے ہیں اور ساتھ ہی حب رسول اور حب اسلام کے لمبے چوڑے دعوے بھی ہاتھ سے نہیں جاتے۔

ترسم نہ رسی بکعبہ اے اعرابی
کیں رہ کہ تو می روی بترکستان است

آقا کا حکم ہے کہ قرآن پاک کو پھیلاؤ مگر ہمارا عمل ہے کہ جو کوشش اس کی رکاوٹ میں ہو سکے دریغ نہ کریں گے۔ جبریہ تعلیم کے قوانین بنوائیں گے تاکہ بچے بجائے قرآن پاک کے پرائمری پڑھیں۔ ہمیں اس پر غصہ ہے کہ مکتب

کے میاں جی بچوں کی عمر ضائع کر دیتے ہیں اس لئے ہم وہاں نہیں پڑھانا چاہتے مسلم، یقیناً کوتاہی کرتے ہیں مگر ان کی کوتاہی سے آپ سبکدوش ہو جاتے ہیں یا آپ پر سے قرآن پاک کی اشاعت کا فریضہ ہٹ جاتا ہے اس صورت میں تو یہ فریضہ آپ پر عائد ہوتا ہے وہ اپنی کوتاہیوں کے جواب دہ ہیں، مگر ان کی کوتاہی سے آپ بچوں کو جبراً قرآن پاک کے مکاتب سے ہٹا دیں اور ان کے اور ان کے والدین پر نوٹس جاری کرائیں کہ وہ قرآن پاک حفظ یا ناظرہ پڑھانے سے مجبور ہوں اور اس کا وبال آپ کی گردن پر رہے یہ حمیٰ دق کا علاج سنکھیا سے نہیں تو اور کیا ہے۔ عدالت عالیہ میں اپنے اس جواب کو اس لئے جبراً تعلیم قرآن سے ہٹا دیا کہ مکتب کے میاں جی بہت بری طرح سے پڑھاتے تھے آپ خود ہی سوچ لیجیئے کہ کتنا وزن رکھتا ہے بنئے کی دوکان پر جانے کے واسطے یا انگریزوں کی چاکری کے واسطے ۴/۳ کی تعلیم اہمیت رکھتی ہو۔ مگر اللہ کے یہاں تعلیمِ قرآن سب سے اہم ہے۔ (۴) خوش آوازی سے پڑھو جیسا کہ اس سے پہلی حدیث میں گذر چکا۔ (۵) اور اس کے معنی میں غور کرو تو رات میں نقل کیا ہے حق سبحانہ تقدس ارشاد فرماتے ہیں؛ اے میرے بندے تجھے مجھ سے شرم نہیں آتی۔ تیرے پاس راستے میں کسی دوست کا خط آ جاتا ہے تو چلتے چلتے راستے میں ٹھہر جاتا ہے۔ الگ کو بیٹھ کر غور سے پڑھتا ہے، ایک ایک لفظ پر غور کرتا ہے۔ میری کتاب تجھ پر گذرتی ہے۔ میں نے اس میں سب کچھ واضح کر دیا ہے۔ بعض اہم امور کا بار بار تکرار کیا ہے تاکہ تو اس پر غور کرے اور تو بے پرواہی سے اُڑا دیتا ہے کیا میں تیرے نزدیک تیرے دوستوں سے بھی ذلیل ہوں۔ اے میرے بندے تیرے بعض دوست تیرے پاس بیٹھ کر باتیں کرتے ہیں تو ہمہ تن ادھر متوجہ ہو جاتا ہے، کان لگاتا ہے غور کرتا ہے، کوئی بیچ میں تجھ سے بات کرنے لگتا ہے تو تُو اشارے سے اس کو روکتا ہے، منع کرتا ہے، میں تجھ سے اپنے کلام کے ذریعے باتیں کرتا ہوں اور تو ذرا بھی متوجہ نہیں ہوتا۔ کیا میں تیرے نزدیک تیرے دوستوں سے بھی زیادہ ذلیل ہوں۔ آھ۔ تدبر اور غور کے متعلق کچھ مقدمہ میں اور کچھ حدیث نمبر ۸ کے ذیل میں مذکور ہو چکا ہے۔ (۶) اور اس کا بدلہ دنیا میں نہ چاہو، یعنی تلاوت پر کوئی معاوضہ نہ لو کہ آخرت میں اس کا بہت بڑا معاوضہ ملنے والا ہے۔ دنیا میں اگر اس کا معاوضہ لے لیا جاوے گا تو ایسا ہے کہ جیسے روپیوں کے بدلے کوئی شخص کوڑیوں پر راضی ہو جاوے۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب میری امت دینار و درہم کو بڑی چیز سمجھنے لگے گی۔ اسلام کی ہیبت اس سے جاتی رہے گی اور جب امر بالمعروف اور نہی عن المنکر چھوڑ دے گی تو برکت وحی سے یعنی فہم قرآن سے محروم ہو جاوے گی۔ کذا فی الاحیاء اللّٰھم احفظنا مِنه (فضائلِ قرآن)۔

## تلاوتِ قرآن کا اجروثواب:

عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِنْ

کِتَابِ اللّٰہِ فَلَہٗ بِہٖ حَسَنَۃٌ وَالْحَسَنَۃُ بِعَشَرِ اَمْثَالِھَا لَا اَقُوْلُ "الم" حَرْفٌ اَلِفٌ حَرْفٌ وَلَامٌ حَرْفٌ وَمِیمٌ حَرْفٌ: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا؛ جس نے قرآن پاک کا ایک حرف پڑھا اس نے ایک نیکی کمالی اور یہ ایک نیکی اللہ تعالیٰ کے قانون کرم کے مطابق دس نیکیوں کے برابر ہے (مزید وضاحت کیلئے آپ ﷺ نے فرمایا) میں یہ نہیں کہتا (یعنی میرا مطلب یہ نہیں ہے) کہ "الم" ایک حرف ہے، بلکہ الف ایک حرف ہے، لام ایک حرف ہے اور میم ایک حرف ہے (اس طرح "الم" پڑھنے والا بندہ تیس نیکیوں کے برابر ثواب حاصل کرنے کا مستحق ہوگا) (رواہ الترمذی والدارمی)۔

(تشریح) اللہ تعالیٰ کا یہ کریمانہ قانون کہ ایک نیکی کرنے والے کو دس نیکیوں کے برابر ثواب عطا ہوگا۔ واضح طور پر قرآن مجید میں بھی بیان فرمایا گیا ہے۔ سورۃ انعام میں ارشاد ہے کہ؛

مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَۃِ فَلَہٗ عَشْرُ اَمْثَالِھَا: جو بندہ ایک نیکی لیکر آئے گا اس کو اس جیسی دس نیکیوں کا ثواب دیا جائے گا (الانعام، ع ۲۰)۔

مندرجہ بالا حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے امت کو یہ خوشخبری سنائی ہے کہ جو بندہ اخلاص کے ساتھ قرآن مجید کی تلاوت کرے گا تو حروف تہجی کے ہر حرف کی تلاوت ایک نیکی شمار ہوگی جو اجر وثواب کے لحاظ سے دس نیکیوں کے برابر ہوگی۔ اسی حدیث کی بیہقی کی روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ؛"میں نہیں کہتا کہ "بسم اللہ" ایک حرف ہے بلکہ ب ایک حرف ہے، س ایک حرف ہے، م ایک حرف ہے۔ اور میں یہ نہیں کہتا کہ 'الم' ایک حرف ہے، بلکہ ا، ل، م الگ الگ حروف ہیں"۔ اللہ پاک یقین کی دولت نصیب فرمائے۔ اس حدیث میں کلامِ پاک کی تلاوت کرنے والوں کیلئے بڑی ہی خوشخبری ہے۔ **فطوبیٰ لھم۔**

اس حدیث سے ایک واضح اشارہ بھی ملا کہ قرآن مجید کی تلاوت پر ثواب کیلئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ تلاوت معنی مفہوم سمجھے بغیر ہی کی جاتی ہے، اور حدیث نے صراحۃً بتلایا کہ ان حروف کی تلاوت کرنے والوں کو بھی ہر حرف پر دس نیکیوں کا ثواب ملے گا۔ واللہ اعلم۔ (معارف الحدیث ج ۵ ص ۸۲ تا ۸۳)۔

## قرآن اور قوموں کا عروج وزوال:

عَنْ عَمَرَبْنِ الْخَطَّابِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ یَرْفَعُ بِھٰذَا الْکِتَابِ اَقْوَامًا وَیَضَعُ بِہٖ آخَرِیْنَ: حضرت عمر بن الخطابؓ سے روایت ہے کہ رسول

اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب پاک (قرآن مجید) کی وجہ سے بہت سوں کو اونچا کرے گا اور بہت سوں کو نیچے گرائے گا (مسلم)۔

(تشریح) قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی صفتِ قائمہ اور بندوں کیلئے اس کا فرمان اور عہد نامہ ہے۔ اس کی وفاداری اور تابعداری اللہ تعالیٰ کی وفاداری اور تابعداری ہے اسی طرح اس سے انحراف اور بغاوت اللہ تعالیٰ سے انحراف اور سرکشی ہے، اور اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے کہ جو قوم اور جوامت خواہ وہ کسی نسل سے ہو، اس کا کوئی بھی رنگ اور کوئی بھی زبان ہو، قرآن مجید کو اپنا راہنما بنا کر اپنے کو اس کا تابعدار بنا دے گی اور اس کے ساتھ وہ تعلق رکھے گی جو کلام اللہ ہونے کی حیثیت سے اس کا حق ہے، اللہ تعالیٰ اس کو دنیا اور آخرت میں سر بلند کرے گا۔ اور اس کے برعکس جو قوم اور اُمّت اس سے انحراف اور سرکشی کرے گی وہ اگر بلندیوں کے آسمان پر بھی ہوگی تو نیچے گرادی جائے گی۔

اسلام اور مسلمانوں کی پوری تاریخ اس حدیث کی صداقت کی گواہ اور اللہ تعالیٰ کے اس فیصلہ کی آئینہ دار ہے۔ اس حدیث میں "اَقْوَامًا" کے لفظ سے یہ بھی اشارہ ملتا ہے کہ عروج وزوال کے اس الٰہی قانون کا تعلق افراد سے نہیں بلکہ قوموں اور اُمتوں سے ہے۔ واللہ اعلم۔ (معارف الحدیث، ج-۵ ص ۸۱ تا ۸۲)۔

## خاص خاص سورتوں اور آیتوں کی برکات:

بعض حدیثوں میں خاص خاص آیتوں اور سورتوں کے فضائل بھی بیان ہوئے ہیں۔ ذیل میں اس سلسلہ کی چند حدیثیں درج کی جاتی ہیں۔

## سُورۃ الکہف:

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم قَالَ مَنْ قَرَءَ سُوْرَةَ الْکَهْفِ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ اَضَاءَ لَهٗ النُّوْرُ مَابَیْنَ الْجُمُعَتَیْنِ: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جو شخص جمعہ کے دن سورۃ کہف پڑھے اس کیلئے نور روشن ہو جائے گا دو جمعوں کے درمیان (رواہ البیہقی فی الدعوات الکبیر)۔

(تشریح) اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سورۃ کہف کو جمعہ کے دن کے ساتھ کوئی خاص مناسبت ہے جس کی وجہ سے اس دن میں اس کی تلاوت کیلئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خصوصیت کے ساتھ ترغیب دی ہے اور فرمایا ہے کہ جمعہ کے دن سورۃ کہف کے پڑھنے سے قلب میں ایک خاص نور پیدا ہوگا جس کی روشنی اور برکت اگلے جمعہ تک رہے گی۔ اس حدیث کو حاکم نے بھی مستدرک میں روایت کیا ہی اور کہا ہے "ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم

یخر جاہ"۔

ایک دوسری حدیث میں (جس کو امام مسلم نے بھی روایت کیا ہی) سورۃ کہف کی ابتدائی دس آیتوں کے بارے میں وارد ہوا ہے کہ "جوان کو یاد کرلے گا اور پڑھے گا وہ دجّال کے فتنہ سے محفوظ رہے گا"۔اس کی توجیہ میں شارحین حدیث نے لکھا ہے کہ سورۃ کہف کے ابتدائی حصّہ میں جو تمہیدی مضمون ہے اور اسی کے ساتھ اصحابِ کہف کا جو واقعہ بیان فرمایا گیا ہے اس مین ہر دجّالی فتنہ کا پورا توڑ موجود ہے۔اور جس دل کو ان حقائق اور مضامین کا یقین نصیب ہو جائے جو کہف کی ان ابتدائی آیتوں میں بیان کئے گئے ہین وہ دل کسی دجّالی فتنہ سے کبھی متاثر نہ ہو گا۔اسی طرح اللہ کے جو بندے ان آیتوں کی اس خاصیت اور برکت پر یقین کرتے ہوئے ان کو اپنے دل ودماغ میں محفوظ کرینگے اور ان کی تلاوت کرینگے اللہ تعالیٰ ان کو بھی دجّالی فتنوں سے محفوظ رکھے گا۔

## سورۃ یٰس:

عَنْ مَعْقِل بِنِ يَسَارٍ الْمُزَنِى اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَءَ يٰس اِبْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ تَعَالٰى غُفِرَلَه' مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ فَاقْرَءُوهَا عِنْدَ مَوْتَاكُمْ : حضرت معقل بن یسارؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے اللہ کی رضا کیلئے سورۃ یٰس پڑھی اس کے پچھلے گناہ معاف کردیئے جائیں گے، لہذا یہ مبارک سورۃ مرنے والوں کے پاس پڑھا کرو (رواہ البیہقی فی شعب الایمان)۔

(تشریح) اس حدیث میں مرنے والوں کے پاس (عندموتاکم) یٰس شریف پڑھنے کیلئے جو فرمایا گیا ہے اس کا مطلب بظاہر یہی ہے کہ مرنے والے کے پاس اس کے آخری وقت میں یہ سورۃ پڑھی جائے۔اور اکثر علماء نے یہی سمجھا ہے اور اس لئے یہی معمول ہے لیکن دوسرا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ مرجانے والے کی قبر پر یہ سورت پڑھی جائے تاکہ یہ اس کی مغفرت کا وسیلہ بن جائے۔عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ قَالَ بَلَغَنِىْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَءَ يٰس فِىْ صَدْرِالنَّهَارِ قُضِيَتْ حَوَائِجُه': عطا بن ابی رباح تابعی سے روایت ہے انھوں نے کہا کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ؛ جو بندہ دن کے ابتدائی حصّے میں یعنی علی الصّباح سورۃ یٰس پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی حاجتیں پوری فرمائے گا (رواہ الدارمی مرسلاً)۔

## سُورۃ وَاقِعہ:

عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرءَ سُوْرَۃَ الْوَاقِعَۃِ فِیْ کُلِّ لَیْلَۃٍ لَمْ تُصِبْہُ فَاقَۃٌ'' اَبَدًا وَکَانَ اِبْنُ مَسْعُوْدٍ یَأمُرُبَنَاتَہ' یَقْرَأنَ بِھَا فِیْ کُلِّ لَیْلَۃٍ: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جو شخص ہر رات سورۃ واقعہ پڑھا کرے اسے کبھی فقروفاقہ کی نوبت نہیں آئے گی۔ (نیچے راوی بیان کرتے ہیں) کہ خود حضرت ابنِ مسعودؓ کا یہ معمول تھا کہ وہ اپنی صاحبزادیوں کو اس کی تاکید فرماتے تھے، اور وہ ہر رات کو سورۃ واقعہ پڑھتی تھیں (رواہ البیہقی فی شعب الایمان)۔

## سُورۃ المُلک:

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ سُوْرَۃً فِیْ الْقُرْآنِ ثَلٰثُوْنَ آیَۃً شَفَعَتْ لِرَجُلٍ حَتّٰی غُفِرَلَہ' وَھِیَ تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ: حضرت ابوھریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ، قرآن کی ایک سورت نے جو صرف تیس آیتوں کی ہے اس نے ایک بندے کے حق میں اللہ تعالیٰ کی حضور میں سفارش کی، یہاں تک کہ وہ بخش دیا گیا اور وہ سورۃ ہے تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ (رواہ احمد والترمذی وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ)۔

## الٓمّٓ تنزیل:

عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ لَایَنَامُ حَتّٰی یَقْرَءَ آلٓمّٓ تَنْزِیْل وَ تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ: حضرت جابرؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ ﷺ اس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک کہ المّٓ تنزیل اور تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ نہ پڑھ لیتے یعنی رات کو سونے سے پہلے یہ دونوں سورتیں پڑھنے کا حضور ﷺ کا معمول تھا (رواہ احمد والترمذی والدارمی)۔

## معوّذتین:

عَنْ عُقْبَۃَبْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَمْ تَرَآیَاتٍ اُنْزِلَتِ اللَّیْلَۃَ لَمْ یُرَمِثْلُھُنَّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ:

حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تمھیں معلوم نہیں آج رات جو آیتیں مجھ پر نازل ہوئی ہیں (وہ ایسی بے مثال ہیں کہ) انکے مثل نہ کبھی دیکھی گئیں نہ سنی گئیں "قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَق اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس" (رواہ مسلم)۔

(تشریح) یہ دونوں سورتیں اس لحاظ سے بے مثال ہیں کہ ان میں اوّل سے آخر تک تعوّذ ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی پناہ لی گئی ہے، ظاہر کے شرور سے بھی اور باطن کے شرور سے بھی۔ اور اللہ نے ان میں شرور سے حفاظت کی بے پناہ تاثیر رکھی ہے، گویا ہر قسم کے شرور سے حفاظت کیلئے یہ حصن حصین ہیں، اور دونوں اختصار کے باوجود نہایت جامع اور کافی وافی ہیں۔

عَنْ عُقْبَةَبْنِ عَامِرٍ قَالَ بَيْنَا اَنَا اَسِيْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بَيْنَ الْجُحْفَةِ وَالْاَبْوَاءِ اِذغَشِيَتْنَا رِيْحٌ وَظُلْمَةٌ شَدِيْدَةٌ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ بِاَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ وَيَقُوْلُ يَا عُقْبَةَ تَعَوَّذْ بِهِمَا فَمَا تَعَوَّذَ مُتَعَوِّذٌ بِمِثْلِهِمَا: حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ میں ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا جُحْفَہ اور اَبْوَاء کے درمیان (یہ دونوں دو مشہور مقام تھے مدینہ اور مکّہ کے درمیان) اچانک سخت آندھی آ گئی اور سخت اندھیری چھا گئی رسول اللہ ﷺ یہ دونوں سورتیں (معوذتین) پڑھ کر اللہ سے پناہ مانگنے لگے اور مجھ سے ارشاد فرمانے لگے؛ عقبہ تم بھی یہ دو سورتیں پڑھ کر اللہ کی پناہ لو۔ کسی پناہ لینے والے نے ان کے مثل پناہ نہیں لی (یعنی اللہ کی پناہ لینے کیلئے کوئی دعا ایسی نہیں ہے جو ان دونوں سورتوں کے مثل ہو، اس خصوصیت میں یہ بے مثل اور بے مثال ہیں) (رواہ ابوداؤد)۔

(تشریح) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب کسی مصیبت اور خطرے کا سامنا ہو تو معوذتین پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی پناہ لینی چاہیے اس سے بہتر بلکہ اس جیسا بھی کوئی دوسرا تعوّذ نہیں ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَوىٰ اِلىٰ فِرَاشِهٖ كُلَّ لَيْلَةٍ جَمَعَ كَفَّيْهِ ثُمَّ نَفَثَ فِيْهِمَا فَقَرَاَ فِيْهِمَا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ثُمَّ يَمْسَحُ بِهِمَا مَا اسْتَطَا عَ مِنْ جَسَدِهٖ يَبْدَءُ بِهِمَا عَلىٰ رَاسِهٖ وَوَجْهِهٖ وَمَااَقْبَلَ مِنْ جَسَدِهٖ يَفْعَلُ ذَالِكَ ثَلٰثَ مَرَّات: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا معمول تھا کہ ہر رات کو جب آرام فرمانے کیلئے اپنے بستر پر تشریف لاتے تو اپنی دونوں ہاتھوں کو ملا لیتے (جس طرح دعا کے وقت

دونوں ہاتھ ملائے جاتے ہیں) پھر ہاتھوں پر پھونکتے اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَق اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھتے، پھر جہاں تک ہوسکتا اپنے جسم مبارک پر اپنے دونوں ہاتھ پھیرتے، سر مبارک اور چہرہ مبارک اور جسد اطہر کے سامنے کی حصّے سے شروع فرماتے (اس کے بعد باقی جسم پر جہاں تک آپ کے ہاتھ جاسکتے وہاں تک ہاتھ پھیرتے) یہ آپ ﷺ تین دفعہ کرتے (رواہ البخاری ومسلم)۔

(تشریح) رات کو سونے سے پہلے کا یہ مختصر معمولِ نبوی ﷺ تو بہت آسان ہے، کم ازکم اس کا اہتمام ہم سب کو کرنا چاہئے، اس کی برکات بیان سے باہر ہیں۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔

## آیۃ الکرسی:

عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا الْمُنْذِرِ اَتَدْرِیْ اَیُّ اٰيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللهِ تَعَالیٰ مَعَکَ اَعْظَمُ؟ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُه اَعْلَمُ قَالَ يَااَبَا الْمُنْذِرُ اَتَدْرِیْ اَیُّ اٰيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالیٰ مَعَکَ اَعْظَمُ؟ قُلْتُ "اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْم"؟ قَالَ فَضَرَبَ فِیْ صَدْرِیْ وَقَالَ لِيَهْنِکَ الْعِلْمُ يَا اَبَا الْمُنْذِرِ: حضرت اُبیّ بن کعبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے (ان کی کنیت ابوالمنذر سے مخاطب کرتے ہوئے) ان سے فرمایا؛ اے ابوالمنذر، تم جانتے ہو کہ کتاب اللہ کی کون سی آیت تمھارے پاس سب سے زیادہ عظمت والی ہے؟ میں نے عرض کیا کہ؛ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو زیادہ علم ہے۔ آپ ﷺ نے (مکرر) فرمایا؛ اے ابوالمنذر، تم جانتے ہو کہ کتاب اللہ کی کون سی آیت تمھارے پاس سب سے زیادہ عظمت والی ہے؟ میں نے عرض کیا؛" اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْم" تو آپ نے میر سینہ ٹھونکا (گویا اس جواب پر شاباش دی) فرمایا؛ اے ابوالمنذر؛ تجھے یہ علم موافق آئے اور مبارک ہو۔

(تشریح) رسول اللہ ﷺ کے سوال کے جوب میں اُبیّ بن کعب نے پہلے عرض کیا کہ "اللّٰہ و رسولہ اعلم" (اللہ اور اس کے رسول کو اس کا علم زیادہ ہے کہ کون سی آیت کتاب اللہ میں زیادہ عظمت والی ہے) یہ جواب ادب کے تقاضے کے مطابق تھا، لیکن جب رسول اللہ ﷺ نے دوبارہ وہی سوال فرمایا تو اُبیّ بن کعب نے اپنے علم وفہم کے مطابق جواب دیا کہ میرے خیال میں تو "اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْم" یعنی آیۃ الکرسی قرآن

مجید کی سب سے زیادہ عظمت والی آیت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس جواب کی تصویب فرمائی اور شاباش دی، اور اس شاباش میں ان کا سینہ آپ نے غالبًا اس لئے ٹھونکا کہ قلب (جو محلِ علم و معرفت ہے) وہ سینہ ہی میں ہوتا ہے۔ بہر حال اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آیاتِ قرآنی میں آیۃ الکرسی سب سے زیادہ باعظمت آیت ہے، اور یہ اس لئے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی توحید و تنزیہہ اور صفاتِ کمال اور اس کی شانِ عالی کی عظمت و رفعت جس طرح بیان کی گئی ہے وہ اس میں منفرد اور بیمثال ہے۔

## سورۃ البقرۃ کی آخری آیتیں:

عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاٰيَتَانِ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ مَنْ قَرَءَ بِهِمَا فِیْ لَيْلَةٍ كَفَتَاه' : حضرت ابو مسعود انصاریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ؛ سورۃ بقرہ کے آخر کی دو آیتیں جو کوئی کسی رات میں ان کو پڑھے گا وہ اس کیلئے کافی ہونگی (رواہ البخاری و مسلم)۔

(تشریح) حدیث کا مطلب بظاہر یہ ہے کہ جو شخص رات کو بقرہ کی یہ آخری آیتیں پڑھ لے گا وہ انشاء اللہ ہر شر سے محفوظ رہے گا۔ دوسرا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اگر کوئی شخص تہجّد میں صرف یہی آیتیں پڑھ لے تو اس کیلئے اتنا ہی کافی ہوگا۔ واللہ اعلم۔

## آل عمران کی آخری آیات:

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ مَنْ قَرَءَ اٰخِرَ آلِ عِمْرَانَ فِیْ لَيْلَةٍ كُتِبَ لَه' قِيَامُ لَيْلَةٍ : حضرت عثمانؓ بن عفّان سے روایت ہے انھوں نے فرمایا کہ جو شخص کسی رات کو اٰل عمران کی آخری آیات پڑھے گا اس کیلئے پوری رات کی نماز کا ثواب لکھا جائے گا (رواہ الدارمی)۔

(تشریح) "آخر آل عمران" سے مراد "اِنَّ فِی خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْض" سے ختم سورت تک کی آیات ہیں۔ صحیح روایات میں وارد ہوا ہے کہ رسول اللہ ﷺ رات کو جب تہجد کیلئے اٹھتے تو سب سے پہلے (وضو کرنے سے بھی پہلے) یہی آیات پڑھتے تھے۔

آل عمران کا یہ آخری رکوع بھی سورۃ بقرہ کے آخری رکوع کی طرح نہایت جامع دعا پر مشتمل ہے، اور غالبًا اس رکوع کی خاص فضیلت کا راز ان دعائیہ آیات ہی میں مضمر ہے۔ کائنات کی تخلیق میں تفکّر کرنے والے اور ہر حال میں اللہ کو یاد کرنے والے بندوں کی زبان سے یہ جامع دعا اس رکوع میں اس طرح ذکر کی گئی ہے۔

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ہ رَبَّنَا اِنَّکَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَیْتَه، وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ہ رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّکُمْ فَاٰمَنَّا، رَبَّنَا فَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَکَفِّرْ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ہ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِکَ وَلَا تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ، اِنَّکَ لَاتُخْلِفُ الْمِیْعَادُ: اے ہمارے پروردگار؛ تونے یہ کارخانہ ہستی بے مقصد نہیں پیدا کیا، تو اس بات سے پاک اور مقدس ہے کہ کوئی عبث کام کرے (یقیناً اس دنیوی زندگی کے بعد جزاوسزا برحق ہے) سوتو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔ اے ہمارے رب؛ جس کوتونے دوزخ میں ڈالا بے شک اس کوتونے رسوا کردیا اور ایسے ظالموں کا کوئی بھی حمایتی اور مددگار نہیں ہوگا۔ اے ہمارے رب؛ ہم نے ایک داعی اور منادی کوسنا کہ وہ ایمان کی دعوت دیتا ہے اور کہتا ہے کہ لوگو: اپنے رب پر ایمان لاؤ۔ تو ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے رب؛ ہمارے گناہوں کوبخشدے ہماری برائیوں کوہم سے دور کردے، اور ہمیں اپنے وفادار اور نیکوکار بندوں کیساتھ دنیا سے اُٹھا، اور اے ہمارے رب؛ ہمیں وہ سب عطا فرما جس کا تونے اپنے رسولوں کی زبانی اہلِ ایمان کیلئے وعدہ فرمایا ہے، اور ہمیں قیامت کے دن کی رسوائی سے بچا۔ بے شک تو اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرے گا۔

سورۃ آل عمران کے آخری رکوع کی یہ دعا قرآن مجید کی جامع ترین دوتین دعاؤں میں سے ہے، اور جیسا کہ عرض کیا گیا اس رکوع کی خاص فضیلت ان دعائیہ آیات ہی کی وجہ سے ہے۔ واللہ اعلم۔

حضرت عثمان غنیؓ نے جو یہ فرمایا کہ "جوشخص رات کو یہ آیتیں پڑھے اس کیلئے پوری رات کے نوافل کا ثواب لکھا جائے گا" ظاہر ہے کہ یہ بات انھوں نے رسول اللہ ﷺ ہی سے سنی ہوگی۔ حضور ﷺ سے سنے بغیر کوئی صحابیؓ اپنی طرف سے ایسی بات نہیں کہہ سکتے، اس لئے حضرت عثمانؓ کا یہ ارشاد حدیثِ مرفوع ہی کے حکم میں ہے۔

(فائدہ) اُمّتِ مسلمہ مرحومہ پر اللہ تعالیٰ کی جو خاص رحمتیں ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ تھوڑے عمل پر بڑے اجروثواب کی بہت سی صورتیں اور بہت سے طریقے رسول اللہ ﷺ کے ذریعہ اس اُمّت کو بتلائے گئے ہیں، تاکہ جولوگ اپنے خاص حالات کی وجہ سے بڑے بڑے عمل نہ کرسکیں وہ یہ چھوٹے چھوٹے عمل کر کے ہی اللہ تعالیٰ کی خاص عنایات کے مستحق ہوسکیں (معارف الحدیث ج ۵)۔

حضرت عکرمہؓ جب کلام پاک پڑھنے کیلئے کھولا کرتے تھے تو بے ہوش ہو کر گر جاتے تھے اور زبان پر جاری ہو جاتا تھا هٰذَا كَلَامُ رَبِّيْ، هٰذَا كَلَامُ رَبِّيْ (یہ میرے رب کا کلام ہے۔ یہ میرے رب کا کلام ہے)، یہ ان آداب کا اجمال ہے اور ان تفصیلات کا اختصار ہے جو مشائخ نے آدابِ تلاوت میں لکھے ہیں جن کی کسی قدر توضیح بھی ناظرین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ جن کا خلاصہ صرف یہ ہے کہ بندہ نوکر بن کر نہیں، چاکر بن کر نہیں، بلکہ بندہ بن کر آقا و مالک محسن ومنعم کا کلام پڑھے۔ صوفیاء نے لکھا ہے کہ جو شخص اپنے کو قرأت کے آداب سے قاصر سمجھتا رہے گا۔ وہ قرب کے مراتب میں ترقی کرتا رہے گا اور جو اپنے کو رضا وعجب کی نگاہ سے دیکھے گا وہ ترقی سے دور ہوگا۔

## آداب

مسواک اور وضو کے بعد کسی یک سوئی کی جگہ میں نہایت وقار وتواضع کے ساتھ رو بہ قبلہ بیٹھے اور نہایت ہی حضورِ قلب اور خشوع کے ساتھ اس لطف سے جو اس وقت کے مناسب ہے اس طرح پڑھے کہ گویا خود سبحانہٗ وعزاسمہٗ کو کلام پاک سنا رہا ہے۔ اگر وہ معنی سمجھتا ہے تو تدبّر وتفکّر کے ساتھ آیات وعدو رحمت پر دعائے مغفرت و رحمت مانگے اور آیات عذاب ووعید پر اللہ سے پناہ چاہے کہ اس کے سوا کوئی بھی چارہ ساز نہیں۔ آیات تنزیہ و تقدیس پر سبحان اللہ کہے اور خود تلاوت میں رونا نہ آوے تو بہ تکلّف رونے کی سعی کرے۔

وَالَذُّ حَالَاتِ الْغَرَامِ لَمُغْرَمٍ　شِكْوَى الْهَوٰى بِالْمُدْمَعِ الْمُهْرَاقٖ:

کسی عاشق کیلئے سب سے لذت کی حالت یہ ہے کہ محبوب سے اس کا گلہ ہو رہا ہو (اس طرح کہ اس کی آنکھوں سے بارش ہو)۔

پس اگر یاد کرنا مقصود نہ ہو تو پڑھنے میں جلدی نہ کرے۔ کلام پاک کو رحل یا تکیہ یا کسی اونچی جگہ پر رکھے۔ تلاوت کے درمیان کسی سے کلام نہ کرے۔ اگر کوئی ضرورت ہی پیش آجاوے تو کلام پاک بند کر کے بات کرے اور پھر اس کے بعد اعوذ پڑھ کر دوبارہ شروع کرے اگر مجمع میں لوگ اپنے اپنے کاروبار میں مشغول ہوں تو آہستہ پڑھنا افضل ہے ورنہ آواز سے پڑھنا اولیٰ ہے۔ مشائخ نے تلاوت کے چھ آداب ظاہری اور چھ باطنی ارشاد فرمائے ہیں۔

## ظاہری آداب

...... غایت احترام سے باوضو رو بہ قبلہ بیٹھے۔

...... پڑھنے میں جلدی نہ کرے ترتیل وتجوید سے پڑھے۔

...... رونے کی سعی کرے، چاہے بہ تکلّف ہی کیوں نہ ہو۔

...... آیاتِ رحمت وآیاتِ عذاب کا حق ادا کرے جیسا کہ پہلے گذر چکا۔

...... اگر ریا کا احتمال ہو یا کسی دوسرے مسلمان کی تکلیف وحرج کا اندیشہ ہوتو آہستہ آہستہ ورنہ آواز سے۔

...... خوش الحانی سے پڑھے کہ خوش الحانی سے کلام پاک پڑھنے کی بہت سی احادیث میں تاکید آئی ہے۔

## باطنی آداب

...... کلام پاک کی عظمت دل میں رکھے کہ کیسا عالی مرتبہ کلام ہے۔

...... حق سبحانہٗ تقدس کی علوشان اور رفعت وکبریائی کو دل میں رکھے جس کا کلام ہے۔

...... دل کو وساوس وخطرات سے پاک رکھے۔

...... معانی کا تدبر کرے اور لذت کے ساتھ پڑھے۔ حضور اکرم ﷺ نے ایک شب تمام رات اس آیت کو پڑھ کر گذار دی۔

اِنۡ تُعَذِّبۡهُمۡ فَاِنَّهُمۡ عِبَادُکَ وَاِنۡ تَغۡفِرۡلَهُمۡ فَاِنَّکَ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ: اے اللہ اگر ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر مغفرت فرمادے تو عزت وحکمت والا ہے۔

سعید بن جبیرؓ نے ایک رات اس آیت کو پڑھ کر صبح کردی۔

وَامۡتَازُوا الۡیَوۡمَ اَیُّهَا الۡمُجۡرِمُوۡنَ:
او مجرموں؛ آج قیامت کے دن فرماں برداروں سے الگ ہوجاؤ۔

...... جن آیات کی تلاوت کررہا ہے دل کو ان کے تابع بنادے مثلاً اگر آیتِ رحمت زبان پر ہے دل سرورِ محض بن جاوے اور آیتِ عذاب اگر آ گئی ہے تو دل لرز جائے۔

...... کانوں کو اس درجہ متوجہ بنادے کہ گویا خود حق سبحانہٗ وتقدس کلام فرمارہے ہیں اور یہ سن رہا ہے حق تعالیٰ شانہٗ اپنے لطف وکرم سے مجھے بھی ان آداب کے ساتھ پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے، اور تمہیں بھی۔

## مسئلہ:

اتنے قرآن شریف کا حفظ کرنا جس سے نماز ادا ہو جاوے ہر شخص پر فرض ہے اور تمام کلام پاک کا حفظ کرنا فرض کفایہ ہے اگر کوئی بھی العیاذ باللہ حافظ نہ رہے تو تمام مسلمان گنہگار رہیں بلکہ زرکشی سے ملا علی قاریؒ نے نقل کیا ہے کہ جس شہر یا گاؤں میں کوئی قرآن پاک پڑھنے والا نہ ہو سب گنہگار رہیں۔اس زمانہ ضلالت و جہالت میں جہاں ہم مسلمانوں میں اور بہت سے دینی امور میں گمراہی پھیل رہی ہے وہاں ایک عام آوازہ یہ بھی ہے کہ قرآن شریف کے حفظ کرنے کو فضول سمجھا جارہا ہے۔اس کے الفاظ رٹنے کو حماقت بتلایا جاتا ہے،اس کے الفاظ یاد کرنے کو دماغ سوزی اور تضیع اوقات کہا جاتا ہے۔اگر ہماری بددینی کی یہی ایک وبا ہوتی تو اس پر کچھ تفصیل سے لکھا جاتا مگر یہاں ہر ادا مرض ہے اور ہر خیال باطل ہی کی طرف کھینچتا ہے اس لئے کس کس چیز کو روئیے اور کس کس کا شکوہ کیجئے۔ فَاِلَی اللّٰهِ الْمُشْتَکیٰ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَان (فضائل قرآن)۔

# بابِ دُعا

نفع ونقصان، عزت وذلت اور خوف وغم لینے دینے کا مالک صرف ایک اللہ رب العالمین ہے اس کے سوا کوئی بھی نفع ونقصان وغیرہ کا مالک نہیں۔ اس لئے بندے کے لئے صحیح رویہ یہی ہے کہ خوف وطمع اور امید وبیم کا رشتہ صرف اپنے رب کے ساتھ رکھے اور ہر حاجت، ہر مشکل اور اندیشہ میں صرف اسی کو پکارے اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے بجائے مخلوق اور اسباب سے چمٹے رہتے ہیں اور مشکل حالات اور اپنی حوائج میں خالق و مالک کو چھوڑ کر مخلوق اور اسباب کی طرف متوجہ رہتے ہیں وہ خواہ مخواہ ذلت ورسوائی اور دنیوی واخروی نقصان وخسران میں اپنے آپ کو ڈال دیتے ہیں۔

غور کیجئے کہ خالق کائنات، مالکِ اسباب اگر کسی پر کوئی آفت اور مصیبت یا ذلت نازل کرنا چاہتا ہے تو یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ مخلوق اور اسباب کی اوٹ اور پردے میں اس ذلت ورسوائی اور نقصان سے بچ سکے۔

## صرف اللہ تعالیٰ ہی سے مانگئے:

اسلئے بندے کو چاہئے کو وہ ہر حال میں صرف اپنے رب کو پکارے اسی کا نام دُعا ہے۔ اور قرآن مجید میں اسی حقیقت کو اللہ تعالیٰ نے بہت بسط اور تفصیل سے اپنے بندوں کو سمجھایا ہے۔ قرآن مجید کے بہت سے مضامین اور بہت سے مقامات میں سے صرف ایک ہی مضمون کو پڑھ لیجئے۔ سورۃ اعراف کے ایک مقام پر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی آسمان وزمیں کا مالک ہے اسی کے حکم سے ستارے سیارے دن رات گردش کر رہے ہیں، دنیا کا سارا نظم ونسق صرف اسی کے اختیار میں ہے اور وہ بڑی ہی برکت ورحمت والی ہستی ہے اسلئے اس سے مانگنے کیلئے کسی واسطے اور وسیلے کی ضرورت نہیں بلکہ:

اُدْعُوْ رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةًؕ اِنَّه لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ: اے میرے بندو: اپنے رب کو پکارو گڑگڑاتے ہوئے اور چپکے چپکے (اور اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو پکارنا حدود سے تجاوز اور زیادتی ہے) بے شک اللہ تعالیٰ حدود سے تجاوز کرنے (اور زیادتی کرنے) والوں کو پسند نہیں کرتا (اور معاشرے کی اصلاح بھی اسی سے ہوئی ہے اور ہوتی ہے کہ بندے صرف اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوں اور اسی کو پکاریں اور اسی کے حکموں پر عمل کریں، لہذا تم) ملک میں اس کی اصلاح کے بعد فساد نہ برپا کرو

اور اسی کو پکارو خوف وطمع (اور امید وبیم کی حالت) میں، بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت نیک کاروں سے قریب ہے (اعراف، ۵۴ تا ۵۶)۔

## ہمارا پروردگار ہماری جانوں سے بھی زیادہ ہمارے قریب ہے:

ہمارا خالق کائنات ہماری جانوں سے بھی قریب ہے لیکن اس کو موجودہ مادی آنکھوں سے دیکھ نہیں سکتے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ج وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ: اور ہم نے انسان کو پیدا کیا اور ہم جانتے ہیں اس کے ان وسوسوں کو جو اس کے دل میں گذرتے ہیں اور ہم اس کو اس کی شہ رگ (یعنی رگِ گردن) سے بھی زیادہ قریب ہیں (ق، ۱۶)۔

اور ایک دوسری جگہ ارشاد ہے۔

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ: اور ہم تم سے زیادہ اس (مرنے والے شخص) سے قریب ہوتے ہیں لیکن تم نہیں دیکھ پاسکتے (واقعہ، ۸۵)۔

## اپنی فطرت اور وجدان کو ذکر و دعا سے نورانی بناؤ:

بلا شبہ ہمارا رب اللہ تعالیٰ عز وجل ہم سے ہماری جانوں سے بھی زیادہ قریب ہے لیکن ہم اس کو موجودہ مادی آنکھوں سے دیکھ نہیں سکتے البتہ انسان کا وجدان اپنے رب کو پالیتا ہے اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل اور بے پرواہ ہوتے ہیں اور جنہوں نے اپنی فطرت کو مسخ اور اپنے وجدان کو زنگ آلود کر ڈالا ہے تو وہ جانوروں کی طرح صرف مادی اور ظاہری چیزوں اور اسباب کو دیکھتے ہیں ان کو بنی بنائی پرحکمت دنیا تو نظر آتی ہے لیکن ان کے دل اندھے ہوجاتے ہیں اس لئے وہ اپنے رب کی قدرتوں اسکی قوت اور عظمت کو محسوس نہیں کرتے، ایسے لوگ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور ہوجاتے ہیں اور اس کے برعکس جو لوگ اپنے دلوں کو اللہ تعالیٰ کی یاد سے معمور کردیتے ہیں اور اپنے پروردگار کی نعمتوں کا شکر کرتے رہتے ہیں، تو ان کا یہ وجدان اور ان کی قلبی بینائی اور زیادہ تیز سے تیز تر ہوتی جاتی ہے اور یہی لوگ اللہ تعالیٰ کے اس قرب اور اس کی قدرتوں کا مشاہدہ اپنے دل کی آنکھوں سے کرتے رہتے ہیں اور ان کی سرگوشیاں اور مناجات اپنے پروردگار کے ساتھ ہوا کرتی ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنی رحمت اور برکتوں سے ان کی طرف متوجہ رہتا ہے اور وہ زندگی کے ہر موڑ پر ان کی مدد ونصرت فرماتا ہے۔ یہی وہ بندے ہیں

www.noorehidayat.org

جن کا سہارا مخلوق اور اسباب کے بجائے صرف اور صرف خالق و مالکِ اسباب اللہ رب العالمین پر ہوتا ہے۔ اور وہ ہر حال میں اپنے رب کو یاد کرتے ہیں اور صرف اسی کو پکارتے ہیں۔

## اللہ تعالیٰ جلّ شانہ لازمًا بندے کی پکار کا جواب دیتے ہیں:

لہٰذا بندوں کو چاہیئے کہ وہ صرف اللہ تعالیٰ کو پکاریں اور زندگی کے ہر موڑ پر اور ہر حالت میں اسی کی طرف متوجہ رہیں اور اس کے تمام احکامات و ہدایات کی پوری نگہداشت کریں اور یہ ممکن نہیں کہ بندہ تو اپنے رب کو پکارے اور اللہ رب العالمین اس کو اسکی پکار کا جواب نہ دے اور اس کی مدد و نصرت نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ کریم، رحیم، وہاب ہستی خود فرماتے ہیں کہ مجھ سے مانگا کرو میں دونگا تو یہ کیسے ممکن ہے کہ بندہ صرف اسی سے مانگے اور اللہ تعالیٰ پھر بھی اس کو محروم کردیں ایسا قطعاً نہیں ہوسکتا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ط اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ: اور جب میرے بندے آپ سے میرے متعلق سوال کریں تو میں قریب ہوں۔ دُعا کرنے والے کی دُعا کو قبول کر لیتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے پس (بندوں کو بھی) چاہیئے کہ وہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر (کامل) ایمان و یقین رکھیں تا کہ وہ ھدایت پر رہیں (بقرہ، ۱۸۶)۔

## اللہ تعالیٰ جلّ شانہٗ ضرور دُعا قبول فرماتے ہیں بشرطیکہ......؟

اس میں شک نہیں کہ بندہ جب اپنے رب کو پکارتا ہے تو وہ اس کی پکار کا جواب دیتا ہے اور اس کی دُعا کو قبول فرماتا ہے۔ یہ ہرگز نہیں ہوسکتا کہ بندہ رب کے سامنے ہاتھ پھیلائے، گڑگڑائے اور اس کو مدد کیلئے پکارے اور وہ اس کی پکار کا جواب نہ دے، اس کی دُعا کو قبول نہ کرے اور وہ اس کی مدد اور فریاد رسی نہ کرے۔ شرط صرف یہ ہے کہ بندہ اخلاص اور یکسوئی و تضرّع کے ساتھ پکارے اور اللہ تعالیٰ کی عظیم قوت اور قدرتوں پر اسکا ایمان اور مضبوط یقین اور صرف اسی پر بھروسہ ہو اور اس چیز کیلئے اپنے رب کو پکارے اور دُعا کرے جس کیلئے پکارنا اور دُعا کرنا اس کو زیبا ہے، اگر بندہ ان شرائط کا لحاظ کر کے اپنے رب سے وہ چیز مانگتا ہے جو مانگنا چاہیئے تو اللہ تعالیٰ وہ چیز ضرور اس کو عطا فرمائے گا، اگر اس شکل میں عطا نہ کرے جس شکل میں اس نے مانگی ہے تو اس سے بہتر شکل میں دیدیتا ہے یا اس کیلئے اس کو آخرت میں محفوظ کر دیتا ہے۔

## دُعا کی اہمیت:

دُعا کے متعلق حضرت مولانا منظور نعمانیؒ لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو جن کمالات وا متیازات سے نوازا ان میں سب سے بڑا امتیاز وکمال عبدیت کاملہ کا مقام ہے۔عبدیت کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کے حضور میں انتہائی تذلّل، بندگی وسرافگندگی عاجزی ولاچاری اور محتاجی ومسکینی کا پورا پورا اظہار، اور یہ یقین کرتے ہوئے کہ سب کچھ اسی کے قبضہ واختیار میں ہے، اس کے در کی فقیری وگدائی، اس سب کے مجموعہ کا عنوان مقامِ عبدیت ہے، جو تمام مقامات میں اعلیٰ وبالا ہے اور بلاشبہ سیدنا حضرت محمد ﷺ اس صفت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق میں کامل ترین اور سب پر فائق ہیں، اور اسی لئے افضلِ مخلوقات اور اشرفِ کائنات ہیں۔قاعدہ ہے کہ ہر چیز اپنے مقصد کے لحاظ سے کامل یا ناقص سمجھی جاتی ہے۔مثلاً گھوڑا جس مقصد کیلئے پیدا کیا گیا ہے یعنی سواری اور تیز رفتاری، اس کو بڑھیا یا گھٹیا اسی مقصد کے پیمانے سے سمجھا جائے گا۔اسی طرح گائے یا بھینس کا جو مقصد ہے یعنی دودھ کا حاصل ہونا اس کی قدر وقیمت دودھ کی کمی یا زیادتی کے حساب سے لگائی جائے گی، **وقس علیٰ ھذا۔**

انسان کی تخلیق کا مقصد اس کے پیدا کرنے والے نے عبدیت اور عبادت بتایا ہے۔"**وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ** "اس لئے سب سے افضل واشرف انسان وہی ہوگا جو اس مقصد میں سب سے اکمل وفائق ہو۔پس سیدنا حضرت محمد ﷺ چونکہ کمالِ عبدیت میں سب سے فائق ہیں اس لئے آپ افضلِ مخلوقات اور اشرفِ کائنات ہیں، اور اسی وجہ سے قرآن مجید میں جہاں جہاں آپ ﷺ کے بلند ترین خصائص و کمالات اور اللہ تعالیٰ کے آپ ﷺ پر خاص الخاص انعامات کا ذکر کیا گیا ہے وہاں معزز ترین لقب کے طور پر آپ ﷺ کو عبد ہی فرمایا گیا ہے۔معراج کا ذکر کرتے ہوئے سورۃ اسراء میں فرمایا گیا ہے:"**سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ** " پھر اسی سفرِ معراج کی آخری منزلوں کا ذکر کرتے ہوئے سورۃ النجم میں فرمایا گیا:"**فَاَوْحٰٓی اِلٰی عَبْدِہٖ مَآ اَوْحٰی**"۔اور سب سے بڑی نعمت ودولت قرآن حکیم کی تنزیل کا ذکر کرتے ہوئے سورۃ فرقان میں ارشاد فرمایا گیا؛ " **تَبٰرَکَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِہٖ** "اور سورۃ کہف میں فرمایا گیا؛ "**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتَابَ**"۔

حاصل کلام یہ ہے کہ بندوں کے مقامات میں سب سے بلند عبدیت کا مقام ہے اور سیّدنا حضرت محمد ﷺ اس مقام کے امام یعنی اس وصفِ خاص میں سب پر فائق ہیں۔اور دُعا چونکہ عبدیت کا جوہر اور خاص مظہر ہے۔اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتے وقت (بشرطیکہ حقیقی دُعا ہو) بندے کا ظاہر وباطن عبدیت میں ڈوبا ہوتا ہے، اس لئے رسول اللہ ﷺ کے احوال واوصاف میں غالب ترین وصف اور حال دُعا کا ہے، اور امّت کو آپ ﷺ کے ذریعہ روحانی دولتوں کے جو عظیم خزانے ملے ہیں ان میں سب سے بیش قیمت خزانہ ان دُعاؤں کا ہے جو مختلف

www.noorehidayat.org

اوقات میں اللہ تعالیٰ سے خود آپ ﷺ نے کیں یا امّت کو ان کی تلقین فرمائی۔

ان میں سے کچھ دُعائیں ہیں جن کا تعلق خاص حالات یا اوقات اور مخصوص مقاصد و حاجات سے ہے، اور زیادہ تر وہ ہیں جن کی نوعیت عمومی ہے۔ ان دُعاؤں کی قدر و قیمت اور افادیت کا ایک عام عملی پہلو تو یہ ہے کہ ان سے دُعا کرنے اور اللہ سے اپنی حاجتیں مانگنے کا سلیقہ اور طریقہ معلوم ہوتا ہے، اور اس باب میں وہ رہنمائی ملتی ہے جو کہیں سے نہیں مل سکتی، اور ایک دوسرا خاص علمی اور عرفانی پہلو یہ ہے کہ ان سے پتہ چلتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی روح پاک کو اللہ تعالیٰ سے کتنی گہری اور ہمہ وقتی وابستگی تھی، اور آپ کے قلب پر اس کا جلال و جمال کس قدر چھایا ہوا تھا، اور اپنی اور ساری کائنات کی بے بسی و لاچاری اور اس مالک الملک کی قدرتِ کاملہ اور ہمہ گیر رحمت و ربوبیت پر آپ کو کس درجہ یقین تھا کہ گویا یہ آپ کیلئے غیب نہیں شہود تھا۔ حدیث کے ذخیرے میں رسول اللہ ﷺ کی جو سیکڑوں دُعائیں محفوظ ہیں ان میں اگر تفکّر کیا جائے تو کھلے طور پر محسوس ہوگا کہ ان میں سے ہر دُعا معرفتِ الٰہی کا شاہکار اور آپ ﷺ کے کمال روحانی و خدا آشنائی اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ آپ ﷺ کے صدقِ تعلق کا مستقل برہان ہے، اور اس لحاظ سے ہر ماثور دُعا بجائے خود آپ ﷺ کا ایک روشن معجزہ ہے۔ صَلّی اللہ علیہ وآلہٖ وبارک وسَلّم۔

اس عاجز راقم سطور کا دستور ہے کہ جب کبھی پڑھے لکھے اور سمجھ دار غیر مسلموں کے سامنے رسول اللہ ﷺ کا تعارف کرانے کا موقع ملتا ہے تو آپ ﷺ کی کچھ دُعائیں ان کو ضرور سناتا ہوں۔ قریب قریب سو فی صدی تجربہ ہے کہ وہ ہر چیز سے زیادہ آپ ﷺ کی دُعاؤں سے متاثر ہوتے ہیں اور آپ ﷺ کے کمالِ خدارسی وخدا شناسی میں ان کو شبہ نہیں رہتا۔

اس تمہید کے بعد پہلے چند وہ حدیثیں پڑھیے جن میں رسول اللہ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے دُعا کرنے کی ترغیب دی ہے اور اس کی برکتیں بیان فرمائی ہیں یا دُعا کے آداب بتائے ہیں، یا اس کے بارے میں کچھ ہدایتیں دی ہیں۔ ان کے بعد ایک خاص ترتیب کے ساتھ وہ حدیثیں درج کی جائیں گی جن میں وہ دُعائیں مذکور ہیں جو مختلف موقعوں پر آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے حضور میں کیں، یا امّت کو جن کی تلقین فرمائی۔

## دُعا کا مقام اور اس کی عظمت:

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّعَاءُ هُوَالْعِبَادَةُ ثُمَّ قَرَأَ "وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِىْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِىْ سَيَدْ خُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ" : حضرت نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ دُعا عین عبادت ہے۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے سند کے طور پر یہ آیت پڑھی "وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ" (تمہارے رب کا فرمان ہے کہ مجھ سے دُعا کرو اور مانگو، میں قبول کروں گا اور تم کو دوں گا، جو لوگ میری عبادت سے متکبرانہ روگردانی کریں گے ان کو ذلیل وخوار ہو کر جہنم میں جانا ہوگا) (رواہ احمد والترمذی وابوداؤد والنسائی و ابن ماجہ)۔

(تشریح) اصل حدیث صرف اتنی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا؛ "دُعا عین عبادت ہے"۔ غالبًا حضور ﷺ کے اس ارشاد کا منشا یہ ہے کہ کوئی یہ خیال نہ کرے کہ بندے جس طرح اپنی ضرورتوں اور حاجتوں کیلئے دوسری محنتیں اور کوششیں کرتے ہیں اسی طرح کی ایک کوشش دُعا بھی ہے، جو اگر قبول ہوگئی تو بندہ کامیاب ہوگیا اور اس کو کوشش کا پھل مل گیا اور اگر قبول نہ ہوئی تو وہ کوشش بھی رائیگاں گئی۔ بلکہ دُعا کی ایک مخصوص نوعیت ہے اور وہ یہ کہ وہ حصولِ مقصد کا وسیلہ ہونے کے علاوہ بذاتِ خود عبادت ہے، اور عین عبادت ہے اور اس پہلو سے وہ بندے کا ایک مقدس عمل ہے جس کا پھل اس کو آخرت میں ضرور ملے گا۔

جو آیت آپ ﷺ نے سند کے طور پر تلاوت فرمائی اس سے یہ بات صراحۃً معلوم ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دُعا عین عبادت ہے، آگے درج ہونے والی دوسری حدیث میں دُعا کو عبادت کا مغز اور جوہر فرمایا گیا ہے۔

عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ : حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ دُعا عبادت کا مغز اور جوہر ہے (رواہ الترمذی)۔

(تشریح) عبادت کی حقیقت ہے اللہ کے حضور میں خضوع وتذلل اور اپنی بندگی ومحتاجی کا مظاہرہ، اور دُعا کا جزو وکل اور اوّل وآخر اور ظاہر وباطن یہی ہے، اس لئے دُعا بلاشبہ عبادت کا مغز اور جوہر ہے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَمَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الدُّعَاءِ : حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا؛ اللہ کے یہاں کوئی چیز اور کوئی عمل دُعا سے زیادہ عزیز نہیں (رواہ الترمذی و ابن ماجہ)۔

(تشریح) جب یہ معلوم ہو چکا کہ دُعا عبادت کا مغز اور جوہر ہے اور عبادت ہی انسان کی تخلیق کا اصل مقصد ہے تو یہ بات خود بخود متعین ہوگئی کہ انسانوں کے اعمال واحوال میں دُعا ہی سب سے زیادہ محترم اور قیمتی ہے، اور اللہ تعالیٰ کی رحمت وعنایت کو کھینچنے کی سب سے زیادہ طاقت اسی میں ہے۔

عَنْ اِبْنِ عُمَرؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فُتِحَ لَهٗ مِنْكُمْ بَابُ الدُّعَاءِ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ وَمَاسُئِلَ اللّٰهُ شَيْئًا يَعْنِيْ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يُّسْأَلَ الْعَافِيَةَ: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جس کیلئے دُعا کا دروازہ کھل گیا اس کیلئے رحمت کے دروازے کھل گئے۔ اور اللہ کو سوالوں اور دُعاؤں میں سب سے زیادہ محبوب یہ ہے کہ بندے اس سے عافیت کی دُعا کریں یعنی کوئی دُعا اللہ تعالیٰ کو اس سے زیادہ محبوب نہیں (رواہ الترمذی)۔

(تشریح) عافیت کا مطلب ہے تمام دنیوی واخروی اور ظاہری وباطنی آفات اور بلیات سے سلامتی اور تحفظ۔ تو جو شخص اللہ تعالیٰ سے عافیت کی دُعا مانگتا ہے وہ برملا اس بات کا اعتراف اور اظہار کرتا ہے کہ اللہ کی حفاظت اور کرم کے بغیر وہ زندہ سلامت بھی نہیں رہ سکتا اور کسی چھوٹی یا بڑی مصیبت اور تکلیف سے اپنے کو نہیں بچا سکتا۔ پس ایسی دُعا اپنی کامل عاجزی وبے بسی اور سراپا محتاجی کا مظاہرہ ہے اور یہی کمالِ عبدیت ہے اس لئے عافیت کی دُعا اللہ تعالیٰ کو سب دُعاؤں سے زیادہ محبوب ہے۔ دوسری بات حدیث میں یہ فرمائی گئی ہے کہ جس کیلئے دُعا کا دروازہ کھل گیا یعنی جس کو دُعا کی حقیقت نصیب ہوگئی اور اللہ سے مانگنا آ گیا اس کیلئے رحمتِ الٰہی کے دروازے کھل گئے۔ دُعا دراصل ان دُعائیہ الفاظ کا نام نہیں ہے جو زبان سے ادا ہوتے ہیں، ان الفاظ کو تو زیادہ سے زیادہ دُعا کا لباس یا قالب کہا جا سکتا ہے، دُعا کی حقیقت انسان کے قلب اور اس کی روح کی طلب اور تڑپ ہے، اور حدیث پاک میں اس کیفیت کے نصیب ہونے کو بابِ دُعا کے کھل جانے سے تعبیر کیا گیا ہے، اور جب بندے کو وہ نصیب ہو جائے تو اس کیلئے رحمت کے دروازے کھل ہی جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نصیب فرمائے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو اللہ سے نہ مانگے اس پر اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے (رواہ الترمذی)۔

(تشریح) دنیا میں کوئی نہیں ہے جو سوال نہ کرنے سے ناراض ہوتا ہو، ماں باپ تک کا یہ حال ہوتا ہے کہ اگر بچہ ہر وقت مانگے اور سوال کرے تو وہ بھی چڑھ جاتے ہیں۔ لیکن رسول اللہ ﷺ کی اس حدیث نے بتایا کہ

اللہ تعالیٰ ایسا رحیم وکریم اور بندوں پر اتنا مہربان ہے کہ جو بندہ اس سے نہ مانگے وہ اس سے ناراض ہوتا ہے اور مانگنے پر اسے پیار آتا ہے۔ اوپر حدیث گذر چکی ہے کہ اللہ کی نگاہ میں بندے کا سب سے عزیز اور قیمتی عمل دعا اور سوال ہے۔ لک الحمد یا ربَّ العالمِیْن وَیَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن.

عَنْ ابْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلُو اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَاِنَّ اللهَ يُحِبُّ اَنْ يُسئَلَ وَاَفْضَلُ الْعِبَادَةِ اِنْتِظَارُ الْفَرَجِ : حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ اللہ سے اس کا فضل مانگو (یعنی دعا کرو کہ وہ فضل وکرم فرمائے) کیونکہ اللہ کو یہ بات محبوب ہے کہ اس کے بندے اس سے دعا کریں اور مانگیں۔ اور فرمایا کہ؛ (اللہ تعالیٰ کے کرم سے اُمید رکھتے ہوئے) اس بات کا انتظار کرنا کہ وہ بلا اور پریشانی کو اپنے کرم سے دور فرمائے گا اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے (کیونکہ اس میں عاجزانہ اور سائلانہ طور پر اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ ہے) (رواہ الترمذی)۔

# دُعا کی مقبولیت اور نافعیت:

عَنْ ابْنِ عُمَرؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الدُّعَاءَ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ فَعَلَيْكُمْ عِبَادَاللّٰهِ بِالدُّعَاءِ: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ دعا کارآمد اور نفع مند ہوتی ہے ان حوادث میں بھی جو نازل ہو چکے ہیں اور ان میں بھی جو ابھی نازل نہیں ہوئے۔ پس اے خدا کے بندو دعا کا اہتمام کرو (اور امام احمد نے مسند میں اس حدیث کو بجائے عبداللہ بن عمرؓ کے معاذ بن جبلؓ سے روایت کیا ہے) (رواہ الترمذی ورواہ احمد عن معاذ بن جبل)۔

(تشریح) مطلب یہ ہے کہ جو بلا اور مصیبت ابھی نازل نہیں ہوئی بلکہ اس کا صرف خطرہ اور اندیشہ ہے، اس سے حفاظت کیلئے بھی اللہ تعالیٰ سے دعا کرنی چاہئے، انشاء اللہ نفع مند ہوگی۔ اور جو بلا یا مصیبت نازل ہو چکی ہے اس کے دفعیہ کیلئے بھی دعا کرنی چاہئے، انشاء اللہ وہ بھی نافع ہوگی، اور اللہ تعالیٰ اس کو دور فرما کر عافیت نصیب فرمائے گا۔

...... عَنْ سَلْمَانَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ رَبَّكُمْ حَيِيٌّ كَرِيْمٌ يَسْتَحْيِىْ مِنْ عَبْدِهٖ اِذَارَفَعَ يَدَيْهِ اَنْ يَّرُدَّ هُمَاصِفْرًا: حضرت سلمان فارسیؓ سے

روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ؛ تمہارے پروردگار میں بدرجہ غایت حیا اور کرم کی صفت ہے، جب بندہ اس کے آگے مانگنے کیلئے ہاتھ پھیلاتا ہے تو اس کو شرم آتی ہے کہ ان کو خالی واپس کرے (کچھ نہ کچھ عطا فرمانے کا فیصلہ ضرور فرماتا ہے) (رواہ الترمذی و ابوداؤد)۔

...... عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَا يُنْجِيْكُمْ مِنْ عَدُوِّكُمْ وَيَدُرُّلَكُمْ اَرْزَاقَكُمْ تَدْعُوْنَ اللّٰهَ فِيْ لَيْلِكُمْ وَنَهَارِكُمْ فَاِنَّ الدُّعَاءَ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ کیا میں تمھیں وہ عمل بتاؤں جو تمھارے دشمنوں سے تمھارا بچاؤ کرے اور تمھیں بھرپور روزی دلائے۔ وہ یہ ہے کہ اپنے اللہ سے دعا کیا کرو رات میں اور دن میں، کیونکہ دعا مومن کا خاص ہتھیار (یعنی اس کی خاص طاقت ہے) (رواہ ابویعلی فی مسندہ)۔

(تشریح) دعا دراصل وہی ہے جو دل کی گہرائی سے اور اس یقین کی بنیاد پر ہو کہ زمین و آسمان کے سارے خزانے صرف اللہ تعالیٰ کے قبضہ واختیار میں ہیں، اور وہ اپنے در کے سائلوں، مانگنے والوں کو عطا فرماتا ہے، اور مجھے جب ہی ملے گا جب وہ عطا فرمائے گا، اس کے در کے سوا میں کہیں سے نہیں پا سکتا۔ اس یقین اور اپنی سخت محتاجی اور کامل بےبسی کے احساس سے بندے کے دل میں جو خاص کیفیت پیدا ہوتی ہے جس کو قرآن مجید میں "اضطرار" سے تعبیر کیا گیا ہے، وہ دعا کی روح ہے، اور یہ واقعہ ہے کہ کوئی بندہ جب اس اندرونی کیفیت کے ساتھ کسی دشمن کے حملہ سے یا کسی دوسری بلا اور آفت سے بچاؤ کیلئے یا وسعتِ رزق یا اس قسم کی کسی دوسری عام و خاص حاجت کیلئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو اس کریم کا عام دستور ہے کہ وہ دعا قبول فرماتا ہے، اس لئے بلاشبہ دعا ان بندوں کا بہت بڑا ہتھیار اور میگزین ہے جن کو ایمان و یقین کی دولت اور دعا کی روح و حقیقت نصیب ہو۔

## دُعا سے متعلّق ہدایات:

رسول اللہ ﷺ نے دعا کے بارے کچھ ہدایات بھی دی ہیں، ضروری ہے کہ دعا کرنے والے بندے ان کو ہمیشہ پیشِ نظر رکھیں۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُدْعُو اللّٰهَ وَاَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَجِيْبُ دُعَاءً مِنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاهٍ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ جب اللہ سے مانگو اور دُعا

کرو تو اس یقین کے ساتھ کرو کہ وہ ضرور قبول کرے گا اور عطا فرمائے گا، اور جان لو اور یاد رکھو کہ اللہ اس کی دُعا قبول نہیں کرتا جس کا دل (دُعا کے وقت) اللہ سے غافل اور بے پرواہ ہو (رواہ الترمذی)۔

(تشریح) مطلب یہ ہے کہ دُعا کے وقت دل کو پوری طرح اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا چاہئے اور اس کی کریمی پر نگاہ رکھتے ہوئے یقین کے ساتھ قبولیت کی امید رکھنی چاہئے، تذبذب اور بے یقینی کے ساتھ جو دُعا ہو گی وہ بے جان اور روح سے خالی ہوگی۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَادَعَا اَحَدُكُمْ فَلَایَقُلْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ اِنْ شِئْتَ اِرْحَمْنِیْ اِنْ شَئْتَ اُرْزُقْنِیْ اِنْ شِئْتَ وَلْیَعْزِمْ مَسْئَلَتَه، اِنَّه، یَفْعَلُ مَایَشَاءُ وَلَا مُكْرِهَ لَه،: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی دُعا کرے تو اس طرح نہ کہے کہ "اے اللہ: تو اگر چاہے تو مجھے بخشدے، اور تو چاہے تو مجھ پر رحمت فرما، اور تو چاہے تو مجھے روزی دے''۔ بلکہ اپنی طرف سے عزم اور قطعیت کے ساتھ اللہ کے حضور میں اپنی مانگ رکھے۔ بے شک وہ کرے گا وہ جو چاہے گا۔ کوئی ایسا نہیں جو زور ڈال کر اس سے کرا سکے (رواہ البخاری)۔

(تشریح) مطلب یہ ہے کہ عاجزی اور محتاجی اور فقیری اور گدائی کا تقاضا یہی ہے کہ بندہ اپنے ربِّ کریم سے بغیر کسی شک اور تذبذب کے اپنی حاجت مانگے، اس طرح نہ کہے کہ اے اللہ! اگر تو چاہے تو ایسا کر دے، اس میں استغنا کا شائبہ ہے اور یہ مقام عبدیت اور دُعا کے منافی ہے، نیز ایسی دُعا کبھی جاندار دُعا نہیں ہوسکتی۔ اس لئے بندے کو چاہئے کہ اپنی طرف سے اس طرح عرض کرے کہ میرے مولا؛ میری یہ حاجت تو پوری کر ہی دے۔ بے شک اللہ تعالیٰ جو کچھ کرے گا وہ اپنے ارادہ اور مشیت سے کرے گا، کوئی ایسا نہیں ہے جو زور ڈال کر اس کی مشیت کے خلاف اس سے کچھ کرا لے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ مَنْ سَرَّه، اَنْ یَّسْتَجِیْبَ اللّٰهُ لَه، عِنْدَ الشَّدَائِدِ فَلْیُكْثِرِ الدُّعَاءَ فِی الرُّخَاءِ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جو کوئی یہ چاہے کہ پریشانیوں اور تنگیوں کے وقت اللہ تعالیٰ اس کی دُعا قبول فرمائے، تو اس کو چاہیئے کہ عافیت اور خوش حالی کے زمانہ میں دُعا زیادہ کیا کرے (رواہ الترمذی)۔

(تشریح) یہ تجربہ اور واقعہ ہے کہ جو لوگ صرف پریشانی اور مصیبت کے وقت ہی خدا کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور اسی وقت ان کے ہاتھ دُعا کیلئے اٹھتے ہیں، ان کا رابطہ اللہ کے ساتھ بہت ضعیف ہوتا ہے، اور خدا کی رحمت پر ان کو وہ اعتماد نہیں ہوتا جس سے دُعا میں روح اور جان پیدا ہوتی ہے۔ اس کے برعکس جو بندے ہر حال میں اللہ سے مانگنے کے عادی ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے ساتھ ان کا رابطہ قوی ہوتا ہے اور اللہ کے کرم اور اس کی رحمت پر ان کو بہت زیادہ اعتماد اور بھروسہ ہوتا ہے، اس لئے ان کی دُعا قدرتی طور پر جاندار ہوتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس حدیث میں یہی ہدایت دی ہے کہ بندوں کو چاہئے کہ عافیت اور خوش حالی کے دنوں میں بھی وہ اللہ تعالیٰ سے زیادہ سے زیادہ دُعا کیا کریں اور مانگا کریں، اس سے ان کو وہ مقام حاصل ہوگا کہ پریشانیوں اور تنگیوں کے پیش آنے پر جب وہ اللہ تعالیٰ سے دُعا کریں گے تو ان کی دُعا خاص طور سے قبول ہوگی۔

## دُعا میں عجلت طلبی کی ممانعت:

دُعا بندے کی طرف سے اللہ تعالیٰ کے حضور میں معروضہ کی پیشی ہے، اور وہ مالکِ کل اور قادرِ مطلق ہے، چاہے تو اسی لمحہ دُعا کرنے والے بندے کو وہ عطا فرمادے جو وہ مانگ رہا ہے لیکن اس کی حکمت کا تقاضا یہ نہیں ہے کہ وہ ظلوم وجہول بندے کی خواہش کی ایسی پابندی کرے۔ بلکہ بسا اوقات خود اس بندے کی مصلحت اسی میں ہوتی ہے کہ اس کی مانگ جلد پوری نہ ہو۔ لیکن انسان کے خمیر میں جو جلد بازی ہے اس کی وجہ سے وہ چاہتا ہے کہ جو میں مانگ رہا ہوں وہ مجھے فوراً مل جائے، اور جب ایسا نہیں ہوتا تو وہ مایوس ہو کر دُعا کرنا بھی چھوڑ دیتا ہے۔ یہ انسان کی وہ غلطی ہے جس کی وجہ سے وہ قبولیتِ دُعا کا مستحق نہیں رہتا، اور گویا اس کی یہ جلد بازی ہی اس کی محرومی کا باعث بن جاتی ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُسْتَجَابُ لِاَحَدِکُمْ مَالَمْ یُعَجِّلْ فَیَقُوْلُ قَدْدَعَوْتُ فَلَمْ یُسْتَجَبْ لِیْ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: تمہاری دعائیں اس وقت تک قابلِ قبول ہوتی ہیں جب تک کہ جلد بازی سے کام نہ لیا جائے (جلد بازی یہ ہے) کہ بندہ کہنے لگے کہ میں نے دُعا کی تھی مگر وہ قبول ہی نہیں ہوئی (رواہ البخاری ومسلم)۔

(تشریح) مطلب یہ ہے کہ بندہ اس جلد بازی اور مایوسی کی وجہ سے قبولیت کا استحقاق کھو دیتا ہے، اس لئے چاہئے کہ بندہ ہمیشہ اس کے در کا فقیر بنا رہے اور مانگتا رہے، یقین کرے کہ ارحم الرّاحمین کی رحمت دیر سویر ضرور اس کی طرف متوجہ ہوگی۔ کبھی کبھی بہت سے بندوں کی دُعا جو وہ بڑے اخلاص واضطرار سے کرتے ہیں اس

لئے بھی جلدی قبول نہیں کی جاتی کہ اس دُعا کا تسلسل ان کیلئے ترقی اور تقرب الی اللہ کا خاص ذریعہ ہوتا ہے، اگر ان کی منشاء کے مطابق ان کی دُعا جلدی قبول کرلی جائے تو اس عظیم نعمت سے وہ محروم رہ جائیں۔

## حرام کھانے اور پہننے والے کی دُعا قبول نہیں:

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَااَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لاَ يَقْبَلُ اِلاَّ طَيِّبًا وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَالْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا اَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِيْنَ فَقَالَ "يَااَيُّهَاالرُّسُلُ كُلُوْامِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ وَقَالَ يـااَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْ كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَارَزَقْنَاكُمْ ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيْلُ السَّفَرَ اَشْعَثَ اَغْبَرَ يَمُدَّ يَدَيْهِ اِلَی السَّمَاءِ يَا ربِّ يَا ربِّ وَمَطْعَمُه‘ حَرَامٌ وَمَشْرَبُه‘ حَرَامٌ وَ مَلْبَسُه‘ حَرَامٌ وَغُذِّیَ بِالْحَرَامِ فَاَنّٰی يُسْتَجَابُ لِذَالِكَ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ لوگو: اللہ تعالیٰ پاک ہے وہ صرف پاک ہی کو قبول کرتا ہے، اور اس نے اس بارے میں جو حکم اپنے پیغمبروں کو دیا ہے وہی اپنے سب مومن بندوں کو دیا ہے، پیغمبروں کیلئے اس کا ارشاد ہے۔ "اے رسولو؛ تم کھاؤ پاک اور حلال غذا، اور عمل کرو صالح، میں خوب جانتا ہوں تمھارے اعمال" اور اہل ایمان کو مخاطب کر کے اس نے فرمایا ہے کہ؛ "اے ایمان والو؛ تم ہمارے رزق میں سے حلال اور طیب کھاؤ (اور حرام سے بچو)"۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے ذکر فرمایا ایک ایسے آدمی کا، جو طویل سفر کر کے (کسی مقدس مقام پر) ایسی حالت میں جاتا ہے کہ اس کے بال پراگندہ ہیں اور جسم اور کپڑوں پر گردوغبار ہے اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دُعا کرتا ہے؛ "اے میرے رب، اے میرے پروردگار" اور حالت یہ ہے کہ اس کا کھانا حرام ہے، اس کا پینا حرام ہے، اس کا لباس بھی حرام ہے اور حرام غذا سے اس کا نشوونما ہوا ہے، تو اس آدمی کی دُعا کیسے قبول ہوگی (رواہ مسلم عن ابوہریرۃ)۔

(تشریح) آج بہت سے دُعا کرنے والوں کے دلوں میں یہ سوال اٹھتا ہے کہ جب دُعا اور اس کی قبولیت برحق ہے اور دُعا کرنے والوں کیلئے اللہ کا وعدہ ہے، "اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ : تم دُعا کرو میں قبول کرونگا" تو پھر ہماری دعائیں کیوں قبول نہیں ہوتیں؟ اس حدیث میں اس کا پورا جواب ہے۔ آج دُعا کرنے والوں میں کتنے ہیں جنکو اطمینان ہے کہ وہ جو کھا رہے ہیں، جو پی رہے ہیں، جو پہن رہے ہیں وہ سب حلال اور

طیب ہے۔اللہ تعالیٰ ہمارے حال پر رحم فرمائے۔

## وہ دعائیں جن کی ممانعت ہے:

انسان بے صبرا اور جلد گھبرا جانے والا ہے اور اس کا علم بھی بہت محدود اور ناقص ہے اس لئے بعض اوقات وہ اللہ تعالیٰ سے ایسی دعائیں بھی کرنے لگتا ہے جو اگر قبول ہو جائیں تو اس میں خود اسی کا خسارہ ہو۔رسول اللہ ﷺ نے ایسی دعاؤں سے منع فرمایا ہے۔

...... **عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لاَ تَدْعُوْا عَلیٰ اَنْفُسِکُمْ وَلاَ تَدْعُوْا عَلیٰ اَوْ لاَدِکُمْ وَلاَ تَدْعُوْا عَلیٰ اَمْوَالِکُمْ لاَتُوَافِقُوْا مِنَ اللّٰہِ سَاعَۃً یُسْئَالُ فِیْھَا عَطَاءٌ فَیَسْتَجِیْبَ لَکُمْ:** حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم کبھی اپنے حق میں یا اپنی اولاد اور مال و جائداد کے حق میں بددعا نہ کرو، مبادا وہ وقت دعا کی قبولیت کا ہو اور تمہاری وہ دعا اللہ تعالیٰ قبول فرمالے (جس کے نتیجہ میں خود تم پر یا تمہاری اولاد یا مال و جائداد پر کوئی آفت آجائے) (رواہ مسلم)۔

...... **عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لاَیَتَمَنّٰی اَحَدُکُمُ الْمَوْتَ وَلاَ یَدْعُ بِہٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَاتِیَہٗ اِنَّہٗ اِذَامَاتَ اِنْقَطَعَ عَمَلُہٗ وَاِنَّہٗ لاَیَزِیْدُ الْمُؤمِنَ عُمُرُہٗ اِلاَّ خَیْراً :** حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ تم میں سے کوئی اپنی موت کی تمنا نہ کرے، نہ جلدی موت آنے کیلئے اللہ سے دُعا کرے، کیونکہ جب موت آجائے گی تو عمل کا سلسلہ منقطع ہوجائے گا (اور اللہ کی رضا و رحمت حاصل کرنے والا کوئی عمل بندہ نہیں کر سکے گا، جو عمل بھی کیا جاسکتا ہے جیتے جی ہی کیا جاسکتا ہے) اور بندہ مومن کی عمر تو اس کیلئے خیر ہی میں اضافہ اور ترقی کا وسیلہ ہے (اس لئے موت کی تمنا اور دُعا کرنا بڑی غلطی ہے) (رواہ مسلم)۔

...... **عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لاَتَدْعُوْا بِالْمَوْتِ وَلاَتَتَمَنَّوْہُ فَمَنْ کَانَ دَاعِیًالاَبُدَّ فَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مَاکَانَ الْحَیٰوۃُ خَیْرًا لِیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا کَانَتِ الْوَفَاۃُ خَیْرًا لِی:** حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ؛ تم لوگ موت کی دُعا اور تمنا نہ کرو، اگر کوئی ایسی دُعا کیلئے مضطر ہی ہو (اور کسی وجہ سے زندگی اس کیلئے دوبھر ہو) تو اللہ کے حضور یوں عرض کرے، اے اللہ؛ جب تک

میرے لئے زندگی بہتر ہے مجھے زندہ رکھ اور جب میرے لئے موت بہتر ہو تو دنیا سے مجھے اٹھالے (رواہ النسائی)۔

(تشریح) ان حدیثوں میں دراصل موت کی اس دعا اور تمنا سے ممانعت فرمائی گئی ہے جو کسی تکلیف اور پریشانی سے تنگ آ کر زبان پر آ جاتی ہے۔ بعض حدیثوں کے الفاظ میں اس کی صراحت بھی ہے۔ چنانچہ صحیحین میں حضرت انسؓ کی روایت کے الفاظ یہ ہیں " لَایَتَمَنَّیَنَّ اَحَدُکُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهٖ : تم میں سے کوئی کسی پیش آجانے والی تکلیف کی وجہ سے موت کی تمنا نہ کرے"۔ اس صورت میں موت کی تمنا اور دُعا سے ممانعت کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ یہ صبر کی صفت کے خلاف ہے، اور دوسری اس سے بھی اہم وجہ یہ ہے کہ آدمی جب تک زندہ ہے اس کیلئے توبہ استغفار کے ذریعہ اپنے کو پاک صاف کرنے کا اور حسنات و طاعات کے ذریعہ اپنے ذخیرہ آخرت میں اضافہ اور اللہ تعالیٰ کا مزید تقرب حاصل کرنے کا راستہ کھلا ہوا ہے۔ پس موت کی دُعا اس کھلے دروازے کو بند کرنے کی دُعا ہے، اور ظاہر ہے کہ اس میں بندہ کیلئے خسارہ ہی خسارہ ہے۔ البتہ اللہ کے خاص مقرب بندے جب ان کا وقت موعود قریب آتا ہے تو لقاءِ الٰہی کے غلبہ شوق کی وجہ سے کبھی کبھی ان سے موت کی تمنا اور دُعا کا ظہور بھی ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں حضرت یوسف علیہ السّلام کی دُعا؛ " فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ: اے زمین وآسمان کے پیدا کرنے والے تو ہی میرا مولا ہے، دنیا اور آخرت میں، مجھے اٹھالے اس حالت میں کہ تیرا فرمانبردار بندہ ہوں، اور مجھے ساتھ کردے اپنے اچھے نیک بندوں کے " اور آخری وقت میں رسول اللہ ﷺ کی دُعا؛ "اَللّٰهُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی : اے اللہ میں رفیقِ اعلیٰ کا طالب وسائل ہوں" اسی قبیل سے ہیں۔ واللہ اعلم۔

# دُعا کے چند آداب

## دوسرے سے پہلے اپنے لئے دُعا:

دُعا کا ایک ادب یہ ہے کہ جب کسی دوسرے کیلئے دُعا کرنی ہو تو پہلے اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے مانگے اس کے بعد دوسرے کیلئے۔ اگر صرف دوسرے کیلئے مانگے گا تو اسکی حیثیت محتاج سائل کی نہ ہوگی، بلکہ صرف "سفارشی" کی سی ہوگی، اور یہ بات دربارِ الٰہی کے کسی منگتا کیلئے مناسب نہیں ہے، اس لئے رسول اللہ ﷺ کا بھی یہی دستور تھا کہ جب آپ ﷺ کسی دوسرے کیلئے دعا فرمانا چاہتے تو پہلے اپنے لئے مانگتے۔ عبدیتِ کاملہ کا تقاضہ یہی تھا۔

عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍؓ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَاذَکَرَ اَحَدًا

فَدَعَا لَہ' بَدَأَ بِنَفْسِہٖ: حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی کو یاد فرماتے اور اس کیلئے دُعا کرنا چاہتے تو پہلے اپنے لئے مانگتے، پھر اس شخص کیلئے دُعا فرماتے (رواہ الترمذی)۔

## ہاتھ اٹھا کے دُعا کرنا:

عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ سَلُو اللّٰہَ بِبُطُوْنِ اَکُفِّکُمْ وَلاَ تَسْأَ لُوْہُ بِظُھُوْرِ ھَا فَاِذَافَرَغْتُمْ فَامْسَحُوْ ابِھَا وُجُوْھَکُمْ: حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ اللہ سے اس طرح ہاتھ اٹھا کے مانگا کرو کہ ہتھیلیوں کا رخ سامنے ہو ہاتھ الٹے کر کے نہ مانگا کرو، اور جب دُعا کر چکو تو اٹھے ہوئے ہاتھ چہرے پر پھیر لو (رواہ ابوداوٗد)۔

(تشریح) دوسری بعض حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب آنے والی اور نازل ہونے والی کسی بلا کو رکوانے کیلئے اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتے تو ہاتھوں کی پشت آسمان کی طرف ہوتی تھی، اور جب دنیا یا آخرت کی کوئی خیر اور بھلائی مانگتے تھے تو سیدھے ہاتھ پھیلا کے مانگتے تھے جس طرح کسی سائل اور منگتا کو ہاتھ پسار کے اور پھیلا کے مانگنا چاہئے۔ اس کی روشنی میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی اس حدیث کا مطلب یہی ہے کہ جب اللہ سے اپنی حاجت مانگی جائے تو اس کے سامنے فقیروں کی طرح ہاتھ سیدھے پھیلا کے مانگی جائے، اور آخر میں وہ پھیلے ہوئے ہاتھ منہ پر پھیر لئے جائیں اس تصور کے ساتھ کہ یہ پھیلے ہوئے ہاتھ خالی نہیں رہے ہیں، ربِّ کریم کی رحمت و برکت کا کوئی حصہ ان کو ضرور ملا ہے۔

عَنِ السَّائِبِ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَ دَعَا فَرَفَعَ یَدَیْہِ مَسَحَ وَجْھَہ' بِیَدَیْہِ: حضرت سائب بن یزید تابعیؒ اپنے والد یزید بن سعید بن ثمامہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا دستور تھا کہ جب آپ ﷺ ہاتھ اٹھا کے دُعا مانگتے تو آخر میں اپنے ہاتھ چہرہ مبارک پر پھیر لیتے تھے (رواہ ابوداوٗد والبیہقی)۔

(تشریح) دُعا میں ہاتھ اٹھانا اور آخر میں ہاتھ منہ پر پھیرنا رسول اللہ ﷺ سے قریب قریب بتواتر ثابت ہے۔ جن لوگوں نے اس سے انکار کیا ہے ان کو حضرت انسؓ کی ایک روایت سے صرف غلط فہمی ہوئی ہے۔ امام نوویؒ نے شرح مہذب میں قریباً تیس (۳۰) حدیثیں اس کے متعلق یکجا کر دی ہیں، اور تفصیل سے ان حضرات کی غلط فہمی کی حقیقت واضح کی ہے۔

www.noorehidayat.org

## دُعا سے پہلے حمد وصلوٰۃ:

عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلاً يَدْعُوْ فِيْ صَلٰوتِهٖ لَمْ يَحْمِدِ اللّٰهَ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجَّلَ هٰذَا ثُمَّ دَعَاهُ فَقَالَ لَهٗ اَوْ لِغَيْرِهٖ اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَءْ بِتَحْمِيْدِ رَبِّهٖ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ ثُمَّ يُصَلِّيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم ثُمَّ يَدْعُوْ بَعْدُ بِمَاشَاءَ: حضرت فضالہ بن عبیدؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو سنا اس نے نماز میں دُعا کی، جس میں نہ اللہ کی حمد کی نہ نبی ﷺ پر درود بھیجا، تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ؛ اس آدمی نے دُعا میں جلد بازی کی۔ پھر آپ ﷺ نے اس کو بلایا اور اس سے یا اس کی موجودگی میں دوسرے آدمی کو مخاطب کر کے آپ ﷺ نے فرمایا؛ جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو (دُعا کرنے سے پہلے) اس کو چاہئے کہ اللہ کی حمد وثنا کرے، پھر اس کے رسول ﷺ پر درود بھیجے، اس کے بعد جو چاہے اللہ سے مانگے رواہ الترمذی وابوداؤد والنسائی)۔

## دُعا کے آخر میں اٰمین:

عَنْ اَبِيْ زُهَيْرٍ النُّمَيْرِيِّؓ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً فَاَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ قَدْ اَلَحَّ فِي الْمَسْئَلَةِ فَوَقَفَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَمِعُ مِنْهُ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْجَبَ اِنْ خَتَمَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ بِاَيِّ يَخْتِمُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِاٰمِيْن، فَاِنَّهٗ اِنْ خَتَمَ بِاٰمِيْن فَقَدْ اَوْجَبَ: ابوزُہیر نُمیریؓ سے روایت ہے کہ ایک رات میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ باہر نکلے۔ ہمارا گذر اللہ کے ایک بندے پر ہوا جو بڑے الحاح سے اللہ سے مانگ رہا تھا۔ رسول اللہ ﷺ کھڑے ہو کر اس کی دعا اور اللہ کے حضور میں اس کا مانگنا، گڑگڑانا سننے لگے۔ پھر آپ ﷺ نے ہم لوگوں سے فرمایا کہ؛ اگر اس نے دُعا کا خاتمہ صحیح کیا اور مہر ٹھیک لگائی، تو جو اس نے مانگا ہے اس کا اس نے فیصلہ کرالیا۔ ہم میں سے ایک نے پوچھا کہ، حضور ﷺ صحیح خاتمہ کا اور مُہر لگانے کا طریقہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا؛ آخر میں امین کہہ کے دُعا ختم کرے (تو اگر

اس نے ایسا کیا تو بس اللہ سے طے کرالیا) (رواہ ابوداؤد)۔

(تشریح) ختم کے معنی ختم کرنے کے بھی ہیں اور مُہر لگانے کے بھی ہیں، بلکہ یہ دونوں دراصل ایک ہی حقیقت کی دو تعبیریں ہیں، اس لئے ترجمہ میں دونوں ہی لفظوں کو استعمال کیا گیا ہے۔ حدیث کا اصل سبق یہ ہے کہ ہر دُعا کے خاتمہ پر بندے کو آمین کہنا چاہیئے جس کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ؛ میری یہ دُعا قبول فرما۔ اسی پر ہر دُعا کا خاتمہ ہونا چاہیئے۔ اس کی حکمت عنقریب ہی پہلے لکھی جاچکی ہے۔

## اپنے چھوٹوں سے بھی دُعا کی درخواست:

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِؓ قَالَ اِسْتَاذَنْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعُمْرَةِ فَاَذِنَ وَقَالَ اَشْرِكْنَا يَااُخَيَّ فِيْ دُعَائِكَ وَلاَ تَنْسَنَا فَقَالَ كَلِمَةً مَا يَسُرُّ نِيْ اَنَّ لِيْ بِهَا الدُّنْيَا: حضرت عمر بن الخطابؓ سے روایت ہے، بیان فرماتے ہیں کہ؛ ایک دفعہ میں نے عُمرہ کرنے کیلئے مکہ معظّمہ جانے کی رسول اللہ ﷺ سے اجازت چاہی، تو آپ ﷺ نے مجھے اجازت عطا فرمادی، اور ارشاد فرمایا؛ بَھیّا ہمیں بھی اپنی دعاؤں میں شامل کرنا اور ہم کو بھول نہ جانا؟ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ؛ آپ ﷺ نے مجھے مخاطب کر کے یہ بَھیّا کا جو کلمہ کہا، اگر مجھے اس کے عوض ساری دنیا دے دی جائے تو میں راضی نہ ہوں گا (رواہ ابوداؤد والترمذی)۔

(تشریح) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دُعا ایسی چیز ہے جس کی استدعا بڑوں کو بھی اپنے چھوٹوں سے کرنی چاہیئے۔ بالخصوص اس وقت جبکہ وہ کسی ایسے مقبول عمل کیلئے یا ایسے مقدس مقام کو جارہا ہو جہاں قبولیت کی خاص امید ہو۔ اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرؓ کو "اُخَيَّ" کے لفظ سے خطاب فرمایا جو "اَخِي" کی تصغیر ہے، اور جس کا لفظی ترجمہ "بھیّا" ہے۔ اس سے حضرت عمرؓ کو جتنی خوشی ہوئی (جس کا انھوں نے اظہار بھی فرمایا ہے) وہ بالکل برحق ہے۔ اسی کے ساتھ اس حدیث سے حضرت عمرؓ کے مقام کی رفعت اور بارگاہِ الٰہی میں ان کی مقبولیت کی جو شہادت ملتی ہے، وہ بجائے خود بہت بڑی سند ہے۔

## وہ دعائیں جو خصوصیت سے قبول ہوتی ہیں:

عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْوَةُ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ لِاَخِيْهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ مُسْتَجَابَةٌ عِنْدَرَأسِهِ مَلَكٌ مُوَكَّلٌ كُلَّمَا

**دَعَالِاَخِیْهِ بِخَیْرٍ قَالَ الْمَلِکُ الْمُوَکَّلُ بِهٖ اٰمِیْنَ وَلَکَ بِمِثْلٍ** : حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ کسی مسلمان کی اپنے بھائی کیلئے غائبانہ دُعا قبول ہوتی ہے اس کے پاس ایک فرشتہ ہے جس کی یہ ڈیوٹی ہے کہ جب وہ اپنے کسی بھائی کیلئے (غائبانہ) کوئی اچھی دُعا کرے تو وہ فرشتہ کہتا ہیکہ تیری یہ دُعا اللہ قبول کرے اور تیرے لئے بھی اسی طرح کا خیر عطا فرمائے (رواہ مسلم)۔

(تشریح) غائبانہ دُعا کی جس خصوصی قبولیت اور برکت کا اس حدیث میں ذکر ہے اس کی خاص وجہ بظاہر یہ ہے کہ ایسی دُعا میں اخلاص زیادہ ہے۔

**عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثُ دَعْوَاتٍ مُسْتَجَابَاتٌ لَاشَکَّ فِیْهِنّ دَعْوَةُ الْوَالِدِ وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ وَدَعْوَة الْمَظْلُوْمِ** : حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ تین دعائیں جو خاص طور سے قبول ہوتی ہیں۔ان کی قبولیت میں شک نہیں ہے۔ایک اولاد کے حق میں ماں باپ کی دُعا، دوسرے مسافر اور پردیسی کی دُعا، تیسرے مظلوم کی دُعا (جامع ترمذی، سنن ابی داؤد، سنن ابن ماجہ)۔

(تشریح) ان دعاؤں کی مقبولیت کا خاص راز بھی یہی ہے کہ یہ دعائیں اخلاص سے اور دل سے ہوتی ہیں۔اولاد کیلئے ماں باپ کا خلوص تو ظاہر ہے۔اسی طرح بیچارے پردیسی اور مظلوم کا دل شکستہ ہوتا ہے، اور دل کی شکستگی میں اللہ تعالیٰ کی رحمت کو کھینچنے کی خاص طاقت ہے۔

**عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍؓ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسُ دَعْوَاتٍ یُسْتَجَابُ لَهُنَّ دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ حَتّٰی یَنْتَصِرَ وَدَعْوَةُ الْحَاجِّ حَتّٰی یَصْدِرَ وَدَعْوَةُ الْمُجَاهِدِ حَتّٰی یُفْقَدَ وَدَعْوَةُ الْمَرِیْضِ حَتّٰی یَبْرَأَ وَدَعْوَةُ الْاَخِ لِاَخِیْهِ بِظَهْرِ الْغَیْبِ ثُمَّ قَالَ وَاَسْرَعُ هٰذِهِ الدَّعْوَاتِ اِجَابَةً دَعْوَةُ الْاَخِ بِظَهْرِ الْغَیْبِ** : حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ پانچ آدمیوں کی دعائیں خاص طور پر قبول ہوتی ہیں۔مظلوم کی دُعا جب تک وہ بدلہ نہ لیوے، اور حج کرنے والے کی دُعا جب تک وہ لوٹ کے اپنے گھر واپس نہ آئے اور راہِ خدا میں جہاد کرنے والے کی دُعا جب تک وہ شہید ہو کے دنیا سے لاپتہ نہ ہو جائے، اور بیمار کی

دُعا جب تک وہ شفایاب نہ ہو اور ایک بھائی کی دوسرے بھائی کیلئے غائبانہ دُعا، یہ سب بیان فرمانے کے بعد آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اور ان دعاؤں میں سب سے جلدی قبول ہونے والی دعا کسی بھائی کیلئے غائبانہ دُعا ہے (رواہ البیہقی فی الدعوات الکبیر)۔

(تشریح) دُعا اگر حقیقۃً دُعا ہو اور خود دُعا کرنے والے کی ذات اور اس کے اعمال میں کوئی ایسی چیز نہ ہو جو قبولیت میں مانع ہوتی ہے تو دُعا عمومًا قبول ہوتی ہے لیکن بندہ مومن کے بعض خاص احوال یا اعمال ایسے ہوتے ہیں کہ ان کی وجہ سے رحمتِ الٰہی خصوصیت سے متوجہ ہوتی ہے اور دُعا کی قبولیت کا خصوصی استحقاق پیدا ہو جاتا ہے۔ اس حدیث میں جن پانچ آدمیوں کی دعاؤں کا ذکر ہے ان میں سے مظلوم کی دُعا اور غائبانہ دُعا کا ذکر پہلے ہو چکا ہے اور حج اور جہاد ایسے اعمال ہیں کہ جب تک بندہ ان میں مشغول ہو وہ گویا اللہ کی بارگاہ میں ہے اور اس سے قریب تر ہے۔ اسی طرح مرد مومن کی بیماری گناہوں سے اس کی تطہیر کا ذریعہ اور قربِ الٰہی کی راہ میں اس کی غیر معمولی ترقی کا وسیلہ ہوتی ہے، اور بیماری کے بستر پر وہ ولایت کی منزلیں طے کرتا ہے اس لئے اس کی دُعا بھی خاص طور پر قبول ہوتی ہے۔

## قبولیت دُعا کے خاص احوال واوقات:

دُعا کی قبولیت میں بنیادی دخل تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ دُعا کرنے والے کے تعلق اور اس اندرونی کیفیت کو ہوتا ہے جس کو قرآن مجید میں "اضطرار" اور "ابتہال" سے تعبیر فرمایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کچھ خاص احوال اور اوقات بھی ایسے ہوتے ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کی رحمت وعنایت کی خاص طور سے امید کی جاتی ہے۔ مندرجہ ذیل حدیثوں میں رسول اللہ ﷺ نے ان احوال واوقات کی خاص طور سے نشاندہی فرمائی ہے۔

**عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى فَرِيْضَةً فَلَه دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ وَمَنْ خَتَمَ الْقُرْاٰنَ فَلَه دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ:** حضرت عرباض بن ساریہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو بندہ فرض نماز پڑھے (اور اس کے بعد دل سے دُعا کرے) تو اس کی دُعا قبول ہوگی، اسی طرح جو آدمی قرآن مجید ختم کرے (اور دُعا کرے) تو اس کی دُعا بھی قبول ہوگی (رواہ الطبرانی فی الکبیر)۔

(تشریح) نماز اور خاص کر فرض نماز میں اور قرآن پاک کی تلاوت کے وقت بندہ اللہ تعالیٰ سے قریب تر اور اس سے ہمکلام ہوتا ہے، بشرطیکہ نماز اور تلاوت کی صرف صورت نہ ہو بلکہ حقیقت ہو۔ گویا یہ دونوں عمل بندہ مومن کی معراج ہیں۔ پس ان دونوں کے ختم پر بندہ اللہ سے جو دُعا کرے وہ اس کی مستحق ہے کہ رحمتِ الٰہی خود

آگے بڑھ کے اس کا استقبال کرے۔

...... عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الدُّعَاءُ لا یُرَدُّ بَیْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَۃِ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ؛ اذان اور اقامت کے درمیان دُعا رد نہیں ہوتی قبول ہی ہوتی ہے (رواہ الترمذی وابوداؤد)۔

...... عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تُفْتَحُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَیُسْتَجَابُ الدُّعَاءُ فِیْ اَرْبَعَۃِ مَوَاطِنَ عِنْدَالْتِقَاءِ الصُّفُوْفِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَعِنْدَ نُزُوْلِ الْغَیْثِ وَعِنْدَ اِقَامَۃِ الصَّلٰوۃِ وَعِنْدَرُؤْیَۃِالْکَعْبَۃِ: حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ چار موقعے ہیں جن میں دُعا خصوصیت سے قبول ہوتی ہے۔(۱) راہ خدا میں جنگ کے وقت، (۲) اور جس وقت آسمان سے بارش ہو رہی ہو (اور رحمت کا سماں ہو) (۳) اور نماز کے وقت، (۴) اور کعبۃ اللہ نظر کے سامنے ہو (رواہ الطبرانی فی لکبیر)۔

...... عَنْ رَبِیْعَۃَ بْنِ وَقَّاصٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثَلاثَۃُ مَوَاطِنَ لاتُرَدُّ فِیْھَا دَعْوَۃٌ رَجُلٌ یَکُوْنُ فِیْ بَرِیَّۃٍ حَیْثُ لایَرَاہُ اَحَدٌ اِلَّا اللّٰہُ فَیَقُوْمُ وَیُصَلِّیْ وَرَجُلٌ یَکُوْنُ مَعَہٗ فِئَۃٌ فَیَفِرُّ عَنْہُ اَصْحَابُہٗ فَیَثْبُتُ وَرَجُلٌ یَقُوْمُ مِنْ اٰخِرِ اللَّیْلِ: حضرت ربیعہ بن وقاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ تین موقعے ایسے ہیں کہ ان میں دُعا کی جائے تو وہ رد نہیں ہوگی (بلکہ لازماً قبول ہی ہوگی)، ایک یہ کہ کوئی آدمی ایسے جنگل بیابان میں ہو جہاں خدا کے سوا کوئی اسے دیکھنے والا نہ ہو وہاں وہ خدا کے حضور میں کھڑے ہو کر نماز پڑھے (اور پھر دُعا کرے)۔ دوسرے یہ کہ کوئی شخص میدانِ جہاد میں (دشمن کی فوج کے سامنے) ہو، اس کے ساتھی میدان چھوڑ کر بھاگ گئے ہوں، مگر وہ (دشمنوں کے نرغہ میں) ثابت قدم رہا ہو (اور اس حال میں دُعا کرے) ۔تیسرے وہ آدمی جو رات کے آخری حصہ میں (بستر چھوڑ کے) اللہ کے حضور میں کھڑا ہو (اور پھر دُعا کرے، تو ان بندوں کی یہ دعائیں ضرور قبول ہوں گی) (رواہ ابن مندۃ فی مسندہ)۔

...... عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِی اللَّیْلِ لَسَاعَۃً

لایُوَافِقُهَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ یَسْأَلُ اللّٰهَ فِیْهَا خَیْراً مِنْ اَمْرِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا اَعْطَاهُ اِیَّاهُ وَذَالِکَ کُلَّ لَیْلَةٍ: حضرت جابرؓ سے روایت ہے بیان فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ بات سنی ہے کہ؛ رات میں ایک خاص وقت ہے جو مومن بندہ اس وقت میں اللہ تعالیٰ سے دنیا آخرت کی کوئی خیر اور بھلائی مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کو ضرور عطا فرمادے گا۔ اوراس میں کسی خاص رات کی خصوصیت نہیں بلکہ اللہ کا یہ کرم ہر رات میں ہوتا ہے (رواہ مسلم)۔

(تشریح) حضرت ابوہریرہؓ کی وہ حدیث (معارف الحدیث کی جلد سوم میں) تہجد کے بیان میں صحیحین کے حوالہ سے ذکر کی جاچکی ہے جس میں ارشاد فرمایا گیا ہے کہ جب رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ سماء دنیا کی طرف نزول فرماتے ہیں اور خود ان کی طرف سے پکار ہوتی ہے کہ کوئی ہے مانگنے والا کہ میں اس کو عطا کروں، کوئی ہے بخشش چاہنے والا کہ میں اس کی بخشش کا فیصلہ کروں، کوئی ہے مجھ سے دُعا کرنے والا کہ میں اس کی دُعا قبول کروں۔ اس حدیث کی روشنی میں یہ متعین ہو جاتا ہے کہ حضرت جابرؓ کی مندرجہ بالا حدیث میں ہر رات میں قبولیت دُعا کے جس خاص وقت کا ذکر کیا گیا ہے وہ رات کا آخری حصہ ہے۔ واللہ اعلم۔ مندرجہ بالا حدیثوں سے دُعا کی قبولیت کے جو خاص احوال واوقات معلوم ہوئے ہیں وہ یہ ہیں۔

فرض نمازوں کے بعد، ختم قرآن کے بعد، اذان اور اقامت کے درمیان، میدانِ جہاد میں جنگ کے وقت، بارانِ رحمت کے نزول کے وقت، جس وقت کعبۃ اللہ آنکھوں کے سامنے ہو، ایسے جنگل بیابان میں نماز پڑھے کہ جہاں خدا کے سوا کوئی دیکھنے والا نہ ہو، میدانِ جہاد میں جب کمزور ساتھیوں نے بھی ساتھ چھوڑ دیا ہو، اور رات کے آخری حصے میں۔

وہ حدیثیں اپنے موقع پر پہلے ذکر کی جاچکی ہیں جن میں شبِ قدر میں اور عرفہ کے دن، میدانِ عرفات میں اور جمعہ کی خاص ساعت میں اور روزہ کے افطار کے وقت، اور سفرِ حج اور سفرِ جہاد میں اور بیماری اور مسافری کے حالت میں دعاؤں کی قبولیت کی خاص توقع دلائی گئی ہے۔

لیکن یہ بات برابر ملحوظ رہنی چاہئے کہ دُعا کا مطلب، دُعا کے الفاظ اور صرف اسکی صورت نہیں ہے بلکہ اس کی وہ حقیقت ہے جو پہلے ذکر کی جاچکی ہے، پودا اسی دانے سے اگتا ہے جس میں مغز ہو، اسی طرح آگے درج ہونے والی احادیث سے دُعا کی قبولیت کا مطلب بھی سمجھ لینا چاہئے۔

## دُعا قبول ہونے کا مطلب اوراس کی صورتیں:

بہت سے لوگ ناواقفیت سے قبولیتِ دُعا کا مطلب صرف یہ سمجھتے ہیں کہ بندہ اللہ سے جو کچھ مانگے وہ اس کو مل جائے، اور اگر وہ نہیں ملتا تو سمجھتے ہیں کہ دُعا قبول نہیں ہوئی۔ یہ بہت بڑی غلط فہمی ہے، بندے کا علم بیحد ناقص ہے، بلکہ اپنی خلقت کے لحاظ سے وہ ظلُوم وجہُول ہے۔ بہت سے بندے ہیں جن کیلئے دولتمندی نعمت ہے، اور بہت سے ہیں جن کیلئے دولت فتنہ ہے، بہت سے بندے ہیں جن کیلئے حکومت اور اقتدار قربِ خداوندی کا وسیلہ ہے۔ اور حجاج اور ابن زیاد کی طرح بہت سے ہیں جن کیلئے حکومتی اقتدار خدا سے دوری اور اس کے غضب کا سبب بن جاتا ہے۔ بندہ نہیں جانتا کہ کیا چیز میرے لئے بہتر ہے اور کیا میرے لئے فتنہ اور زہر ہے، اس لئے بسا اوقات وہ ایسی چیز اللہ تعالیٰ سے مانگتا ہے جو اس کیلئے بہتر نہیں ہوتی، یا اس کا عطا کرنا حکمتِ الٰہی کیخلاف ہوتا ہے کہ ہر بندہ جو مانگے وہ اس کو ضرور عطا فرمادے۔ دوسری طرف اس کی کریمی کا یہ تقاضا ہے کہ جب اس کا بندہ ایک محتاج اور مسکین کی طرح اس کے حضور میں ہاتھ پھیلائے اور دُعا کرے تو وہ اس کو خالی ہاتھ نہ لوٹائے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کا یہ دستور ہے کہ وہ دُعا کرنے والے بندے کو محروم نہیں لوٹاتا کبھی تو اس کو وہی عطا فرمادیتا ہے، جو دُعا میں اس نے مانگا اور کبھی اس کی دُعا کے عوض آخرت کی بیش بہا نعمتوں کا فیصلہ فرمادیتا ہے، اور اس طرح اس کی یہ دعا اس کیلئے ذخیرہ آخرت بن جاتی ہے، اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اس دنیا میں اسباب ومسبّبات کا جو سلسلہ ہے اس کے حساب سے اس دعا کرنے والے بندے پر کوئی آفت اور مصیبت نازل ہونے والی ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی اس دعا کے نتیجے میں اس آنے والی بلا اور مصیبت کو روک دیتا ہے۔ بہر حال دُعا کے قبول ہونے کا مطلب یہ ہے کہ دُعا رائگاں نہیں جاتی اور دُعا کرنے والا محروم نہیں رہتا۔ اللہ تعالیٰ اپنے علم وحکمت کے مطابق مذکورہ بالا صورتوں میں سے کسی نہ کسی طرح اس کو ضرور نوازتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے بڑی وضاحت کے ساتھ اس حقیقت کو بیان فرمایا ہے۔

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّؓ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَدْعُوْ بِدَعْوَۃٍ لَیْسَ فِیْھَا اِثْمٌ وَلاَ قَطِیْعَۃُ رَحِمٍ اِلَّا اَعْطَاہُ اللّٰہُ بِھَا اِحْدٰی ثَلٰثٍ اِمَّا اَنْ یُعَجِّلَ لَہ، دَعْوَتَہ، وَاِمَّا اَنْ یَّدَّخِرَھَا لَہ، فِی الْاٰخِرَۃِ وَاِمَّا اَنْ یَّصْرِفَ عَنْہُ مِنَ السُّوْءِ مِثْلَھَا قَالُوْا اِذًا نُکْثِرُ قَالَ اللّٰہُ اَکْثَرُ : حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ جو مومن بندہ کوئی دُعا کرتا ہے جس میں کوئی گناہ کی بات نہ ہو اور نہ قطع رحمی ہو تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کو تین چیزوں میں سے کوئی ایک چیز ضرور عطا ہوتی ہے۔ یا تو جو اس نے مانگا ہے وہی اس کو ہاتھ کے ہاتھ عطا فرمادیا جاتا ہے، یا اس کی

دُعا کو آخرت میں اس کا ذخیرہ بنادیا جاتا ہے، یا آنے والی کوئی مصیبت اور تکلیف اس دُعا کے حساب میں روک دی جاتی ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا؛ جب بات یہ ہے (کہ ہر دُعا قبول ہوتی ہے اور اس کے حساب میں کچھ نہ کچھ ضرور ملتا ہے) تو ہم بہت زیادہ دعائیں کریں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ اللہ کے پاس اس سے بھی زیادہ ہے (رواہ احمد)۔

(تشریح) مطلب یہ ہے کہ اللہ کا خزانہ لاانتہا اور غیر فانی ہے۔ اگر سارے بندے ہر وقت اس سے مانگیں اور وہ ہر ایک کیلئے عطا فرمانے کا فیصلہ کرے تو اس کے خزانہ میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔ مستدرک حاکم میں حضرت جابرؓ کی ایک حدیث ہے جس میں فرمایا گیا ہے کہ، اللہ تعالیٰ جب اس بندے کو جس نے دنیا میں بہت سی ایسی دعائیں کی ہوں گی جو بظاہر دنیا میں قبول نہیں ہوئی ہوں گی ان دعاؤں کے حساب میں جمع شدہ ذخیرہ آخرت میں عطا فرمائینگے تو بندے کی زبان سے نکلے گا؛

**يَالَيْتَهُ لَمْ يُعَجَّلْ لَهُ شَيْءٌ مِنْ دُعَائِهِ:** اے کاش؛ میری کوئی بھی دُعا دنیا میں قبول نہ ہوئی ہوتی، اور ہر دُعا کا پھل مجھے یہیں ملتا (کنز العمال، جلد۲،ص۵۷) (معارف الحدیث، جلد۵،ص۱۱۴تا۱۴۳)۔

# استغفار کے فضائل

توبہ استغفار کے متعلق بندہ کی کتاب جواہرالاسلام کے کتاب الاخلاق کے باب توبہ میں مفصل بیان آچکا ہے اور یہاں اس کے فضائل بھی معارف الحدیث جلد پنجم سے نقل کررہا ہوان کو پڑھ لیجئے۔ حضرت مولانا منظور نعمانیؒ توبہ واستغفار کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

دعا ہی کی ایک خاص قسم استغفار ہے یعنی اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں اور قصوروں کی معافی اور بخشش مانگنا اور توبہ گویا اس کے لوازم میں سے ہے، بلکہ یہ دونوں ہی آپس میں لازم وملزوم ہیں، توبہ کی حقیقت یہ ہے کہ جو گناہ اور نافرمانی یا ناپسندیدہ عمل بندے سے سرزد ہوجائے اس کے برے انجام کے خوف کے ساتھ اس پر اسے دلی رنج وندامت ہو، اور آئندہ کیلئے اس سے بچے رہنے اور دور رہنے کا اور اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری اور اس کی رضا جوئی کا وہ عزم اور فیصلہ کرے۔

ظاہر ہے کہ جب یہ توبہ والی کیفیت نصیب ہوگی تو جو گناہ سرزد ہوچکے ہیں بندہ اللہ تعالیٰ سے ان کی معافی اور بخشش کی استدعا بھی ضرور کرے گا، تاکہ ان کی سزا اور برے انجام سے بچ سکے۔ اور اسی طرح جب سزا

اورعذاب کےخوف سے معافی اور بخشش مانگے گا تواس کوگناہ پر رنج وافسوس اورآئندہ کیلئے اس کے پاس نہ جانے کا عزم بھی ضرور ہوگا۔اسی بنا پر کہا گیا ہے کہ فی الحقیقت یہ دونوں لازم وملزوم ہیں۔

توبہ واستغفار کی حقیقت اس مثال سے اچھی طرح سمجھی جاسکتی ہے کہ کوئی آدمی مثلاً غصّہ کی حالت میں خودکشی کے ارادہ سے زہر کھالے، اور جب وہ زہر اندر پہونچ کر اپنا عمل شروع کرے اور آنتیں کٹنے لگیں، اور وہ ناقابل برداشت تکلیف اور بے چینی ہونے لگے جو زہر کے نتیجہ میں ہوتی ہے، اور موت سامنے کھڑی نظر آئے تو اس کو اپنی اس احمقانہ حرکت پر رنج وافسوس ہو، اور اسوقت وہ چاہے کہ کسی بھی قیمت پر اس کی جان بچ جائے، اور جو دوا حکیم یا ڈاکٹر اسے بتائیں وہ اسے استعمال کرے، اور اگر قے کرنے کیلئے کہیں تو قے لانے کیلئے بھی ہر تدبیر اختیار کرے۔یقیناً اس وقت وہ پوری صدق دلی کے ساتھ یہ بھی فیصلہ کرے گا کہ اگر میں زندہ بچ گیا تو آئندہ کبھی ایسی حماقت نہیں کروں گا۔

بالکل اسی طرح سمجھنا چاہے کہ کبھی کبھی صاحبِ ایمان بندہ غفلت کی حالت میں اغواء شیطانی یا خود اپنے نفسِ امّارہ کے تقاضے سے گناہ کر بیٹھتا ہے، لیکن جب اللہ کی توفیق سے اس کا ایمانی حاسّہ بیدار ہوتا ہے اور وہ محسوس کرتا ہے کہ میں نے اپنے مالک ومولیٰ کی نافرمانی کر کے اپنے کو ہلاک کر ڈالا، اور اللہ کی رحمت وعنایت اور اس کی رضا کے بجائے میں اس کے غضب اور عذاب کا مستحق ہوگیا، اور اگر میں اس حالت میں مرگیا تو قبر میں اور اس کے بعد حشر میں مجھ پر کیا گذرے گی اور وہاں اپنے مالک کو کیا منہ دکھاؤں گا اور آخرت کا عذاب کیسے برداشت کرسکوں گا۔الغرض جب توفیق الٰہی سے اس کے اندر یہ فکر واحساس پیدا ہوتا ہے تو وہ یہ یقین وعقیدہ رکھتے ہوئے کہ میرا مالک ومولیٰ بڑا رحیم وکریم ہے، معافی مانگنے پر بڑے سے بڑے گناہوں قصوروں کو وہ بڑی خوشی سے معاف فرمادیتا ہے، وہ اس سے معافی اور بخشش کی استدعا کرتا ہے اور اسی کو گناہ کے زہر کا علاج سمجھتا ہے۔

نیز اس کے ساتھ وہ آئندہ کیلئے فیصلہ کرتا ہے کہ اب کبھی اپنے مالک کی نافرمانی نہیں کروں گا اور کبھی اس گناہ کے پاس نہیں جاؤں گا۔ بس بندے کے اسی عمل کا نام استغفار اور توبہ ہے۔

## توبہ واستغفار بلندترین مقام:

پہلے عرض کیا جاچکا ہے کہ مقبولین ومقربین کے مقامات میں سب سے بلند مقام عبدیت اور بندگی کا ہے، اور دعا چونکہ عبدیت اور بندگی کا سب سے اعلیٰ مظہر ہے، بلکہ ارشاد نبوی ﷺ کے مطابق وہی "مُخُّ الْعِبَادَہ" (یعنی بندگی اور عبادت کا مغز اور جوہر ہے) اس لئے انسانی اعمال واحوال میں سب سے اکرم واشرف دعا ہی ہے۔رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد اپنے موقع پر درج ہو چکا ہے؛ لَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَمَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ

الدُّعَاء (اللہ کے یہاں کوئی چیز دعا سے زیادہ عزیز اور قیمتی نہیں ہے)۔

اور استغفار و توبہ کے وقت بندہ چونکہ اپنی گنہگاری اور تقصیر کے احساس کی وجہ سے انتہائی ندامت اور احساسِ پستی کی حالت میں ہوتا ہے، اور گناہ کی گندگی کی وجہ سے مالک کو منہ دکھانے کے قابل نہیں سمجھتا، اور اپنے کو مجرم اور خطا وار سجھ کر معافی اور بخشش مانگتا اور آئندہ کیلئے توبہ کرتا ہے، اس لئے بندگی اور تذلل اور گنہگاری و قصورواری کے احساس کی جو کیفیت استغفار و توبہ کے وقت میں ہوتی ہے وہ کسی دوسری دعا کے وقت نہیں ہوتی، بلکہ نہیں ہوسکتی۔ اس بنا پر استغفار و توبہ دراصل اعلیٰ درجہ کی عبادت اور قربِ الٰہی کے مقامات میں بلندترین مقام ہے، اور توبہ واستغفار کرنے والے بندوں کیلئے صرف معافی اور بخشش ہی کی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت و محبت اور اس کے پیار کی بشارت سنائی گئی ہے۔

وہ حدیثیں آگے آئیں گی جن سے معلوم ہوگا کہ خود رسول اللہ ﷺ ہر وقت توبہ واستغفار کرتے تھے۔ اوپر کی سطروں میں توبہ واستغفار کی متعلق جو کچھ عرض کیا گیا اس کی روشنی میں آنحضرت ﷺ کے اس کثرتِ استغفار کی وجہ آسانی سے سمجھی جاسکتی ہے۔

دراصل یہ خیال بہت ہی عامیانہ اور غلط ہے کہ استغفار و توبہ عاصیوں اور گنہگاروں ہی کا کام ہے، اور انہی کو اس کی ضرورت ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اللہ کے خاص مقرب بندے یہاں تک کہ انبیاء علیہم السّلام جو گناہوں سے محفوظ و معصوم ہوتے ہیں ان کا حال یہ ہوتا ہے کہ سب کچھ کرنے کے بعد بھی وہ محسوس کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی بندگی کا حق بالکل ادا نہ ہوسکا، اس لئے وہ برابر توبہ استغفار کرتے ہیں، اور اپنے عمل کو حتّٰی کہ اپنی نمازوں کو قابل استغفار سمجھتے ہیں۔

اس سلسلہ کی تیسری جلد "کتاب الصّلوٰۃ" میں حضرت ثوبانؓ کی حدیث گذر چکی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نماز کا سلام پھیرنے کے بعد تین مرتبہ کہتے تھے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰه، اَسْتَغْفِرُ اللّٰه، اَسْتَغْفِرُ اللّٰه (یعنی اے اللہ میں تجھ سے بخشش و معافی چاہتا ہوں) نماز کے بعد آپ کا یہ استغفار اسی بنیاد پر ہوتا تھا کہ آپ محسوس کرتے تھے کہ نماز کا حق ادا نہیں ہوا۔ واللہ اعلم۔

بہرحال توبہ واستغفار عاصیوں اور گنہگاروں کیلئے مغفرت و رحمت کا ذریعہ اور مقربین و معصومین کیلئے درجاتِ قرب و محبوبیت میں بے انتہا ترقی کا وسیلہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان حقائق کا فہم و یقین اور ان سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔ اس تمہید کے بعد استغفار و توبہ سے متعلق احادیث پڑھیے۔ اور سب سے پہلے وہ احادیث پڑھیے جن میں توبہ واستغفار کے باب میں خود رسول اللہ ﷺ کا معمول ذکر کیا گیا ہے۔

## توبہ و استغفار کے باب میں رسول اللہ ﷺ کا اُسوہ حسنہ:

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ فِی الْیَوْمِ اَكْثَرَ مِنْ سَبْعِیْنَ مَرَّةً : حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا؛"خدا کی قسم میں دن میں ستر (۷۰) دفعہ سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ اور استغفار کرتا ہوں" (رواہ البخاری)۔

(تشریح) اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی اور جلال و جبروت کے بارے میں جس بندے کو جس درجہ کا شعور واحساس ہوگا وہ اسی درجہ میں اپنے آپ کو اداء حقوق عبودیت میں قصوروار سمجھے گا، اور رسول اللہ ﷺ کو چونکہ یہ چیز بدرجہ کمال حاصل تھی اس لئے آپ پر یہ احساس غالب رہتا تھا کہ عبودیت کا حق ادا نہ ہو سکا، اسی واسطے آپ بار بار اور مسلسل توبہ و استغفار فرماتے تھے۔ اور اس کا اظہار فرما کر دوسروں کو بھی اس کی تلقین فرماتے تھے۔

عَنِ الْاَغَرِّ الْمُزَنِیِّ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اَیُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْا اِلَی اللّٰهِ فَاِنِّیْ اَتُوْبُ اِلَیْهِ فِی الْیَوْمِ مِائَةَ مَرَّةً: حضرت اغر مزنیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ لوگو؛ اللہ کے حضور میں توبہ کرو، میں خود دن میں سو سو دفعہ اس کے حضور میں توبہ کرتا ہوں (رواہ مسلم)۔

(تشریح) پہلی حدیث میں "اَكْثَرَ مِنْ سَبْعِیْنَ مَرَّةً " (ستر دفعہ سے زیادہ) اور اس حدیث میں "مِائَةَ مَرَّةً" (سو دفعہ) دراصل صرف کثرت کے بیان کیلئے ہیں اور قدیم عربی زبان کا یہ عام محاورہ ہے، ورنہ حضور ﷺ کے استغفار و توبہ کی تعداد یقیناً بہت زیادہ ہوتی تھی۔ جیسا کہ آگے درج ہونے والی حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کی حدیث سے ظاہر ہوتا ہے۔

عِنِ ابْنِ عُمَرَ ؓ قَالَ اِنَّا كُنَّا لَنَعُدُّ لِرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَجْلِسِ یَقُوْلُ رَبِّ اغْفِرْلِیْ: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کی ایک ایک نشست میں شمار کر لیتے تھے کہ آپ سو سو دفعہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں عرض کرتے تھے "رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ " (اے میرے رب مجھے معاف کر دے بخش دے اور میری توبہ قبول فرما کر مجھ پر عنایت فرما بے شک تو بہت عنایت فرما اور بہت بخشنے والا ہے) (رواہ احمد والترمذی وابوداؤد)۔

(تشریح) حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے اس بیان کا مطلب یہ نہیں ہے کہ رسول اللہ ﷺ بطور ورد وظیفہ

کے استغفار وتوبہ کا یہ کلمہ ایک نشست میں سو دفعہ پڑھتے تھے بلکہ مطلب یہ ہے کہ آپ مجلس میں تشریف فرما ہوتے ہم لوگ بھی حاضر رہتے، بات چیت کا سلسلہ بھی جاری رہتا اور آپ اسی درمیان میں بار بار اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوکر ان کلمات کے ساتھ استغفار وتوبہ بھی کرتے رہتے۔ اور ہم اپنے طور پر اس کو شمار کرتے رہتے تو معلوم ہوتا کہ ایک نشست میں آپ نے سو دفعہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں یہ عرض کیا۔ واللہ اعلم۔

## گناہوں کی سیاہی اور توبہ واستغفار سے اس کا ازالہ:

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا اَذْنَبَ كَانَتْ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ فِیْ قَلْبِهٖ فَاِنْ تَابَ وَاسْتَغْفَرَ صُقِلَ قَلْبُهٗ وَاِنْ ذَادَذَادَتْ حَتّٰى تَعْلُوَا قَلْبَهٗ فَذَالِكُمُ الرَّأنُ الَّذِیْ ذَكَرَاللّٰهُ تَعَالیٰ "كَلَّا بَلْ رَأَنَ عَلیٰ قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ": حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا؛ مومن بندہ جب کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے نتیجہ میں اس کے دل پر ایک سیاہ نقطہ لگ جاتا ہے، پھر اگر اس نے اس گناہ سے توبہ کی اور اللہ تعالیٰ کے حضور میں معافی اور بخشش کی التجاء واستدعا کی تو وہ سیاہ نقطہ زائل ہوکر قلب صاف ہوجاتا ہے، اور اگر اس نے گناہ کے بعد توبہ واستغفار کے بجائے مزید گناہ کئے اور گناہوں کی وادی میں قدم بڑھائے تو دل کی وہ سیاہی اور بڑھ جاتی ہے، یہاں تک کہ قلب پر چھاجاتی ہے۔ آپ ﷺ نی فرمایا کہ؛ یہی وہ زنگ اور سیاہی ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ذکر فرمایا ہے، "كَلَّا بَلْ رَأَنَ عَلیٰ قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ". (رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ)۔

(تشریح) قرآن مجید میں ایک موقع پر بد انجام کافروں کا حال بیان کرتے ہوئے فرمایا گیا ہے "كَلَّا بَلْ رَأَنَ عَلیٰ قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ" جس کا مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں کی بدکرداریوں کی وجہ سے ان کے دلوں پر زنگ اور سیاہی آ گئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی مندرجہ بالا حدیث سے معلوم ہوا کہ گناہوں اور بدکرداریوں کی وجہ سے صرف کافروں ہی کے دل سیاہ نہیں ہوتے بلکہ مسلمان بھی جب گناہ کرتا ہے تو اس کے دل میں بھی گناہ کی نحوست سے ظلمت پیدا ہوتی ہے، لیکن اگر وہ سچے دل سے توبہ واستغفار کرلے تو یہ سیاہی اور ظلمت ختم ہوجاتی ہے اور دل حسبِ سابق صاف اور نورانی ہوجاتا ہے، لیکن اگر گناہ کے بعد توبہ واستغفار نہ کرے یا کہ معصیت ونافرمانی ہی کے راستہ پر آگے بڑھتا رہے تو پھر یہ ظلمت برابر بڑھتی رہتی ہے، یہاں تک کہ پورے دل پر چھاجاتی ہے، اور کسی مسلمان کیلئے بلاشبہ یہ انتہائی بدبختی کی بات ہے کہ گناہوں کی ظلمت

اس کے دل پر چھا جائے، اوراس کے قلب میں اندھیرا ہی اندھیرا ہو جائے۔اعاذنا اللہ منہ۔

عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ بَنِىْ اٰدَمَ خَطَّاءٌ وَخَيْرُ الْخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ ہر آدمی خطا کار ہے (کوئی نہیں ہے جس سے کبھی کوئی خطا اور لغزش نہ ہو) اور خطا کاروں میں وہ بہت اچھے ہیں جو (خطا وقصور کے بعد) مخلصانہ توبہ کریں، اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہو جائیں رواہ الترمذی وابن ماجہ والدارمی)۔

(تشریح) مطلب یہ ہے کہ خطا اور لغزش تو گویا آدمی کی سرشت میں ہے۔آدم کا کوئی فرزند اس سے مستثنیٰ نہیں۔لیکن وہ بندے بڑے اچھے اور خوش نصیب ہیں جو خطا وقصور اور گناہ کے بعد نادم ہو کر اپنے مالک کی طرف رجوع ہوں، اور توبہ استغفار کے ذریعہ اس کی رضا ورحمت حاصل کریں۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَاذَنْبَ لَهٗ: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ گناہ سے توبہ کر لینے والا گنہگار بندہ بالکل اس بندے کی طرح ہے جس نے گناہ کیا ہی نہ ہو (رواہ ابن ماجہ والبیہقی فی شعب الایمان)۔

(تشریح) مطلب یہ ہے کہ سچی توبہ کے بعد گناہ کا کوئی اثر اور داغ دھبّہ باقی نہیں رہتا، اور بعض روایات میں ہے کہ آدمی گناہوں سے توبہ کے بعد ایسا بے گناہ ہو جاتا ہے جیسا کہ وہ اپنی پیدائش کے وقت بے گناہ تھا (كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ)۔اور وہ احادیث انشاء اللہ آگے درج ہوں گی جن سے معلوم ہوگا کہ توبہ کا نتیجہ صرف اتنا ہی نہیں ہوتا کہ گناہ معاف ہو جائیں، اور معصیات کی ظلمت اور سیاہی کے داغ دھبّے مٹا دیئے جائیں، بلکہ تائب بندہ اللہ کا محبوب اور پیارا بن جاتا ہے، اور اس کی توبہ سے اس کو بے حد خوشی ہوتی ہے۔اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنَ التَّوَّابِيْنَ۔

## مرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ استغفار:

...... عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا الْمَيِّتُ فِى الْقَبْرِ اِلَّا كَالْغَرِيْقِ الْمُتَغَوِّثِ يَنْتَظِرُ دَعْوَةً تَلْحَقُهٗ مِنْ اَبٍ اَوْ اُمٍّ اَوْ اَخٍ اَوْ صَدِيْقٍ فَاِذَالَحِقَتْهُ كَانَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا وَمَافِيْهَا وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَيُدْخِلُ عَلٰى اَهْلِ الْقُبُوْرِ مِنْ دُعَاءِ اَهْلِ الْاَرْضِ اَمْثَالَ الْجِبَالِ وَاِنَّ هَدِيَّةَ الْاَحْيَاءِ اِلَى الْاَمْوَاتِ الْاِسْتِغْفَارُ لَهُمْ: حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

ﷺ نے فرمایا؛ قبر میں مدفون مردے کی مثال بالکل اس شخص کی سی ہے جو دریا میں ڈوب رہا ہو اور مدد کیلئے چیخ پکار رہا ہو۔ وہ بے چارہ انتظار کرتا ہے کہ ماں یا باپ یا بھائی یا کسی دوست آشنا کی طرف سے دعائے رحمت و مغفرت کا تحفہ پہنچے، جب کسی طرف سے اس کو دعا کا تحفہ پہنچتا ہے تو وہ اس کو دنیا و مافیہا سے زیادہ عزیز و محبوب ہوتا ہے۔ اور دنیا میں رہنے بسنے والوں کی دعاؤں کی وجہ سے قبر کے مردوں کو اتنا عظیم ثواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملتا ہے جس کی مثال پہاڑوں سے دی جاسکتی ہے۔ اور مردوں کیلئے زندوں کا خاص ہدیہ ان کیلئے دعائے مغفرت ہے (رواہ البیہقی فی شعب الایمان)۔

...... عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ لَیَرْفَعُ الدَّرَجَةَ لِلْعَبْدِ الصَّالِحِ فِی الْجَنَّةِ فَیَقُوْلُ یَارَبِّ اَنّٰی لِی هٰذِہٖ؟ فَیَقُوْلُ بِاسْتِغْفَارِ وَلَدِکَ لَکَ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا؛ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جنّت میں کسی مرد صالح کا درجہ ایک دم بلند کر دیا جاتا ہے، تو وہ جنّتی بندہ پوچھتا ہے کہ اے پروردگار؛ میرے درجہ اور مرتبہ میں یہ ترقی کس وجہ سے اور کہاں سے ہوئی؟ جواب ملتا ہے کہ تیرے واسطے تیری فلاں اولاد کے دعائے مغفرت کرنے کی وجہ سے (رواہ احمد)۔

(تشریح) اس حدیث میں اولاد کی دعا سے درجہ میں ترقی کا ذکر صرف تمثیلاً کیا گیا ہے، ورنہ دوسرے اہلِ ایمان کی دعائیں بھی اسی طرح نفع مند ہوتی ہیں۔ زندگی میں جس طرح سب سے بڑا حق اولاد پر والدین کا ہے اور ان کی خدمت و اطاعت فرائض میں سے ہے، اسی طرح مرنے کے بعد اولاد پر والدین کا خاص حق ہے کہ ان کیلئے رحمت و مغفرت کی دعا کرتے رہیں۔ مرنے کے بعد ان کی خدمت اور ان کے ساتھ حسن سلوک کا یہی خاص راستہ ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ کی دونوں حدیثوں کا مقصد صرف ایک حقیقت کی اطلاع دینا ہی نہیں ہے، بلکہ ایک بلیغ انداز میں اولاد اور دوسرے اقارب و متعلقین کو ترغیب دی گئی ہے کہ وہ مرنے والوں کیلئے مغفرت و رحمت کی دعائیں کرتے رہیں۔ ان کے یہ تحفے قبروں میں، اور جنّت تک مرحومین کو پہونچتے رہیں گے۔

راقم سطور عرض کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کبھی کبھی اپنے بعض بندوں کو اس کا مشاہدہ بھی کرا دیتا ہے کہ کسی کی

دعاؤں سے کسی بندے کو اس عالم میں کیا ملا۔ اور اس کے حال اور درجہ میں کیسی ترقی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ ان حقائق کا یقین نصیب فرمائے، اور ان سے فائدہ اٹھانے کی توفیق دے۔

## عام مؤمنین کیلئے استغفار:

قرآن مجید میں رسول اللہ ﷺ کو حکم دیا گیا ہے کہ آپ اپنے لئے اور عام مؤمنین و مؤمنات کیلئے استغفار یعنی اللہ تعالیٰ سے معافی اور مغفرت کی استدعا کیا کریں (وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ) یہی حکم ہم امتیوں کیلئے بھی ہے اور رسول اللہ ﷺ نے اس کی بڑی ترغیب دی اور بڑی فضیلت بیان فرمائی ہے۔ اس سلسلہ کی دو حدیثیں ذیل میں پڑھیئے:

عَنْ عبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَغْفَرَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ كُتِبَ لَه' بِكُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ حَسَنَةٌ: حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ جو بندہ عام ایمان والوں اور ایمان والیوں کیلئے اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگے گا اس کیلئے ہر مومن مرد و عورت کے حساب سے ایک ایک نیکی لکھی جائے گی (رواہ الطبرانی فی الکبیر)۔

(تشریح) کسی صاحبِ ایمان بندے یا بندی کیلئے اللہ تعالیٰ سے مغفرت اور بخشش کی دعا کرنا، ظاہر ہے کہ اس کے ساتھ بہت بڑا احسان اور اس کی بہت بڑی خدمت ہے۔ اس لئے جب کسی بندے نے عام اہلِ ایمان (مومنین و مومنات) کیلئے استغفار کیا اور ان کیلئے اللہ سے بخشش کی دعا کی، تو فی الحقیقت اس نے اوّلین و آخرین، زندہ اور مردہ سب ہی اہلِ ایمان کی خدمت اور ان کے ساتھ نیکی کی، اس لئے ہر ایک کے حساب میں اس کی یہ نیکی لکھی جائے گی۔ سبحان اللہ ہمارے لئے لاتعداد نیکیوں کے کمانے کا کیسا راستہ کھولا گیا ہے، اللہ تعالیٰ اس سے فائدہ اٹھانے کی توفیق دے۔ جمیع مومنین و مومنات کیلئے دعائے مغفرت کے بہترین الفاظ وہ ہیں جو قرآن مجید میں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے نقل کئے گئے ہیں؛ رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ :اے ہمارے رب مجھے بخش دے، اور میرے ماں باپ کو بخش دے، اور تمام ہی ایمان والوں کی مغفرت فرمادے قیامت کے دن۔

عَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَغْفَرَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعًا وَّ عِشْرِيْنَ مَرَّةً كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ يُسْتَجَابُ لَهُمْ وَيُرْزَقُ بِهِمْ اَهْلُ الْاَرْضِ : حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

نے فرمایا؛ جو بندہ عام مومنین و مومنات کیلئے ہر روز (۲۷ دفعہ) اللہ تعالیٰ سے معافی اور مغفرت کی دعا کریگا وہ اللہ کے ان مقبول بندوں میں سے ہو جائیگا جن کی دعائیں قبول ہوتی ہیں، اور جن کی برکت سے دنیا والوں کو رزق ملتا ہے (رواہ الطبرانی فی الکبیر)۔

(تشریح) اللہ تعالیٰ کو یہ بات بہت ہی محبوب ہے کہ اس کے بندوں کی خدمت و خیر خواہی اور ان کو نفع پہونچانے کی کوشش کی جائے۔ ایک حدیث میں ہے؛ **اَلْخَلْقُ عِيَالُ اللّٰهِ فَاَحَبُّ النَّاسِ اِلَى اللّٰهِ اَنْفَعُهُمْ لِعِيَالِهٖ**: سب مخلوق اللہ کا کنبہ ہے، اس لئے لوگوں میں اللہ کو زیادہ محبوب وہ بندے ہیں جو اس کی مخلوق کو زیادہ نفع پہونچائیں (کنز العمال)۔ پھر جس طرح مخلوق کیلئے کھانے، کپڑے کے قسم کی زندگی کیضروریات فراہم کرنا اور ان کو راحت و آرام پہونچانا وغیرہ اس دنیا میں ان کی خدمت اور نفع رسانی کی صورتیں ہیں اسی طرح اللہ تعالیٰ سے بندوں کیلئے مغفرت اور بخشش کی دعا کرنا بھی اخروی زندگی کے لحاظ سے ان کی بہت بڑی خدمت اور ان کے ساتھ بہت بڑی نیکی ہے، اور اس کی قدر و قیمت آخرت میں اس وقت معلوم ہوگی جب یہ بات کھل کر سامنے آجائے گی کہ کسی کے استغفار نے کسی کو کیا دلوایا اور کتنا نفع پہونچایا۔ پس جو مخلص بندے اخلاص اور دل کی گہرائی سے ایمان والے بندوں اور بندیوں کیلئے مغفرت اور بخشش کی دعائیں کرتے ہیں اور دن رات میں بار بار کرتے ہیں (جس کا کورس اس حدیث میں ۲۷ بتایا گیا ہے) وہ تمام مومنین و مومنات کے خاص الخاص محسن اور گویا آخرت کے لحاظ سے **"اصحابِ خدمت"** ہیں اور اپنے اس عمل سے اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ ایسے مقرب اور مقبول ہو جاتے ہیں کہ ان کی دعائیں سنی جاتی ہیں، اور انکی دعاؤں کی برکت سے دنیا والوں کو اللہ تعالیٰ رزق دیتا ہے۔

لیکن یہ بات یہاں قابل لحاظ ہے کہ اس دنیا میں تو ہر انسان بلکہ ہر جاندار کی خدمت اور اس کو ضروری درجہ کا آرام پہونچانے کی کوشش نیکی اور کارِثواب ہے۔ حدیث پاک میں فرمایا گیا ہے؛ **"فِیْ کُلِّ ذَاتِ کَبِدٍ رَطْبٍ صَدَقَةٌ"** لیکن اللہ سے مغفرت اور جنّت کی دعا صرف اہلِ ایمان ہی کیلئے کی جاسکتی ہے۔ کفر و شرک والے جب تک اس سے توبہ نہ کریں مغفرت اور جنّت کے قابل نہیں ہیں، اس لئے ان کے واسطے مغفرت اور جنّت کی دعا بھی نہیں کی جاسکتی۔ ہاں ان کے واسطے ہدایت اور توبہ کی توفیق کی دعا کرنی چاہیئے، جس کے بعد ان کیلئے مغفرت اور جنّت کا دارواز ہ کھل سکے۔ ان کے حق میں یہی دعا کرنا انکے ساتھ بہت بڑی نیکی اور خیر خواہی ہے۔

## توبہ و استغفار کے خاص کلمات:

توبہ و استغفار کی جو حقیقت بیان کی گئی ہے اس سے ناظرین نے سمجھ لیا ہوگا کہ اس میں اصل اہمیت اور بنیادی حیثیت معنی اور مقصد اور دل کی کیفیت کی ہے۔ بندہ جس زبان میں اور جن مناسب الفاظ میں توبہ و استغفار

کرے، وہ اگر سچے دل سے ہے تو اللہ کے نزدیک حقیقی توبہ واستغفار ہے اور قابل قبول ہے۔ اس کے باوجود رسول اللہ ﷺ نے توبہ واستغفار کے بعض کلمات بھی تلقین فرمائے ہیں اور ان کی خاص فضیلت اور برکت بیان فرمائی ہے۔ اس سلسلہ کی چند حدیثیں ذیل میں پڑھئے:-

عَنْ بِلَالِ بْنِ يَسَارِبْنِ زَيْدٍ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ اَنَّه' سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ غُفِرَلَه' وَاِنْ كَانَ قَدْ فَرَّ مِنَ الزَّحْفِ: بلال بن یسار بن زید نے اپنے والد یسار سے نقل کیا اور انھوں نے اپنے والد حضرت زیدؓ سے[1] نقل کیا کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ؛ جس بندے نے ان الفاظ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور میں توبہ واستغفار کیا۔ "اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْه "(میں اس اللہ سے معافی اور بخشش چاہتا ہوں جو حیّ وقیّوم ہے اور اس کے حضور میں توبہ کرتا ہوں) تو وہ بندہ ضرور بخش دیا جائے گا، اگرچہ اس نے میدان جنگ سے بھاگنے کا گناہ کیا ہو(رواہ الترمذی و ابوداؤد)۔

(تشریح) جان بچانے کیلئے میدانِ جہاد سے بھاگنا بدترین کبیرہ گناہوں میں سے ہے، لیکن اس حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ اگر اس بدترین اور سخت ترین گناہ کا مرتکب بھی ان الفاظ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں استغفار اور توبہ کرے گا تو وہ بھی بخش دیا جائے گا۔

یہ بھی ظاہر ہے کہ اس طرح کی بات رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کی وحی والہام کے بغیر نہیں فرما سکتے، اس لئے سمجھنا چاہئے کہ گناہگاروں کیلئے معافی اور مغفرت کی درخواست کے یہ الفاظ خود اللہ تعالیٰ کی طرف سے تعلیم فرمائے گئے ہیں، اور ان الفاظ کے ساتھ درخواست کرنے والوں کیلئے بڑے بڑے گناہوں کی معافی اور مغفرت کا حتمی وعدہ بلکہ فیصلہ فرمادیا گیا ہے۔ قربان اس رحمت کے لیکن یہ بات پھر بھی ملحوظ رہے کہ استغفار صرف الفاظ کا نام نہیں ہے، اللہ کے نزدیک حقیقی استغفار وہی ہے جو دل سے ہو۔

---

[1] یہ زید آنحضرت ﷺ کے مشہور آزاد کردہ غلام حضرت زید بن حارثہؓ نہیں ہیں، بلکہ یہ دوسرے صحابیؓ ہیں، ان کا نام بھی زیدؓ ہے اور ان کے والد کا نام بولی بتایا گیا ہے، یہ بھی رسول اللہ ﷺ کے غلام تھے، آپ ﷺ نے ان کو بھی آزاد فرمادیا تھا۔

## سیّد الاستغفار:

مندرجہ ذیل حدیث میں استغفار کے ایک کلمہ کو رسول اللہ ﷺ نے "سیّد الاستغفار" بتایا ہے، اور اس کی غیر معمولی فضیلت بیان فرمائی ہے، اور بلا شبہ اپنے مضمون ومفہوم کے لحاظ سے بھی وہ ایسا ہی کلمہ ہے۔

عَنْ شَدَّادِبْنِ اَوْسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ اَنْ تَقُوْلَ "اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّىْ لَااِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِىْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَاعَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَااسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّمَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَىَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِىْ فَاغْفِرْلِىْ فَاِنَّه لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ قَالَ وَمَنْ قَالَهَا مِنَ النَّهَارِ مُوْقِنًابِهَافَمَاتَ مِنْ يَوْمِهٖ قَبْلَ اَنْ يُّمْسِىَ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَمَنْ قَالَهَا مِنَ اللَّيْلِ وَهُوَ مُوْقِنٌ بِهَافَمَاتَ قَبْلَ اَنْ يُّصْبِحَ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ:

حضرت شداد بن اوسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: "سیّد الاستغفار" (یعنی سب سے اعلیٰ استغفار) یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں یوں عرض کرے: "اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّىْ لَااِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِىْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَاعَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَااسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّمَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَىَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِىْ فَاغْفِرْلِىْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ" (اے اللہ؛ تو ہی میرا رب (یعنی مالک ومولا) ہے، تیرے سوا کوئی مالک ومعبود نہیں، تو نے ہی مجھے پیدا فرمایا اور وجود بخشا، میں تیرا بندہ ہوں، اور جہاں تک مجھ عاجز وناتواں سے ہو سکے گا تیرے ساتھ کئے ہوئے (ایمانی) عہد ومیثاق اور (اطاعت وفرمانبرداری کے) وعدے پر قائم رہوں گا۔ تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے عمل وکردار کے شر سے، میں اقرار کرتا ہوں کہ تو نے مجھے نعمتوں سے نوازا، اور اعتراف کرتا ہوں کہ میں نے تیری نافرمانیاں کیں اور گناہ کئے۔ اے میرے مالک ومولا؛ تو مجھے معاف فرمادے اور میرے گناہ بخشدے، تیرے سوا گناہوں کو بخشنے والا کوئی نہیں) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: جس بندے نے اخلاص اور دل کے یقین کے ساتھ دن کے کسی حصے میں اللہ کے حضور میں یہ عرض کیا (یعنی ان کلمات کے ساتھ استغفار کیا) اور اسی دن رات شروع ہونے سے پہلے اس کو موت آ گئی تو وہ بلاشبہ جنّت میں جائے گا۔ اور اسی طرح اگر کسی نے رات کے کسی حصے میں اللہ تعالیٰ کو حضور میں یہ

عرض کیا اور صبح ہونے سے پہلے اس رات میں وہ چل بسا تو بلا شبہ جنّت میں جائے گا (رواہ البخاری)۔

(تشریح) اس استغفار کی اس غیر معمولی فضیلت کا راز بظاہر یہی ہے کہ اس کے ایک ایک لفظ میں عبدیت کی روح بھری ہوئی ہے سب سے پہلے عرض کیا گیا ہے " اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَااِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ " (اے اللہ؛ تو ہی میرا رب (یعنی مالک ومولا) ہے، تیرے سوا کوئی مالک ومعبود نہیں، تو نے ہی مجھے پیدا فرمایا اور وجود بخشا، میں تیرا بندہ ہوں "اس کے بعد عرض کیا گیا ہے کہ؛" وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ : اور جہاں تک مجھ عاجز وناتواں سے ہو سکے گا تیرے ساتھ کئے ہوئے (ایمانی) عہد و میثاق اور (اطاعت وفرمانبرداری کے) وعدے پر قائم رہوں گا" یہ بندے کی طرف سے اپنی کمزوری کے اعتراف کے ساتھ ایمانی عہد و میثاق کی تجدید ہے اس کے آگے عرض کیا گیا ہے؛" اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّمَا صَنَعْتُ: مجھ سے جو غلطیاں اور کوتاہیاں ہوئیں اور آئندہ ہو، ان کے برے نتیجہ سے اے میرے مالک ورب میں تیری پناہ کا طالب ہوں "اس میں اعتراف قصور کے ساتھ اللہ کی پناہ بھی چاہی گئی ہے۔ اس کے بعد عرض کیا گیا ہے؛ " اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِی : میں تیرے انعامات واحسانات کا اور اپنی گناہ گاریوں اور خطا کاریوں کا اعتراف کرتا ہوں "، آخر میں عرض کیا گیا ہے؛ " فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہ، لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْت : اے میرے مالک ومولا؛ تو اپنے رحم وکرم سے میرے جرائم میرے گناہ بخشدے، جرموں اور گناہوں کو بخشنے والا بس تو ہی ہے"۔

حق یہ ہے کہ جس صاحبِ ایمان بندے کو وہ معرفت وبصیرت نصیب ہو جس کے ذریعہ وہ اپنی اور اپنے اعمال کی حقیقت کو سمجھتا ہو، اور اللہ تعالیٰ کی عظمت وجلالت اور اسکے حقوق کو بھی کچھ جانتا ہو تو وہ اپنے کو صرف قصوروار اور گناہگار اور خیر اور بھلائی کے معاملہ میں بالکل مفلس اور تہی مایہ محسوس کرے گا اور پھر اس کے دل کی آواز اور اللہ تعالیٰ کے حضور میں اس کی التجا یہی ہوگی جو رسول اللہ ﷺ کے تعلیم فرمائے ہوئے اس استغفار میں محسوس ہوتی ہے۔ اس کو "سیّدالاستغفار" اسی خصوصیت کی وجہ سے کہا گیا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کی یہ حدیث پہنچ جانے کے بعد آپ ﷺ پر ایمان رکھنے والے ہر امتی کو چاہئے کہ وہ اس کا اہتمام کرے کہ ہر دن اور رات میں کم از کم ایک دفعہ ضرور وہ سچے دل سے اللہ تعالیٰ کے حضور میں یہ استغفار کرلیا کرے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو ہمارے استاذ حضرت مولانا سراج احمد صاحب رشیدیؒ پر، اب سے ۴۵ سال پہلے دارالعلوم دیوبند میں ان ہی سے مشکوٰۃ شریف پڑھی۔ جب سبق میں یہ حدیث آئی تو حضرت مولاناؒ نے

پوری جماعت کوحکم دیا کہ یہ "سیّد الاستغفار "سب یادکرلیں کل میں سب سے سنوں گا۔ چنانچہ اگلے دن قریب قریب سب طلباء سے سنا، اوروصیت فرمائی کہ دن رات میں کم ازکم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کرو۔

عَنْ اَبِیْ مُوْسیٰؓ عَنْ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہ، کَانَ یَدْعُوْ بِھٰذِہِ الدُّعَاءِ " اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَھْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی ھَزْلِیْ وَجِدِّیْ وَخَطَایَایَ وَعَمَدِیْ وَکُلُّ ذَالِکَ عِنْدِیْ":

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بارگاہِ خداوندی میں اس طرح عرض کیا کرتے تھے؛ اے اللہ؛ میری خطا میرے قصور معاف کردے، اور (علم ومعرفت کے تقاضے کے خلاف) جونادانی کا کام میں نے کیا ہواس کومعاف فرمادے اور اپنے جس معاملہ میں بھی میں نے تیرے حکم اور تیری رضا کی حد سے تجاوز کیا ہواس کوبخش دے۔ اے میرے اللہ؛ میرے وہ گناہ بھی معاف فرمادے جوہنسی مذاق میں مجھ سے سرزد ہوگئے ہواور وہ بھی معاف کردے جومیں نے سوچ سمجھ کے اورسنجیدگی سے کئے ہوں۔ میرے مالک؛ میری خطائیں بھی معاف کردے جوبلاارادہ مجھ سے سرزد ہوگئی ہوں، اوروہ بھی معاف فرمادے جومیں نے جان بوجھ کے ارادہ سے کی ہوں اور (اے میرے مالک؛ توجانتا ہے کہ) یہ سب خطائیں میں نے کی ہیں (رواہ البخاری ومسلم)۔

(تشریح) اللہ اکبر؛ سیّدالمرسلین محبوب ربّ العلمین ﷺ جویقیناً معصوم تھے، ان کے احساسات اپنے بارے میں یہ تھے، اوروہ اپنے کوسرتاسرخطا کاراورقصوروارسمجھتے ہوئے بارگاہِ خداوندی میں اس طرح استغفار کرتے تھے۔ حق یہ ہے کہ جس کواللہ تعالیٰ کی جتنی معرفت ہوگی وہ اتنا ہی زیادہ اپنے کواداۓ حقِ عبدیت کے بارے میں قصوروارسمجھے گا" قربیاں رابیش بود حیرانی"۔ رسول اللہ ﷺ کے اس استغفار کے ایک ایک لفظ میں عبدیت کی روح بھری ہوئی ہے، اورہم امتیوں کیلئے اس میں بڑا سبق ہے۔

## استغفار کی برکات:

استغفار کی اصل غرض وغایت اوراس کا موضوع تواللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کومعاف کرانا ہے تاکہ بندہ ان کے عذاب ووبال سے بچ جائے، لیکن قرآن مجید سے بھی معلوم ہوتا ہے اوررسول اللہ ﷺ نے زیادہ وضاحت اورتفصیل کے ساتھ بتلایا ہے کہ استغفار بہت سی دنیوی برکات کا بھی باعث بنتا ہے اور بندے کواس دنیا میں بھی اس کے طفیل بہت کچھ ملتا ہے، اللہ تعالیٰ یقین وعمل نصیب فرمائے۔

عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَزِمَ الِاسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَخْرَجًا وَّ مِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًاوَّرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَايَحْتَسِبُ: حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا؛ جو بندہ استغفار کو لازم پکڑے (یعنی اللہ تعالیٰ سے برابر اپنے گناہوں کی معافی مانگتا رہے) تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے ہر تنگی اور مشکل سے نکلنے اور رہائی پانے کا راستہ بنادے گا۔ اور اس کی ہر فکر اور ہر پریشانی کو دور کر کے کشادگی اور اطمینان عطا فرمادے گا، اور اس کو ان طریقوں سے رزق دے گا جن کا کہ اس کو خیال وگمان بھی نہ ہوگا (رواہ احمد وابوداؤد وابن ماجہ)۔

(تشریح) ملحوظ رہے کہ یہ وعدہ صرف زبان سے کلماتِ استغفار پڑھنے پر نہیں ہے، بلکہ استغفار کی حقیقت پر ہے جس کی پہلے وضاحت کی جاچکی ہے، اللہ تعالیٰ شانہٗ نصیب فرمائے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بُسْرٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طُوْبٰى لِمَنْ وَجَدَ فِيْ صَحِيْفَتِهٖ اِسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا: حضرت عبداللہ بن بسرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا کہ؛ خوشی ہو اور مبارک ہو اس بندے کو جو اپنے اعمال نامہ میں بہت زیادہ استغفار پائے (یعنی آخرت میں وہ دیکھے کہ اس کے اعمال نامہ میں استغفار بکثرت درج ہے) (رواہ ابن ماجہ والنسائی)۔

(تشریح) واضح رہے کہ اعمال نامہ میں حقیقی استغفار کے طور پر وہی استغفار درج ہوگا جو حقیقت کے لحاظ سے اور عنداللہ بھی استغفار ہوگا۔ اور جو صرف زبان سے استغفار ہوگا وہ اگر درج ہوگا تو صرف زبانی اور لفظی استغفار کے طور پر درج ہوگا، اور اگر اندارج پانے کے قابل نہ ہوگا تو درج ہی نہ ہوگا اسی لئے رسول اللہ ﷺ نے اس حدیث میں یہ نہیں فرمایا کہ؛ " طُوْبٰى لِمَنْ اِسْتَغْفَرَ كَثِيْرًا " : خوشی ہو اور مبارک ہو اس کو جو بکثرت استغفار کرے، بلکہ یہ فرمایا کہ؛" طُوْبٰى لِمَنْ وَجَدَ فِيْ صَحِيْفَتِهٖ اِسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا ": خوشی اور مبارک ہو اس بندے کو جو اپنے اعمال نامہ میں بہت زیادہ استغفار پائے، امت کی مشہور عارفہ حضرت رابعہ عدویہ قدس سرّ ہا سے منقول ہے، وہ فرماتی تھیں کہ؛ ہمارا استغفار خود اس قابل ہوتا ہے کہ اللہ کے حضور میں اس سے بہت زیادہ استغفار کیا جائے۔ اس حدیث میں " طوبیٰ" کا لفظ بہت ہی جامع ہے، دنیا اور آخرت اور جنت کی ساری ہی مسرتیں اور نعمتیں اس میں شامل ہیں۔ بلاشبہ جس بندے کو حقیقی استغفار نصیب ہو اور خوب کثرت سے نصیب ہو وہ بڑا خوش

نصیب ہے اوراس کوسب ہی کچھ نصیب ہے۔اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے نصیب فرمائے۔

## استغفار پوری امّت کیلئے اَمان:

مندرجہ بالا دونوں حدیثوں میں استغفار کی جن برکات کا ذکر کیا گیا وہ انفرادی تھیں، یعنی وہ استغفار کرنے والے افراد ہی کو حاصل ہوں گی۔ مندرجہ ذیل حدیث سے معلوم ہوگا کہ ان انفرادی برکات کے علاوہ استغفار کرنے والوں کے استغفار کی ایک بہت بڑی اور عمومی برکت یہ ہے کہ وہ پوری امت کیلئے عذابِ عام سے امان ہے، اور رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد سے قیامت تک امت گویا اسی کے سایہ میں ہے۔

عَنْ اَبِیْ مُوْسٰیؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَیَّ اَمَانَيْنِ لِاُمَّتِی وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ فَاِذَا مَضَيْتُ تَرَكْتُ فِيْهِمُ الْاِسْتِغْفَارَ اِلٰی يَوْمِ الْقِيٰمَةِ : حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا؛ اللہ تعالیٰ نے میری امت کیلئے دو امانیں مجھ پر نازل فرمائیں (سورۃ انفال میں ارشاد فرمایا گیا) "وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْن" (یعنی اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا کہ تم ان کے درمیان موجود ہو اور ان پر عذاب نازل کردے، اور اللہ انھیں عذاب میں مبتلا نہیں کرے گا جبکہ وہ استغفار کرتے ہوں گے اور معافی ومغفرت مانگتے ہونگے) (آپ نے فرمایا) پھر جب میں گذر جاؤنگا تو قیامت تک کیلئے تمھارے درمیان استغفار کو (بطور امان) چھوڑ جاؤنگا (رواہ الترمذی)۔

(تشریح) سورۃ انفال کی آیت ۳۳، "وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ" جس کا اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے حوالہ دیا ہے اس کا مدعا اور مقتضا یہ ہے کہ ایک تو خود آپ ﷺ کی ذات اور آپ ﷺ کا وجود امت کیلئے عذاب سے امان ہے، جب تک آپ ﷺ ان میں موجود ہیں ان پر عذاب عام نازل نہیں ہوگا۔ اور دوسری چیز جو ان کیلئے وسیلہ امان ہے وہ خود ان کا استغفار ہے۔ جب تک یہ اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی اور مغفرت مانگتے رہیں گے اور استغفار کرتے رہیں گے عذابِ عام سے ہلاک نہیں کئے جائیں گے۔ گویا ایک امان خود آپ ﷺ کا وجود تھا، جس سے امت آپ ﷺ کی وفات کے بعد محروم ہوگئی۔ دوسری امان خود امت کا استغفار ہے، وہ بھی امت کو آپ ﷺ ہی کے ذریعہ ملا ہے، اور قیامت تک باقی رہے گا۔ اور امت انتہائی بداعمالیوں کے باوجود عذابِ عام سے آج تک محفوظ ہے یہ استغفار

کرنے والے بندوں کے استغفار ہی کی برکت ہے (معارف الحدیث، جلد ۵)۔

# صلوٰۃ و سَلام

"صلوٰۃ و سلام" دراصل اللہ تعالیٰ کے حضور میں کی جانے والی بہت اعلیٰ اور اشرف درجہ کی ایک دعا ہے جو رسول اللہ ﷺ کی ذات پاک سے اپنی ایمانی وابستگی اور وفاکشی کے اظہار کے لئے آپ کے حق میں کی جاتی ہے اور اس کا حکم ہم بندوں کو خود اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن پاک میں دیا گیا ہے اور بڑے پیارے اور موثر انداز میں دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلَائِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْ تَسْلِيْماً : بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں نبی ﷺ پر اے ایمان والو تم بھی آپ ﷺ پر درود بھیجا کرو (سورۃ احزاب، ۵۶)۔

اس آیت کریمہ میں خطاب اہل ایمان کو ہے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ مؤمن ہی نبی کریم ﷺ پر اخلاص کے ساتھ درود وسلام بھیج سکتا ہے مشرکین، کفار اور منافقین جن کو نبی اکرم ﷺ سے محبت نہیں تو وہ نبی کریم، ﷺ پر اخلاص کے ساتھ درود وسلام نہیں بھیج سکتا دوسری بات اس آیت کریمہ سے یہ ثابت ہوئی کہ درود وسلام جو ایک اعلیٰ دعا ہے یہ ضرور بضرور قبول ہوتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے خود اس دعا کا حکم فرمایا ہے کہ نبی کریم ﷺ پر درود وسلام بھیجا کرو اس سے تیسری بات یہ معلوم ہوئی کہ جب نبی کریم ﷺ پر ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور عنایتیں بارش کی طرح نازل ہوتی رہتی ہیں اور آپ کو فرشتوں کی رحمت اور اچھی سے اچھی دعائیں حاصل ہیں تو آپ ﷺ ہماری دعاؤں کے محتاج نہیں اور نہ ہی درود بھیج کر آپ ﷺ پر کوئی احسان کرتے ہیں بلکہ یہ خود ہماری ضرورت ہے۔

اس آیت کے ذیل میں حضرت مولانا محمد منظور نعمانی ؒ لکھتے ہیں کہ اس آیت میں اہل ایمان کو مخاطب کر کے فرمایا ہے کہ وہ اللہ کے نبی ﷺ پر صلوٰۃ وسلام بھیجا کریں (اور یہی آیت کا اصل موضوع اور مدعا ہے) لیکن اس خطاب اور حکم میں خاص اہمیت اور وزن پیدا کرنے کے لئے پہلے بطور تمہید فرمایا گیا ہے کہ؛ " اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلَائِكَتَه، يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِي " یعنی نبی ﷺ پر صلوٰۃ (جس کا تمہیں حکم دیا جا رہا ہے) خداوند قدوس اور اسکے پاک فرشتوں کا معمول و دستور ہے، تم بھی اس کو اپنا معمول بنا کے اس محبوب و مبارک عمل میں شریک ہو جاؤ۔

حکم اور خطاب کا یہ انداز قرآن پاک میں صرف صلوٰۃ وسلام کے اس حکم ہی کے لئے اختیار کیا گیا ہے دوسرے کسی اعلیٰ سے اعلیٰ عمل کے لئے بھی نہیں کہا گیا کہ خدا اور اس کے فرشتے یہ کام کرتے ہیں تم بھی کرو۔ بلاشبہ صلوٰۃ وسلام کا یہ بہت بڑا امتیاز ہے، اور یہ رسول اللہ ﷺ کے مقام محبوبیت کے خصائص میں سے ہے۔

## صلوٰۃ علی النبیّ کا مطلب اور ایک اشکال کا حل:

سورہ احزاب کی اس آیت میں بہت سے لوگوں کو یہ اشکال محسوس ہوتا ہے کہ اس میں اللہ اور فرشتوں کی نسبت سے بھی "صلوٰۃ" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے، اور مومن بندوں کی نسبت سے بھی وہی لفظ استعمال فرمایا گیا ہے۔ حالانکہ حقیقت کے لحاظ سے ان میں ہر ایک کا عمل دوسرے سے یقیناً مختلف ہے۔ اللہ تعالیٰ کیطرف سے رسول اللہ ﷺ پر صلوٰۃ کا جو عمل ہوتا ہے (جس کو اس آیت میں فرشتوں کے عمل کے ساتھ جوڑ کر "یُصَلُّوْنَ" کے لفظ سے ذکر کیا گیا ہے) وہ ہرگز فرشتوں اور مومنین کا عمل نہیں ہوسکتا اور اسی طرح ایمان والے بندوں سے جس عمل صلوٰۃ کا مطالبہ "صلُّوا" کے لفظ سے کیا گیا ہے وہ ہرگز خدا کا فعل نہیں ہوسکتا۔

اس کو حل کرنے کیلئے اکثر یہ کہا جاتا ہے کہ نسبت کے بدلنے سے صلوٰۃ کے معنی بدل جاتے ہیں جب اللہ تعالیٰ کی طرف اس کی نسبت ہو تو اس کا مطلب ہوتا ہے رحمت نازل کرنا اور جب ملائکہ یا مومنین کی طرف نسبت ہو تو اس کا مطلب ہوتا ہے اللہ سے رحمت کی دعا کرنا، لیکن زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ صلوٰۃ کے معنی میں بہت وسعت ہے۔ تکریم وتشریف، مدح وثنا، رفع مراتب محبت وعطوفت، برکت ورحمت، پیار دلار، ارادہ خیر، ان سب کو صلوٰۃ کا مفہوم حاوی ہے اس لئے اس کی نسبت اللہ اور اس کے فرشتوں کی طرف اور ایمان والے بندوں کی طرف یکساں طور پر کی جاسکتی ہے۔ البتہ یہ فرق ہوگا کہ رسول اللہ ﷺ پر اللہ تعالیٰ کی صلوٰۃ اس کی شان عالی کے مطابق ہوگی، اور فرشتوں کی طرف سے ان کے مرتبہ کے مطابق اور مومنین کی طرف سے ان کی حیثیت کے مطابق۔

اس بنا پر آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی اپنے نبی ﷺ پر خاص الخاص عنایت ونوازش اور بڑا پیار دلار ہے، اور ان کی مدح وستائش کرنا اور عظمت وشرف کے بلند ترین مقام تک ان کو پہنچانا چاہتا ہے اور فرشتے بھی ان کی تکریم وتعظیم اور مدح وثنا کرتے ہیں اور ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے بیش از بیش الطاف وعنایات اور رفع درجات کی دعائیں کرتے ہیں۔ اے ایمان والو تم بھی ایسا ہی کرو، اور آپ کی لئے اللہ تعالیٰ سے خاص الخاص لطف وعنایت، محبت وعطوفت، مراتب اور درجات کی رفعت، پورے عالم کی سیادت وامامت اور مقام محمود وقبولیت شفاعت کی دعا کرو اور آپ پر سلام بھیجا کرو۔

## صلوٰۃ و سلام کی عظمت واہمیت:

اس آیت میں جیسی شاندار تمہید اور جس اہتمام کے ساتھ اہل ایمان کو صلوٰۃ وسلام کا حکم دیا گیا ہے اس سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی کتنی اہمیت وعظمت ہے اور وہ کیسا محبوب عمل ہے۔ آگے درج ہونے والی حدیثوں سے معلوم ہوگا کہ اس میں اہل ایمان کیلئے کس قدر خیر، کتنی رحمت اور کیسی برکات ہیں۔

## صلوٰۃ و سلام کے بارے میں فقہاء کے مسالک:

امت کے فقہاء اس پر تقریباً متفق ہیں کہ سورہ احزاب کی اس آیت کی رو سے رسول اللہ ﷺ پر درود وسلام بھیجنا ہر فرد امت پر فرض ہے۔ پھر ائمہ امت میں سے امام شافعیؒ اور ایک روایت کے مطابق امام احمدؒ بھی اس کے قائل ہیں کہ خاص کر ہر نماز کے قعدہ اخیر میں تشہد کے بعد درود شریف پڑھنا واجبات نماز میں سے ہے۔ اگر نہ پڑھی جائے تو ان ائمہ کے نزدیک نماز ہی نہ ہوگی۔ لیکن امام مالکؒ اور امام ابو حنیفہؒ اور اکثر دوسرے فقہاء کا مسلک یہ ہے کہ قعدہ میں تشہد تو بیشک واجب ہے جس کے ضمن میں رسول اللہ ﷺ پر سلام بھی آ جاتا ہے لیکن اس کے بعد مستقلاً درود شریف پڑھنا فرض یا واجب نہیں بلکہ اہم اور مبارک سنت ہے جس کے چھوٹ جانے سے نماز میں بڑا نقص رہ جاتا ہے۔ مگر اس اختلاف کے باوجود اس پر تقریباً اتفاق ہے کہ اس آیت کے حکم کی تعمیل میں رسول اللہ ﷺ پر صلوٰۃ وسلام بھیجنا ہر مسلمان پر اسی طرح فرض عین ہے جس طرح مثلاً آپ کی رسالت کی شہادت دینا جس کے لئے کسی وقت اور تعداد کا تعین کیا گیا ہے اور اس کا ادنیٰ سے ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ ایک دفعہ پڑھ لے اور پھر اس پر قائم رہے۔ آگے بعض وہ حدیثیں آئیں گی جن سے معلوم ہوگا کہ جب رسول اللہ ﷺ کا ذکر آئے آپ پر لازماً درود بھیجا جائے اور اس میں کوتاہی کرنے والوں کے لئے سخت وعیدیں بھی آئیں گی۔ ان احادیث کی بنا پر بہت سے فقہاء اس کے بھی قائل ہیں کہ جب کوئی آپ ﷺ کا ذکر کرے یا کسی دوسرے سے سنے تو اس وقت آپ ﷺ پر درود بھیجنا واجب ہے پھر ایک رائے یہ ہے کہ اگر ایک ہی نشست اور ایک ہی سلسلہ کلام میں بار بار آپ کا ذکر آئے تو ہر دفعہ درود پڑھنا واجب ہوگا۔ اور دوسری رائے یہ ہے کہ اس صورت میں ایک دفعہ درود پڑھنا تو واجب ہوگا اور ہر دفعہ پڑھنا مستحب ہوگا، اور محققین نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ واللہ اعلم۔

## درود شریف کی امتیازی خاصیت:

اللہ تعالیٰ نے جس طرح ہماری اس مادی دنیا میں پھلوں اور پھولوں کو الگ الگ رنگتیں دی ہیں اور ان میں مختلف قسم کی خوشبوئیں رکھی ہیں (ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر ست) اسی طرح مختلف عبادات اور اذکار و دعوات

کے الگ الگ خواص اور برکات ہیں۔ درودشریف کی امتیازی خاصیت یہ ہے کہ خلوص دل سے اس کی کثرت، اللہ تعالیٰ کی خاص نظر رحمت رسول اللہ ﷺ کے روحانی قرب اور آپ ﷺ کی خصوصی شفقت وعنایت حاصل ہونے کا خاص الخاص وسیلہ ہے۔ آگے درج ہونے والی بعض حدیثوں سے یہ بھی معلوم ہوگا کہ ہر امتی کا درود و سلام اس کے نام کے ساتھ رسول اللہ ﷺ تک پہنچایا جاتا ہے۔، اوراس کیلئے فرشتوں کا ایک پورا عملہ ہے۔ ذرا غور کریں، اگر آپ کو معلوم ہو جائے کہ اللہ کا فلاں بندہ آپ کے لئے اور آپ کے گھر والوں اور سب متعلقین کے لئے اچھی سے اچھی دعائیں برابر کرتا رہتا ہے، اپنے لئے اللہ تعالیٰ سے اتنا نہیں مانگتا جتنا آپ کے لئے مانگتا ہے اور یہ اس کا محبوب ترین مشغلہ ہے، تو آپ کے دل میں اس کی کیسی قدر ومحبت اور خیر خواہی کا کیسا جذبہ پیدا ہوگا پھر جب کبھی اللہ کا وہ بندہ آپ سے ملیگا اور آپ کے سامنے آئے گا تو آپ کس طرح اسے ملیں گے۔ اس مثال سے سمجھا جاسکتا ہے کہ اللہ کا جو بندہ ایمان واخلاص کے ساتھ رسول اللہ ﷺ پر کثرت سے درود وسلام پڑھے اس پر آپ کی کیسی نظر عنایت ہوگی اور قیامت وآخرت میں اس کے ساتھ آپ کا معاملہ کیا ہوگا۔ اور رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی محبوبیت کا جو مقام حاصل ہے اس کو پیش نظر رکھ کر اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ اس بندہ سے اللہ تعالیٰ کتنا خوش ہوگا اور اس پر اس کا کیسا کرم ہوگا۔

## درود وسلام کا مقصد:

یہاں ایک بات یہ بھی قابل ذکر ہے کہ درود وسلام اگر چہ بظاہر رسول اللہ ﷺ کے حق میں اللہ تعالیٰ سے ایک دعا ہے لیکن جس طرح کسی دوسرے کے لئے دعا کرنے کا اصلی مقصد اس کو نفع پہونچانا ہوتا ہے، اسی طرح رسول اللہ ﷺ پر درود وسلام بھیجنے کا مقصد آپ کی ذات کو نفع پہنچانا نہیں ہوتا، ہماری دعاؤں کی آپ کو قطعاً کوئی احتیاج نہیں۔ بادشاہوں کو فقیروں مسکینوں کے تحفوں اور ہدیوں کی کیا ضرورت۔ بلکہ جس طرح اللہ تعالیٰ کا ہم بندوں پر حق ہے کہ اس کی عبادت اور حمد وتسبیح کے ذریعہ عبدیت اور عبدیت کا نذرانہ اس کے حضور میں پیش کریں، اور اس سے اللہ تعالیٰ کو کوئی نفع نہیں پہنچتا بلکہ وہ خود ہماری ضرورت ہے، اور اس کا نفع ہم ہی کو پہنچتا ہے، اسی طرح رسول اللہ ﷺ کے محاسن وکمالات، آپکی پیغمبرانہ خدمات اور امت پر آپ ﷺ کے عظیم احسانات کا یہ حق ہے کہ امتی آپکے حضور میں عقیدت ومحبت اور وفاداری و نیازمندی کا ہدیہ اور ممنونیت سپاس گزاری کا نذرانہ پیش کریں، اسی کے لئے درود وسلام کا یہ طریقہ مقرر کیا گیا ہے۔ اور جیسا کہ عرض کیا گیا اس کا مقصد آپ کو کوئی نفع پہنچانا نہیں ہوتا بلکہ اپنے ہی نفع کے لئے یعنی اللہ تعالیٰ کی رضا وثواب آخرت اور اس کے رسول پاک ﷺ کا روحانی قرب اور ان کی خاص نظر عنایت حاصل کرنے کے لئے درود وسلام پڑھا جاتا ہے اور پڑھنے والے کا اصل

مقصد بس یہی ہوتا ہے۔

پھر یہ اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہے کہ وہ ہمارے درود وسلام کا یہ ہدیہ اپنے رسول پاک تک فرشتوں کے ذریعہ پہنچواتا ہے اور بہت سوں کا آپ کو قبر مبارک میں براہ راست بھی سنوادیتا ہے (جیسا کہ آگے درج ہونے والی احادیث سے معلوم ہوگا) نیز ہمارے اس درود وسلام کے حساب میں بھی رسول اللہ ﷺ پر اپنے الطاف و عنایات اور تکریم وتشریف میں اضافہ فرماتا ہے۔

## درود وسلام کی خاص حکمت:

انبیاء علیہم السلام اور خاص کر سید الانبیا ﷺ کی خدمت میں عقیدت ومحبت اور وفاداری و نیاز مندی کا ہدیہ اور ممنونیت وسپاس گزاری کا نذرانہ پیش کرنے کے لئے درود وسلام کا طریقہ مقرر کرنے کی سب سے بڑی حکمت یہ ہے کہ اس سے شرک کی جڑ کٹ جاتی ہے، اللہ تعالیٰ کے بعد سب سے مقدس اور محترم ہستیاں انبیاء علیہم السلام ہی کی ہیں اور ان میں سب سے اکرم وافضل خاتم النبیّن سیدنا حضرت محمد ﷺ ہیں جب ان کے بارے میں بھی یہ حکم دے دیا گیا کہ ان پر درود وسلام بھیجا جائے (یعنی اللہ تعالیٰ سے ان کے لئے خاص الخاص عنایت و رحمت اور سلامتی کی دعا کی جائے) تو معلوم ہوا کہ وہ بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت وعنایت اور نظر کرم کے محتاج ہیں، اور ان کا حق اور مقام عالی یہی ہے کہ ان کے واسطے اللہ تعالیٰ سے اعلیٰ سے اعلیٰ دعائیں کی جائیں، اس کے بعد شرک کے لئے کوئی گنجائش نہیں رہتی، کتنا بڑا اکرم ہے رب کریم کا کہ اس کے اس حکم نے ہم بندوں اور امتیوں کو نبیوں اور رسولوں کا اور خاص کر سید الانبیاء ﷺ کا دعا گو بنا دیا جو بندہ ان مقدس ہستیوں کا دعا گو ہو وہ کسی مخلوق کا پرستار کیسے ہوسکتا ہے۔

## احادیث میں درود وسلام کی ترغیبات اور فضائل وبرکات:

اس تمہید کے بعد وہ حدیثیں پڑھیئے جن میں رسول اللہ ﷺ پر درود وسلام کی ترغیب دی گئی ہے، اور اس کی فضیلت اور برکات کا بیان فرمایا گیا ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّةً وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ عَشْرًا: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا؛ جو بندہ مجھ پر ایک دفعہ صلوٰۃ بھیجے، اللہ تعالیٰ اس پر دس بار صلوٰۃ بھیجتا ہے (رواہ مسلم)۔

(تشریح) اوپر عرض کیا جا چکا ہے کہ صلوٰۃ کے مفہوم میں بڑی وسعت ہے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول اللہ ﷺ کی جو تکریم وتشریف اور آپ پر جو خاص الخاص عنایت ونوازش ہوتی ہے اس کو بھی صلوٰۃ سے تعبیر کیا جاتا ہے اور عام ایمان والے بندوں کے ساتھ رحمت وکرم کا جو معاملہ ہوتا ہے اس کے لئے بھی صلوٰۃ کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ اس لئے اس حدیث میں اس رحمت وعنایت کے لئے بھی جو رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجنے والے بندے پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے صلوٰۃ کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ فرمایا گیا ہے: **صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ عَشْرًا** یعنی حضورؐ پر ایک دفعہ صلوٰۃ بھیجنے والے بندے پر اللہ تعالیٰ دس دفعہ صلوٰۃ بھیجتا ہے، مگر ظاہر ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر اللہ تعالیٰ کی صلوٰۃ میں اور دوسرے کسی ایمان والے بندے پر اس کی صلوٰۃ میں وہی فرق ہوگا جو رسول اللہ ﷺ کے مقام عالی اور اس ایمان والے بندے کے درجہ میں ہوگا۔ آگے درج ہونے والی بعض حدیثوں سے یہ بھی معلوم ہوگا کہ رسول اللہ ﷺ پر ہم بندوں کے صلوٰۃ بھیجنے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے آپ پر صلوٰۃ بھیجنے کی استدعا کریں۔

یہ بھی ظاہر ہے کہ اس حدیث کا مقصد ومدعا صرف ایک حقیقت اور واقعہ کی اطلاع دینا نہیں ہے بلکہ اس مبارک عمل (الصلوٰۃ علی النبی) کی ترغیب دیتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی صلوات یعنی خصوصی رحمتوں اور عنایتوں کے حاصل کرنے اور خود رسول اللہ ﷺ کے قرب روحانی کی برکات سے بہرہ ور ہونے کا خاص الخاص وسیلہ ہے۔ اسی طرح آگے درج ہونے والی حدیثوں کا مقصد ومدعا بھی یہی ہے۔

**عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ بْنِ نِیَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ اُمَّتِیْ صَلٰوةً مُخْلِصًا مِنْ قَلْبِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ بِهَا عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَرَفَعَهٗ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ وَکَتَبَ لَهٗ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحٰی عَنْهُ عَشْرَ سَیِّاٰتٍ:** ابو بردہ بن نیارؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرا جو امتی خلوص دل سے مجھ پر صلوٰۃ بھیجے، اللہ تعالیٰ اس پر دس صلوٰتیں بھیجتا ہے، اور اس کے صلہ میں اس کے دس درجے بلند کرتا ہے، اور اس کے حساب میں دس نیکیاں لکھتا ہے، اور اس کے دس گناہ محو فرما دیتا ہے (رواہ النسائی)۔

(تشریح) حضرت ابو ہریرہؓ والی پہلی حدیث میں رسول اللہ ﷺ پر ایک دفعہ صلوٰۃ بھیجنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے صرف دس صلوٰتوں کے بھیجے جانے کا ذکر تھا۔ اس کے بعد حضرت انسؓ والی دوسری حدیث میں دس صلوٰتوں کے علاوہ دس درجوں کی بلندی اور دس گناہوں کی معافی کا بھی ذکر فرمایا گیا، اور ابو بردہ

بن نیارؓ والی اس تیسری حدیث میں ان سب کے علاوہ اس بندے کے نامہء اعمال میں دس نیکیوں کے لکھے جانے کی بشارت بھی سنائی گئی۔

اس عاجز کے نزدیک یہ صرف اجمال اور تفصیل کا فرق ہے، یعنی دوسری اور تیسری حدیث میں جو کچھ فرمایا گیا ہے وہ پہلی حدیث کے اجمال کی تفصیل ہے، واللہ اعلم۔ تیسری حدیث سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ صلہ پانے کے لئے شرط ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر صلوٰۃ "اخلاص قلب" سے بھیجی جائے (معارف الحدیث ج ۵)۔

## جب نبی کریم ﷺ کا تذکرہ آئے تو درود شریف پڑھنا چاہیے:

عَنْ اَنَسٍؓ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَه فَلْیُصَلِّ عَلَیَّ وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّةً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا وَفی روایة مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوةً وَاحِدَةً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَّحَطَّ عَنْهُ عَشْرَ سَیِّئَاتٍ وَّرَفَعَه، بِهَاعَشْرَ دَرَجَاتٍ:

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس کے سامنے میرا تذکرہ آئے اس کو چاہیے کہ مجھ پر درود بھیجے اور جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجے گا اللہ جل شانہٗ اس پر دس دفعہ درود بھیجے گا اور اس کی دس خطائیں معاف کرے گا اور اس کے دس درجے بلند کرے گا (رواہ احمد و النسائی واللّفظ له، وابن حبان فی صحیحه کذا فی الترغیب)۔

(فائدہ) علامہ منذریؒ نے ترغیب میں حضرت براءؓ کی روایت سے بھی یہی مضمون نقل کیا ہے اور اس میں اتنا اضافہ ہے کہ یہ اس کیلئے دس غلام آزاد کرنے کے بقدر ہوگا اور طبرانی کی روایت سے یہ حدیث نقل کی ہے کہ جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس دفعہ درود بھیجتا ہے اور جو مجھ پر دس دفعہ درود بھیجتا ہے، اللہ جل شانہٗ اس پر سو مرتبہ درود بھیجتا ہے اور جو مجھ پر (۱۰۰) سو دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی پیشانی پر بَرَآئَۃٌ مِّنَ النِّفَاقِ وَبَرَآئَۃٌ مِّنَ النَّارِ لکھ دیتے ہیں۔ یعنی یہ شخص نفاق سے بھی بری ہے اور جہنم سے بھی بری ہے اور قیامت کے دن شہیدوں کے ساتھ اس کا حشر فرمائیں گے۔

علامہ سخاویؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے حضور ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو مجھ پر دس دفعہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر (۱۰۰) سو دفعہ درود بھیجیں گے۔ اور جو مجھ پر سو (۱۰۰) دفعہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر ہزار دفعہ درود بھیجیں گے، اور جو عشق وشوق میں اس پر زیادتی کرے گا میں اس کے لئے قیامت کے دن سفارشی ہوں گا اور گواہ۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ سے مختلف الفاظ کے ساتھ یہ مضمون نقل کیا گیا ہے کہ ہم چار پانچ آدمیوں

میں سے کوئی نہ کوئی شخص حضور اقدس ﷺ کے ساتھ رہتا تھا تا کہ کوئی ضرورت اگر حضور اقدس ﷺ کو پیش آئے تو اس کی تعمیل کی جائے ایک دفعہ حضور اقدس ﷺ کسی باغ میں تشریف لے گئے، میں بھی پیچھے پیچھے حاضر ہو گیا۔ حضور اقدس ﷺ نے وہاں جا کر نماز پڑھی اور اتنا طویل سجدہ کیا کہ مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ حضور اقدس ﷺ کی روح پرواز کر گئی۔ میں اس تصور سے رونے لگا حضور ﷺ کے قریب جا کر حضور ﷺ کو دیکھا۔ حضور ﷺ نے سجدہ سے فارغ ہو کر دریافت فرمایا عبدالرحمٰن کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نے اتنا طویل سجدہ کیا کہ مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں (خدانخواستہ) آپ کی روح تو پرواز نہیں کر گئی۔ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ جل شانہٗ نے میری امت کے بارے میں مجھ پر ایک انعام فرمایا ہے اس کے شکرانہ میں اتنا طویل سجدہ کیا وہ انعام یہ ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے یوں فرمایا کہ جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجے اللہ جل شانہٗ اس کے لئے دس نیکیاں لکھیں گے اور دس گناہ معاف فرمائیں گے۔

ایک روایت میں اسی قصہ میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے دریافت فرمایا کہ عبدالرحمٰن کیا بات ہے؟ میں نے اپنا اندیشہ ظاہر کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا، ابھی جبرئیل میرے پاس آئے تھے اور مجھ سے یوں کہا کہ کیا تمہیں اس سے خوشی نہیں ہوگی اللہ جل شانہٗ نے یہ ارشاد فرمایا ہے جو تم پر درود بھیجے گا میں اس پر درود بھیجوں گا اور جو تم پر سلام بھیجے گا میں اس پر سلام بھیجوں گا (کذا فی الترغیب فضائل درود شریف)۔

## درود شریف پڑھنے والے قیامت کے روز نبی کریم ﷺ کے سب سے زیادہ قریب ہوں گے:

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِىْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَكْثَرُهُمْ عَلَىَّ صَلٰوةً: حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ بلاشک قیامت میں لوگوں میں سے سب سے زیادہ مجھ سے قریب وہ شخص ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجے (رواه الترمذى و ابن حبّان فى صحيحه كلاهما من رواية موسىٰ بن يعقوب كذافى الترغيب وبسط السخاوى فى القول البديع الكلام على تخريجه)۔

(فائدہ) علامہ سخاویؒ نے قول بدیع میں الدر المنظم سے حضور ﷺ کا یہ ارشاد کیا ہے کہ تم میں کثرت سے درود پڑھنے والا کل قیامت کے دن مجھ سے سب سے زیادہ قریب ہوگا۔ حضرت انسؓ کی حدیث سے بھی یہ

www.noorehidayat.org

ارشاد نقل کیا ہے کہ قیامت میں ہر موقع پر مجھ سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو مجھ پر کثرت سے درود پڑھنے والا ہوگا۔ فصل دوم کی حدیث نمبر ۳ میں بھی یہ مضمون آ رہا ہے نیز حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو، اس لئے کہ قبر میں ابتداءً تم سے میرے بارے میں سوال کیا جائے گا۔

ایک دوسری حدیث میں نقل کیا ہے کہ مجھ پر درود بھیجنا قیامت کے دن پل صراط کے اندھیرے میں نور ہے اور جو یہ چاہے کہ اس کے اعمال بہت بڑی ترازو میں تلیں اس کو چاہیے کہ مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرے۔ ایک اور حدیث میں حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے، سب سے زیادہ نجات والا قیامت کے دن اس کے ہولوں سے اور اس کی مقامات سے وہ شخص ہے جو دنیا میں سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجتا ہے۔

زادالسعید میں حضرت انسؓ سے روایت نقل کی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو مجھ پر درود کی کثرت کریگا وہ عرش کے سایہ میں ہوگا۔ علامہ سخاویؒ نے ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ تین آدمی قیامت کے دن اللہ کے عرش کے سایہ میں ہوں گے جس دن اس کے سایہ کے علاوہ کسی چیز کا سایہ نہ ہوگا۔ ایک وہ شخص جو کسی مصیبت زدہ کی مصیبت ہٹائے۔ دوسرا وہ جو میری سنت کو زندہ کرے، تیسرے وہ جو میرے اوپر درود بھیجے۔ ایک اور حدیث میں علامہ سخاویؒ نے حضرت ابن عمرؓ کے واسطہ سے حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ اپنی مجالس کو درود شریف کے ساتھ مزین کیا کرو اس لئے کہ مجھ پر درود پڑھنا تمہارے لئے قیامت میں نور ہے۔

علامہ سخاویؒ نے قوت القلوب سے نقل کیا ہے کہ کثرت کی کم سے کم مقدار تین سو مرتبہ ہے، اور حضرت اقدس گنگوہی قدس سرہ بھی اپنے متوسلین کو تین سو مرتبہ بتایا کرتے تھے۔

## نبی کریم ﷺ کو ہمارا درود و سلام پہنچایا جاتا ہے:

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ اِنَّ لِلّٰہِ مَلٰئِکَۃً سَیَّاحِیْنَ یُبَلِّغُوْنِیْ عَنْ اُمَّتِیَ السَّلَامَ. : ابن مسعود حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اللہ جل شانہٗ کے بہت سے فرشتے ایسے ہیں جو (زمین میں) پھرتے رہتے ہیں اور میری امت کی طرف سے مجھے سلام پہنچاتے ہیں (رواہ النسائی و ابن حبان فی صحیحہ کذافی الترغیب زادفی القول البدیع احمد والحاکم وغیرھما وقال الحاکم صحیح الاسناد)۔

(فائدہ) اور بھی متعدد صحابہ کرامؓ سے یہ مضمون نقل کیا گیا ہے۔ علامہ سخاویؒ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ

کی روایت سے بھی یہی مضمون نقل کیا ہے کہ اللہ جل شانہ کے کچھ فرشتے زمین میں پھرتے رہتے ہیں جو میری امت کا درود مجھ تک پہنچاتے رہتے ہیں۔ ترغیب میں حضرت امام حسینؓ سے حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ تم جہاں کہیں ہو مجھ پر درود پڑھتے رہا کرو بیشک تمہارا درود میرے پاس پہنچتا رہتا ہے اور حضرت انسؓ کی حدیث سے حضور ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے جو کوئی مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ درود مجھ تک پہنچ جاتا ہے اور میں اس کے بدلہ میں اس پر درود بھیجتا ہوں اور اس کے علاوہ اس کیلئے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

## زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھا کریں یہ کفایت کریگا:

عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍؓ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اُکْثِرُ الصَّلٰوۃَ عَلَیْکَ فَکَمْ اَجْعَلُ لَکَ مِنْ صَلٰوتِیْ فَقَالَ مَاشِئْتَ قُلْتُ الرُّبُعَ قَالَ مَاشِئْتَ فَاِنْ زِدْتَّ فَھُوَ خَیْرٌ لَّکَ قُلْتُ النِّصْفَ قَالَ مَا شِئْتَ فَاِنْ زِدْتَّ فَھُوَ خَیْرٌ لَّکَ،قُلْتُ فَالثُّلُثَیْنِ قَالَ مَا شِئْتَ فَاِنْ زِدْتَّ فَھُوَ خَیْرٌ لَّکَ قُلْتُ اَجْعَلُ لَکَ صَلٰوتِیْ کُلَّھَا قَالَ اِذًا تُکْفٰی ھَمُّکَ وَیُکَفَّرُ لَکَ ذَنْبُکَ: حضرت ابی بن کعبؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ میں آپ پر درود کثرت سے بھیجنا چاہتا ہوں تو اس کی مقدار اپنے اوقات دعا میں سے کتنی مقرر کروں، حضور اقدس ﷺ نے فرمایا جتنا تیرا جی چاہے میں نے عرض کیا یارسول اللہ ایک چوتھائی، حضور ﷺ نے فرمایا تجھے اختیار ہے اور اگر اس پر بڑھا دے تو تیرے لئے بہتر ہے تو میں نے عرض کیا کہ نصف کردوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا تجھے اختیار ہے اور اگر بڑھا دے تو تیرے لئے زیادہ بہتر ہے میں نے عرض کیا؟ دو تہائی کردوں، حضور ﷺ نے فرمایا تجھے اختیار ہے اور اگر اس سے بڑھا دے تو تیرے لئے زیادہ بہتر ہے میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ پھر میں اپنے سارے وقت کو مقرر کرتا ہوں، حضور اقدس ﷺ نے فرمایا تو اس صورت میں تیرے سارے فکروں کی کفالت کیجائیگی اور تیرے گناہ بھی معاف کردیئے جائیں گے (رواہ الترمذی زادالمنذری فی الترغیب احمد والحاکم وقال صحہ وبسط السخاوی فی تخریجہ)۔

(فائدہ) مطلب تو واضح ہے وہ یہ کہ میں نے کچھ وقت اپنے لئے دعاؤں کا مقرر کر رکھا ہے اور چاہتا ہوں کہ درود شریف کثرت سے پڑھا کروں تو اپنے اس معین وقت میں سے درود شریف کے لئے کتنا وقت تجویز کروں۔ مثلاً میں نے اپنے اوراد وظائف کے لئے دو گھنٹے مقرر کر رکھے ہیں تو اس میں سے کتنا وقت درود شریف

کے لئے تجویز کروں۔ علامہ سخاویؒ نے امام احمدؒ کی ایک روایت سے نقل کیا ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا یارسول اللہ؛ اگر میں اپنے سارے وقت کو آپ پر درود کے لئے مقرر کردوں تو کیسا؟ حضور ﷺ نے فرمایا "ایسی صورت میں حق تعالیٰ شانہ' تیرے دنیا اور آخرت کے سارے فکروں کی کفالت فرمائے گا''۔ علامہ سخاویؒ نے متعدد صحابہ سے اسی قسم کا مضمون نقل کیا ہے، اس میں کوئی اشکال نہیں کہ متعدد صحابہ کرامؓ نے اس قسم کی درخواستیں کی ہوں۔

علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ درود شریف چونکہ اللہ کے ذکر پر اور حضور اقدس ﷺ کی تعظیم پر مشتمل ہے تو حقیقت میں یہ ایسا ہی ہے جیسا دوسری حدیث میں اللہ جل شانہ' کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جس کو میرا ذکر مجھ سے دعا مانگنے میں مانع ہو (یعنی کثرت ذکر کی وجہ سے دعا کا وقت نہ ملے) تو میں اس کو دعا مانگنے والوں سے زیادہ دوں گا۔صاحب مظاہرِ حق نے لکھا ہے کہ؛" سبب اس کا یہ ہے کہ جب بندہ اپنی طلب ورغبت کو اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ چیز میں کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کو مقدم رکھتا ہے اپنے مطالب پر تو وہ کفایت کرتا ہے اس کے سب مہمات کی من کـان لـلّٰـه كان الله له یعنی جو اللہ کا ہو رہتا ہے وہ کفایت کرتا ہے اس کو جب شیخ بزرگوار عبدالوہاب متقیؒ نے اس مسکین کو یعنی شیخ عبدالحق کو واسطے زیارت مدینہ منورہ کے رخصت کیا، فرمایا کہ جانو اور آگاہ ہو کہ نہیں ہے اس راہ میں کوئی عبادت بعد اداء فرض کے مانند درود کے اوپر سید کائنات ﷺ کے چاہیے کہ تمام اوقات اپنے کو اس میں صرف کرنا اور چیز میں مشغول نہ ہونا۔عرض کیا گیا کہ اس کے لئے کچھ عدد معین ہو، فرمایا یہاں معین کرنا عدد کا شرط نہیں، اتنا پڑھو کہ ساتھ اس کے رطب اللسان ہو اور اس کے رنگ میں رنگین ہو اور مستغرق ہو اس میں''۔

اس پر یہ اشکال نہ کیا جائے کہ اس حدیث پاک سے یہ معلوم ہوا کہ درود شریف سب اوراد ووظائف کے بجائے پڑھنا زیادہ مفید ہے اس لئے کہ اول تو خود اس حدیث پاک کے درمیان میں اشارہ ہے کہ انہوں نے یہ وقت اپنی ذات کے لئے دعاؤں کا مقرر کررکھا تھا اس میں سے درود شریف کے لئے مقرر کرنے کا ارادہ فرمارہے تھے دوسری بات یہ ہے کہ یہ چیز لوگوں کے احوال کے اعتبار سے مختلف ہوا کرتی ہے۔بعض روایات میں الحمداللہ کو افضل الدعا کہا گیا ہے اور بعض روایات میں استغفار کو افضل الدعا کہا گیا ہے اسی طرح سے اور اعمال کے درمیان میں بھی مختلف احادیث میں مختلف اعمال کو سب سے افضل قرار دیا گیا ہے یہ اختلاف لوگوں کے حالات کے اختلاف کے اعتبار سے اور اوقات کے اعتبار سے ہوا کرتا ہے جیسا کہ ابھی مظاہر حق سے نقل کیا گیا ہے کہ شیخ عبد الحق محدّث دہلوی نَوَّ راللہُ مَر قدہ' کو ان کے شیخ نے مدینہ پاک کے سفر میں یہ وصیت کی کہ تمام اوقات درود شریف ہی میں خرچ کریں۔اپنے اکابر کا بھی یہی معمول ہے کہ وہ مدینہ پاک کے سفر میں درود شریف کی بہت تاکید کرتے ہیں۔

علامہ منذریؒ نے ترغیب میں حضرت اُبیؓ کی حدیثِ بالا میں ان کے سوال سے پہلے مضمون اور بھی نقل کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب چوتھائی رات گذر جاتی تو حضور اقدس ﷺ کھڑے ہو جاتے اور ارشاد فرماتے؛ "اے لوگوں اللہ کا ذکر کرو؛ اے لوگوں اللہ کا ذکر کرو (یعنی بار بار فرماتے) راجفہ آ گئی اور رادفہ آ رہی ہے، موت ان سب چیزوں کے ساتھ جو اس کے ساتھ لاحق ہیں آ رہی ہے"۔ اس کو بھی دو مرتبہ فرماتے؛ رَاجِفَہ اور رادِفَہ قرآن پاک کی آیت جو سورۃ والنّازعات میں ہے، کی طرف اشارہ ہے جس میں اللہ پاک کا ارشاد ہے؛

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝
قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝

جس کا ترجمہ اور مطلب یہ ہے کہ اوپر چند چیزوں کی قسم کھا کر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "قیامت ضرور آئے گی، جس دن ہلا دینے والی چیز سب کو ہلا ڈالے گی، اس سے مراد پہلا صور ہے۔ بہت سے دل اس روز کے خوف کے مارے دھڑک رہے ہوں گے، شرم کی وجہ سے ان کی آنکھیں جھک رہی ہوں گی" (فضائل درود شریف)۔

## درود شریف دُعا کی قبولیت کا وسیلہ:

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوْفٌ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ لَايَصْعَدُ مِنْهُ شَيْءٌ حَتّٰى تُصَلِّيَ عَلٰى نَبِيِّكَ: حضرت عمر بن الخطابؓ سے روایت ہے، انھوں نے فرمایا؛ دعا آسمان اور زمین کے درمیان ہی رکی رہتی ہے اوپر نہیں جا سکتی جب تک کہ نبی پاک ﷺ پر درود نہ بھیجا جائے (رواہ الترمذی)۔

(تشریح) وہ حدیث " آداب دُعا" کے ذیل میں گذر چکی ہے جس میں ہدایت فرمائی گئی ہے کہ دُعا کرنے والے کو چاہیے کہ پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اور رسول ﷺ پر درود بھیجے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور میں اپنی حاجت عرض کرے۔ حضرت عمرؓ کے اس ارشاد سے معلوم ہوا کہ دُعا کے بعد بھی رسول ﷺ پر صلوٰۃ بھیجنی چاہیے، وہ دُعا کی قبولیت کا خاص وسیلہ ہے۔ "حصن حصین" میں شیخ ابوسلیمان دارائیؒ سے نقل کیا گیا ہے انھوں نے فرمایا کہ درود شریف (جو رسول ﷺ کے حق میں ایک اعلیٰ واشرف دُعا ہے وہ تو اللہ تعالیٰ ضرور ہی قبول فرماتا ہے [1] پھر جب بندہ اپنی دُعا سے پہلے بھی اللہ تعالیٰ سے حضور ﷺ کے حق میں دُعا کرے اور اس کے بعد دُعا کرے تو اس کے کرم سے یہ بہت ہی بعید ہے کہ وہ اول و آخر کی دُعائیں تو قبول کر لے اور درمیان کی

---

[1] کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تو خود ہی نبی کریم ﷺ پر درود شریف جو کہ ایک دُعا ہے اس کا حکم فرمایا تو اس دُعا کی قبولیت میں ادنیٰ شبہ کی گنجائش نہیں (مختار)۔

اس بیچارے کی دُعا رد کر دے، اس لئے پوری امید رکھنی چاہیے کہ جس دُعا کے اول و آخر رسول ﷺ پر صلوٰۃ بھیجی جائے گی وہ انشاء اللہ ضرور قبول ہوگی۔

مندرجہ بالا روایت میں اس کا ذکر نہیں ہے کہ حضرت عمرؓ نے یہ بات (جو انھوں نے دُعا کی قبولیت کے بارے میں فرمائی) رسول ﷺ سے سنی تھی، لیکن چونکہ یہ ایسی بات ہے کہ کوئی شخص اپنی رائے اور فہم سے ایسا دعویٰ نہیں کرسکتا، بلکہ اللہ کے پیغمبر سے سن کے ہی ایسی بات کہی جاسکتی ہے، اس لئے محدثین کے مسلمہ اصول کے مطابق یہ روایت حدیث مرفوع ہی کے حکم میں ہے (معارف الحدیث ج ۵)۔

## آپ ﷺ کے ذکر کے وقت بھی درود سے غفلت کرنیوالوں کی محرومی اور ہلاکت:

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُکِرْتُ عِنْدَه، فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ دَخَلَ عَلَیْهِ رَمَضَانُ ثُمَّ انْسَلَخَ قَبْلَ اَنْ یُّغْفَرَلَه، وَرَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ اَدْرَکَ عِنْدَهٗ اَبَوَاهُ الْکِبَرَ اَوْ اَحَدَهُمَا فَلَمْ یُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا: ذلیل و خوار ہو وہ آدمی جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ اس وقت بھی مجھ پر صلوٰۃ یعنی درود نہ بھیجے، اور اسی طرح ذلیل و خوار ہو وہ آدمی جس کے لئے رمضان کا (رحمت و مغفرت والا) مہینہ آئے اور اس کے گزرنے سے پہلے اس کی مغفرت کا فیصلہ نہ ہو جائے (یعنی رمضان کا مبارک مہینہ بھی وہ غفلت و خدا فراموشی میں گزار دے اور توبہ و استغفار کر کے اپنی مغفرت کا فیصلہ نہ کرالے اور ذلیل و خوار ہو وہ آدمی جس کے ماں باپ یا دونوں میں سے کوئی ایک اس کے سامنے بڑھاپے کو پہونچیں اور وہ ان کی خدمت کر کے) جنت کا استحقاق حاصل نہ کرلے (رواہ الترمذی)۔

(تشریح) اس حدیث میں تین قسم کے جن آدمیوں کے لئے ذلت و خواری کی بددُعا ہے ان کا مشترک سنگین جرم یہ ہے کہ ان کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص عنایت اور رحمت و مغفرت حاصل کرنے کے بہترین مواقع فراہم کیئے، لیکن انھوں نے خدا کی رحمت و مغفرت کو حاصل کرنا ہی نہیں چاہا اور اس سے محروم رہنا ہی اپنے لئے پسند کیا، بیشک وہ بدبخت ایسی ہی بددُعا کے مستحق ہیں۔ اور آگے درج ہونے والی حدیث سے معلوم ہوگا کہ

ایسے محروموں کے لئے اللہ کے مقرب ترین فرشتے حضرت جبرائیل امینؑ نے بھی بڑی سخت بددُعا کی ہے، اللہ کی پناہ؛

**عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحْضُرُوْا فَحَضَرْنَا فَلَمَّا ارْتَقَى الدَّرَجَةَ قَالَ اٰمِيْن، ثُمَّ ارْتَقَى الدَّرَجَةَ الثَّانِيَةَ فَقَالَ اٰمِيْن ثُمَّ ارْتَقَى الدَّرَجَةَ الثَّالِثَةَ فَقَالَ اٰمِيْن فَلَمَّا فَرَغَ نَزَلَ عَنِ الْمِنْبَرِ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَمِعْنَا مِنْكَ الْيَوْمَ شَيْأً مَا كُنَّا نَسْمَعُهُ فَقَالَ اِنَّ جِبْرَئِيْلَ عَرَضَ لِيْ فَقَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَه فَقُلْتُ اٰمِيْن فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّانِيَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَه فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَقُلْتُ اٰمِيْن فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّالِثَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ اَبَوَيْهِ الْكِبْرُ اَوْ اَحَدَ هُمَا فَلَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ فَقُلْتُ اٰمِيْن :** حضرت کعب بن عجرہ انصاریؓ سے روایت ہے کہ ایک دن رسول ﷺ نے ہم لوگوں کو فرمایا، میرے پاس آجاؤ؟ ہم حاضر ہوگئے (آپ کو جو کچھ ارشاد فرمانا تھا اس کے لئے آپ منبر پر جانے لگے۔) جب منبر کے پہلے درجے پر آپ نے قدم رکھا تو فرمایا:۔آمین۔ پھر جب دوسرے درجے پر قدم رکھا تو پھر فرمایا:۔آمین اسی طرح جب تیسرے درجے پر قدم رکھا تو پھر فرمایا؛ آمین، پھر جو کچھ آپ کو فرمانا تھا جب اس سے فارغ ہوکر آپ منبر سے نیچے اتر آئے تو ہم لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ آج ہم نے آپ سے ایک ایسی چیز سنی جو ہم پہلے نہیں سنتے تھے (یعنی منبر کے ہر درجے پر قدم رکھتے وقت آج آپ آمین کہتے تھے یہ نئی بات تھی) آپ نے بتایا کہ؛ جب میں منبر پر چڑھنے لگا تو جبرئیل آمین آ گئے انھوں نے کہا کہ "**بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَه**": تباہ و برباد ہو وہ محروم جو رمضان مبارک پائے اور اس میں بھی اس کی مغفرت کا فیصلہ نہ ہو، تو میں نے کہا اٰمین۔ پھر جب میں منبر کے دوسرے درجہ پر قدم رکھا تو انھوں نے کہا "**بَعُدَ مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَه فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ**": تباہ برباد ہو وہ بےتوفیق اور بےنصیب جسکے سامنے تمہارا ذکر آئے اور وہ اس وقت بھی تم پر درود نہ بھیجے، تو میں نے اس پر بھی کہا؛ آمین، پھر جب میں نے منبر کے تیسرے درجہ پر قدم رکھا تو انھوں نے کہا "**بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ اَبَوَيْهِ الْكِبْرُ اَوْ اَحَدَ هُمَا فَلَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ**" : تباہ و برباد ہو وہ بدبخت آدمی جس کے ماں باپ یا ان دو میں

www.noorehidayat.org

سے ایک اس کے سامنے بوڑھے ہوجائیں اور وہ (ان کی خدمت کر کے اور ان کو راضی خوش کر کے جنت کا مستحق نہ ہوجائے) اس پر بھی آپ ﷺ فرمایا؛ آمین (رواہ الحاکم فی المستدرک وقال صحیح الاسناد)۔

(تشریح) اس حدیث کا مضمون بھی قریب قریب وہی ہے جو اس سے پہلی حضرت ابو ہریرہؓ والی حدیث کا تھا، فرق اتنا ہے کہ اس میں اصل بددُعا کرنے والے حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں اور رسول ﷺ نے ان کی ہر بددُعا پر امین کہا ہے۔

حضرت جبرائیل کی بددُعا اور رسول ﷺ کے امین کہنے کا یہی واقعہ الفاظ کے تھوڑے سے فرق کے ساتھ حضرت کعب بن عجرہ انصاریؓ کے علاوہ حضرت ابن عباس، حضرت انس، حضرت جابر بن سمرہ، مالک بن الحویرث اور عبداللہ بن الحارث رضی اللہ عنہم سے بھی حدیث کی مختلف کتابوں میں روایت کیا گیا ہے۔ ان میں سے بعض روایتوں میں یہ بھی ہے کہ حضرت جبرئیل بددُعا کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ سے مطالبہ کرتے تھے کہ آپ امین کہیں تو آپ امین کہتے تھے۔ ان سب حدیثوں میں مذکورہ بالا تین قسم کے محروموں کے لئے رسول اللہ ﷺ اور حضرت جبرئیل کی طرف سے سخت ترین بددُعا کے انداز میں جس طرح انتہائی ناراضی اور بیزاری کا اظہار کیا گیا ہے، یہ دراصل ان تینوں کوتاہیوں کے بارے میں سخت ترین انتباہ ہے۔ نیز اس سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی محبوبیت کی وجہ سے فرشتوں کی دنیا اور ملاء اعلیٰ میں عظمت ومحبوبیت کا وہ بلند ترین مقام حاصل ہے کہ جو شخص آپ کے حق کی ادائیگی کے معاملہ میں صرف اتنی کوتاہی اور غفلت کرے کہ آپ کے ذکر کے وقت آپ پر درود نہ بھیجے تو اس کے لیے سارے ملاء اعلیٰ کے امام اور نمائندے حضرت جبرائیلؑ کے دل سے اتنی سخت بدعا نکلتی ہے اور وہ اس پر رسول اللہ ﷺ سے بھی امین کہلواتے ہیں اللہ تعالیٰ اس قسم کی ہر تقصیر اور کوتاہی سے محفوظ رکھے اور آنحضرت ﷺ کی حق شناسی اور حق کی ادائیگی کی توفیق دے۔

عَنْ قَتَادَةَؓ مُرْسَلاً قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَفَاءِ اَنْ اُذْكَرَ عِنْدَ رَجُلٍ فَلاَيُصَلِّى عَلَيَّ (ﷺ): حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ یہ بات ظلم سے ہے کسی آدمی کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے (اخرجه النمیری رواته ثقات قاله السخاوی)۔

(فائدہ) یقیناً اس شخص کے ظلم میں کیا تردد ہے جو نبی کریم ﷺ کے اتنے احسانات پر بھی نبی کریم ﷺ پر درود نہ پڑھے۔ حضرت گنگوہی قدس سرہ کی سوانح عمری "تذکرہ الرشید" میں لکھا ہے کہ حضرت عموماً

متوسلین کو درود شریف پڑھنے کی تعلیم فرماتے تھے کہ کم سے کم تین سو مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔ اور اتنا نہ ہو سکے تو ایک تسبیح میں تو کمی نہ ہونی چاہیے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا بہت بڑا احسان ہے پھر آپ پر درود بھیجنے میں بھی بخل ہو تو بڑی بے مروتی کی بات ہے۔ درود شریف میں زیادہ تر پسند وہ تھا جو نماز میں پڑھا جاتا ہے اور اس کے بعد وہ الفاظ صلوٰۃ وسلام جو احادیث میں منقول ہیں۔ باقی دوسروں کے مؤلفہ درود تاج، لکھّی وغیرہ عموماً آپ کو پسند نہ تھے بلکہ بعض الفاظ کو دوسرے معنٰی کا موہم ہونے کے سبب خلاف شرع فرما دیتے تھے۔

علّامہ سخاویؒ فرماتے ہیں کہ جفاء سے مراد برِّ وصِلَہ کا چھوڑنا ہے اور طبیعت کی سختی اور نبی کریم ﷺ سے دوری پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے۔

يَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِماً اَبَدًا ......عَلیٰ حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَؓ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَاجَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِساً لَمْ یَذْکُرُوْا اللّٰہَ تَعَالیٰ فِیْہِ وَلَمْ یُصَلُّوْا عَلیٰ نبِیِّھِمْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اِلَّا کَانَ عَلَیْھِمْ مِنَ اللّٰہِ تِرَۃٌ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَاِنْ شَآءَ عَذَّبَھُمْ وَاِنْ شَآءَ غَفَرَلَھُمْ: حضرت ابو ہریرہؓ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں جو قوم کسی مجلس میں بیٹھے اور اس مجلس میں اللہ کا ذکر اور اس کے نبی ﷺ پر درود نہ ہو تو یہ مجلس ان پر قیامت کے دن ایک وبال ہو گی پھر اللہ کو اختیار ہے کہ ان کو معاف کر دے یا عذاب دے (رواہ احمد وابوداؤد وغیرھما بسطہ السخاوی)۔

(فائدہ) ایک اور حدیث میں حضرت ابو ہریرہؓ ہی سے یہ الفاظ نقل کئے گئے ہیں کہ جو قوم کسی مجلس میں بیٹھتی ہے، پھر وہ اللہ کے ذکر اور نبی ﷺ پر درود سے پہلے مجلس برخاست کر دیں تو ان پر قیامت تک حسرت رہے گی۔ ایک اور حدیث میں ان الفاظ سے نقل کیا گیا ہے کہ جو قوم کسی مجلس میں بیٹھتی ہے اور اس مجلس میں حضور ﷺ پر درود نہ ہو تو وہ مجلس ان پر وبال ہوتی ہے۔ حضرت ابوامامہؓ سے بھی حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں پھر اللہ کے ذکر اور حضور اقدس ﷺ پر درود سے پہلے اٹھ کھڑے ہوں تو وہ مجلس قیامت کے دن وبال ہے۔

حضرت ابوسعید خدریؓ سے بھی حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جو لوگ کسی مجلس میں

www.noorehidayat.org

بیٹھیں اور وہ حضور اقدس ﷺ پر درود سے پہلے مجلس برخاست کریں تو ان کو حسرت ہوگی چاہے وہ جنت ہی میں (اپنے اعمال کی وجہ سے) داخل ہو جائیں بوجہ اس ثواب کے جس کو وہ دیکھیں گے۔ یعنی اگر وہ اپنے دوسرے اعمال کی وجہ سے جنت میں داخل ہو بھی جائیں تب بھی ان کو درود شریف کا ثواب دیکھ کر اس کی حسرت ہوگی کہ ہم نے اس مجلس میں درود کیوں نہ پڑھا تھا۔

حضرت جابرؓ سے حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ جب لوگ کسی مجلس سے بغیر اللہ کے ذکر اور حضور ﷺ پر درود کے اٹھیں تو ایسا ہے جیسے کسی سڑے ہوئے مردار جانور پر سے اٹھے ہوں یعنی ایسی گندگی محسوس ہوگی جیسے کسی سڑے ہوئے جانور کے پاس بیٹھ کر دماغ سڑ جاتا ہے۔

**یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِماً اَبَدًا ......عَلیٰ حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ**

**عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَیْدٍؓ قَالَ بَیْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم قَاعِدٌ اِذْ دَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰی فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم عَجِلْتَ اَیُّهَا الْمُصَلِّیْ فَاِذَاصَلَّیْتَ فَقَعَدْتَّ فَاحْمَدِ اللّٰهَ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَصَلِّ عَلَیَّ ثُمَّ ادْعُهٗ قَالَ ثُمَّ صَلّٰی رَجُلٌ اٰخَرُ بَعْدَ ذٰلِکَ فَحَمِدَاللّٰهُ وَصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم اَیُّهَا الْمُصَلِّیْ اُدْعُ تُجَبْ :** حضرت فضالہؓ فرماتے ہیں ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ تشریف فرما تھے ایک صاحب داخل ہوئے اور نماز پڑھی پھر "اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ" کے ساتھ دُعا کی حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا او نمازی؛ جلدی کردی، جب تو نماز پڑھے تو اوّل تو اللہ جل شانہٗ کی حمد کر جیسا کہ اس کی شان کے مناسب ہے پھر مجھ پر درود پڑھ، پھر دُعا مانگ، حضرت فضالہؓ کہتے ہیں پھر ایک اور صاحب آئے انہوں نے اوّل اللہ جل شانہٗ کی حمد کی اور حضور اقدس ﷺ پر درود بھیجا۔ حضور ﷺ نے ان صاحب سے یہ ارشاد فرمایا اے نمازی اب دُعا کر تیری دُعا قبول کی جائے گی (رواہ الترمذی وروی ابوداؤد والنسائی نحوہ کذافی المشکوٰۃ)۔

(فائدہ) یہ مضمون بھی بکثرت روایات میں ذکر کیا گیا ہے۔ علامہ سخاویؒ کہتے ہیں کہ درود شریف دُعا کے اول میں، درمیان میں اور اخیر میں ہونا چاہیے۔ علماء نے اس کے ستحباب پر اتفاق نقل کیا ہے کہ دُعا کی ابتدا اللہ تعالیٰ کی شان کی حمد وثنا، پھر حضور اقدس ﷺ پر درود سے ہونی چاہیے اور اسی طرح اسی پر ختم ہونا چاہیے۔

www.noorehidayat.org

اُقلیشیؒ کہتے ہیں کہ جب تو اللہ سے دُعا کرے تو پہلے حمد کے ساتھ ابتدا کر، پھر حضور ﷺ پر درود بھیج اور درود شریف کو دُعا کے اول میں، دُعاء کے بیچ میں، دُعا کے اخیر میں کر، اور درود کے وقت میں حضور اقدس ﷺ کے اعلیٰ فضائل کو ذکر کیا کر، اس کی وجہ سے تو مستجاب الدعوات بنے گا اور تیرے اور اس کے درمیان سے حجاب اٹھ جائے گا. صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا (فضائل درود شریف)۔

## جو شخص آپ ﷺ کے قبر مبارک کے پاس درود شریف پڑھتا ہے، اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو سنوا دیتا ہے:

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ یُسَلِّمُ اِلَّا رَدَّ اللّٰہُ عَلَیَّ رُوْحِیْ اَرُدَّ عَلَیْہِ السَّلَامَ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: جب کوئی مجھ پر سلام بھیجے گا تو اللہ تعالیٰ میری روح مجھ پر واپس فرمائے گا تاکہ میں اس کے سلام کا جواب دے دوں (رواہ ابوداؤد والبیہقی فی الدعوات الکبیر)۔

(تشریح) حدیث کے ظاہری الفاظ " اِلَّا رَدَّ اللّٰہُ عَلَیَّ رُوْحِی " سے یہ شبہ ہوسکتا ہے کہ آپکی روح مبارک جسد اطہر سے الگ رہتی ہے جب کوئی سلام عرض کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کے جسدِ اطہر میں روح مبارک کو لوٹا دیتا ہے تاکہ آپ ﷺ سلام کا جواب دے سکیں، ظاہر ہے کہ یہ بات کسی طرح صحیح نہیں ہوسکتی، اگر اس کو تسلیم کرلیا جائے تو ماننا پڑے گا کہ ایک دن میں لاکھوں کروڑوں دفعہ آپکی روح مبارک جسم اقدس میں ڈالی اور نکالی جاتی ہے، کیونکہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا کہ آپ کے لاکھوں کروڑوں امتی آپ پر صلوٰۃ وسلام نہ بھیجتے ہوں روضہ اقدس میں حاضر ہوکر سلام عرض کرنے والوں کا بھی ہر وقت تانتا بندھا رہتا ہے، اور عام دنوں میں بھی کا شمار ہزاروں سے کم نہیں ہوتا۔ علاوہ ازیں انبیاء علیہم السلام کا اپنی قبور میں زندہ ہونا ایک مسلم حقیقت ہے اگر چہ اس حیات کی نوعیت کے بارے میں علماء امت کی رائیں مختلف ہیں، لیکن اتنی بات سب کے نزدیک مسلم اور دلائل شرعیہ سے ثابت ہے کہ انبیاء علہیم السلام اور خاص کر سید انبیاء ﷺ کو اپنی قبور میں حیات حاصل ہے اس لئے حدیث کا یہ مطلب کسی طرح نہیں ہوسکتا ہے کہ آپ کا جسد اطہر روح سے خالی رہتا ہے اور جب کوئی سلام عرض کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ جواب دلوانے کے لئے اس میں روح ڈال دیتا ہے۔ اس بنا پر اکثر شارحین نے "ردّ روح" کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ قبر مبارک میں آپ کی روح پاک کی تمام تر توجہ دوسرے عالم کر طرف اور اللہ تعالیٰ کی

جمالی وجلالی تجلیات کے مشاہدہ میں مصروف رہتی ہے، (اور یہ بات بالکل قرین قیاس ہے) پھر جب کوئی امتی سلام عرض کرتا ہے اور وہ فرشتہ کے ذریعہ یا براہ راست آپ تک پہونچتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے اذن سے آپ کی روح اس طرف بھی متوجہ ہوتی ہے اور آپ ﷺ سلام کا جواب دیتے ہیں، بس اس روحانی توجہ والتفات کو "ردِّ روح " سے تعبیر فرمایا گیا ہے۔

عاجز راقم سطور عرض کرتا ہے کہ اس بات کو وہی لوگ سمجھ سکتے ہیں جو عالم برزخ کے معاملات واحوال سے کچھ مناسبت رکھتے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان حقائق کی معرفت نصیب فرمائے۔

اس حدیث کا خاص پیغام یہ ہے کہ جو امتی بھی اخلاص قلب سے آپ پر سلام بھیجتا ہے، آپ عادی اور سرسری طور پر صرف زبان سے نہیں بلکہ روح اور قلب سے متوجہ ہو کر اس کے سلام کا جواب عنایت فرماتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ اگر عمر بھر کے صلوٰۃ وسلام کا کچھ بھی اجر وثواب نہ ملے صرف آپ کا جواب مل جائے تو سب کچھ مل گیا۔ السَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَاالنَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُه.'

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَقَبْرِیْ سَمِعْتُهُ وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ نَائِیًا اُبْلِغْتُهُ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا؛ جو آدمی میری قبر کے پاس مجھ پر درود بھیجے گا (یا سلام عرض کرے گا) وہ میں خود سنوں گا، اور جو کہیں دور سے بھیجے گا تو وہ مجھے پہونچا دیا جائے گا (رواہ البیہقی فی شعب الایمان)۔

(تشریح) اس حدیث سے یہ تفصیل معلوم ہوگئی کہ فرشتوں کے ذریعہ آپ ﷺ کو صرف وہی درود وسلام پہونچتا ہے جو کوئی دور سے بھیجے، لیکن اللہ تعالیٰ جن کو قبر مبارک کے پاس پہونچادے اور وہ وہاں حاضر ہو کہ صلوٰۃ وسلام عرض کریں تو آپ ﷺ اس کو بنفسِ نفیس سنتے ہیں، اور جیسا کہ ابھی معلوم ہو چکا ہے ہر ایک کو جواب بھی عنایت فرماتے ہیں۔

کتنے خوش نصیب ہیں وہ بندے جو روزانہ سیکڑوں یا ہزاروں بار صلوٰۃ وسلام عرض کرتے ہیں اور آپ ﷺ کا جواب پاتے ہیں۔ حق یہ ہے کہ اگر ساری عمر کے صلوٰۃ وسلام کا ایک ہی دفعہ جواب مل جائے تو جن کو محبت کا کوئی ذرّہ نصیب ہے ان کیلئے وہی دو جہاں کی دولت سے زیادہ ہے۔ کسی محبّ نے کہا ہے۔

بھر سلام مکن رنجہ در جواب آں لب

کہ صد سلام مرا بس یکے جواب از تو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی عَدَدَ مَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی

# درود وسلام کی حکمتیں وفوائد

درود شریف کی حکمتوں مصلحتوں کو اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتے ہیں، لیکن اس کی جو خاص خاص حکمتیں معلوم ہو چکی ہیں ان کو یہاں لکھ دیتا ہوں۔

درود شریف سے شرک کی جڑ کٹ جاتی ہے:

درود وسلام سے شرک کی جڑ کٹ جاتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے بعد مقدس ہستیاں انبیاء علیہم السلام ہی کی ہیں اوران میں سب سے اکرم وافضل خاتم النبیین رحمۃ اللعالمین سیّدنا وحبیبنا محمد رسول اللہ ﷺ ہیں جب ان کے بارے میں یہ حکم دیا گیا کہ ان پر درود وسلام بھیجا جائے یعنی آپ ﷺ کیلئے خاص الخاص عنایت ورحمت وسلامتی کی دُعا کی جائے تو معلوم ہوا کہ آپ ﷺ بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت وعنایت اور نظر کرم کے محتاج ہیں، اور جب کوئی بندہ اللہ تعالیٰ سے انبیاء علیہم السلام کیلئے خصوصاً نبی کریم ﷺ کیلئے درود وسلام اور آپ ﷺ کیلئے اعلیٰ سے اعلیٰ درجات کی دُعائیں مانگتا ہے تو یہ دُعا گو کسی مخلوق اور کسی نبی علیہ السلام کا پرستار کیسے ہو سکے گا۔

درود وسلام دراصل اللہ تعالیٰ کی شکر گذاری ہے:

نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا دراصل اللہ تعالیٰ کی شکر گذاری اور دین اسلام، قرآن وسنت کی قدردانی ہے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ درود بھیجنے والا بندہ دین اسلام پر راضی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کا احسان مانتا ہے یہی وجہ ہے کہ جن کے ذریعے یہ نعمت ملی ہے اس کا بھی قدردان ہے اوران کیلئے دُعا گو ہے۔

درود شریف کا پڑھنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ وفاداری کی دلیل ہے:

درود شریف کا پڑھنا اللہ تعالیٰ اوراس کے رسول ﷺ کے ساتھ وفاداری کا اظہار ہے۔ درود وسلام پڑھنے والا اپنے عمل اور اپنی دُعا کے ذریعے اس بات کا اظہار کرتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا وفادار اور نبی کریم ﷺ کا خیر خواہ اور وفادار ہے، ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے رسول

ﷺ کے ساتھ وفاداری دراصل اللہ تعالیٰ ہی کے ساتھ وفاداری اور اس کی سچی بندگی کی دلیل ہے۔

**درود شریف کی وجہ سے آپ ﷺ کی توجہات بڑھ جاتی ہیں:**

درود و سلام کی وجہ سے نبی کریم ﷺ کی توجھات بڑھ جاتی ہیں جیسا کہ مذکورہ بالا احادیث سے ثابت ہو چکا ہے کہ نبی کریم ﷺ پر آپ ﷺ کے اُمتیوں کا درود و سلام پیش ہوتا ہے تو آپ ﷺ بھی اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور ان کیلئے دُعائیں کرتے ہیں۔ ذرا غور کیجئے کہ اگر آپ ﷺ کو معلوم ہو جائے کہ فلاں شخص آپ ﷺ کیلئے دُعائیں کرتا ہے اور آپ ﷺ کی وجہ سے آپ ﷺ کے گھر اور خاندان والوں کیلئے اچھی سے اچھی دُعائیں برابر کرتا رہتا ہے اور اپنے لئے اللہ تعالیٰ سے اتنا نہیں مانگتا جتنا آپ ﷺ کیلئے مانگتا ہے اور یہی اسکا محبوب مشغلہ ہے تو آپ ﷺ کے دل میں اس کی کیسی قدر و محبت اور خیر خواہی کا کیسا جذبہ پیدا ہوگا اور آپ ﷺ کی توجہ بھی اس کی طرف لگ جائے گی لھذا جو شخص ایمان و اخلاص کے ساتھ آپ ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھتا ہے تو اس پر آپ ﷺ کی قیامت کے دن کیسی قدر و عنایت ہوگی اور نبی کریم ﷺ نے خود اس حقیقت کا اظہار ان الفاظ میں فرمایا ہے کہ؛ **اِنَّ اَوْلٰی النَّاسِ فِیْ یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلوٰۃً**: بے شک قیامت میں لوگوں میں سب سے زیادہ مجھ سے قریب وہ شخص ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجے (ترمذی)۔

**درود شریف کے سبب نبی کریم ﷺ کی محبت بڑھ جاتی ہے:**

درود شریف کی وجہ سے بندہ کا تعلق اور محبت حضور اقدس ﷺ کے ساتھ بڑھ جاتی ہے کیونکہ جو شخص جس کیلئے دُعائیں کرتا ہے اس کا اس سے تعلق اور محبت کا بڑھ جانا تجربہ اور فطرت انسانی سے ثابت ہے اور نبی کریم ﷺ کے ساتھ والہانہ محبت شریعت مطہرہ میں مطلوب ہے۔

**کثرتِ درود سے حسنِ اخلاق نصیب ہوتے ہیں:**

جس قدر نبی کریم ﷺ کے ساتھ والہانہ محبت ہوگی اسی قدر نبی کریم ﷺ کے حسنِ اخلاق سے فیض یابی نصیب ہوگی کیونکہ ہر محبّ محبوب کے رنگ میں رنگ جاتا ہے۔

درود شریف کے سبب سچی اتباع نصیب ہوتی ہے:

درود شریف کے سبب آپ ﷺ کے ساتھ جس قدر محبت بڑھے گی اسی قدر آپ ﷺ کے پرخلوص رحمت والے جذبات واخلاق اور آپ ﷺ کی ظاہری و باطنی طور پر سچی اتباع کی توفیق ملے گی اور آپ ﷺ کی سچی اتباع ہی میں دنیا وآخرت کی فلاح کا راز پنہاں ہے۔

درود شریف نفاق کا علاج ہے:

درود شریف کی کثرت نفاق کا علاج ہے، کیونکہ منافق ہرگز اخلاص کے ساتھ آپ ﷺ پر درود شریف نہیں بھیج سکتا لہٰذا جو شخص کثرت سے درود وسلام کا اہتمام کرے گا تو وہ بالآخر نفاق سے بری ہو جائیگا۔

درود شریف کی کثرت سے روحانی وایمانی ترقی نصیب ہوتی ہے:

درود شریف کی کثرت سے روحانی وایمانی ترقیات نصیب ہوتی ہیں کیونکہ یہ ایک اعلیٰ قسم کا ذکر بھی ہے کیونکہ اس میں بندہ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتا اور آپ ﷺ کیلئے دُعا کرتا ہے اور دُعا بھی وہ جو اللہ تعالیٰ کا حکم ہے اور اس کو محبوب بھی ہے اور اس میں فرشتوں کے ساتھ ہمنوائی بھی ہوتی ہے اس لئے جو بندہ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو کر کثرت سے درود شریف پڑھے گا اس کو روحانی وایمانی ترقیات اور اللہ تعالیٰ کا قربِ خاص نصیب ہوگا۔

درود شریف کے سبب قیامت میں نبی کریم ﷺ کی رفاقت نصیب ہوگی:

یہ بات تو معلوم ہو چکی کہ درود شریف کیوجہ سے آپ ﷺ سے محبت پیدا ہو جاتی ہے اور بڑھ جاتی ہے اور نبی کریم ﷺ کے ارشادات سے یہ بھی واضح ہے کہ بندہ قیامت میں اسی کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ محبت ہوگی " اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ " (ترمذی) تو اس سے بڑھکر اور نعمت کیا ہوگی کہ جس شخص کو قیامت کے دن حضور اقدس ﷺ کی معیت اور رفاقت نصیب ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ ہم کو آپ ﷺ کے ساتھ جنّت الفردوس میں جمع کرے اور آپ ﷺ کی رفاقت نصیب فرمائے (آمین)۔

# درود وسلام پر ملنے والے انعامات اور اجر وثواب کا اجمالی بیان

درود وسلام پر ملنے والے انعامات اور اجر وثواب کے متعلق شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ نے علامہ

سخاویؒ وغیرہ سے جو کچھ نقل کیا ہے اس میں سے بعض کو یہاں نقل کر دیتا ہوں۔ حضرت شیخؒ لکھتے ہیں کہ؛ حضور اقدس ﷺ کے امت پر اس قدر احسانات ہیں کہ نہ ان کا شمار ہوسکتا ہے اور نہ ان کی حق ادائیگی ہوسکتی ہے۔ اس بنا پر جتنا بھی زیادہ سے زیادہ آدمی درود پاک میں رطب اللّسان رہتا وہ کم تھا۔ چہ جائیکہ اللہ جلّ شانہٗ نے اپنے لطف وکرم سے اس حق ادائیگی کے اوپر بھی سینکڑوں اجر وثواب اور احسانات فرما دیئے۔

علّامہ سخاویؒ نے اوّل مجملاً ان انعامات کی طرف اشارہ کیا ہے جو درود شریف پر مرتّب ہوئے ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں؛

باب ِثانی درود شریف کے ثواب میں:

اللہ جلّ شانہٗ کا بندہ پر درود بھیجنا اس کے فرشتوں کا درود بھیجنا اور حضور اقدس ﷺ کا خود اس پر درود بھیجنا اور درود پڑھنے والوں کی خطاؤں کا کفّارہ ہونا، اور ان کے اعمال کو پاکیزہ بنا دینا اور ان کے درجات کا بلند ہونا اور گناہوں کا معاف ہونا، اور خود درود کا مغفرت طلب کرنا درود پڑھنے والے کیلئے، اور اس کے نامہ اعمال میں ایک قیراط کی برابر ثواب لکھا جانا، اور قیراط بھی وہ جو اُحد پہاڑ کے برابر ہو۔ اور اس کے اعمال کا بہت بڑی ترازو میں تُلنا۔ اور جو شخص اپنی ساری دُعاؤں کو درود بنا دے اس کے دنیا وآخرت کے سارے کاموں کی کفایت اور خطاؤں کو مٹا دینا، اور اس کی وجہ سے خطرات سے نجات پانا، نبی کریم ﷺ کا قیامت کے دن اس کیلئے شاہد گواہ بننا اور آپ ﷺ کی شفاعت کا واجب ہونا اور اللہ کی رضا اور اس کی رحمت کا نازل ہونا۔ اور اس کی ناراضگی سے امن کا حاصل ہونا۔ اور قیامت کے دن عرش کے سایہ میں داخل ہونا اور اعمال کے تُلنے کے وقت نیک اعمال کے پلڑے کا جھکنا اور حوضِ کوثر پر حاضری کا نصیب ہونا اور قیامت کے دن کی پیاس سے امن نصیب ہونا، اور جہنّم کی آگ سے خلاصی کا نصیب ہونا اور پُلِ صراط پر سہولت سے گذر جانا، اور جنت میں بہت ساری بیبیوں کا ملنا۔ اور نادار کیلئے صدقہ کے قائم مقام ہونا اور درود شریف زکوٰۃ ہے اور طہارت ہے اور اس کی وجہ سے مال میں برکت ہوتی ہے، اور عبادت تو ہے ہی اور اعمال میں اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہے اور مجالس کیلئے زینت ہے اور فقر اور تنگیِ معشیت کو دور کرتا ہے، اور اس کے ذریعے سے اسباب خیر تلاش کئے جاتے ہیں اور یہ کہ درود پڑھنے والا قیامت کے دن حضور اقدس ﷺ کے سب سے زیادہ

قریب ہوگا اوراس کی برکت سے خوددرود پڑھنے والا اوراس کے بیٹے اور پوتے متنفع ہوتے ہیں اور وہ بھی متنفع ہوتا ہے جس کو درود شریف کا ایصالِ ثواب کیا جائے، اور اللہ اوراس کے رسول ﷺ کی بارگاہ میں تقرب حاصل ہوتا ہے اور وہ بے شک نور ہے اور دشمنوں پر فتح و غلبہ حاصل ہونے کا ذریعہ ہے۔ اور دلوں کو نفاق سے اور زنگ سے پاک کرتا ہے اور لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا ہونے کا ذریعہ ہے اور خواب میں حضوراقدس ﷺ کی زیارت کا ذریعہ ہے، درود شریف بہت بابرکت اعمال میں سے ہے اور افضل ترین اعمال میں سے ہے اور دین ودنیا دونوں میں سے سب سے زیادہ نفع دینے والا عمل ہے [1] اوراس کے علاوہ بہت سے ثواب جو سمجھدار کیلئے اس میں رغبت پیدا کرنے والے ہیں۔ ایسا سمجھدار جو اعمال کے ذخیروں کے جمع کرنے پر حریص ہو اور ذخائرِ اعمال کے ثمرات حاصل کرنا چاہتا ہو۔

علاّمہ سخاویؒ نے باب کے شروع میں یہ اجمالی مضمون ذکر کرنے کے بعد پھر ان مضامین کی روایات کو تفصیل سے ذکر کیا، ان روایات کو ذکر کرنیکے بعد لکھتے ہیں کہ؛

"ان احادیث میں اس عبادت کی شرافت پر بیّن دلیل ہے کہ اللہ جلّ شانہٗ کا درود، درود پڑھنے والے پر المضاعف (یعنی دس گنا) ہوتا ہے اور اسکی نیکیوں میں اضافہ ہوتا ہے، گناہوں کا کفّارہ ہوتا ہے، درجات بلند ہوتے ہیں۔ پس جتنا بھی ہوسکتا ہو سیّد السّادات اور معدن السّعادات پر درود کی کثرت کیا کر، اس لئے کہ وہ وسیلہ ہے مسرّات کے حصول کا اور ذریعہ ہے بہترین عطاؤں کا اور ذریعہ ہے مضرّات سے حفاظت کا اور تیرے لئے ہر اس درود کے بدلہ میں جو تو پڑھے دس درود ہیں جبّار الارضین والسمٰوات کی طرف سے اور درود ہے اسکے ملائکہ کرام کی طرف سے" وغیرہ وغیرہ۔

ایک اور جگہ اقلیشیؒ کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ؛

" کونسا وسیلہ زیادہ شفاعت والا ہوسکتا ہے اور کونسا عمل زیادہ نفع والا ہوسکتا ہے اس ذاتِ اقدس پر درود کے مقابلہ میں جس پر اللہ جلّ شانہٗ درود بھیجتے ہیں اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں، اور اللہ جلّ شانہٗ نے اس کو دنیا وآخرت میں اپنی قربت کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے۔ یہ بہت بڑا نور ہے اور ایسی تجارت ہے جس میں گھاٹا نہیں۔ یہ اولیاء کرام کا صبح وشام کا مستقل

---

[1] شاید اس سے مراد دُعا ہو یعنی اعمال میں سب سے افضل ترین دُعا ہے، جیسا کہ اس کا بیان پہلے گذر چکا ہے، واللہ اعلم (مختار)۔

معمول رہا ہے پس جہاں تک ہو سکے درود شریف پر جمارہا کر اس سے اپنی گمراہی سے نکل آئے گا اور تیرے اعمال صاف ستھرے ہو جائیں گے تیری امیدیں بر آئیں گی، تیرا قلب منوّر رہو جائیگا اللہ تعالیٰ شانہٗ کی رضا حاصل ہو گی قیامت کے سخت ترین دہشتناک دن میں امن نصیب ہوگا" (ماخوذ از فضائلِ درود شریف، ص ۱۵۱ تا ۱۵۵)۔

## درود شریف کے خاص کلمات:

حضرت مولانا محمد منظور نعمانیؒ لکھتے ہیں کہ جیسا کہ ذکر کیا جا چکا ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پاک ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کا ہم بندوں کو حکم دیا اور بڑے مؤثر اور پیارے انداز میں حکم دیا اور خود رسول اللہ ﷺ نے مختلف پیرایوں میں اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے اس کے وہ برکات اور فضائل بیان فرمائے جو ناظرین کو مندرجہ سابق احادیث سے معلوم ہو چکے ہیں۔ پھر صحابہ کرامؓ کے دریافت کرنے پر رسول اللہ ﷺ نے درود و سلام کے خاص کلمات بھی تعلیم فرمائے۔ اپنے امکان کی حد تک کتبِ حدیث کی پوری چھان بین کے بعد اس سلسلہ کی مستند روایات جمع کر کے ذیل میں درج کی جا رہی ہیں واللهُ وَلِيُّ التَّوفِيق.

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلیٰ قَالَ لَقِیَنِیْ کَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ فَقَالَ اَلاَ اُهْدِی لَکَ هَدْیَةً سَمِعْتُهَا مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ بَلیٰ فَاهْدِهَا لِی فَقَالَ سَأَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ کَیْفَ الصَّلوٰةُ عَلَیْکُمْ اَهْلَ الْبَیْتِ فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ عَلَّمَنَا کَیْفَ نُسَلِّمُ عَلَیْکَ قَالَ قُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّ عَلیٰ آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلیٰ اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلیٰ اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّ عَلیٰ آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلیٰ اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلیٰ اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ:

مشہور جلیل القدر تابعی عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰؒ سے روایت ہے، بیان کرتے ہیں کہ میری ملاقات کعب بن عجرہؓ سے ہوئی (جو اصحاب بیعتِ رضوان میں سے ہیں) انھوں نے مجھ سے فرمایا میں تمھیں ایک خاص تحفہ پیش کروں (یعنی ایک بیش بہا حدیث سناؤں) جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے، میں عرض کیا مجھے وہ تحفہ ضرور دیجئے۔ انھوں نے بتایا کہ ہم لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کرتے ہوئے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ تو ہم کو بتا دیا کہ ہم آپ ﷺ پر سلام کس طرح بھیجا کریں (یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ

ﷺ نے ہم کو بتا دیا ہے کہ ہم تشہد میں "السَّلامُ عَلَیْکَ اَیُّھَاالنَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُه، " کہہ کر آپ ﷺ پر سلام بھیجا کریں) اب آپ ﷺ ہمیں یہ بھی بتا دیجئے کہ ہم آپ ﷺ پر صلوٰۃ (درود) کیسے بھیجا کریں، آپ ﷺ نے فرمایا یوں کہا کرو؛ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّ عَلیٰ آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلیٰ اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلیٰ آلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّ عَلیٰ آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلیٰ اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلیٰ آلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ : اے اللہ اپنی خاص نوازش اور عنایت و رحمت فرما حضرت محمد اور حضرت محمد کے گھر والوں پر جیسے کہ تو نے نوازش اور عنایت و رحمت فرمائی حضرت ابراہیم پر اور حضرت ابراہیم کے گھر والوں پر بیشک تو حمد وستائش کا سزاوار اور عظمت و بزرگی والا ہے۔ اے اللہ خاص برکتیں نازل فرما حضرت محمد اور حضرت محمد کے گھرانے والوں پر، جیسے تو نے برکتیں نازل فرمائیں حضرت ابراہیم پر اور حضرت ابراہیم کے گھرانے والوں پر، بیشک تو حمد وستائش کا سزاوار اور عظمت و بزرگی والا ہے" (رواہ البخاری ومسلم)۔

(تشریح) حضرت کعب بن عجرہؓ نے عبدالرحمٰن ابن ابی لیلیٰ کو یہ حدیث جس طرح اور جس تمہید کے ساتھ سنائی اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ اس حدیث کو اور اس درود شریف کو کتنا عظیم اور کیسا بیش بہا تحفہ سمجھتے تھے، اور طبریؒ کی اسی حدیث کی روایت میں یہ بھی ہے کہ کعب بن عجرہؓ نے یہ حدیث عبدالرحمٰن ابن ابی لیلیٰؓ کو بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے سنائی تھی اس سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ ان کے دل میں اس کی کتنی عظمت تھی[1]۔ اسی حدیث کی بیہقیؒ کی روایت میں یہ بھی مذکور ہے کہ صلوٰۃ یعنی درود کے طریقہ کے بارے میں یہ سوال رسول اللہ ﷺ سے اس وقت کیا گیا جب سورۃ احزاب کی یہ آیت نازل ہوئی۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا○ اس آیت میں صلوٰۃ وسلام کا جو حکم دیا گیا ہے اس کے بارے میں تفصیل سے پہلے لکھا جا چکا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے اس سوال کے جواب میں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ پر صلوٰۃ بھیجنے کا ہم کو جو حکم دیا ہے اس کا کیا طریقہ ہے اور کس طرح ہم آپ ﷺ پر صلوٰۃ بھیجا کریں؟ صلوٰۃ کے جو کلمات اس حدیث میں اور اس کے علاوہ بھی بہت سی دوسری حدیثوں میں تلقین فرمائے یعنی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّد............الخ. ان سے معلوم ہوا کہ آپ ﷺ پر ہمارے صلوٰۃ بھیجنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہم اللہ سے التجا اور استدعا کریں کہ وہ

آپ ﷺ پر صلوٰۃ بھیجے اور برکتیں نازل فرمائے۔ یہ اس لئے کہ ہم خود چونکہ محتاج و مفلس اور تہی مایہ ہیں، ہرگز اس لائق نہیں ہیں کہ اپنے محسنِ اعظم اور اللہ کے نبی محترم ﷺ کی بارگاہ میں کچھ پیش کرسکیں۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کے حضور میں استدعا اور التجا کرتے ہیں کہ وہ آپ ﷺ پر صلوٰۃ اور برکت بھیجے، یعنی آپ ﷺ کی تشریف و تکریم، آپ ﷺ پر نوازش وعنایت، رحمت ورأفت، پیار دُلار میں اور مقبولیت کے درجات ومراتب میں اضافہ فرمائے اور آپ ﷺ کو اپنی خاص برکتوں سے نوازے، نیز آپ ﷺ کے گھر والوں کے ساتھ بھی یہی معاملہ فرمائے۔

## استدعاء "صلوٰۃ" کے بعد "برکت" مانگنے کی حکمت:

صلوٰۃ کے بارے میں پہلے بقدر ضرورت کلام کیا جاچکا ہے اور بتایا جاچکا ہے کہ اس کے مفہوم میں بڑی وسعت ہے۔ تشریف وتکریم، مدح وثناء، رحمت ورأفت، محبت وعطوفت، رفع مراتب، ارادہ خیر، اعطاء خیر اور دُعائے خیر سب ہی کو صلوٰۃ کا مفہوم حاوی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی بندہ پر "برکت'' ہونے کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ اس کیلئے بھرپور نوازش وعنایت اور خیر ونعمت کا اور اس کے دوام اور اس میں برابر اضافہ وترقی کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے فیصلہ ہے۔ بہرحال برکت کسی ایسی چیز کا نام نہیں ہے جس کو "صلوٰۃ'' کا وسیع مفہوم حاوی نہ ہو۔ اس لحاظ سے اللہ تعالیٰ کے حضور میں رسول اللہ ﷺ کیلئے صلوٰۃ کی استدعا کرنے کے بعد آپ ﷺ کے واسطے برکت یا رحمت کی دُعا اور التجا کرنے کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی، لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں دُعا اور سوال کے موقع پر یہی مستحسن ہے کہ مختلف الفاظ وعبارات میں بار بار عرض ومعروض کی جائے، اس سے بندہ کی شدید محتاجی اور صدقِ طلب کا اظہار ہوتا ہے اور سائل اور منگتا کیلئے یہی مناسب ہے۔ اس لئے اس درود شریف میں رسول اللہ ﷺ اور آپ ﷺ کی آل کیلئے اللہ تعالیٰ سے صلوٰۃ کی استدعا کے بعد برکت کی التجا بھی کی گئی ہے اور بعض دوسری روایات میں (جو عنقریب درج ہوں گی) صلوٰۃ اور برکت کے بعد ترحّم کا بھی سوال کیا گیا ہے۔

## درود شریف میں لفظ "آل" کا مطلب:

اس درود شریف میں "آل" کا لفظ چار دفعہ آیا ہے، ہم نے اس کا ترجمہ " گھرانے والوں'' کیا ہے۔ عربی زبان اور خاص کر قرآن وحدیث کے استعمالات میں کسی شخص کی آل ان لوگوں کو کہا جاتا ہے جو ان لوگوں کے ساتھ خصوصی تعلق رکھتے ہوں، خوہ یہ تعلق نسب اور رشتہ کا ہو، جیسے بیوی بچے، یا رفاقت اور عقیدت و

محبت، اوراتباع واطاعت کا، جیسے کہ اس کے مشن کے خاص ساتھی اور محبین ومتبعین، اس لئے نفس لغت کے لحاظ سے یہاں آل کے دونوں معنی ہوسکتے ہیں۔ لیکن اگلے ہی نمبر پر اسی مضمون کی حضرت ابوحمید ساعدیؓ کی جو حدیث درج کی جارہی ہے اس میں درود شریف کے جو الفاظ ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں "آل" سے " گھرانے والے'' ہی مراد ہیں یعنی آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات اورآپ ﷺ کی نسل واولاد، اور جس طرح ان کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خصوصی قربت وجزئیت اور زندگی میں شرکت کا خاص شرف حاصل ہے (جو دوسرے حضرات کو حاصل نہیں ہے اگر چہ وہ درجہ میں ان سے افضل ہوں) اسی طرح یہ بھی ان کا ایک مخصوص شرف ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ان پر بھی درود وسلام بھیجا جاتا ہے۔ اور اس سے ہرگز یہ لازم نہیں آتا کہ ازواجِ مطہرات وغیرہ جو لفظ "آل" کے مصداق ہیں، امت میں سب سے افضل ہوں، عنداللہ افضلیت کا مدار ایمان اور ایمان والے اعمال اور ایمانی کیفیات پر ہے جس کا جامع عنوان تقویٰ ہے۔ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَاللّٰهِ اَتْقَاکُمْ۔

اس کو بالکل یوں سمجھنا چاہئے کہ ہماری اس دنیا میں بھی جب کوئی مخلص محبّ اپنے کسی محبوب بزرگ کی خدمت میں کوئی خاص مرغوب تحفہ اور سوغات پیش کرتا ہے تو اس کے پیشِ نظر خود وہ بزرگ اور انکے ذاتی تعلق کی بنا پر ان کے گھرانے والے ہوتے ہیں اور اس مخلص کی یہ خوشی ہوتی ہے کہ یہ تحفہ ان بزرگ کیساتھ ان کے گھر والے یعنی اہل وعیال بھی استعمال کریں، کسی کیساتھ تعلق ومحبت کا دراصل یہ فطری تقاضا ہے۔ درود شریف بھی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک تحفہ اور سوغات ہے، اس میں آپ ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے خاص متعلقین یعنی اہل وعیال کو بھی شریک کرنا بلاشبہ آپ ﷺ کی محبت کا تقاضا ہے، اور اس سے آپ ﷺ کے قلب مبارک کا بہت زیادہ خوش ہونا بھی ایک فطری بات ہے۔ اس کی بنیاد پر افضلیت اور مفضولیت کی کلامی بحث کرنا کوئی خوش ذوقی کی بات نہیں ہے۔ بہرحال اس عاجز کے نزدیک راجح یہی ہے کہ درود شریف میں آل محمد سے آپ ﷺ کے گھرانے والے یعنی ازواجِ مطہرات اور ذرّیت مراد ہے، اور اسی طرح آلِ ابراہیم سے حضرت ابراہیم کے گھرانے والے، قرآن مجید میں حضرت ابرہیم علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ کو مخاطب کرکے فرمایا گیا ہے رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُه عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْد. بلاشبہ آلِ ابرہیم وہی ہیں جن کو اس آیت میں اہل البیت فرمایا گیا ہے۔

## درود شریف کا اوّل وآخر اَللّٰهُمَّ ...... اِنَّکَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ:

درود شریف کو اَللّٰهُمَّ سے شروع کرکے اللہ تعالیٰ کے دو مبارک اور پاک ناموں حمید ومجید پر ختم کیا گیا ہے۔ بعض جلیل القدر ائمہ سلف سے نقل کیا گیا ہے کہ اَللّٰهُمَّ اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء حسنیٰ کے قائم مقام ہے۔ اور

اس کے ذریعہ دُعا کرنا ایسا ہے جیسا کہ تمام اسماء حسنٰی کے ذریعہ دُعا کی جائے۔ شیخ ابن القیمؒ نے "جلاء الافھام" میں اس پر بڑی نفیس فاضلانہ بحث کی ہے جو اہلِ علم کیلئے قابل دید ہے انھوں نے بتایا ہے کہ یہ معنی اَللّٰھُمَّ کی مشدد سے پیدا ہوتے ہیں اور اس کو فلسفہ لغت سے ثابت کیا ہے پھر اس دعوے کی تائید میں چند ائمہ سلف کے اقوال بھی نقل کیے ہیں۔ اور حمید و مجید اللہ تعالیٰ کے یہ دو مبارک نام اس کی تمام صفات جلال و جمال کے آئینہ دار ہیں حمید وہ ہے جس کی ذات میں سارے وہ محاسن و کمالات ہوں جن کی بنا پر وہ ہر ایک کی حمد و ستائش کا مستحق اور سزا وار ہو۔ اور مجید وہ ہے جس کو ذاتی جلال و جبروت اور عظمت و کبریائی بدرجہ کمال حاصل ہو۔ اس بنا پر اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ کا مطلب یہ ہو کہ اے اللہ تو تمام صفاتِ جمال و کمال اور شانِ جلال کا جامع ہے اس لئے سیّدنا محمد اور آلِ محمد پر صلوٰۃ اور برکت بھیجنے کی تجھ ہی سے استدعا ہے۔ قرآن مجید میں حضرت ابراہیم علی السلام اور ان کے گھر والوں پر اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت و برکت کا جہاں ذکر کیا گیا ہے وہاں بھی اللہ کے ان دونوں ناموں کی اسی خصوصیت اور امتیاز کی وجہ سے انہی کو بالکل اسی طرح خاتمہ کلام بنایا گیا ہے۔ سورۃ ہود میں فرشتوں کی زبانی فرمایا گیا ہے رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ إِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْد.

الغرض اَللّٰھُمَّ سے درود شریف کا آغاز اور اِنَّکَ حَمِیْد" مَّجِیْد" پر اس کا اختتام اپنے اندر بڑی معنویت رکھتا ہے اور ان دونوں کلموں کی اس معنویت کا لحاظ کرنے سے درود شریف کا کیف بیحد بڑھ جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّ عَلیٰ آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلیٰ اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلیٰ اٰلِ اِبْرَاھِیْم اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّ عَلیٰ آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلیٰ اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلیٰ اٰلِ اِبْرَاھِیْم اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ (معارف الحدیث، جلد پنجم)۔

## حضور اقدس ﷺ سے منقول درود شریف کے چند صیغے:

حضور اقدس ﷺ سے درود شریف کے صیغے بہت زیادہ منقول ہیں ان کو شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ نے تفصیل کے ساتھ اپنی کتاب فضائل درود شریف میں نقل فرمایا ہے یہاں ان میں سے چند کو اختصار کے ساتھ نقل کر دیتا ہوں۔

...... اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلیٰ اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْماً:

اے اللہ؛ درود بھیج (سیدنا) محمد ﷺ نبی اُمیّ پر اور آپ ﷺ کی آل پر اور خوب سلام بھیج (القول البدیع)۔

...... اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ : اے اللہ (سیدنا) محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر درود نازل فرما اور آپ ﷺ کو ایسے ٹھکانے پر پہنچا جو تیرے نزدیک مقرّب ہو (بزارو طبرانی)۔

...... اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتِکَ وَرَحْمَتَکَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ اِنَّکَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ :اے اللہ؛ اپنی خاص نوازشیں، عنایتیں اور اپنی مخصوص رحمت نازل فرما (سیدنا) محمد ﷺ اور آپ ﷺ کے گھر والوں پر جیسے تو نے نازل فرمائیں (حضرت) ابراھیم علیہ السلام پر تو ہر حمد وستائش کے لائق ہے اور عظمت و کبریائی تیری ذاتی صفت ہے (احمد)۔

...... وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ: اور اللہ تعالیٰ درود نازل فرمائیں نبی اُمی صلی اللہ علیہ وسلم پر (نسائی)۔

## مختصر درود وسلام:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ: اے اللہ: درود نازل فرما (سیدنا) محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور (سیدنا) محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر اور برکت و سلام بھیج۔

اس درود وسلام میں اللہ تعالیٰ سے خاص نوازشوں اور عنایتوں کی دُعا بھی ہے اور برکت کی دُعا بھی اور اس میں سلام یعنی سلامتی کی دُعا بھی ہے اور آپ ﷺ کے آل کیلئے بھی دُعا ہے اور یہ درود وسلام اختصار کے باوجود بہت جامع ہے۔ اس سے بھی زیادہ مختصر درود وسلام یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ: اے اللہ (سیدنا) محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام نازل فرما۔

## مختصر ترین درود وسلام:

جب بھی نبی کریم ﷺ کا نام مبارک آئے تو ہر مرتبہ طویل درود وسلام پڑھنا مشکل ہوتا ہے اس لئے

درود شریف کا آسان جملہ یہ تجویز کر دیا گیا ہے۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلَّمَ:

اللہ تعالیٰ آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر درود و سلام نازل فرمائے۔

یا اس سے مختصر یوں پڑھا اور لکھا جاتا ہے؛

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم:

اللہ تعالیٰ درود و سلام نازل فرمائے آپ ﷺ پر

## نبی کریم ﷺ پر منقولہ درود و سلام کے علاوہ خود اچھے کلماتِ درود و سلام بھی تجویز کیئے جاسکتے ہیں لیکن.................

درود و سلام کے جو کلمات اور جملے یہاں نقل کئے گئے ہیں اور اسی طرح بہت سے درود شریف کے صیغے نبی کریم ﷺ سے منقول ہیں لیکن امت مسلمہ کیلئے یہ پابندی نہیں کہ وہ نبی کریم ﷺ پر صرف آپ ﷺ کے بتائے ہوئے کلمات ہی کے ذریعہ درود و سلام بھیجے کیونکہ درود و سلام اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے اور دُعا کے کلمات پر پابندی نہیں ہوا کرتی اس لئے ہمارے اسلاف حضرات صحابہ کرامؓ، تابعین اور بعد کے علماء و عارفین سے اور بھی کلمات منقول ہیں۔

البتہ کلمات ایسے ہوں جو نبی کریم ﷺ کی شان کے منافی نہ ہوں اور نہ ان میں الفاظِ شرک ہوں اور نہ ایسے الفاظ ہوں جن میں شرک کا شائبہ ہو جیسا کہ درود کی بعض کتابوں جیسے درود تاج وغیرہ میں ایسے کلمات پائے جاتے ہیں، جو عوام الناس کیلئے شرک کی راہ ہموار کر سکتے ہیں اور ہمارے جیسے کم علموں کیلئے مناسب یہی ہے کہ ان کلمات کے ذریعہ نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجیں جو خود نبی کریم ﷺ سے یا آپ ﷺ کے صحابہؓ سے منقول ہیں۔ البتہ جن کلمات سے درود و سلام پڑھنا ہو ان کلمات کے معنی کو سیکھیں تا کہ ہمارا درود و سلام واقعی معنوں میں درود و سلام اور اچھی سی اچھی اور بہترین دُعا بن جائے اور ہمارا درود و سلام تلاوتِ درود کے بجائے صحیح معنوں میں ذکر و دُعا بن جائے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحیح معنوں میں درود و سلام بھیجنے کی توفیق عنایت فرمائے (آمین)۔

## درود شریف کے مسائل و آداب:

اب آخر میں درود شریف کے چند آداب اور مسائل فضائلِ درود شریف سے نقل کر دیتا ہوں ان کو

پڑھئے۔

# آداب:

...... جب اسم مبارک لکھے صلوٰۃ وسلام بھی لکھے یعنی صلی اللہ علیہ وسلم پورا لکھے صرف " ؐ یا " صلعم '' پر اکتفا نہ کرے۔

...... درود شریف پڑھنے والے کو مناسب ہے کہ بدن و کپڑے صاف رکھے یعنی جب درود شریف کو بطور وظیفہ پڑھا جائے تو اس کیلئے یہ ادب ہے۔

...... آپ ﷺ کے اسم مبارک سے پہلے لفظ "سیّدنا" بڑھا دینا مستحب اور افضل ہے۔ (نماز سے خارج اور باہر درود شریف کیلئے ادب ہے)۔

# مسائل:

...... عمر بھر میں ایک بار درود شریف پڑھنا فرض ہے۔

...... اگر ایک مجلس میں کئی بار آپ ﷺ کا نام پاک ذکر کیا جائے تو طحاویؒ کا مذہب یہ ہے کہ ہر بار میں ذکر کرنے والے اور سننے والے پر درود پڑھنا واجب ہے، مگر مفتی بہ یہ ہے کہ (ایک مجلس میں) ایک بار پڑھنا واجب ہے پھر مستحب ہے۔

...... نماز میں بجز تشہّد آخیر کے دوسرے ارکان میں درود شریف پڑھنا مکروہ ہے۔

...... جب خطبہ میں حضور ﷺ کا نام مبارک آوے یا خطیب یہ آیت پڑھے " یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْماً " اپنے دل میں بلا جنبشِ زبان کے "صلی الله علیه وسلم" کہہ لے (درمختار)۔

...... بے وضو درود شریف پڑھنا جائز ہے اور باوضو نور ''علیٰ نور'' ہے۔

...... بجز حضراتِ انبیاء، حضراتِ ملائکہ علیہم السّلام کے کسی اور پر استقلالاً درود شریف نہ پڑھے، البتہ تبعاً مضائقہ نہیں، مثلاً یوں نہ کہے یا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلیٰ آلِ مُحَمَّدٍ بلکه یوں کهے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّ عَلیٰ آلِ مُحَمَّدٍ۔ (درمختار)[1]۔

...... درمختار میں ہے کہ درود شریف پڑھتے وقت اعضاء کو حرکت دینا اور بلند آواز کرنا جہل ہے۔

---

[1] مزید تفصیل کیلئے دیکھئے کتاب "فضائل درود شریف" حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ۔

اس سے معلوم ہوا کہ بعض جگہ جو رسم ہے کہ نمازوں کے بعد حلقہ باندھ کر بہت چلّا چلّا کر درود شریف پڑھتے ہیں قابل ترک ہے۔

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِماً اَبَدًا　　　عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

www.noorehidayat.org

# باب

# ذکر کے اقسام اوران کے احکام

اس باب میں ذکر کے اقسام اوران کے احکام کو پڑھ لیجیئے ۔اللہ تعالی کے ذکراوراس کی عام اورموٹی موٹی قسمیں یہ ہیں۔

...... صرف دل اورخیال سے اللہ تعالی کویادکرنا جس میں زبان کی جنبش نہ ہو

...... دل اورزبان دونوں سے اللہ تعالی کویادکرنا۔

...... صرف زبان سے ذکرکرنا یعنی الفاظ ذکرتو زبان پرہوں لیکن ان کے معانی کی طرف دل کا دھیان نہ ہو

ان تینوں میں سے بہترین ذکردوسری قسم والا ہے کہ دل اورزبان دونوں سے ہواوراس کے بعد پہلی قسم کہ صرف دل سے ہواورادنی درجہ یہ ہے کہ صرف زبان سے ہوانشاءاللہ انکامفصل بیان آگے آجائے گا۔

## ذکرلسانی وزبانی کی اقسام

لسانی وزبانی ذکرکی دوقسمیں ہیں ایک یہ کہ زبان سے بالکل آہستہ آہستہ اس طرح ذکرکیا جائے کہ منہ سے آوازنہ نکلے اس کوذکرسری یاخفی ذکرکہتے ہیں دوسری قسم یہ ہے کہ منہ سے آواز نکلے اس کوذکرجہری یاذکرجلی کہتے ہیں۔

## ذکرجہری کی اقسام:

ذکرجہری کی تین قسمیں ہیں:

...... پہلی قسم یہ ہے کہ پوری قوت اورزورکے ساتھ آوازکومنہ سے نکالا جائے جیسا کہ کوئی اعلان کرتا ہے یانعرہ لگاتا ہے یااذان دیتا ہے اس کوقرآن مجید کی اصلاح میں " **الجھر** " کہا جاتا ہے(جیسا کہ انشاءاللہ تعالی اس کا بیان عنقریب آئے گا)اورعلماءاس جہرکیلئے " **رفع الصوت** "جہرشدید،پکار،چیخنے،چلانے کے الفاظ استعمال کرتے ہیں جہرکی یہ قسم اگرعام حالات میں ہواوربے ضررہوتواسی میں علماءکا اختلاف ہے

...... جہرکی دوسری قسم وہ کمزوراورہلکی آواز ہے جومنہ سے تو نکلے لیکن دوسروں کی سمجھ میں نہ آئے جیسا کہ شہدکی مکھی کی بھنبھناہٹ یہ صورت جہرکی کمزورترین صورت ہے جس کوبعض علماءخفی

اور سر کے حکم میں سمجھتے ہیں۔

...... جہر کی تیسری قسم وہ ہے کہ جو سری اور جہر شدید کے درمیان ہو با الفاظ دیگر یہ وہ ذکر ہے جو کہ سر اور خفی کی حد سے تو نکل جائے لیکن جہر شدید یعنی چیخنے چلانے کی حد تک نہ پہنچے بلکہ اس سے کم ہو اس کو علماء اسلام جہر معتدل یا جہر متوسط اور قرآن مجید کی اصلاح میں دون الجہر سے تعبیر کیا جاتا ہے جہر کی یہ دونوں صورتیں یعنی دوسری اور تیسری شرائط کے ساتھ متفقہ طور پر جائز ہیں۔

...... جہر کی چوتھی قسم جہر مضر ہے۔ یہ جہر کی وہ قسم ہے جس میں خود ذاکر کو نقصان پہنچے یا دوسرے مسلمان کو نقصان ہو یا کسی مسلمان کے سونے اور آرام میں خلل آجائے جس طرح رات کو لاؤڈ اسپیکر پر شبینہ کا انعقاد کرنا جس سے لوگوں کی نیند خراب ہوتی ہے اسی طرح ہر وہ ذکر جہر جس سے مسلمانوں کو ایذاء پہنچے وہ جہر مضر ہے جس کو بعض علماء جہر مفرط سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔

## ذکر سری وجہری کے احکام

دین اسلام میں بعض حالات اور مواقع ایسے ہیں جس میں شریعت مطہرہ نے ذکر بالجہر کا حکم فرمایا ہے۔ مثلاً فجر کی دونوں رکعتوں میں اور مغرب وعشاء کی پہلی دو رکعتوں میں امام کیلئے جہراً قراءت کا حکم ہے اسی طرح تکبیرات تشریق جو کہ عیدالاضحیٰ کے دنوں میں فرض نمازوں کے بعد جہراً پڑھی جاتی ہیں ان صورتوں میں بجائے جہر کے سری قرأت کرنا یا تکبیرات تشریق آہستہ پڑھنا شریعت کے خلاف ہے اسی طرح جن مواقع اور حالات میں شریعت مطہرہ نے جہر کی بجائے سری ذکر کا حکم دیا ہے مثلاً ظہر وعصر کی نمازوں میں قراءت کرنا تو ایسی صورت میں جہری قراءت کرنا شریعت کے خلاف ہے۔

## عام حالات میں جہر معتدل متفقہ طور پر جائز ہے:

جن حالات ومواقع میں شریعت نے ذکر کی کسی قسم یعنی سری یا جہری کو متعین نہیں فرمایا بلکہ مطلقاً ذکر کا حکم دیا ہے اور ترغیب بھی دی ہے ایسے عام حالات ومواقع میں تلاوت قرآن کریم، دعا، تہلیل، تسبیح اور استغفار اور دیگر اذکار وغیرہ سراً ہوں یا جہراً اعتدال کے ساتھ انکی ادائیگی قرآن وحدیث اور نبی اکرم ﷺ کے اپنے اعمال مبارکہ، صحابہ کرامؓ اور اسلاف سے متفقہ طور پر ثابت ہے۔

## سرّ اور جہر کی حیثیت:

جہراورسر دونوں ذکر کی شکلیں اورصورتیں ہیں یہ بذات خود مقصود اورعبادت نہیں بلکہ یہ صرف عبادت اور ذکرالہی کے ادا کرنے کی صورتیں ہیں لہذا ثواب کا تعلق شکلوں ،صورتوں اور طریقوں سے نہیں بلکہ ثواب کا تعلق صرف ذکر وعبادت سے ہے چونکہ ذکرانہی صورتوں میں ادا کیا جاتا ہےاس لئے علمائے کرام جب ان شکلوں کی نسبت ذکر کی طرف کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ذکر جہری اور ذکرِ سری دونوں عبادت ہیں انکا مطلب اس سے یہی ہوتا ہے کہ ذکر جو کہ مقصود ہے وہ عبادت ہےخواہ جہر کی صورت میں ہو یا سر کی صورت میں ہواور جب ذکر کی طرف ان صورتوں کی نسبت نہیں کرتے تو وہ ان کے متعلق فرماتے ہیں کہ جہراورسر دونوں عبادت نہیں اس سے ان کی مراد یہ ہوتی ہے کہ جہراورسر بذات خود مقصود اورعبادت نہیں بلکہ عبادت اور کارثواب تو ذکر ہےاور جہر وسر ذکرالہی کی ادائیگی کی صورتیں ہیں۔

اس کی مثال یوں سمجھیں کہ روزہ ایک عبادت ہےاوراس کے رکھنے کا ثواب ہےلیکن روزہ کسی نہ کسی دن تو رکھنا ہوگا چاہے وہ دن اتوار کا ہو یا منگل کا یاان کے علاوہ کوئی اور دن ہولیکن ثواب اتوار یا منگل کے دن کی وجہ سے نہیں ملتا بلکہ مطلق روزہ رکھنے کی وجہ سے ملتا ہےلیکن اگر کوئی یہ کہے کہ منگل کے روز زیادہ ثواب ہےتو یہ ایک عقیدہ بن جائے گا جس کی وجہ سے وہ عمل بدعت بن جاتا ہے۔

اسی طرح اگر کوئی شخص ذکر جہری وسری کے اندر جہر یا سر کی کسی ایک صورت کوعبادت اور کارثواب سمجھےتو پھراس عقیدے کے ساتھ ذکر کا عمل بدعت بن جائے گا البتہ اگر کسی خاص موقع پر شریعت نے خود کسی صورت کی تعیّن کردی ہو یا ترغیب دی ہو یا فضیلت بیان کی ہوتو پھراس صورت معینہ میں ثواب زیادہ ہوگا جیسا کہ رمضان المبارک کے مہینہ میں روزوں کا ثواب ہےاسی طرح اگر کوئی شخص نبی کریم ﷺ کی اتباع میں پیراور جمعرات کا روزہ رکھےتو اس کا ثواب بوجہ اتباع عام دنوں کی نسبت زیادہ ہوگا۔اسی طرح اگر مطلق جہر وسر کے ساتھ کوئی باعث ثواب وفضیلت چیز لاحق ہوجائے تو پھرنفس جہر وسر پر بھی ثواب ملتا ہےمثلاً جہاں جہر کا حکم ہےیعنی اذان،تکبیرات تشریق وغیرہ میں تو وہاں نفس جہر پرثواب ملے گا اسی طرح جہاں سر کا حکم ہے وہاں نفس سر پرثواب ملے گا۔اسی طرح چند آدمی کسی سواری پر سوار ہونے لگیں تو کوئی ایک شخص جہراً سواری کی دعا پڑھےاوراس کی نیت یہ ہو کہ دوسرے بھی پڑھ لیں گےتواس جہر پر بھی ثواب ملے گااوراس ثواب کا باعث نیک نیت ہے

ذکر کی اقسام کا خلاصہ یہ نکلا کہ جہرمضر بالاتفاق ناجائز ہےخواہ مسجد میں ہو یا غیرمسجد میں اسی طرح جہر معتدل شرائط کا لحاظ کرتے ہوئے بالاتفاق جائز ہےاور جہرشدید بالاتفاق وہاں جائز ہے جہاں شریعت نے حکم دیا

ہو یا اس کی ضرورت ہو لیکن اگر عام حالات میں ہو اور بے ضرر ہو تو اس کے جواز میں علماء کا اختلاف ہے بعض علماء جائز کہتے ہیں خواہ مسجد میں ہو یا خارج مسجد میں اور بعض علماء اس کو مطلقاً ناجائز کہتے ہیں۔ خواہ مسجد میں ہو یا خارج مسجد میں اور بعض علماء مسجد میں ناجائز اور خارج مسجد میں جائز قرار دیتے ہیں اس کی تفصیل جہر شدید کی شرائط کے ذیل میں آ رہی ہے۔

## جہر معتدل کا جواز اور اس کی شرائط اور منکر کا حکم:

تلاوت وتسبیح تہلیل، دعا میں جہر معتدل کا جواز قرآن وسنت اور صحابہ کرامؓ کے عمل سے متفقہ طور پر ثابت ہے لہذا اس کا انکار کرنا قرآن مجید وسنت الرسول ﷺ اور صحابہ کرامؓ کے عمل کا انکار کرنا ہے البتہ جہر معتدل کیلئے کچھ شرائط ہیں جو ہمیشہ پیش نظر رہنی چاہیے۔

...... ذکر کو صرف جہر ہی میں منحصر نہ کیا جائے مثلاً جو شخص ذکر جہر نہیں کرتا تو اس کے متعلق یہ خیال کرنا کہ وہ ذاکرین میں سے نہیں۔

...... جہر معتدل کسی کیلئے ایذا وتکلیف کا باعث نہ بنے مثلاً سونے کی جگہ یا سونے کے وقت میں ذکر کرنا تو ایسے وقت قرآن مجید کی تلاوت تہلیل وتسبیح وغیرہ معتدل جہر کی ساتھ بھی جائز نہیں کیونکہ اس سے لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے۔

...... جہر معتدل ایسے وقت میں نہ ہو کہ جس وقت لوگ عموماً نوافل میں مشغول ہوں تا کہ کسی شخص کی سنت یا نفل نماز میں خلل واقع نہ ہو۔ یاد رہے کہ اس وقت میں بعض علماء کے نزدیک بیان تعلیم وتدریس بھی درست نہیں اور اس کا بیان انشاء اللہ آگے آ رہا ہے۔

...... جہر معتدل سے مسلمانوں کو اجتماعی ایذا وتکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو مثلاً دشمن سے لڑنے اور جنگ کی صورت میں جہاں خطرہ ہو کہ کفار ومشرکین آواز سن کر مسلمانوں کے ٹھکانوں وغیرہ کو معلوم کریں گے۔

...... ذکر جہری ہو یا سری اس کے ساتھ کسی اور خرابی کو شامل نہ کیا جائے مثلاً رباب اور باجے وغیرہ جیسے آلات موسیقی کے ساتھ نہ ہو یاد رہے کہ ذکر سری یعنی وہ ذکر جو زبان سے چپکے چپکے ہو یا سانس کے ساتھ ہو اگر اس کے ساتھ بھی رباب اور باجے وغیرہ کو شامل کیا جائے گا تو یہ بھی ناجائز ہے غرض یہ کہ ذکر کے ساتھ خواہ سری ہو یا جہری کسی ایسی چیز یا کام کو شامل نہ کیا جائے جو شریعت مطہرہ میں ممنوع یا ناجائز ہو۔

...... جہر معتدل سے ریا کا اندیشہ ہو اس کا تعلق خود انسان کے اپنے نفس کے ساتھ ہے یعنی اگر لوگ ذکر جہر کرنے والوں کو بزرگ یا بڑا ذاکر شاغل سمجھتے ہوں اور اس کا غالب گمان بھی ہو کہ ذکر جہر کی وجہ سے لوگ میری مدح اور تعریف کریں گے اور میں ریا کاری میں مبتلا ہو جاؤں گا تو ایسی صورت میں اچھا یہی ہے کہ ذکر جہری کو اختیار نہ کیا جائے البتہ اگر صرف ریاء کا وسوسہ ہو تو یہ یاد رہے کہ ریا کاری کا وسوسہ ریا کاری نہیں جیسا کہ اس کا بیان "باب ریاء" میں موجود ہے[1]۔

نیز اگر کہیں ذکر جہر کرنے والوں پر فقرے کسے جاتے ہوں مثلاً انہیں ریاء کار کہا جاتا ہو تو ایسی صورت میں ذکر جہر کو اس لئے اختیار نہ کرنا کہ لوگ مجھے ریاء کار کہیں گے تو یہ خود ریا کاری ہے کیونکہ اس سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ لوگ ریا کار نہیں بلکہ مخلص سمجھیں اس کا بیان بھی باب الریاء میں موجود ہے۔

...... جس موقع پر نبی کریم ﷺ سے ذکر ثابت ہو لیکن ذکر جہر ثابت نہ ہو اس موقع پر سنت سمجھ کر ذکر جہر کرنا یا جہر کو سنت تو نہ سمجھا جائے مگر خطرہ یہ ہو کہ لوگ اس موقعہ پر جہر کو سنت قرار دیں گے۔ مثلاً عید الفطر کے موقعہ پر جہراً تکبیریں پڑھنا تو ایسی صورت میں علماءِ احناف ذکر جہر کو صحیح نہیں سمجھتے کیونکہ اس وقت لوگ جو ذکر جہر کریں گے تو وہ جہر کو سنت سمجھ کر کریں گے اور حضرت امام شافعیؒ اور دوسرے ائمہ عید الفطر کے دن عید گاہ کو جاتے وقت اور عید الفطر کے دنوں میں جہراً تکبیروں کو سنت قرار دیتے ہیں اور حضرت امام ابوحنیفہؒ کے دونوں شاگرد حضرت امام ابو یوسفؒ اور حضرت امام محمدؒ دونوں بھی اسی کے قائل ہیں کہ عید الفطر کے ایام میں جہراً تکبیریں ہونی چاہیں بلکہ امام ابوحنیفہؒ سے بھی ایک روایت جہراً تکبیروں کی منقول ہے لیکن مشہور قول کے مطابق اس موقع پر حضرت امام ابوحنیفہؒ جہراً تکبیروں کو بدعت یا ناپسندیدہ کہتے ہیں کیونکہ یہ جہر کا وقت تھا پھر بھی نبی کریم ﷺ نے جہر نہیں کیا۔ اس لئے یہ بدعت یا ناپسندیدہ ہے اور اس وقت جہر کے بجائے اخفاء افضل ہے۔ (حاشیہ طحطاوی، ص ۲۹۰)۔

---

[1] باب ریاء حضرت جواہر الاسلام کا ایک باب ہے اور خود یہ کتاب ذکر اللہ کے فضائل ومسائل بھی اس کا ایک باب ہے لیکن اہمیت و ضرورت کے پیشِ نظر اس کو علیحدہ شائع کیا گیا ہے۔

# الدر المختار اور ملا علی قاریؒ کی عبارتوں کا مطلب:

شرط مذکورہ کی توضیح حضرت علامہ حصکفیؒ کی عبارت سے اس طرح ہوتی ہے کہ وہ عید الفطر میں جہراً تکبیریں کہنے کے متعلق فرماتے ہیں کہ؛

" وقالا الجهر به سنّةٌ كالا ضحى وهى رواية عنه ووجهها ظاهر لقوله تعالى "وَلِتُكَمِّلُوا العدة ولتكبروا الله على ماهدا كم " ووجه الاول ان رفع الصوت بذكر بدعة فيقتصر على موردالشرع "یعنی حضرت امام یوسفؒ اور حضرت امام محمدؒ دونوں کہتے ہیں کہ عید الاضحیٰ کی طرح عید الفطر میں بھی بلند آواز سے تکبیریں کہنا سنت ہے اور حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ سے بھی ایک روایت ہے (کہ عید الفطر میں بھی جہراً تکبیریں سنت ہیں) اور اس کی وجہ (اور دلیل) اللہ تعالی کا یہ ظاہر فرمان ہے "ولتكملوا العدة ......الاية "اور تاکہ تم گنتی پوری کرلو اور تاکہ تم اللہ تعالی کی بڑائی بیان کرو جیسا کہ اس نے تمہیں ہدایت دی ہے اور (حضرت امام صاحبؒ) پہلے قول (یعنی عید الفطر کے روز جہراً تکبیریں نہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ بلند آواز سے ذکر بدعت ہے لہذا یہ جہر وہیں تک محدود رہے گا جہاں شریعت کا حکم ہے (الدر المختار علی ھامش ردالمختار، ج ۱ ص ۵۵۸)۔

اسی طرح کی وضاحت ملا علی قاریؒ نے بھی کی ہے کہ تکبیرات عید الفطر کے بیان میں (رفع الصوت بالذكر بدعة) کہا ہے اور اس کے لئے " وَاذْكُرْ رَّبَّكَ " کی آیت بھی پیش کی ہے ان دونوں حضرات کی عبارات میں اگر ذکر سے مطلق ذکر جہر مراد لیں تو ان کی اپنی محولہ عبارات میں تناقض پیدا ہو جائے گا کیونکہ دوسری جگہوں پر ان حضرات نے تصریح کی ہے کہ جہاں مطلقاً ذکر کا حکم ہو وہاں جہر یعنی رفع الصوت افضل ہے لہذا "رفع الصوت بالذکر بدعۃ "سے مطلقاً رفع الصوت مراد نہیں بلکہ وہ رفع الصوت مراد ہے جہاں اسے مسنون سمجھ کر کیا جائے یا مسنون سمجھنے کا خدشہ ہو چنانچہ علامہ حصکفیؒ اپنی اسی کتاب الدر المختار کے باب الحظر والاباحۃ میں فرماتے ہیں کہ؛

هل يكره رفع الصوت بالذكر والدعاء قيل نعم و تمامه قبيل جنايات البزازية : کیا بلند آواز کے ساتھ ذکر اور دعا مکروہ ہے؟ کہا گیا ہے۔ہاں، اور اس کا پورا بیان فتاوی بزازیہ میں کتاب الجنایات کی شروع ہونے سے تھوڑا پہلے موجود ہے (الدر المختار علی ھامش ردالمختار۔ج ۵ ص ۲۵۵)۔

یہاں بلند آواز کے ساتھ ذکر ودعا کے متعلق علامہ حصکفیؒ کی رائے واضح ہے وہ کراہت کے قول کیلئے "قیل" کے صیغہ تمریض کو استعمال کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اس کا پورا بیان بزازیہ میں جنایات سے تھوڑا پہلے موجود ہے اور اس کی کراہت پر علامہ حصکفیؒ مطمئن نہیں اس لئے وہاں رجوع کرنے کا اشارہ دے دیا اور خود صاحب فتاوی بزازیہ ذکرِ جہرِ شدید کو بھی بلا کراہت جائز بتلاتے ہیں جیسا کہ اس کا حوالہ انشاء اللہ تعالی آگے آئے گا جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ رفع الصوت بالذکر بدعۃ میں رفع صوت مطلقاً مراد نہیں بلکہ وہ رفع صوت مراد ہے جسے مسنون سمجھا جائے یا مسنون سمجھنے کا خطرہ ہو۔

اسی طرح ملاعلی قاریؒ نے بھی تکبیرات عیدالفطر میں جو فرمایا کہ رفع الصوت بدعت ہے وہ بھی مطلقاً مراد نہیں بلکہ اس میں بھی یہی تاویل مذکور کی جائے گی ورنہ ملاعلی قاریؒ کی عبارات میں بھی تعارض پیدا ہو جائے گا کیونکہ ایک حدیث کے تحت وہ جہر شدید کو مسجد کے ساتھ مقید کر کے مسجد میں ذکر جہر یعنی بلند آواز کے ساتھ ذکر بالجہر کو مکروہ قرار دیتے ہیں اور پھر وہ متصل ایک دوسری حدیث جس کا مفہوم یہ ذکر کرتے ہیں کہ " حضرت عمر فاروقؓ نے مسجد کے ایک گوشہ میں ایک چبوترہ بنوایا تھا جس کا نام بطیحاء تھا اور لوگوں سے کہہ دیا تھا کہ جو شخص (دنیوی) باتیں کرنا چاہے یا (عام قسم کے) اشعار پڑھنا چاہے یا "یرفع صوته" (کسی وجہ سے) آواز بلند کرنا چاہے تو اسے چاہیے کہ وہ مسجد سے نکل کر اس چبوترے میں آجائے (موطا امام مالک مشکوٰۃ)۔

اس حدیث میں یرفع صوتہ کی شرح میں ملاعلیؒ القاری لکھتے ہیں کہ " ولو بالذکر" (اگرچہ ذکر کے ساتھ ہو) مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی زیادہ زور اور بلند آواز سے ذکر کرنا چاہے تو اس کو بھی چاہیے کہ وہ مسجد سے باہر کرے اس کے بعد ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں کہ اگرچہ "یرفع صوته" میں ذکر کوئی تصریح موجود نہیں کہ بلند آواز سے ذکر کرنا ہو تو وہ بھی چبوترے میں کیا جائے لیکن اس کے عموم میں ذکر بھی شامل ہوسکتا ہے اس سے یہ معلوم ہوا کہ ملاعلی قاریؒ خود بھی ذکر جہر کو مکروہ نہیں جانتے بلکہ یہ ان لوگوں کی جماعت میں شامل ہیں جو جہر شدید کو صرف مسجد میں مکروہ سمجھتے ہیں اس لئے انہوں نے "ولو بالذ کر" کی قید لگائی ہے جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ حضرت ملاعلی قاریؒ ذکر جہر اور بلند آواز کے ساتھ ذکر کو مسجد سے باہر جائز قرار دیتے ہیں ورنہ اگر ایک کام بذات خود بدعت ہو تو مسجد کے باہر اس کی اجازت دے دینا کیسے درست ہوسکتا ہے بلکہ یہی حضرت ملاعلی قاریؒ ایک حدیث کی شرح میں علامہ مظہرؒ کے حوالے سے ذکر جہر کا جواز اور اس کے فوائد واستحباب کو نقل کرتے ہیں اور اس میں ذکر جہری کی کوئی تردید نہیں کرتے چنانچہ وہ نقل فرماتے ہیں کہ؛

" قال المظهر هذا يدل على جواز الذكر برفع الصوت بل على

الاستحباب اذا اجتنب الریاء اظهاراً للدین تعلیماًللسامعین وایقاظاً لهم من رقدة الغفلة وایصالاً لبرکةالذکر الی مقدار مایبلغ الصوت الیه من الحیوان والشجر والحجر والمدرو طلباً لاقتداء الخیر ویشهد له کل رطب ویابس سمع صوته وبعض المشائخ یختار اخفاء الذکر لانه ابعد من الریاء وهذامتعلق بالنیة " مظہر نے فرمایا ہے کہ یہ حدیث بلند آواز سے ذکر کرنے کے جواز بلکہ استحباب پر دلالت کرتی ہے جبکہ ریاء (دکھلاوے) سے اجتناب ہو(آگے فوائد بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں) تاکہ دین کا اظہار ہواور سننے والوں کو تعلیم ہواوران کو غفلت کی نیند سے بیدار کیا جائے جہاں تک ذکر کی آواز پہنچے وہاں تک حیوانوں، درختوں اور پتھروں ڈھیلوں کو ذکر کی برکت پہنچ جائے اور دوسروں کو بھی اس کار خیر (یعنی اللہ تعالی کے ذکر) کی ترغیب ہوگی جس کی وجہ سے وہ بھی اس کی اقتداء کریں گے (اور ذکر الٰہی میں مشغول ہوجائیں گے) وہ اس کے لئے (روز آخرت میں) گواہی دیں گے اور بعض مشائخ نے ذکر خفی[1] کو پسند کیا ہے کیونکہ ذکر خفی ریاء سے زیادہ بعید ہے اوراصل میں اس بات کا تعلق نیت کے ساتھ ہے(مرقاہ، ج۳،ص۱۷۲تا۱۷۳)۔

علامہ مظہرؒ کی عبارت صراحت کے ساتھ بتلا رہی ہے کہ اختلاف جہر شدید میں ہے نہ کہ جہر معتدل میں اور علامہ مظہرؒ اور حضرت ملاعلی قاریؒ وغیرہ خود جہرِ شدید کے بھی قائل ہیں کیونکہ وہ خود بلند اواز کے ساتھ جہر کی ترغیب دے رہے ہیں تاکہ گواہ زیادہ ہوجائیں اور ذکر کی برکت ہر چیز کو حاصل ہوجائے نیز غفلت والی نیند سے دلوں کو جگایا جائے اور یہ مذکورہ فوائد جہر شدید کے ساتھ حاصل ہوتے ہیں۔

اسی طرح ائمہ متبوعینؒ کا اختلاف عیدین کی زائد تکبیروں میں بھی ہے حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کے نزدیک زائد تکبیریں چھ ہیں دوسرے ائمہ حضرات چھ سے زائد مانتے ہیں اور وہ ان زائد تکبیروں کو مسنون یا واجب قرار دیتے ہیں اس مسئلہ کے متعلق علامہ قاضی خانؒ فرماتے ہیں کہ عید نماز میں چھ سے زائد تکبیریں نہیں ہونی چاہیں کیونکہ؛

" وهوقول اکثر الصحابة رضی اللّٰه عنهم وبه اخذ اصحابنا رحمهم اللّٰه تعالیٰ لان الجهر بالتکبیر بدعة فلایوخذ الا بما اتفق علیه الصحابة رضی

[1] ذکر خفی کیا ہے؟ سری ذکر افضل ہے یا خفی اس کا مستقل بیان انشاءاللہ آگے آرہاہے۔

www.noorehidayat.org

اللہ عنہم " اوریہی قول اکثرصحابہؓ کا ہےاوراسی قول کوہمارےفقہاءؒنے لیاہے(کہ چھ تکبیریں ہونی چاہئیں ) کیونکہ بلندآواز سےتکبیرکہنابدعت ہےتواسی چیزکولیاجائے گاجس پراکثرصحابہ کرامؓ کااتفاق ہو(فتاوی قاضی خان علی ھامش الہندیہ ج اص۱۸۴)۔

## علّامہ قاضی خان کی عبارت کا مطلب:

اس مقام پربھی علامہ قاضی خانؒ کی عبارت کا یہ مطلب لیا جائے گا کہ چونکہ بلندآواز سےتکبیریں جہاں مسنون ہوں وہاں معینہ مقدار سے زائدتکبیریں مسنون سمجھ کرکہنا بدعت ہے لہذا جس پرصحابہ کرامؓ کی اکثریت کا اتفاق ہوتوصرف اسی کومسنون اورواجب سمجھ کرکیا جائے اگرعبارت کا یہ مطلب نہ لیا جائے اورمطلق جہرکو بدعت کہا جائے تو پھرعلامہ قاضی خانؒ کی عبارتوں میں تعارض پیدا ہوجائے گا اوران کےاقوال وفتاوی سے اعتمادختم ہوجائے گا کیونکہ علامہ قاضی خانؒ اپنےاسی فتاوی میں فرماتے ہیں کہ؛

"ولا باس بالتسبیح والتھلیل وان رفع صوته بذالک" یعنی تہلیل(لاالٰہ الاالله)اورتسبیح (سبحان الله ) پڑھنے میں کوئی حرج نہیں اگرچہ بلندآواز کےساتھ ہو (فتاوی قاضی خان علی ھامش الہندیہ ج اص۱۶۲طبع کوئٹہ)۔

لہذا شرط مذکورکا خلاصہ یہ نکلا کہ جہرمعتدل ایسی جگہ امام ابوحنیفہؒ کےنزدیک جائزنہیں جہاں ذکرتو آپ ﷺ سے ثابت ہولیکن جہراً ثابت نہ ہواوروہاں اگرجہرکومسنون سمجھ کرکیا جائے یا مسنون سمجھے جانے کا خطرہ ہوتو پھراس خطرے کےپیش نظر جہرجائزنہیں ہوگا۔

مذکورہ بالاشرائط کوپیش نظررکھتے ہوئے فقہاء کی عبارتوں میں غورکیا جائےاورقرآن وحدیث کی طرف مخلصانہ رجوع کیا جائے تو یہی وہ امور ہیں جن کالحاظ رکھنا ذکرمیں ضروری ہےاورکوئی بھی سنجیدہ عالم یافقیہ ایسانہیں جس نے جہرمعتدل کاانکارمذکورہ شرائط کوملحوظ رکھتے ہوئے کیا ہوآخروہ انکارکیسے کرسکتا ہےجبکہ قرآن وحدیث اور نبی کریم ﷺ کےعمل مبارک اوراسلاف سےان شرائط کےساتھ جہرمعتدل ثابت ہےاورجس کسی نے انکارکیا اس کےپیش نظریہی شرائط ہوتے ہیں جیسا کہ فقہاء کی عبارتوں سے واضح ہواہے کہ ان کا اختلاف مطلقاً ذکرجہرمیں نہیں بلکہ ان کا اختلاف ایسےمواقع میں ہے جہاں کوئی اس ذکرکی شرائط کا خیال نہ رکھتا ہومثلاً اسےسنت قراردیتا ہوتو وہاں علماءاس سنت اورمستحب ہونے کی تردید کرتے ہیں اسی طرح ذکرجہرکوکوئی کسی موقعہ کےساتھ خاص کرتا ہوجس موقعہ کی خصوصیت شریعت مطہرہ میں ثابت نہ ہومثلاً ذی الحجہ کے پہلے دس دنوں کوتکبیرات کے ساتھ خاص کرنا اس خصوصیت کوبعض علماءبدعت کہتے ہیں۔

www.noorehidayat.org

## جہرِ شدید کب جائز ہے:

شریعت مطہرہ نے بعض حالات اور بعض ضرورتوں کے تحت ذکر جہر یعنی شدید جہر کی بھی اجازت دی ہے بلکہ بعض موقعوں پر اس کی ترغیب بھی دی ہے جن مواقع میں جہر شدید بہتر یا جائز ہے وہ یہ ہیں۔

(۱) اذان دیتے وقت بہتر یہ ہے کہ پورے زور اور قوت سے اذان دی جائے جیسا کہ یہ بات اذان کے بیان میں آ چکی ہے کہ جہاں تک موذن کی آواز پہنچتی ہے وہاں سے شیطان بھاگتا ہے نیز موذن کی اذان توحید اور ذکر ودعوت پر مشتمل ہے۔لہذا اس پر پتھر اور درخت وغیرہ گواہ بن جاتے ہیں اور چونکہ اذان سے مقصد لوگوں کو نماز کی طرف بلانا ہے لہذا جتنی اونچی آواز میں اذان ہوا تنا ہی بہتر ہے۔

(۲) حج اور عمرہ کے وقت تلبیہ یعنی " لبیک اللّٰھم لبیک...... " حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں اس میں بھی بہتر یہ ہے کہ پوری قوت اور خوب اونچی آواز سے تلبیہ کہا جائے۔

(۳) تکبیرات تشریق یعنی عید الاضحیٰ کی نماز کو جاتے وقت راستوں میں پوری قوت اور خوب اونچی آواز کے ساتھ "اللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر لاالٰہ الااللّٰہ واللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر وللّٰہ الحمد " کہنے کی اجازت ہے اور جہر معتدل سنت ہے نیز اس موقع پر فرض نمازوں کے بعد جہر سے تکبیریں کہنا سنت موکدہ بلکہ واجب ہیں۔

(۴) درس وتدریس، وعظ و بیان، خطبہ وقرات میں جہر شدید جائز ہے بلکہ مجمع بڑا ہو تو اچھا اور بہتر یہ ہے کہ پوری قوت سے آواز نکالی جائے تا کہ سننے والے وعظ ونصیحت اور قراءت کو سن سکیں۔

(۵) کفار اور دشمنان اسلام کے ساتھ عین لڑتے وقت تکبیر وغیرہ جیسے ذکر واذکار پکار کر کہنا بھی جائز ہے تا کہ مسلمانوں کا شوق بڑھے اور کفار پر رعب طاری ہو۔

(۶) چونکہ ضرورت کے تحت ذکر جہر شدید بھی جائز ہے اس لئے اگر کوئی مسلمان ایسا ہے کہ جو وساوس کا شکار ہو اور نماز میں اور ذکر میں دھیان نہیں رہتا جیسا کہ آجکل مسلمانوں کی عام حالت یہی ہے تو ایسی صورت میں بھی جہر شدید حسب ضرورت جائز ہے۔تا کہ یکسوئی حاصل ہو جائے اور نماز، ذکر میں خشوع اور اللہ تعالیٰ کی حقیقی یاد حاصل ہو جائے۔

(۷) عام حالات میں بھی جہاں سر اور جہر کا تعین نہ ہو اور ذکر جہر سے کسی خرابی اور نقصان کا اندیشہ

بھی نہ ہواس وقت بھی بعض علماء کے نزدیک یہ جہر جائز ہے لیکن اس صورت میں چونکہ خود اپنے آپ کوفضول اور بلاوجہ مشقت اورسختی میں ڈالنا ہے اس لئے بلاضرورت اور بلاکسی خاص کیفیت اور حالات خاصہ کے قصداً چیخنا اور چلا کر کر ذکر وتلاوت کرنا درست نہیں خصوصاً دعامیں اگرزیادہ زور سے آواز نکالی جائے تواس میں تذلل اورانکساری کی شان باقی نہیں رہتی اوراذکار میں دعا ہی ایسی عبادت ہے جس میں تذلل اور عاجزی کا زیادہ اظہار ہوتا ہےاس لئے اس میں مذکورہ بالاامور کی زیادہ رعایت رکھنے کاحکم دیا ہے۔

## جہرِ شدید یعنی بلندآواز کے ساتھ ذکر بعض اوقات میں بالاتفاق ناجائز ہے:

جہر شدید کے حکم کا خلاصہ یہ نکلا کہ مذکورہ بالاصورتوں میں ذکر جہر شدید میں کسی کا اختلاف نہیں وہ بالاتفاق جائز ہے لیکن بلاضرورت جہر شدید بعض کے نزدیک خارج مسجد وداخل مسجد دونوں میں جائز ہےاور بعض حضرات کے ہاں داخل مسجد میں ناجائز ہے کیونکہ اس میں مسجد کی بے حرمتی ہوتی ہےاور خارج مسجد میں جائز ہے بعض علماء سے جہر شدید کی ممانعت کی جوعبارات منقول ہیں اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ وہاں شرائط مذکورہ کے بغیر ذکر جہر بدعت یا ناپسندیدہ ہوجا تا ہے مثلاً علامہ آلوسیؒ ایک طرف ذکر جہر شدید کے ثبوت بلکہ اس کی فضیلت کونقل کر کے اس کی تائید بھی کرتے ہیں اورجیسا کہ اس کی پوری تفصیل انشاءاللہ آگے آجائے گی۔(دیکھئے روح المعانی، ج۱۶،ص۶۲ ج۸ص۱۴۰) لیکن دوسری طرف یہی علامہ آلوسیؒ فرماتے ہیں؛

"وترى كثيراً من اهل زمانک يعتمدون الصراخ فى الدعاء خصوصاً فى الجوامع حتى يعظم اللغط ويشتدوتستک المسامع وتستدولايدرون انهم جمعوا بين بدعتين رفع الصوت فى الدعا وكون ذلک فى المسجد"

تم اپنے اھل زمانہ میں سے بہت سےلوگوں کودیکھو گے جنھوں نے دعامیں چلانے کواپنی عادت بنارکھا ہے خصوصاً جامع مسجدوں میں حتی کہ ان میں اس قدرشوروشغب ہوتا ہے کہ کان بہرے اور بند ہوجاتے ہیں اوروہ اس بات کونہیں جانتے کہ انہوں نے دو بدعتیں جمع کی ہیں ایک بلندآواز کے ساتھ دعااوردوسرے مسجد میں آواز بلند کرنا۔(روح المعانی، ج ۸، ص۱۳۹)۔

حضرت علامہ آلوسیؒ کے دور میں دعاؤں میں سے اس قدر مبالغہ کیا جاتا تھا اور اس قدر زور سے دعائیں مانگی جاتی تھیں جس سے کان بہرے اور بند ہو جاتے تھے تو ان دو مختلف عبارتوں میں سوچنے والوں کیلئے کافی رہنمائی ملتی ہے کہ حضرت علامہ آلوسیؒ کے نزدیک ایک طرف بلاضرورت شدید جہر کے ساتھ ذکر کرنا بدعت ہے نیز اس قدر شدید جہر جس سے کان بند ہو جاتے ہوں وہ ایسے جہر کو مسجد کے اندر بدعت قرار دیتے ہیں لہذا اس میں جو رفع الصوت یعنی بلند آواز ہے اس سے وہ آواز مراد ہے جو حد اعتدال سے بڑھ گئی ہو اور جہر مضر میں داخل ہو گئی ہو بعد میں آنے والے حوالوں سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ حد اعتدال میں رہتے ہوئے ذکر جہر کرنے کے وہ خود نہ صرف قائل ہیں بلکہ اس کو بہتر اور افضل مانتے ہیں۔

## مساجد میں بلند آواز کے ساتھ ذکر اور فقہائے کرام:

علامہ علاء الدین محمد بن حصکفی حنفیؒ اپنی کتاب الدر المختار میں احکام مسجد کے بیان میں فرماتے ہیں کہ؛

"ویحرم فیه السوال ویکره الاعطاء مطلقاً وقیل ان تخطی وانشاد ضالة او شعر الّافیه ذکرو رفع صوت بذکر "مسجد میں سوال حرام ہے اور (سائل کو) دے دینا مطلقاً مکروہ ہے اور کہا گیا ہے کہ (لوگوں کی) گردنیں پھلانگ کر تب سائل کو دینا مکروہ ہے[1] (ورنہ نہیں) نیز مسجد میں گم شدہ چیز اور سوائے ایسے اشعار جن میں ذکر و نصیحت ہو (دوسرے فضول) اشعار اور ذکر پر آواز بلند کرنا بھی مکروہ ہے (الدر المختار علی ھامش رد المختار ج ا ص ۴۴۳ تا ۴۴۴)۔

## مساجد میں آواز بلند کرنے کے عدم جواز کی بنیاد:

مساجد میں ذکر پر آواز بلند کرنے کی حرمت یا کراہت کی بنیاد مندرجہ ذیل حدیثوں پر ہے۔

...... حضرت سائب بن یزید ؓ فرماتے ہیں کہ میں ایک دن مسجد میں سو رہا تھا کہ کسی شخص نے کنکری ماری میں نے دیکھا تو وہ حضرت عمرؓ ہیں تو انہوں نے مجھے فرمایا کہ تم جاؤ اور ان دو آدمیوں کو میرے پاس لاؤ (جو مسجد میں بلند آواز کے ساتھ باتیں کرتے ہیں) میں نے انکو بلایا حضرت عمرؓ نے پوچھا تم کون لوگ ہو؟ یا یوں فرمایا کہ تم کہاں سے آئے ہو یا یوں فرمایا

---

[1] کیونکہ اس صورت میں نمازیوں اور لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے اور انتشار پیدا ہوتا ہے اور یہی صحیح ہے کیونکہ احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ فقیر کو مسجد میں صدقہ دیا گیا ہے۔ واللہ علم۔

کہ تم کہاں کے رہنے والے ہو انہوں نے جواب میں عرض کیا کہ ہم طائف کے رہنے والے ہیں تو حضرت عمرؓ نے فرمایا؛" **لو کنتما من اهل المدینة لا وجعتکما ترفعان اصواتکم فی مسجد رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم**" اگر تم مدینہ (منورہ) کے رہنے والے ہوتے تو میں تم کو سزا دیتا یعنی پٹائی کرتا (لیکن چونکہ تم مسافر ہو اس لئے تمہیں معاف کرتا ہوں افسوس کی بات ہے کہ) تم لوگ رسول ﷺ کی مسجد میں آوازیں بلند کرتے ہو (یعنی زور زور سے باتیں کررہے ہو) (مشکوۃ بخاری)۔

...... نبی کریم ﷺ نے قیامت آنے سے پہلے چند نشانیاں اور علامات بیان کی ہیں ان میں سے ایک پیشگوئی یہ بھی فرمائی ہے کہ؛" **وظهرت الاصوات فی المساجد**" اور مسجدوں میں آوازیں بلند ہوجائیں گی (مشکوۃ، ترمذی)۔

اس حدیث کی شرح میں حضرت ملا علی القاریؒ فرماتے ہیں کہ؛

"**وقد نص بعض علمائنا بان رفع الصوت فی المسجد ولو بالذکر حرام**" اور ہمارے بعض علماء (یعنی بعض علمائے احناف) نے صراحت سے فرمایا ہے کہ مسجدوں میں آوازیں بلند کرنا حرام ہے اگرچہ ذکر کے ساتھ ہی کیوں نہ ہو (دیکھئے المرقاۃ، ج ۱۰، ص ۱۷۱)۔

جن علماء نے مسجد میں زور زور سے باتیں کرنے کو حرام کیا ہے حتی کہ اگر ذکر (یعنی قرآن مجید کی تلاوت، تسبیح وتہلیل وغیرہ) بھی زور زور اور بلند آواز سے کیا جائے تو اس کو بھی حرام بتلایا ہے اگر ان علماء کا مطلب یہی ہو کہ اس کی وجہ سے نمازیوں کی نمازوں میں اور اوراد میں خلل اور تشویش واقع ہوجاتی ہے پھر تو یہ بات بالکل صحیح ہے کہ کسی کو ایذاء دینا اور نمازیوں کی نماز میں خلل ڈالنا حرام ہے لیکن اگر حرمت والے حکم کو مطلقاً مانا جائے تو پھر یہ بات ذکر کے علاوہ باتوں کے متعلق بھی قابل نظر ہے کیونکہ حدیثوں میں یہ ثابت ہے کہ اگر کوئی نماز تلاوت اور ذکر کیلئے مسجد میں آجاتا ہے پھر وہ وہاں کسی سے مباح دنیوی بات بھی کرتا ہے تو اس کی اجازت ہے بلکہ بعض دفعہ نبی کریم ﷺ نے مسجد میں بلند آواز سے باتیں کرنے والوں کی آواز کو سنا تو ان پر غصہ کا اظہار نہیں فرمایا۔ اس کے متعلق بطور نمونہ صرف دو حدیثوں کو نقل کئے دیتا ہوں۔

حضرت جابر بن سمرہؓ کا بیان ہے کہ رسول ﷺ کا معمول تھا کہ آپ ﷺ جس مصلے پر فجر کی نماز پڑھتے وہاں سے اس وقت تک نہیں اٹھتے جب تک سورج (اچھی طرح) نہ نکل

آ تا جب سورج نکل آ تا تو آپ ﷺ (نماز اشراق کیلئے یا گھر میں تشریف لے جانے کیلئے) کھڑے ہو جاتے اور (اس بیٹھنے کے دوران) صحابہ کرامؓ (بطریق استہزاء اور مذمت) زمانہ جاہلیت کی باتیں کرتے رہتے اور (ان پر) ہنسا کرتے تھے اور آپ ﷺ بھی تبسم فرماتے (صحیح مسلم) اور ترمذی کی روایت یوں ہے کہ (اس دوران) صحابہؓ اشعار پڑھتے اور سنتے (مشکوۃ کتاب الادب)۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب نماز اور تلاوت میں کوئی مشغول نہ ہو تو اس وقت اگر کوئی مباح بات کرے بشرطیکہ وہ صرف باتوں کیلئے مسجد میں نہ آیا ہو یا ایسے اشعار پڑھے جائیں جن میں توحید یا نبی کریم ﷺ کی مدح کی جاتی ہو تو یہ جائز ہیں اور اشعار پڑھتے وقت آواز تو بلند ہوتی ہے۔

ایک حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ:

حضرت کعب بن مالکؓ نے نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں مسجد نبوی میں ابن ابی حدردؓ سے اپنا قرض مانگا "**فارتفعت اصواتھما**" یعنی دونوں کی آوازیں بلند ہوئیں یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ نے اس حال میں ان کی آوازیں سنیں جب کہ آپ ﷺ اپنے حجرہ میں تھے چنانچہ آپ ﷺ نے اپنے حجرے کا پردہ ہٹایا اور کعب ابن مالکؓ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا اے کعب! کعبؓ نے عرض کیا "**لبیک یا رسول اللہ**" تو آپ ﷺ نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ اپنے قرض کا نصف حصہ معاف کر دو کعبؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں نے معاف کر دیا اسکے بعد آپ ﷺ نے ابن حدردؓ سے فرمایا کہ اب اٹھ جاؤ اور باقی قرض ادا کرو (صحیح بخاری دیکھئے مشکوۃ کتاب البیوع)۔

یہاں دونوں حضرات کی آوازیں مسجد میں دنیا کے معاملہ میں اس قدر بلند ہوگئیں حتی کہ نبی کریم ﷺ اپنے حجرہ کے اندر انکی لڑائی کی پوری تفصیل کو سمجھ گئے اس لئے تو کعبؓ سے فرمایا کہ آدھا قرض معاف کر دو لیکن اس کے باوجود نبی کریم ﷺ نے انہیں آواز بلند کرنے پر نہیں ڈانٹا اس کا مطلب یہ نہیں کہ مسجد میں لڑنا یا اونچی آواز سے باتیں کرنا مطلقاً جائز ہے بلکہ صرف مطلب یہ ہے کہ مطلقاً باتوں یا بلند آواز سے باتوں کو حرام کہہ دینا صحیح نہیں کیونکہ حرام ایک ایسا حکم شرعی ہے جس کیلئے اللہ تعالی یا اس کے رسول ﷺ کا ایسا حکم ہونا ضروری ہے جو صراحت کے ساتھ حرام ہونے پر دلالت کرے نیز وہ حکم ایسا ہو جو یقینی طور پر ثابت بھی ہو البتہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ آواز بلند کرنا خلاف ادب اور مکروہ ہے۔ بہرحال یہ بات تو دنیوی باتوں کے متعلق تھی رہا ذکر کا معاملہ تو اس پر حرام کا حکم لگانے

میں تو بہت ہی احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ مساجد بنی ہی اس لئے ہیں کہ ان میں نماز اور تلاوت وذکر جیسے امور خیر ہوں جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد مبارک ہے کہ " فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰہُ اَنْ تُرْفَعَ وَیُذْکَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ "ایسے گھروں میں جنکی نسبت اللہ تعالی نے حکم دیا ہے کہ ان کا ادب کیا جائے اوران میں اللہ تعالی کا نام لیا جائے (النور آیت ۳۶)۔ نیز اللہ تعالی کا ارشاد ہے؛

" وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰہِ اَنْ یُذْکَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰی فِیْ خَرَابِهَا......الایة "اوراس سے بڑھ کرکون ظالم ہوگا جس نے اللہ تعالی کی مسجدوں میں اس کا نام لینے سے منع کیا اوران کو ویران کرنے کی کوشش کی (سورہ بقرہ آیت ۱۱۴)۔

جو شخص بھی اللہ تعالی کی اس وعید سے ڈرے گا وہ مسجدوں میں اللہ تعالی کا نام مبارک لینے سے نہیں روکے گا الّا یہ کہ کوئی اللہ تعالیٰ کا نام ایسے انداز میں لے جس سے اللہ تعالی کے نام مبارک کی بے حرمتی ہوتی ہو یا اللہ تعالی کا ذکر ایسے انداز میں کرے جس کی وجہ سے نمازیوں کی نماز میں یا ذکر تلاوت کرنے والوں کے ذکر تلاوت میں خلل واقع ہو، رہی یہ بات کہ حضرت عمرؓ نے جن لوگوں کو منع فرمایا اس کی وجہ یہ تھی کہ ایک تو وہ دنیا کی باتیں بلند آواز سے کرتے تھے نیز وہ وقت بھی ایسا تھا کہ لوگ نماز کیلئے مسجد میں بیٹھے تھے پھر نبی کریم ﷺ کے حجرے کا پاس ہونا بھی ملحوظ تھا جیسا کہ خود حضرت عمرؓ کے الفاظ بتلا رہے ہیں کہ تم لوگ رسول ﷺ کی مسجد میں آوازیں بلند کرتے ہو اور رہی یہ حدیث جس میں علامات قیامت کے بارے میں یہ بھی بیان ہوا ہے کہ؛

ظهرت الاصوات فی المساجد: اور مسجدوں میں آوازیں بلند ہوجائیں (الحدیث)

تو اس میں ذکر کو داخل کرنا قابل نظر ہے کیونکہ یہ قرب قیامت کی علامات میں سے ایک علامت ہے حالانکہ نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں اور صحابہ کرامؓ کے زمانہ میں مسجدیں اذانوں سے گونجتی تھیں ان میں ذکر وتلاوتِ قرآن کی جاتی تھی اور خطبے انہی مساجد میں پڑھے جاتے تھے اور آج تک امت کا یہی معمول چلا آرہا ہے بلکہ نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں مسجد کے اندر اشعار بھی پڑھے جاتے تھے بلکہ شعر پڑھنے والے کیلئے منبر بھی رکھ دیا جاتا تھا تاکہ اس کی آواز تمام بیٹھنے والوں کو پہنچ سکے [1]۔ یہاں اس کے متعلق بطور نمونہ ایک حدیث پیش کرتا ہوں۔رسول اللہ ﷺ مسجد نبوی میں حضرت حسانؓ کیلئے منبر رکھوا دیتے تھے جس پر کھڑے ہوکر وہ (اپنے اشعار سناتے اوران اشعار میں) رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اظہار فخر کرتے تھے یا رسول اللہ ﷺ کی طرف سے (کفار ومشرکین

---

[1] تفصیل کیلئے کتاب جواہر الاسلام کا باب "شعر کا بیان" دیکھیں۔

کے مخالفانہ اشعار کا) مقابلہ کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ ان کے اشعار سے خوش ہو کر) فرماتے تھے کہ؛

"ان اللّٰہ یؤیّد حسان بروح القدس مانافخ او فاخر عن رسول اللّٰہ ﷺ "

اللہ تعالیٰ حضرت جبریلؑ کے ذریعہ حسانؓ کی مدد اور تائید فرماتے ہیں جب تک کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی طرف سے مقابلہ یا اظہار فخر کرتے ہیں (صحیح بخاری، مشکوۃ باب البیان و الشعر)۔

بہرحال قیامت کی نشانیوں میں جو آوازیں ظاہر ہوں گی وہ وہی آوازیں ہوسکتی ہیں جو خود دین اسلام کے مخالف ہوں جیسا کہ آجکل مساجد کے لاؤڈ سپیکروں میں سے دنیا کی آوازیں آتی رہتی ہیں اور مساجد میں زندہ باد مردہ باد کے نعرے لگائے جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے نام کی بجائے اپنے اپنے قائدین اور لیڈروں کے نام بلند کئے جاتے ہیں۔

نیز مسجد کے مناروں سے ایک دوسرے کے خلاف گالیاں دی جاتی ہیں بلا شبہ یہ ایسے امور ہیں جو عصر حاضر کی پیداوار ہیں اور گویا کہ مساجد ہی لڑائی، تفاخر اور اپنی دلی بھڑاس نکالنے اور اللہ تعالیٰ کے بجائے لیڈروں کے ناموں کو اونچا کرنے کے مراکز اور ذرائع ابلاغ بن گئے ہیں۔ میرا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ بلند آواز اور جہر مفرط کے ساتھ ذکر جہر یا العیاذ باللہ آواز سے باتیں کرنا مسجد میں مطلقاً بلا کراہت جائز ہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ مسجد میں ذکر کے ساتھ آواز اونچی کرنا اور اس کے لئے ایسی مجمل بلکہ مبہم روایت سے حرمت ثابت کرنا قطعاً صحیح نہیں خصوصاً جبکہ نبی کریم ﷺ سے مسجد میں باتوں پر خاموشی ثابت ہے اور آپ ﷺ خود اشعار پڑھوانے کیلئے منبر رکھواتے تھے۔

## جہرِ شدید ضرورت کے وقت بالاتفاق جائز ہے:

یہی وجہ ہے کہ محققین علماء بلند آواز کے ساتھ ذکر یا علم کی مجلس درس و تدریس یا وعظ و نصیحت کو اس وقت ناجائز سمجھتے ہیں جبکہ نمازوں کا وقت ہو مثلاً اذان کے بعد لوگ مسجد میں آجاتے ہیں کوئی نفل پڑھتا ہے کوئی نماز کے انتظار میں ہوتا ہے کوئی ذکر و فکر میں مشغول ہوتا ہے یا ایسی نمازیں جنکے بعد سنت اور نفل پڑھنا صحیح ہے تو ان نمازوں کے فوراً بعد زور زور سے ذکر یا تلاوت کرنا جس کی وجہ سے نمازیوں کی نماز میں خلل یا تشویش پیدا ہو تو اس صورت میں بلند آواز سے ذکر کرنا جائز ہے لیکن اگر خلل واقع نہیں ہوتا تو مسجد میں جہری ذکر تلاوت درس و تدریس اور علمی مذاکرہ جیسے امور خیر اگر معتدل آواز کے ساتھ ہوں تو یہ بالاتفاق جائز ہیں البتہ علماء کا اختلاف بلاضرورت جہر شدید میں ہے اس کے متعلق علماء کے چند حوالے درج ذیل ہیں۔

حضرت امام نووی ؒ شرح مسلم میں ایک جگہ لکھتے ہیں کہ؛

**فیہ کراھۃ رفع الصوت فی المساجد یوم الجمعہ وغیرہ وانہ لایرفع الصوت بعلم ولاغیرہ عنداجتماع الناس للصلواۃ لمافیہ من التشویش علیھم وعلی المصلین والذاکرین ( واللّٰہ اعلم )** : یعنی اس روایت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ وغیرہ کے دن مساجد میں آواز بلند کرنا مکروہ اور یہ کہ جب لوگ نماز کیلئے جمع ہوں اس وقت بھی ( علم وغیرہ ذکر و تلاوت کے ساتھ ) آواز بلند نہ کی جائے کیونکہ اس کی وجہ سے ( مسجد میں ) جمع ہونے والوں اور نمازیوں ( جو سنت و نوافل ادا کررہے ہوں ) اور ذکر کرنے والوں (یعنی جو لوگ ذکر وفکر اور اپنے اوراد میں مشغول ہوں ان کو ) تشویش ہوتی ہے اور ان کی نمازوں اور ذکر و تلاوت میں خلل پڑ جاتا ہے ) واللہ اعلم ( دیکھئے شرح للنووی ؒ علی المسلم ج۲ص۱۳۴)۔

حضرت امام نووی ؒ کی عبارت سے معلوم ہوا کہ مسجد میں علم وذکر کے ساتھ آواز بلند کرنا اس وقت مکروہ ہے جبکہ لوگ نماز کیلئے جمع ہوں کوئی نفل وسنت میں مشغول ہو کوئی ذکر وفکر اور تلاوت میں یا وعظ ونصیحت یا زور زور سے علمی مذاکروں کی وجہ سے نماز پڑھنے والوں کی یا ذکر کرنے والوں کی نماز وذکر تلاوت میں خلل آجاتا ہے اس لئے اس وقت آواز بلند کرنا مکروہ ہے۔

## فتاویٰ عالمگیری کی رُو سے مساجد میں بلند آواز کے ساتھ ذکر کرنا جائز ہے:

فتاوی عالمگیر یہ جو کہ علامہ نظام ؒ کی سرپرستی میں سینکڑوں علماء کی جماعت نے تیار کیا ہے اس میں ہے کہ؛

**والسادس ان لایرفع فیہ الصوت من غیر ذکر اللّٰہ تعالی** : اور چھٹا ادب یہ ہے کہ مسجد میں اللہ تعالی کے ذکر کے سوا اور کوئی آواز بلند نہ کی جائے ( فتاوی عالمگیر یہ، ج۵، ص۳۲۱)۔

اور اسی فتاوی عالمگیر یہ میں ہے کہ؛

**" قاض عندہ جمع عظیم یرفعون اصواتھم بالتسبیح والتھلیل جملۃ لاباس بہ والاخفاء افضل "** کسی قاضی یا واعظ کے پاس عظیم جماعت ہو وہ لا الہ اللہ اور سبحان

اللہ کو بلند آواز کے ساتھ پڑھے تو اس میں کوئی حرج نہیں البتہ اخفاء افضل ہے(فتاوی عالمگیریہ،ج۵،ص۳۱۵)۔

نیز عالمگیریہ میں فتاوی قنیہ سے نقل کیا گیا ہے کہ؛

**" امام یعتاد کل غداة مع جماعته قراة اٰیة الکرسی و آخر البقرة و شهدالله و نحوها جهراً لاباس به والافضل الاخفاء کذافی القنیه "** ایک امام کا معمول یہ ہو کہ وہ ہر صبح اپنی جماعت (والوں) کے ساتھ مل کر آیۃ الکرسی اور سورۃ البقرہ کی آخری آیات اور شہداللہ......اور اس طرح کی اور آیات جہراً پڑھتا ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں البتہ افضل اخفاء ہی ہے(عالمگیریہ،ج۵،ص۳۱۷)۔

یہاں امام کے معمول کو بتایا جا رہا ہے کہ امام مسجد میں جب صبح کی نماز سے فارغ ہو جائے تو اپنی جماعت کے ساتھ بلند آواز میں تسبیح وتہلیل کر سکتا ہے صبح کی نماز کی قید غالباً اس لئے لگائی کہ اس وقت بعض علماء کا یہ معمول ہوگا کہ وہ نماز کے بعد مل کر بلند آواز کے ساتھ ذکر وتلاوت کرتے ہوں گے یا اس لئے لگائی کہ صبح کی نماز کے بعد چونکہ سنت ونفل نمازیں نہیں ہوتیں لہذا کسی کی نماز وغیرہ میں خلل نہیں پڑتا نیز صبح کا وقت نیند کا وقت ہوتا ہے چپکے چپکے اور خفی ذکر میں نیند آنے لگتی ہے اس لئے اس وقت بلند آواز کے ساتھ ذکر کا معمول رکھا ہوگا (واللہ اعلم)۔

بہرحال اتنی بات ان عبارتوں سے معلوم ہوگئی کہ مسجد میں بلند آواز کے ساتھ اجتماعی ذکر فتاوی عالمگیریہ کی رو سے جائز ہے۔

## علامہ کردریؒ اور ذکرِ جہر:

علامہ حافظ الدین محمد کردریؒ فتاوٰی بزازیہ میں لکھتے ہیں کہ؛

**وفی فتاوی القاضی رفع الصوت بالذکر حرام و قد صحَّ عن ابن مسعودؓ انّه سمع قومًا اجتمعوا فی مسجد یهللون ویصلون علیه الصلوٰة والسلام جهرًا فراح الیهم فقال ما عهدنا ذالک علی عهده علیه السلام وما اُراکم اِلّامبتدعین فما زال یذکر ذالک حتّٰی اخرجهم عن المسجد فان قلت المذکور فی الفتاوی ان الذکر باا لجهر ولو فی المسجد لایمنع احترازًا عن الدخول تحت قوله تعالیٰ " ومن اظلم ممن منع مسٰجدالله ان یذکر**

فيها اسمه " وصنع ابن مسعود رضى اللّٰه عنه يخالف قولكم قلت الاخراج عن المسجد لونسب اليه بطريق الحقيقة يجوز ان يكون لاعتقادهم العبادة فيه ولتعليم الناس بانه بدعة والفعل الجائز يجوز ان يكون غير جائزٍ لغرض يلحقه فكذاغير الجائز يجوز ان يجوزغرض كما ترك رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم الافضل تعليمًا للجواز و فى الاعراف فى قوله تعالىٰ "ادعو ربّكم تضرّعا وخفيه اى اعبدوه وارفعوا حوائجكم والضراعة الذلة والخفية ان لا يدخله الرياانه لايُحبُّ المعتدين اى المشركين الذين يدعون غيراللّٰه تعالىٰ وماروى فى الصحيح انه عليه السلام قال لرافعى اصواتهم بالتكبير اربعو على انفسكم " انّكم لاتدعون اصمًا ولاغائبًا انكم تدعون سميعًا قريبًا انه معكم الحديث يحتمل انه لم يكن فى الرفع مصلحة فقد روى انه كان فى غزوة ولعل رفع الصوت يَجُرّ بلاءً [1] والحربُ خدعة ولهذا نهى عن الجرس فى المغازى وامارفع الصوت بالذكر فجائز كما فى الاذان والخطبة والحج والاختلاف فى عدد تكبير التشريق جهرًا لايدل على ان الجهربه بدعةلان الخلاف بناء على ان كونه سنة زائدة على اصل الفعل فى كم صلاة كما اختلفو فى ان سنة الاربع من الظهر بتسليمة اولى أم بتسلمتين و ذالك لايدل على انها لو بتسليمتين يكون بدعة او حرامًا " یعنی فتاوی قاضی خان میں ہے کہ بلندآواز کے ساتھ ذکرحرام ہےاورحضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے ایک قوم کے متعلق سنا کہ وہ مسجد میں جمع ہو جاتے ہیں اور بلندآواز کے ساتھ کلمہ اور درودشریف پڑھتے ہیں تو وہ ان کے پاس گئے اوران سے فرمایا کہ آپ ﷺ کے زمانے میں یہ طریقہ نہ تھا اور میں تمھیں بدعتی لوگ خیال کرتا ہوں انہوں نے بار بار یہی کہا حتّٰی کہ ان لوگوں کومسجد سے نکال دیا (اس کے بعد علامہ کردریؒ سوال وجواب کا سلسلہ شروع کرکے مسئلہ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں

[1] عالمگیری کے حاشیہ پر بزازیہ کی جوعبارت ہےوہ یوں ہے۔" ولعل الصوت فى نحو دبلاد الحرب خدعة" لیکن یہ عبارت غلط ہے کاتب سے غلطی ہوگئی اسلئے اسکی تصحیح شامی سے کردی گئی ہے(جلد۵،۲۵۵)۔

کہ )اگرتم یہ کہو کہ فتاویٰ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ کسی شخص کو مسجد میں بلند آواز کے ساتھ ذکر کرنے سے نہ روکا جائے تا کہ روکنے والا "ومن اظلم ممن منع ...الآیۃ : اوراس سے بڑھکر ظالم اور کون ہوسکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی مسجدوں میں (لوگوں کو) اللہ تعالیٰ کے نام سے روکے" کی وعید میں نہ آ جائے اور حضرت ابن مسعودؓ کا ان لوگوں کا نکالنا تو تمہارے قول کے مخالف ہے۔تو میں جواب میں کہتا ہوں؛ کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا ان لوگوں کو نکالنا اگر ثابت ہے [1] تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ان لوگوں نے اس جہر ( کی صفت ) کو عبادت سمجھ لیا تھا (یعنی یہ کہ صرف ذکر جہری ہی عبادت ہے ) یہ بات تھی اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ لوگوں کو یہ تعلیم دینا چاہتے تھے کہ یہ (اعتقاد) بدعت ہے اور یہ ممکن ہے کہ جائز کام کسی خارجی سبب سے ناجائز ہو جائے جس طرح ناجائز کام کسی خارجی سبب سے جائز ہو جاتا ہے۔جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کا بیان جواز کیلئے افضل امور کو ترک کرنا، اور سورۃ اعراف میں جو اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "ادعوا ربکم تضرعًا وخفیۃ :اللہ تعالیٰ کی بندگی کرو اور اپنی حاجتیں اسی سے مانگا کرو"۔ تضرع کے معنی عاجزی اور خفیہ کا مطلب ہے کہ اس میں ریاء کا دخل نہ ہو،"لایحب المعتدین "میں معتدین سے مراد مشرکین ہے اور وہ حدیث جو صحیح بخاری میں روایت ہے کہ آپ ﷺ نے بلند آواز تکبیر کہنے والوں سے فرمایا اپنے ساتھ نرمی کرو کیونکہ تم کسی بہرے اور غائب کو نہیں پکارتے تم تو سمیع وقریب کو پکارتے ہو (الحدیث )(تو یہاں منع کرنے کی وجہ ) یہ ہو گی کہ یہاں جہر میں کوئی فائدہ نہ تھا۔ چنانچہ مروی ہے کہ یہ معاملہ کسی غزوہ اور جنگ کے موقع میں پیش آیا تھا اور ایسی حالت میں جہر کسی مصیبت کا پیش خیمہ ہوسکتا ہے اور جنگ تو ایک دھوکہ (دشمن کو دھوکہ دہی سے لڑی جاتی ہے ) ہے۔اسی وجہ سے غزوات میں گھنٹی سے منع کیا گیا ہے (یعنی ایسے مواقع میں جانوروں کے گلوں میں گھنٹی ڈالنا بھی منع کیا گیا ہے ) بہرحال ذکر کے ساتھ آواز بلند کرنا جائز ہے جس طرح اذان، خطبہ اور حج میں ہوتا ہے اور تکبیراتِ تشریق جہراً پڑھنے میں عدد کا جو اختلاف ہے وہ اس بات پر دلالت نہیں کرتا کہ ان کو جہراً پڑھنا بدعت ہے کیونکہ اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ نماز کے اصل فعل پر تکبیرات کی زیادتی کتنی نمازوں میں سنت ہے جیسا کہ اس میں

[1] یاد رہے یہ روایت بہت ضعیف ہے اس لئے علامہ کردریؒ نے یوں فرمایا کہ اگر یہ روایت ثابت ہے تو.................۔

اختلاف ہے کہ ظہر کی چار سنتیں ایک سلام سے اولیٰ ہیں یا دو سلاموں سے اور یہ اختلاف اس پر دلالت نہیں کرتا کہ یہ سنتیں دو سلاموں سے پڑھی جائیں تو وہ بدعت یا حرام ہیں (فتاویٰ بزازیہ علی ھامش عالمگیری، جلد ۶، ص ۳۷۸ تا ۳۷۹)۔

علامہ کردریؒ نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے اثر کا جواب دیا کہ شاید وہ ذکری عبادت کو جہر ہی میں منحصر سمجھتے تھے اور حدیث "اربعو " کا جواب دیا کہ وہاں جہر مصلحت کے خلاف تھا، قرآن کریم کی آیت "ادعوا ربکم تضرعًا وخفیة " کا جواب دیا کہ خفیہ کا مطلب بے ریاء عبادت ہے اسی طرح جوابات دیکر ذکر بالجہر کو صرف اس وقت منع کیا کہ کوئی اس کو یعنی ذکر اور تلاوت کو جہر ہی میں منحصر سمجھے اور جہر ہی کو عبادت خیال کرے نیز ایسی حالت میں بھی ذکر جہر سے روکا جائیگا جبکہ ذکر جہر مصلحت کے خلاف ہو مثلاً جنگ کے موقع پر یا یہ کہ جہر سے کسی کی نماز وغیرہ میں خلل آجاتا ہو۔

## علامہ ابن عابدینؒ کے نزدیک ذکرِ جہر:

اسی مسئلہ کو محقق علامہ ابن عابدینؒ نے بھی بیان کیا ہے اور علامہ کردریؒ کی عبارت کو نقل کر کے آگے فرماتے ہیں کہ؛

**وقد حرّر المسئلة فی الخیریة [1] وحمل ما فی فتاوی القاضی علی الجهر المضر و قال ان هناک احادیث اقتضت طلب الجهر واحادیث طلب الاسرار والجمع بینهما بان ذالک یختلف باختلاف الاشخاص والاحوال فالاسرار افضل حیث خیف الریاء اوتاَذّی المصلین او النیام والجهر [2] افضل حیث خلامّاذکر لانه اکثر عملا ولتعدی فائدته الیٰ السامعین ویوقظ قلب الذاکر فیجمع همه الیٰ الفکر ویصرف سمعه ویطردالنوم و یزید النشاط:** اور اس مسئلہ کو (علامہ خیر الدین رملیؒ نے بھی) فتاویٰ خیریہ میں تحریر کیا ہے اور فتاویٰ قاضیخان میں جس ذکر جہر کو حرام کہا گیا ہے۔ اس کو (انہوں نے) جہر مضر (یعنی ضرر دہ جہر) پر محمول کیا ہے اور فرمایا ہے کہ ایسی احادیث بھی ہیں کہ جن میں ذکر جہر کی ترغیب ہے اور ایسی احادیث بھی ہیں کہ جن میں سرّی ذکر کی ترغیب ہے اور ان میں

---

[1] فتاویٰ خیریہ علامہ خیر الدین رملیؒ کی کتاب ہے اور یہ علامہ حصکفیؒ صاحبِ درمختار کے استاد ہیں۔

[2] اور فتاویٰ خیریہ میں یوں ہے کہ "والجهر ذکر بعض اهل العلم انه افضل" اور جہری ذکر کے متعلق بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ افضل ہے (فتاویٰ خیریہ علی ھامش تنقیح الحامدیہ، جلد ۲، ص ۲۸۱)۔

www.noorehidayat.org

تطبیق اس طرح ہے کہ جہر اور سرّ اختلاف اشخاص اور اوقات سے مختلف ہوتا ہے لہذا جب ریاء کا اندیشہ ہو یا نمازیوں کی نماز اور سونے والوں کی نیند میں خلل پڑ جانے کا خوف ہو تو سرّ افضل ہے اور جب یہ خوف نہ ہو تو جہر افضل ہے۔ کیونکہ اس جہر کا فائدہ سامعین (سننے والوں کو) پہنچتا ہے اور یہ (جہری ذکر) ذاکر کے دل کو بیدار کرتا ہے تو اس طریقہ سے وہ اپنی دل جمعی سے فکر کرے گا اپنا کان اس کی طرف لگا دے گا اور نیند کو دور کرتا ہے اور نشاط اور سرور پیدا کرتا ہے [1] (ردالمحتار ج ۵، ص ۲۵۵)۔

علامہ خیر الدین رملیؒ اور علامہ ابن عابدینؒ کی نقل کردہ اس عبارت سے بالکل یہ واضح ہے کہ ان کے نزدیک بھی شرائط کے ساتھ بلند آواز کے ساتھ ذکر نہ صرف جائز بلکہ بعض حالات و اشخاص کے اعتبار سے افضل ہے نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ اختلاف بھی تیز جہر اور زیادہ بلند آواز میں ہے یا بالفاظ دیگر جہر کامل میں ہے کہ جہر کامل ضرر کا سبب نہ بن جائے تو بعض محققین علماء کے نزدیک یہ جائز ہے جیسا کہ مذکورہ بالا عبارت سے بھی واضح ہے کہ اس کا فائدہ سامعین کو پہنچتا ہے اور ذکر جہری دل کو بیدار کرتا ہے اور اس سے فکر میں یکسوئی پیدا ہوتی ہے، اور یہ بات ظاہر ہے کہ شیطانی وساوس اور افکار کو زیادہ تیز جہر ہی دور کرسکتا ہے نہ کہ معمولی یا معتدل جہر۔ البتہ بعض محققین علماء جہرِ مفرط اور جہرِ شدید کے قائل نہیں، وہ فرماتے ہیں جب حاجت نہ ہو یعنی کوئی مصلحت [2] تیز جہر میں نہ ہو تو بلاضرورت جہر شدید صحیح نہیں۔

میری مراد جہرِ شدید سے وہ جہر ہے کہ جو مضر نہ ہو یعنی وہ کسی کو ضرر نہ دے اور حدود شرعیہ کے اندر ہو چنانچہ اگر جہرِ شدید مضر بن جائے تو اس کے ناجائز ہونے میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔

## امام ابن حجر مکی شافعیؒ کے نزدیک مجالسِ ذکر اور ذکرِ جہری:

امام ابن حجر مکی شافعیؒ صوفیاء کرام کے اوراد و اذکار اور مجلس ذکر کے متعلق کچھ دلائل لکھنے کے بعد فرماتے ہیں کہ:

**واذا ثبت ان لما یعتاده الصوفیة من اجتماعهم علی الاذکار والاوراد بعد الصبح وغیره اصلا صحیحًا من السنة وهو ما ذکرنا فلا اعتراض علیهم فی ذالک ثم ان کان هناک مما یتأذی بجهرهم کمصل او نائمٍ ندب لهم الاسرار:** اور جب یہ ثابت ہو چکا کہ صوفیاء کا جو نماز فجر وغیرہ کے بعد جمع ہو کر ذکر و اوراد

---

[1] نیز دیکھئے فتاوی خیریہ علی ھامش تنقیح الحامدیہ، جلد۲، ص ۲۸۱۔

[2] مثلاً اذان، تلبیہ یا وساوس کو دور کرنے اور سوچ کو مجتمع کرنے یا اس طرح کی کوئی اور مصلحت پیشِ نظر نہ ہو۔

(جہر کے ساتھ ) کرنے کا معمول ہے اس کی اصل سنت صحیحہ سے ثابت ہے اور وہ وہی ہے جس کو ہم نے بیان کیا ہے لہذا ان کے اس طرح ذکر کرنے پر کوئی اعتراض نہیں۔ پھر اگر وہاں ایسے لوگ ہوں جن کو ان کے جہر سے تکلیف ہوتی ہے مثلاً نماز پڑھنے یا سونے والے ( کی نماز اور نیند میں خلل آ جاتا ہے ) تو پھر ان کیلئے مستحب یہی ہے کہ آہستہ ذکر کریں۔ (دیکھئے مفصل و مدلل حوالہ فتاویٰ حدیثیہ، ص ٦٥ )۔

# علامہ ابن حجر الھیتمی شافعیؒ کی رائے میں مساجد میں ذکرِ جہری کی مجالس:

فتاویٰ کبری میں ہے کہ؛

**(وسئل) رضی اللہ عنہ عمااعتادہ الصوفیة من عقد حلق الذکر والجھر بہ فی المساجد ھل فیہ کراھة (فاجاب) بقولہ لا کراھة:** مسجدوں میں ذکر کے حلقوں اور جہری ذکر کا صوفیاء کرام کے ہاں معمول ہے۔اس کے متعلق ان سے پوچھا گیا۔ کہ کیا اس میں کوئی کراہت ہے تو انہوں نے جواب میں فرمایا، نہیں۔

اسکے بعد انہوں نے اپنے اس جواب کو خوب مدلل کیا ہے۔( دیکھئے الفتاویٰ الکبری لابن حجر الھیتمی الشافعیؒ)۔

# محقق علامہ آلوسی حنفیؒ کے نزدیک ذکر جہری:

محقق علامہ آلوسی حنفی "**ادعوا ربکم تضرعا وخفیة**" کے تحت بحث کر کے آخر میں فرماتے ہیں کہ؛

**وَفَصَّل آخرون فقالوا الاخفاء افضل عند خوف الریاء والاظھار افضل عند عدم خوفہ واولیٰ منہ القول بتقدیم الاخفاء علی الجھر فیما اذا خیف الریاء اوکان فی الجھر تشویش علی نحو مصلی او نائم او قاری او مشتغل بعلم شرعی وبتقدیم الجھر علی الاخفاء فیما اذا خلاعن ذالک وکان فیہ قصد تعلیم الجاھل او نحو ازالة الوحشة عن مستوحش اوطرد نحو نعاس او کسل عن الداعی نفسہ او ادخال سرور علی قلب مؤمن او تنفیر مبتدع عن بدعة اونحو ذالک** : اور دوسرے علماء نے تفصیل کی ہے اور کہا ہے کہ چپکے چپکے (ذکر ودعا کرنا) اس حالت میں افضل ہے جبکہ ریاء کا خوف ہو اور اظہار

(یعنی جہری ذکر) اس وقت افضل ہے جبکہ ریاء کا اندیشہ نہ ہو اور اس سے اولیٰ اور بہتر قول یہ ہے کہ (یوں کہا جائے کہ) اخفاء جہر پر اس وقت مقدم ہے جبکہ ریاء کا اندیشہ ہو یا جہر کرنے کی وجہ سے نمازی، سونے والے یا تلاوت کرنے والے یا شرعی علم میں مشغول ہونے والے کو تشویش ہوتی ہے۔ اور جہر اخفاء پر اس وقت مقدم ہوگا جبکہ وہ ان سے خالی ہو اور اس میں کسی جاھل کی تعلیم یا کسی گھبرائے ہوئے شخص کی وحشت اور گھبراہٹ کو یا کسی اونگھنے والے کی اونگھ کو دور کرنا مقصود ہو یا دعا کرنے والے کو اپنے نفس سے سستی دور کرنا مقصود ہو۔ یا کسی مومن کے دل کو مسرور اور خوشی پہنچانے یا کسی بدعتی کو اس کی بدعت سے باز رکھنا یا اس جیسی کوئی اور وجہ موجود ہو (تو پھر جہر اخفا پر مقدم ہے) (روح المعانی، جلد ۸، ص ۱۴۰)۔

نیز حضرت علامہ آلوسیؒ، علامہ نوویؒ کے حوالہ سے دوسرے مذاہب کو بھی اس سلسلے میں ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ؛

**والّذی نص علیہ الامام النووی فی فتاوٰیہ ان الجھر بالذکر حیث لامحذور شرعیًا مشروع مندوب الیہ بل ھو افضل من الاخفاء فی مذھب الامام الشافعی وھو ظاھر مذھب الامام احمد واحد الروایتین عن الامام مالکؒ بنقل الحافظ ابن حجر فی فتح الباری وھو قول قاضیخان فی فتاوٰیہ فی ترجمة مسائل کیفیة القرأة وقولہ فی باب غسل المیت یکرہ رفع الصوت بالذکر فالظاھر انہ لمن یمشی مع الجنازة کما ھو مذھب الشافعیة لامطلقاً** : اور جس پر امام نوویؒ نے اپنے فتاویٰ میں تصریح کی ہے وہ یہ ہے کہ جب کوئی شرعی مانع نہ ہو تو امام شافعیؒ کے مذہب میں جہری ذکر نہ صرف جائز و مستحسن ہے بلکہ چپکے چپکے ذکر سے افضل ہے اور یہی امام احمد کا ظاہر مذہب ہے، حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں امام مالکؒ کی بھی ایک روایت یہی نقل کی ہے (کہ ان کے نزدیک بھی سری سے جہری افضل ہے) اور قاضی خان نے بھی اپنے فتاویٰ کے مسائل قراءت کے بیان میں یہی قول اختیار کیا ہے اور انہوں نے جو باب غسلِ میّت میں یہ کہا ہے کہ ذکر جہر مکروہ ہے تو ظاہر یہی ہے کہ ان کا یہ قول صرف جنازہ کے ساتھ ذکر کرنے کے متعلق ہے جیسا کہ شافعیہؒ کا مسلک ہے اور انہوں نے مطلقاً جہری ذکر سے منع نہیں کیا ہے (روح المعانی، جلد ۱۶،

ص۱۶۲)۔

حضرت علامہ آلوسیؒ نے اس کے بعد ذکر جہر پرآخر تک بہت مفصّل بحث کی ہےاورامور جہرکوبھی ذکر کیا ہےاور یہ بھی ذکر کیا ہے کہ جہر واخفاء میں سے کونسی صورت افضل ہے۔ جہر یا اخفاء؛ اس میں علماء کا اختلاف بھی اور اشارۃً اپنے رائے کا اظہار بھی کیا ہے کہ ان کے نزدیک اگر جہری دعا میں کوئی مصلحت نہ ہوتو پھر جہری دعا کے بجائے خفی دعا افضل ہے[1]۔

## علامہ سیّد احمد طحطاوی حنفیؒ کے نزدیک ذکر جہری کی مجالس:

علامہ سیّد احمد طحطاوی حنفیؒ لکھتے ہیں کہ؛

وَنص الشعرانی فی ذکر الذاکر للمذکور والشاکر للمشکور مالفظه واجمع العلماء سلفًا و خلفًا علی استحباب ذکر الله تعالیٰ جماعةً فی المساجد وغیرها من غیر نکیر الاّ ان یشوش جهر هم بالذکر علی نائمٍ و مصّلٍ او قاری قرآنٍ کما هو مقرر فی کتب الفقه :اورامام شعرانیؒ نے (اپنی کتاب) "ذکر الذاکر للمذکور والشاکر للمشکور" میں یہ تصریح فرمائی ہے کہ متقدمین اور متأخرین علماء کا اس پر اجماع ہے کہ مسجدوں وغیرہ میں بغیر کسی نکیر کے جماعتی شکل میں ذکر کرنا مستحب ہے۔مگر یہ کہ ان کے جہر سے کسی سونے والے یا نمازی اور تلاوت کرنے والے کوتشویش ہوتی ہو(تو پھر جہر درست نہیں ہے)۔جیسا کہ فقہ کی کتابوں میں مذکور ہے(طحطاوی علی المراقی الفلاح،ص۱۷۴،فصل صفۃ الاذکار)۔

تقریبًا اسی طرح کی عبارت علامہ ابن عابدین شامیؒ نے بھی نقل کی ہے(دیکھئے ردالمحتار، جلد۱،ص۴۴۴ مطلب فی رفع الصوت بالذکر) یادرہے کہ علامہ شعرانیؒ جواجماعی قول نقل کرتے ہیں وہ جہرِ مفرط اور جہرِ شدید کے متعلق نہیں بلکہ یہ جہرِ معتدل اوراس جہر کے متعلق ہے جو کہ جہرِ شدید (جیسا کہ اذان وغیرہ میں ہوتا ہے) اس سے کم ہو ورنہ جہرِ مفرط میں تو اختلاف موجود ہے،جیسا کہ پہلے حوالوں سے ظاہر ہوتا ہے،انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ بھی اس پر بحث آرہی ہے۔

## حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ اور ذکر جہر:

[1] ذکر کی کونسی صفت افضل ہے اس پر انشاء اللہ بحث کی جائیگی (تفصیل کیلئے دیکھئے روح المعانی، جلد۱۶،ص۱۶۲تا۱۶۳)۔

حضرت مولانا رشید احمد گنگوھیؒ جو کہ مسلک دیو بند کے اکابرین میں سے ہیں بلکہ دیو بند کے مسلک کی بنیاد انہی کو سمجھا جاتا ہے وہ اپنے فتاویٰ رشیدیہ میں ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں کہ؛

امام صاحبؒ نے جہر کو بدعت اس موقع پر فرمایا ہے جہاں ذکر کا موقع ہے وہاں جہر ثابت نہیں جیسا کہ عیدالفطر کی نماز کو جاتے ہیں مطلقاً ذکرِ جہر کو منع نہیں فرمایا، ذکر ہر طرح درست ہے۔(دیکھئے فتاویٰ رشیدیہ،۵۹۵)۔

# اکابر علماء دیو بند کے نزدیک مساجد میں جہری ذکر کی مجالس:

صوفیا کرام جو بعد نماز مغرب مساجد میں حلقہ کرتے ہیں کودتے چلّاتے اور "ھو حق" کرتے ہیں کہ جس سے لوگ جمع ہو جاتے ہیں اور مسجد میں شور وغل پڑ جاتا ہے یہ جائز ہے یا نہیں؟

تو حضرت نے جواب دیا؛

(جواب) بعض علماء نے مسجد میں رفع صوت کو اگرچہ بذکر ھو مکروہ لکھا ہے لہذا مسجد میں اسکا نہ ہونا مستحسن ہے، خصوصًا ایسی صورت میں کہ تماشا گاہِ عوام ہو جاوے یا مسجد کا نقصان ہو اگرچہ ذکر جہر یا بکاء اور نالہ مسجد میں جائز بھی ہو فقط۔(فتاوی رشیدیہ ص۵۳۰تا۵۳۱)۔

سوال میں جو صورت لکھی ہے وہ آپ کے سامنے ہے کہ کودتے ہیں چلّاتے ہیں جس کے تماشے میں لوگ جمع ہو جاتے ہیں اور شور وغل ہو جاتا ہے اور جواب میں حضرت گنگوہیؒ نے "رفع الصوت" یعنی بلند آواز کے متعلق فرمایا کہ یہ بعض علماء کے نزدیک مکروہ ہے یعنی "چلّانا" جو کہ جہر مفرط ہے جس میں علماء کا اختلاف ہے کہ مسجد میں مکروہ ہے یا بلا کراھت جائز ہے تو حضرت نے مذکورہ صورت جبکہ اس میں چلّانے کے ساتھ کودنا وغیرہ بھی شامل ہو جاتا ہے تو اس کے متعلق فرماتے ہیں، کہ جبکہ "رفع الصوت" یعنی بلند آواز میں علماء کا اختلاف ہے کہ مسجد میں ہونی چاہیئے یا کہ نہیں تو جب اسی کے ساتھ دوسری برائیاں بھی شامل ہو جائیں۔تو اس کے غیر مستحسن یا ناجائز ہونے میں کیا شک باقی رہ جاتا ہے اور اس فتوے میں غور کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ علماء کا اختلاف اس جہر شدید و جہر مفرط میں ہے جو کہ بلا ضرورت ہو ورنہ حضرت گنگوہیؒ یوں کہتے کہ چلّانا تو جہر مفرط ہے یہ تو بالاتفاق مکروہ ہے اور پھر مسجد میں مکروہ پر مکروہ ہے اور جب اس کے ساتھ کودنا وغیرہ بھی شامل ہو جائے پھر تو بالاتفاق حرام ہو جائے گا۔ لیکن ان کے فتویٰ کو خوب غور سے پڑھیں تو اس میں کوئی ایسا لفظ آپ کو نظر نہیں آئے گا بلکہ یہاں چلّانے کو جبکہ اس میں کودنا بھی شامل ہو جائے غیر مستحسن امر قرار دیا۔واللہ اعلم۔

www.noorehidayat.org

## بہتان اور جھوٹے پروپیگنڈے:

بعض لوگ جب بھی بعض صوفیاء کے متعلق ایسے فتویٰ کو دیکھتے ہیں کہ ان کی نازیبا حرکت پر کسی عالم یا فقیہ نے تنقید فرمائی ہے تو وہ جب کسی سے سنتے ہیں کہ فلاں جگہ مسجد یا خانقاہ میں لوگ آ کر جہر ذکر کرتے ہیں تو وہ ان پر فتوے لگانا شروع کر دیتے ہیں اور ان کے خلاف جھوٹ اور بہتان باندھ کر یوں کہتے ہیں کہ وہ کودتے ہیں، چھلانگیں لگاتے ہیں ایک دوسرے کے گریبانوں اور اپنے گریبانوں کو پھاڑتے ہیں وغیرہ تو ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ اور اس کی سزا سے ڈرنا چاہئے کہ بن دیکھے سنی سنائی باتوں پر کسی کے متعلق ایسی رائے قائم کرتے ہیں اور پھر لوگوں میں پھیلاتے ہیں۔ حالانکہ ان کی یہ بات اور پروپیگنڈہ خالص جھوٹ اور بہتان ہوتا ہے، اور جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت برستی ہے اور جو لوگ بغیر کسی تحقیق کے کسی کی بات دوسروں میں پھیلاتے ہیں وہ بھی جھوٹ پھیلانے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں برابر کے شریک ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛ یَـٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَیَّنُوْٓا......الاٰیة :اے ایمان والو: اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو اس کی تحقیق کرو (الحجرات،٦) اور نبی کریم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ؛ **كفىٰ بالمرء كذبا ان يحدّث بكل ماسمع** : آدمی کے جھوٹا ہونے کیلئے یہی کافی ہے کہ ہر سنی ہوئی بات کو (بلا تحقیق کے) بیان کرتا ہے۔

ایک اور موقع پر ایک مرید نے حضرت گنگوہیؒ سے سوال کیا کہ؛

> ذکرِ جہر میں ضرب "اللہ" کس قدر جہر سے قلب پر لگانی چاہیئے؟ کیا ایسی شدت ہو کہ آواز بیٹھ جاوے۔ جواب میں فرمایا؛ ایسی شدت کی ضرورت نہیں ہاں شدت تو ہو لیکن اپنے کو ایذاء نہ پہنچائے۔

ایک اور مرید حضرت گنگوہیؒ سے پوچھتے ہیں کہ؛

> ذکر سے یہ بات دل میں پیدا ہوتی ہے کہ اب تجھ کو ہر شخص عابد، زاہد جانے گا، اس ریاء کے دفع کی کیا تدبیر ہے؟ آج کل آواز بیٹھ گئی ہے اگر حکم ہو تو آہستہ شروع کروں جبکہ آواز سے نفع ہو گا پھر جہر ہی کروں گا۔ جواب میں فرمایا؛ ذکر جہر سے ریاء پیدا ہوتی ہے تو اس کے واسطے لاحول...... پڑھا کریں مگر اس کیلئے ترکِ جہر مناسب نہیں البتہ عذرِ مرض کی وجہ سے تا زوالِ مرض ترک رکھنا اور اخفاء پر اکتفا کرنا مناسب ہے (فتاویٰ رشیدیہ، ص ۵۹۵)۔

حضرت گنگوہیؒ کا یہ مطلب نہیں کہ خفی ذکر کرے ہی نہیں بلکہ اُن کا مطلب اذکار چشتیہ کی بارہ (۱۲) تسبیح ہیں جن کو روزانہ صرف ایک بار جہراً پڑھنے کا حکم فرمایا ہو گا اور شاید مرید کو وساوس اور ضرورت زیادہ ہو گی اس لئے جہرِ مفرط کا

حکم فرمایا اس لئے تو اس کی آواز بیٹھ گئی تھی اور ضرورت اور حاجت کے وقت ذکرِ شدید اور بلند آواز میں علماء کا اختلاف نہیں بلکہ اختلاف بلا ضرورت اور بغیر کسی حاجت کے جہرِ شدید میں ہے اور جہرِ مفرط جس میں خود انسان کو ایذاء ہو یا دوسروں کو ایذاء اور تکلیف ہو وہ بالاتفاق ناجائز ہے۔ مفتی اعظم حضرت مولانا کفایت اللہ دیوبندیؒ ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں کہ؛

> مسجد کے اندر حلقہ ذکر منعقد کرنا مباح ہے بشرطیکہ کسی نمازی کی نماز میں یا کسی سونے والے کی نیند میں خلل انداز نہ ہو اور ذکر بھی زیادہ شوروشغب اور افعال مکروھہ پر مشتمل نہ ہو (کفایت المفتی، جلد۳،ص۱۶۴)۔

زیادہ شوروشغب سے مراد یہی مفرط ذکر اور چلاّ نا ہے اس لئے زیادہ کی قید لگائی یعنی ذکر میں آواز تو ہوتی ہے جس سے گونج بھی پیدا ہوتی ہے لیکن زیادہ چیخ چیخ کر ذکر نہیں کرنا چاہیئے اور افعال مکروھہ وہی کودنا اور چھلانگیں لگانا وغیرہ ہیں۔ خیر المدارس کے دار الافتاء سے کسی سائل نے چند سوالات کئے ہیں کہ؛

> بلند آواز سے ذکر کیسا ہے اور جہر کتنا اونچا ہونا چاہیئے، لائٹ بند کر کے حلقہ باندھ کر ذکر جائز ہے یا کہ نہیں؟ سلاسل اربعہ کے اذکار کے متعلق پوچھا کہ جائز ہیں کہ نہیں، تو ان سوالات کا جواب سائل کو یوں ملا ہے۔

(الجواب)

(۱-۲) ذکرِ جہر ہر طور پر جائز ہے کسی کو کسی طور سے منع نہیں کرنا چاہئے، ذکر کسی ہیئت کے ساتھ مقید نہیں بلکہ بوجہ اطلاق ادلّہ مطلق ہے خواہ منفرد ہو یا مجمع میں حلقہ باندھ کر یا صف باندھ کر یا کسی اور صورت سے کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر غرضیکہ کوئی ہیئت ہو جائز ہے اس کے بعد مفتی صاحب نے چند حدیثیں وغیرہ پیش کی ہیں، پھر آگے فرماتے ہیں کہ البتہ اس بات کا خیال ضرور رہے کہ یہ جواز اس شرط کے ساتھ ہے کہ کسی نائم یا نمازی کو اذیت نہ ہو اور جہر نہایت مفرط نہ ہو [1]۔ اس کے بعد مفتی صاحب ادنیٰ جہر اور اعلیٰ جہر کے مراتب بیان فرماتے ہیں کہ؛ **وادنیٰ الجهر اسماع غيره من ليس بقربه** :ذکر جہر ادنیٰ کی حد تو متعین ہے وہ یہ کہ ساتھ والوں کے علاوہ دوسرے بھی سن سکیں (کمافی الشامیہ، جلد۱،ص۴۹۹)، **واعلاه**

---

[1] یعنی انتہائی تیز آواز جس سے زیادہ آواز نکالنے کی قوت نہ رہے اس میں ایک تو مسجد کی بے ادبی ہے اور دوسری بات اپنی جان کو ضرورت سے زیادہ تکلیف دینا ہے۔

**لاحد لہ فافھم:** لیکن اکثر کی کوئی حد نہیں (شامی، جلد ا، ص ۴۹۹) اپنے نشاط پر موقوف ہے مگر اس کے جواز کی شرط وہی ہے کہ کسی مصلّی ونائم کو تشویش نہ ہو کما صرّح بہ الفقہاء۔

(۳) سلاسل اربعہ حق ہیں۔

(۴) جائز ہے بشرطیکہ نہ کرنے والوں پر نکیر نہ کی جائے اور اس کو عبادت مقصودہ نہ سمجھا جاتا ہو[1]

فقط واللہ اعلم۔ بندہ محمد اسحاق غفراللہ لہ۔ الجواب صحیح خیر محمد عفا اللہ عنہ، ۱۳۸۷-۰۴-۲۳ھ۔

اس فتویٰ کے اوپر حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ جو کہ اکابر دیوبند میں سے ایک عظیم شخصیت گذری ہیں کی تصدیق موجود ہے (تفصیل کیلئے دیکھئے خیر الفتاویٰ، جلد ا، ص ۳۴۹)۔

## جہر کی حد کیا ہے؟

نیز یہاں یہ بات یاد رہے کہ ادنیٰ جہر کے معنی میں بہت اختلاف ہے کہ کم از کم جہر کی حد کیا ہے، فقہائے کرام اس کیلئے جو حد متعین فرماتے ہیں یہ اسلئے نہیں کہ گویا وہ اس سے زیادہ جہر کے قائل نہیں بلکہ یہ صرف اس لئے ہوتا ہے کہ اس پر جہری اور سرّی نمازوں کا اور طلاق عتاق اور سجدہ تلاوت وغیرہ کے احکام مرتب ہوتے ہیں مثلاً جہری نماز میں اگر کسی نے جہر کیا تو ادنیٰ جہر کی مقدار کیا ہے جس سے نماز صحیح ہو جائے اور خفی ذکر وتلاوت کی حد کیا ہے کہ اس سے سری نمازوں میں قراءت صحیح ہو جائے۔ غرض وہ جہر اور خفی کی حد جو متعین کرتے ہیں وہ اس لئے کہ واجب جہر جو نماز کی صحت کیلئے ضروری ہے وہ کونسا جہر ہے تو اس میں علماء کے بہت سے اقوال ہیں اس مسئلہ پر علامہ ابن عابدینؒ نے تحقیق کی ہے۔ اور فقہاء کے مختلف اقوال میں تطبیق دی ہے اور بعض کے متعلق فرمایا کہ ان سے اس تعریف میں سہو ہو گیا اور بالآخر وہ جس نتیجے پر پہنچ گئے ہیں اس کے متعلق لکھتے ہیں؛

**فقد ظھر بھذا ان ادنی المخافۃ اسماع نفسہ او من بقربہ من رجل اور رجلین واعلاھا مجرّد تصحیح الحروف. وادنی الجھر اسماع غیرہ ممن لیس بقربہ کاھل الصفِّ الاولِ واعلاھا لاحدَّلَہُ:** پس اس بحث سے یہ بات ظاہر ہوئی کہ اخفاء کی ادنیٰ حد (جس حد کے ساتھ سرّی نماز جیسے ظہر کی نماز صحیح ہوتی ہے وہ) یہ ہے کہ (نمازی) خود اپنے نفس یا پاس والوں میں سے ایک یا دو کو سنا سکے۔ (یعنی اس سے سرّی نماز میں فرق نہیں آئے گا) اور اخفاء کی اعلیٰ حد (یعنی جس کے بعد سرّی نماز بھی صحیح

---

[1] ذکر کی کسی صفت کو عبادت مقصودہ نہ سمجھے جیسا کہ اس کی وضاحت بار بار بندہ نے کی ہے۔

نہیں ہوسکتی وہ) یہ ہے کہ صرف حروف کی تصحیح کریں (یعنی اگر کسی نے صرف دل ہی دل میں قراءت کی تو اس کی نماز صحیح نہیں ہوئی) اور ادنیٰ جہر (جس کے بغیر جہری نماز جیسا کہ مغرب کی نماز صحیح نہیں ہوتی وہ یہ کہ) جو خود کو بھی اور پاس والوں کے علاوہ دوسروں کو بھی سنا سکے جیسا کہ صف اول کے لوگ اور اعلیٰ جہر کی کوئی حد نہیں (شامی، جلد ا، ص ۳۵۹)۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ جہری نمازوں میں کم از کم اتنا جہر تو ضروری ہے کہ قریب والوں کے علاوہ صفِ اول کے لوگ بھی سن سکیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ اگر تمام صف اول والے اگرچہ صف ایک میل ہو تو پھر بھی جب تک وہ اس تمام صف والوں کو نہ سنائے تو ادنیٰ جہر نہ ہونے کی وجہ سے نماز نہ ہوگی۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ صفِ اول کے آس پاس کچھ لوگ سن لیں۔

علامہ ابن عابدینؒ اس پر بحث کر کے مسئلہ کو یوں بتلاتے ہیں کہ جہری نمازوں میں ادنیٰ جہر جو کہ ضروری اور واجب ہے اور جو کہ سرّی نمازوں میں نہیں ہونا چاہیئے اس کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ پاس والوں کے علاوہ دوسرے لوگ بھی سن سکیں اور جو اس حد تک نہ پہنچا ہو بلکہ اگر صرف بالکل پاس والے ایک دو آدمی بھی سن لیں تو وہ اخفاء میں داخل ہے جس سے جہری نمازیں مثلاً مغرب، عشاء وغیرہ صحیح نہیں ہوسکتی تو جہر اور سرّ کی یہ جو تعریف علماء کرام کرتے ہیں اس کا تعلق نمازوں وغیرہ کے صحیح ہونے کے ساتھ ہے نہ کہ اس ذکرِ جہری کے ساتھ (جس پر نماز کی صحت اور عدمِ صحت کا مدار نہیں ہے) اس لئے علامہ ابن عابدینؒ ذکرِ جہری کے ساتھ وہ اعلیٰ اور ادنیٰ قرأت کی کوئی حد مقرر نہیں فرماتے کیونکہ کسی کی آواز بہت اونچی ہوتی ہے اور کسی کی پست اس لئے حضرت مفتی صاحب نے بھی جواب میں جو فرمایا جس کا مطلب یہ ہے کہ بلند آواز سے ذکر کرنا اپنے نشاط پر موقوف ہے کہ جس قدر اونچی آواز سے نشاط اور سرور حاصل ہوتا ہے اتنا کریں اور ضرورت سے زیادہ نہ کریں۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ سے کسی نے پوچھا کہ؛ طریقہ شاذلیہ میں ذکر جلی باافراط لوگوں کو لے کر کھڑے ہو کر کرتے ہیں جائز ہے یا نہیں؟ اس مسئلہ پر حضرت تھانویؒ نے جہر (یعنی شدید اور بلند آواز جیسا کہ سوال اور طریقہ شازلیہ اور کھڑے ہو کر تینوں باتوں سے اچھی طرح واضح ہے) کے جواز اور عدمِ جواز دونوں طرف کے دلائل کو ذکر کر کے جس نتیجے پر وہ خود پہنچے ہیں لکھتے ہیں کہ؛

پس بعد ثبوت مشروعیت جہر کسی طور و ہیئت کے ساتھ مقید نہیں بلکہ بوجہ اطلاق ادلّہ مطلق ہے خواہ منفرد ہو یا مجتمع حلقہ باندھ کر ہو یا صف باندھ کر یا کسی اور صورت سے کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر ہر طور سے جائز ہے (امداد الفتاویٰ، جلد ۵، ص ۱۵۱ تا ۱۵۴)۔

خیرالفتاویٰ میں حضرت مفتی عبدالستار صاحب زیدمجدھم کا ایک فتویٰ موجود ہے وہ یہ کہ جب مستفتی نے مساجد میں اجتماعی اورانفرادی طور پرمعتدل جہر کے متعلق سوال کیا تو حضرت نے یوں جواب دیا؛

(الجواب) قرآن حکیم اوراحادیث مرفوعہ صحیحہ سے مجالسِ ذکر کا جواز بلکہ استحباب ثابت ہوتا ہے اس کے بعد حضرت مفتی صاحب زیدمجدھم نے قرآن وسنت اور حدیث کے کچھ دلائل لکھ دیئےاوردلائل ممانعت کے مدلل جواب دیدیئےاوراس مضمون میں انہوں نے فقہاءاورعلماء کے اقوال بھی نقل کرکے آخر میں حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ کے فتویٰ کونقل کرکے لکھتے ہیں کہ؛

بعد ثبوت مشروعیت جہر کسی طور و ہیت کے ساتھ مقید نہیں بلکہ بوجہ اطلاق ادلّہ مطلق ہے خواہ منفرد ہو یا مجتمع حلقہ باندھ کر ہو یا صف باندھ کر یا کسی اورصورت سے کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر ہرطور سے جائز ہے۔(امدادالفتاویٰ،جلد۵،ص۱۵۴)۔

ہاں حالات اوراشخاص کے اعتبار سےاس کی فضیلت میں اختلاف ہوسکتا ہےالبتہ ذکر بالجہر میں شرط یہ ہے کہ بطور ریاءنہ ہوکسی نائم یا مصلی کواذیت نہ ہو بلاتجویز شیخ جہرِ مفرط نہ ہوپھر اس جہرِ مفرط اوراس کی ہیئات خاصہ کوقربت[1] مقصودہ نہ سمجھے تارک پرنکیر نہ ہو۔(دیکھئے خیرالفتاویٰ،جلد۲،ص۳۷تا۵۷)۔

اس فتویٰ پرحضرت مفتی محمد اسحاق صاحب،حضرت مفتی محمد عبداللہ صاحب اورحضرت مفتی محمد انور صاحب تینوں نے الجواب صحیح لکھا ہے۔اس جواب میں غور سے دیکھئے تو معلوم ہوگا کہ اختلاف جہرِ شدید میں ہےاور جوحضرات شدید جہر یعنی زیادہ تیز آواز کومکروہ سمجھتے ہیں وہ بھی صرف اس وقت جبکہ اس کی ضرورت نہ ہواوروہ جہرِ شدید یعنی جس سےلوگوں کویعنی نمازیوں وغیرہ کوتکلیف پہنچے وہ توبالاتفاق ناجائز ہے۔

حضرت مولانا ظفراحمد عثمانیؒ ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں کہ؛

پس ذکرِ جہراس حدتک جائز ہے کہ اس سےسونے والوں اورنمازیوں کوتکلیف نہ ہواورنہ خود اپنے آپ کوتعب ہواورنہ ریاء کا خوف ہواوراگرقصدِ ریاءنہ ہومحض وسوسہ ریاء کا ہوتووہ ریاء

---

[1] یعنی ذکرتو کارثواب ہےلیکن جہرِ مفرط کی صورت اوراس کی ھئیات مثلاً کھڑے ہونا یا بیٹھنا یا حلقہ باندھنا یا سرہلانا وغیرہ کو بالذات عبادت نہ سمجھے بلکہ ذریعہ سمجھے۔

نہیں ہے اس کی پرواہ نہیں کرنا چاہیئے خلاصہ یہ کہ ذکرِ جہر کیلئے حد یہ ہے کہ جس سے نہ اپنے کو ایذاء ہو نہ دوسروں کو ایذاء ہو اور اگر کسی نے ذکر جہر تو شروع کیا حد کے اندر پھر بے اختیار بلا قصد کسی کیفیت یا حالت کے غلبہ سے تجاوز من الحد ہو گیا تو اس شخص پر ملامت نہیں۔ **"فان الامور الغیر الاختیاریة خارجة عن التکلیف کمالایخفیٰ"** (امداد الاحکام، جلد ا، ص ۳۲۱)۔

اس جواب سے یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ اگر کسی کیفیت یا حالت کے غلبہ سے جہر میں افراط آئے اور حد سے تجاوز کر جائے پھر بھی مضائقہ نہیں۔ مسلک دیوبند کے ترجمان حضرت مولانا الیاسؒ بانی تبلیغی جماعت، اور شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ کے شیخ و مرشد حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدّث سہارنپوریؒ سے کسی نے سوال کیا کہ:

ذکر با خفاء افضل ہے یا جہر اور حالتِ ذکر میں بعض مرتبہ وجد میں آ کر زانوں پر ہاتھ مارنا، تالی بجانا، کودنا، چلّانا وغیرہ امور کا کیا حکم ہے؟

(الجواب) ذکر الٰہی خواہ بالاخفاء یا بالجہر ہو عبادت ہے اور اگر چہ ذکر خفی بوجہ مظنہ ریاء جہر سے افضل ہے لیکن اگر ذکرِ جہر خالی از ریاء و دیگر مفاسد مثل تاذی مصلین اور نائمین اور قارئین وغیرہ ہو تو بوجہ مشقت ذکرِ خفی سے افضل ہوتا ہے۔ اس کے بعد دلیل میں حضرت سہارنپوریؒ نے شامی سے ایک حوالہ نقل کیا، اور اس کے بعد فرماتے ہیں؛ "اور بحالت ذکر اگر چہ وجد (یعنی شور و غل وغیرہ) ریاء سمعہ کے طور پر ہو تو مذموم اور حرام ہے اور بلا اختیار بلا ریاء اور بلا سمعہ کے ہو (تو) مضائقہ نہیں" اس کے بعد دلیل میں حضرتؒ نے علامہ ابن عابدینؒ کا ایک دوسرا حوالہ پیش کیا اور حضرت سہارنپوریؒ کے فتویٰ پر حضرت مفتی عنایت الٰہی، حضرت مفتی یحیٰی گنگوہیؒ، حضرت مفتی نور محسن اور حضرت مفتی محمد عبداللہ صاحبؒ نے "الجواب صحیح" لکھا ہے۔ (دیکھئے فتاویٰ خلیلیہ، ص ۳۲۷ تا ۳۲۹)۔

مذکورہ بالا فتویٰ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اختلاف جہر شدید میں ہے باقی وجد اور شور و غل اگر ریا کاری اور شہرت کی وجہ سے ہو تو پھر تو حرام ہے ورنہ اگر بلا اختیاری، بلا ریا کاری، و سمعہ کے ہو تو مضائقہ نہیں کے الفاظ کس قدر محتاط ہیں اور آج کل کے غیر محتاط فتاویٰ ملاحظہ کیجئے۔ اس کو خوف خدا کہتے ہیں کیونکہ ریا کاری اور شہرت پسندی کیلئے کوئی کام کرنے کی حرمت میں کسی کو اختلاف نہیں اور وہ تو یقینی حرام ہے لیکن یہ بات تو معلوم ہے کہ ریاء کاری اور شہرت پسندی کا تعلق دل اور نیّت سے ہے اس لئے حضرت سہارنپوریؒ نے اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیا کہ اگر ریاء کی

وجہ سے کرتا ہے تو حرام کرتا ہے اور اگر بلا اختیار یعنی بغیر ریاء اور شہرت پسندی کے کرتا ہے تو مضائقہ نہیں اور آج کل بے احتیاطی یہ ہے کہ جہاں ذکرِ جہر دیکھا تو اس کی نیت پر حملہ کر کے اور بغیر کسی قید و بند کے اس کے فعل کو حرام کہنے لگتے ہیں۔ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندیؒ اس مسئلہ پر تحقیق کر کے آخر میں فرماتے ہیں کہ؛

جس کسی نے ذکر جہر کو بدعت کہا ہے وہ بھی مطلق نہیں بلکہ خاص قسم کے التزامات [1] کے ساتھ ہو تو وہ بدعت ہے۔ مطلق جہر بالذکر بدعت کہنے کا کوئی معنی نہیں جبکہ روایات صحیح میں اس کا جواز واستحسان ثابت ہے آگے چل کر حضرت مفتی صاحبؒ افضل اور غیر افضل اور جہر مفرط کے متعلق فرماتے ہیں کہ؛ رہا افضل اور غیر افضل کا سوال سو وہ احوال واشخاص کے اعتبار سے مختلف ہے کسی کیلئے جہر افضل ہے اور کسی کیلئے سرّ افضل اور کسی وقت جہر کسی وقت سرّ افضل ہے تعین اس کا عوام کو خود نہیں کرنا چاہیئے کسی شیخ کامل سے کرانا چاہیئے۔ بہر حال یہ امر قابل نظر ہے کہ اس کے جہر سے دوسروں کی نماز، تسبیح میں یا نیند میں خلل بغیر ان کی اجازت کے نہ آئے۔ (دیکھئے امداد المفتین، ص ۲۴۹ تا ۲۵۰)۔

# عصر حاضر کے جیّد علماء اور مفتیان کرام سے ذکرِ جہری کے متعلّق سوال:

پاکستان کے جیّد علماء اور مفتیان کرام سے میرے چچازاد بھائی صاحبزادہ زاہد زمان، کربوغہ شریف والے نے شرائط کے ساتھ ذکرِ جہری کے متعلق سوال پوچھا جو کہ مندرجہ ذیل ہے۔ اور مفتیانِ کرام نے جو جوابات دیئے ہیں ان کے چند اقتباسات بھی ذیل میں درج ہیں۔

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص لاؤڈ اسپیکر پر یہ کہتا ہے کہ ذکر جہر بدعت اور حرام ہے اور ذکرِ جہر کرنے والا بدعتی ہے، اور دوسرا شخص اس کے جواب میں کہتا ہے کہ مطلق ذکرِ جہر بدعت اور حرام نہیں بلکہ بہت سے محققین جن میں علماء دیوبند بھی

---

[1] جہر مفرط عرفی امر ہے اس کا کوئی پیمانہ مقرر نہیں کیا جاسکتا عرف میں جس کو جہرِ مفرط سمجھا جائے وہ مفرط ہے اور جس کو متوسط سمجھا جائے وہ متوسط ہے اور مختار ہمارے مشائخ کا یہ ہے کہ جس کیلئے اس کا شیخ جس قدر جہر کو تجویز کرے اتنا جہر کرنا چاہیئے جس سے قلب پر اثر پہنچ سکے اور دماغ پریشان نہ ہو اس سے زیادہ جہر فضول ہے البتہ کسی وقت غیر اختیاری ہو جائے تو اس میں مضائقہ نہیں۔

شامل ہیں وہ سب ذکرِ جہر کو مندرجہ ذیل شرائط کے ساتھ جائز قرار دیتے ہیں۔

(۱) ریاء کا اندیشہ نہ ہو۔

(۲) نمازیوں کی نماز اور سونے والوں کے آرام میں خلل نہ ہو۔

(۳) چیخ و پکار کیے بغیر متوسط جہر کے ساتھ ذکر ہو۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا واقعی بہت سے محققین جن میں حضرت امام شاہ ولی اللہ محدّث دہلویؒ، حضرت علّامہ انور شاہ کشمیریؒ، حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ، حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ، حضرت مولانا الیاس صاحب بانیِ تبلیغ ؒ، حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریّا صاحبؒ اور حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ رحمہم اللہ تعالیٰ وغیرہم شامل ہیں ان کے نزدیک ذکرِ جہر مذکورہ بالا شرائط کے ساتھ جائز ہے؟

نیز آپ کے نزدیک ذکرِ جہری مذکورہ بالاشرائط کے ساتھ جائز ہے یا حرام؟ اور ذکرِ جہر کرنیوالا یا اس کو جائز قرار دینے والا بدعتی ہے یا نہیں اور اگر نہیں تو اس کو بدعتی کہنے والے کا شرعی حکم کیا ہے؟ بیّنوا توجروا۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔ المستفتی زاہد زمان

## دارالعلوم کراچی کا جواب:

دارالعلوم کراچی نمبر۱۴ نے اس سلسلے میں جو جواب دیا وہ یہ ہے۔

"مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھتے ہوئے ذکر بالجہر بدعت نہیں ہے بلکہ جائز ہے اور ان شرائط کے ساتھ ذکر بالجہر کرنے والے کو بدعتی قرار دینے والا خود غلطی پر ہے اور راہِ اعتدال سے ہٹا ہوا ہے"..................واللہ اعلم بالصواب۔ محمد اسحاق سواتی عفااللہ عنہ، دارالافتاء دارالعلوم کراچی نمبر۱۴، ۴/۱/۱۴۱۶ھ

مفتی محمد اسحاق صاحب کے جواب کو حضرت مفتی محمود اشرف صاحب، مفتی اصغر علی صاحب اور مفتی عبدالمنان صاحب نے صحیح اور درست قرار دیا۔ اور اسی طرح کا جواب دارالعلوم کراچی نمبر۱۴ کے مفتی جناب اکرام اللہ بنوری صاحب نے بھی دیا ہے، جس پر حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف صاحب دامت برکاتھم کی تصدیق بھی موجود ہے اور یہ جواب ۱۴۱۵-۱۲-۲۹ھ کو لکھا گیا ہے۔

## دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کا فتویٰ:

www.noorehidayat.org

مذکورہ سوال کے جواب میں اکوڑہ خٹک کی مشہور دینی درسگاہ جامعہ حقانیہ سے دو جواب آئے ایک جواب حضرت اقدس مفتی محمد فرید صاحب دامت برکاتھم کا اور دوسرا حضرت مولانا مفتی سیف اللہ حقانی صاحب دامت برکاتھم کا ہے دونوں کا جواب پڑھ لیجئے۔

حضرت مفتی محمد فرید صاحب دامت برکاتھم کا جواب؛

"ذکرِ جہر جب ایذاء سے خالی ہوتو علامہ شامیؒ نے امام عبدالواھاب شعرانیؒ سے روایت کیا ہے کہ یہ مستحب ہے"۔ محمد فرید عفی عنہ

حضرت مفتی سیف اللہ حقانی صاحب دامت برکاتھم کا جواب؛

"ذکر بالجہر جب کسی کیلئے یعنی نائم، مریض اور مصلّی وغیرہ کیلئے مضر نہ ہوتو جائز ہے بلکہ بہتر ہے............لہذا ذکر بالجہر غیر مضر کوحرام اور بدعت کہنے والا غلطی پر ہے"۔ ھوالموفق کتبہ سیف اللہ حقانی، مفتی دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک

# جامعہ خیرالمدارس کا فتوٰی:

پاکستان کے قدیم اور مشہور مدرسہ جامعہ خیرالمدارس سے اس کا جواب یوں دیا گیا؛

"عبارات مذکورہ سے معلوم ہوا کہ ذکر بالجہر بلا اختلاف جائز ہے بلکہ مستحب ہے۔ البتہ کسی عارض کی وجہ سے ممنوع ہو جائیگا، مثلاً نمازیوں یا تلاوت کرنے والوں کو اذیت ہو یا ریاء کا خوف ہوتو ایسی حالت میں آہستہ ذکر کرنا چاہیئے"۔ فقط واللہ اعلم۔ بندہ محمد اسحاق، مفتی جامعہ خیرالمدارس، ۱۴۱۶/۲/۴ھ

حضرت مولانا مفتی محمد اسحاق صاحب زید مجدھم کے اس جواب پر حضرت مفتی عبدالستار صاحب دامت برکاتھم کی تصدیق موجود ہے۔

# دارالعلوم فیصل آباد کا جواب:

حضرت اقدس مولانا مفتی زین العابدین دامت برکاتھم کے مدرسہ دارالعلوم فیصل آباد کا اس سلسلہ میں یہ جواب آیا؛

"عبارت بالا سے معلوم ہوا کہ اگر ذکران مذکورہ شرائط کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے تو جائز ہے تمام علماء کے نزدیک۔ (جوشرائط سوال میں درج ہیں) اگر ان شرائط سے ہٹ کر ہوتو

پھر بدعت ہے" فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔ مظہر اقبال، دارالافتاء، دارالعلوم فیصل آباد ۳۰ ذی الحجہ، ۱۴۱۵ھ/ ۱۹۹۵-۰۵-۳۰

## مدرسہ عربیہ عبیدیہ فیصل آباد کا جواب:

مدرسہ عربیہ عبیدیہ کے مہتمم اور دارالعلوم فیصل آباد کے شیخ الحدیث حضرت مولانا جاوید حسین شاہ صاحب دامت برکاتھم نے اس کا جواب یوں دیا ہے؛

مذکورہ شرائط کیساتھ ذکر جہری ہونے پر بلکہ مسجد میں اجتماعی ذکر کے مستحب ہونے پر علامہ شعرانیؒ نے اجماع نقل فرمایا ہے..........تو اسے بدعت کہنے والا فاسق ہے نیز اکابر علمائے دیوبند (جنکا ذکر استفتاء میں کیا گیا ہے) کے مسلک سے منحرف ہے۔ فقط واللہ اعلم۔ جاوید حسین عفا اللہ عنہ، (استاد الحدیث) دارالعلوم فیصل آباد

## جامعہ امداد العلوم پشاور:

جامعہ امداد العلوم پشاور کے شیخ الحدیث حضرت مولانا الطاف الرحمٰن بنوی صاحب دامت برکاتھم نے اس سوال کا جواب یوں دیا کہ؛

ذکرِ جہر غیر مفرط مذکورہ بالا شرائط کے ساتھ جائز ہے بالخصوص جبکہ متوسلین کی مشق اور تمرین کیلئے ہو، حوالہ جات مشہور و معروف ہیں۔ الطاف الرحمٰن، امداد العلوم پشاور۔

## صوبہ سرحد کی عظیم علمی شخصیت:

صوبہ سرحد کی عظیم علمی شخصیت حضرت شیخ الحدیث مفتی محمد امین اورکزئی صاحب دامت برکاتھم، جامعہ یوسفیہ شاھو وام والے، ان کا جواب مندرجہ ذیل ہے؛

مندرجہ بالا تفصیل و شروط کے ساتھ ذکر بالجہر کو حرام یا بدعت کہہ دینے والا جاھل ہے یا مفسد و زائغ، حضرت امام ابو حنیفہؒ و دیگر اھل علم نے ایسے ذکر جہر کو مکروہ و بدعت قرار دیا ہے، جو صاحب شریعت سے بلا جہر ثابت ہو یعنی کسی موقع پر ذکر تو منقول ہو لیکن جہر منقول نہ ہو ایسے موقع پر باعتقاد قربت جہر کو مکروہ فرمایا جبکہ صاحبین اور دوسرے ائمہ کرام کے نزدیک یہ جہر بھی بلا کراہت جائز ہے اور مفتیٰ بہ حنفیہ کے نزدیک یہی قول ہے۔ واللہ سبحانہ اعلم۔ محمد امین عفا اللہ عنہ، خادم جامعہ یوسفیہ، شاھو وام۔

حضرت شیخ الحدیث اورکزئی دامت برکاتھم نے اس سلسلہ میں ایک اور جواب بھی دیا ہے اس کے آخری الفاظ یہ ہیں۔

بہر حال جو شخص ذکر جہری کو مطلقاً بدعت قرار دیتا ہے اور وہ بھی لاوڈ سپیکر پر۔ یقیناً خود مبتدع اور مفسد ہے۔ واللہ سبحانہ اعلم۔ محمد امین عفا اللہ عنہ، خادم جامعہ یوسفیہ، شاھو وام، یکم ذی الحجہ، ۱۴۱۵ھ

یہاں جن حضرات کے جوابات نقل کئے گئے ہیں ان کے تمام تحریری جوابات کی اصل تحریرات عکس کی صورت میں نقل کی جا چکی ہیں۔ نیز الحمدللہ آج تک یہ سارے علماء ومفتیان عظام بھی زندہ ہیں ان سے براہ راست خود بھی پوچھا جاسکتا ہے۔ اس باب کے آخر میں مناسب یہ ہے کہ خود حضرت امام ابوحنیفہؒ کا اپنا عمل بھی پیش کیا جائے جو دعا کے بارے میں آپؒ سے منقول ہے۔

## حضرت امام ابوحنیفہؒ کی مسجد میں جہری دعا:

چنانچہ حضرت امام ابوحنیفہؒ کی مسجد کے مؤذن کا بیان ہے کہ؛

جب سب لوگ عشاء کی نماز پڑھ کر نکل گئے تو امام صاحبؒ نے نماز شروع کی۔ پھر میں واپس آیا تو فجر طلوع ہونے کے قریب تھی میں نے دیکھا کہ آپؒ کھڑے ہوئے اپنی داڑھی کو پکڑ کر کہہ رہے ہیں؛ **یَامَنْ یجزی بِمِثْقَالِ ذرَّةٍ خَیرٍ خَیرًا وَیَامَنْ یَجْزِی بِمِثْقَالِ ذرَّةٍ شَرٍّ شَرًّا اَجِرُ النعمانَ عَبْدکَ مِنَ النَّارِ وَمَایقرب مِنهَا واَدْ خِلْه‘ سِعَةَ رَحْمَتِکَ**: اے وہ ذات جو ذرہ برابر خیر کے بدلے خیر دیتا ہے اور ذرہ برابر شر کے بدلے شر (اور سزا) دیتا ہے۔ اپنے بندے نعمان کو جہنم کی آگ سے خلاصی نصیب فرما اور جو عمل اس آگ کو قریب کرنیوالا (اور پہنچانے والا) ہے اس (قول وفعل) سے بھی بچا اور اسے اپنی وسیع رحمت میں داخل فرما (عقود الجمان، ص ۲۲۵)۔

نیز قاضی صیمریؒ نے بکرؒ سے نقل کیا ہے کہ میں نے ایک رات ابوحنیفہؒ کو دیکھا کہ نماز پڑھتے ہوئے رو رو کر دعا مانگ رہے ہیں کہ؛

**ربّ ارْحَمْنِیْ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَکَ وَقِنِیْ عَذَابَکَ وَاغْفِرْلِی ذُنُوْبِیْ یَوْمَ یَقُوْمُ الاَشْهَاد** یعن: اے میرے پروردگار مجھ پر رحم فرما اس دن جبکہ تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔ اور مجھے اپنے عذاب سے بچا اور میری خطاؤں کو معاف فرما اس دن جبکہ گواہ کھڑے

ہونگے (عقود الجمان ،ص ۲۲۵)۔

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک مسجد میں جہری دعا اور ذکر جائز ہے۔اورآپؒ کی یہ دعا جہری ہی تھی کیونکہ مؤذن اور قاضی صمیریؒ نے ان کی دعا کوسن بھی لیا تھا اور یاد بھی کیا تھا۔

## مذکورہ بالاعبارتوں کا خلاصہ:

مذکورہ بالاعبارتوں سے اختلاف کی نوعیت معلوم ہوئی نیز یہ کہ جب جہر معتدل ہواس کے جواز پراور جہر مفرط (یعنی جس جہر سے خود کونقصان ہو یا نمازیوں وغیرہ کوتکلیف ہوتی ہو) کے ناجائز ہونے پرتمام فقہاء وعلماء کا اتفاق ہے۔البتہ جن علماء کی عبارتیں مجمل ہیں ان کے کلام اورعبارتوں کواسی جہر مفرط یا کسی خارجی سبب مثلاً تخصیص والتزام پرمحمول کیا جائے گا اوراگر کوئی شخص صراحت کیساتھ مطلقاً ذکر معتدل کی نفی ایسی جگہ میں کرتا ہے جہاں شریعت مطہرہ نے ذکر جہراور ذکر سرّ میں سے کسی ایک صورت کومتعین نہیں کیا ہےتو ایسے شخص کا یہ قول قرآن مجیداور رسول اللہ ﷺ کے واضح ارشادات اورعمل سے ٹکراتا ہے جس کا کوئی اعتبار نہیں بلکہ جہر مفرط میں وہ جہر جوآواز کی انتہائی حد ہو یایوں کہہ دیجئے کہ شدید جہر ہوتو وہ بھی اذان،تلبیہ اور جہاں دین کا اظہار یا کفّار ومشرکین پررعب جمانے کی خاطر ہو یا مسلمانوں کے اندر جذبہ پیدا کرنے کی خاطر ہوتو یہ بھی بالاتفاق جائز ہے مثلاً حملہ کے وقت نعرہ تکبیر لگا کر کفّار پرٹوٹ پڑنا وغیرہ البتہ جہاں اتنے جہر کی شرعی ضرورت نہ ہو وہاں اس قدر جہر میں علماء کا اختلاف ہے۔بعض علماء اس کا یہ فائدہ بتلاتے ہیں کہ یہ آواز جس حدتک جائیگی وہاں تک جڑی بوٹیاں پتھرڈھیلے وغیرہ اورحیوانات وغیرہ سب اس کے ذکر پرگواہ بن جائیں گےاور ذکر کی برکت ان کوپہنچ جائیگی۔

نیز اس ذکر کا ولولہ دوسرے سننے والوں میں پیدا ہو جائیگا جولوگ ذکر کی آوازسن لیں گے وہ بھی اللہ تعالیٰ کو کسی نہ کسی درجہ میں تو یادکرلیں گے اسی طرح کے فوائد کے پیش نظر وہ بغیر کسی ضروت کے جہر شدید کے بھی قائل ہیں اور بلاکسی کیفیت خاصہ کے۔لیکن بہت سے محقّقین بلاضرورت جہرِ شدید کواگرچہ ریاء وغیرہ جیسے مفاسد سے خالی ہوتو بھی صحیح نہیں سمجھتے ان کے پیشِ نظر "دون الجهر "والی ایت اور " اربعو ا "وغیرہ جیسی حدیث ہے اس لئے وہ اس سے صرف ضرورت کے وقت جہر شدید کومستثنیٰ کرتے ہیں مثلاً اذان،تلبیہ،اظہار دین اورعین حملہ کے وقت یا جس شخص کے ہموم اورغلط افکارکودفع کرنے کیلئے ضرورت کے تحت جہرِ شدید کریں تو جائز ہےاورضرورت کے بغیر ناجائز۔انشاء اللہ تعالیٰ اس مسئلہ کی تفصیل قرآن وحدیث روشنی میں آئندہ آجائیگی۔

## جہری ذکرافضل ہے یاسرّی: 

جہرا افضل ہے یا سرّ اس کے متعلق اتنی بات یاد رکھیں کہ جب کوئی صاحبِ بصیرت عالم اور فقیہ یہ کہتا ہے کہ جہرا افضل ہے تو اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہوتا کہ بس جہری ہی کرنا ہے یا اگر سرّی کے متعلق کہتا ہے کہ سرّ افضل ہے تو اس کا مطلب نہیں کہ بس سرّی ذکر کرتا رہے حالانکہ تمام علماء قرآن مجید کی تلاوت جہراً کرتے ہیں اور جب تھک جاتے ہیں تو چپکے چپکے پڑھتے ہیں۔ نہ تو انسان ہمیشہ چپکے چپکے ذکر و تلاوت و دعا کر سکتا ہے اور نہ جہراً بلکہ کبھی ذوق و شوق ہو یا نیند کا غلبہ ہو تو جہراً پڑھتا ہے اور جب تھکاوٹ محسوس کرتا ہے تو چپکے چپکے پڑھتا رہتا ہے۔ بلکہ نبی کریم ﷺ خود چپکے چپکے ذکر بھی کرتے تھے اور جہراً بھی ذکر و تلاوت کرتے تھے لہٰذا ایسی صورت میں کہ جب سری یا جہری ذکر کی افضلیت کا بیان ہو تو علماء کا مطلب صرف سرّ اور جہر کی اپنی ذاتی حیثیت کو واضح کرنا ہوتا ہے کوئی کہتا ہے کہ سرّی ریاء سے دور تر ہے اور اس کے برعکس دوسرے حضرات کہتے ہیں کہ ریاء ایک قلبی کیفیت اور نیت سے تعلق رکھتا ہے اس لئے اگر ریاء سے خالی ہو تو جہر میں مشقت اور دوسرے فوائد ہیں جو کہ ذکرِ سرّی میں نہیں۔ اس لئے جہرا افضل ہے جیسا کہ مذکورہ بالا حوالوں سے یہ معلوم ہو گیا ہے کہ بعض کے نزدیک جہرا افضل ہے اور بعض کے نزدیک اخفاء۔

## عبادات اور سرّ و جہر میں افضلیت کی بنیاد:

علماء کا یہ اختلاف قرآن و حدیث کے نصوص کی بنیاد پر ہے مثلاً جو حضرات علماء کرام ذکر سرّی (یعنی زبان سے چپکے چپکے ذکر کرنے) کی افضلیت بیان کرتے ہیں ان کے پیشِ نظر قرآن مجید اور حدیث کے مندرجہ ذیل نصوص ہیں۔

> اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّاهِيَ وَاِنْ تُخْفُوْهَاوَ تُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ: اگر اپنے صدقات (خیرات) کو ظاہر کرو تو اچھی بات ہے اور اگر اس کو چھپا کر ان فقیروں کو دو تو یہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے (بقرہ،۲۷۰)۔

اس آیت میں خفیہ صدقہ کا زیادہ ثواب بتلایا جا رہا ہے اگرچہ علانیہ بھی بہت اچھا ہے اگر نیت خالص ہو۔ اسی نیت کی وجہ سے بعض لوگ فی نفسہ تمام عبادات میں خفیہ کی فضیلت کے قائل ہیں اور بعض اس میں تفصیل کرتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ فرضی عبادات خواہ نماز ہو، زکوٰۃ اس میں اظہار ہی افضل ہے اور جو نفلی عبادات ہیں ان میں اخفاء افضل ہے البتہ خارجی اسباب مثلاً اس نیت سے علانیہ صدقہ دے دینا تا کہ دوسرے لوگوں کو شوق و رغبت ہو جائے وہ فقیر کو صدقہ دیں تو ایسی صورت میں اظہار اچھا ہے، اگر نیت خالص ہو۔ لیکن بعض حضرات اظہار اور اخفاء کو برابر سمجھتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا یہ بھی تو فرمان ہے کہ؛

اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّھَارِ سِرًّا وَّعَلَانِیَۃً فَلَھُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَرَبِّھِمْ ج وَلَاخَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَاھُمْ یَحْزَنُوْنَ: جولوگ اپنے اموال دن رات چھپکے اور علانیہ خرچ کرتے ہیں انکا اجر ان کے رب کے پاس ہے اور ان کیلئے کوئی خوف اور رنج نہیں ہوگا (بقرہ،۲۷۴)۔

اس آیت کے پیشِ نظر وہ فرماتے ہیں اگر نیت خالص ہے لوگوں کے دکھاوے اور شہرت کی نیت نہ ہو تو علانیہ خیرات کرنا بھی بہتر ہے تاکہ اوروں کو بھی شوق و رغبت ہو اور چھپا کر خیرات بھی بہتر ہے تاکہ لینے والا شرم محسوس نہ کرے۔غرض ان کے نزدیک بعض فوائد کی وجہ سے خفیہ بہتر ہے اور بعض فوائد کی وجہ سے علانیہ لیکن صحیح بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ خیرات وصدقات میں فی نفسہ اخفاء افضل ہے اور اس اخفاء میں خود دینے والے کو ہی زیادہ فوائد ہیں۔کیونکہ اس کی وجہ سے اس کو عام لوگوں کی داد نہیں ملتی،دوسری بات یہ کہ لینے والا بھی شرمندگی سے محفوظ رہتا ہے لیکن چونکہ صدقہ کے اظہار میں اور لوگوں کو رغبت ہوتی ہے اس لئے جہراً صدقہ دیدینا بھی اچھا ہے بشرطیکہ نیت خالص ہو۔

بہرحال فرائض تو ہیں اجتماعی امور ان کے اظہار میں فضیلت بھی ہے اور ان میں اندیشہ بھی زیادہ نہیں لیکن نوافل خصوصاً صدقات میں اخفاء افضل ہے اگرچہ بہتر دونوں ہیں لیکن اس سے ذکر جہر اور ذکر سرّ کی افضلیت ثابت نہیں ہوتی اور نہ ''خیر الذکر الخفی'' والی حدیث سے زبانی چپکے چپکے ذکر کی فضیلت ثابت ہوئی ہے کیونکہ زبانی اور چپکے کو ذکرِ خفی نہیں کہتے اس کا بیان انشاءاللہ ''اُدْعُوْ رَبَّکُمْ'' کے تحت آجائیگا۔نیز صدقات میں چپکے دینے میں انسان کے اپنے نفس کی اصلاح زیادہ ہوتی ہے لیکن چونکہ ذکر جہری خود بھی نفس کی اصلاح اور دل کی نرمی اور نینداور سستی کے ختم کرنے میں ذکرِ لسانی سرّی سے زیادہ مفید ہے اس لئے یہاں یہ بحث صحیح نہیں کہ لسانی سرّی افضل ہے یا جہر افضل ہے بلکہ ان کی فضیلت کا تعلق مختلف اوقات اور مختلف اشخاص کے ساتھ ہے جیسا کہ محقّقین علماء کا اس کے متعلق یہی فیصلہ ہے ہاں اگر خارجی اسباب کی رعایت نہ ہو تو فی نفسہ نفلی اذکار میں اخفاء ہی افضل ہے لیکن اس سے مراد ذکرِ لسانی سرّی نہیں بلکہ وہ ایک اور صورت ہے۔انشاءاللہ تعالیٰ اس کا بیان عنقریب آرہا ہے۔

## ذکرِ لسانی جہری کی افضیلت کے متعلق محقق علماء کا فیصلہ:

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ سے کسی نے سوال کیا کہ ذکرِ جہر افضل ہے یا خفی؟[۱] حضرتؒ نے جواب میں ارشاد فرمایا؛ دونوں میں فضیلت ہے من وجہ،کسی وجہ سے جہر افضل ہے اور بعض وجہ سے خفی افضل ہے اور دلیل

[۱] یعنی زبان کے ساتھ چپکے چپکے ذکر کرنا۔

یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے مطلق ذکر کا حکم فرمایا "اُذْکُرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا" مطلق کے زد میں جو ہو مامور ہے اور فضائل خارجی مختلف ہوتے ہیں باعتبار ذکر اور وقت اور کیفیت ثمرات کے، فقط واللہ اعلم۔(دیکھئے فتاویٰ رشیدیہ،ص ۵۹۷)۔

حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ ایک مرید کو جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ "ذکر دونوں طرح مفید ہے لیکن جہر اچھا معلوم ہوتا ہے" حضرت تھانویؒ نے اس سائل کو اٹھارہ ہزار بار اسم ذات کا جہری ذکر بتلایا اور یہ اس شخص کی حالت کے مطابق تھا، اس لئے جہر اس کیلئے زیادہ مفید پایا اس لئے فرمایا کہ ذکرِ جہر اچھا معلوم ہوتا ہے(امدادالفتاویٰ،جلد۵،ص۱۶)۔

حضرت گنگوہیؒ اور حضرت تھانویؒ کے اس فتویٰ کی تائید بہت سی کتابوں میں بہت سے علماء سے منقول ہے جیسا کہ فتاویٰ بزازیہ وخیریہ، فتاویٰ شامیہ، فتاویٰ خلیلیہ، امدادالمفتین وغیرہ بہت سے فقہاء اور علماء کے بہت سے حوالوں سے یہی ظاہر اور ثابت ہے نیز حضرت امام شاہ ولی اللہؒ اور مسلک دیوبند کے مشائخ مثلاً حضرت تھانویؒ، حضرت مولانا محمد الیاسؒ وغیرہ تمام مشائخ کے عمل سے ذکر جہر اور خفی کے متعلق یہی ثابت ہے کہ ذکر جہر اور سرّ میں وقت اور شخص کا لحاظ رکھتے تھے [1]۔ ذکر جہری افضل ہے یا سرّی اس کا معاملہ بہت ہی سہل اور آسان ہے اس لئے اس کو نزاعی مسئلہ بنانا اچھا نہیں، ذوق اور رائے کا اختلاف ہے ورنہ عملاً تقریباً تمام مسلمان اپنے ذکر و تلاوت ودعا میں جہر معتدل اور سرّ دونوں کو اختیار کرتے رہتے ہیں، کوئی کسی وقت جہر کرتا ہے اور کوئی کسی وقت سرّ۔

## ذکرِ خفی اورضربِ خیالی:

یاد رہے کہ ذکر جہری کیلئے بعض علماء ذکر جلی کا لفظ استعمال کرتے ہیں اور چپکے چپکے زبان سے ذکر کیلئے

---

[1] حضرت علامہ احمد عبدالرحمٰن البناءؒ اپنی کتاب الفتح الربانی کی شرح بلوغ الامانی میں لکھتے ہیں؛"قد جمع العلماء بین احادیث السرّ والجھر بان ذالک مختلف باختلاف الاشخاص والاحوال فقد یکون الجھر افضل اذا امن الریاء وکان فی الجھر تذکیر للغافلین و قد یکون الاسرار افضل اذا اخشی الریاء اوتشویش علی نحو مصلّی "(الفتح الربانی، جلد۱۴،ص ۲۰۶)۔ اسی طرح کی عبارت بلکہ زیادہ مفصل فتاویٰ خیریہ وغیرہ میں موجود ہے۔(فتاویٰ خیریہ علی ھامش تنقیح الحامدیہ، جلد۲، ص۲۸۱)، (فتاویٰ بزازیہ علی ھامش الھندیہ، جلد۶،ص ۳۷۸)، (فتاویٰ الشامیہ، جلد۵،ص ۲۵۵)، (طحطاوی علی مراقی الفلاح، ص۱۷۴)، (فتح المعین للعلامۃ سید محمد ابی السعود المصری الحنفیؒ، جلد۱،ص ۲۳۹)، (روح المعانی، جلد۸،ص۱۴۰)، (الحاوی للفتاویٰ للسیوطیؒ، جلد۱،ص ۳۸۹)، اسی طرح اور بھی بہت سی کتابوں میں جہر اور سرّ کی افضیلت کی متعلق یہی فیصلہ اور تفصیل موجود ہے۔

بعض علماء سرّی اور بعض علماء خفی کا لفظ استعمال کرتے ہیں اور صوفیاء اور مشائخ اس ذکر کو بھی ذکرِ خفی کہتے ہیں جو کہ خیال سے دل پرضرب لگائی جاتی ہے یا یوں خیال کرے کہ "دل اللہ اللہ" کرتا ہے یا خیال سے "لاالٰــــہ الاّ اللہ" کی ضربیں لگانا۔ اس ذکر کو صوفیاء ذکر قلبی بھی کہتے ہیں لیکن یاد رہے حدیث میں جس ذکرِ خفی اور قلبی کا ذکر ہے یا علماء کرام جس کو ذکرِ قلبی کہتے ہیں اس سے مراد یہ صوفیاء کرام کا ذکرِ خفی اور قلبی نہیں بلکہ صوفیاء کرام کا یہ ذکر بھی جلی اور لسانی سرّی کی طرح ذکر کی ایک صورت ہے جو کہ جائز ہے کہ یہ صورت بھی بذات خود عبادت یعنی عبادت مقصودہ نہیں بلکہ دوسری صورتوں کی طرح یہ بھی ذکر کا ایک طریقہ اور صورت ہے اگر جہر میں لسانی ضربیں ہیں تو یہاں خیالی ضربیں ہیں اور اس کو خیالی وِرد تو کہا جاتا ہے، نہ کہ یہ وہی ذکرِ خفی اور قلبی ہے جس کی فضیلت حدیثوں میں بیان کی گئی ہے۔

## ذکرِ خفی سے مراد کون سا ذکر ہے؟

ذکرِ خفی جس کا بیان حدیثوں میں آیا ہے اس سے مراد دل کی گہرائیوں سے اللہ تعالیٰ کی وہ یاد ہے جو فرشتوں سے بھی چھپی رہتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک قلبی لگاؤ ہے، اس کی عظمت میں اس کی قدرت کی نشانیوں میں جو آسمان وزمین میں ہیں ان میں غور وفکر کرنا اور اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اس کی نشانیوں میں مستغرق ہونا ہے اور تفکر اور قلبی لگاؤ سے معرفت کے وہ چشمے ابلتے رہتے ہیں اور ہر لمحہ اور ہر آن انسان کے دل پر اللہ تعالیٰ کی عظمت وبڑائی اس قدر بڑھتی رہتی ہے کہ اس کو ہر گذشتہ آن تاریک اور اللہ تعالیٰ کیلئے کیا ہوا ہر اچھے سے اچھا عمل حقیر اور قابلِ استغفار نظر آتا ہے، اور ایسا ذکر اور غور وفکر کرنے والا ہر وقت اللہ تعالیٰ سے التجاء، راز ونیاز میں رہتا ہے اور ہر آن اللہ تعالیٰ کی جو عظمت اس پر کھلتی رہتی ہے اس کی عقل حیران رہتی ہے اور یہی حیرانی ہر آن ہر لمحہ بڑھتی رہتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں یہ دولت نصیب فرمائے۔

البتہ ذکر کی انہی صورتوں جلی جہری ہو یا سرّی یا خیالی جیسے طریقوں سے انسان اس اعلیٰ ذکر یعنی ذکرِ خفی تک پہنچ جاتا ہے۔

## ذکرِ خفی اور حدیث:

اب ذکرِ خفی کے متعلق حدیثوں کو پڑھ لیجئے۔

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ **خیر الذکر الخفی و خیر الرزق مایکفی**: بہترین ذکر وہ ہے جو خفی ہے اور بہترین رزق وہ ہے جو

بقدر کفایت ہے (موارد الظمآن)۔

یہ حدیث مسند امام احمدؒ اور بیہقیؒ میں بھی ہے یہ حدیث بہت ضعیف ہے کیونکہ اس میں ایک راوی اسامہ بن زید (عدوی ہوخواہ لیثی ہو دونوں) سخت کمزور راوی ہیں اور بہت سے علماء حدیث نے ان کو وہمی واہی منکر الحدیث قرار دیا ہے[1]۔ نیز اسامہ بن زید جس شخص سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں وہ محمد بن عبدالرحمٰن ابی لبیبہ ہیں وہ بھی متکلم فیہ ہے دار قطنی نے اس کو ضعیف اور یحیٰی بن معین نے اس کی حدیث کو لاشیٔ قرار دیا ہے۔ بہرحال حدیث کے متعلق اتنی بات تو واضح ہے کہ یہ ضعیف ہے البتہ معنی کے لحاظ سے دوسری احادیث اور شریعت مطہرہ کے مزاج سے پوری مطابقت رکھتی ہے لیکن اس سے مراد ذکرِ لسانی خفی نہیں جیسا کہ اس کا بیان ایک دوسری حدیث میں موجود ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ **افضل الذکر الخفی الذی لایسمعه الحفظة سبعون ضعفًا اذا کان یوم القیامة:** وہ افضل ذکرِ خفی ہے جس کو کرامًا کاتبین بھی نہیں سنتے قیامت کے روز اس کا ثواب ستر (۷۰) گنا بڑھا ہوا ہوگا۔ نیز حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ فرماتے تھے، جب قیامت کا دن ہوگا اور اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کو حساب کتاب کیلئے جمع کرے گا اور کرامًا کاتبین (یعنی اعمال لکھنے والے اور جمع کرنے والے) فرشتے آئیں گے (اور تمام جمع شدہ اعمال اور ریکارڈ کو اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضر کریں گے) اللہ تعالیٰ (وہ تمام ریکارڈ دیکھ کر) ان سے فرمائے گا دیکھو اس شخص کے اعمال میں کوئی چیز باقی رہ گئی ہے؟ (جو کہ اس کے دفتر اور ریکارڈ میں موجود نہیں) تو فرشتے عرض کریں گے؛ اے ہمارے رب: ہم نے ان چیزوں میں سے کوئی ایسی چیز نہیں چھوڑی جس کو ہم نے معلوم نہ کیا اور جو بھی ہم نے یاد رکھا ہم نے اس دفتر اور ریکارڈ میں تمام کا تمام جمع کرلیا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ تب اپنے اس بندے کو مخاطب کرکے فرمائے گا کہ میرے پاس تیری ایسی چھپی ہوئی نیکی محفوظ ہے جسے (کوئی نہیں بلکہ) تو بھی نہیں جانتا اور میں خود تجھے اس نیکی کا اجر عطا کروں گا اور وہ ذکرِ خفی ہے (اخرج ابو یعلی کذا فی مجمع الزوائد، جلد ۱۰، ص ۸۱)[2]۔

یہ حدیث بھی ضعیف ہے لیکن اس حدیث نے پہلی حدیث کے معنی کو متعین کرلیا کہ اس سے قلبی لگاؤ اور فکر مراد ہے

---

[1] تہذیب التہذیب، جلد ۱، ص ۲۰۷ تا ۲۰۹۔　[2] قال الهیثمیؒ وفیه معاویه بن یحییٰ الصد فی وهو ضعیف.

کیونکہ انسان کوخود تو اس ذکر کا پتہ چلتا ہے کہ اپنے خیال کیساتھ دل پر ضرب لگا تا ہے یا چپکے چپکے زبان سے تسبیح و تہلیل پڑھتا ہے بلکہ اس کے سر ہلانے ، جھکانے اور زبان ہلانے کوفرشتے بھی تو محسوس کرتے ہیں لیکن عشقی کیفیت اور قلبی لگاؤ وغیرہ ایسے امور ہیں جن کو انسان کسی عمل میں شمار نہیں کرتا ہے، واللہ اعلم۔

بندہ نے ذکرِ خفی کے متعلق جو حدیث اور جو کچھ اس کے متعلق لکھا ہے اس کی تائید قاضی عیاضؒ کی عبارتوں میں بھی موجود ہے۔ چنانچہ امام نوویؒ فرماتے ہیں؛

**قال القاضی عیاض رحمة الله علیه و ذکر الله تعالیٰ ضربان ذکر بالقلب و ذکر باللسان و ذکر القلب نوعان احدهما وهو ارفع الاذکار واجلها الفکر فی عظمة الله تعالیٰ وجلاله' و جبروته' وملکوته' وآیاته' فی سمٰوٰته' وارضه ومنه الحدیث خیر الذکر الخفی والمرادبه هذا............الخ** : قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی دو قسمیں ہیں ایک دل کا ذکر دوسرا زبان کا ، اور دل کے ذکر کی بھی دو قسمیں ہیں، ایک ان میں سے وہ جو تمام اذکار سے بلند درجہ کا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی عظمت اس کے جلال، اس کے جبروت اور اس کی عجائبات اور اس کی آسمانوں اور زمین کی نشانیوں میں فکر کرنا ہے اور خیرالذکر الخفی کی حدیث سے یہی ذکر مراد ہے............الخ (شرح مسلم، جلد۲، ص۳۴۴)۔

## جہاں ذکر ضروری ہے وہاں ذکرِ لسانی معتبر ہے نہ کہ قلبی:

یاد رہے کہ جن فقہاء نے قلبی ذکر کا انکار کیا ہے جیسا کہ وہ کہتے ہیں کہ ذکر وہی ہے جو صرف زبان کے ساتھ ہو تو ان کا مطلب یہ نہیں کہ ذکرِ قلبی اور تفکر پر ثواب نہیں ملتا ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ شریعت مطہرہ نے جن مواقع پر ذکرِ لسانی کی تعلیم دی ہے مثلاً قیام میں قرأت اور رکوع میں سبحان ربی العظیم وغیرہ تو ایسے مواقع میں اگر کوئی زبان ہلائے بغیر خیال سے تلاوت کرے یا تسبیحاتِ رکوع وسجود میں پڑھے تو یہ اس کیلئے کافی نہیں بلکہ زبان ہلائے بغیر صرف خیال سے ذکر کرنا معتبر نہیں۔

## ذکر وتلاوت اور دُعا میں اخفاء کا مطلب:

یہ پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ یادالٰہی کا تعلق دل سے ہے باقی سری لسانی جہری لسانی یا خیالی ضربیں یہ صرف ذکر کی صورتیں اور شکلیں ہیں جن کو اوراد کہا جاتا ہے۔ بہت مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ انسان زبان کو حرکت دیتا ہے

یا خیالی ضرب دل پر لگاتا ہے لیکن اس کے دل میں خالق کی بجائے مخلوق کا تصور ہوتا ہے۔ خیالی ذکر اور ذکر لسانی سرّی تو کیا بلکہ معتدل جہر کے ساتھ تلاوت و ذکر والی صورت میں بھی عموماً ایسا ہوتا ہے کہ اس ذکر و تلاوت کے اندر اللہ تعالیٰ سے لو لگانے اور اس کی یاد تو دور کی بات ہے نفسِ تلاوت اور الفاظِ ذکر کی طرف بھی دھیان نہیں رہتا جو کہ بہت ہی کم درجہ کا ذکر ہے تو ایسی صورت میں ان سارے اوراد کی حیثیت ذکر کی شکل و صورت جیسی ہے جس کے اندر روح ذکر اور یاد کا فقدان ہے۔ البتہ یہی شکل و صورت اور یہی اوراد ہوتے ہیں جس میں اگر غور و فکر شروع کیا جائے یا کثرت سے ذکر کیا جائے تو اللہ تعالیٰ کی طرف دھیان لگ جاتا ہے۔ اور بعض یکسو طبیعتیں ایسی بھی ہوتی ہیں کہ ان کو کثرت ذکر جہر، خیالی ضربوں کے بغیر بھی یہ نعمت حاصل ہوتی ہے، لیکن ایسے لوگ بہت کم ہوتے ہیں۔

اس تمہید کے بعد سمجھنا چاہیے کہ ذکر و تلاوت میں اخفاء کا مطلب یہ ہے کہ علانیہ نہ ہو یعنی لوگوں سے پوشیدہ کیا جائے جیسا کہ نوافل کی فضیلت اس میں ہے کہ گھر کے اندر پڑھے جائیں یہی حال ذکر، اذکار اور دُعاؤں کا ہے کہ تمام نفلی عبادات لوگوں سے چھپ کر کی جائیں، خواہ وہ جہراً ہوں یا سرّاً۔ بہر حال، پوشیدہ عبادت میں بہت زیادہ ثواب ہے اور یہ ریاء سے بھی دور ہے۔ لیکن دوسروں کو عملی ترغیب کیسے ہو جائے اور ان کو کیسے ذکر و اذکار اور نیک اعمال پر لگایا جائے اور انسان کے دل میں اللہ تعالیٰ کی یاد کیسے رچ بس جائے تو اس کیلئے یہی ہو سکتا ہے کہ ترغیب کے ساتھ ساتھ عملی طور پر ان کے ساتھ شریک ہو جایا کریں نیز یہ کہ جو لوگ ذکر و اذکار اور تلاوت کے عادی نہیں ان کے دل ذکر و تلاوت سے مانوس نہیں ہیں وہ ذکر و تلاوت کے ماحول میں آ کر خود بخود ذکر و تلاوت کے عادی ہو جاتے ہیں اور یہ تجربہ ہے کہ جو لوگ ذکر و تلاوت کے عادی نہیں ہوتے اگر ان کو ایسا ماحول نہ ملے یا ذکر و عبادت کے ماحول اور مجالس سے کٹ جائیں تو وہ تنہائیوں کی وجہ سے ذکر نہیں کر سکتے اور ان کا ذوق و شوق کم ہو جاتا ہے نیز ایک دوسرے کے دل کا اثر بھی ایک دوسرے پر ہوتا ہے جس کی وجہ سے ہمت والوں کے ساتھ بے ہمت لوگوں کو ہمت ہو جاتی ہے اس طرح اس میں اور بھی بہت سے فائدے ہیں ان فوائد کو مدنظر رکھ کر کوئی نفلی عبادات کو مسجد وغیرہ میں اجتماعی طور پر کرتا ہے تو اس کی فضیلت اگرچہ فی نفسہ نہیں لیکن دوسرے خارجی اسباب کی وجہ سے اس کی اہمیت بڑھ جاتی ہے انہی فوائد کے پیش نظر قرآن و حدیث نے مجالس ذکر پر زور دیا ہے جیسا کہ اس کا بیان انشاءاللہ آگے آئیگا۔

## اگرچہ اخفاء سرِّ لسانی سے حاصل ہوتا ہے لیکن............

خلاصہ یہ کہ ذکر وغیرہ میں اخفاء اگرچہ سری لسانی سے بھی حاصل ہوتا ہے لیکن اس کا حصول اس وقت ممکن ہے جب یہ سری لسانی لوگوں کے سامنے نہ کیا جائے اور یہ بات بھی نہ ہو کہ ذاکر مسجد میں بیٹھا ہوا ہو یا لوگوں

کے سامنے قرآن مجید سامنے کھولا ہوا ہو یا صرف سر جھکایا ہوا ہو یا اپنی خلوت کے اندر رہتا ہو تو ایسی صورت میں اس کی عبادت چھپی ہوئی اور اخفاء میں نہیں بلکہ لوگوں کے سامنے علانیہ اور جہراً ہے اور اس میں بھی ریاء کا اندیشہ ہے بلکہ بعض حالتوں میں ذکر جہر سے زیادہ ریاء کا اندیشہ اسی میں ہے خصوصاً جبکہ ذکر جہر کرنے والوں کو قسم قسم کے طعنے دیئے جارہے ہوں، کوئی کہتا ہو بدعتی ہے، کوئی کہتا ہو ریاء کار ہے تو ایسی صورت میں ذکر جہری میں ریاء کے اندیشہ کے بجائے ذکر جہری میں زیادہ مجاہدہ ہے۔ ریا کاری کا اندیشہ تو اس وقت ہوتا ہے جبکہ لوگ اس کو بزرگ سمجھتے۔ پھر اجتماعی کاموں میں زیادہ تر ریاء کا اندیشہ کم ہوتا ہے کیونکہ جب سب ہی ایک کام کرتے ہیں تو اس کی دوسروں پر کیا فضیلت رہ جاتی ہے۔ اس کے برعکس اگر کوئی سر جھکائے ذکر میں مشغول ہے یا خلوت کے اندر رہتا ہے یا مسجد میں خاموش بیٹھا ہے تو دیکھنے والے یہی سمجھیں گے کہ فلاں کیسے اللہ تعالیٰ کی یاد میں مستغرق ہے اور کیا کیا معارف اور اسرار اس پر کھلتے ہوں گے حالانکہ ہوسکتا ہے کہ ایسی صورت میں شاید وہ سورہا ہو اور خلوت کے اندر بھی خراٹے لے رہا ہو لیکن مفت میں اپنے لئے بزرگی کا سامان مہیا کر رکھا ہو اور ایسی صورت میں تو اور زیادہ ریاء میں مبتلا ہوسکتا ہے۔

عرض یہ ہے کہ عبادت میں اخفاء کا مطلب یہی ہے کہ عبادت لوگوں سے چھپ کر کی جائے کہ لوگوں کو اس کی عبادت کا پتہ نہ چلے خواہ جہر سے ذکر وتلاوت کرے یا چپکے چپکے اور یہ اخفاء اس لئے تو ہے تا کہ اس کی یہ عبادت ریاء کاری کی نذر نہ ہو جائے البتہ یہ بات بالکل صحیح ہے کہ لسانی سری یعنی چپکے چپکے زبان سے ذکر کرنے پر لوگوں کو بہت کم اطلاع ہوتی ہے اس لئے اگر کوئی راستے میں چلتے چلتے یا لیٹے لیٹے اسی طرح ذکر کرتا ہے کہ اس پر کوئی بھی آگاہ نہ ہو تو بلاشبہ اس میں فضیلت ہے اور رہی ریاء کاری تو اس کا تعلق نیت سے ہے اگر نیت میں اخلاص نہیں تو ریاء کے لئے چور دروازے کھلے ہیں۔ مثلاً بعض لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ طریقہ نقشبندیہ کا ذکر کر رہے ہیں اور ان کے سینے کا گوشت خیالی ذکر سے حرکت کرتا رہتا ہے اور ان کا خیال یہ ہوتا ہے کہ ہمارے دل جاری ہیں اور ہم ذکر خفی اور بے ریاء عبادت کر رہے ہیں حالانکہ یہ بالکل غلط ہے ایسے ذکر میں ریا کاری کا جو اندیشہ ہے یہ جہر سے بھی کہیں زیادہ ہے اور نہ قلب جاری ہونے کے یہ معنی ہیں کہ دل پر گوشت حرکت کرے یہ تو ایک مشق ہے اور جب کوئی مشق کرتا ہے تو بدن کے کسی بھی حصہ کو ہلا سکتا ہے، البتہ اس سے توجہ اور فکر میں یکسوئی پیدا کی جاسکتی ہے، عرض یہ ہے کہ ریا کاری کا اندیشہ ایسے اذکار میں بھی ہے جن کے بارے میں ہم عموماً یہ کہتے ہیں کہ ان میں ریا کاری کا اندیشہ نہیں ہے ان میں لسانی جہر کے مقابلہ میں زیادہ ریا کاری کا اندیشہ ہوتا ہے۔ البتہ اگر کوئی چپکے چپکے زبان ہلائے اور کوئی ایسی صورت اختیار نہ کرے جس سے لوگ آگاہ ہو جائیں تو بلاشبہ ایسا ذکر بہتر ہوگا بشرطیکہ اس کی

حیثیت صرف وِرد کی نہ ہو بلکہ وہ چپکے چپکے زبان ہلانے کے ساتھ الفاظ ذکر یعنی وِرد اور تلاوت پر بھی دھیان رکھے اور معنی کا لحاظ کرے یا کم از کم اپنے وِرد اور الفاظ ذکر کی طرف تو دھیان رکھے۔ اگر اس کا اپنے ورد کی طرف بھی دھیان نہیں رہتا تو اس کے اس سری لسانی سے تو وہ ذکر جہر بہتر ہے جس میں کم از کم الفاظ ذکر کی طرف دھیان تو رہتا ہے جو بالآخر معنی اور یاد الٰہی میں استغراق کی کیفیت پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے اخلاص اور اپنی یاد کی دولت سے نوازا ہے اس کے لئے دونوں صورتیں برابر ہیں۔ خواہ لوگوں کے ساتھ ہو یا لوگوں سے چھپ کر ہو سراً ہو یا جہراً ہو ہر حالت میں اس کا دل اللہ تعالیٰ کے ساتھ لگا رہتا ہے، ایسے لوگوں کا اوّلین اور اعلیٰ ترین طبقہ انبیاء علیہم السلام ہیں اور ان کے بعد ان کی اتباع میں جس کو جس قدر یہ دولت ملے۔ اللہ تعالیٰ ہم کو اپنی حقیقی یاد سے آشنا کر دے (آمین)۔

خلاصہ یہ ہوا کہ نفلی عبادات، نفلی اذکار، تلاوت وغیرہ کی ادائیگی اگر لوگوں سے پوشیدہ ہے تو جہری لسانی اور سری لسانی دونوں برابر اور اخفاء میں داخل ہیں۔ لیکن جو عبادات لوگوں سے پوشیدہ نہیں وہ علانیہ اور جہر میں داخل ہیں، خواہ سرّاً ہوں یا جہراً۔ مثلاً ایک آدمی جنگل میں یا رات کے وقت مسجد میں آتا ہے وہ جہراً تلاوت کرتا ہے اللہ تعالیٰ کے سامنے گڑگڑاتا ہے اس کی یہ عبادت بھی اخفاء میں داخل ہے اور جو لوگوں کے سامنے قرآن مجید کھول کر سرّاً تلاوت کرتا ہے ذکر سری میں مشغول ہے تو ایسی صورت میں اس کی یہ عبادت بھی علانیہ ہے کیونکہ لوگ اسے دیکھ رہے ہیں۔ غرض یہ کہ جس پر واقعی اخفاء کا اطلاق ہو سکے وہ تو اخفاء ہے ورنہ علانیہ اور جہر ہے اور حقیقی اخفاء سر سے بہتر ہے البتہ جہر اور علانیہ عبادت بعض اوقات، بعض اشخاص کے لئے بہتر ہوتی ہے۔ لہذا اخفاء اور اظہار کا تعلق لوگوں کی اطلاع یا عدمِ اطلاع پر موقوف ہے اور عبادات (تلاوت، نوافل، اذکار وغیرہ) کے اندر سر لسانی اور جہر لسانی یہ ادائیگی کی صورتیں اور شکلیں ہیں۔ اور یہ عبادت مقصودہ نہیں اور مختلف احوال اور اشخاص کی طرف نسبت کرتے ہوئے ان میں کسی ایک کی افضلیت مسلّم ہے اور تمام مسلمان اپنی عبادت کی ادائیگی کبھی جہراً اور کبھی سراً کرتے ہیں اگرچہ فی نفسہٖ خفی اور اخفاء افضل ہے لیکن خارجی اسباب کی بناء پر ذکرِ جہری سری سے افضل ہو سکتا ہے ۔واللہ اعلم

## علماء اور فقہاء کی عبارتوں سے غلط فہمیاں اور ان کا ازالہ:

بہت سے امور اور علماء کی عبارتیں ایسی ہیں جن سے غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں اور جن کی وجہ سے ایک سیدھا سادہ مسئلہ الجھ کر رہ جاتا ہے اس لئے ضروری یہ ہے کہ چند ایسے امور کی نشان دہی کی جائے جن کی وجہ سے کوئی غلط فہمی پیدا ہونے کا اندیشہ ہو سکتا ہے۔

## علماء جب کہتے ہیں کہ فلاں چیز مستحب نہیں اس میں غلط فہمی......

آپ کتابوں میں دیکھیں گے ان میں لکھا ہوگا کہ فلاں چیز مستحب نہیں تو اس سے ہر مسئلہ میں مراد یہ نہیں ہوتا کہ وہ کام مکروہ یا غیر مناسب ہے بلکہ اکثر یہ ہوتا ہے کہ کسی مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہوتا ہے بعض علماء کہتے ہیں کہ فلاں وقت میں فلاں عمل مستحب ہے اور دوسرے علماء کہتے ہیں کہ فلاں عمل اس وقت مستحب نہیں ایسی صورت میں صاحب بصیرت علماء کا مطلب صرف اتنا ہوتا ہے کہ اگر چہ یہ عمل فی نفسہ جائز ہے لیکن اس وقت کے ساتھ اس کی خصوصیت نہیں تو وہ اس عمل کی صرف اسی وقت میں استحباب کی نفی کرتے ہیں نہ کہ ان کے نزدیک فی نفسہ وہ عمل مکروہ یا بدعت ہوتا ہے۔ مثلاً فرض نماز کے بعد ''اللہ کبر'' کہنا حدیثوں میں آیا ہے تو بعض علماء اس کے قائل ہیں کہ فرض نمازوں کے بعد "اللہ اکبر" کا لفظ کہنا مسنون و مستحب ہے یعنی وہ تکبیر کے ساتھ ساتھ اس وقت کو بھی تکبیر کیلئے مستحب یا مسنون مانتے ہیں لیکن دوسرے علماء اس کی تردید کرتے ہیں۔ مثلاً امام نوویؒ نمازوں کے متصل تکبیر اور ذکر کے متعلق اور اس میں اختلاف کے متعلق لکھتے ہیں کہ؛

> هذا دليل لماقاله بعض السلف انه يستحبّ رفع الصوت بالتكبير والذكر عقب المكتوبة و ممن استحبه من المتأخرين ابن حزم الظاهری و نقل ابن بطال و آخرون ان اصحاب المذاهب المتبوعة وغيرهم متفقون على عدم استحباب رفع الصوت بالذكر و التكبير: یہ (حدیث) بعض سلف کے قول کی دلیل ہے جو یہ کہتے ہیں کہ فرض نمازوں کے بعد بلند آواز سے اللہ کبر کہنا اور ذکر کرنا مستحب ہے اور متاخرین میں سے جس نے اس کو مستحب قرار دیا ہے ان میں سے ابن حزم ظاہری بھی ہیں اور ابن بطالؒ اور دوسرے علماء نے فرمایا کہ ائمہ متبوعین اور ان کے علاوہ دوسرے علماء اس پر متفق ہیں کہ تکبیر اور ذکر میں آواز بلند کرنا مستحب نہیں (شرح مسلم جلد ا، ص ۲۱۷)۔

اس کے بعد امام نوویؒ نے حضرت امام شافعیؒ کے متعلق فرمایا ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے عمل کو تعلیم پر معمول کیا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نقطے پر بھی بحث آجائیگی لیکن یہاں اتنی بات عرض کرنی تھی کہ یہاں جو لکھا گیا ہے کہ ائمہ متبوعین اور دوسرے علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ فرض نمازوں کے فوراً بعد جہراً تکبیریں و ذکر کرنا مستحب نہیں تو ان کا مطلب یہ نہیں کہ مطلقاً جہری ذکر کا ثواب نہیں بلکہ وہ اس وقت کے استحباب یا مسنون ہونے کے قائل نہیں ورنہ جس کام کو نبی کریم ﷺ نے کیا ہو اور اس کی تردید نہیں کی تو اس کے متعلق کیسے کہا جا سکتا ہے کہ

یہ مکروہ یا کارثواب نہیں بلکہ مستحب کی تو تعریف ہی یہی ہے کہ کسی عمل کو نبی کریم ﷺ نے کبھی اختیار کیا ہو اور کبھی چھوڑا ہو لہذا اب اس عمل کو بدعت یا مکروہ کہنے کی جرات کون مسلمان کرسکتا ہے؟ بشرطیکہ اس عمل میں کوئی اور مفاسد بدعت یا کراہت کے شامل نہ ہوں مثلاً یہ عقیدہ ہو کہ یہ نماز کا حصہ ہے یا نمازیوں کی تشویش کا باعث ہو غرض ہر ایسی چیز جب کسی عمل میں ایسے آئے جو شرعاً ممنوع ہو تو اس ممانعت کی وجہ سے وہ عمل کارِ گناہ بن جائے گا لیکن اس کے علاوہ نفس عمل کو بدعت یا مکروہ کہنا بہت بڑی جرات مندی ہے۔ جو کسی بھی مسلمان کا خصوصاً علماء کے شایان شان نہیں''۔

دیکھئے یہی امام نوویؒ ہیں جو عام حالات[1] میں اسی ذکر وتکبیر جہری کو خود بھی جائز قرار دیتے ہیں اور امام شافعیؒ اور دوسرے ائمہ ومتبوعین کے نزدیک صرف جائز ہی نہیں بلکہ اس کی افضلیت کو بھی نقل کر رہے ہیں۔ چنانچہ حضرت علامہ آلوسیؒ لکھتے ہیں کہ؛

**والذی نص علیه الامام النووی فی فتاواه ان الجهر بالذکر حیث لامحذور شرعاً مشروع مندوب الیه بل هو افضل من الاخفاء فی مذهب الامام الشافعی وهو ظاهر مذهب الامام احمد واحدی الروایتین عن الامام مالک بنقل الحافظ ابن حجر فی فتح الباری............الخ :** امام نوویؒ نے اپنے فتاوٰی میں جس چیز کی تصریح اور وضاحت کی ہے وہ یہ کہ جب کوئی مانع شرعی نہ ہو تو جہری ذکر نہ صرف مستحسن ہے بلکہ وہ اخفاء سے افضل ہے جیسا کہ امام شافعیؒ کا یہی مذہب ہے اور امام احمدؒ کا بھی ظاہر مذہب یہی ہے (کہ جہر افضل ہے) اور حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں امام مالکؒ کے دو قولوں میں سے بھی ایک قول یہی نقل کیا ہے (کہ جہر افضل ہے) (روح المعانی ج۱۶ص۱۶۲)۔

آپکے سامنے امام نوویؒ کی دونوں عبارتیں موجود ہیں اس لئے آپ اندازہ کر چکے ہوں گے کہ بہت سے لوگوں کا کسی خاص حالت یا خاص وقت میں اس بات پر متفق ہونا کہ اس وقت جہر مستحب نہیں اس بات کی دلیل نہیں کہ تمام اوقات میں وہ اس کی بدعت یا کراھت کے قائل ہیں یا اس عمل کو عام حالات میں بدعت اور مکروہ قرار دے دیتے ہیں بلکہ مطلب صرف اتنا ہوتا ہے کہ اس وقت میں ذکر کی حیثیت کیا ہے البتہ اگر اس کے ساتھ دوسرے مفاسد مل جاتے ہیں تو پھر مفاسد کی بنیاد پر حکم لگایا جائے گا، نہ کہ نفس ذکر جہر کی بنیاد پر[2]۔

---

[1] یعنی جہاں شریعت مطہرہ نے ممانعت نہیں فرمائی ہے اور نہ ذکر کی کسی شکل وصورت کو مقرر کیا ہے۔

[2] انشاءاللہ مفاسد اور دوسرے امور پر بیان آجائیگا۔

www.noorehidayat.org

# جب کوئی چیز مطلقاً ثابت ہو جائے تو پھر اس کی کسی صورت وغیرہ کو ناجائز یا بدعت کہنے والا برھان و دلیل پیش کرے گا:

آج کل ذکر کی مروجہ صورتوں کے بارے میں عجیب بات یہ کہی جاتی ہے کہ کہ فلاں صورت کے ساتھ نبی کریم ﷺ سے مجالس ذکر ثابت نہیں وغیرہ۔ لیکن جب ذکر بالجہر ثابت ہو چکا ہے پھر بھی اس کے بعد بلا کسی خاص وجہ کے یہ اعتراض اٹھانا کہ ذکر جہر تو جائز ہے مگر فلاں ہیئت اور صورت کی وجہ سے بدعت اور ناجائز ہے یقیناً حماقت اور سخافت کی دلیل ہے۔ اور اس کے بعد یہ مطالبہ کرنا کہ یہی صورت نبی کریم ﷺ سے ثابت ہے یا کہ نہیں صرف ضد اور ہٹ دھرمی ہے کیونکہ جب جہر بھی ثابت ہے اور مجلس ذکر کی فضیلت بھی ثابت ہے تو پھر اس کے بعد جو یہ دعویٰ کرتا ہے کہ فلاں صورت مجلس ذکر کی جائز نہیں دلیل و برہان پیش کرنا اسی کے ذمہ ہے۔ اس کو چند مثالوں سے واضح کرنا چاہتا ہوں۔

- نفلی روزوں کی فضیلت ثابت ہو چکی ہے اب جو کوئی کہے کہ منگل یا بدھ کے دن میں روزہ جائز نہیں یا بدعت ہے تو اس کے لئے صرف اتنا کافی نہیں کہ نبی کریم ﷺ نے منگل یا بدھ کے دن روزہ نہیں رکھا تھا اس لئے اس روز روزہ رکھنا بدعت ہے بلکہ اس کو بدعت کے ثبوت یا ناجائز ہونے کیلئے دلیل و برہان پیش کرنا ہو گی۔ ہاں جن دنوں کے متعلق نبی کریم ﷺ نے صراحت سے فرمایا ہے کہ اس دن روزے جائز نہیں مثلاً عیدین وغیرہ کے موقعہ پر، تو ان دنوں میں روزہ رکھنا جائز نہیں کیونکہ یہاں منع کی دلیل موجود ہے۔
- نفلی نمازوں کی ترغیب وفضیلت شریعت مطہرہ میں ثابت ہے اب اگر کوئی یہ کہے کہ بیس (۲۰) رکعت نفل پڑھنا یا چالیس رکعت نفل پڑھنا یا فلاں وقت نفل جائز نہیں یا بدعت ہیں۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ نے نہیں پڑھے تو اس کیلئے یہ کہنا کافی نہیں بلکہ ضروری یہ ہے کہ وہ اس کے ناجائز ہونے پر دلیل پیش کرے کیونکہ نفلی نمازوں کی فضیلت تو مطلقاً ثابت ہے۔ اب ایک خدا کا بندہ اس اطلاق کے رو سے جس وقت چاہے نفلی نماز پڑھ سکتا ہے اب اگر اس سے کوئی وقت مستثنیٰ ہو سکتا ہے تو وہ وہی ہے جس کے متعلق قرآن وحدیث میں ممانعت موجود ہے۔ اوقات مکروہہ میں نوافل کی ممانعت حدیث میں موجود ہے اور اوقات مکروہہ کے علاوہ ہر وقت نفلی نمازیں جائز اور کار ثواب ہیں۔

- قرآن وحدیث میں فقیروں غریبوں کو کھانا کھلانے کی ترغیب آئی ہے اب اس کے متعلق حکم وترغیب کے رو سے ہر وقت فقیروں ،غریبوں کو دے دینا اور ایک فقیر کو دے دینا یا چند فقیروں کو دے دینا یا کھانے پر بلانا یا ان پر نقدی غلہ وغیرہ کی صورت میں تقسیم کرنا سب جائز اور کارثواب ہے اب اگر کوئی کہتا ہے کہ فلاں وقت کھانا کھلانا یا مال تقسیم کرنا بدعت ہے یا ناجائز ہے کیونکہ اس وقت نبی کریم ﷺ نے تقسیم نہیں کیا تھا تو اس کے لئے یہ کافی نہیں کیونکہ نبی کریم ﷺ اور شریعت مطہرہ نے تو اجازت دیدی ہے کہ جس وقت چاہے دے دیا کرو البتہ اگر کوئی وقت یا صورت اس سے مستثنٰی ہوسکتی ہے تو وہ صرف وہی ہوگی جسکو شریعت نے مستثنٰی کیا ہو۔

یہی حال نفلی طوافوں کا ہے حج کے راستوں وغیرہ کا ہے کہ ان میں صرف وہی وقت اور وہی طریقہ مستثنٰی ہوسکتا ہے جسکی تردید اور ممانعت موجود ہو اور جو شخص بلا دلیل کسی ایسی چیز پر ناجائز اور بدعت کا حکم لگاتا ہو جو مطلقاً ثابت ہو تو اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ اس کے نزدیک بدعت اور ناجائز کا اختیار خدا اور اس کے رسول ﷺ کے پاس نہیں بلکہ وہ خود یہ اختیار اپنے ہاتھ میں سمجھتا ہے اور شرک عظیم کا ارتکاب کرتا ہے[1]۔

## وہ امور جو مطلق جائز کو ناجائز یا بدعت بناتے ہیں:

اب وہ امور کیا ہیں جو کسی مطلق جائز چیز کو بدعت یا ناجائز بناتے ہیں اس کے متعلق چند باتیں پیش کرتا ہوں۔

-- ایک ہوتے ہیں مقاصد اور دوسرے ہیں وہ اسباب وظروف اور شکلیں وصورتیں جن سے وہ مقاصد حاصل ہوتے ہیں۔ مثلاً روزہ ایک عبادت مقصودہ ہے اور اس کے حصول کیلئے ایام اور دن ظروف کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اسی طرح ذکر بھی ایک عبادت ہے اور اس کی ادائیگی کی صورتیں لسانی سری اور لسانی جہری وغیرہ ہیں۔ ان ظروف وصورتوں اور اسباب کے متعلق اتنی بات یادرہے کہ جو شکلیں اور ظروف ضروری نہ ہوں یعنی فرض یا واجب نہ ہوں ان صورتوں اور ظروف کو فرض اور واجب ماننا شریعت میں ایک نیا عقیدہ اور نظریہ پیدا کرنا ہے اور یہ بدعت ہے۔ اسی طرح جن شکلوں صورتوں اور ظروف کی فضیلت، ثواب یا وجوب شریعت میں ثابت نہ ہو، ان شکلوں وصورتوں کو واجب ماننا یا ان کی فضیلت یا ثواب کا عقیدہ

---

[1] اس کی کچھ تفصیل انشاء اللہ اثر عبداللہ بن مسعودؓ میں بھی آجائیگی۔

رکھنا بدعت ہے۔مثلاً رمضان المبارک کے روزوں کے علاوہ دوسرے ایّام میں روزوں کو فرض ماننا یا جن ایّام میں روزوں کا زیادہ ثواب ثابت ہے ان کے علاوہ دوسرے ایّام میں روزوں کے زیادہ ثواب کا عقیدہ رکھنا یا جس طرح سری نمازوں میں چپکے چپکے تلاوت اور جہری نمازوں میں امام کیلئے جہراً تلاوت واجب ہے اگر وہاں سر کی جگہ جہر یا جہر کی جگہ سر کو واجب سمجھا جائے تو یہ بدعت ہے۔

-- اسی طرح جہاں کسی صورت اور شکل کی یا کسی دن کی فضیلت یا وجوب ثابت نہیں اور نہ اس کی ممانعت ثابت ہے ایسی صورت میں جس طرح اس ظرف اور شکل کے بارے میں زیادہ ثواب کا عقیدہ رکھنا یا اس کو واجب اور ضروری قرار دینا بدعت ہے۔اسی طرح اس ظرف یا شکل کو بدعت کہنا بھی ایک بدعی عقیدہ ونظریہ ہے۔مثلاً اللہ تعالیٰ کی یاد کی ادائیگی کی کسی صورت یا شکل کو جبکہ اس کی فضیلت یا وجوب ثابت نہ ہو اور نہ اس کی ممانعت ثابت ہو تو پھر بلا وجہ اس ظرف اور شکل کو بدعت کہنا یہ بھی ایک بدعی عقیدہ اور نظریہ ہے۔

-- اگر کسی عبادت میں ظرف اور شکل فرض اور واجب یا زیادہ ثواب کا عقیدہ نہ رکھا جائے لیکن اگر وہ دوسروں کی ایذا کا سبب بنے تو ایسی صورت میں بھی بوجہ ایذاء رسانی کے وہ عمل ناجائز ہو جائے گا کیونکہ اسلام یہ اجازت نہیں دیتا کہ اپنی کسی ذاتی عبادت کی وجہ سے کسی دوسرے کے ذکر و عبادت میں یا اس کے آرام میں خلل ڈالا جائے یا وہ صورت ایسی ہو جو خود انسان کے لئے مضر ثابت ہو جائے مثلاً بلا وجہ جہر میں شدت کرنا یا اپنی جان پر کھیل کر روزہ رکھنا وغیرہ۔یاد رہے کہ کسی کو ایذاء دینے کا مطلب یہ ہے کہ کسی کی نماز ذکر و عبادت میں خلل واقع ہو یا سونے والے کے آرام میں خلل پڑتا ہو لیکن اگر کسی کا دل ذکر اللہ سے متنفر ہو اور اللہ تعالیٰ کا نام سن کر شیطان کی طرح جز بز ہو جاتا ہو اور متنفر ہو کر بھاگتا ہے تو وہاں اللہ تعالیٰ کا نام لینا، ذکر کرنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ وفاداری اور شیطان سے بیزاری کا اعلان ہے۔

-- جس صورت میں کسی عبادت کی تمام شکلیں اور ظروف جائز ہوں ایسی صورت میں کسی صورت کے ساتھ ایسا معاملہ نہ کیا جائے کہ لوگ سمجھیں کہ اس عبادت اور ذکر کی بس یہی ایک صورت ہے یا بس یہی ایک طریقہ ایسا ہے کہ اس سے عبادت ادا ہوتی ہے۔

-- کسی ذکر و عبادت کی صورت ایسی نہ ہو جو لوگوں کو ذکر و عبادت سے متنفر کر دے اور نہ ایسے

انداز میں ہو جس میں اللہ تعالیٰ کے نام کی بے حرمتی ہو بلکہ ادب و احترام کے ساتھ اور اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلال کا لحاظ کرتے ہوئے ہو۔

## جائز کام جواز کی حد پر قائم رکھنا بھی ضروری ہے:

یہ بات بالکل صحیح اور شریعت مطہرہ اور علماء اسلام کے نزدیک ثابت ہے کہ اگر کسی مباح اور جائز عمل کو کوئی سنت کا درجہ دے یا اس میں دوسرے مفاسد شامل ہو جائیں تو ایسی صورت میں وہ بدعت یا مکروہ بلکہ بعض اوقات حرام ہو جاتا ہے۔لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ عمل ہی نیااور بدعت ہے ۔بلکہ بدعت وہ زائد اعتقاد ہے۔اور یہی بدعت ہے۔اسی طرح دوسرے مفاسد کے مل جانے سے مندوب اور جائز کام مکروہ بلکہ حرام ہوسکتا ہے، جس کی وجہ سے اور علماء کرام اس کام کو بدعت قرار دیتے ہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس کام کو علی الدوام ممنوع قرار دیا جائے یہ تو شریعت مطہرہ میں تحریف و تبدیل ہوگا کہ ایک جائز کام کو علی الدوام ناجائز قرار دے دیا جائے مثلاً قبروں کو جانا کارِ ثواب ہے یہ آخرت کی یاد اور موت کی یاد کا سبب بن جاتا ہے اور گذرے ہوئے مسلمانوں کے ساتھ محبت و تعلق کا اظہار ہے وغیرہ وغیرہ۔لیکن اگر کوئی قوم قبروں پر اس لئے جائے کہ ان ہی سے مانگیں یا دوسرے ناجائز اعمال شروع کریں مثلاً طواف وغیرہ تو وقتی پابندی لگانے میں کوئی حرج نہیں اور نبی کریم ﷺ نے خود بھی ایک زمانے میں اس پر پابندی لگائی تھی لیکن جب عقائد اور اعمال کے بگڑنے کا خطرہ ٹل گیا تو پھر اجازت دیدی۔

اسی طرح اگر کہیں کوئی کسی جائز کام کو سنت قرار دیتا ہے یا نہ کرنے والوں پر نکیر کرتا ہے تو ایسی صورت میں یا تو اس کو مسئلہ بتایا جائے گا لیکن اگر فساد زیادہ ہو تو اس کو منع بھی کیا جا سکتا ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہ ہوگا کہ دائمی طور پر وہ چیز ناجائز قرار دے دی گئی بلکہ اگر ایک جائز کام جس میں کوئی مفسدہ اور غلط عقیدہ شامل نہ ہو مگر کوئی شخص اس کو ناجائز یا حرام سمجھتا ہے تو وہاں علماء کا فرض بنتا ہے کہ وہ قولاً اور عملاً اس کے جواز کو ثابت کردیں مثلاً موزوں پر مسح جائز ہے اور فقہاء اور علماء کرام فرماتے ہیں کہ جہاں لوگ موزوں پر مسح کو ناجائز سمجھتے ہوں تو وہاں کے علماء اور دوسرے سمجھدار لوگوں کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے قول و عمل سے یہ ظاہر کریں کہ موزے پہننا اور اس پر مسح کرنا جائز ہے البتہ اگر کوئی قوم موزوں پر مسح کو واجب قرار دیدے تو ان کی اصلاح بھی ضروری ہے تا کہ شریعت کا ہر حکم اپنی جگہ قائم رہے۔

## کوئی کام فی نفسہ بدعت نہیں ہوتا لیکن کسی عارض یا تخصیص کی وجہ

## سے یا کسی اور وجہ سے بدعت بن جاتا ہے:

یہ بات بار بار بتائی جا چکی ہے کہ بہت سے اعمال فی نفسہٖ جائز بلکہ مستحب ہوتے ہیں لیکن اگر کوئی اس کو کسی ایسے وقت کے ساتھ خاص کر دے کہ بس یہی اس کے کرنے کا وقت ہے اور اسی وقت میں یہ سنت و مستحب ہے تو اس کی بنیاد پر علماء کرام تردید کرتے ہیں کہ وقت کی خصوصیت صحیح نہیں نیز کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کوئی کام فی نفسہٖ جائز بلکہ مستحب ہوتا ہے لیکن جب علماء اس کی ادائیگی کو کسی خاص عمل کے بعد یا اس سے پہلے کرنے سے روکتے ہیں اس میں ان کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ عمل کسی دوسرے عمل کا حصہ قرار نہ پائے مثلاً فرض نماز کے بعد تکبیر کہنا خود نبی کریم ﷺ سے ثابت ہے لیکن بعض علماء نے صرف اس لئے چھوڑ دیا تاکہ لوگ اس کو نماز کا حصہ نہ قرار دیں کہ اس کے بغیر اس کی نماز پوری نہیں ہوتی یا اس لئے چھوڑ دیا تاکہ لوگ اس کو سنت یا واجب قرار نہ دیں جیسا کہ اس کا بیان آگے انشاء اللہ تعالیٰ آئے گا۔ یا مثلاً سجدہ شکر کو لیجئے کہ یہ نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرامؓ کے عمل سے ثابت ہے لیکن حضرت امام ابوحنیفہؒ اس کو مکروہ کہتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ تو نہیں کہ (العیاذ باللہ) امام ابوحنیفہؒ نبی کریم ﷺ سے ثابت شدہ عمل کو بدعت قرار دیتے ہیں بلکہ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ سجدہ شکر نماز کے فوراً بعد کرنا مکروہ ہے یہ وہ اس وجہ سے کہتے ہیں تاکہ کوئی اس زائد سجدہ کو نماز کا حصہ نہ قرار دے، لہٰذا وہ فی نفسہٖ اس کو ناجائز یا مکروہ یا بدعت نہیں کہتے۔

حضرت علامہ طحطاویؒ سجدہ شکر میں بحث کر کے ان لوگوں کی بات کو مسترد کرتے ہیں جو کہتے ہیں کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ نے اس کو اس لئے مکروہ کہا ہے کہ یہ منسوخ ہے اور فرمایا کہ یہی سجدہ شکر اکابر صحابہؓ جیسے ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت علیؓ سے ثابت ہے تو پھر یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ سجدہ شکر مکروہ ہے اور پھر حضرت امامؒ کے قول کی صحیح توجیہ بیان کر کے فرماتے ہیں کہ؛

**وسجدة الشكر مستحبة بهٖ يفتىٰ لكنها تكره بعد الصلاة لان الجهلة يعتقدون انها سنة او واجبة وكل مباح يودي اليه فهو مكروه:** اور سجدہ شکر مستحب ہے اور اسی پر فتویٰ ہے مگر نماز کے بعد سجدہ شکر کرنا مکروہ ہے کیونکہ جاہل لوگ اس کے متعلق سنت یا واجب ہونے کا عقیدہ رکھیں گے اور ہر مباح عمل جو ایسے (غلط عقیدے) کا سبب بنتا ہے تو وہ عمل مکروہ ہوتا ہے (طحطاوی علی مراقی الفلاح، ص۲۷۲)۔

علامہ طحطاویؒ کی بات واضح ہے کہ نماز کے بعد اگر سجدہ شکر کیا جائے تو بالآخر لوگ نمازوں کے بعد سجدہ شکر کرنے لگیں گے اور اس کو ایک سنت یا واجب امر قرار دیں گے۔ اس لئے ہر کام جو غلط عقیدہ اور خرابی کا سبب بن جاتا ہے

تو وہ مکروہ ہے۔لیکن اس کا یہ مطلب تو نہیں کہ سجدہ شکر ہی کو نا جائز اور مکروہ قرار دیدیا جائے بلکہ ایسے موقع سے بچا جائے جس کی وجہ سے وہ دوسری عبادت کا حصہ بن جائے یا لوگ اس کو سنت یا واجب قرار دے کر بالآخر نہ کرنے والوں پر نکیر کرنے لگیں۔جیسا کہ بہت سے جائز امور کو جب کسی خاص عبادت مثلاً نماز یا اذان وغیرہ کے آگے پیچھے کا معمول بنایا جاتا ہے تو بالآخر لوگ اس مباح اور جائز عمل کو نماز یا اذان کا حصہ قرار دے دیتے ہیں اور نہ کرنے والوں پر نکیر کرنے لگتے ہیں جس کی وجہ سے وہ عمل اپنے مقام سے ہٹ کر بدعت اور نا جائز ہو جاتا ہے اگر چہ فی نفسہٖ وہ کام جائز بلکہ مستحب ہوتا ہے۔

## کیا جہر صرف اذان وغیرہ میں درست ہے؟

علماء کرام ذکر جہر کے جواز یا افضیلت کی بحث میں یوں لکھتے ہیں کہ؛

> **اما رفع الصوت بالذکر فجائز کما فی الاذان والخطبه والحج** : بہرحال ذکر کے ساتھ آواز بلند کرنا جائز ہے جیسے اذان اور خطبہ اور حج میں (شامی، جلد۵،ص۲۵۵، بزازیہ علی ھاش الھندیہ، جلد۶،ص۳۷۹)۔

تو اس سے یہ غلط فہمی پیدا ہوتی ہے کہ گویا صاحبِ کتاب کا مطلب یہ ہے کہ اذان وغیرہ کے بغیر کسی وقت بھی ذکر کے ساتھ آواز بلند کرنا جائز نہیں۔حالانکہ یہاں صاحبِ کتاب کا مطلب ہر گز یہ نہیں ہوتا کہ صرف اذان تکبیراتِ تشریق وغیرہ میں تو جہر جائز ہے اور اس کے بغیر نہیں۔اگر اس کا یہ مطلب ہو تو ان کو کیا ضرورت پڑی تھی کہ وہ اذان کو جہراً ثابت کریں حالانکہ اذان تو ایک اعلان اور ایک دعوت ہے جس کا تصور بھی بغیر جہر کے نہیں ہوسکتا اور اس میں جہرِ شدید کا ہونا تواتر سے ثابت ہے اور تکبیراتِ تشریق وغیرہ تو جہراً ہی واجب یا مسنون ہیں ان کی تعداد میں تو اختلاف ہے لیکن جہر میں تو نہیں بلکہ جہر کو فقہاء واجب یا مسنون مانتے ہیں لہذا وہ اذان وغیرہ کے جہری ہونے کیلئے دلائل پیش نہیں کرتے بلکہ اس سے استدلال کر کے عام حالات میں ذکر جہر بلکہ رفع صوت اور بلند آواز کے ساتھ ذکر کرنے کے جواز کو ثابت کرتے ہیں۔

لھذا ایسے مقامات پر صاحبِ کتاب کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ جہاں شرعی مانع موجود نہ ہو تو وہاں جہر اور بلند آواز سے ذکر جائز ہے اور وہ اذان اور تلبیہ جس میں زیادہ بلند آواز اچھی ہے اسے دلیل میں پیش کرتے ہیں کہ دیکھئے تلبیہ وغیرہ میں دعا و پکار اور ذکر ہے وہ بھی زیادہ بلند آواز میں اچھا ہے تو جب یہ "**ادعــو ربــکــم**" اور "**ادبعوا**" وغیرہ حدیثوں کے مخالف نہیں تو دوسری جگہوں میں بھی یہ جائز ہے بشرطیکہ کسی کی ایذاء اور تکلیف کا سبب نہ بنے۔نیز اگر مصنف صرف اذان وغیرہ جیسی چیزوں ہی میں جہر کو جائز سمجھتے ہیں جو واجب اور مسنون ہیں

اوراس کی علاوہ دوسرے موقعوں پر جہر کوممنوع قرار دیتے ہیں تو پھر فتاویٰ بزازیہ میں حدیث "اربعوا" اور" حدیث ابن مسعودؓ "وغیرہ کا کیوں جواب دیتے ہیں صاف صاف یوں کہتے کہ چونکہ اذان وغیرہ کے علاوہ جہر قطعاً ممنوع ہے اس لئے عبداللہ بن مسعود ؓ نے بھی اس کو منع کیا تھا۔ حالانکہ وہ ایسے نہیں لکھتے بلکہ عبداللہ بن مسعودؓ کے واقعہ سے جواب دیتے ہیں کہ لوگوں نے چونکہ صفت جہر ہی کو عبادت سمجھ لیا تھا اس لئے ان کو منع کیا نیز پھر وہ ذکرِ جہر اور سرّی کی افضلیت کی تفصیل میں یوں کیوں لکھتے کہ؛ **والجمع بینھما بان ذالک یختلف باختلاف الاشخاص والاحوال**: اوران دونوں (طرح کی حدیثوں) میں تطبیق اس طرح ہے کہ جہر اور سرّ اختلافِ اشخاص اوراوقات سے مختلف ہوتا ہے (شامی، جلد۵، ص۲۵۵)۔

تو کیا اس کا مطلب یہ ہوا کہ اذان وغیرہ میں کسی شخص کیلئے سری لسانی اچھا ہے اور کسی کیلئے جہر، حالانکہ یہ بات نہیں۔ لہذا علماء کی ایسی عبارتوں سے غلط فہمی میں مبتلا نہیں ہونا چاہیے۔ وہ ان چیزوں کو نقل کر کے صرف اتنی بات بتانا چاہتے ہیں کہ جہر قرآن مجید اور حدیث شریف کے مزاج اوراس کے حکم کے خلاف نہیں بلکہ جہاں شرعی مانع نہ ہو وہاں ذکر جہر جائز ہے۔

# رفع الصوت کا مطلب:

رفع الصوت فقہاء کی اصطلاح میں جہرِ کامل یعنی پوری قوت سے آواز نکالنے کو کہتے ہیں جیسا کہ اس کا بیان پہلے بھی گذر چکا ہے اور انشاء اللہ بعد میں بھی آئے گا۔

# رفع الصوت حدیث اور محدثین کی اصطلاح میں:

جہر اور رفع الصوت کے یہ معنی صرف لغت اور فقہاء کی اصطلاح میں ہی نہیں بلکہ احادیث اور محدثین کی اصطلاح میں بھی رفع الصوت کا مطلب چیخنا چلانا اور پکارنا ہوتا ہے اور جو آواز چیخنے چلانے سے کم ہو اسے دون الجہر کہتے ہیں۔ حضرت امام بخاریؒ باب اور عنوان میں یوں فرماتے ہیں کہ؛

> **رفع الصوت بالاھلال**: احرام (کے وقت تلبیہ) کے ساتھ آواز بلند کرنا۔ پھر اس باب اور عنوان کے نیچے حضرت انسؓ کی حدیث کو پیش کرتے ہیں؛ **یصرخون بھما جمیعًا** : صحابہ کرامؓ حج اور عمرہ دونوں میں چلاّتے تھے (یعنی آواز بلند کرتے تھے) (بخاری، جلد۱، ص۲۰۹ تا ۲۱۰)۔

اسی طرح ایک روایت میں ہے کہ؛

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے پاس جبرائیل علیہ السلام آئے اور مجھے یہ امر کیا کہ؛اَنْ اٰمُرَ ان یرفعوا اصواتھم بالاھلال اوا لتلبیۃ : کہ میں (اپنے صحابہؓ کو) اس بات کا حکم دوں کہ وہ تلبیہ یعنی لبیک کہنے میں اپنی آوازیں بلند کریں (مشکوٰۃ کتاب المناسک بحوالہ مؤطاامام مالک،ترمذی،ابوداؤدوغیرہ)۔

اب اسی رفع الصوت یعنی بلند آواز کے حکم کی تعمیل صحابہ کرامؓ نے کیسے کی؟ اس کا اندازہ مندرجہ ذیل روایت سے کریں۔حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ؛

خر جنامع رسول اللّٰہ ﷺ نصرخ بالحج صراخا: ہم آپ ﷺ کے ساتھ اس طرح نکلے کہ ہم حج کیلئے چلاتے تھے (مشکوٰۃ کتاب المناسک بحوالہ صحیح مسلم) اور حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ میں سواری پر حضرت ابوطلحہؓ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا "وَانّھُم لَیَصْرِخُوْنَ بِھما جَمِیْعًا الحج والعمرۃ :اورصحابہ کرامؓ دونوں کیلئے (یعنی حج وعمرہ کیلئے) چلاّتے تھے" (مشکوٰۃ بحوالہ صحیح بخاری)۔

" صَرَخَۃ" کے معنی چیخنا،چلاّنا،زور سے آواز دینے کو کہتے ہیں اس لئے اذان کو بھی صَرَخَۃ" کہا جاتا ہے کہ یہ چلاّنے کی آواز میں دی جاتی ہے۔نیز حضرت عمرؓ قحط کے زمانے میں لوگوں کے سامنے دعا مانگ رہے تھے اس میں آتا ہے "رفع صوتہ بالاستغفار: استغفار کے ساتھ آپ آواز بلند کررہے تھے" اور پھر اسی روایت میں ہے کہ؛"عجّ الی ربہ: اوراپنے پروردگار سے چلاّ کر فریاد کی" (حیاۃ الصحابہؓ،جلد۳،ص۳۳۰)۔

عج کے معنی بھی چیخنے چلانے،پکارنے کے ہیں (لغات الحدیث)۔نیز نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ؛ "افضل الحج العجُّ والثجّ:افضل حج وہ ہے جس میں چلاّنا اور بہانا ہو (یعنی جس حج میں چلاّ کر اور پکار کر تلبیہ کہنا ہو اور قربانی کا خون بہانا ہو)" (مشکوۃ باب الحج)۔انشاءاللہ تعالیٰ آنے والی حدیثوں سے خوب معلوم ہو جائیگا کہ جہر معتدل قرآن وحدیث سے بالاجماع ثابت ہے بلکہ جہر شدید بھی اگر مضر اور تکلیف دہ نہ ہوتو وہ بھی جائز ہے اگرچہ اس میں اختلاف ہے لیکن نبی کریم ﷺ کے ارشادات اور آپ ﷺ کے عمل سے اور صحابہ کرامؓ کے عمل سے آپ خود معلوم کرسکیں گے۔کہ جہر اور رفع الصوت میں اس قدر بے جا اختلاف کرنا کہ جہری ذکر پر بدعت اور ناجائز ہونے کا فتویٰ لگایا جائے خود ایک بدعت ہے کہ ایک جائز چیز کے متعلق عدم جواز کا ایک نیا عقیدہ بنالیا جائے اور حرام وحلال کا اختیار اللہ تعالیٰ کے بجائے اپنے اختیار میں لے کر اپنی بندگی کرانے کے جرمِ عظیم کا ارتکاب کیا جائے۔

www.noorehidayat.org

# بسا اوقات اختلاف بہت کم نوعیت کا ہوتا ہے لیکن بعد والے اس کو بڑھاتے رہتے ہیں:

بسا اوقات اختلاف بہت کم نوعیت کا ہوتا ہے مگر کسی امام کے پیروکار اس کو بڑھا دیتے ہیں۔ حضرت امام ابوحنیفہؒ اورامام ابویوسفؒ اورامام محمدؒ وغیرہ کا فروعی مسائل میں جو اختلاف ہوتا ہے ان میں سے کسی امام نے اختلافی مسائل میں سے اپنے لئے جس مسئلہ کو اختیار کیا ہے تو ان کے درمیان اختلاف کی نوعیت بہت کم درجہ کی ہوتی ہے۔ لیکن بعد والوں میں سے بعض علماء ان کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں اور پھر اس مسئلہ کے حق میں اپنی طرف سے ایسے دلائل پیش کرتے ہیں کہ جو اختلاف افضل اور غیر افضل کا ہوتا ہے تو وہ بدعت وغیرہ جیسے اختلاف کی صورت میں تبدیل ہوجاتا ہے اور یہی معاملہ غالباً ذکر جہر میں ہوا ہے۔

چنانچہ حضرت امام ابوحنیفہؒ سے صراحت کے ساتھ ذکر جہر کے متعلق کوئی ممانعت مستند طریقہ سے منقول نہیں پائی گئی۔ مسند امام ابی حنیفہ، مسانید خوارزمی، امام محمدؒ کی کتاب الآثار اوران کی کتاب زیادات وغیرہ، نیز حضرت امام ابویوسفؒ کی جو کتابیں بندہ کو میسّر آئیں ان میں کہیں بھی ذکر جہر کے متعلق صراحت کے ساتھ ممانعت نہیں پائی گئی اور نہ اس کے عدم جواز پر کوئی دلیل نظر سے گذری البتہ عیدالفطر کے ایام میں راستوں میں جہرًا تکبیر ہونی چاہیئے یا کہ نہیں اس مسئلہ میں ائمہ متبوعین کا اختلاف ہے۔ حضرت امام شافعیؒ، حضرت امام ابویوسفؒ، حضرت امام محمدؒ اور جمہور ائمہ متبوعین اس بات کے قائل ہیں کہ عیدالفطر کے موقعہ پر راستوں میں تکبیریں بلند آواز سے کہنا مستحب اور مسنون ہیں۔ امام ابوحنیفہؒ سے بھی ایک روایت یہی ہے کہ جہری تکبیریں ہونی چاہئیں، لیکن حضرت امامؒ کی ظاہر روایت یہی ہے کہ عیدالفطر کے موقعہ پر تکبیریں جہرًا نہیں ہونی چاہئیں۔ لیکن بعد کے علماء نے اس کی وجہ یہ بتائی کہ چونکہ عیدالفطر کے ایام میں جو شخص بھی تکبیریں کہے گا تو سنت سمجھ کر کہے گا اس لئے جائز عمل کو سنت کا درجہ دیدیا جائیگا۔ جس کی وجہ سے یہ بدعت ہوجائیگی پھر آگے چل کر بعض علماء نے ''اذکرربک'' وغیرہ جیسی آیتوں سے مطلقاً ذکر جہر کے بدعت ہونے کا مسئلہ نکالا جس کا مطلب یہ ہے کہ جہاں شریعت مطہرہ نے بلند آواز کے ساتھ ذکر کو مسنون کردیا وہاں تو یہ جائز اور مسنون ہے لیکن جہاں شریعت مطہرہ نے ذکر کی صورت کو متعین نہیں فرمایا تو ایسی حالت میں چلا کر بلند آواز سے ذکر کرنا بدعت ہے، لیکن یہ بات یاد رہے کہ اس صورت میں بدعت کہنا اس وقت صحیح ہے جب ذکر جہر کو مسنون سمجھا جائے یا اس سے جہرِ مفرط یا جہر مضر مراد لیا جائے۔ ورنہ اگر مطلقاً ذکر جہر مراد لیا جائے تو یہ نہ صرف قرآن وسنت کے خلاف ہوگا بلکہ ایک ہی فقیہ کے قول وتحریر

میں اس قدر تضاد پایا جائے گا کہ جس کی وجہ سے اپنے علماء کے اقوال و تحریرات بے اعتبار سمجھی جائیں گی۔

خلاصہ یہ ہوا کہ احناف کے بعض فقہاء کے مجمل اقوال کی عبارتوں سے بعض علماء نے جو یہ سمجھا ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ذکر بالجہر بدعت ہے یہ بات قطعاً غلط اور خلافِ حقیقت ہے بلکہ حضرت امام ابوحنیفہؒ ذکر بالجہر کو ایسے موقع پر بدعت کہتے ہیں، جہاں ذکر کرنے کا موقع تو ہو مگر جہر ثابت نہ ہو۔ تو ایسے موقع پر ذکر بالجہر کو سنت قرار دینا بدعت ہے۔ مثلاً حضرت امام ابوحنیفہؒ کے مشہور قول کے مطابق تکبیراتِ تشریق یوم عرفہ یعنی نو ذی الحجہ کی نماز فجر سے دس ذی الحجہ کی نمازِ عصر تک آٹھ نمازوں کے بعد مشروع ہیں اس سے زیادہ مشروع نہیں بلکہ بدعت ہیں۔ اور امام ابو یوسفؒ و امام محمدؒ وغیرہ دوسرے ائمہ کے نزدیک یہ تکبیرات تیرہ (۱۳) ذی الحجہ کی عصر تک یعنی تئیس نمازوں کے بعد جہراً واجب ہیں۔ اسی طرح عید الفطر میں عید گاہ کو نمازِ عید کیلئے جاتے وقت امام ابو یوسفؒ و امام محمدؒ کے نزدیک جہراً تکبیریں کہنا مستحب ہے اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک چپکے کہنا مستحب اور جہراً بدعت ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ ذکر کے مواقع ہیں مگر ان میں جہر سنت سے ثابت نہیں اور جہاں ذکر کا موقع ہو مگر جہر سنت سے ثابت نہ ہو تو وہاں ذکر بالجہر کو سنت قرار دیا جانا بدعت ہے۔

جس کا خلاصہ یہ ہوا کہ غیر سنت کو سنت کا مقام دے دینا بدعت ہے نہ کہ ذکر بالجہر بدعت ہے۔ اور جس نے بھی ہمارے فقہاء کے اقوال اور ائمہ مجتہدین کی آراء اور ان کی عبارتوں اور ان کے باہمی اختلاف میں غور و فکر کیا تو وہ اسی نتیجہ پر پہنچا ہے جس کا بیان اوپر گزر چکا ہے۔ کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ کی طرف مطلقاً ذکر بالجہر کو منسوب کرنا غلط اور خلافِ حقیقت ہے۔

## ذوق کے اختلاف سے ذکر جہر کی افضلیت میں اختلاف:

دراصل عام حالات میں ذکر جہر یعنی جہر شدید جائز ہے یا کہ نہیں یا جہر شدید افضل ہے یا خفی اس اختلاف کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ نقشبندی حضرات رحمھم اللہ جن کے اذکار میں لطائف پر ذکر ہوتا ہے اور وہ خیالی ضربیں دل پر لگاتے ہیں۔ اور اس کے برعکس قادری اور چشتیہ حضرات رحمھم اللہ تعالیٰ ذکر جہر بتایا کرتے تھے اور جہر بھی اس قدر کہ خوب قوت اور ضرب کے ساتھ ہو۔ چونکہ ہم عصر علماء میں کبھی ذوق کے اختلاف سے بھی اختلاف بڑھ جاتا ہے چنانچہ قادریہ اور چشتیہ طریقہ سلوک سے جو لوگ منسلک تھے وہ ذکر جہر کو ترجیح دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ شدید جہر میں مشقت زیادہ ہے اور لوگوں کو فائدہ ہے وغیرہ اور وہ خیالی ضربوں کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ تو ذکر کی کوئی بھی صورت نہیں جہر اگرچہ شدید بھی ہو وہ بھی کم از کم شرعًا تو ثابت ہے جیسا کہ اذان تلبیہ ہے۔ لیکن ذکر کی یہ خیالی صورت تو ذکر کی صورتوں میں سے بھی نہیں اور نقشبندی حضرات جہر کے مقابلے میں اسی خیالی ذکر کو ترجیح دیتے ہیں اور اسی

کا نام ذکرخفی رکھ دیتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ ریاء کاری سے دور ہے۔اخلاص اس میں زیادہ ہے اوراس کے مقابلہ میں ذکر جہر کے خلاف وہ عبارتیں نکال لیتے تھے جو تکبیرات تشریق کی تعداداور عیدالفطر کے دن جہراً تکبیروں کہنے سے متعلق تھیں،تو اس پر قیاس کر کے وہ کہتے تھے کہ جہر(یعنی جہر شدید) بدعت ہے،مکروہ ہے وغیرہ وغیرہ اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ سارے علماء اور مفسرین کا یہ اختلاف تعصب اور باہمی عناد کی بنیاد پر تھا بلکہ یہاں صرف یہ بتانا مقصود ہے کہ بعض علماء اور مفسرین ایسے بھی تھے جن کا اختلاف اپنے ذوق کی بنیاد پر تھا۔ چنانچہ حضرت علامہ شیخ احمد المعروف ملا جیونؒ اپنی تفسیر میں ان کے متعلق یوں لکھتے ہیں کہ؛

**ولایخفی ان الایة تدل علی افضلیة الذکر الخفی ولھذا قال بعض اھل السلوک ان الذکر الخفی عزیمة والجھر بدعة او مباح و عند البعض الجھر افضل** : یادرہے کہ یہ آیت ذکرخفی کے افضل ہونے پر دلالت کرتی ہے اوراس لئے بعض اھل السلوک نے کہا ہے کہ آہستہ ذکر عزیمت ہے اور بلند آواز سے ذکر کرنا بدعت ہے یا مباح ہے اور بعض کے نزدیک جہر افضل ہے۔

اس کے بعد علامہ ملا جیونؒ فرماتے ہیں؛

**وھذا بحث مختلف فیہ بین الانام فی زماننا ولاطائل تحتہ اذالمقصود للکل الوصول الی اللہ تعالیٰ بایِ طریقٍ کان**: اور یہ بحث ہمارے زمانے کے لوگوں میں مختلف فیہ ہوگئی ہے لیکن اس بحث میں کوئی فائدہ نہیں کیونکہ اصل مقصد تو سب کا وصول الی اللہ (یعنی اللہ تعالیٰ کے قرب اور تعلق کو حاصل کرنا) ہے جس طریقے سے بھی ہو (تفسیرات احمدیہ،ص۲۸۱)۔

غرض یہ کہ سر اور جہر کا معاملہ شریعت مطہرہ میں اس قدر سخت نہیں کہ اس کی بنیاد پر کسی کو بدعتی یا فاسق وغیرہ قرار دیا جائے،الّا یہ کہ وہ طریقہ ایسا ہو جس میں دوسری غلط چیزیں شامل ہوں مثلاً ساز وغیرہ۔

## کسی عالم یا فقیہ کی ایک مقام پر لکھی ہوئی عبارت کو لے کر دوسرے مقام پر لکھی ہوئی عبارت کو چھوڑ دینا:

کبھی کبھی کسی عالم اور فقیہ یا مفتی کے سامنے کوئی خاص قسم کا واقعہ یا حالت ہوتی ہے تو وہ اس کے مطابق فتویٰ دے دیتا ہے،تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ وہ چیز فی نفسہٖ ان کے نزدیک حرام یا ناجائز ہوتی ہے بلکہ اس کے

عدم جواز کا تعلق اس چیز کے ساتھ ملنے والے ناجائز امور کے ساتھ ہوتا ہے۔مثلاً علامہ آلوسیؒ نے اپنی تفسیر روح المعانی میں ان لوگوں کے متعلق لکھا ہے جو اس قدر بلند آواز کے ساتھ مسجد میں دعا مانگتے تھے جن کی وجہ سے مسجد میں شور شغب کی فضا بن جاتی اور آواز اس قدر تیز کہ کان بہرے اور بند ہوجاتے تھے ان کے متعلق وہ فرماتے ہیں کہ ان لوگوں نے تو دو بدعتیں جمع کی ہیں ایک بلند آواز سے دعا، دوسری بدعت یہ کہ بلند آواز مسجد میں (دیکھئے روح المعانی، جلد۸،ص۱۳۹)۔لیکن حضرت علامہ آلوسیؒ کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہوگا کہ نفس ذکر جہر ممنوع یا بدعت ہے بلکہ ان کے سامنے جو واقعہ ہے اس کے مطابق لکھتے ہیں ورنہ دوسری جگہ وہ خود جہر معتدل کو ثابت کرتے ہیں بلکہ بعض اوقات اور بعض اشخاص کے لحاظ سے اس کی افضیلت کی تائید بھی کرتے ہیں جیسا کہ اس کتاب میں آپ کو ان کے دونوں طرح کے حوالے مل جائیں گے۔

اسی طرح آپ کو کتابوں میں بہت سے حوالے ایسے مل جائیں گے کہ وہ کسی خاص واقعہ کے متعلق ہوں گے جس کو دیکھ کر آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کونسی چیزیں ایسی ہیں جو جائز چیز کے ساتھ مل کر اس جائز کو ناجائز بنادیتی ہیں مثلاً یا تو اس چیز کے متعلق غلط عقیدہ ہوگا کہ وہ چیز مباح یا مستحب ہوگی لوگ اس کو فرض، واجب یا سنت مؤکدہ سمجھنے لگے یا کسی ایک صورت میں ذکر وغیرہ کو منحصر کرتے ہوں گے یا اس میں حد سے زیادہ تجاوز کرتے ہوں گے۔یا اس کے ساتھ دوسری چیزیں مثلاً بین باجا وغیرہ ملا ہوگا وغیرہ وغیرہ۔تو ایسے حوالوں کو دیکھ کر غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوں بلکہ شاید اسی عالم اور فقیہ کے قول وفعل یا اس کی تحریر میں اس چیز کے متعلق اصل حکم بھی آپ کے سامنے آجائے، جیسا کہ بندہ نے نمونہ کے طور پر حضرت علامہ آلوسیؒ کے حوالے کے متعلق بتایا اور ان کے دونوں طرح کے حوالے آپ کے سامنے رکھدیئے ہیں۔

## نقل عبارت میں علماء سے تسامح ہوسکتا ہے:

علماء کبھی ایسا بھی کرتے ہیں کہ کسی کتاب سے ایک بات ثابت کرنے کیلئے ادھورا حوالہ لکھ دیتے ہیں تا کہ وہ صرف اپنی ایک بات کو ثابت کردیں اور صرف ایک مسئلہ کی وضاحت کردیں لیکن اس سے کبھی کبھی یہ غلط فہمی پیدا ہوتی ہے کہ اسی مسئلہ کے متعلق کتاب والے کی جو رائے ہے یا انکے نزدیک جو بات ثابت ہوتی ہے اس کو الٹ دیا جاتا ہے یا اسی حوالے کو ایسے انداز میں پیش کیا جاتا ہے کہ گویا وہ اس چیز کے عدم جواز کا قائل ہے حالانکہ وہ ان کے نزدیک جائز ہوگی۔مثلاً امام حافظ الدین محمد بن محمدؒ کی لکھی ہوئی عبارت کو اگر اتنا پیش کیا جائے کہ وہ لکھتے ہیں کہ؛

وفی فتاویٰ القاضی رفع الصوت بالذکر حرام وقد صح عن ابن مسعودؓ

انہ سمع قومًا اجتمعوا فی مسجد یھللون ویصلون علیه الصلوٰة و السلام جھرًا فراح الیھم فقال ما عھد نا ذالک علی عھدہٖ علیه السلام وما اراکم الامبتدعین فمازال یذکر ذالک حتّٰی اخرجھم عن المسجد: فتاویٰ قاضی خان میں ہے کہ بلند آواز سے ذکر کرنا حرام ہے اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے یہ روایت ہے کہ انہوں نے سنا کہ ایک قوم مسجد میں جمع ہو کر جہرا لاالٰہ الاّ اللہ اور درود شریف پڑھتے ہیں تو وہ ان کے پاس گئے اور فرمایا کہ آپ ﷺ کے عہد مبارک میں یہ بات نہیں تھی اور میں تمہیں بدعتی سمجھتا ہوں، بار بار فرماتے رہے یہاں تک کہ ان کو مسجد سے نکال دیا[1] (فتاویٰ بزازیہ علی ھامش الھندیہ، جلد۶، ص۳۷۸)۔

اگر فتاویٰ بزازیہ کی اتنی ہی عبارت نقل کر کے اس پر اکتفا کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ صاحب بزازیہ بھی علامہ قاضی خان کا ساتھ دے رہے ہیں اور اس کی تائید کر رہے ہیں، حالانکہ اگر انکے بعد والی عبارت کو ملا دیا جائے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ قاضی خان کی عبارت کو اس کی ٹھیک جگہ پر محمول کرنا چاہتے ہیں، چنانچہ وہ اسی کے بعد حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت کا جواب دیتے ہیں۔ اسی طرح جن نصوص یعنی قرآن وحدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گویا ذکر جہری مکروہ ہے تو وہ اس کا بھی جواب دیتے ہیں (دیکھئے پوری عبارت فتاویٰ بزازیہ علی ھامش الھندیہ، جلد۶، ص۳۷۸ تا ۳۷۹) نیز اس کی قدرِ مفصل عبارت اس کتاب میں بھی موجود ہے اس کو پڑھ لیجئے، پھر اس ادھورے حوالہ کو دیکھ لیا جائے اس سے یہ بات اچھی طرح واضح ہو جائیگی کہ بعض اوقات ادھورے حوالے سے تحریر اور مضمون کا مقصد و معنی بالکل الٹ جاتا ہے۔

## صحابہ کرامؓ تین مقامات پر آواز بلند کرنے کو مکروہ سمجھتے تھے، اس کا مطلب؟

بعض کتابوں میں قیس بن عبادؒ سے ایک بات منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ:

کان اصحاب رسول ﷺ یکرھون رفع الصوت عندالجنازة وعندالذکر وعندالقتال: رسول اللہ ﷺ کے اصحاب یعنی صحابہ کرامؓ تین موقعوں میں آواز بلند کرنا مکروہ سمجھتے تھے، جنازہ کے وقت اور ذکر کے وقت اور لڑائی کے وقت (فقہ السنۃ، جلد۱،

[1] اس روایت پر انشاء اللہ تعالیٰ پوری بات اپنے مقام پر آئے گی۔

ص ۵۳۸ اور فتح ربانی، جلد ۸، ص ۲۴)۔

ان تینوں مواقع میں آواز بلند کرنے میں خواہ جس چیز کیساتھ بھی ہو بلند آواز میں باتیں کرنا ہو یا ذکر وتلاوت کرنا ہو کومکروہ سمجھتے تھے اس کی وجہ کیا تھی، لڑائی کے وقت جب عین دست بدست حملہ کا وقت نہ ہو اس کے متعلق تو واضح ہے اس لئے ایسے موقع پر تیز آواز نکالنا دشمن کو موقعہ دے دینا ہے اور یہی تیز آواز مصیبت کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتی ہے اور جنازے کے وقت تیز باتیں یا اونچی آواز سے ذکر کرنا اس لئے مکروہ سمجھتے تھے کہ مردے کے ساتھ جاتے وقت انسان کو اپنی آخرت اور اپنی موت کی فکر کرنی چاہیئے۔ کہ ایسا دن مجھ پر بھی آنے والا ہے تو ایسی صورت میں اگر کوئی شخص آواز اونچی کرتا ہے، تیز تیز باتیں کرتا ہے یا زیادہ تیز آواز کے ساتھ ذکر کرتا ہے، قرآن مجید پڑھتا ہے تو اس کو یہ فکر نصیب نہ ہوگی نیز اس کی وجہ سے دوسروں کی توجہ بھی اس بہترین فکر سے ہٹ جاتی ہے، اس وجہ سے فقہاء کرام بھی جنازے کے ساتھ جاتے وقت بلند آواز سے باتیں بلکہ ذکر وتلاوت کو بھی مکروہ قرار دیتے ہیں۔ تقریبًا تمام فقہ کی کتابوں میں یہ مسئلہ موجود ہے کہ جنازہ کے ساتھ جاتے وقت خاموشی اختیار کرنا چاہیے اور تیز آواز کے ساتھ نہ بات ہو نہ ذکر وتلاوت کی جائے تاکہ خود بھی موت اور آخرت کی فکر کریں اور دوسروں کو بھی یہ موقع دیا جائے۔

تیسرا موقعہ جس میں صحابہ کرامؓ آواز بلند کرنا مکروہ سمجھتے تھے اس سے مراد یہ نہیں کہ وہ ذکر جہر کو مکروہ سمجھتے تھے ورنہ الفاظ یوں ہوتے کہ "**یکرھون الجھر بالذکر**" یا یوں ہوتے "**یکرھون رفع الصوت بالذکر**: جہر کے ساتھ ذکر" ذکر کے ساتھ آواز بلند کرنے کو مکروہ سمجھتے۔ یہاں الفاظ یہ نہیں بلکہ "**عندالذکر**" ہے یعنی ذکر کے موقعہ پر بلند آواز سے باتیں وغیرہ نہیں کرنی چاہیئے، مثلاً بیان ہو رہا ہے تو اس وقت اونچی باتیں بلکہ اونچی آواز سے ذکر بھی نہ کریں یا مثلاً خطبہ پڑھا جارہا ہے اس وقت بھی چپ رہیں نیز لوگ تلاوت اور ذکر میں مشغول ہوں اس وقت بھی تیز تیز باتیں یا زیادہ تیز آواز سے ذکر وتلاوت کرنا یہ سب اس لئے مکروہ ہے کہ بیان، خطبہ اور دوسروں کے ذکر میں تشویش اور خلل پڑتا ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ جہری ذکر کو مکروہ سمجھتے تھے بلکہ مطلب یہ ہے کہ کوئی ذکر ہو رہا ہو اس وقت بلند آواز کر کے خطبہ وغیرہ میں خلل نہ ڈالو اور یہی بات حدیثوں سے بھی ثابت ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس پر احادیث پیش کی جائیں گی، اگر مذکورہ عبارت سے یہ مطلب لیا جائے کہ ذکر یعنی تسبیح وتہلیل اور قراءت قرآن کو جہر کے ساتھ پڑھنے کو مکروہ سمجھتے ہیں تو یہ بہت بڑی غلط فہمی ہے کیونکہ یہاں الفاظ "**بالذکر**" نہیں بلکہ "**عندالذکر**" ہیں۔

نیز صحابہ کرامؓ کے خود اپنے عمل سے ذکر بالجہر ثابت ہے جیسا کہ انشاء اللہ پورا بیان آنے والا ہے جس

سے ثابت ہوگا کہ ذکر جہر غیر ممنوعہ مواقع کے علاوہ قرآن، حدیث اور عملی اجماع سے ثابت ہے اور علماء نے بھی "عندالذکر" سے یہی معنی لیا ہے۔ چنانچہ علامہ احمد الرحمٰن قیس بن عبادؓ کے اسی قول کو نقل کر کے آگے فرماتے ہیں کہ؛

> **ومثل ذالک قالت الحنفیہ والمالکیہ ای بکراھۃ رفع الصوت امام الجنازۃ و لوبذکر اوقراۃ:** اوراسی طرح حنفی اور مالکی مسلک والوں نے کہا ہے کہ جنازہ کے آگے آواز بلند کرنا اگر چہ کسی ذکر یا تلاوت قراءت کے ساتھ ہو (پھر بھی مکروہ ہے) (فتح الربانی، جلد۸،ص۲۴)۔

اگر علماء قیس بن عبادہ کے جملہ سے یہ مطلب لے لیتے کہ مطلقاً ذکر کے ساتھ آواز بلند کرنا ہی مکروہ ہے پھر تو عبارت یوں ہونی چاہیئے کہ ذکر وتلاوت کے ساتھ آواز بلند کرنا تو ویسے بھی مکروہ ہے، مگر باتیں بھی تیز آواز کے ساتھ مکروہ ہیں یہاں تو عبارت بالکل برعکس ہے جس کا مطلب یہی ہے کہ اگر چہ ذکر پر آواز بلند کرنا فی نفسہ ممنوع نہیں کیونکہ بعض اوقات لوگوں کیلئے ترغیب اور تذکیر کا سبب بن جاتا ہے اور لوگوں کو فضول باتوں سے دور کرنے کا ذریعہ اور سبب بن جاتا ہے لیکن جنازہ کے ساتھ جاتے وقت دوسری باتوں پر آواز بلند کرنا تو مکروہ ہی ہے بلکہ ایسے وقت میں ذکر بالجہر بھی مکروہ ہے کیونکہ یہ آخرت وموت کی فکر میں خلل ڈالتا ہے اور وجہ وہی ہے جو پہلے ذکر کی گئی اور امام نوویؒ نے بھی جنازہ کے ساتھ رفع الصوت یعنی بلند آواز کے مکروہ ہونے کی وجہ تقریباً اسی طرح بتائی ہے [1] (کتاب الاذکار للنوویؒ،ص۱۴۶)

## جب بعض علماء کہتے ہیں کہ جہر یہ ہے کہ خود سنے اس میں غلط فہمی:

بعض علماء کے نزدیک خفی نماز بھی اس وقت تک ادا نہیں ہوسکتی جب تک نمازی اپنی قرأت کو خود نہ سن سکے بشرطیکہ اس کے کان درست ہوں اور یہ بالکل ظاہر ہے کہ جب کوئی اپنے آپ کو سناتا ہے تو جو لوگ اس کے قریب ہوں گے وہ بھی اس کی قرأت کو سن سکتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ یہ حضرات جہر کے متعلق پھر یوں لکھتے ہیں کہ کم از کم جہر جس سے نماز صحیح ہو جائے وہ اس قدر ہے کہ دوسرے ایسے لوگوں کو سنا سکے جو اس کے بالکل قریب نہ ہوں۔ اور حافظ ابن تیمیہؒ (وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ )الایۃ کے تحت (اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ) کے

---

[1] واعلم ان الصواب والمختار ماکان علیه السلف رضی الله عنهم السکوت فی حال السیر مع الجنازہ فلا یرفع صوتًا بقرأۃ ولاذکر ولاغیرذالک والحکم فیه ظاهروهوانه اسکن لخاطرہ واجمع لفکرہ فیما یتعلق بالجنازۃ(کتاب الاذکار،ص۱۴۶)

متعلق فرماتے ہیں کہ؛

**فالاخفاء قدیکون بصوت یسمعه القریب هو المناجاة:** پس اخفاء کبھی ایسی آواز میں بھی ہوتا ہے کہ قریب کا شخص اس کو سن لیتا ہے، تو یہی مناجات ہے (تفسیر کبیر، حافظ ابن تیمیہؒ، جلد۴، ص۳۲۰)۔

اور بعض فقہاء فرماتے ہیں کہ اگر صرف زبان حرکت کرتی ہے اور حروف صحیح ادا ہوں تو پھر سرّی نماز صحیح ہو سکتی ہے اور کم سے کم جہر کی تعریف یہ علماء یوں کرتے ہیں کہ جب آواز اس قدر ہو کہ خود اچھی طرح سن سکتا ہو تو پھر اس پر جہر کا حکم لگایا جا سکتا ہے۔ اور ان علماء کیلئے حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ والی حدیث بھی دلیل بن سکتی ہے چنانچہ وہ فرماتے ہیں؛

**لم یخافت من اسمع اذنیه‘** : جس شخص نے اپنے کانوں کو سنا دیا اس نے آہستہ نہیں پڑھا (مجمع الزوائد، جلد۲، ص۲۶۷)۔

دیکھئے یہاں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا مطلب یہی تو ہے کہ جو اپنے کانوں کو سنائے تو اس نے اپنی قرأت کو حد اخفاء سے نکال دیا۔ خلاصہ یہ ہوا کہ فقہاء اور علماء اس بحث کو اس لئے نہیں چھیڑتے کہ اس سے زیادہ جہر نا جائز ہے یا حرام ومکروہ ہے، بلکہ وہ صرف یہ مقدار اس لئے بتاتے ہیں کہ اس سے طلاق، عتاق، نماز وغیرہ صحیح ہو سکتی ہیں یا کہ نہیں۔ مثلاً علامہ ابن نجیمؒ اس بحث میں اکثر مشائخ کے قول کو نقل کر کے فرماتے ہیں کہ؛

**واکثر المشائخ علی ان الصحیح ان الجهر ان یسمع غیره والمخافة ان یسمع نفسه وهو قول الهندوانی وکذا کل مایتعلق بالنطق کالتسمیة علی الذبیحة ووجوب السجدة بالتلاوة والعتاق والطلاق والاستثناء حتی لوطلق ولم یسمع نفسه لایقع وان صح الحروف وفی الخلاصة الامام اذاقرء فی صلوة المخافة بحیث سمع رجل او رجلان لایکون جهرًا والجهر ان یسمع الکل**

اور اکثر مشائخ کے نزدیک صحیح یہ ہے کہ جہر یہ ہے کہ دوسروں کو سنائے اور آہستہ پڑھنا یہ ہے کہ اپنے آپ کو سنائے اور یہی امام ھندوانی کا قول ہے اور یہی تفصیل ان سب چیزوں کے متعلق ہے جو بولنے سے تعلق رکھتے ہیں جیسا کہ جانور ذبح کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا اور سجدہ تلاوت کا تلاوت سے واجب ہو جانا اور غلام کا آزاد کرنا اور طلاق دینا اور استثنا کرنا، حتی کہ کسی شخص نے اپنی بیوی کو (ایسے انداز میں) طلاق دی کہ اس نے اپنے کو نہیں سنایا تو طلاق واقع

نہیں ہوگی، اگر چہ اس نے (زبان ہلاکر) حروف صحیح ادا کئے ہوں اور خلاصہ الفتاوی میں ہے کہ امام جب سری نماز میں خفیہ قرأت (ایسے انداز میں) کرتا ہے کہ وہاں ایک دو آدمی اسے سنیں تو وہ جہر نہ ہوگا جہر تو یہ ہے کہ سب سنیں (یعنی جو بالکل قریب ہوں وہ بھی سنیں اور جو دور ہوں وہ بھی) (بحرالرائق، جلد ا، ص ۳۳۶)۔

مذکورہ عبارت سے آپ کو یہ معلوم ہو گیا ہوگا کہ اگر کسی نے بسم اللہ پڑھی لیکن کان درست ہونے کے باوجود اس نے ایسے انداز میں نہ پڑھی کہ خود سنے تو گویا اس نے بسم اللہ خفیہ بھی نہیں پڑھی تو ذبح صحیح نہ ہوگی اس انداز کے ساتھ قراءت ہوگی تو نماز صحیح نہ ہوگی طلاق واقع نہ ہوگی، اگر چہ حروف صحیح ادا کئے ہوں لیکن دوسرے علماء فرماتے ہیں کہ زبان کو ہلانا اور حروف کی صحیح ادائیگی کرنا ہی سری نماز وغیرہ میں ضروری ہے اگر خود نہ بھی سن سکے پھر بھی سری نماز صحیح ہوگی اور یہی بات وہ جہر کے متعلق جہری نماز کے بارے میں کہتے ہیں۔ اب یہاں صرف دو مفسرین کی رائے اس کے متعلق لکھ دیتا ہوں۔

علامہ قرطبیؒ "دون الجهر" کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ؛

> ای دون الرفع فی القول ای اسمع نفسک کما قال و ابتغ بین ذالک سبیلا ای بین الجهر والمخافة و دل هذا علی ان رفع الصوت بالذکر ممنوع: آواز بلند نہ کریں یعنی اپنے نفس کو سنائے جیسا کہ "وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا" میں ہے یعنی جہر اور اخفا کے درمیان اور یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ذکر کے ساتھ آواز بلند کرنا ممنوع ہے (تفسیر قرطبی، جلد ۷، ص ۳۵۵)۔

یہاں بلند آواز سے علامہ قرطبی کا جہر شدید جہر مفرط مراد ہے نہ کہ جہر معتدل غور کیجئے انہوں نے دون الجهر کے معنی دون الرفع سے واضح کئے پھر لکھتے ہیں کہ اپنی جان کو سناؤ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اور نہ سنیں بلکہ اس کے بعد خود فرماتے ہیں کہ؛

> یہ حکم ایسا ہے جیسا کہ؛ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا میں جہر معتدل کا حکم تو ہے البتہ جہر کامل جیسے رفع الصوت کو کہتے ہیں وہ اس آیت کی رو سے ممنوع ہے۔ اور جس آیت یعنی "وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا" پر جو حوالہ دیا ہے اور اس آیت کے ترجمہ میں علامہ قرطبیؒ یوں لکھتے ہیں "نزلت و رسول الله صلی الله علیه وسلم متوار بمکة و کان اذا صلی باصحابه رفع صوته بالقرآن فاذاسمع ذالک المشرکون سبّوا القرآن ومن انزله ومن جاء به فقال الله

تعالیٰ ''وَلَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِکَ'' فیسمع المشرکون قرأتک وَلَاتُخَافِتْ بِهَا عن اصحابک اسمعهم القرآن وَلَاتَجْهَرْ ذالک الجهر :یہ آیت ایسی حالت میں نازل ہوئی جبکہ آپ ﷺ مکہ مکرمہ میں چھپے ہوئے تھے اور جب آپ ﷺ صحابہ کرامؓ کونماز پڑھاتے تھے تو تلاوت قرآن پرآواز بلند کرتے تھے پھر جب یہ قراءت مشرکین سن لیتے تو قرآن مجید پر اور قرآن مجید نازل کرنے والے پر سب وشتم کرتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا نہ قراءت ایسے جہر کے ساتھ پڑھئے...کہ مشرکین آپکی قراءت سنیں اور نہ اس کو صحابہ کرامؓ سے چھپا کر پڑھیں (بلکہ) ان کو تلاوت قرآن سنائیں اور اس طرح جہر نہ کریں (جو آپ ﷺ پہلے کررہے تھے بلکہ اعتدال کے ساتھ جہر کریں) (تفسیر قرطبی، جلد۱۰، ص۳۴۳)

اس سے معلوم ہوا کہ "وَاذْكُرْ رَّبَّکَ فِیْ نَفْسِکَ" میں جو بات علامہ قرطبیؒ نے لکھی ہے کہ بین الجهر والمخافتة اور اس کا حوالہ بھی اسی آیت پر دیا تھا تو ان کے نزدیک جہر معتدل جائز ہے اور ان کے نزدیک رفع الصوت یعنی کامل جہر ممنوع ہے۔ نیز دیکھئے علامہ سید محمود آلوسیؒ "وَاذْكُرْ رَّبَّکَ فِیْ نَفْسِکَ" کے تحت لکھتے ہیں؛

والمراد بالجهر رفع الصوت المفرط و بما دونه نوع اخربين الجهر قال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنه هو ان يسمع نفسه وقال الامام المراد ان يقع الذكر متوسطا بين الجهر والمخافة كما قال تعالیٰ وَلَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِکَ وَلَاتُخَافِتْ بِهَا: اور جہر سے مراد حد سے زیادہ آواز بلند کرنا ہے اور جو اس (جہر مفرط اور جہر شدید) سے کم ہو وہ جہر کی ایک اور قسم ہے اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ وہ یہ ہے کہ اپنے آپ کو سنا سکے اور امامؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد متوسط ذکر ہے کہ جہر اور آہستہ کے درمیان ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے؛ وَلَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِکَ وَلَاتُخَافِتْ بِهَا (روح المعانی، جلد۹، ص۱۵۴)۔

یہاں حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے قول سے مغالطہ نہ کھائیں اس کا مطلب یہ نہیں کہ جہر مفرط سے جو کم ہو گیا تو وہ اس قدر جہر ہے کہ بس خود سن سکے۔ یہاں تو علامہ آلوسیؒ صرف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ان کے نزدیک جہر اور سر کے درمیان ذکر کی حد اس سے شروع ہو جاتی ہے کہ خود سن سکے تو اس قدر جہری آواز سے جہر کا ادنیٰ درجہ شروع ہوتا ہے

اس کا آخری درجہ اس قدر ہے کہ جہر مفرط تک نہ پہونچے ورنہ اگر حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا مطلب یہ بیان کیا جائے کہ ان کا مطلب صرف یہ ہے کہ خود کو سنا سکے تو پھر حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی تفسیر جو بخاری ومسلم وغیرہ میں صحیح طور پر ثابت ہے وہ تو یہی ہے کہ اس قدر جہر کریں کہ صحابہؓ کو سنائیں لیکن اس قدر اونچی آواز نہ ہو کہ آواز دور دور تک جائے کہ کفار ومشرکین سنیں اور وہ آپ ﷺ کو ایذاء پہونچائیں، جیسا کہ اس کا بیان خود اسی روح المعانی میں موجود ہے۔ چنانچہ " وَلَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَاتُخَافِتْ بِهَا" کے تحت علامہ آلوسیؒ لکھتے ہیں:

اخرج احمد و البخاری ومسلم والترمذی والنسائی وابن حبان وغیر هم عن ابن عباسؓ قال نزلت ورسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم مختف بمکة فکان اذاصلی باصحابه رفع صوتهٗ بالقرآن فاذا سمع ذالک المشرکون سبّواالقرآن ومن انزله ومن جاء بهٖ فقال اللّٰه تعالیٰ لنبیهٖ علیه الصلوٰة والسلام وَلَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ ای بقرأتک فیسمع المشرکون فیسبّوا القران وَلَاتُخَافِتْ بِهَا عن اصحابک فلاتسمعهم القرآن حتی یا خذو ا عنک وَابْتَغِ بَيْنَ ذَالِكَ سَبِيْلاً: امام احمد صحیح بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی اورابن حبان وغیرہ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کیا ہے کہ یہ آیت نازل ہوئی اور رسول اللہ ﷺ مکہ مکرمہ میں چھپے ہوئے تھے تو جب آپ ﷺ صحابہ کرامؓ کو نماز پڑھاتے تھے تلاوت قرآن کے ساتھ آواز کو بلند کرتے تھے جب یہ مشرکین سنتے تھے تو قرآن اوراس کے نازل کرنے والے اوراس کے لانے والے کو گالیاں دیتے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو فرمایا (وَلَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَاتُخَافِتْ بِهَا) یعنی تلاوتِ قرآن مجید کے ساتھ (اتنی) آواز بلند نہ کرو کہ مشرکین سن لیں اور قرآن کو گالیاں دیں اور صحابہ کرامؓ سے بالکل چھپا کر بھی نہ پڑھیں کہ وہ بھی نہ سن سکیں، حتّٰی کہ وہ آپ ﷺ سے قرآن مجید کو حاصل کرسکیں (اور سیکھ سکیں) اور درمیانی راہ اختیار کریں (یعنی جہر میں اعتدال رکھیں) (روح المعانی، جلد ۱۵، ص ۱۹۴)۔

یہ جہر اور اخفاء کے درمیان جو تفسیر ہے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے صحیح طور پر ثابت ہے جس سے ساری غلط فہمیاں دور ہوجاتی ہیں نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ اختلاف جہر مفرط میں ہے نہ کہ جہر متوسط میں۔ نیز امام ابومحمد حسین بن مسعود الفراء البغویؒ "وَاذْكُرْرَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ" کے تحت لکھتے ہیں کہ:

(جس کا خلاصہ یہ ہے) کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اس آیت میں تعلیم یہ ہے کہ سری نماز میں آہستہ اور عاجزی کرتے ہوئے اور ڈرتے ہوئے تلاوت کریں اور دون الجھر کا مطلب یہ ہے کہ جہری نماز میں شدید جہر نہ کریں بلکہ درمیانی ایسی قراءت کریں کہ اپنے مقتدیوں کو سنا سکیں اور پھر اس کے بعد امام بغویؒ نے مجاہد اور ابن جریجؒ کا قول نقل کیا ہے کہ؛ **امر ان یذکروا فی الصدور وبالتضرع الیہ دون رفع الصوت والصیاح بالدعاء**: اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو دلوں میں یاد رکھیں اور اس کی طرف گڑگڑائیں اور دعا آواز بلند اور چلاّئے بغیر کریں (معالم تنزیل)۔

اگر عبارت میں خوب غور کریں تو معلوم ہوجائے گا کہ علماء رفع الصوت اور بلند آواز جہر مفرط اور جہر شدید اور چلاّنے کو کہتے ہیں اور یہی جہر کے لغوی معنی ہیں اور جو ذکر ودعا اور تلاوت چلاّئے بغیر ہو وہی جہر معتدل میں شمار ہے۔

## ذکر جہر اور حدیث "اربعوا علی انفسکم":

علماء کی چند عبارتیں جن سے غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں ان پر بحث کرنے کے بعد براہ راست قرآن وحدیث کی طرف رجوع کرتے ہیں تاکہ اس مسئلہ کی حقیقت اور نوعیت قرآن وحدیث کی رو سے اچھی طرح واضح ہوجائے۔ ذکر جہر کے متعلق پورے ذخیرہ حدیث میں صرف ایک حدیث موجود ہے جس سے بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ جہر میں بے اعتدالی نہیں ہونی چاہیئے۔ چنانچہ حضرت ابوموسی اشعریؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ غزوہ خیبر کیلئے نکلے یا کہ جب آپ ﷺ غزوہ خیبر کی طرف متوجہ ہوئے اور لوگ (یعنی صحابہ کرامؓ) جب ایک وادی میں پہنچ گئے تو انہوں نے بلند آواز سے **اللہ اکبر ، اللہ اکبر** کہنا شروع کردیا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

**اربعوا علی انفسکم انکم لاتدعون اصم ولاغائباً انکم تدعون سمیعاً قریباً وھو معکم**: اپنی جانوں پر نرمی (اور مہربانی) کرو کیونکہ تم بہرے اور غائب کو نہیں پکار رہے ہو بلکہ تم اس ذات کو پکار رہے ہو جو سننے والا اور قریب ہے اور وہ تمہارے ساتھ ہے (صحیح بخاری کتاب المغازی، جلد۲، ص۶۰۵)۔

اس حدیث کو امام بخاریؒ نے متعدد جگہ روایت کیا ہے اور امام مسلمؒ نے بھی صحیح مسلم میں نقل کیا ہے۔ صحیح بخاری کی ایک دوسری روایت میں یوں آیا ہے "**فکنا اذا علونا کبّرنا** : پس جب ہم بلندی پر چڑھتے تو تکبیر

کہتے "(بخاری کتاب الدعوات)۔تیسری روایت میں ہے؛" **لانصعد شرفاً ولانعلو شرفاً ولانهبط فی وادٍ الاّ رفعنا اصواتنا بالتکبیر**: ہم کسی بلند(یعنی ٹیلے یا پہاڑ) پرنہیں چڑھتے اور نہ کسی بلندی پر پہو نچتے اور نہ ہم کسی وادی میں اترتے مگر ہم اپنی آوازوں کو تکبیر کے ساتھ بلند کرتے (یعنی ہر بلندی پر چڑھتے وقت اور اس کے اوپر پہنچتے وقت، بلندی سے وادی میں اترتے وقت ہم بلند آواز کے ساتھ **اللہ اکبر، اللہ اکبر** پڑھتے)" (بخاری کتاب القدر)۔ چوتھی روایت میں یوں آیا ہے ''فلما علا علیھا رجل ناڈی فرفع صوتہٗ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر، جب ایک آدمی ٹیلے کی چوٹی پر پہنچا تو نعرہ لگایا اور آواز بلند کے ساتھ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہا (بخاری کتاب الدعوات، مسلم کتاب الذکر والدعاء)۔

مذکورہ بالا روایتوں سے یہ ثابت ہوا کہ غزوۂ خیبر کے موقع پر صحابہ کرامؓ بلندیوں پر چڑھتے اور اترتے وقت تکبیر وتہلیل کے نعرے لگاتے تھے اور چلاّ چلاّ کر **اللہ اکبر** اور **لاالہ الا اللہ** پکارتے تھے قابلِ غور بات یہ ہے کہ اس پر نبی کریم ﷺ نے مذکورہ الفاظ کے ذریعے کس چیز اور کس عمل سے روکا اور کیوں روکا۔اگر اس کا جواب یہ دیا جائے کہ نفس جہر سے روک رہے ہیں تو یہ جواب بالکل غلط ہے کیونکہ اگر نفس جہر سے روک رہے ہیں تو غزوۂ خیبر کے بعد بھی جنگیں ہوئی ہیں ان میں بھی صحابہ کرامؓ حملہ کرتے وقت اور دوسرے مواقع میں بھی بلند آواز سے تکبیر کہتے تھے اور تلبیہ وتکبیر تشریق سے وادی گونج اٹھتی تھی اور" **لبّیک اللّھم لبّیک**: حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں" کو خوب بلند آواز سے پکارتے حالانکہ یہ حاضر ہونے اور جس کیلئے حاضر ہوا ہے اس کا اقرار تو جتنا بھی خفیہ ہوسکے ہونا چاہیے کیونکہ یہ تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخاطبہ ہے حالانکہ اس وقت کسی نے یہ نہیں کہا کہ اتنے زور زور سے تلبیہ کیوں کہہ رہے ہو۔اللہ تعالیٰ تو سمیع وقریب اور تمہارے ساتھ ہیں اور نہ آپ ﷺ کی کسی حدیث سے یہ ثابت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے "**اربعوا**" کی بات کو منسوخ قرار دیا ہو بلکہ اسی "**اربعوا**" کے لفظ کے ہوتے ہوئے جہراً تلاوتیں ہوتی رہیں، تکبیریں ہوتی رہیں اگر کوئی یہ کہے کہ جہر کی یہ بعض صورتیں نبی کریم ﷺ نے اس جہر سے مستثنیٰ کی ہیں اور اس کے علاوہ تمام موقعوں پر ذکر جہر پر پابندی لگائی ہے تو وہ استثناء کس حدیث سے ثابت ہے یا یوں کہا ہو کہ تلاوت تو جہراً کرو لیکن ذکر جہر نہ کرو۔اگر کوئی کہتا ہے "**اربعوا**" امر ہے اور امر وجوب کیلئے ہوتا ہے تو سوال یہ ہے کہ اس امر پر بعد میں کیوں عمل نہ ہوا۔العیاذ باللہ صحابہ کرامؓ نبی کریم ﷺ کی بات کو ٹھکرانے والے تھے حالانکہ اس امر کے بعد بھی جہراً تلاوتیں ہوتی رہیں، تکبیریں ہوتی رہیں۔

عرض یہ ہے کہ "**اربعوا**" کے حکم اور واقعہ میں غور کریں اور نبی کریم ﷺ کا خود اپنا عمل اور صحابہ کرامؓ کے عمل کو دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ یہ حکم وجوب کیلئے نہیں بلکہ یہ "شفقت" کی بناء پر ہے۔صحابہ کرامؓ اس حکم کو خوب

اچھی طرح سمجھ گئے تھے اور پورا واقعہ ان کے سامنے تھا کہ جہاد کو جاتے وقت اور غالب یہی ہے کہ خیبر سے واپس آ رہے تھے بلکہ مدینہ منورہ کے قریب پہنچ گئے تھے، تھکے ماندے ہیں پھر چڑھتے وقت اور چوٹیوں پر پہو نچتے وقت اور چوٹیوں پر سے اترتے وقت زور زور سے تکبیریں کہنا بلا شبہ اپنے آپ کو بلا وجہ مزید تھکاوٹ ومشقت میں ڈالنا ہے، بہرحال یہاں ''اربعوا'' کے حکم کی علت شفقت ہی ہے اس لئے نبی کریم ﷺ نے فرمایا "اربعوا علی انفسکم" یعنی اپنی جانوں پر آسانی کرو۔اس کے بعد یہ جملے عموماً محاوارت کے طور پر بھی بولے جاتے ہیں۔جیسا کہ کوئی آپ کے سامنے بہت زور زور سے بولتا ہے اور تم اس کو کہتے ہو کہ آرام سے بولو میں بہرہ تو نہیں اور یہ ایک تنبیہ ہوتی ہے ورنہ نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرامؓ اس بات کو تو جانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ سمیع وبصیر اور قریب ہیں کیونکہ یہ واقعہ تو مدینہ منورہ کا ہے اور مکہ مکرمہ میں قرآن کی جتنی سورتیں اور آیتیں نازل ہو چکی ہیں اس میں یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے وہ سمیع و بصیر ہے وغیرہ وغیرہ۔لہذا ان الفاظ سے نبی کریم ﷺ نے اس بات کی وضاحت کر دی کہ آخر ذکر اور تکبیریں تو آرام سے کرنی بھی جائز ہیں،تو جب ضرورت نہ ہو تو بلا وجہ اپنے آپ کو مشقت میں کیوں ڈالتے ہو۔لہذا اپنے اوپر آسانی کرو اور مہربانی اور نرمی کرو یہ الفاظ خود بتا رہے ہیں کہ یہ شفقت کیلئے ہیں ورنہ ذکر جہر میں ہر کوئی جانتا ہے کہ کوئی بھی اللہ تعالیٰ کو نہیں سناتا بلکہ وہ خود اپنے آپ کو سناتا ہے اور خود اپنے دل اور اپنے آپ کو جگاتا ہے نیز صحابہ کرامؓ چونکہ ایسے موقعوں میں جہراً تکبیریں کہتے تھے اس لئے آپ ﷺ نے ایک صورت یہ بھی بتلا دی کہ ایسے مواقع میں یہ بھی جائز ہے کہ آہستہ آواز سے تکبیر وتہلیل کی جائے ورنہ یہ بھی ہوسکتا تھا کہ اگر نبی کریم ﷺ ان کو کچھ بھی نہ کہتے تو سفر کے وقت ٹیلوں پر چڑھتے اور اترتے وقت جہراً ذکر کرنا سنت قرار دیا جاتا اور جس کی وجہ سے امت مشقت میں پڑ جاتی تو نبی کریم ﷺ نے بتلا دیا کہ جہر کے بجائے سر بھی جائز ہے۔

نیز "اربعوا" کے معنی یہ نہیں کہ چپکے چپکے پڑھتے رہو بلکہ مطلب یہ ہے کہ اپنے اوپر آسانی کرو اپنی جانوں کو مشقت میں نہ ڈالو اس کو جہر معتدل کہتے ہیں کہ اس قدر جہر نہ ہو جس سے مشقت میں پڑ جاؤ یا اس سے زیادہ مشقت اٹھانا پڑے جیسا کہ علامہ ابن حجرؒ فتح الباری میں اس کے معنی یوں بیان کرتے ہیں؛

اربعوا لاتجھدوا انفسکم : نرمی کرو اور اپنے نفسوں کو مشقت میں نہ ڈالو (فتح الباری، جلد ۱۱ص ۱۹۱)۔

اور اس پر ''بہرے اور غائب'' کے الفاظ دلالت کرتے ہیں کیونکہ عموماً جب بہرے یا جب کوئی شخص گم ہو جائے اور نظروں سے غائب ہو تو اس کو نعرے لگائے جاتے ہیں۔تو یوں نبی کریم ﷺ نے نعرے لگانے سے روکا کہ اللہ

تعالیٰ کوایسے نہ پکاروجیسا کہ کوئی بہرے اورغائب کو پکارتا ہے یہ تو واضح ہے کہ بہرے اورغائب کونعرے اور چیخ کر پکارا جاتا ہے۔

بلاشبہ ایسی تیز آواز نہ صرف یہ کہ آواز نکالنے والے کی صحت اور بدن کیلئے مضر ہے بلکہ کان اور دماغ کو تھکانے اور دردسر کا باعث بن جاتی ہے آج کل جلسوں میں جونعرے لگائے جاتے ہیں اور لاؤڈسپیکروں میں رات دن جو دیوہیکل آوازیں نکالی جاتی ہیں ان آوازوں سے خوداپنے گلے پھاڑنے کے ساتھ عام لوگوں کیلئے بھی تکلیف اورایذاء کا باعث بن رہے ہیں۔ بلاشبہ بلاضروت ایسے نعرے لگانا جبکہ اس کیلئے کوئی داعیہ اورضرورت موجود نہ ہومثلاً اذان میں ضرورت ہے یا جہاں دین کا اظہار کرنا ہو، یا دشمن پر رعب جمانا ہو یا کسی منتشر فکراور وسوسوں کا علاج مقصود ہووغیرہ تواس کے بغیر بلاوجہ زیادہ زور زور سے ذکراور تکبیر کر کے اپنے آپ کومشقت میں ڈالنا صحیح نہیں ہے۔خصوصاً جب یہ جہردوسروں کوایذاءاوران کی نماز وغیرہ میں تشویش کا سبب بنے۔

## حدیث "اربعوا" اور محقّقین علماء :

اب یہاں "اربعوا" اوراسی حدیث کے متعلق محقّقین علماء کی رائے بھی پڑھ لیجئے۔ حضرت امام نوویؒ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں؛

> "اربعوا" کے معنی "ارفقوا" نرمی اورآسانی کرو آخرمیں فرماتے ہیں کہ؛ **ففيه الندب الى خفض الصوت بالذكر اذالم تدع حاجة الى رفعه فانه اذا خفضه كان ابلغ فى توقيره وتعظيمه فان دعت حاجة الى الرفع رفع كما جاء ت به احاديث:** پس اس حدیث میں اس بات کی طرف رہنمائی ہے کہ جب بلندآواز کی کوئی ضرورت نہ ہوتو ذکر میں آواز پست کرنا مستحسن (یعنی اچھا) ہے۔کیونکہ آہستہ آواز میں اس کی توقیروتعظیم زیادہ ہے البتہ اگر بلندآواز سے ذکرکرنے کی ضرورت ہوتو پھر بلندآواز سے ذکرکرنا چاہیئے جیسا کہ احادیث میں آیا ہے(شرح النووی علی صحیح مسلم،جلد۲،ص ۳۴۶)۔

اس حدیث میں "اربعوا" کا جوامر ہےاس کوحضرت امام نوویؒ نےبھی استحباب پرمحمول کیا ہے یہ امراستحبابی ہے نہ کہ وجوب کیلئے بلکہ فرماتے ہیں کہ پست آوازمندوب ہے کہ اس میں تعظیم وتوقیرزیادہ ہے یہ بات بالکل صحیح ہے۔ لیکن یہ بات یادرکھیں "رفع الصوت "بلندآواز کے مقابلہ میں خفض الصوت "پست آواز" آجاتی ہے تواس سے مراد یہ نہیں کہ جہرنہ کرے بلکہ مطلب یہی ہوتا ہے کہ آواز کو نیچے کیا جائے کیونکہ صوت کے معنی آواز کے ہیں اور جوآواز جہرشدید سے پست اورکم ہوتو یہ آواز جہرمعتدل اور جہرمتوسط کہلاتی ہے۔اور پھر''اذالم تدع حاجة الى

الرفع‘‘ الفاظ سے یہ بھی بتلا دیا کہ جب بلند آواز سے ذکر کرنے کی ضرورت یا کوئی اور ضرورت پیش آئے مثلاً دین کے اظہار کیلئے ہو اپنی نیند اور دل بیدار کرنے کیلئے اور یکسوئی پیدا کرنے کی حاجت ہو، یہاں "حاجة" نکرہ ہے جس کے معنی کوئی بھی حاجت، کوئی ضرورت ہو تو پھر بلند آواز مندوب ہے۔ یہ صرف حضرت امام نوویؒ کی تحریر میں نہیں بلکہ علماء احناف اور تقریباً تمام مسالک اور مذاہب کے علماء کی تحریروں میں پایا جاتا ہے۔

میرا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ کسی عالم نے "خفض الصوت" پست آواز سے مراد "چپکے چپکے" ذکر کرنا نہیں لیا ہے۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ خفض الصوت کا مطلب اپنے معنی اور مفہوم کے لحاظ سے بالکل واضح ہے کہ کوئی عالم کبھی اس کو ’’چپکے‘‘ کے معنی میں لے لیتا ہے تو یہ اس کی خاص اصطلاح ہوگی ورنہ رفع الصوت کے مقابلہ میں خفض الصوت کے معنی یہی ہے کہ آواز ہو مگر زیادہ اونچی نہ ہو بلکہ معتدل یا پست ہو۔ کیا آپ جب کسی کے ساتھ پست آواز میں باتیں کرتے ہیں تو چپکے چپکے کرتے ہیں یا جب کوئی بہت اونچا بولتا ہو اور تم اس کو کہتے ہو کہ آواز پست کرو تو اس کا مطلب یہ تو نہیں ہوتا کہ چپکے چپکے کہو بلکہ یہی ہوتا ہے کہ زیادہ زور زور سے مت بولو۔ واللہ اعلم۔

اس حدیث کے "اربعوا" والے حکم کو صرف امام نوویؒ نے نہیں بلکہ بہت سے فقہاء اور محدّثین نے ندب یا شفقت پر محمول کیا ہے اور یہ اس لئے کہ حدیث کا واقعہ اور الفاظ صاف صاف بتا رہے ہیں کہ یہ حکم شفقت یا ندب کیلئے ہے نہ کہ وجوب اور ذکر جہر کے عدم جواز کیلئے۔ مثلاً حضرت شیخ عبدالحق محدّث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ؛

> اے مردمان نرمی واسانی کنید بر نفسہائے خود زیرا کہ شمائے نمے خواہند کرد غائب رامضمون۔ "اربعوا" دلالت دارکہ منع ازجہت شفقت است نہ ازجہت جواز: اے لوگوں اپنے نفس پر نرمی اور آسانی کرو کیونکہ تم کسی بہرے اور غائب کو نہیں پکارتے، اس مضمون میں لفظ "اربعوا" اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آپ ﷺ کا منع فرمانا شفقت کی وجہ سے تھا نہ کہ اس وجہ سے کہ جہر جائز نہیں۔

اور حضرت شاہ ولی اللہؒ قادریہ کے اشغال کے متعلق لکھتے ہیں کہ؛

> **فاول ما یلقی له الجهر بذکر الله تعالیٰ والمراد بهذا الجهر هو غیر المفرط فلامنافاة بینه و بین مانهی رسول الله صلی الله علیه وسلم حیث قال اربعوا علی انفسکم:** مشائخ قادریہ سب سے پہلے ذکر بالجہر کی تلقین کرتے ہیں

اوراس جہر سے مراد ہے کہ جہر میں افراط نہ ہواسی وجہ سے یہ ذکر بالجہر اس حدیث کے منافی نہیں ہے جس میں فرمایا ہے کہ اپنے نفسوں کے ساتھ نرمی کرو(القول الجمیل)۔

حضرت علامہ عبدالحیؒ لکھنویؒ اس حدیث کے متعدد جوابات دیتے ہیں۔چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ؛

**احدها ان الامر اربعوا ليس لوجوب حتّٰى يكره الجهر او يحرم كيف ومعنى الربع ينبئ عن ان الامر انما هو للتيسير عليهم:** ان دونوں میں ایک جواب یہ ہے کہ یہاں امر وجوب کیلئے نہیں حتّٰی کہ جہر کومکروہ یا حرام قرار دیا جائے یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ حالانکہ اربعوا کے معنی خوداس بات کی نشان دہی کرتے ہیں کہ یہاں حکم صرف ان پرآسانی کیلئے کیا گیا ہے(سباحۃ الفکر، ص۱۴)۔

اس کے بعد حضرت علامہ لکھنویؒ نے اپنی اس بات کی تائید میں متعدد حوالے نقل کر کے اس حدیث کا دوسرا جواب یوں دیا ہے کہ؛

**وثانيها بان جهر هم كان مفرطاً كما يدل عليه سياق بعض الروايات** دوسرا جواب یہ ہے کہ صحابہ کرامؓ کے جہر میں افراط تھا [1] جیسا کہ اس پر بعض روایات دلالت کرتی ہیں۔حضرت لکھنویؒ پھراس کے بعد کچھ روایتیں اس پر بیان کر کے آخر میں ایک تیسری وجہ بھی بتلاتے ہیں کہ؛**وجه ثالث هو انه لو لم يمنعهم رسول الله صلى الله عليه وسلم بل قررهم عليه لتوهموا ان رفع الصوت بالذكر فى السفر وعند الصعود مسنون فان السنيته كما ثبت بالفعل والقول تثبت بالتقر ير وليس كذالك فلذالك نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عنه سداً للذرائع وتيسيراً على الامة لادلالة على منع الجهر مطلقا.**

تیسرا جواب یہ ہے کہ؛

اگررسول اللہ ﷺ صحابہ کرامؓ کومنع نہ فرماتے بلکہ اس جہراور بلندآوازوں پر رہنے دیتے تو صحابہ کرامؓ اور بعد میں آنے والی امت یہ وھم کرتے کہ سفر میں اور ٹیلے پر چڑھتے وقت بلندآواز کے ساتھ ذکر کرنا مسنون ہے کیونکہ سنت جس طرح نبی کریم ﷺ کے فعل اور قول سے ثابت ہوتی ہے اسی طرح تقریر(یعنی آپ ﷺ کے سامنے کوئی کام ہورہا ہواور

[1] یعنی بہت زیادہ بلندآوازاور حد سے متجاوزانداز یعنی شدید جہر کررہے تھے۔

آپ ﷺ اس کواسی طرح کرنے دیں) سے بھی ثابت ہوتی ہے، حالانکہ یہ سنت تونہیں لہٰذا اس لئے رسول اللہ ﷺ نے اسے سدّاً للذرائع کیلئے اور امت پر آسانی کیلئے (تاکہ امت بلند آواز کے ذکر کوسنت نہ قرار پائے) منع کیا اور اس میں مطلقاً ذکر جہرروکنے کی کوئی دلالت نہیں ہے (سباحۃ الفکر،ص۱۴تا۱۵)۔

حضرت علامہ شبیراحمد عثمانیؒ فتح الملھم میں لکھتے ہیں کہ؛

**اما حديث انكم لاتدعون اصم ولاغائباً محمول عندى على الافراط اى حديث انكم لاتدعون اصم ولاغائباً** : وہ میرے نزدیک بلند آواز میں افراط (یعنی حد سے متجاوز یعنی جہر شدید اور جہر مفرط پر محمول ہے) (فتح الملھم، جلد۲، ص۱۷۲)۔

علامہ خیرالدین رملیؒ اس حدیث کے متعلق لکھتے ہیں کہ؛

**فان قلت صرح فى الخانية بان رفع الصوت بالذكر حرام لقوله صلى الله عليه وسلم لِمن رفع صوته بالذكر انک لاتدعوا اصم ولاغائباً و قوله صلى اللّٰه عليه وسلم خيرالذكر الخفى لانه ا بعد من الرياء واقرب للخضوع محمول على الجهر المضر**: پس اگرتم یہ کہو کہ فتاویٰ خانیہ[1] (یعنی فتاویٰ قاضی خان) نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ بلند آواز سے ذکر حرام ہے کیونکہ آپ ﷺ نے ان لوگوں کوفرمایا جو بلند آواز کے ساتھ ذکر کرتے تھے کہ تم کسی بہرے اور غائب کونہیں پکارتے نیز آپ ﷺ نے (ایک دوسری حدیث میں) فرمایا کہ بہترین ذکر خفی ہے کیونکہ یہ ریاء کاری سے زیادہ دور ہے اور عاجزی کے زیادہ قریب ہے تو میں (جواب میں) کہتا ہوں کہ یہ (قاضی خان کا) کلام اس جہر پر محمول ہے جو فاحش اور مضر ہو (فتاویٰ خیریہ علی ھامش تنقیح الحامدیہ، جلد۲، ص۲۸۲تا۲۸۳)۔

علامہ کردریؒ وغیرہ اور علامہ شامیؒ وغیرہ نے بھی اس حدیث کے متعلق یہی لکھا ہے کہ؛ یہ حدیث مطلقاً ذکر جہر کی ممانعت کی دلیل نہیں ہوسکتی جیسا کہ ان فقہاء کے مفصل حوالے پہلے گذر چکے ہیں۔

حضرت سید علامہ آلوسیؒ اس حدیث کے متعلق فرماتے ہیں کہ؛

**محمول على ان النهى المستفا د التزاماً من امر اربعوا الذى بمعنى ارفقوا**

---

[1] فتاویٰ قاضی خان کا اپنا فتویٰ پہلے گذر چکا ہے وہ آپکے سامنے ہے اس کو دیکھئے۔

**ولاتجهدوا انفسكم مراد به النهى عن المبالغة فى رفع الصوت:** یہ حدیث اس بات پر محمول ہے کہ "امر اربعو ا " جو کہ نرمی اور اپنی جانوں کو مشقت میں نہ ڈالو کے معنی میں ہے اس سے التزاماً جو نہی مستفاد ہوتی ہے وہ یہ کہ اس سے بلند آواز میں مبالغہ مراد ہے (روح المعانی، جلد۱۶، ص۱۶۳)۔

یعنی اس سے اپنی جانوں پر نرمی اور اپنی جانوں کو مشقت میں نہ ڈالو سے جو نہی مستفاد ہوتی ہے یہ نہی مطلقاً ذکر جہر سے نہیں بلکہ شدید جہر اور زیادہ بلند آواز سے روکا گیا ہے بلا شبہ یہی بات اس حدیث سے معلوم ہوئی ہے کہ صحابہ کرامؓ کو بلا ضرورت چیخنے اور چلّانے سے روکا گیا ہے نہ کہ جہر سے۔

حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ اس حدیث کے متعلق لکھتے ہیں کہ؛

**ليس فيه النهى من الجهر بل فيه كونه لغواً لان الذى تدعونه اقرب اليكم من حبل الوريد فلاتلقوا انفسكم فى العناء ففيه اجزاء السر لاالنهى عن الجهر:** اس حدیث میں جہر سے نہیں روکا گیا ہے بلکہ اس میں بتلایا کہ جہر لغو ہے کیونکہ جس کو تم پکارتے ہو وہ تمہاری شہ رگ سے بھی قریب ہے تو اپنے آپ کو بلا وجہ مشقت میں نہ ڈالو۔ لہذا اس حدیث میں یہ تعلیم نہیں کہ جہر ناجائز ہے بلکہ یہ اس کی تعلیم ہے کہ ذکر سراً (چپکے چپکے) بھی جائز ہے (فیض الباری، جلد۴، ص۱۳۴)۔

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ اس حدیث کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ؛

قال علیہ السلام "**اربعوا على انفسكم** "اور یہ بھی ذکر جہر ہی ہے "رفق" کو فرمایا ہے گلا پھاڑنے سے منع فرمایا (فتاویٰ رشیدیہ، ص۵۹۶)۔

یہ بات بالکل درست وصحیح ہے کیونکہ نفس کو مشقت اور تکلیف میں اس وقت ڈالا جاتا ہے جبکہ اذان کی طرح اونچی آواز سے چیخ چیخ کر تکبیر وتہلیل کی جائے۔ جہر معتدل میں نفس کو تکلیف ہرگز نہیں ہوتی بلکہ بشاشت ہوتی ہے۔

## حدیث اربعوا کا خلاصہ:

مذکورہ بالا حوالوں سے "حدیث اربعوا" اور تاویلات کا خلاصہ یہ ہوا؛

(الف)　حدیث کے مضمون اور تمام روایتوں پر نظر ڈالی جائے تو ان سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ کرامؓ کی آوازیں حد اعتدال سے بڑھ گئیں تھیں اور اپنی جانوں کو زور زور کی آواز سے مشقت میں ڈال دیا تھا۔ جس کی وجہ سے نبی کریم ﷺ نے "اربعوا" کے جملے ارشاد

فرمائے تو یہاں منع یا روکنا بے اعتدالی سے ہے نہ کہ نفسِ جہر اور جہر معتدل سے اور منع بھی شفقتاً ہے نہ کہ فرض یا واجب۔ جیسے کہ خود "اربعوا : نرمی کرو" کا لفظ اس پر دلالت کرتا ہے۔

(ب) آواز اس قدر اونچی نہ ہو جیسے کوئی بہرے یا گم شدہ اور غائب شخص کو چلاّ چلا کر پکار رہا ہو۔ تو یہاں جہر مفرط سے منع کیا جا رہا ہے۔

(ج) اس قدر جہر سے اسلئے منع کیا کہ جنگ اور لڑائی کا موقع تھا اور یہی جہر کسی مصیبت کا پیش خیمہ بن سکتا ہے، جیسا کہ لڑائی کے ایسے موقعوں میں جرس اور گھنٹی منع ہے۔ لیکن اس تیسرے جواب پر اعتراض کیا جاتا ہے کہ بعض روایتوں میں یہ بات ملتی ہے کہ وہ غزوہ خیبر سے واپس آ رہے تھے اور مدینہ منورہ کے قریب ہو چکے تھے اس لئے دشمن کا خطرہ باقی نہیں تھا، لیکن پھر بھی یہ تیسرا جواب اتنا کمزور نہیں کیونکہ حدیث میں اس بات کی رہنمائی ضرور ملتی ہے کہ ایسے موقعوں پر خواہ لڑائی کے لئے جاتے وقت ہو یا واپس آتے وقت۔ راستوں میں زور زور کی آواز سے ذکر وغیرہ نہ کریں تا کہ دشمن وغیرہ کو ٹھکانوں کی اطلاع نہ ہو جائے۔ نیز دشمن موقع پا کر تعاقب بھی کر سکتا ہے، بارہا ایسا ہوا کہ شکست کے بعد دشمن تعاقب کرتا ہے اور وہ اپنی شکست کو فتح میں تبدیل کرتا ہے۔ واللہ اعلم۔

(د) چوتھی وجہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے جہر سے اس لئے روکا تا کہ وہ سفر میں گھاٹیوں ٹیلوں پر چڑھتے اور اترتے وقت جہری ذکر و تکبیر کو مسنون نہ سمجھیں، اس لئے فرمایا کہ اپنی نفسوں پر نرمی کرو یعنی اختیار دیا کہ جہر بھی جائز ہے سرّ بھی جائز ہے۔

(ر) پانچویں وجہ یہ بیان کی گئی کہ اس میں جہر کی ممانعت نہیں بلکہ سرّ کی بھی اجازت دے دی گئی۔

بہر حال حدیث کا مضمون آپ کے سامنے ہے اور واقعہ بھی آپ کے سامنے ہے، حدیث قطعاً نفسِ جہر کے منع پر دلالت نہیں کرتی بلکہ شفقت پر دلالت کرتی ہے اور تجربہ شاہد ہے کہ طویل مسافتوں اور تھکاوٹ کی حالت میں اونچی بات سے بھی تکلیف ہوا کرتی ہے، اور سانس رک جاتا ہے اور ایسی صورت میں ہمارے محاورہ میں بھی یہ ہوتا ہے کہ آرام سے بات کرو کہ میں کوئی گونگا بہرا تو نہیں۔

یہاں بھی مطلب اور حدیث سے مستفاد یہی ہے کہ اپنی جانوں پر رحم کرو، اور اتنا اونچا ذکر نہ کرو جو تمہیں نقصان پہنچائے، تو یہ حکم شفقت پر محمول ہوا واللہ اعلم۔ اور حدیث کے الفاظ سے بالکل یہی ظاہر ہے البتہ اس میں

یہ احتمال بھی ہے کہ جہرِ مفرط سے منع کیا جا رہا ہے کہ جہاں جہر شدید کی کوئی ضرورت نہ ہو وہاں جہرِ شدید فضول اور لغو ہے اور بلا وجہ اپنے آپ کو ایذاء اور تکلیف میں مبتلا کرنا ہے۔ واللہ اعلم۔

# ذکرِ جہر کے خلاف قرآن مجید سے استدلال اور اس پر بحث

مذکورہ بالا چند حوالوں سے اختلاف کی نوعیت معلوم ہو چکی ہے اب اس کے متعلق قرآن مجید کی آیتوں کو پڑھ لیجئے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ؛

اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْیَۃً ط اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ : تم اپنے پروردگار سے دُعائیں مانگو، گڑگڑاتے ہوئے اور پوشیدگی میں بھی بلاشبہ (اللہ تعالیٰ) ان لوگوں کو پسند نہیں کرتا جو حد سے گذر جانے والے ہیں (اعراف، ۵۵)۔

# اُدْعُوْا رَبَّکُمْ کا مطلب کیا ہے؟

اس کے متعلق مفسرین میں کچھ اختلاف پایا جاتا ہے، بعض علماءِ تفسیر فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بندگی کرو اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس سے مراد صرف دُعا ہے لیکن "اُدْعُوْا رَبَّکُمْ" سے مراد عبادت بھی لیا جائے تو پھر بھی دُعا اس میں شامل ہی ہے کیونکہ دُعا عبادت ہے بلکہ عبادت کا مغز ہے۔

# تَضَرُّعًا کے معنی:

''ضراعۃ'' کے معنی عاجزی، خوشامد، تملق کے ہیں اس کے ضمن میں فرمانبرداری کا مفہوم بھی پایا جاتا ہے اور تضرّع باب تفعُّل سے ہے جو تکلف، مبالغہ اور اظہار کیلئے مستعمل ہوتا ہے، لہٰذا تضرّع کے معنی صرف عاجزی کے نہیں بلکہ تضرّع عاجزی کے اظہار کو کہا جاتا ہے، اور یہ اظہار حرکات اور ارادوں، زبان اور الفاظ سے بھی ہوتا ہے۔ اور بہت سے مفسرین نے بھی تضرّع کے معنی تذلل، عاجزی کے اظہار اور اعلان سے کیا ہے، چنانچہ سورۃ اعراف کی اسی آیت کے تحت مفسرین نے تَضَرُّعًا کے معنی اظہار تذلل اور اظہار ذلّ النفس تذللاً ظاہرا وغیرہ جیسے الفاظ سے کرتے ہیں، اور اردو تراجموں میں اس کیلئے گڑگڑاتے ہوئے، آہ وزاری کرتے ہوئے، تذلل ظاہر کرتے ہوئے، عاجزی کرتے ہوئے وغیرہ جیسے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ گڑگڑانے اور آہ وزاری میں بھی جہر ہوتا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تضرّع کے اندر خود جہر اور اظہار پایا جاتا ہے، اور اظہار تذلل اور تذلل ظاہر کرتے ہوئے وغیرہ میں تو لفظ اظہار جہر کی دلیل ہے۔ تو گویا دُعا اور عبادت میں عاجزی اور اپنی ذلت درماندگی کا اظہار بھی ہوتا ہے۔

# تَضَرُّعًا کے معنی میں جہر:

اور تضرّع میں عاجزی کے ساتھ جہر یا اعلان کا شامل ہونا صرف لغوی طور پر نہیں بلکہ سورۃ اعراف سے قبل سورۃ انعام میں اسی لفظ تضرّع کا معنی مفسرین نے اعلان یا جہر بیان کیا ہے، چنانچہ کفّار ومشرکین کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَه‘ تَضَرُّعًاوَّ خُفْيَةً ج لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ: کہہ دو تمہیں جنگل اور سمندر کے اندھیروں سے کون بچاتا ہے جب تم اسے گڑگڑاتے ہوئے بھی اور پوشیدہ بھی پکارتے ہو کہ اگر ہم کو اس آفت سے بچالے تو ہم ضرور شکر کرنے والوں سے ہوں گے (انعام،۶۳)۔

سورۃ انعام کی اس آیت مبارکہ میں بعض علماء اور مفسرین نے تضرّعًا کا ترجمہ اعلانیۃ سے بھی کیا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کو اعلانیہ بھی اور پوشیدہ طور پر بھی پکارتے ہو[۱] اور بعض نے اس کا ترجمہ یوں کیا ہے کہ؛ معلنین اور مسرّین یعنی اللہ تعالیٰ کو علانیہ اور چھپا کر پکارنے والے ہوں[۲] اور بعض مفسرین اس کے معنی اعلانًا و اسرارًا سے کیے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کو اعلانًا اور اسرارًا بھی پکارتے ہو[۳] اور بعض مفسرین نے اس کے معنی جهراً وسرّاً ، کیا ہے "اللہ تعالیٰ کو جہراً اور سرّاً پکارتے ہو"[۴] اور حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اپنی تفسیر بیان القرآن میں اس کا ترجمہ یوں کرتے ہیں؛"(کبھی) تذلل ظاہر کرتے (اور کبھی) چپکے چپکے"[۵] اسی طرح اور بھی بہت سے مفسرین نے تضرّعًا کے معنی اعلان یا جہر وغیرہ سے کیا ہے، بلکہ بعض مفسرین نے سورۃ اعراف کے اُدْعُوْا رَبَّكُمْ میں بھی تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً کے متعلق سرّاً وعلانيه کے الفاظ استعمال کیے ہیں[۶] اور درمنثور میں حضرت قتادہؓ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں "التضرّعُ علانية والخفيةُ سر: تَضَرُّعًا کے معنی علانیہ کے اور خفیہ کے معنی چپکے چپکے کے ہیں"[۷] اس طرح کے الفاظ سورۃ اعراف میں بھی ہیں جس میں مسلمانوں کو یہ حکم ہے کہ تم تضرّعًا

---

۱ دیکھئے تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباسؓ،ص۱۴۶ اور تفسیر جلالین،ص۱۱۷۔

۲ دیکھئے تفسیر بیضاوی،ص۲۵۷، جواہر القرآن للشیخ طنطاویؒ،جلد۲،ص۳۹، تنویر الاذھان من تفسیر روح البیان،جلد۱،ص۴۸۱، تفسیر مدارک،جلد۱،ص۲۵)۔

۳ دیکھئے بیضاوی،ص۲۵۷ اور روح المعانی،جلد۷،ص۱۷۹، جامع البیان،ص۱۹۶۔

۴ دیکھئے تفسیر ابن کثیر،جلد۲،ص۱۳۹۔ ۵ دیکھئے بیان القرآن،ص۳۸۲۔

۶ دیکھئے تنویر المقیاس،ص۱۶۹، نظم الدرر وغیرہ۔ ۷ دیکھئے درمنثور،جلد۳،ص۹۲۔

اورخفیۃ دونوں طور پراللہ تعالیٰ کو پکارو۔تواس آیت کریمہ میں اس بات کی اجازت ہے کہ خواہ جہراً گڑگڑانے کی صورت میں ہو یا چپکے چپکے ہو دونوں میں اصلاً کوئی قباحت نہیں اور دونوں صورتیں اس آیت کریمہ سے ثابت ہیں۔اسی آیت سے اگر جہری دُعا کی نفی ہوتی تو علماء کرام یہ نہ کہتے کہ دُعا خفیہ ہی افضل ہےاور بعض علماء جہری اور سری دُعا کی افضیلت میں وقت اور شخص کے لحاظ سے مختلف نہ ہوتے۔اور پھر علماء کی ان تصریحات کا مطلب کیا ہوا کہ دُعا میں چلاّ نااورنعرے لگانا مکروہ ہے پھرتو اگر کوئی بغیر چلاّئے اورنعرے لگاتے ہوئے معتدل جہر بلکہ ادنیٰ جہر کے ساتھ بھی دُعا کرے تو وہ بھی جائز نہ رہے گی۔حالانکہ قنوت نازلہ اورصلوٰۃ استسقاء وغیرہ جیسے مواقع میں جہرًا دُعائیں مانگی جاتی ہیں اور بالاجماع یہ جائز ہیں۔نیزاگر" اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً " کا حاصل معنی یہی ہوتے کہ ذکر، دُعا صرف سری اور چھپی ہی ہوسکتی ہے تو پھر صحابہ کرامؓ ٹیلوں اورگھاٹیوں پر چڑھتے وقت اوراس پر پہونچتے وقت جیسے اوقات میں کیوں تکبیر اور تہلیل کے نعرے لگاتے حالانکہ یہ آیت کریمہ تو مکہ مکرمہ میں ہجرت سے پہلے نازل ہوئی ہے جب قرآن مجید کا حکم پہلے سے موجود تھا پھر" اربعوا "کے الفاظ کی کیا ضرورت تھی کہ "اپنے اوپر نرمی کرو" پھرتو یوں فرماتے جب قرآن مجید کے رو سے دُعا اورذکر میں جہر ممنوع یا حرام ہو چکا ہے پھر تم قرآن مجید کی مخالفت کیوں کررہے ہو۔یہ بات تو ظاہر ہے کہ دُعا کا یہی فطری طریقہ ہے کہ انسان گڑگڑاتا بھی ہےاور چپکے چپکے بھی مانگتا ہے،لہذا حق اور سچ یہی ہے کہ صرف"تضرعًا اور خفیہ "سے یہ قطعًا معلوم نہیں ہوسکتا کہ جہرًا گڑگڑانا ممنوع یا ناجائز ہے۔البتہ علماء کرام بلند آواز یعنی بہت تیز آواز نکالنے کے متعلق جو یہ فرماتے ہیں کہ یہ صورت بلاضرورت اور بلاکسی حاجت کے مکروہ یا ناجائز ہے تو" تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً " کی وجہ سے نہیں کہتے بلکہ دوسری وجوہ اورنصوص کی بناء پر فرماتے ہیں وہ وجوہ مندرجہ ذیل ہیں۔

...... اس آیت کریمہ کے آخر میں "اِنَّهٗ لَايُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ : بےشک وہ حد سے گذر جانے والوں کو پسند نہیں کرتا" حد سے گذر جانے والے لوگ کون ہیں؟ تو اس میں بعض علماء نے دوسرے امور کے ساتھ یہ بھی شامل کیا ہے کہ چونکہ چلاّ چلاّ کر دُعا مانگنے سے وقار اوراللہ تعالیٰ کی توقیر اور تعظیم میں کمی معلوم ہوتی ہے یا اس کی رعایت باقی نہیں رہتی اس لئے یہ بھی اس میں شامل ہے۔چنانچہ ابن جریجؒ کہتے ہیں؛"یکرہ رفع الصوت والنداء والصیاح فی الدُّعا : دُعا میں آواز بلند کرنا اورنعرے لگانا اورچلاّنا مکروہ ہے"[1] اور تفسیر قرطبی میں ہے کہ "والاعتداء فی الدُعاء علی وجوہ منھا الجھر الکثیر

[1] دیکھئے ابن کثیر، جلد۲،ص ۲۲۱،تفسیر مظہری، جلد۳،ص ۳۶۳۔

والصیاح.........الخ : دُعامیں حد سے تجاوز کے چند وجوہ ہیں ان میں زیادہ جہراور چلاّ نا (بھی) ہے"[1] اسی طرح بہت سے علماء کرام دُعا کے متعلق یہی فرماتے ہیں کہ اس میں چلاّ نا نعرے لگانا یعنی جہر شدید مکروہ ہے اوران میں سے بعض علماء کرام ایسے ہیں کہ چلاّ نے اور جہر مفرط کی کراہت کوصرف دُعا کے ساتھ خاص کرتے ہیں جیسا کہ انشاءاللہ تعالیٰ اس کا بیان بھی آئے گا۔

...... دُعا وذکر میں زیادہ زوردار آواز کی کراہت کے جو علماء قائل ہیں اس کی دوسری وجہ قرآن مجید کی یہ آیت کریمہ ہے وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَاتَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ: اور یادکرا پنے رب کو اپنے دل میں عاجزی کرتا ہوااور ڈرتا ہوا، اور یاد کرتا رہ صبح ،شام بلند آواز کی نسبت ہلکی آواز سے اورغافلوں سے نہ ہو(اعراف،۲۰۵)۔

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ میں ذکر کا جوحکم ہے اس سے مراد کون سا ذکر ہے؟ بعض علماءِ تفسیر اس ذکر سے مراد صرف تلاوتِ قرآن لیتے ہیں پھران میں سے بعض علماء کہتے ہیں کہ اس سے مراد مقتدی کی قراءت ہے کہ اس کو چاہیئے کہ وہ بھی امام کے ساتھ چپکے چپکے پڑھے لیکن یہ توجیہ بہت کمزور ہے بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس میں امام کوتلاوت کے آداب بتلائے جاتے ہیں۔

...... اور جمہور علماء اس حکم میں تمام اذکار کو شامل کرتے ہیں، تلاوت تسبیح، تہلیل، تکبیر، استغفار وغیرہ تمام اذکار اس حکم میں شامل ہیں۔ چنانچہ علامہ ابوالبرکات ،عبداللہ ابن احمد نسفی حنفیؒ فرماتے ہیں کہ "ھو عام فی الاذکار من قراۃ القرآن واالدُعاء والتسبیح والتھلیل وغیر ذالک : یہ حکم تمام اذکار کے متعلق ہے قراءت قرآن، دعا، تسبیح وتہلیل وغیرہ سب شامل ہیں"[2] اسی طرح تفسیرات احمدی، تفسیر بیضاوی، تفسیر صاوی، تفسیر ابوسعود وغیرہ تمام مفسرین نے صراحت کے ساتھ لکھا ہے کہ اس آیت کریمہ میں ذکر کا جوحکم ہے وہ تمام اذکار، تلاوتِ قرآن ،تہلیل، تسبیح دُعا وغیرہ سب کو شامل ہے، آیت کریمہ کے معنی ومفہوم پر انشاءاللہ تعالیٰ پوری بحث آجائیگی۔

...... جہر شدید کے عدمِ جواز یا کراہت کیلئے تیسری دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد

[1] دیکھئے تفسیر قرطبی، جلد ۷، ص ۲۲۶۔　[2] دیکھئے تفسیر مدارک، جلد ۲، ص ۹۲۔

مبارک ہے؛ وَلاتَجْهَرْ بِصَلاتِکَ وَلاتُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِکَ سَبِيْلاً: اپنی نماز (یا دُعا) نہ بہت زیادہ بلند آواز سے پڑھواور نہ بہت زیادہ پست بلکہ ان کے درمیان کی راہ اختیار کرو (بنی اسرائیل،۱۱۰)۔صلوٰۃ سے مراد بعض علماء دُعا لیتے ہیں اوراسی آیت کا پہلا حصہ اس پر قرینہ ہے۔وہ یہ ہے کہ اس آیت کے پہلے حصہ میں ہے کہ " کہہ دو (اے پیغمبر) اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس نام سے بھی پکارو اس کیلئے سب اچھے نام ہیں" اوراس کے بعد مذکورہ بالا آیت شروع ہوتی ہے۔نیز صحیح حدیث سے اس کی تفسیر یہ ثابت ہے کہ اس سے مراد دُعا ہے اور بعض مفسرین اس سے مراد نماز میں تلاوت لیتے ہیں اوران کیلئے بھی صحیح حدیث موجود ہے اس لئے تقریباً اس پر علماء کا بالآخر اتفاق ہورہا ہے۔کہ یہ آیت دُعا وذکر اور تلاوت سب کو عام ہے لہذا جو علماء شدید جہر کے بلاضرورت کے قائل نہیں وہ فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں دون الجهر ہے اور وَلاتَجْهَرْ بِصَلاتِکَ اور تُخَافِتْ بِهَا میں بھی درمیانی جہر اور معتدل جہر کا حکم ہے حدیث "اربعوا علی انفسکم : اپنے نفسوں پر نرمی (اورمہربانی) کرو" میں بھی شدید جہر اور بلند آواز سے روکا گیا ہے۔اس لئے بلاوجہ جہرِ شدید مکروہ ہے یا غیر مستحب ہے۔جیسا کہ تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ؛ "هكذا يستحب ان نداءً وجهراً بليغًا" مستحب یہ ہے کہ نعرہ (کے انداز میں) اور بلیغ (یعنی شدید) جہر کے ساتھ نہ ہو[1] (تفسیر ابن کثیر، جلد۲،ص۲۷۹) یعنی حضرت حافظ ابن کثیرؒ بلیغ یعنی چلّا کر ذکر کرنے کو غیر مستحب اور ناپسندیدہ قرار دیتے ہیں۔

اور حضرت حافظ ابن حجرؒ اس کے متعلق لکھتے ہیں کہ؛

لَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِکَ ای لاتعلن بقرائة القرآن اعلاناً شديدًا فيسمعک المشركون فيؤذونک وَلَاتُخَافِتْ بِهَا ای لاتخفض صوتک حتی لاتسمع اذنيک وَابْتَغِ بَيْنَ ذَالِکَ سَبِيْلاً ای طريقا وسطاَ : تلاوت قرآن شدید اعلان کے ساتھ نہ کیا کرو کہ مشرکین سنیں تو تمہیں ایذاء پہونچائیں۔نہ آواز کو اس قدر پست کرو کہ اپنے کانوں کو بھی نہ سنائی دے اوران (دونوں یعنی اعلان اور جہر شدید اور

---

[1] یہ عبارت ابن کثیر دارالمعرفۃ بیروت والے نسخے کی ہے شاید اصل عبارت یوں ہو" هكذا يستحب ان يكون الذكر خفياً لايكون نداءً وجهراً بليغاً" یعنی مستحب یہ ہے کہ ذکر چھپا کر ہو۔نعرے (کے انداز) میں شدید جہر کے ساتھ نہ ہو۔

اخفاء) کے درمیانی راہ کو اختیار کرو (فتح الباری، جلد ۸، ص ۲۵۷ بحوالہ طبری)۔

اور حضرت علامہ آلوسیؒ فرماتے ہیں کہ؛

**واختار بعض المحققين ان المراد دون الجهر البالغ او قدر الحاجة فيكون الجهر المعتدل والجهر بقدر الحاجة داخلا فى المامور به** :اور بعض محقق علماء کرام نے اس بات کو اختیار کیا ہے کہ (قرآن مجید میں جس جہر سے منع کیا گیا ہے) اس سے جہر بالغ (یعنی جہر میں مبالغہ اور شدید جہر) مراد ہے یا ضرورت سے زیادہ جہر مراد ہے لہٰذا جہرِ معتدل اور بقدر ضرورت جہر ہو تو خود مامور بہ میں داخل ہے (یعنی اس کا تو خود قرآن مجید میں حکم ہے) (روح المعانی، جلد ۱۶، ص ۱۶۳)۔

اسی طرح بہت سے علماء و مفسرین نے بقدر حاجت جہر اور معتدل جہر کو تو عین شرعی حکم قرار دیا ہے۔ اسی طرح اذان، تکبیراتِ تشریق اور تلبیہ اور خطبہ یا مجمع بڑا ہے اور قاری آواز پہونچانے کیلئے پوری آواز سے قرآن مجید پڑھے۔ تاکہ مقتدی سن لیں ایسی حالت میں جہر شدید کو بھی جائز قرار دیتے ہیں البتہ وہ بلاضرورت جہر شدید کو مکروہ مانتے ہیں اور اسکے برعکس بعض علماء ایسے بھی ہیں جو جہر شدید ان تمام حالات میں جائز سمجھتے ہیں۔ جن حالات میں خود ذکر کرنے والے کو یا اس سے دوسرے لوگوں کو تکلیف نہ ہو۔ مثلاً نمازیوں کی نماز اور آرام کرنے والوں کے آرام میں خلل نہ آئے۔

اور ان تمام آیات جن سے جہر معتدل ثابت ہے ان کے متعلق وہ فرماتے ہیں کہ یہ آیتیں مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ہیں جیسا کہ اس کا بیان صحیح حدیثوں سے ثابت ہے اور اس وقت حالات ایسے تھے کہ اس وقت زیادہ جہر اور جہر شدید مفید نہیں تھا۔ لیکن جب اسلام کو شوکت اور غلبہ نصیب ہوا اور نقصان کا اندیشہ جاتا رہا تو پھر جہر شدید بلاضرورت فی نفسہٖ ناجائز اور مکروہ نہیں رہا۔

چنانچہ حضرت علامہ جلال الدین عبدالرحمٰن سیوطیؒ ذکر جہر کے تائید میں پچیس (۲۵) حدیثیں پیش کر کے اس کے بعد مذکورہ بالا آیتوں اور حدیث کا جواب دیا ہے۔ **وَاذْكُرْرَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا** ............ الخ کے تین جواب دیئے ہیں۔

**الاول: انهامكية كاية الاسراء وَلَاتَجْهَرْ بِصَلٰوتِكَ وَلَاتُخَافِتْ بِهَا و قد نزلت حين كان النبى صلى الله عليه وسلم يجهر بالقران فيسمعه المشركون فيسبون القران ومن انزله فامر بترك الجهر سدًا للذريعة كما نهى عن**

سب الاصنام لذلک. فی قولہٖ تعالیٰ ’’وَلَاتَسُبُّوْاالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ فَیَسُبُّوْا اللّٰہَ عَدْوًا بِغَیْرِ عِلْمٍ‘‘ و قدزال ھذا المعنی واشار الیٰ ذالک ابن کثیر فی تفسیرہ.

الثانی: ان جماعة من المفسرین منھم عبدالرحمن بن زید بن اسلم شیخ مالک و ابن جریر حملوا الایة علی الذاکر حال قرأة القرآن وانه امرله بالذکر علی ھذہ الصفة تعظیماً للقرآن ان ترفع عندہ الاصوات ویقویه اتصاله بقوله"وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا"

پہلا جواب یہ ہے کہ یہ آیت بھی سورۃ اسراء کی اس آیت "وَلاتَجْھَرْ بِصَلاتِکَ وَلاتُخَافِتْ " کی طرح مکی آیت ہے اور یہ آیت اس وقت نازل ہوئی جب نبی کریم ﷺ نماز میں[1] جہراً قراءت کیا کرتے تھے اور مشرکین[2] قرآن مجید کو سن کر قرآن مجید اور قرآن مجید کے نازل کرنے والے کو گالیاں دیتے تو اللہ تعالیٰ نے سدّ اللباب جہر ترک کرنے کا حکم[3] دیدیا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد مبارک " لَاتَسُبُّوْاالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ فَیَسُبُّوْا اللّٰہَ عَدْوًا بِغَیْرِ عِلْم "میں بتوں کو بھی سب وشتم کرنے سے منع فرمایا تاکہ مشرکین اللہ تعالیٰ کو گالیاں نہ دیں اور اب چونکہ یہ سبب (یعنی اب کفار ومشرکین سے یہ خطرہ نہ رہا اس لئے اب کامل جہر بھی جائز ہے) اس بات کی طرف علامہ ابن کثیرؒ نے بھی اشارہ فرمایا ہے۔اور دوسرا جواب اس آیت کا یہ ہے کہ مفسرین کی ایک جماعت جس میں امام مالکؒ کے استاد عبدالرحمٰن بن زید اور ابن جریر بھی شامل ہیں انہوں نے اسی آیت کو ذاکر (یعنی ذکر کرنے والے) کے اس حال اور موقع پر محمول کیا ہے جبکہ قرآن مجید کی قراءت ہورہی ہو اور ذکر کرنے والے کو اسی[4] صفت کے ساتھ ذکر کا حکم دیدیا گیا ہے تاکہ قرآن مجید کی تعظیم ہو اور قراءت ہوتے وقت آوازیں بلند نہ ہوں اور اس قول کو تقویت اس سے بھی ہوتی ہے کہ یہ آیت یعنی( واذکر ربک فی نفسک ) اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے ساتھ متصل ہے،"وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا :اور جب قرآن مجید کی قرآت کی جائے (یا خطبہ وغیرہ پڑھا جائے) تو اس کو سنو اور چپ رہو "اور علامہ سیوطیؒ نے تیسرا جواب یہ دیا

---

[1] یعنی شدید جہر کے ساتھ جیسا کہ بعد والے الفاظ خود اس پر صراحت کے ساتھ دلالت کرتے ہیں۔

[2] مشرکین تو قرب وجوار میں نہ تھے بلکہ آپ ﷺ کی آواز دور تک جاتی تھی۔

[3] یعنی جہر شدید سے منع فرما کر "وَلاتَجْھَرْ بِصَلاتِکَ وَلاتُخَافِتْ" کے ساتھ جہر معتدل کا حکم فرمایا۔

[4] یعنی جب قراءت قرآن ہورہی ہو یا خطبہ پڑھا جارہا ہو تو ایسی صورت میں اسی صفت کے ساتھ ذکر کریں یعنی دل ہی دل میں ذکر کریں۔

ہے کہ صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ اس آیت میں جو امر ہے وہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ خاص ہے[1]۔ اس کے بعد حضرت علامہ سیوطیؒ نے " لَایُحِبُّ الْمُعْتَدِیْن " کے دو جواب دیئے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ؛

**احدهما ان الراجح فی تفسيره انه تجاوز المامور به اواختراع دعوة لااصل لها فی الشرع ويؤيده ما اخرجه ابن ماجه والحاكم فی مستدركه و صححه عن ابی نعامة رضی اللّٰه عنه ان عبد اللّٰه بن مغفل سمع ابنه يقول اللهم انی اسئلک القصر الابيض عن يمين الجنة فقال انی سمعت رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم يقول سيكون فی هذه الامة قوم يعتدون فی الدُعاء فهذا تفسير صحابی وهواعلم بالمراد. (الثانی) علی تقدير التسليم فالاية فی الدُعاء لافی الذكر والدُعاء بخصوص الافضل فيه الاسرار لانه اقرب الی الاجابةولذاقال تعالیٰ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ومن ثم استحب الاسرار بالاستعاذة فی الصلاة اتفاقاً لانّها دُعاء.**

یعنی ایک جواب یہ ہے کہ اس کی راجح تفسیر یہ ہے کہ اعتداء سے ایسی دُعا مانگنا مراد ہے کہ وہ مامور بہ سے متجاوز ہو اور اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جیسے ابن ماجہ نے اور حاکم نے اپنی کتاب مستدرک میں نقل کیا ہے کہ عبداللہ بن مغفلؓ نے اپنے بیٹے کو دُعا کرتے سنا کہ کہتے ہیں اے اللہ؛ میں تجھ سے جنت کی دائیں جانب کا سفید محل مانگتا ہوں (یہ سن کر) عبداللہ بن مغفل نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے وہ فرماتے تھے کہ عنقریب اس امت میں ایسے لوگ پیدا ہوجائیں گے جو دُعا میں اعتداء اور تجاوز کریں گے چونکہ یہ تفسیر صحابیؓ نے کی ہے اور وہ اس کی تفسیر کو زیادہ جانتے ہیں (اس لئے یہی تفسیر راجح ہے کہ اعتداء سے ایسی دُعا مراد ہے جس کی اصل شریعت میں ثابت نہ ہو)۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ اگر یہ تسلیم بھی کیا جائے (کہ اس سے مراد شدید جہر کی ممانعت مراد ہے) تو یہ آیت دُعا کے بارے میں نازل ہوئی نہ کہ ذکر کے بارے میں اور دُعا میں اصل یہی ہے کہ آہستہ مانگی جائے کیونکہ یہ قبولیت کے زیادہ قریب ہے اور اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ " اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا: جب اس نے اپنے پروردگار سے چپکے سے نداء کی" اور اسی وجہ سے نماز میں 'اعوذ باللّٰه من الشيطان الرجيم بالاتفاق آہستہ پڑھا جاتا ہے کیونکہ استعاذہ دُعا ہے (الحاوی للفتاویٰ، جلد۱، ص۳۹۴)۔

یہ پورا مضمون علامہ سیوطیؒ نے ایک سوال کے جواب میں لکھا ہے، اور سوال کا خلاصہ یہ ہے کہ سادات

---

[1] یہ جواب نہایت کمزور ہے ۔

صوفیہ کا معمول یہ ہے کہ مسجدوں میں ذکر کے حلقے منعقد کرتے ہیں اوران حلقوں اوران مجالس میں رفع الصوت یعنی بلندآواز کےساتھ تہلیل لاالہ الا اللہ پڑھتے ہیں کیا یہ جائز ہے یا مکروہ؟ تو جواب میں علامہؒ نے فرمایا"انه لا كراهته فى شئ من ذالك : ان میں سے کسی چیز میں بھی کوئی کراہت نہیں"اس کے بعد علماء کے اقوال،اور جہر کے فوائد جو کہ علماء نے بھی بیان فرمائے ہیں کو بیان کر کے اس پر پورا مدلل مضمون لکھ دیا ہے(الحادی للفتاویٰ نتیجہ الفکر، جلدا، ص۳۸۹تا۳۹۴)۔

حضرت مولانا عبدالحیؒ فرماتے ہیں کہ ؛

وخلاصة المرام فى هذا المقام انه لاريب فى كون السرّ افضل من الجهر للتضرع والخيفة وكذا لاريب فى كون الجهر المفرط ممنوعاً لحديث اربعوا على انفسكم والأثارمتظاهرة متوافقة على جوازه ولم نجد دليلاً يدل صراحة على حرمةٍ او كراهةٍ وقد نص المحدّثون والفقهاء الشافعية وبعض اصحابنا على جوازه ايضاً ويدل عليه قول صاحب النهايه فى كتاب الحج المستحب عند نافى الاذكار الخفية الا فى ماتعلق باعلانه مقصود كالاذان والتلبية والخطبة كذا فى المبسوط انتهى والظاهر ان مراد من قال الجهر حرام هوا لجهر المفرط بدليل انهم يستدلون عليه بقوله عليه الصلوٰة والسلام "اربعوا على انفسكم" الحديث وقد عرفت فى شان وروده ان وروده انما كان فى الجهرا لمفرط لافى الجهر مطلقًا مع انه كيف تثبت الحرمة الحقيقة بخبرالاحاد الذى هو من الادلة الظنينة و من قال انه بدعة ارادبه ان ايقاعه على وجه مخصوص والتزام ملتزم لم يعهد فى الشرع بدليل انهم انما اطلق البدعة عليه فى بحث التكبير فى طريق صلوة عيدالفطر قالوا الجهر به فى الطريق على الوجه المخصوص انما ورد فى عيدالاضحىٰ واما فى عيدالفطر فهو بدعة: خلاصہ یہ ہوا کہ خوف و زاری کی وجہ سے جہر سے سرّ یقیناً افضل ہے اسی طرح بلاشک وشبہ "حديث اربعوا على انفسكم" کی وجہ سے جہر مفرط کی ممانعت میں بھی کوئی شبہ نہیں ہے اور رہا جہر غیر مفرط (یعنی جو انتہائی اور شدید درجہ کے جہر سے کم ہو) تو وہ بکثرت احادیث اور آثار صحابہؓ سے

ثابت ہے اوراس کی حرمت یا کراہت پر صراحت کے ساتھ کوئی دلیل موجودنہیں۔ محدثین اور فقہاء شافعیہ اور بعض فقہاء نے بھی اس کی جواز کی تصریح کی ہے[1] اور صاحب نہایہ نے کتاب الحج میں مبسوط کے حوالے سے کہا ہے کہ ہمارے نزدیک اذکار میں سر مستحب ہے[2] سوائے ان اذکار کے جن میں اعلان (اور اظہار) مقصود ہو جیسے اذان، تلبیہ اور خطبہ وغیرہ۔ اور جس جہر کو حرام قرار دیا ہے اس سے مراد جہر مفرط ہے کیونکہ وہ حدیث "اربعو علی انفسکم" سے استدلال کرتے ہیں اور اس حدیث کی شان ورود کو آپ جان گئے ہیں کہ یہ حدیث جہر مفرط کے بارے میں وارد ہوچکی ہے نہ کہ جہر مطلق کے بارے میں علاوہ ازیں یہ کہ جہر کی حرمت پر ان اخبار آحاد سے کیسے حرمت حقیقی کو ثابت کیا جاسکتا ہے جبکہ یہ ظنی ہیں اور جن علماء نے جہر کو بدعت کہا ہے ان کا مطلب یہ ہے کہ جہر میں کسی خصوصیت (اور تخصیص) کو داخل کیا جائے، اور ایسی چیز کا التزام کیا جائے جس کو شریعت نے لازم نہیں قرار دیا ہو اس کی دلیل یہ ہے کہ انہوں نے عیدالفطر کے دن راستے میں جاتے وقت بلند آواز سے تکبیر پڑھنے پر بدعت کا اطلاق کیا ہے اور کہا ہے کہ اس مخصوص وجہ کے ساتھ صرف عیدالاضحیٰ کے ساتھ تکبیر کہنا ثابت ہیں اور عیدالفطر کے دن بدعت ہے (سباحۃ الفکر، ص۳۳)۔

## مذکورہ بالا آیات کریمہ اوراسکے متعلقہ اقوال کا موازنہ:

مفسرین اور فقہاء وغیرہ نے مذکورہ آیتوں کو سامنے رکھ کر ذکرِ جہر اور جہری دعا کے متعلق اپنی رائے لکھ دی ہے بعض علماء نے جہر شدید کو انہی آیتوں کی بنا پر مکروہ قرار دیا ہے اور بعض نے ان آیتوں کو ایک خاص وقت اور خاص حالات تک محدود کیا اوران تمام اقوال کا خلاصہ یہ ہوا کہ؛

...... "لَایُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ" کے بارے میں فرمایا کہ اس سے مراد دعا میں چلّا نا مراد ہے۔

...... اس کا تعلق آواز کے ساتھ نہیں۔ بلکہ ان امور سے ہے جنکی اصل شریعت میں ثابت نہ ہو یا

[1] اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جہر متوسط کو بعض فقہاء احناف ناجائز یا مکروہ کہتے ہیں بلکہ مطلب صرف اس قدر ہے کہ بعض فقہاء نے تو جہر متوسط کے جواز کے متعلق صاف صاف کہہ دیا ہے کہ یہ جائز ہے اور بعض علماء احناف کی عبارت مبہم ہیں جن میں جہر مفرط اور جہر متوسط کی تفصیل نہیں۔

[2] اس سے معلوم ہوا کہ سرّ اور جہر کے افضل ہونے میں اختلاف ہے۔

جن میں شرعی حدود سے تجاوز ہو۔ مثلاً جنت کی کسی ایسی چیز کو مانگنا جن کا بیان شریعت نے نہیں کیا مثلاً یا اللہ مجھے سرخ جنت دے یا نویں جنت دے وغیرہ یا کوئی یہ دعا کرے کہ یا اللہ مجھے نبی کا درجہ دیدے یا دعا میں غیر اللہ سے سوال کرے اور راجح یہی ہے کیونکہ دعا عبادت ہے اور عبادت میں حدود سے تجاوز یہی تو ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور سے مانگا جائے۔ کیونکہ یہاں اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛ ''اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ'' اللہ تعالیٰ حد سے گذر جانے والوں کو پسند نہیں فرماتے اور حد سے گذر جانے والے لوگ متکبر ہیں ظالم ہیں اور مشرک ہیں۔ ''اِنّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُشْرِکِیْنَ'' بلاشبہ اللہ تعالیٰ مشرکین کو پسند نہیں کرتے لہذا بلا کسی مضبوط دلیل کے دعا میں آواز اونچی کرنے والوں کو مشرکین، ظالم اور متکبر لوگوں کی صف میں شامل کرنا از خود بھی بہت بڑا ظلم ہے اس لئے آیت کریمہ کا واضح مطلب یہی ہے کہ دُعا اور عبادت میں کسی ایسی چیز کو داخل نہ کر دیا جائے کہ جس کی اصل شریعت مطہرہ میں موجود نہ ہو مثلاً شرکیہ الفاظ وغیرہ۔

اگر چہ جہرِ مفرط کو بعض علماء نے اعتداء میں شامل کیا ہے لیکن جہر معتدل کے ساتھ دُعا مانگنے کو مکروہ سمجھ کر اعتداء میں شامل کرنا تو بالکل ہی غلط ہے کیونکہ جہر معتدل تواتر عملی کے ساتھ ثابت ہے نیز سورت اسراء کی اس آیت "وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا" کے متعلق صحیح حدیثوں سے ثابت ہے کہ یہ دُعا اور نماز کے بارے میں نازل ہوئی ہے (صحیح بخاری اور صحیح مسلم)۔

پھر کیسے کہا جا سکتا ہے کہ دُعا میں مطلقاً جہر اعتداء میں شامل ہے اور ایسا حکم لگانا تو خود اعتداء اور شرعی حدود سے تجاوز ہے اور دور جدید کے کچھ لوگوں کے سوا کسی بھی فقیہ یا عالم نے اس بات کی تصریح نہیں کی ہے کہ دُعا میں معتدل جہر بھی ناجائز یا مکروہ یا اعتداء میں داخل ہے جنہوں نے لکھا بھی ہے تو انہوں نے چلاّنے اور نعرے لگانے کو لکھا ہے۔

## خاص حالات میں جہرِ مفرط کے ساتھ دُعا مانگنا بھی اعتداء میں شامل نہیں:

نیز تمام حالات میں **لا یحب المعتدین** کی یہ تفسیر کہ اعتداء سے مراد دُعا میں چیخنا چلاّنا ہے یہ بالکل انسانی فطرت کے متصادم ہے ہر وہ شخص جو مجبور ہو جائے، بیقرار ہو جائے پھر اللہ تعالیٰ پر اعتماد، یقین بھی ہو اور اس

کے ساتھ محبت بھی ہو اس کو اپنا خیر خواہ، خالق، مالک اور قدرت والا اور نہایت مہربان بھی جانتا ہو تو بیقراری اور مجبوری کی صورت میں انسان کی بے اختیار چیخیں نکلتی ہیں چلّا تا ہے۔ آپ نے دیکھا نہیں کہ جب کسی پر سخت مصیبت آپڑتی ہے تو وہ شخص جب ایسے شخص سے مل جاتا ہے جو اس کا خیر خواہ اور ہمدرد ہو تو وہ اس کے سامنے رو پڑتا ہے اور اپنے دکھ اور درد کے مطابق روتا ہے۔ بچہ ماں کو دیکھ کر کس طرح بیقرار ہو کر روتا ہے۔ اسی طرح جب کوئی عام انسان سخت مصیبت میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اپنے گردو پیش کے اسباب سے مایوس ہو جاتا ہے تو سخت بیقراری کی حالت میں جب وہ اللہ تعالیٰ کیطرف رجوع کرتا ہے تو اس کی چیخیں نکلتی ہیں۔ اسی طرح جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ پر مضبوط یقین ہو اور وہ کسی حاجت میں کسی غیر کی طرف ہاتھ نہیں پھیلاتے جب وہ مجبور ہو جائیں تو وہ بھی بے اختیار اللہ تعالیٰ کے سامنے رو پڑتے ہیں بلکہ چلانے اور چیخنے تک نوبت پہنچ جاتی ہے اس کی یہ حالت اور ایسی فریاد تو اللہ تعالیٰ پر یقین اور اس کے رحم و کرم اور اس کی قدرت پر اعتماد کی وجہ سے ہے۔ ایسی حالت وصورت میں وہ اپنی دعائیں اپنی آہ و پکار اللہ تعالیٰ کو نہیں سناتا بلکہ یہ اس کے خود اپنے اندرونی جذبات اور کیفیت ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے سامنے ہاتھ پھیلانے کے وقت بے اختیار ابھر کر اس کی زبان اور آنکھوں سے بہہ نکلتی ہے یہ حالت اس کی نہایت خدا پرستی اور اللہ تعالیٰ پر مضبوط یقین واعتماد کی وجہ سے ہوتا ہے اس لئے وہ اوروں کی بجائے اللہ تعالیٰ کے سامنے گڑگڑاتا ہے، روتا ہے اور فریاد کرتا ہے۔ ایسی صورت میں اگر اس کی چیخ بھی نکلتی ہے یا چلّا کر رو پڑتا ہے تو اس کو حکم اعتداء میں داخل کرنا یقیناً محل نظر اور انسانی فطرت کے ساتھ جنگ ہے۔

حالانکہ اسلام دینِ فطرت ہے اور پھر اس کی یہ تفسیر نبی کریم ﷺ سے بھی ثابت نہیں بلکہ بعض مفسرین کی اپنی ذاتی رائے ہے، جس کے ساتھ اتفاق مشکل ہے کیونکہ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ ایک شخص اللہ تعالیٰ کے سامنے روئے اور بے اختیار ہو کر چلّا کر روئے پھر اللہ تعالیٰ اس کو ظالموں کی صف میں کھڑا کردے اسلئے بعض علماء اور فقہاء اس تفسیر کو مردود کہتے ہیں۔ البتہ اگر وہ یہ سب کچھ ریاء کاری اور لوگوں کو دکھاوے کیلئے کرتا ہے تو پھر تو وہ اعتداء میں شامل ہے۔ (فتاویٰ خیریہ علی ہامش تنقیح الحامدیہ، جلد۲ ،ص۲۸۱)۔

## (اُدْعُوْا رَبَّکُم) آیت کا سیاق وسباق:

آپ ذرا قرآن کھول کر اسی آیت کے سیاق وسباق پر نظر ڈالیں اوپر کی آیتوں میں پہلے شرک کی بے حقیقتی اور بدانجامی کو بیان کیا گیا پھر اس کے بعد توحید کے مضمون کی وضاحت کی گئی ہے کہ آسمان اور زمین کا خالق اللہ تعالیٰ ہے اور وہ اس کائنات کو پیدا کر کے اس سے بے تعلق نہیں ہو بیٹھا بلکہ اپنے عرش حکومت پر متمکن ہے اور تمام کائنات کی باگیں اور اختیارات صرف اس نے اپنے دست قدرت میں رکھی ہیں اور صرف وہی تمام کائنات پر

فرمانروائی کرر ہا ہے۔ دن رات، سورج، چاند، ستارے اور سیارے ہوائیں سب کے سب اس کے احکام کی تعمیل میں شب و روز گردش کرتے ہیں اور کائنات کا ذرّہ ذرّہ اور دن رات اس کے احکام کی تعمیل میں جوش وخروش کے ساتھ اپنے اپنے کام میں سرگرم ہیں۔ اوراسی کا امروحکم کائنات کے گوشے گوشے میں جارہی ہے تو خالق کائنات کے سوا کوئی دوسرا اس بات کا حقدار کس طرح ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی کائنات میں اس کا حکم چلے۔

پھر یہ کائنات اپنے وجود سے شاہد ہے کہ اس کو پیدا کرنے والی ہستی بڑی بافیض اور نہایت ہی بابرکت و رحمت والی ہستی ہے تو حق اور صحیح یہی ہے کہ؛ **اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةًط اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ o وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًاط اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ** : اپنے پروردگار کو پکارا کرو گڑگڑاتے ہوئے، اور چپکے چپکے یقیناً وہ حد سے گذرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور زمین میں فساد نہ کرو اس کی اصلاح کے بعد، بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت نیک کام کرنے والوں سے قریب ہے (اعراف، ۵۵)۔

اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ جب نفع ونقصان عزت وذلت کائنات کی ہر چیز کا مالک وخالق اللہ تعالیٰ ہی ہے اور اسی کے پاس تمام اختیارات ہیں اور وہی بافیض اور نہایت بابرکت ورحمت ہستی بھی ہے تو تم صرف اپنے رب کو سرًّا اور علانیۃً پکارا کرو اور امید وبیم پر اچھی بری ہر حالت میں اسی سے لو لگائے رکھو اور اللہ تعالیٰ کے سوا کسی دوسرے کے ساتھ خوف وطمع امید وبیم کا رشتہ جوڑنا اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حدود سے تجاوز ہے اور اللہ تعالیٰ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا لہذا تم شرک سے سخت پرہیز کرو اور اللہ تعالیٰ کی خدائی میں کسی کو شریک کرنا اللہ تعالیٰ سے بغاوت اور اس کی سرزمین میں فساد برپا کرنا ہے، لہذا تم شرک کا ارتکاب کرکے اللہ تعالیٰ کی زمین میں فساد نہ مچاؤ اور اپنے خوف ورجاء اور امید وبیم کا رشتہ صرف اللہ تعالیٰ سے جوڑ کر اپنی تمام تر حاجات اور مشکلات میں صرف اللہ تعالیٰ کو ہی پکارو۔ اور جو لوگ خوف ورجاء اور اپنی امید وبیم کا مرکز ومرجع صرف اپنے پروردگار کو بناتے ہیں درحقیقت یہی لوگ محسنین بن سکتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی رحمت یقیناً نیکوکاروں کے قریب ہے۔

ان آیات کے بعد پھر توحید اور آخرت کے دلائل کا بیان ہے۔ بہرحال " **لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ** " کی درست اور دل کو لگنے والی تفسیر یہی ہے کہ اعتداء سے مراد شرک ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بجائے کسی اور کی بندگی کی جائے یا کسی اور کو پکارا جائے۔ دُعا میں اور اللہ تعالیٰ کی بندگی میں ریاء کاری کی جائے تو یہ بھی شرک خفی ہے اور اسی پر آیت کریمہ کا سیاق وسباق دلالت کرتا ہے۔ جس کے بعد آپ خود اس نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں کہ اس سے مراد بے ریاء بندگی اور خالص اللہ تعالیٰ سے مانگنا مراد ہے اور یہی تفسیر بعض جیّد علماء فقہاء اور مفسرین سے بھی منقول ہے۔ چنانچہ

امام کردریؒ "اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً" کے متعلق فرماتے ہیں کہ؛

**ای اعبدوه وارفعوا حوائجکم والضراعة الذلة والخفية ان لايدخله الرّياء انه لايحب المعتدين ای المشركين الذين يدعون غير اللّٰه تعالى: اُدْعُوْا رَبَّكُمْ** کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی بندگی کرواوراسی کے سامنے اپنے حوائج پیش کرواور تَضَرُّعًا کے معنی عاجزی اور خُفْيَةً کا مطلب ہے ایسی بندگی جس میں ریاء کا دخل نہ ہواور لَايُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ سے مراد مشرکین ہیں۔ جواللہ تعالیٰ کے سواکسی اور کی بندگی اور کسی اور کو پکارتے ہیں (فتاویٰ بزازیہ علی ھامش الھندیہ، جلد۶،ص ۳۷۸)۔

نیز حضرت مولانا غلام اللہ خانؒ کی مرتب اور مدون کردہ تفسیر جواہرالقرآن میں ہے کہ؛

چونکہ اللہ تعالیٰ ہی ساری کائنات کا خالق اور مالک ہے اور وہی متصرف ومختار ہے لہٰذا غائبانہ حاجات میں اسی کو پکارو، "الْمُعْتَدِيْن" غیراللہ کو پکارنے والے (جواھرالقرآن، جلد۱، ص ۳۶۷)۔

اسی طرح دوسرے محقق مفسرین نے بھی "الْمُعْتَدِيْن" سے غیراللہ کو پکارنے والے "مشرکین" شرک کرنے والے مراد لئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت امام نوویؒ ایک صحیح حدیث (جس میں نبی کریم ﷺ نے اونچی آواز سے دُعا مانگی ہے جیسا کہ اس کا بیان انشاءاللہ تعالیٰ آگے آجائے گا) کے تحت لکھتے ہیں؛

**انه لابأس برفع الصوت فى الدعا** : (یعنی اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے) کہ دُعا میں آواز بلند کرنے میں کوئی حرج نہیں (شرح مسلم، جلد۲، ص۹۳)۔

جب نبی کریم ﷺ سے خود بلند آواز کے ساتھ دُعا ثابت ہے جیسا کہ اس کا بیان آگے آجائیگا) تو پھراس کے بعد اس تفسیر کے مرجوح ہونے میں کیا شک باقی رہتا ہے البتہ بلاوجہ اور بلاضرورت بہت بلند آواز کے ساتھ دُعا مانگنا دیگر وجوہ کی بنیاد پر تو نامناسب یا مکروہ ہوسکتا ہے لیکن اس آیت کی رو سے نہیں۔

# (وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِىْ نَفْسِكَ) کے متعلق چند معتمد اقوال کا خلاصہ:

دوسری آیت وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِىْ نَفْسِكَ کے متعلق چند معتمد اقوال کا خلاصہ یہ ہے:

...... بعض مفسرین اور علماء کرام نے اس آیت کریمہ کو نماز کیساتھ خاص کردیا ہے اور فرمایا ہے

"وَاذْکُرْ رَّبَّکَ " اور اپنے پروردگار کے ذکر سے مراد نماز میں قرأت ہے۔تو اس تفسیر کی رو سے تسبیح و تہلیل وغیرہ اذکار سے اس کا کوئی تعلق نہیں رہتا اور اس آیت سے ذکرِ جہر کے خلاف استدلال ہی نہیں ہوسکتا۔

...... جو لوگ اس آیت کو نماز کے ساتھ خاص کرتے ہیں ان میں سے بعض فرماتے ہیں کہ اس میں امام اور قاری کیلئے قرأت کے آداب بیان کئے گئے ہیں کہ قراءت کرتے وقت معنی کا لحاظ کریں اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے گڑگڑاتے ہوئے معتدل جہر سے قرأت کریں یا یہ کہ سری یعنی ظہر اور عصر میں خفیہ قرأت کرو اور جہری نمازوں میں معتدل جہر سے قرأت کرو۔

...... اکثر مفسرین اور علماء کرام اس آیت "وَاذْکُرْ رَّبَّکَ "میں ذکر سے مراد خطبہ وعظ و نصیحت، تلاوت قرآن، تسبیح و تہلیل اور استغفار و دعا تمام اذکار مراد لیتے ہیں اور وہ ان تمام کے متعلق کہتے ہیں کہ ان کا ادب یہ ہے کہ ان میں جہر شدید سے پرہیز کیا جائے البتہ جہاں جہر شدید کی ضرورت پڑ جائے مثلاً اذان، تلبیہ وغیرہ جیسی چیزیں جن میں اعلان اور اظہارِ دین مقصود ہوتا ہے تو وہاں رفع الصوت بلند آواز شدید ہی افضل اور بہتر ہے اور بلاضرورت شدید جہر مکروہ یا کم ازکم غیر اولیٰ ہے۔

...... بعض علماء اور مفسرین فرماتے ہیں کہ وَاذْکُرْ رَّبَّکَ "میں جس جہر معتدل کا حکم ہے یہ حکم ارشادی ہے نہ کہ واجب کہ جہر شدید کو اس آیت کریمہ کی وجہ سے حرام یا مکروہ قرار دیا جائے البتہ جہرِ مفرط اور بالفاظ دیگر جہر مضر نقصان دہ جہر بالاتفاق مکروہ اور ممنوع ہے کیونکہ اس میں اپنے کو ایذاء دینا ہے یا اس کیوجہ سے دوسرے نمازیوں کی نماز وغیرہ میں خلل پڑتا ہے۔

...... اس پر تمام مفسرین اور علماء کا اتفاق ہے کہ "وَاذْکُرْ رَّبَّکَ " مکی آیت ہے اسی طرح " اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْیَة " نیز " وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِکَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَیْنَ ذٰلِکَ سَبِیْلاً " بھی بالاتفاق مکی آیت ہے۔نیز یہ بھی ثابت ہے کہ اس سے مراد دُعا بھی ہے اور قرأت بھی لہذا یہ حکم نفس جہر شدید کی ممانعت کیلئے نہیں بلکہ کفار و مشرکین کی ایذاء رسانیوں سے بچنے کی غرض سے تھا۔نیز یہ حکم اس لئے بھی تھا تاکہ وہ جہالت کی بناء پر قرآن مجید اور اس کے نازل کرنے والے کو گالیاں نہ دیں۔اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس قدر

جہر یعنی جہر معتدل کا حکم فرمایا کہ صحابہ کرامؓ اور نماز میں مقتدی قرأت کو سن سکیں، لیکن قرآن مجید وغیرہ کی آواز دور دور تک نہ جائے چونکہ اب وہ حالت نہ رہی اس لئے ذکرِ شدید، تلاوت بلند آواز کے ساتھ کی ممانعت باقی نہ رہی، چنانچہ تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے یہ بھی روایت کیا گیا ہے کہ؛ **فلما ھا جرالی المدنیة سقط ذلک یفعل ایّ ذلک شاء:** پھر جب مدینہ منورہ کو آپ ﷺ نے ہجرت کی تو یہ حکم ساقط ہو گیا اور (یہ اجازت دی گئی کہ) جس طرح چاہے (تلاوت) کرو (تفسیر ابن کثیر، جلد۳،ص۶۹)۔

...... اور ایک قول یہ بھی ہے کہ اس آیت کا تعلق قاری اور ذکر کرنے یا خطبہ دینے والے کیلئے نہیں بلکہ اس کا تعلق سننے والوں کے بارے میں ہے کہ جب خطبہ دیا جارہا ہو یا قرأت قرآن ہورہی ہو تو اس وقت خاموشی کے ساتھ دل دل میں اور چپکے چپکے اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں تاکہ وہ ذکرالٰہی سے غافل نہ ہو اور اس کے بارے میں وہ دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ آیت "**واذاقرئ القرآن**............ الخ" قراءت کے متعلق ہے تو وہاں سننے والوں کیلئے چپ رہنے کا حکم تھا تو پھر چپ رہنے والوں کو یہ حکم دیدیا کہ بالکل ہی ذکر کو نہ چھوڑیں بلکہ دل دل میں اور چپکے چپکے اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں اور اس پر دلیل "**ولاتکن من الغافلین** " ہے کہ تو غافلوں میں سے نہ ہو جاؤ۔ لیکن اس قول کی کمزوری واضح ہے کہ خطبہ کے وقت یا نماز میں قرأت کے وقت میں خاموش رہنا اور پوری توجہ کے ساتھ کان لگا کر سننا اور آیتوں میں غور کرنا ہی اس وقت کا ذکر ہے ورنہ اگر وہ خود بھی ذکر میں مشغول ہوا گرچہ چپکے چپکے کیوں نہ ہو تو پھر بھی توجہ خطبہ کی طرف نہیں رہے گی اور خطبہ سننا اور تلاوت قرآن سننا اور اس میں غور و فکر کرنا خود ہی اعلیٰ ذکر ہے۔ پھر اس وقت چپکے چپکے ذکر کرنے کے حکم کا کیا مطلب؟ واللہ اعلم بالصواب۔

ان تمام اقوال سے حاصل تو یہی ہوا کہ ان آیتوں سے ذکرِ جہر معتدل کی نفی تو ہرگز مراد نہیں بلکہ ان میں جہر متوسط کا حکم ہے اور یہ خود بھی ذکر کی ایک مشروع اور جائز صورت ہے البتہ ان آیتوں کی جو تفسیر راجح معلوم ہوتی ہے اس کو نقل کر دیتا ہوں۔

...... سورۃ اعراف کی پہلی آیت یہ ہے "اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً :اور اپنے پروردگار کو

گڑ گڑاتے ہوئے بھی اور چھپ کر بھی پکارا کرو اور اللہ تعالیٰ یقیناً حد سے گذرنے والوں کو پسند نہیں کرتا (اعراف، ۵۵)۔ اس آیت کریمہ سے دُعا میں نفس جہر کی ممانعت مراد نہیں لی جاسکتی۔ اس کا مفصل بیان گذر چکا ہے۔

...... اعراف کی دوسری آیت اور تیسری آیت یہ ہے؛ **وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ o وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ خِيْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَاتَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ**: اور جب قرآن مجید پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور چپ رہو تا کہ تم پر رحم کیا جائے اور تو اپنے پروردگار کو یاد کر دل میں گڑ گڑاتا ہوا اور ڈرتا ہوا اور یاد کرتا رہ صبح، شام دون الجہر یعنی بلند آواز کی نسبت کم ہلکی آواز کے ساتھ اور غافلوں میں سے نہ ہو (اعراف، ۲۰۳ تا ۲۰۵)۔ پہلی آیت میں **وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا** کی تعلیم سننے والوں اور مقتدیوں کیلئے ہے کہ جب قرآن (اور خطبہ) پڑھا جائے تو کان لگا کر سنیں، اور یہ بات تو بالکل واضح ہے کہ کان لگا کر سننا تو اس وقت ہوسکتا ہے جبکہ قرآن کو اور خطبہ کو آواز ہی سے پڑھا جائے تو ان آیات سے خود جہری قرأت وتلاوت اور ذکر ثابت ہوا کہ لوگ تو اسی وقت ذکر وقرأت کو سنیں گے جبکہ جہر ہو۔ لیکن قرآن مجید کو کس قدر جہر سے پڑھا جائے اور ذکر پر کس قدر آواز بلند کرنا چاہیئے تو "**وَاذْكُرْ رَّبَّكَ**" کی تعلیم امام وقاری کو سنانے اور خود ذکر کرنے والے کیلئے ہے اور اس دوسری آیت (**وَاذْكُرْ رَّبَّكَ**) میں ذاکر اور قاری کو ذکر وتلاوت کا طریقہ بتلایا گیا ہے اس آیت کریمہ میں پہلے جہر اور دون الجہر کے معنی کو معلوم کرنا چاہیئے اس کے بعد ترجمہ خود بخود سمجھ میں آجائے گا۔

## "جهر" اور "دون الجهر" کے معنی:

جہر کے معنی پکارنے، اعلان کرنے کے ہیں اور امام راغب کہتے ہیں کہ کسی چیز کو افراط (یعنی حد سے زیادہ زور) کے ساتھ نمایاں کرنے کو جہر کہتے ہیں خواہ اس کا تعلق سننے سے ہو یا دیکھنے سے (مفردات، ص ۱۰۱)۔ جہر کے معنی جو امام راغب نے کیے ہیں۔ قرآن مجید نے اسی معنی میں جہر کے لفظ کو جگہ جگہ استعمال فرمایا ہے کبھی اس کا تعلق زیادہ زور کی آواز سے ہوتا ہے اور کہیں اس کا تعلق کھلم کھلا دیکھنے سے بھی ہوتا ہے۔ مثلاً موسیٰ علیہ السلام کو قوم نے کہا کہ؛ **لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً**: ہرگز تجھے نہیں مانیں گے جب تک روبرو (یعنی کھل

کر) اللہ تعالیٰ کو نہ دیکھ لیں (بقرۃ ۵۵)۔ ایک دوسری جگہ ارشاد ہے؛ فَهُوَ يُنفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَجَهْرًا: تو وہ اسی (اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مال ورزق) سے پوشیدہ اور کھلم کھلا بھی خرچ کر دیتا ہے (نحل ۷۵)۔ بہر حال جہر کے لغوی معنی کسی چیز کو افراط اور پوری قوت سے نمایاں اور ظاہر کرنے کو کہتے ہیں اور جب اس کا تعلق سننے اور قول کے ساتھ ہوتا ہے تو مطلب یہ ہوتا ہے کہ اعلان کرنا، نعرہ لگانا، چیخنا چلاّنا، رفع الصوت یعنی آواز بلند کرنا ہوتا ہے یعنی نام جو بھی رکھیں خواہ چلاّ نا رکھیں یا آواز بلند کرنا مطلب سب کا ایک ہی ہے انسان اپنی پوری اور انتہائی قوت کے ساتھ آواز کو نکالے، اسی کو جہری آواز کہتے ہیں اور جب بالکل کھلم کھلا لوگوں کے سامنے کوئی کام کرے اس کو جہری یا علانیہ عمل کہتے ہیں۔

شیخ الاسلام حافظ ابن تیمیہؒ "وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ" میں جو "دون الجهر" کا لفظ آتا ہے، جہر کے متعلق لکھتے ہیں کہ؛

فان الجهر هو الاظهار الشديد: بلاشبہ جہر اظہار شدید ہی ہے (علامہ ابن تیمیہ کی تفسیر کبیر، جلد۴، ص۳۲۰)۔

## ''دون'' کے معنی:

"دون" فوق کی ضد ہے لیکن عربی میں "دون" کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے، دون کم، نیچے، اوپر، آگے یا پیچھے، قریب اور علاوہ کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ "هو دونه" وہ اس سے کم درجے میں ہے یا اس سے نیچے درجے میں ہے، "مشیٰ دونه" وہ اس سے آگے چلا، "من دون الله" اللہ تعالیٰ کے سوا یا اللہ تعالیٰ کے علاوہ جب اس کا صلہ "مِنْ" آجاتا ہے، یعنی دون کے ساتھ جب ''من'' مل جاتا ہے تو پھر زیادہ تر اس کے معنی علاوہ اور سوا کے ہوتے ہیں۔

اور یہاں دون الجهر کے دو احتمال ہیں ایک یہ کہ دون سے کم درجہ مراد لیا جائے تو ایسی صورت میں اس کے معنی یہ ہونگے کہ نعرے اور چلاّنے یا بلند آواز (یعنی شدید جہر) کے بہ نسبت کم آواز کے ساتھ۔ اگر اس سے معنی علاوہ اور غیر کے معنی لیا جائے تو معنی یہ ہوگا بغیر چلاّئے کے آواز میں یا چلانے کے علاوہ آواز کے ساتھ تو دونوں صورتوں میں مطلب یہی ہے کہ معتدل جہر کے ساتھ ہونا چاہیئے کیونکہ نعرے سے کم آواز میں ذکر ہو یا چلائے بغیر جہر ہو۔ دونوں کا مطلب ایک ہی ہے کہ جہر شدید اور بہت زیادہ بلند آواز نہ ہو۔ بلکہ بعض علماء کے نزدیک یہ حکم بھی ارشادی ہے یعنی اس کا مطلب یہ نہیں کہ اگر کوئی زیادہ جہر کرے تو وہ حرام یا مکروہ کا مرتکب ہوگا البتہ بلا ضرورت ایسا کرنا ادب کے خلاف ہوگا البتہ اگر دوسروں کے ضرر کا سبب بنے تو پھر ایذاء رسانی کی وجہ سے

ممنوع ہوگا۔ اور اس آیت کا حکم ہو بہو ایسا ہے جیسا کہ اسراء کی آیت کا حکم وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا: نہ چلّا کر نماز یا دُعا پڑھیں اور نہ بالکل آہستہ بلکہ ان دونوں کے درمیان راہ کو اختیار کریں (اسراء ۱۱۰)۔

اور اس آیت کے متعلق حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ بہت زیادہ زور کے ساتھ قرآن مجید نماز میں پڑھا کرتے تھے تو کفار و مشرکین آپ ﷺ کی آواز سن کر قرآن مجید کے نازل کرنے والے (یعنی اللہ تعالیٰ کو) اور جو قرآن مجید لائے (یعنی جبرائیل علیہ السلام) کو گالیاں دیتے تو نبی کریم ﷺ کو یہ حکم ہوا کہ نہ تو جہر کریں یعنی بہت زیادہ زور کی آواز سے تلاوت کریں کہ کفار و مشرکین آپ ﷺ کو ایذاء پہنچائیں اور نہ اس قدر پست آواز کے ساتھ تلاوت کریں کہ آپ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھنے والے صحابہ کرامؓ بھی نہ سن سکیں بلکہ معتدل آواز کے ساتھ پڑھیں (بخاری کتاب التفسیر)۔

اور حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ یہ آیت دُعا کے بارے میں نازل ہوئی (بخاری کتاب التفسیر) اور یہ تفسیر بھی بالکل درست ہے اور قرآن مجید کی پوری آیت کو سامنے رکھنے سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے اور پوری آیت یوں ہے قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰيج وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا: کہہ دو (اے پیغمبر ﷺ) " اللہ" کہہ کر پکارو یا" رحمٰن " کہہ کر پکارو جس نام سے بھی پکارو، بس اچھے نام صرف اسی ہی کیلئے ہیں اور اپنی دُعا (یا نماز) بلند آواز سے نہ کرو اور نہ زیادہ پست آواز کے ساتھ بلکہ ان کے درمیان کی راہ اختیار کرو (اسراء، ۱۱۰) دیکھئے آیت کا شروع دُعا سے ہے کہ یا اللہ کہہ کر دعائیں مانگو یا رحمٰن کہہ کر دعائیں مانگیں...... الخ اور اسی ایک ہی آیت میں "وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ" کا حکم فرمایا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت اصلاً دُعا کے متعلق ہے اور یہ بات تو معلوم ہے کہ قرآن مجید میں "صلّی، صلّوا" کا لفظ دُعا کیلئے بھی مستعمل ہے۔ چونکہ نماز کے اندر بھی دعائیں تلاوت اور اذکار ہیں جن میں سے بعض اونچی آواز سے پڑھی جاتی ہیں، مثلاً سورۃ فاتحہ، تلاوت قرآن، تکبیرات انتقال وغیرہ اس لئے اس کے متعلق یہ بھی صحیح ہے کہ یہ نماز کے متعلق نازل ہوئی ہو واللہ اعلم۔

## دون الجہر کے معنی ادنیٰ جہر نہیں اور فقہاء کی عبارتوں سے جو غلط فہمی پیدا ہوتی ہے اس کا ازالہ:

مذکورہ بالا بحث سے معلوم ہوا کہ دون الجہر کے معنی ادنیٰ جہر نہیں بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ چلائے

بغیراورنعرہ لگائے بغیر یا چلانے اور بلند آواز کی بہ نسبت کم۔دونوں کا مطلب ایک ہے یہاں ایک سوال یہ ہے کہ جہر شدید اور چلانے،نعرے یا بلند آواز سے کم ہوتو اس کی مقدار کیا ہے۔اس کا جواب یہ ہے کہ وہ مقدار ادنیٰ جہر سے شروع ہوتی ہے اور جب تک چلانے نعرہ لگانے اور شدید کامل جہرتک نہ پہنچے سب **دون الجھر** میں شامل ہے اوراس کو درمیانی جہر کہا جاتا ہے خواہ وہ جہراس قدر ہو کہ صرف خود کو سنا سکے یا اس قدر ہو کہ لوگ بھی سنیں جب تک چلّانے اور نعرے کی حد تک نہ پہونچے تو یہ سارا درمیانی جہر میں شمار ہے۔

اور جہراورادنیٰ جہر کے متعلق ایک اختلاف فقہی ہے جومشہور ومعروف ہے جیسا کہ اس کا بیان پہلے گذر چکا ہے اوراس میں بعض حضرات کا یہ قول بھی موجود ہے کہ ادنیٰ جہر یا وہ جہر جس سے جہری نماز صحیح ہوتی ہے وہ اس قدر ہے کہ خود کو سنا سکے۔نیز جن مفسرین نے دون الجہر سے درمیانی مرادلیا ہے تو وہ بعض اوقات اس کے ساتھ یہ بھی لکھتے ہیں کہ تُسمِعُ نَفْسَکَ کہ اپنے آپ کو سنا سکے یا یسمعہ نفسہ' کہ خود سنے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ درمیانی جہر کا اعلیٰ حد یہ ہے بلکہ وہ یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ اگراتنی آواز نکالے کہ خود کو سنا سکے تو یہ بھی جہر متوسط میں شامل ہے یعنی سر اور خفیہ کے درجہ سے اوپر ہے لیکن بعض علماء فرماتے ہیں کہ اتنی آواز کے ساتھ کہ خود سنے اگر چہ اس پر ادنیٰ جہر کا اطلاق لغوی طور پرتو ہوسکے گا لیکن جہری نماز میں اس قدر جہر سے کام نہیں چلے گا۔

## بعض مفسرین کی عبارتوں سے جوغلط فہمی پیدا ہوتی ہے اس کا ازالہ:

بعض مفسرین نے "**دون الجھر**" کے تحت جو یہ لکھا ہے کہ جب ذکر کی آواز ذاکر کے کانوں تک پہونچتی ہے تو اس سے خیال متاثر ہوتا ہے اور خیال متاثر ہو جانے سے ذکرِ قلبی یعنی یاداشت اور روحانی قوت حاصل ہو جاتی ہے۔تو ان مفسرین کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ ذکراس قدر کریں کہ صرف اپنے کان سنیں اور کوئی نہ سنے بلکہ مطلب صرف اتنا ہے کہ جب ایک ذاکر اپنے ذکر کو سنتا ہے خواہ اور لوگ سنیں یا نہ سنیں تو اس سے یہ مذکورہ فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

خلاصہ یہ ہوا کہ علماء وفقہاء کا مطلب ذکرِ جہر کا اندازہ مقرر کرنا مقصود نہیں ہوتا بلکہ ذاکر جب اپنے ذکر کی آواز کو سنے اس کا فائدہ بتلاتے ہیں اوراندازہ مقرر کرنے کیلئے اس قدر کہتے ہیں کہ بغیر کسی مصلحت اور ضرورت کے چلّا کر ذکر نہ ہو۔مثلاً علامہ فخر الدین رازیؒ اپنی تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں کہ:

**دون الجھر من القول المعنیٰ ان یذکر ربہ علی وجہ یسمع نفسہ فان المراد حصول الذکر اللسانی والذکر اللسانی اذکان بحیث یسمع نفسہ فانہ یتأثر الخیال من ذلک الذکر وتأثر الخیال یوجب قوۃ فی الذکر**

القلبی الروحانی : دون الجھر من القول کا معنی یہ ہے کہ اپنے پروردگار کو اس طرح یاد کرے کہ اپنے کو سنا سکے کیونکہ مقصد یہ ہے کہ ذکر زبانی حاصل ہو جائے اور زبانی ذکر جب اس طرح ہو کہ اپنے نفس کو سنا سکے تو ایسے ذکر سے خیال متاثر ہو جاتا ہے اور خیال کے متاثر ہو جانے کی وجہ سے قلبی اور روحانی قوت حاصل ہوتی ہے (تفسیر کبیر، جلد۱۵، ص ۱۰۸)۔

اس عبارت سے علامہ رازیؒ کا مقصد یہی تو ہے کہ ذکر لسانی کی آواز جب ذاکر کے کانوں میں پہنچ جاتی ہے تو اس سے روحانی اور قلبی ذکر میں قوت پیدا ہو جاتی ہے اور یہاں اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ ذکر ایسا کریں کہ کوئی اور نہ سنے بلکہ صرف یہ بتانا ہے کہ ذاکر جب اپنے ذکر کی آواز کو سنے تو اس کا یہ فائدہ ہے۔ نیز اسی طرح کی ایک عبارت علامہ شیخ عبدالحق حقانیؒ کی تفسیر میں ہمیں ملتی ہے چنانچہ دون الجھر کی تحت لکھتے ہیں۔

"دُوْنَ الْجَھْرِ مِنَ الْقَوْلِ" مراد یہ کہ مخافت اور جہر کے درمیانی طور پر ذکر ہو جیسا کہ آیا ہے" وَلاَتَجْھَرْ بِصَلاتِکَ وَلاَتُخَافِتْ بِھَا وَابْتَغِ بَیْنَ ذٰلِکَ سَبِیْلاً" (تفسیر حقانی، جلد۴، ص۱۷۶)۔

آگے چل کر لکھتے ہیں کہ؛

یعنی اس قدر بلند آواز ہو کہ جس کو آپ سن سکے کیونکہ اس ذکر سے خیال متاثر ہوتا ہے اور خیال کے متاثر ہونے سے ذکرِ قلبی وروحانی میں قوت حاصل ہوتی ہے۔

"وَلاَتَجْھَرْ بِصَلاتِکَ" کے تحت لکھتے ہیں کہ؛

اور اپنی نماز نہ تو چلّا کر پڑھا کرو اور نہ چپکے سے طریقہ اختیار کرو۔ پھر آگے لکھتے ہیں کہ نماز پکار کر نہ ہو نہ آہستہ مگر درمیانی آواز سے ہو۔

پھر اسی آیت کے حاصل کو بیان کر کے لکھتے ہیں کہ؛

الحاصل نماز میں جو قرآن پڑھا جاتا ہے یا اور ادعیہ وغیرہ اس کو متوسط درجہ کی آواز سے پڑھنا چاہیے (تفسیر حقانی، جلد۵، ص۹۶)۔

عرض یہ ہے کہ اس طرح کی عبارتوں کا مطلب یہ ہے کہ جب ذکر کی آواز کان میں پہنچے تو اس سے ذاکر کو خود فائدہ ہوتا ہے۔ کہ اس سے خیال متاثر ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے ذکرِ قلبی اور روحانی میں قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس سے ان حضرات کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہوتا کہ ذکرِ جہر کی یہ حد ہے کہ صرف اپنے کان سنیں دوسرے نہ

www.noorehidayat.org

سنیں اگران کا یہ مطلب ہوتا تو وہ اس کی تفسیر میں "وَلاتَجْهَرْ بِصَلاتِکَ وَلاتُخَافِتْ" کی آیت کو پیش نہ کرتے۔ کیونکہ یہ بات کہ اگر آواز اس قدر تیز ہوگئی کہ دوسرے لوگ بھی سن لیں تو وہ درمیانی ذکر نہ رہا یہ تو عقلاً اور نقلاً مشاہدے کے بالکل خلاف اور مردود ہے۔ عقلاً تو ظاہر ہے کہ اگر کسی ذکر کرنے والے کے ذکر و تلاوت کو کچھ لوگ سنیں تو اس کو کوئی بھی نعرہ اور چلانا نہیں کہتا۔ تجربہ اور تاریخ شاہد ہے کہ اول سے آج تک پوری دنیا کی تمام مسجدوں میں امام کس قدر جہر کرتا ہے اور یہ نبی کریم ﷺ سے آج تک چلا آ رہا ہے۔

## خلاصہ بحث آیت "دون الجہر":

- ...... "اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً " / "وَاذْکُرْرَّبَّکَ فِيْ نَفْسِکَ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً "اور"وَلاتَجْهَرْ بِصَلاتِکَ وَلاتُخَافِتْ بِهَا "یہ آیتیں مکی ہیں یعنی مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ہیں۔
- ...... "وَاِذَا قُرِیءَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوْالَهٗ وَاَنْصِتُوْا: اور جب قرآن مجید کی تلاوت کی جائے تو کان لگا کر سنو اور چپ رہو" سے ہی واضح طور پر ثابت ہے اور اس بات کو تو ایک بچہ بھی سمجھتا ہے کہ خطبے اور تلاوت کو بڑے اجتماعات میں اسی وقت سنا جا سکتا ہے جبکہ قاری اور خطیب زور زور سے تلاوت کرے یا خطبہ پڑھے۔
- ...... "وَاذْکُرْرَّبَّکَ فِيْ نَفْسِکَ" آیت نے قاری اور ذاکر کو ذکر کا ادب بتایا کہ معنی کا لحاظ رکھتے ہوئے عاجزی اور ڈرتے ہوئے بغیر چلائے یعنی بغیر جہر مفرط کے تلاوت و ذکر کرے۔ اور یہ بھی معلوم ہو گیا ہے کہ یہ آیتیں مکی ہیں اور ذکر و تلاوت میں جو یہ حکم ہوا تھا یہ بھی اس لئے کہ مشرکین عین نماز اور دُعا کے اندر ایذاء نہ پہنچائیں اور سبّ وشتم نہ کریں اس لئے بعض علماء فرماتے ہیں کہ جب اسلام کو شوکت و غلبہ حاصل ہوا تو یہ حکم بھی نہ رہا البتہ جہاں ایسی حالت ہو کہ کفار و مشرکین سے ایذاء رسانیوں کا خطرہ ہو اس کے متعلق اب بھی یہی حکم ہے۔
- ...... چونکہ ان آیتوں میں قاری اور ذاکر کے لئے گڑگڑاتے ہوئے اور ڈرتے ہوئے ذکر و تلاوت کا حکم ہے اگرچہ گڑگڑانا شدید جہر کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے کتنے لوگ ایسے ہیں کہ وہ زار زار چلا کر روتے ہیں لیکن پھر بھی جو عاجزی معتدل گڑگڑانے میں ہوتی ہے وہ چیخنے چلانے میں نہیں ہوتی اس لئے بلا کسی ضرورت اور بلا کسی کیفیت و حالت خاصہ کے تلاوت،

ذکر اور دُعا شدید جہر یعنی بلند آواز کے ساتھ نہیں کرنی چاہیے۔

## جہرِ شدید کیلئے ضرورت کی مثالیں:

مثلاً دین کا اظہار کرنا مقصود ہے یا اعلان کرنا جیسے اذان اور کفار پر رعب جمانا مقصود ہو یا کفار کے مقابلہ میں مسلمانوں کو جوش دلانا ہو مجمع زیادہ ہو اور مقتدیوں کو آواز پہنچانا مقصود ہو، وساوس کا ہموم اور ہجوم ہے وساوس کو دور کرنے اور یکسوئی کی خاطر یعنی دھیان کو جمانے کی خاطر کیا جائے یا شروع تو جہر معتدل سے ہو لیکن بعد میں بلا قصد واختیار یا گریہ اور آہ وبکاء کی اور فریاد کی وجہ سے آواز بلند ہو جائے تو اس طرح کی تمام صورتوں میں شدید جہر حرام یا مکروہ نہیں بلکہ جائز ہے بشرطیکہ اس کے اندر کوئی ایسی خارجی چیز مثلاً تخصیص اور التزام یا ایذاء وغیرہ شامل نہ ہو جائے۔

## جہر معتدل تو قرآن وحدیث سے ثابت ہے:

رہا معتدل جہر یہ تو خود قرآن مجید کی آیتوں اور " اربعوا "والی حدیث ہی سے ثابت ہے اس میں تو اختلاف کی بھی گنجائش نہیں الا یہ کہ جہاں شریعت نے خود فرمایا ہو کہ اس وقت جہر نہیں ہونا چاہیے مثلاً سرّی نماز میں جہر کرنا منع کر دیا گیا اب اس کی تفصیل کیلئے چند مفسرین کے تحریرات کو پیش کرتا ہوں جو **دون الجھر** کی تفسیر معتدل جہر سے کرتے ہیں۔ چنانچہ علامہ سید محمود آلوسیؒ اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ:

> **والمراد بالجھر رفع الصوت المفرط و بمادونه نوع آخر من الجھر:** اور جہر سے مراد افراط سے (یعنی حد سے زیادہ) آواز بلند کرنا ہے اور جو اس (جہر مفرط) سے کم ہو وہ جہر کی ایک اور قسم ہے (روح المعانی ج۹:۱۶۲)۔

یہ حوالہ قدر مفصل پہلے لکھ چکا ہوں اور اس پر تحقیق بھی کی جا چکی ہے اس لئے یہاں اختصار سے کام لیا ایک دوسری جگہ علامہ آلوسیؒ فرماتے ہیں کہ:

> **واختار بعض المحققین ان المراد دون الجھر البالغ او الزائد علی قدر الحاجة فیکون الجھر المعتدل والجھر بقدر الحاجة داخلا فی المامور به:** بعض محققین نے اس بات کو اختیار کیا ہے کہ "**دون الجھر**" سے جہر مفرط یا ضرورت سے زائد جہر مراد ہے لہذا جہر معتدل اور بقدر حاجت تو خود مامور بہ میں داخل ہے (روح المعانی ج۱۶ص۱۶۳)۔

مطلب یہ کہ جہر معتدل اور بقدرِ ضرورت جہر کا تو شریعت مطہرہ نے خود حکم دیدیا ہے اور تقریباً اسی طرح کا معنی اور مفسرین نے بھی کیا ہے۔ وہ "دون الجھر" کے معنی یہ کرتے ہیں کہ اس میں سّر اور جہر شدید کے درمیانی ذکر یعنی جہر معتدل اور متوسط کا حکم دیا گیا ہے [1]۔ آخر میں مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ چند اردو تفاسیر سے بھی "وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ" کا ترجمہ نقل کیا جائے تا کہ ایک عام لکھا پڑھا آدمی خود دیکھ کر اس سے استفادہ کر سکے۔

حضرت علامہ عبدالحق حقانیؒ اپنی تفسیر "تفسیر حقانی" میں اس کا ترجمہ یوں لکھتے ہیں:

> اور صبح، شام اپنے رب کو دل میں گڑگڑا کر اور ڈر ڈر کر نہ کہ چلاّ کر یاد کیا کرو اور وَلاَ تَجْهَرْ بِصَلاَتِكَ کے تحت لکھتے ہیں اور اپنی نماز نہ تو چلاّ کر پڑھا کرو اور نہ چپکے سے بلکہ درمیانی طریقہ اختیار کرو (سورۃ اعراف اور سورت اسراء)۔

رئیس المحدثین والمفسرین حضرت شیخ الھند محمود الحسنؒ اپنی تفسیر میں اسی آیت کے تحت لکھتے ہیں کہ:

> اور یاد کرتا رہ اپنے دل میں گڑگڑاتا ہوا اور ڈرتا ہوا اور ایسی آواز سے جو کہ پکار کر بولنے سے کم ہو۔ اس کے حاشیہ میں حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ فرماتے ہیں اس لئے زیادہ چلاّنے کی ممانعت آئی ہے دھیمی آواز سے سراً یا جہراً خدا کا ذکر کرے (تفسیر عثمانی: ۲۳۴ مطبوعہ مدینہ منورہ)۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اس کے تحت لکھتے ہیں کہ:

> "زور کے نسبت کم آواز کے ساتھ"۔ پھر لکھتے ہیں کہ: حاصل ادب یہ ہے کہ دل اور ہیئت میں تذلّل اور خوف ہو اور آواز کے اعتبار سے جہر مفرط نہ ہو یا تو بالکل آہستہ ہو یعنی مع حرکت لسانی کے اور یا جھر معتدل ہو جہر فی نفسہ ممنوع نہیں ہے۔ جن حدیثوں میں اس کی ممانعت آئی ہے مراد اس سے مفرط ہے۔ البتہ اگر کسی عارض کی وجہ سے مثل رفع خطرات یا رفع قساوت وتحصیل رقت وغیرہ ان شرائط کے ساتھ ہو کہ کسی شیخ محقق نے تجویز کیا ہو۔ اور کسی نائم یا مصلی کو تشویش نہ ہو اس جہر کو قربت نہ جانتا ہو بلکہ علاج سمجھتا ہو تو اجازت

---

[1] دیکھیئے تفصیل کیلئے تفسیرِ جلالین، تفسیر المراغی، جلد ۳، ص ۱۵۴، تفسیر جمل، تفسیر خازن، امام رازیؒ کی تفسیر کبیر اور حافظ ابن تیمیہؒ کی تفسیر کبیر وغیرہ تفاسیر۔ اس طرح ان فقہاء کی کتابوں میں اس کی تفصیلی بحث مل سکتی ہے جنہوں نے ذکر جہر پر ہر طرح تفصیل سے کلام کیا ہے۔

ہے کیونکہ جو مفاسد نہی کے تھے وہ اس میں نہیں (واللہ اعلم) (بیان القرآن ص ۳۶۴)۔

حضرت تھانویؒ جہر مفرط کو شرائط کے ساتھ جائز قرار دیتے ہیں۔اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اختلاف صرف اس جہر مفرط میں ہے جہاں جہر مفرط بلاضرورت ہو۔

حضرت مفتی محمد شفیعؒ فرماتے ہیں کہ؛

> **دون الجهر من القول** :زور کی آواز کی نسبت کم آواز کے ساتھ یعنی ذکر اللہ میں مشغول ہونے والے کو یہ بھی اختیار ہے آواز سے ذکر کرے مگر ادب یہ ہے کہ بہت زور سے چیخ کر نہ کرے متوسط آواز کے ساتھ کرے جس میں ادب واحترام ملحوظ رہے (معارف القرآن، ج۴، ص۱۶۶)۔

یہ چند حوالے آپ کے سامنے ہیں اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اختلاف جہر معتدل میں نہیں بلکہ بلاضرورت جہر مفرط میں اور بوقت ضرورت اور مصلحت مثلاً اذان یا دشمن کو مرعوب کرنے کیلئے یا مسلمانوں کو جوش دلانے کے لئے اور اظہار دین کی وجہ سے جہر شدید بھی بلا کراہت جائز ہے۔جس نے بھی ذکر جہر کے مسئلہ پر تفصیلی نظر ڈالی اور اس میں خوب تحقیق کی وہ اس نتیجے پر پہنچ گیا کہ جہر متعدل قرآن وحدیث سے یقینی طور پر ثابت ہے اور اس کے جواز پر صحابہ کرام اور اسلاف واخلاف کا اجماع ہے۔

چنانچہ علامہ شیخ اسماعیل حقیؒ لکھتے ہیں کہ؛

> **وبالجملة ان المختار عند الا خيار ان المبالغة والا ستقصاء فی رفع الصوت بالتكبير فی الصلاةو نحوه مكروه ، والحالة الوسطی بين الجهر والاخفاء مع التضرع والتذلل والاستكانة الخالية عن الرياء جائز غير مكروه باتفاق العلماء كذافی انوار المشارق وقد سبق من شارح الكشاف ان الشيخ المرشد قد يا مر المبتدی بر فع الصوت لتقلع من قلبه الخواطر الراسخة فيه:** بالجملہ اخیار علماء کے نزدیک مختار یہ ہے کہ آواز میں مبالغہ اور انتہائی زور کے ساتھ نماز میں تکبیر وغیرہ مکروہ ہے۔اور تضرع وتذلل اور عاجزی کے ساتھ جھر اور اخفاء کے درمیانی حالت (جھر معتدل) جو ریاء سے خالی ہو باتفاق علماء بلاکسی کراہت کے جائز ہے جیسا کہ مشارق الانوار میں ہے۔اور پہلے شارح کشاف کے حوالے سے یہ بات گزر چکی ہے کہ شیخ مرشد کبھی مبتدی کو رفع الصوت (جہر شدید) کا حکم دیتا ہے تا کہ اس کے دل

کے اندر جو وساوس راسخ ہو چکے ہیں وہ نکل جائیں۔( تنویرالاذھان من تفسیر روح البیان ج۱ص۵۹۶)۔

اس عبارت میں علامہؒ نے تین باتیں بتلائیں۔

(الف)　کہ علماء اخیار کے نزدیک بلند آواز میں مبالغہ اورانتہائی زور لگانا (یعنی جھر مفرط ) مکروہ ہے ۔اس سے یہ معلوم ہوا کہ بعض کے نزدیک جھر مفرط جب تک خود ذاکر کے لئے یا کسی اور کے لئے ضرر کا سبب نہ بنے تو بلا ضرورت بھی جائز ہے جیسا کہ علامہ حقیؒ نے ایک دوسری جگہ اس پر مظہر کا حوالہ نقل کیا ہے اور بتایا کہ جہر (یعنی جہر شدید ) کی وجہ سے قیامت میں گواہ زیادہ مل جاتے ہیں ۔دوسروں کو فائدہ ہوتا ہے اور آس پاس کے گھروں ،دکانوں میں جو لوگ رہتے ہیں ان کو ذکر کی برکت پہنچتی ہے وغیرہ جیسے فوائد بیان کئے پھراس کے بعد ذکر جہر افضل ہے یا خفی اس پر بحث کی ہے ۔اوراس میں تقریباً اسی طرح کی تفصیل کی ہے جو کہ علامہ خیر الدین رملیؒ اور نودیؒ وغیرہ کی ہے،اوراس پر علامہ صابونی جو کہ جامعہ مکہ مکرمہ کے استاد ہیں انکی تائید بھی حاشیہ میں موجود ہے( تنویرالاذھان، ج۱،ص۳۰۵ تا۳۰۶ )البتہ بہت سے علماء اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ بلا ضرورت جہر مفرط مکروہ ہے اگر چہ اس کے اس جہر شدید سے کسی کوئی ضرر نہ پہنچے۔

(ب)　دوسری بات اس سے یہ معلوم ہوگئی کہ جہر معتدل کے جواز پر علماء کا اتفاق ہے ۔اور علامہ شعرانیؒ نے جہر کے بارے میں جو یہ لکھا ہے کہ اسکے جواز پر تمام علماء کا اجماع ہے اس سے بھی ان کی مراد یہی جھر معتدل ہے؛ **اجمع العلماء سلفاو خلفا علی استحباب ذکر اللّٰہ تعالیٰ جماعۃ فی المساجد وغیرھا الا ان یشوش جھرھم بالذکر علی نائم اومصلی او قاری** :بغیر کسی انکار (اوراختلاف ) کے تمام متقدمین اور متاخرین کا اس بات پر اجماع رہا ہے کہ مساجد وغیرہ میں جماعت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا مستحب ہے الا یہ کہ ان کے جہر سے کسی سونے والے کی نیند میں یا نماز پڑھنے والے کی نماز میں یا قرات کرنے والے کی قرات میں خلل آئے (شامی ،جلد۱ ص۴۴۴)۔

(ج)　تیسری بات علامہ حقیؒ کی عبارت سے یہ معلوم ہوئی کہ کسی ضرورت کے تحت جس میں علاج اوروساوس وغیرہ کو دور کرنا بھی شامل ہے ان علماء کے نزدیک بھی جھر شدید جائز ہے جو بلا

وجہ جہر شدید کے قائل نہیں۔

## عصرِ حاضر کے جیّد علماء ومفتیان کی تحقیق:

عصر حاضر حاضر کے جید مفتی حضرات جیسے مفتی عبدالستار صاحب زیدمجدھم وغیرہ کی تحریرات سے تقریباً یہی کچھ معلوم ہوتا ہےان کے چند اقتباسات یہاں نقل کر دیتا ہوں۔

سوال: رفع الصوت کے ساتھ ذکر کرنے کو بعض فقہاء نے منع کیا ہے؟

جواب: یہ ہے کہ معتدل جہراور "رفع الصوت" میں فرق ہے رفع الصوت جہر مفرط کی قبیل سے ہے جوممنوع ہےاور جہر معتدل منع نہیں۔

سوال: مذاہب اربعہ کے علماء نے نماز کے بعد ذکر بالجھر کومنع کیا ہے؟

جواب: یہ ہے کہ علماء کا یہ فیصلہ نماز کے بعد متصل ذکر بالجھر کے مسنون نہ ہونے کے بارے میں ہے۔ علی الاطلاق ذکر بالجہر کی ممانعت کے متعلق نہیں چنانچہ علامہ نووی شافعی علامہ جلال الدین سیوطیؒ شافعی امام شعرانیؒ شافعی ،علامہ شامی حنفیؒ وغیرہ حضرات نے احادیث ذکر میں تطبیق دیتے ہوئے ذکر بالجہر کو جائز لکھا ہے۔ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ؛"الحاصل ذکر کی چار اقسام ہیں،قلبی ، ذکرلسانی خفی مسموعالنفسہ ، جہر معتدل،اورمفرط ، ان میں سے صرف "جھر مفرط " "لایحب المعتدین " کے تحت داخل ہے جہر معتدل اعتداء میں داخل نہیں ورنہ حضرات انبیاء علیہم صلوۃ والسلام اورخود آنحضرت ﷺ سے مرضی خداوندی کے خلاف کرنا کیسے مقصود ہوسکتا ہے نیز لکھتے ہیں کہ؛ واضح رہے کہ جو بعض روایات سے ذکر جہر کی ممانعت معلوم ہوتی ہے وہ روایات جہر مفرط یا جہر موذی پر محمول ہیں بلکہ قساوت قلبی کے علاج کی غرض سے اگر شیخ جہر مفرط تجویز کردے تو علاجاً اس کی بھی اجازت ہے لیکن ایسی جگہ کیا جائے جہاں کسی کی نماز،تلاوت یا نیندوغیرہ میں خلل نہ آئے (خیر الفتاوی ج ۲ ص ۷۰۳تا ۷۱۵)۔

خیرالمدارس کے مفتی حضرت مولانا مفتی محمد اسحاق صاحب سے جہر کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے جواب یوں دیا؛۔

عبارت مذکورہ سے معلوم ہوا کہ ذکر بالجہر بلا اختلاف جائز ہے بلکہ مستحب ہے البتہ کسی عارض کی وجہ سے ممنوع ہوجائیگا مثلاً نمازیوں یا تلاوت کرنے والوں کو اذیت ہو یا ریاء

کاری کا خوف ہوتو ایسی حالت میں آہستہ ذکر کرنا چاہیے ؛(اس جواب پر حضرت مفتی عبدالستار دامت برکاتھم نے بھی لکھا ہے کہ الجواب صحیح اور یہ فتوی بندہ کے پاس موجود ہے )

صوبہ سرحد کی عظیم علمی شخصیت حضرت علامہ محمد آمین صاحب اورکزئی شاھووام دامت برکاتھم سے ذکر جہر کے بارے میں دریافت کیا گیا توانہوں نے مفصل جواب بھیجا اس میں انہوں نے یہ بھی لکھ دیا ہے کہ؛

جہاں کوئی کیفیت منصوص نہ ہوتو وہاں دونوں جائز ہیں بشرطیکہ موانع نہ ہوں مثلاً بطور ریاء سمعہ کے نہ ہوکسی نائم مصلی ذاکر وغیرہم کواذیت نہ پہنچائے کیفیت کوقربت مقصود نہ بنائے تارک پرنکیر نہ کرے جہر میں افراط نہ ہومظنۂ فتنۂ عوام نہ ہوایسی صورت میں جوازسر وجہر پر اجماع واتفاق کے بعد افضلیت میں اختلاف ہے بعض اہل علم نے جہر کوافضل کہا اور بعض نے سرکواور یہ اختلاف دراصل اذواق اور ملاحظہ کے اختلاف کا نتیجہ ہے۔(یہ فتوی بندہ کے پاس موجود ہے اور یہی فتوی تھا جس کو پڑھ کر بندہ نے ازخود تحقیق شروع کی اور بالآخر میں بھی اسی نتیجہ پر پہنچا جوانہوں نے لکھا تھا)۔

## قرآن مجید کی آیتیں اور ذکر جہری:

قرآن مجید کی بہت سی آیتوں میں کثرت ذکر کا حکم دیا گیا ہے اوران آیتوں میں جہراور سر کا کوئی تعین نہیں فرمایا بلکہ مطلق حکم دیدیا گیا ہے کہ کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں۔تو کثرت اس وقت متحقق ہوگی جبکہ ذکر الٰہی ہرصورت میں کیا جائے خواہ جہراً ہو یا سراً ہوکھڑے ہونے کی حالت میں ہو یا بیٹھے یا لیٹنے کی حالت میں ہوخواہ قلباً ہو یا قولاً ہو یا عملاً ہو۔اگرکسی ایک حالت یا کسی ایک صورت کے ساتھ ذکر کومخصوص اور مقید کیا جائے تو یہ خود کثرت ذکر سے روکنے کے مترادف ہے کیونکہ انسان کی طبیعت یہ ہے کہ وہ ایک قسم کے عمل سے تنگ ہوجاتا ہے اس لئے جس صورت سے اکتاجاتا ہے دوسری صورت کواختیار کرلیتا ہے وہ کبھی ذکر جہر کرتا ہے اور کبھی سر کرتا ہے۔

## ذکر کے متعلق قرآن مجید کی مطلق آیتیں:

یٰۤاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اذۡکُرُوا اللّٰہَ ذِکۡرًا کَثِیۡرًا ○ وَّسَبِّحُوۡہُ بُکۡرَۃً وَّاَصِیۡلًا: اے ایمان والو اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یادکرو اور صبح ، شام اس کی تسبیح کرتے رہو (احزاب آیت ۴۱۔۴۲)۔

جب حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ سے پوچھا گیا کہ جہرافضل ہے یا خفی؟ توانہوں نے اس آیت سے استدلال

کرتے ہوئے ارشادفرمایا کہ: دونوں میں فضیلت ہے من وجہ کسی وجہ سے جہرافضل ہےاوربعض وجہ سے خفی افضل ہےاوردلیل یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے مطلق ذکر کاحکم فرمایاہے "اذْكُرُوا اللهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا مطلق کےفرد میں جوبھی ہووہ مامور ہے۔ اور فضائل خارجی مختلف ہوتے ہیں باعتبار ذکر اور وقت، کیفیت اور ثمرات کے۔ فقط واللہ اعلم (فتاوی رشیدیہ میں ۵۹۷)۔

فَاِذَاقَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًاوَّقُعُوْدًاوَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ج: پھرجب تم نماز (خوف) پوری کر چکوتو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں) اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے رہو (سورۃ النساءآیت ۱۰۳)۔

آیت کریمہ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی یادصرف نماز کی حالت پرموقوف نہیں بلکہ ہرحالت میں اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا چاہیے۔اس آیت کے متعلق درمنثور میں حضرت عبداللہؓ سے ایک روایت موجود ہے جس میں کہا گیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو یہ بات پہنچی کہ ایک قوم کھڑے ہوکر ذکر کرتی ہے تو ان کے پاس حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ آئے اور فرمایا کہ یہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ ہم نے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ؛ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًاوَّقُعُوْدًاوَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ؛

**انماهذه اذالم يستطع الرجل ان يصلى قائماً صلى قاعداً** :اس آیت کا مطلب تو صرف یہ ہے کہ جب کوئی شخص کھڑے ہوکرنماز پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا تو بیٹھ کر پڑھے (درمنثور، ج ۲،ص ۲۱۵ بحوالہ ابن ابی شیبہ)۔ یہ روایت حضرت عبداللہ بن مسعودؓ پر بالکل افتراء ہے کیونکہ آیت کریمہ میں صاف طور پر یہ موجود ہے کہ جب نماز پوری کر چکوتو پھر بھی اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل نہ ہوجاؤ کھڑے ہو یا بیٹھ کرہو لیٹ کر ہو ہرحالت میں اللہ تعالیٰ کو یاد کیا کروتو اتنے صاف صاف بیان کے بعد حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے متعلق یہ کہنا کہ انہوں نے فرمایاہے کہ کھڑے کھڑے یا بیٹھے بیٹھے ذکر کا جوحکم ہے وہ نماز کے ساتھ مخصوص ہےتو یہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ پرصاف بہتان ہے کیونکہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تو ایسے صحابی نہیں کہ وہ قرآن مجید کے اس قدر صاف صاف بیان کوبھی نہ سمجھ سکیں۔

البتہ ایک دوسری آیت ایسی ہے کہ جس کے متعلق بعض علماءکرام فرماتے ہیں کہ اس میں صحت منداور معذور کی نماز کے احکام ہیں وہ آیت کریمہ یہ ہے "الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْض : وہ جوکسی حال میں بھی اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل نہیں ہوتے کھڑے ہوں، بیٹھے

ہوں، لیٹے ہوں اور جو آسمان وزمین کی خلقت میں غور وفکر کرتے ہیں" (آل عمران آیت ۱۹۱)۔ اسی آیت میں چونکہ نماز سے فراغت اور نماز پورا کر چکنے کا کوئی بیان نہیں اس لئے اس سے بعض مفسرین یہ مسئلہ معلوم کرتے ہیں کہ جب کھڑے ہوکر نماز کی طاقت نہ ہوتو بیٹھ کر نماز پڑھا کرو اور بیٹھنے کی طاقت نہ ہوتو لیٹے لیٹے پڑھ لیا کرو۔ اگر چہ اس آیت کے حکم میں معذور کی نماز بھی شامل ہے اور اس لئے بعض مفسرین نے اسی آیت سے معذور کی نماز کا استنباط کیا ہے لیکن اس آیت کو صرف نماز کے ساتھ خاص کرنا بھی بہت بعید نظر آتا ہے اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے بھی شاید اس آیت سے معذور کی نماز کا استنباط کیا ہوگا اور انہوں نے اسی آل عمران کے تحت اس کی تفسیر یوں فرمائی ہے؛

**انـماهذه فی الصلوة اذالم یستطع قائماً فقاعداً و ان لم یستطع قاعداً فعلیٰ جنبــه** :یہ حکم نماز کے بارے میں نازل ہوا ہے جب کھڑے ہونے کی طاقت نہ ہوتو بیٹھ کر پڑھے اور اگر بیٹھنے کی طاقت نہیں تو لیٹ کر پڑھے (درمنثور ج۲ص۱۱۰)۔

غرض یہ کہ اس تفسیر کا تعلق سورت نساء والی ایت فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوۃَ فَاذْکُرُ واللّٰہَ پھر جب تم نماز سے فارغ ہو جاؤ" کے ساتھ جوڑنا بہت مشکل ہے اور ایک جلیل القدر صحابی سے اسی طرح کی تفسیر منسوب کرنا صریح بہتان یا غلط فہمی ہوسکتی ہے شاید کسی نے کھڑے ذکر جہر کیا ہو جو کسی اور نے سنا ہوتو اس نے سورت آل عمران کی تفسیر کو یہاں چسپاں کیا ہو جس سے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا دامن پاک ہے۔سورت نساء کی اسی آیت "اِذَاقَضَیْتُمُ الصَّلٰوۃَ فَاذْکُرُوا اللّٰه" کے تحت حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے یہ روایت کیا گیا ہے؛

**بـالـلیل والنهار فی البر والبحر وفی السفر والحضر والغنی والفقر والسقم والصحة والسر والعلانیة وعلی کل حال**: رات اور دن میں خشکی اور سمندر میں سفر میں حضر میں غنی اور فقر میں بیماری اور صحت میں سراً ہو یا علانیہ (ہر حال میں اللہ تعالیٰ کو یاد کیا کرو) (درمنثور، ج۲،ص۲۱۴ تا ۲۱۵)۔

## قرآن مجید میں بعض آیتیں ایسی ہیں جن سے ذکر جہری صراحۃً یا کنایۃً یا اشارۃً ثابت ہوتا ہے:

قرآن مجید میں بعض آیات ایسی بھی ملتی ہیں جن سے دُعا اور ذکر جہری صراحۃً یا کنایۃً یا اشارۃً ثابت ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛

وَلاتَجْهَرْ بِصَلاتِکَ وَلاتُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِکَ سَبِيْلاً: اوراپنی نماز(اور دُعا) نہ بہت زیادہ بلند آواز کیساتھ پڑھواور نہ زیادہ پست آواز کے ساتھ ان دونوں کے درمیان کی راہ اختیار کرلو(اسراء آیت ۱۱۰)۔

اس آیت کریمہ میں صراحتاً جہرمتوسط اور درمیانی انداز میں جہر کا حکم ہے۔

فَاِذَاقَضَيْتُمْ مَّنَاسِکَکُمْ فَاذْکُرُوا اللّٰهَ کَذِکْرِکُمْ اٰبَآئَکُمْ اَوْاَشَدَّذِکْرًاط فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا وَمَالَه' فِى الْاٰخِرَةِمِنْ خَلاَقٍ o وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ: پھر جب تم حج کے ارکان پورے کرچکوتو اللہ تعالیٰ کو اسی طرح یاد کروجیسا کہ تم اپنے اباؤ اجداد کو یاد کیا کرتے تھے بلکہ اس سے بھی شدت کے ساتھ ذکر کروط پس کچھ تو ایسے ہیں (جوصرف دنیاہی کے پجاری ہیں اوراللہ تعالیٰ سے صرف یہ سوال کرتے ہیں) اے ہمارے پروردگار ہمیں دنیا ہی میں (سب کچھ) دیدیں پس آخرت میں اس کے لئے کوئی حصہ نہیں ہوتا اور بعض لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار ہمیں دنیا میں بھی بھلائی اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرمااور ہمیں آگ کے عذاب سے بچالیں (سورت بقرہ آیت ۲۰۰ تا ۲۰۱)۔

اس آیت کریمہ کے متعلق بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں کفارومشرکین کا طریقہ یہ تھا کہ وہ حج ہو جانے کے بعد اپنے باپ دادا کی بڑائیاں بیان کرتے تھے اوران کے کارناموں کو فخر یہ انداز میں پیش کیا کرتے تھے تو اس آیت کی تعلیم یہ ہے کہ باپ دادا کی بڑائی بیان کرنے کی بجائے اللہ تعالیٰ کی بڑائی اور عظمت اوراس کی یاد میں مشغول ہوجاؤ۔اور بعض مفسرین یہ فرماتے ہیں کہ اس آیت کریمہ کا مطلب یہ ہے کہ جب تم چھوٹے چھوٹے بچے تھے اور باپ کو جس رغبت اور محبت کے ساتھ یاد کرتے تھے جیسا کہ بچہ نیا نیا بولتا ہے تو ابا یا امی بار بار شوق اور محبت کے انداز میں کہتا رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی یاد بھی اسی طرح کے محبت اورشوق کے انداز میں بلکہ اس سے بھی بڑھ کر محبت اورشوق کے انداز میں کیا کرو۔ان دونوں تفسیروں کی رو سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس حکم کی تعمیل ذکر جہر سے ہوسکتی ہے اوراس آیت کریمہ کے تحت علامہ قاضی پانی پتیؒ نے جو یہ لکھا ہے کہ؛ "ليس فيه التشبيه فى الجهر بل فى اکثار الذکر: اس میں تشبیہ جہر میں نہیں بلکہ کثرت سے ذکر کرنے میں ہے"(تفسیر مظہری،ج

۳،ص ۳۶۱) یہ ان کی اپنی رائے ہے جس پر انہوں نے کوئی دلیل پیش نہیں کی آخر وہ کون سی وجہ ہے جس کی وجہ سے صرف کثرت ذکر تو مراد لیا جائے اور جہر پر اس سے کوئی استدلال روا نہ رکھا جائے بلکہ اسی آیت کی دونوں تفسیروں میں جو منقول ہے دونوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کثرت کے ساتھ جہر بھی مراد لیا جا سکتا ہے اس کی چند وجوہ یہ ہیں۔

آباؤ اجداد کی بڑائیاں اور کارناموں کا فخریہ بیان اس لئے ہوتا ہے کہ دوسروں کو سنائیں تو آیت کریمہ میں آباؤ اجداد کے ذکر کے ساتھ تشبیہ دے دینے سے صرف کثرت لے لینا اور جہر کو نظر انداز کرنے کی دلیل کیا ہے ؟ جبکہ دوسری طرف واضح دلیل اور خود نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرامؓ کا عمل بھی موجود ہے۔

دوسری تفسیر جو حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے منقول ہے کہ اس سے مراد یہ ہے جیسے بچے والدین کو یاد کرتے ہیں اسی طرح بلکہ اس سے بھی بڑھ کر اللہ تعالیٰ کو یاد کیا کریں اور اس تفسیر پر آیت کا بعد والا حصہ بھی دلیل ہے جیسا کہ اس کے فوراً بعد " فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ : پھر بعض لوگ ایسے ہیں کہ کہتے ہیں " رَبَّنَآ :اے ہمارے پروردگار۔ تو اس تفسیر کے رو سے بھی تبعاً جہر ثابت ہوتا ہے کیونکہ جس ذوق وشوق سے ابو، ابویا ابا، ابا کہتے ہیں وہ جہراً کہتے ہیں نہ کہ چپکے چپکے۔

تیسری وجہ یہ ہے کہ یہاں "اکثر" کے بجائے "اشد" کا لفظ آیا ہے اور اشد کے اصل معنی قوت، مضبوط، سخت زور دینے وغیرہ کے ہیں اور قرآن مجید میں یہ لفظ انہی معنوں کے لئے مستعمل ہے اس کی چند مثالیں یہ ہیں۔

(الف) **اشد ماتجدون**...... بہت سخت سردی جو تم پاتے ہو۔

(ب) **اشد العذاب**...... بہت سخت عذاب۔

(ج) **یبلغ اشده**...... اپنے زور تک پہنچے (یعنی جب اپنے زور اور قوت کے زمانے کو پہنچے )۔

(د) **والذین معه اَشِدَّآءُ علی الکفار**...... اور جو آپ ﷺ کے ساتھ ہیں کفار کے مقابلے میں مضبوط ہیں۔

بہرحال یہاں "اَشَـد" کا لفظ آیا جس کے معنی بہت زیادہ قوت اور بہت زیادہ مضبوطی کے ہیں اس میں اگرچہ کثرت اور زیادتی کے معنی موجود ہیں اس لئے مفسرین نے اَشَد کے معنی اکثر سے کئے ہیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ کثرت میں جہر کی نفی ہے اور آیت کا جو صحیح مطلب سامنے آ رہا ہے وہ دونوں تفسیروں کے رو سے یہ بنتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بڑائی اور اس کی عظمت تو اس سے بھی زیادہ قوت و محبت کے ساتھ بیان کرو۔

حق یہ ہے کہ زمانہ جاہلیت میں مناسک حج سے فراغت کے بعد لوگوں پر تفریحات اور دلچسپیوں کا نشہ

طاری ہوتا تھا جس طرح اس زمانے میں لوگ عیدوں کے موقع پر چراغاں کرتے ہیں پکنک کے پروگرام بناتے ہیں ۔شعری وشاعری کی مجلس منعقد کرتے ہیں اس طرح جاہلیت میں لوگ مناسک حج سے فراغت کے بعد شعری و شاعری کی مجلس منعقد کرتے تھے خاص قیام منی کے دن تو انہی چیزوں کیلئے خاص ہوکر رہ گئے تھے۔شعراء،خطباء اور مقررین اپنے اپنے قبیلوں اوراپنے آباؤاجداد کی مفاخرانہ نظم ونثر بیان کرتے تھے اوراشعار و بیانات میں ایک دوسرے پر فوقیت لے جانے کی کوشش کرتے تھے۔قرآن مجید نے اس لغویت کی بھی اصلاح فرمائی اوراس کی جگہ اس سے زیادہ اہتمام اوراس سے زیادہ جوش وخروش کے ساتھ ذکرالٰہی میں مشغول رہنے کی ہدایت فرمائی اس لئے یہاں کثرت ذکر کے بجائے شدت ذکر لایا اور ذکر میں شدت اور جوش وخروش اس وقت منظر عام پر آ سکتا ہے کہ ذکر جہر کواختیار کیا جائے اوراللہ تعالیٰ کے نام اورتہلیل وتکبیر کا برسرعام اعلان کیا جائے اوراس کی عملی تفسیر خود نبی کریم ﷺ اوران کے صحابہ کرامؓ نے علانیہ تکبیرات اور،تحمید وتہلیل کی گونج سے دنیا کے سامنے پیش کی۔

بہرحال" **اشد ذکرا** "کے ضمن میں جہر بھی آ جاتا ہےاوراس آیت کریمہ سے ذکر جہری ضمناًاور تبعاً ثابت ہوتا ہے۔شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے ذکر جہر کے ثبوت میں دوسرے دلائل کے ساتھ اس آیت کریمہ کو بھی پیش کیا ہے(**اشعة اللّمعات**،ج ۲،ص ۲۷۸)۔

> **وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَاللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَااسْمُهٗ وَسَعٰى فِىْ خَرَابِهَاط اُولٰٓئِكَ مَاكَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّاخَآئِفِيْنَ ط لَهُمْ فِى الدُّنْيَاخِزْىٌ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ:** اس سے بڑھ کرکون ظالم ہوگا جواللہ تعالیٰ کی مسجدوں میں اللہ تعالیٰ کے نام کے ذکر سے روک لے اوران کو ویران کرنے کی کوشش کرے ایسے لوگوں کو مناسب نہیں تھا کہ مسجدوں میں داخل ہوں مگر ڈرتے ڈرتے ان کیلئے دنیا میں (بھی) بڑی ذلت ہےاوران کیلئے آخرت میں (بھی) بڑا عذاب ہے(بقرہ ۱۱۴)۔

یہ آیت کریمہ اگرچہ کفارومشرکین یہودونصاریٰ کے متعلق نازل ہوئی کہ وہ مسجدوں میں ذکروعبادت اورنماز وغیرہ سے لوگوں کوروکتے تھے لیکن ضمناً اس تنبیہ میں وہ لوگ آ سکتے ہیں جولوگوں کومسجدوں میں ذکرالٰہی نماز وتلاوت وغیرہ کے روکنے کا سبب بن جاتے ہوں۔ مثلاً کوئی بہت زورزور سے تلاوت کرتا ہے کہ پاس رہنے والا نماز نہ پڑھ سکے تو گویا یہ اپنے عمل سے نماز سے روک رہا ہے یا کوئی ذکرکررہا ہے تلاوت کررہا ہے تو کوئی وہاں زورزور سے باتیں کرنے لگے نیز اس میں یہ بھی داخل ہے کہ کوئی بلاوجہ کسی کو جہری ذکر یا تلاوت سے روک دے اوراس پر لعن طعن کرے اور یہاں اللہ تعالیٰ کے نام لئے جانے سے روکنے کی تنبیہ آئی ہے اوراللہ تعالیٰ کے نام کا ذکر"**اللہ**

الـلـه" بھی ہے اس کا ذکر لاالـه الاالله بھی ہے۔ تسبیح وتہلیل بھی، اس کا نام نمازوں میں بھی لیا جاتا ہے اوراس میں قرآن مجید کی تلاوت بھی داخل ہے اوراللہ تعالیٰ کے نام لینے سے منع اس وقت کیا جائیگا جبکہ کسی کو معلوم ہو مثلاً کوئی جہراً ذکر کرتا ہو یا تلاوت کرتا ہو یا عمل سے مثلاً کوئی نماز پڑھ رہا ہو۔ ورنہ اگر نہ آواز سننے میں آئے اور نہ عمل دیکھنے میں تو پھر منع کرنا کیسا ہوگا۔ اس لئے حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ مجوّزین کے دلائل میں اسی آیت کو نقل کرکے فرماتے ہیں کہ: ظاہر ہے کہ منع ذکر بدون اطلاع ذکر ممکن نہیں اور اطلاع بدون جہر غیر متصور ہے (امداد الفتاوی ج۵ ص۱۵۲)۔

انبیاء علیھم السلام کی بہت سی دُعائیں لفظ نداء یعنی" ربـنـا "رب کے ساتھ قرآن مجید میں نقل کی گئی ہیں اور لغوی لحاظ سے اگر لفظ نداء کو بلا کسی قید کے ذکر کئے جائیں تو اس سے مراد جہر ہی لیا جاسکتا ہے اور نداء کا ادنیٰ مصداق جہر معتدل ہے مثلاً حضرت آدم علیہ السلام دُعا کرتے ہیں؛

قَالاَ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا سکتة وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ: ان دونوں نے دعا کی؛اے ہمارے پرودگار: ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہماری مغفرت نہ فرمائے اور ہم پر رحم نہ کرے تو یقیناً ہم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوجائیں گے (اعراف۲۳)۔

یہاں دونوں نے ایک ساتھ دُعا کی جیسا کہ "قَالاَ" کا لفظ اس پر دلالت کرتا ہے۔ یہ ایک دُعا بطور مثال پیش کی گئی ورنہ کئی جگہ اسی لفظ نداء کے ساتھ آپ کو انبیاء علیھم السلام کی دُعائیں ملیں گی۔ اور جہاں کسی نے خفیہ چھپ کر نداء کی تو اس جگہ اللہ تعالیٰ نے اس کی نداء کے ساتھ "خَفِيًّا" کی قید بھی بڑھادی جیسا کہ حضرت زکریّا علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے بیٹا مانگا ان کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ؛

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّىْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا: جب زکریّا نے خفیہ طور پر اپنے پرودگار کو پکارا، اس نے عرض کی اے میرے رب میری حالت یہ ہے کہ میری ہڈیاں کمزور، بوسیدہ ہوگئی ہیں اور میرا سر بڑھاپے کی وجہ سے بالکل سفید ہوگیا ہے اے پرودگار اب تک کبھی ایسا نہیں ہوا کہ میں نے تجھے پکارا ہو اور میں محروم رہا ہوں (سورۃ مریم کی ابتدائی آیتیں)۔

ان آیتوں میں جب " اے میرے پرودگار " کہہ کر دُعا کی اور یہاں چونکہ پکار خفیہ تھی اس لئے نداء کے ساتھ "خَفِيًّا " کا لفظ بڑھادیا گیا۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے خفیہ طور پر اللہ پاک کو کیوں پکارا؟ مفسرین اس

کی چندوجوہات بیان فرماتے ہیں، جودرج ذیل ہیں۔

(الف)　خفیہ دُعا میں اخلاص زیادہ ہوتا ہے اور زیادتی اخلاص کی وجہ سے قبولیت کی زیادہ امید کی جا سکتی ہے، یہ بات بالکل صحیح ہے کہ جس قدر اخلاص اور حسن ظن زیادہ ہو جیسا کہ حضرت زکریّا علیہ السلام کے الفاظ دُعا سے واضح ہے لیکن چپکے آواز میں دُعا مانگنا اخلاص کیلئے لازم نہیں کیونکہ لوگوں کے سامنے ہاتھ اٹھانا خود بھی علانیہ دُعا میں شامل ہے اگرچہ زبان سے کچھ بھی نہ کہے جیسا کہ اس کا بیان پہلے گذر چکا۔

(ب)　دُعا اس لئے خفیہ کی کہ نماز میں تھے اور نماز کے اندر انہوں نے دل کی گہرائیوں سے آواز نکالی لیکن زبان پر الفاظ نہ لائے اور اس کی وجہ وہ یوں بیان فرماتے ہیں۔ کہ دُعا کی قبولیت کی نداء ان کو محراب میں آ گئی، لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ محراب اور جائے عبادت ہی میں بیٹھے یا کھڑے ہوں اور نماز کی حالت میں ہی دُعا مانگی ہو بلکہ ظاہر یہی ہے کہ یہ دُعا انہوں نے اس وقت مانگی تھی جب کہ حضرت زکریّا علیہ السلام نے حضرت مریم علیھا السلام کے ہاں رزق وطعام دیکھا اور آپ نے پوچھا یہ کہاں سے آئے تو حضرت مریم علیھا السلام نے جواب میں عرض کیا کہ: قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ o هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ج قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ج اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ : حضرت مریم کہتی ہیں: اللہ تعالیٰ کی طرف سے، اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے، بغیر حساب کے رزق دیتا ہے۔ اسی جگہ زکریّا علیہ السلام نے اپنے پروردگار سے دُعا مانگی، اے میرے رب؛ تو اپنے خاص فضل سے مجھے پاک اولاد عطا فرما بلاشبہ تو ہی دُعائیں سننے والا (اور دُعائیں قبول کرنے والا ہے) (آل عمران ۳۷ تا ۳۹)۔

اس کے بعد والی آیت میں ہے کہ حضرت زکریّا علیہ السلام محراب میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے کہ ان کو فرشتے نے نداء دی اور صالح بیٹے کی بشارت دی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے وہاں دعا مانگی جہاں آپ نے حضرت مریم علیھا السلام پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل وکرم دیکھ لیا اور ان کو دُعا کی قبولیت کی اطلاع بھی وہاں آئی واللہ اعلم۔

(ج)　دُعا اس لئے چھپ کر مانگی کہ بیوی بھی بوڑھی بانجھ تھی اور آپ بھی سخت بوڑھے تھے، خیال آیا کہ ایسے وقت میں بیٹے کا سوال لوگوں کو عجیب معلوم ہوگا اور ان کے لئے مسخرہ اور مذاق

اڑانے کا سبب بن سکتا تھا۔ لہذا اس لئے لوگوں سے چھپ کر اللہ تعالیٰ کو پکارا خفیہ دُعا کی یعنی لوگوں سے الگ ہو کر تنہائی میں دُعا کی تو ایسی صورت میں نداء بھی صحیح ہوئی کہ جہراً دُعا کی اور لفظ خفیہ بھی صحیح ہوا کہ لوگوں سے چھپ کر اللہ تعالیٰ کو پکارا۔

(د) چوتھی وجہ یہ بیان کی گئی کہ دُعا تو پورے زور اور قوت سے کی لیکن بڑھاپے کی وجہ سے ان کی آواز اس قدر پست ہو چکی تھی کہ اس پر خفی دُعا کا اطلاق ہو سکتا تھا۔ لہذا ایسی صورت میں بھی لفظ نداء بھی صحیح ہوا کہ نداء تو کی لیکن ضعف اور کمزوری کی وجہ سے ان کی آواز بہت ہی پست ہو چکی تھی جیسا کہ ان کے اپنے الفاظ اس پر دلیل ہیں کہ میری ہڈیاں بوسیدہ اور گھل گئی ہیں اور میرے سر کے بال بڑھاپے کیوجہ سے بالکل سفید ہو گئے شاید اس لئے حافظ ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں کہ اخفاء کبھی آواز کے ساتھ بھی ہوتا ہے کہ قریب کے لوگ سن لیتے ہیں تو یہ بھی اخفاء ہے جیسا کہ اس کا بیان پہلے گذر چکا ہے۔

## قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی جہری دُعا:

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام دونوں نے اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگی یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دُعا مانگی اور حضرت ہارون علیہ السلام نے آمین کہی اور وہ یہ دُعا ہے؛

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا" ہمارے پروردگار تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو اس دنیا کی زندگی میں زیب و زینت کی چیزیں اور مال و دولت کی شوکتیں بخشی ہیں، اے ہمارے پروردگار کیا یہ اس لئے کہ تیری راہ سے یہ لوگوں کو بھٹکائیں، اے ہمارے پروردگار ان کی دولت غارت کر دے اور ان کے دلوں پر مہر لگا دیں کہ یہ اس وقت تک ایمان نہ لائیں جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں"۔ اللہ تعالیٰ نے اس دُعا کے جواب میں فرمایا؛" قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا : اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم دونوں کی دُعا قبول کی گئی پس (راہ حق پر) تم دونوں ثابت قدم رہو" (یونس، ۸۸تا۸۹)۔ اس دُعا کے متعلق اللہ تعالیٰ پہلے فرماتے ہیں کہ "قال موسی :موسیٰ نے دُعا مانگی" پھر دُعا کے جواب میں فرمایا کہ "تم دونوں کی دُعا قبول کی گئی" جس سے صاف صاف معلوم ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جہراً دُعا کی حضرت ہارون علیہ السلام نے آمین کہی۔

# قرآن مجید میں جہری دعا کی تعلیم:

رسول اللہ ﷺ سے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ؛

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ط اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمط وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْم: (اے پیغمبر ﷺ) آپ ان کے مالوں سے صدقہ لے کرانہیں پاک کریں اوران کا تزکیہ کریں اوران کیلئے دعائے خیر کریں، بے شک تمہاری دعاان کے لئے تسکین کا باعث ہے (سورۃ توبہ،۱۰۳)۔

یہاں فرمایا کہ تم ان کیلئے دعا کرو اور تمہاری دعاان کیلئے دلوں کی راحت وسکون کا سبب بنتی ہے تو یہاں دعا جہراً ہی ہوگی، ورنہ جب تک دعا کو نہ سنا جائے تو وہ راحت وسکون اور خوشی کا سبب کیسے بنے گی؟۔

# حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر جہر:

حضرت داؤد علیہ السلام کے متعلق اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ؛

اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ o وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةًط كُلٌّ لَّـــهٗ اَوَّابٌ: بے شک ہم نے پہاڑوں کو مسخر کررکھا تھا کہ وہ ان کے ساتھ (شریک ہوکر) اشراق اور شام کے وقت تسبیح کیا کریں اور (اسی طرح) پرندوں کو (مسخر کررکھا تھا) وہ بھی (تسبیح کرنے کیلئے ان کے پاس آکر) جمع ہوجاتے تھے اور یہ سب (پہاڑ اور پرندے وغیرہ) اس کے (یعنی اللہ تعالیٰ کے) فرمانبردار تھے (سورۃ ص،۱۸ اور ۱۹)۔

ان آیتوں سے پہلی آیت میں اللہ تعالیٰ داؤد علیہ السلام کے متعلق فرماتے ہیں کہ " اِنَّــهٗ اَوَّابٌ: بے شک اللہ تعالیٰ کی طرف بڑا ہی رجوع کرنے والا تھا" اوران آیتوں میں حضرت داؤد علیہ السلام کی اوّابیت اور رجوع الی اللہ کی وضاحت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو غیر معمولی قوت اور سلطنت دی تھی مگران کا حال یہ تھا کہ وہ ہر معاملہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتے تھے اور صبح وشام پہاڑ کے دامن میں بیٹھ کراتنے ذوق وشوق اور وجد کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی حمد وتسبیح کرتے اوراپنے خاص لحن میں زبور کے منظوم الفاظ کو پڑھتے کہ پوراماحول ان کا ہم آواز ہوجاتا تھا درخت اور پہاڑ بھی ان کے ساتھ تسبیح وذکر میں شامل ہوجاتے تھے اور پرندے بھی جھنڈ کے جھنڈ جمع ہوکران کے سُر میں اپنا سُر ملاتے اللہ تعالیٰ نے ان کی پرُسوز آواز اوران کی دردمندی میں ایسی تاثیر وتسخیر رکھی تھی کہ دشت وجبل چرند وپرند سب ذکر ومناجات کیلئے ان کے ساتھ شریک ہوجاتے تھے اوران کے اردگرد پوری فضا اللہ تعالیٰ کے ذکر سے گونج

اٹھتی تھی۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ کائنات کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے لیکن ہم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے لیکن ہمارے نہ سمجھنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ کوئی بھی ان کو نہیں سمجھتا۔ حضرت داؤد علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے جس طرح پہاڑوں کو موم کرنے والا اور پرندوں کو جذب کر لینے والا سوز ولحن بخشا تھا اسی طرح ان کو وہ شنوائی بھی عطا فرمائی تھی، کہ وہ ان چیزوں کی تسبیح ومناجات کو سمجھ سکیں۔ بہرحال ان آیتوں سے بھی یہ بات اچھی طرح معلوم ہوگئی کہ حضرت داؤد علیہ السلام ذکر، حمد وتسبیح اور مناجات جہراً بھی کرتے تھے اور پہاڑ، چرند پرند وغیرہ مل کر ان کے ساتھ ذکر کیا کرتے تھے اور اس سے اجتماعی ذکر کا ثبوت بھی مل جاتا ہے۔

قرآن مجید کے بعد اب نبی کریم ﷺ کی ان احادیث کو پڑھ لیجئے جن سے جہری ذکر ودعا ثابت ہوتی ہے۔

# دُعا وتلاوت اور ذکر جہر کے حق میں نبی کریم ﷺ کے عمل اور ارشادات:

نبی کریم ﷺ کے عمل اور ارشادات میں جہری دعا اور ذکر کے متعلق اس قدر عظیم ذخیرہ موجود ہے کہ اگر اس کو لکھا جائے تو صرف نبی کریم ﷺ کی دعاؤں اور ارشادات سے ایک ضخیم کتاب بن جاتی ہے اور نبی کریم ﷺ سے جس قدر دعائیں اذکار منقول ہیں وہ آپ ﷺ نے جہراً ہی کیے تھے اسلئے تو اوروں نے نقل کیے ہیں اور ان تمام کے متعلق یہ بات کہنا کہ یہ صرف تعلیم کیلئے تھیں[1] تا کہ لوگ سیکھ جائیں یہ صحیح نہیں بلکہ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ حدود کے اندر اندر جہراً ذکر اور دعائیں بھی جائز ہیں۔ اس لئے یہاں صرف تلاوت قرآن اور اس قسم کی دعاؤں اور اذکار کو نقل کرنا مناسب سمجھتا ہوں جو دعائیں اور اذکار نبی کریم ﷺ بار بار جہراً پڑھ چکے ہیں یا سن چکے ہیں اور آپ ﷺ نے منع نہیں فرمایا یا خود سنانے کا مطالبہ کیا ہو۔

## جہری تلاوت:

حضرت ابوھریرۃؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

**لِشیءٍ ما اذن للنّبی حسن الصوت بالقرآن یجھربہ:** اللہ تعالیٰ جس طرح (پسندیدگی کے ساتھ) نبی کریم ﷺ کی آواز کو سنتا ہے جبکہ خوش آوازی کیساتھ اور بلند

---

[1] اس بات پر انشاء اللہ تعالیٰ بندہ خود بھی ایک تبصرہ پیش کرے گا۔

آواز میں قرآن مجید پڑھیں (اس طرح کسی دوسری آواز کو قبول نہیں کرتا) (مشکوٰۃ، کتاب فضائل قرآن بحوالہ صحیح بخاری وصحیح مسلم)۔

مطلب یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کی آواز تو ویسے بھی بہت شیریں ہے مگر جب اللہ تعالیٰ کے نبی ﷺ خوش آوازی کے ساتھ بلند آواز میں قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کو یہ آواز جس قدر پسند ہے اور جس طرح اللہ تعالیٰ اس آواز کو قبول فرماتا ہے تو اسی طرح کی پسندیدگی اور مقبولیت کسی بھی ایسی چیز کو حاصل نہیں ہوتی جس میں آواز ہوتی ہے اور جو سنی جاتی ہے۔ اس سے جس طرح جہری تلاوت کا واضح ثبوت ملتا ہے اسی طرح دوسرے اذکار کا بھی۔ کیونکہ وہ بھی اللہ تعالیٰ کو پسند ہیں۔ ورنہ عبارت یوں ہونی چاہیے کہ قرآن مجید کے سوا کوئی دوسرا ذکر جہر کے ساتھ کرنا اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں اور یہاں جو انداز اختیار کیا گیا ہے۔ اس پر غور کریں تو خود معلوم ہو جائے گا کہ ذکر جہری اور جہری دعا جائز ہے۔

## نبی کریم ﷺ کا تلاوت کو سننا اور رونا:

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا بیان ہے کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے اس وقت یوں فرمایا جبکہ آپ ﷺ منبر پر تشریف فرما تھے؛

"اقرأ علیّ: میرے سامنے قرآن شریف کی تلاوت کرو" حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ آپ کے سامنے قرآن کریم پڑھوں حالانکہ قرآن مجید آپ پر اتارا گیا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا؛ اِنِّی اُحِبُّ اَنْ اَسْمَعَهُ مِنْ غَیْرِی : میں اسے پسند کرتا ہوں کہ اپنے علاوہ کسی دوسرے سے قرآن مجید کو سنوں"۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ میں نے سورۃ النساء پڑھنی شروع کی یہاں تک کہ جب میں اس آیت پر پہنچا "فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَآءِ شَهِيْدًا : پھر اس (قیامت کے) دن کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت سے ایک گواہ طلب کریں گے اور ہم تجھے بھی ان لوگوں پر گواہی دینے کیلئے طلب کریں گے" (النساء، ۴۱) تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا؛ حسبک الآن: اب آپ رک جاؤ" حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ میں نے آپ ﷺ کی طرف دیکھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ "عیناه تذرفان: آپ ﷺ کی آنکھیں آنسو بہا رہی ہیں" (مشکوٰۃ فضائل القرآن بحوالہ بخاری ومسلم)۔

## صحابہ کرامؓ کا قرأت کرنا اور سننا:

ایک حدیث کا خلاصہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ مہاجرین کی جماعت کے پاس گئے جو قرآن مجید پڑھنے میں مشغول تھے آپ ﷺ کو دیکھ کر قاری چپ ہوگیا۔ آپ ﷺ نے سلام کے بعد فرمایا کہ؛

تم کیا کر رہے تھے، تو انہوں نے جواب میں عرض کیا؛ **کنّا نسمع الی کتاب اللّٰہ تعالیٰ**: ہم اللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآن مجید) سن رہے تھے، تو آپ ﷺ نے فرمایا؛ **الحمد للّٰہ الّذی جعل من امتی من امرت ان اصبر نفسی معھم**: تمام ستائشیں اس اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جس نے میری امت میں وہ لوگ بھی پیدا فرمائے جن کے بارے میں مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں ان کے پاس بیٹھوں (مشکوٰۃ فضائل القرآن بحوالہ ابوداؤد)۔

## خوش آوازی اور جہری تلاوت کی ترغیب:

حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

**زیّنوا القرآن باصواتکم**: قرآن مجید کو اپنی آوازوں کے ذریعہ مزیّن کرو (مشکوٰۃ بحوالہ احمد ابوداؤد وابن ماجہ ودارمی)۔

اس ارشاد مبارک میں آپ ﷺ نے تجوید، ترتیل اور خوش آوازی کے ساتھ قرآن مجید پڑھنے کی ترغیب دی ہے اور خوش آوازی اور تجوید وغیرہ جہر میں ہی ہوتی ہیں۔

## تہجد کی نماز میں آپ ﷺ کی تلاوت:

حضرت ابوھریرۃؓ سے روایت ہے کہ؛

**کانت قراء ۃ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلّم باللیل یرفع طوراً ویخفض طوراً**: رات کی نماز میں نبی کریم ﷺ کی قرأت مختلف ہوتی تھی کبھی تو بلند آواز سے فرماتے تھے اور کبھی پست آواز سے (مشکوٰۃ باب صلوٰۃ اللیل بحوالہ ابوداؤد)۔

یہ بات یاد رہے کہ پست آواز ادنیٰ جہر کو بھی شامل ہے جیسا کہ آئندہ آنے والی حدیثوں سے خود بخود آپ معلوم کر سکتے ہیں۔

## حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی قرأت اور تلاوتِ قرآن:

حضرت ابوقتادہؓ سے روایت ہے کہ؛

رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ رات کے وقت باہر نکلے اور حضرت ابوبکرؓ کے پاس سے گذرے جو نماز میں پست آواز کے ساتھ تلاوت کررہے تھے اور حضرت عمرؓ کے پاس سے گذرے وہ بھی نماز میں مشغول تھے اور بلند آواز کے ساتھ تلاوت کررہے تھے، جب صبح ہوگئ تو دونوں نبی کریم ﷺ کے پاس حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکرؓ (آج رات) میں تمہارے پاس سے گذرا تو تم پست[1] آواز کے ساتھ قرآن کریم پڑھ رہے تھے حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں جس سے مناجات کررہا تھا اسے ہی سنا رہا تھا۔ پھر حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ میں تمہارے پاس سے گذرا تھا تم نماز میں بلند آواز کے ساتھ قرآن مجید پڑھ رہے تھے۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں سوئے ہوئے لوگوں کو جگا رہا تھا اور شیطان کو بھگا رہا تھا[2] آپ ﷺ نے دونوں کی باتیں سن کر حضرت ابوبکرؓ سے فرمایا کہ تم اپنی آواز کچھ بلند کرو اور حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ تم اپنی آواز کو پہلی آواز کی بہ نسبت ذرا پست کرو (مشکوٰۃ بحوالہ ابوداؤد وترمذی)۔

آپ ﷺ نے ان دونوں پر کوئی تنبیہ نہیں فرمائی ان کو یہ نہیں فرمایا کہ تم ناجائز کام کررہے تھے بلکہ رات کی نماز تھی حد اعتدال کی ترغیب دیدی تاکہ جہر کا فائدہ بھی حاصل ہو اور کسی کو تکلیف بھی نہ ہو۔ یہ چند حدیثیں بطور نمونہ پیش کی گئ ہیں۔ جس سے ایک سلیم طبع شخص بخوبی یہ اندازہ لگا سکتا ہے کہ جہر افضل ہے یا سر نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ اپنے آپ کو سنانے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آواز صرف اس قدر ہو کہ خود سن سکے بلکہ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ جہر سے قاری کو فائدہ ہوگا۔ بعض علماء نے جو یہ فرمایا کہ تلاوتِ قرآن مجید میں جہر اس لئے افضل ہے یا جائز ہے کہ اس میں لوگوں کو تبلیغ مقصود ہوتی ہے تو یہ بات کمزور ہے کیونکہ تہجد میں ایک آدمی تلاوت کرتا ہے تو اس وقت وہ راتوں میں کس کو بیان یا تبلیغ کرتا ہے حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کا معاملہ اور خود نبی کریم ﷺ کا عمل آپ کے سامنے آچکا ہے کہ راتوں میں کبھی بلند آواز کے ساتھ نماز پڑھتے تھے اور کبھی پست آواز کے ساتھ ایسی صورت

---

[1] غور کریں یوں نہیں فرمایا کہ تم تو بالکل چپ ہو کر کھڑے تھے اور کوئی آواز نہیں سنائی دیتی تھی بلکہ فرمایا کہ تم نماز پڑھ رہے تھے، تمہاری آواز پست تھی یعنی آواز تو آرہی تھی لیکن پست تھی۔

[2] غور کریں حضرت عمرؓ بہت بلند آواز سے قرأت کرتے ہونگے ورنہ سوتے ہوئے کو جگانا کیسے ہوا۔

میں یہ کہنا کہ تلاوت قرآن سے لوگ نصیحت حاصل کرتے ہیں اس لئے اس پر جہر جائز ہے یا افضل ہے یہ کمزور بات ہے بلکہ ذکر ہو یا نفل میں تلاوت وہ انسان اپنے فائدے کیلئے کرتا ہے تاکہ جہر کو خود سن کر چوکنّا رہے اس سے اس کا خیال متاثر ہو جایا کرے اور قرأت یا ذکر کی طرف اوراس کے معنی کی طرف دھیان لگ جائے۔

## خفیہ اور علانیہ ذکر کی ترغیب اور بندہ کے گمان کے مطابق معاملہ:

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تبارک تعالیٰ فرماتے ہیں؛

> **انا عند ظنّ عبدی بی وانا معه اذا ذکرنی فان ذکرنی فی نفسی ذکرته فی نفسی و ان ذکرنی فی ملاءٍ ذکرته فی ملاءٍ خیرٍ منهم** : میں اپنے بندے کے ساتھ ایسا معاملہ کرتا ہوں جیسا کہ میرے ساتھ گمان رکھتا ہے اور جب وہ مجھے یاد کرتا ہے تو میں بالکل اس کے ساتھ ہوتا ہوں لہذا اگر وہ مجھے اپنی ذات میں (یعنی اکیلا خفیہ طور پر) یاد کرتا ہے تو میں بھی اس کو اپنی ذات میں یاد کرتا ہوں اور اگر وہ مجھے جماعت میں یاد کرتا ہے تو میں اس سے بہتر جماعت میں اس کا ذکر کرتا ہوں (مشکوٰۃ بحوالہ بخاری ومسلم)۔

اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ بندہ اپنے پروردگار کے ساتھ جس قدر حسن ظن رکھتا ہے اس پر جس قدر یقین کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کے ساتھ اس کے یقین اور گمان کے مطابق معاملہ فرماتے ہیں۔ دوسری بات یہ ثابت ہوئی کہ جب بندہ اللہ تعالیٰ کو اکیلا یاد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی عنائت اور مہربانی بھی اس پر اسی طرح مخفی ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنی ذات میں یاد کرنے کے دو معنی ہیں ایک یہ کہ بازار میں جا رہا ہے کسی کے ساتھ بات کرتا ہے کھڑا یا بیٹھا ہے لیکن دل اللہ تعالیٰ کے ساتھ اٹکا ہوا ہے۔ اور دل میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ مشغول ہے۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ بندہ انفرادی طور پر ذکر کرتا ہے یعنی ایسا ذکر کرتا ہو جس میں دوسروں کی طرف متوجّہ ہونے کی ضرورت نہ پڑتی ہو خواہ ذکر جہری کرتا ہو یا سرّاً لوگوں کے سامنے کرتا ہو یا خلوت میں لیکن اس کا ذکر فی نفسہٖ یعنی اس کی اپنی ذات کی حد تک محدود ہو، اوراس میں لوگوں کو دکھلاوا مقصود نہ ہو بندہ کے خیال میں یہ دونوں مطلب فی نفسہٖ کے مفہوم میں داخل ہیں یعنی اپنی ذات میں (یعنی اپنی ذات تک محدود ہو کر) اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہو تو اللہ تعالیٰ بھی اس کو اپنی ذات کی حد تک یاد کرتا ہے اوراس کی تائید ایک دوسری حدیث سے بھی ہوتی ہے جس میں "**فی نفسهٖ**" کے بجائے "**خالیاً**" کا لفظ آیا ہے یعنی جب وہ مجھے تنہا اور اکیلا یاد کرتا ہے" (الحادی للفتاویٰ، جلد ۱، ص ۳۹۱ بحوالہ مسند البزار والبیہقی)۔

نیز علامہ جلال الدین سیوطیؒ کسی حد تک اس خیال سے متفق نظر آتے ہیں جیسا کہ وہ تفسیر حاشیہ

سلیمان الجمل میں "فی نفسہٖ" کا مطلب ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں "ای خالیاً عن الخلق ولو جھراً: (فی نفسہٖ کا مطلب یہ ہے کہ) مخلوق سے کٹ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے اگر چہ جہراً کیوں نہ ہو" (تفسیر حاشیہ سلیمان الجمل) اور جماعت میں ذکر کرنے کا مطلب دوسروں کے سامنے ذکر کرنا ہے جس میں دعوت وارشاد اور وعظ نصیحت، خطبہ جیسی تمام اجتماعات جس میں دوسروں کی طرف دھیان لگ جانا ضروری ہوتا ہے۔ وہ سب اس میں شامل ہیں، بشرطیکہ اخلاص وللّٰہیت کے ساتھ ہو نیز اس میں اکیلا شخص بھی داخل ہے جو عام غافل لوگوں میں اکیلا اللہ تعالیٰ کا ذکر جہراً کرتا ہے یا لوگوں کے سامنے نماز پڑھتا ہے تاکہ اورلوگ بھی ذکر اور نماز کی طرف متوجہ ہو جائیں تو یہ بھی گویا اپنے عمل سے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی یاد دلانے کی کوشش کرتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ کو اس قدر یاد کرو کہ لوگ مجنون کہنے لگیں:

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

**اکثر واذکر اللّٰہ حتّٰی یقولوا مجنون:** اللہ تعالیٰ کا ذکر ایسی کثرت سے کیا کرو کہ لوگ مجنون کہنے لگیں (فضائل ذکر ص ۳۷ بحوالہ احمد، ابویعلیٰ، ابن حبان، حاکم)۔

ایک دوسری حدیث میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ؛

اللہ تعالیٰ کا ایسا ذکر کرو کہ منافق لوگ تمہیں ریاء کار کہنے لگیں (فضائل ذکر، ص ۳۷، بحوالہ طبرانی وبیہقی وغیرہ)۔

ان حدیثوں کے فائدہ میں شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریاؒ لکھتے ہیں کہ؛ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ منافقوں اور بیوقوفوں کے ریاء کار کہنے یا مجنون کہنے سے ایسی بڑی دولت کو چھوڑنا نہ چاہیئے بلکہ اس کثرت اور اہتمام سے کرنا چاہیئے کہ یہ لوگ تم کو پاگل سمجھ کر تمہارا پیچھا چھوڑ دیں، اور مجنون جب ہی کہا جائے گا، جب نہایت کثرت سے اور زور سے ذکر کیا جائے، آہستہ میں یہ بات نہیں ہوسکتی (فضائل ذکر، ص ۳۷ یا ۳۸)۔

## مشہور تابعی حضرت ابومسلم خولانیؒ کا ذکر جہری:

حضرت ابن جابرؒ کا بیان ہے کہ؛

**کان ابومسلم الخولانی یکثر یرفع صوتہ بالتکبیر حتّٰی مع الصبیان وکان یقول اذکر اللّٰہ حتّٰی یری الجاھل انک مجنون:** حضرت ابومسلم خولانی[1]

---

[1] ابومسلم خولانیؒ مشہور جلیل القدر تابعی ہیں۔

بکثرت بلند آواز کے ساتھ ذکر کرتے تھے یہاں تک کہ بچوں کے ساتھ بھی (مل کر وہ یہ ذکر جہری) کرتے تھے اور وہ فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو، یہاں تک کہ جاہل لوگ تم کو دیوانہ سمجھیں (کتاب الزھد للامام احمد بن حنبل، ص ۴۵۸)۔

## مسجد میں جہر معتدل بلکہ ذکر کے ساتھ آواز بلند کرنا اور نبی کریم ﷺ کا معمول:

نبی کریم ﷺ کا ذکر ودعا میں کوئی خاص معمول نہیں تھا جہراً سراً دونوں صورتوں میں اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگتے تھے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے تھے۔ یہاں اس کے متعلق چند حدیثوں کو پڑھ لیجئے۔ حضرت عبداللہ بن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ؛

> **کنت اعرف انقضاء صلاۃ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم بالتکبیر:** میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کا اختتام تکبیر کی آواز سن کر معلوم کر لیتا تھا (مشکوٰۃ بحوالہ صحیح بخاری وصحیح مسلم)۔

نیز حضرت عبداللہ بن عباس ؓ فرماتے ہیں؛

> **ان رفع الصوت بالذکر حین ینصرف الناس من المکتوبۃ کان علی عھد النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم:** نبی کریم ﷺ کے زمانے میں فریضہ نماز سے فراغت کے وقت ذکر کے ساتھ آواز بلند کرنے کا معمول تھا (صحیح بخاری، صحیح مسلم)۔

ان روایتوں سے دو باتیں ثابت ہوگئیں۔ ایک جہراً ذکر کا جواز دوسری بات یہ کہ یہ جہر مسجد کے اندر تھا۔ بعض اسلاف رحمھم اللہ تعالیٰ جن میں سے ایک علامہ ابن حزم ظاہریؒ بھی ہیں ان حدیثوں کی رو سے اس بات کے قائل ہیں کہ فرض نماز کے بعد تکبیر اور ذکر کی گونج ہونی چاہیے اور یہ ان کے نزدیک مستحب اور مسنون ہے۔ نیز عصر حاضر کے جید اور فقیہ عالم اور جامعہ مکہ مکرمہ کے استاد علامہ شیخ محمد الصابونیؒ، حضرت نوویؒ کی کتاب المنتقی المختار کے حاشیہ میں لکھتے ہیں جن کا خلاصہ یہ ہے کہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی روایت سے یہ بات واضح ہے کہ نماز کے اختتام پر ذکر کے ساتھ آواز بلند کرنا مسنون ہے۔

> **ھذہ الروایۃ فی الصحیحین توضح ان السنۃ رفع الصوت بالذکر بعد الانتھاء من الصلوٰۃ'** (المنتقی المختار من کتاب الاذکار، ص ۶۰)۔

اوراس کے برعکس حضرت امام شافعیؒ ان روایتوں کوتعلیم پرمحمول کرتے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ تعلیم میں جہر بھی ہے ورنہ نبی کریم ﷺ جہر کی نفی کرتے اور یہ بھی یاد رہے کہ علماء کرام جو یہ فرماتے ہیں کہ اس وقت ذکر مسنون اور مستحب نہیں اس کا یہ مطلب نہیں کہ ذکر جہر ناجائز یا بدعت ہے العیاذ باللہ۔ نبی کریم ﷺ کے خود اپنے عمل بلکہ معمول کو بدعت کہنا یہ کسی بھی عالم کو بلکہ عام مسلمان کے بھی شایان شان نہیں البتہ وہ یہ کہتے ہیں کہ اس وقت کے ذکر اور تکبیر جہراً کہنا مسنون اور مستحب نہیں۔یعنی نہ کرنے کو تارک مستحب اور تارک السنۃ نہیں کہا جا سکتا۔ اور جس نے بدعت کہا ہے وہ اسی معنی میں ہے کہ اس کو سنت سمجھ کر تارک اور نہ کرنے والے پر طعن کیا جائے اور اس کو جواز کی حد سے بڑھانا صورت جہر کو مستحب ومسنون سمجھنا بدعت ہے اوراس کے برعکس بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس وقت صفتِ جہر ہی سری کے مقابلہ میں مستحب یا مسنون ہے واللہ اعلم۔

## فرض نمازوں کے بعد جہر مستحب اور مسنون نہیں:

لیکن صفت جہر کو مسنون یا مستحب کہنا محل نظر ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ فریضہ نماز کے اختتام پر جہری ذکر کا معمول نبی کریم ﷺ کے زمانے میں تھا جس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جس وقت حضرت عبداللہ بن عباسؓ یہ روایت کرتے تھے اس وقت یہ معمول باقی نہ رہا تھا، ورنہ اگر اس وقت بھی یہی معمول ہوتا تو پھر یہ کہنے کی کیا ضروت تھی کہ یہ معمول نبی کریم ﷺ کے زمانے میں تھا اب سوال یہ ہے کہ آخر یہ معمول کیوں چھوڑ دیا گیا۔اس کا ایک جواب تو وہ ہے جو حضرت امام شافعیؒ سے منقول ہے کہ یہ معمول کچھ عرصہ تک تعلیم کیلئے تھا اس جواب پر یہ اعتراض ہوسکتا ہے کہ تکبیر یا لاالہ الاّ اللہ مشکل الفاظ تو نہیں جو کسی کو یاد نہیں ہو سکتے روزانہ پانچ نمازوں میں تکبیریں کلمہ شہادت بار بار پڑھا جاتا ہے اگر یہ مطلب لیا جائے کہ نماز کے بعد خفیہ طور پر اللہ اکبر یا لاالہ الاّ اللہ پڑھنے کی تعلیم وترغیب مقصود تھی لیکن حدیث کے الفاظ پر غور کریں تو یہ بھی اس سے قطعاً معلوم نہیں ہوسکتا بلکہ اگر اس کو تعلیم پر محمول کیا جائے تو صفت جہر کی تردید کے بغیر جہراً تکبیر کہنے میں یہ تعلیم بھی ہے کہ تکبیروں کو جہراً پڑھیں۔البتہ اس کا درست جواب یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ ذکر تکبیریں اور تہلیل وغیرہ آپ ﷺ کے مبارک زمانے میں پڑھی جاتی تھیں اور معمول بھی تھا لیکن یہ معمول دائمی نہ تھا ورنہ اگر دائمی معمول ہوتا پھر تو نماز کے بعد ذکر جہری مسنون قرار پاتا جیسا کہ ظہر وغیرہ نمازوں کے بعد سنت نمازیں۔شاید اس لئے بعد میں بعض صحابہ کرامؓ نے اس عمل کو ترک کر دیا ہوگا کہ کوئی اس عمل کو نماز کا حصہ نہ قرار دے۔کہ اس کے بغیر نماز پوری نہیں ہوتی اور اس وجہ سے بعض فقہاء نے اس کو مکروہ قرار دیا ہے تاکہ یہ جہری ذکر نماز کا حصہ نہ قرار پائے۔

مذکورہ بالا بحث کا خلاصہ یہ ہوا کہ نماز کے اختتام پر تکبیر کہنا جائز ہے لیکن صفت جہر مسنون نہیں اور جہاں

www.noorehidayat.org

یہ خطرہ ہو کہ لوگ اس کو نماز کا حصہ قرار دیں گے وہاں کبھی کبھی ترک کرنا چاہیے اوراس کی وضاحت بھی کرنی چاہیئے لیکن اگر کوئی اس کو ناجائز اور بدعت کہتا ہے تو وہاں نماز کے بعد تکبیر بھی کہنا چاہیئے تاکہ ایک جائز بلکہ نبی کریم ﷺ کے عمل کو بلا وجہ کوئی ناجائز قرار نہ دے۔[1]

## نبی کریم ﷺ کے دائمی معمول کی وجہ سے کوئی چیز مسنون یا واجب ہوجاتی ہے لیکن............

یہاں یہ بات بھی یادرکھیں کہ نبی کریم ﷺ کے دائمی معمول کی وجہ سے کوئی عمل مسنون، مستحب یا کبھی واجب قرار پاتا ہے لیکن اگر کوئی عمل نبی کریم ﷺ سے ایک بار بھی ثابت ہے اور بعد میں اس کے خلاف اوراس کی تردید آپ ﷺ سے ثابت نہیں تو ایسے عمل کو اگر بعد والے دائمی طور پر بھی اختیار کر لیتے ہیں تو ان پر ملامت نہیں کی جائیگی، کیونکہ دوام اور التزام اور کسی چیز کو جائز سمجھ کر دائمی طور پر کرنا اور کسی عمل کو شریعت میں لازم اور سنت مؤکد سمجھ کر کرنا دونوں میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔ اچھے اور نیک کام جو جائز ہیں ان پر دوام کرنا مثلاً کوئی اشراق کے نوافل ہمیشہ پڑھے یا کوئی سوبار (۱۰۰) ستغفار پڑھے یا لاالہٰ الاّ اللہ پڑھے یا روزانہ ایک پارہ تلاوت کرے تو اس پر کوئی ملامت نہیں البتہ ملامت اس وقت کی جائیگی کہ وہ اس عمل کو سنت مؤکدہ یا شرعاً لازم سمجھے اوراس کی دلیل یہ ہے کہ جو نہ کرے اس پر ملامت کرے یا اس کو تارک سنت سمجھے البتہ اگر ایک جائز نیک عمل کو کوئی اپنے اوپر لازم کردے مثلاً یوں نذر کرے کہ میں ہر پیر کو روزہ رکھونگا تو اس پر یہ لازم ہو جائیگا۔

## نذر اور سنت مؤکدہ اور شرعاً لازم عمل میں فرق:

شرعاً لازم واجب یا سنت مؤکدہ عمل اور نذر میں فرق یہ ہے۔ شرعاً لازم یا سنت مؤکدہ وغیرہ وہ عمل ہے جس کا مطالبہ ہر صاحب استطاعت اور کر سکنے والے مسلمان سے کیا جاتا ہے۔ مثلاً فرض نمازیں، سنت نمازیں، واجب نمازیں، زکوٰۃ اور فرض حج وغیرہ۔ اور نذر وہ ہوتا ہے جسے مسلمان خود اپنے اوپر لازم کردیتا ہے تو ایسی صورت میں وہ اس بات کو خوب جانتا ہے کہ یہ عمل دوسروں پر فرض یا واجب وغیرہ نہیں بلکہ میں نے خود اپنے اوپر لازم کیا ہے۔

---

[1] وفهم اصحابه ان ذالک ليس بلازم خشية ان يظن انه ممالاتقم الصلاة الاّ به فلذالک کرهه من کرهه من الفقهاء۔ (عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری لبدرالدین ابی محمد محمود بن احمد العینی الحنفیؒ، جلد۳،ص۱۹۴)]۔

## نبی کریم ﷺ سے جہراً دُعا وذکر کا ثبوت:

حضرت ثوبان ؓ سے روایت ہے کہ؛

رسول اللہ ﷺ نماز سے فارغ ہوتے تو تین مرتبہ استغفار پڑھتے اور یہ دُعا پڑھتے ؛

**اللّٰھم انت السلام ومنک السلام تبارکت یا ذاالجلال والاکرام:** اے اللہ تو ہی سلامتی والا ہے اور تیری ہی (بندوں کی آفات سے) سلامتی ہے تو بڑا بابرکت ہے، اے بزرگی اور عزت کے بخشنے والے (مشکوٰۃ کتاب الصلوٰۃ بحوالہ مسلم)۔

حدیث کے الفاظ سے ایک بات یہ ثابت ہے کہ آپ ﷺ دائمی طور پر یا اکثر نماز کے بعد یہ مذکورہ دُعا وذکر کرتے تھے اس لئے حضرت ثوبان ؓ فرماتے ہیں " **اذانصرف عن صلاته** " کہ جب رسول اللہ ﷺ اپنی نماز سے فارغ ہو لیتے۔ دوسری بات یہ ثابت ہوئی کہ یہ پڑھنا جہراً تھا اور مسجد میں بھی تھا اور صحابہ کرام ؓ آپ ﷺ کی آواز کو سن لیتے تھے، اسی طرح نبی کریم ﷺ سے نماز کے بعد بہت سی ایسی دُعائیں اور اذکار منقول ہیں جو نبی کریم ﷺ نے جہراً مانگی ہیں اور صحابہ کرام ؓ نے ان کو نقل کیا اور ان میں صیغہ بھی ماضی استمراری استعمال کیا کہ نبی کریم ﷺ یہ پڑھتے تھے یا یوں الفاظ آئے ہیں کہ جب فلاں کام کرتے تھے تو فلاں دُعا پڑھا کرتے تھے وغیرہ۔ تو یہ صیغہ استمراری دوام پر دلالت کرتا ہے البتہ یہ صیغہ تکرار کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے یعنی جب کوئی شخص کوئی کام زیادہ بار بار کرے تو وہاں بھی ماضی استمراری کا صیغہ استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً جب ہم یہ کہتے ہیں کہ فلاں ہر نماز کے بعد یہ کلمات پڑھا کرتا تھا تو اس سے مراد یہ بھی لیا جاتا ہے کہ وہ ہمیشہ ایسا کرتا تھا ورنہ کم ازکم اس سے اتنا ضرور ثابت ہوتا ہے کہ یہ کلمات اس نے کئی بار پڑھے ہیں۔ نیز فرض نماز کے بعد جو دُعائیں اور اذکار آپ ﷺ سے منقول ہیں یہاں ان میں سے صرف دو کو نقل کرتا ہوں جس سے جہر اور زیادہ بلند آواز کے ساتھ ذکر اور دُعا ثابت ہوتی ہے۔

حضرت ابوایوب انصاری ؓ فرماتے ہیں ؛

**ماصلیت خلف نبیکم صلی اللّٰہ علیه وسلم الاّ سمعته یقول حین ینصرف اللّٰھمّ اغفرخطایای و ذنوبی کلھا اللھم وأنعشنی واجبرنی واھدنی بصالح الاعمال والاخلاق لایھدی لصالحھا ولایصرف سیئھا الاانت :** میں نے جب کبھی نبی کریم ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی تو میں نے آپ ﷺ کو سنا کہ وہ فارغ ہونے کے بعد یہ کہتے تھے اے اللہ میرے تمام گناہوں اور خطاؤں کو معاف فرما، اے اللہ مجھ کو

بلندی دے اور میرے نقصان کی تلافی کر اور مجھ کو نیک عمل اور اچھے اخلاق کی ہدایت دے اور صالح اعمال اور اخلاق کی طرف ہدایت اور برے اعمال سے پھیرنا تیرے سوا اور کوئی نہیں کر سکتا (رواہ الطبرانی فی الصغیر والاوسط واسنادہ جید کذافی مجمع الزوائد، جلد ۱۰، ص ۱۱۱)۔

حضرت ابوایوب انصاریؓ نے مذکورہ بالا دُعا آپ ﷺ سے بار بار سنی ہے اور یہ بار بار سننا اس لئے تو تھا کہ دُعا جہراً تھی نہ کہ سراً کیونکہ اگر یہ دُعا نبی کریم ﷺ چپکے پڑھتے تو حضرت ابوایوب انصاریؓ اس کو نہ سنتے۔

حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کا بیان ہے کہ؛

**کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اذا سلّم من صلاتہ یقول بصوتہ الاعلٰی لاالہ الّا اللّٰہ وحدہ لاشریک لہ ، لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیءٍ قدیر، لاحول ولاقوّۃ الاّ باللّٰہ لاالٰہ الاّ اللّٰہ ولانعبد الاّ ایاہ لہ النعمۃ ولہ الفضل ولہ الثنآء الحسن لاالٰہ الاّ اللّٰہ مخلصین لہ الدین ولو کرہ الکافرون** :جب رسول اللہ ﷺ نماز سے سلام پھیرتے تھے تو (سلام کے بعد) بلند آواز کے ساتھ یہ کلمات پڑھا کرتے تھے، **لاالہ الّااللّٰہ**.................**الخ**۔اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور (پوری کائنات پر) صرف اسی کی حکمرانی اور بادشاہی ہے، اس کیلئے ہر قسم کی تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (گناہوں وغیرہ سے) باز رہنے اور (عبادت وغیرہ کے) کرنے کی قوت صرف اللہ تعالیٰ ہی کی مدد سے ہے، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود اور بندگی کے لائق نہیں ہم اسی کی بندگی کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے نعمت ہے اور اسی ہی کیلئے فضل ہے اور اسی ہی کیلئے ہر اچھی تعریف ہے، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں ہم تو خالص اسی کے دین اور صرف اسی کے قانون کو ماننے والے ہیں، اگرچہ کافر اس کو برا سمجھیں (مشکوٰۃ بحوالہ مسلم)۔

اس حدیث کو کم وبیش الفاظ کے ساتھ بخاری، ابوداؤد، نسائی وغیرہ اور دوسرے ائمہ حدیث نے بھی نقل کیا ہے لیکن ان میں "**بصوتہ الاعلی** :بلند آواز کے ساتھ" کا لفظ موجود نہیں ہے نیز ہمارے پاس مسلم کا نسخہ ہے اس میں بھی یہ الفاظ موجود نہیں ہیں اس کے بارے میں یہ احتمال ہے کہ شاید صاحب مشکوٰۃ نے مسلم شریف کے کسی ایسے نسخے سے یہ حدیث نقل کی ہے جس میں یہ الفاظ موجود ہوں یا شاید "بصوتہ اعلی" الفاظ امام مسلم کی طرف منسوب کرنے میں وہ سہو ہو گیا ہے کیونکہ "**بصوتہ اعلی**" کے الفاظ امام شافعیؒ کی "**کتاب الام**" میں موجود

ہیں(بلوغ الامانی، جلد۴،ص۷۱) لیکن اس کی سند میں ایک راوی ابراہیم بن محمد ہیں حضرت امام شافعیؒ کے استادوں میں سے ایک استاد بھی ہیں اورامام شافعیؒ ان کو بہت سچا قرار دیتے ہیں اور ظاہر ہے کہ شاگرد ہی اپنے استاد کو خوب جانتا ہے لیکن بہت سے ائمہ محدثین ابراہیم بن محمد کو بہت ہی کمزور اور کھوٹا سمجھتے ہیں (واللہ اعلم)۔ (تہذیب التھذیب، جلد ا،ص ۱۵۸ تا ۱۶۱)۔

تیسرا احتمال یہ ہے کہ صاحبِ مشکوٰۃ نے حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے قول کا مفہوم بیان کیا ہے۔کہ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ان کلمات پر آواز بلند کرتے تھے۔ چنانچہ اسی مسلم میں حضرت عبداللہ بن زبیرؓ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں؛

ثم یقول ابن الزبیر کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم یھلّل بھنّ دبر کل صلوٰۃ: پھر عبداللہ بن زبیرؓ فرماتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ ان کلمات کے ساتھ آواز کو بلند کرتے تھے (صحیح مسلم، جلد ا،ص ۲۱۸، باب الذکر بعد الصلوٰۃ)۔

## اھلال کے لغوی معنی اور یُھلل بھن کا مطلب:

مسلم کے اس روایت میں "یُھلّل بھنّ" کے الفاظ آئے ہیں۔"اھلال" کے اصل معنی "آواز بلند کرنے" کے ہیں پہلے یہ لفظ نئے چاند دیکھنے کے وقت اونچی آواز نکالنے کیلئے بولا جاتا تھا اس کے بعد ہر آواز نکالنے کیلئے بولا جانے لگا۔(دیکھئے راغب)۔ پہلی یا دوسری تاریخ کے نئے چاند کو بھی ھلال اس لئے کہا جاتا ہے کہ لوگ جب اس کو دیکھتے ہیں تو ایک دوسرے کو آواز دے کر بتلاتے ہیں۔ نیز کہا جاتا ہے "استھل الصبی" یعنی بچہ نے پیدا ہوتے ہی رونے کی آواز بلند کی" نیز کہا جاتا ہے کہ "اھلّ الناس اذا رأو الھلال: جب لوگوں نے (ذی الحجہ کا) چاند دیکھا تو (لبیک پر) آواز بلند کی (یعنی احرام باندھ لیا)"۔ ھلّ کا لفظ زور کی بارش کیلئے بھی مستعمل ہے اس میں بھی یہی معنی زور کی آواز ملحوظ ہے۔اور تھلیل لاالہ الاالله کہنے کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے خواہ سراً ہو یا جہراً ہو لیکن اس کے بنیادی معنی میں بلند آواز کے ساتھ پڑھنے کا مفہوم پوشیدہ ہے مثلاً۔ جب کہا جاتا ہے کہ ھلّلوا، لاالہ الاالله پڑھو تو اس سے متبادر یہی ہوتا ہے کہ آواز کے ساتھ لاالہ الّاالله پڑھو۔قرآن مجید اس جانور کے گوشت کو بھی حرام قرار دیتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کے سوا کسی دوسرے کا نام بلند کیا جائے۔اور اس کیلئے بھی یہی لفظ اھل استعمال کیا گیا ہے "وما اُھِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ: اور وہ جانور جس پر اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے اس کا گوشت بھی حرام ہے" (مائدہ) اسی طرح حدیثوں میں بھی پکارنے اور آواز بلند کرنے کیلئے اھلال کے لفظ کو استعمال کیا گیا ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ؛

سمعت رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم یُھِلُّ مُلَبِّداً یَقُوْلُ لَبَّیْکَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ :میں نے رسول اللہ ﷺ (کے تلبیہ کو) ایسے حال میں سنا کہ آپ ﷺ تلبید کیے (یعنی گوند وغیرہ سے سر کے بالوں کو چپکائے) ہوئے لبیک پکار رہے تھے۔آپ ﷺ کہہ رہے تھے: لَبَّیْکَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ (مشکوٰۃ بحوالہ صحیح بخاری وصحیح مسلم)۔

یہاں لبیک پرآواز بلند کرنے اور پکارنے کیلئے " یُھِلّ اور اھلال" کالفظ استعمال کیا گیا ہے۔ بہرحال اھلال کا لفظ اگر چہ مختلف معنوں کیلئے مستعمل ہے لیکن اس کے اصل معنی آواز بلند کرنا ہی ہیں اور یہی بات "ابن فارس" نے بھی لکھی ہے کہ اس مادہ کے بنیادی معنی آواز بلند کرنا ہے۔جب یہ بات معلوم ہوگئی تو اب حدیث کے کلمات اور الفاظ کو دیکھ لیجئے وہ یہ ہیں۔

لاالہ الّا اللّٰہ وحدہ لاشریک لہ ، لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کلّ شیءٍ قدیر ، لاحول ولاقوّۃ الاّ باللّٰہ لاالٰہ الاّ اللّٰہ ولانعبد الاّ ایاہ لہ النعمۃ ولہ الفضل ولہ الثنآء الحسن لاالٰہ الاّ اللّٰہ مخلصین لہ الدین ولوکرہ الکافرون: ان کلمات کے متعلق حضرت عبداللہ بن زبیر فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ہر نماز کے بعد یہ کلمات پڑھا کرتے تھے پھر فرماتے ہیں؛" کان رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم یھلّل بھن دبر کل صلوٰۃ: رسول اللہ ﷺ ہرنماز کے بعد ان کلمات کو پکار کر(یعنی بلند آواز کے ساتھ) پڑھا کرتے تھے"(صحیح مسلم)۔

اس حدیث سے بھی اوراس سے پہلے حدیثوں سے بھی اور بعد میں آنے والی حدیثوں سے یہ دو باتیں پوری طرح ثابت ہوجاتی ہیں ایک یہ کہ ذکر جہری جائز بلکہ نبی کریم ﷺ کا اپنا عمل ہے،دوسری بات یہ کہ یہ اذکار جہراً مسجد ہی میں ہوا کرتے تھے۔

حضرت سعید بن عبدالرحمٰن بن ابزی اپنے والدمحترم سے روایت کرتے ہیں کہ، وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے تھے کہ؛

انہ کان یوتر بِ " سَبِّح اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی " و "قُلْ یٰاَیُّھَاالْکَافِرُوْن "و" قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ" ویقول بعد مایسلّم. سبحان الملک القدّوس ثلٰث مرّات یرفع بھا صوتہ: نبی کریم ﷺ سبح اسم ربک الاعلی، قل یاایھاالکافرون

اور قل ھو اللہ الاحد (ان تین سورتوں ) کے ساتھ وتر کی نماز پڑھا کرتے تھے(جب نماز وتر سے فارغ ہوکر ) سلام پھیرتے تو تین بار یہ(ذکر ) کہتے سبحان الملک القدوس (ہمارا بادشاہ پاک ہے نہایت پاک )اوران کلمات کو بلند آواز کے ساتھ پڑھتے تھے"(نسائی،جلد ا،ص ۲۵۳)۔

اس مضمون کی متعدد روایات نسائی نے نقل کی ہیں اوران میں بعض روایتوں میں یہ آیا ہے کہ ویمدّ صوتہ فی الثالثۃ ویرفع یعنی نبی کریم ﷺ تیسری بار آواز کو دراز اور بلند کیا کرتے تھے( سنن نسائی، جلد ا،ص ۲۵۲ تا ۲۵۳)۔ یعنی پہلی دومرتبہ میں بھی جہر تو تھا لیکن آواز بلند نہ تھی اور تیسری باران کلمات کو بلند آواز اور دراز آواز کے ساتھ پڑھا کرتے تھے۔اس حدیث کے تحت حاشیہ مشکوٰۃ میں ہے کہ؛

قال الشیخ المحدث الدھلوی فی الحدیث دلیل علی شرعیۃ الجھر وھو ثابت فی الشرع بلاشبھۃ لکن الخفی منہ افضل فی غیر ماثبت فی الماثور: حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں ذکر بالجہر کے مشروع ہونے کی دلیل ہے اور ذکر بالجہر بلا شبہ شریعت میں ثابت ہے البتہ جہاں جہر منقول نہیں وہاں آہستہ ذکر افضل ہے(مشکوٰۃ،جلد ا،ص ۱۱۲،حاشیہ نمبر ۷)۔

عبارت کا مطلب واضح ہے کہ حضرت دہلویؒ کے نزدیک جہاں جہر ثابت ہے وہاں جہر ہونا چاہیئے لیکن جہاں جہر ثابت نہیں وہاں بھی اگرچہ جہر بلا شبہ جائز ہے لیکن ایسی صورت میں جہر سے آہستہ ذکر افضل ہے۔اس عبارت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ علماء کا اختلاف افضلیت میں ہے نہ کہ فی نفسہٖ جہر میں۔

## کیا اسی طرح کی ساری حدیثیں تعلیم کیلئے تھیں کہ ان سے جہر ثابت نہ ہو؟

حدیثیں اوران میں استعمال شدہ صیغے اوران کے الفاظ آپ کے سامنے ہیں ان سب کو تعلیم پر محمول کرنا اور پھر یہی نہیں بلکہ جہر کو مکروہ یا بدعت قرار دے دینا بلا شبہ صرف سینہ زوری،تعصب اور خود فریبی کے سوا کچھ نہیں۔ اس میں شک نہیں کہ نبی کریم ﷺ نے لوگوں کی تعلیم کیلئے بھی لوگوں کے سامنے اعمال کیے ہیں اور رکوع وسجود میں بھی کبھی کبھی جہر ثابت ہے۔نیز نمازوں میں بھی کبھی کبھی کوئی آیت جہراً پڑھتے تھے۔لیکن اس کا مطلب یہ تو نہیں کہ جہاں بھی جہراً دیکھا تو فوراً اس پر تعلیم کا ٹھپہ لگا دیا حالانکہ جن چیزوں کی تعلیم ضروری تھی نبی کریم ﷺ نے اپنی

زبان مبارک سے اس کی تعلیم دیدی اور دُعائیں بھی سکھائیں جیسا کہ بہت سی حدیثوں میں یہ ملے گا کہ آپ ﷺ نے امت کوترغیب دی ہے کہ فلاں وقت میں فلاں دُعائیں پڑھو، فلاں ذکر کرو، وغیرہ وغیرہ۔اور تعلیم کا یہ آسان طریقہ بھی ہے کہ لوگوں کو کہا جائے کہ اس وقت یہ دُعا پڑھواور یاد کرنے میں بھی سہولت رہتی ہےاور نبی کریم ﷺ سے جودُعائیں اوراذ کارعملاً ثابت ہیں اور جہراًپڑھے ہیں ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو بالکل آسان ہیں۔جیسا کہ اس کا کچھ بیان پہلے بھی گذر چکا ہے۔اورآئندہ بھی انشاءاللہ آئے گا۔

آخر نبی کریم ﷺ خود بھی تو اللہ تعالیٰ سے مانگنے والے تھے۔اگر آپ ﷺ نے جہراًدُعا پڑھی ہےتو اس میں جس طرح اس بات کی تعلیم ہے کہ یہ دُعا پڑھنی چاہیئے تو اس میں اس بات کی بھی تعلیم ہے کہ جہراً بھی جائز ہے باقی رہارکوع وسجوداورسری نمازوں میں کبھی کبھی جہر کرنا اس میں بھی امت کو یہ تعلیم ہے کہ اگر کسی نے فرطِ محبت یا خوف سے کوئی آیت جہراًپڑھی یا تسبیح وتحمید پرآواز بلند کی تو اس کی بھی اجازت ہےاور یہ ضروری نہیں کہ رکوع وغیرہ میں جو کچھ ثابت ہے وہ نبی کریم ﷺ نے تعلیم کیلئے پڑھا ہو۔کیونکہ نبی کریم ﷺ کی سری نماز بھی اس قدر واضح ہوتی تھی کہ بالکل قریب والے لوگ اس کوسن لیتے تھے۔

نیز نبی کریم ﷺ سے یہی دُعائیں اوراذکار،نوافل کے رکوع وسجود میں جہراً ثابت ہیں اوروہ مواقع بھی ایسے ہیں کہ ان میں لوگوں کو سنانے کا ارادہ بھی کوئی نہیں کرسکتا۔جیسا کہ انشاءاللہ تعالیٰ اس کا بیان آگے آجائے گا۔

اس بات میں کوئی شک وشبہ بھی نہیں کہ نبی کریم ﷺ کے ہرعمل اور ہرادامیں امت کیلئے تعلیم موجود ہے۔لیکن اس کا یہ مطلب تو نہیں کہ جہاں جہرکودیکھ لیا صرف جہرہی کو اس تعلیم سے مستثنیٰ کردیا جائے۔اگر مقصد یہ تھا کہ دُعائیں اورذکر چپکے چپکے ہی جائز ہیں اور جہرنا جائز ہے تو نبی کریم ﷺ کیلئے ضروری تھا کہ وہ اس بات کی وضاحت بھی فرماتے اور صحابہ کرامؓ کو یہ تعلیم دیتے کہ میرے جہر سے دھوکہ نہ کھائیں کیونکہ میرا یہ جہرتعلیم کیلئے ہے۔حالانکہ نبی کریم ﷺ سے ایسی کوئی وضاحت ثابت نہیں۔ بلکہ اس کے برعکس رسول اللہ ﷺ نے خود صحابہ کرامؓ کودیکھا کہ وہ جہراًدُعائیں مانگتے ،تلاوت کرتے ہیں ذکرکرتے ہیں ان کی تائید خود نبی کریم ﷺ نے فرمائی ہے۔ان ساری شہادتوں کے باوجود پھر بھی یہ کہنا کہ جہرصرف تعلیم کیلئے تھا جہرنا جائز ہے یا مکروہ ہے یا بدعت ہےتو معلوم نہیں کہ بدعت کی یہ کونسی تعریف ہے یا یہ کہ بدعت، جائز وناجائز کا اختیار اللہ تعالیٰ کے بجائے ان حضرات کے ہاتھوں میں ہے کہ جس عمل کو چاہیں جائز قراردے دیں اور جسے چاہیں ناجائز کہہ دیں۔ بلاشبہ یہ رویہ بہت ہی خطرناک ہے(اور یہ وہی شرک ہے جس میں یہودونصاریٰ جیسی قومیں گرفتارتھیں کہ انہوں نے حلال وحرام

کا اختیار اپنے ہاتھوں میں لے لیا تھا)۔

بہر حال بہت سی عملی حدیثوں میں جو جہر ثابت ہے اس میں یہ تعلیم بھی ہے کہ دُعائیں اور ذکر جہراً بھی جائز ہے ورنہ اگر جہر حرام یا ممنوع ہوتا تو نبی کریم ﷺ اس کی وضاحت ضرور فرما دیتے نبی کریم ﷺ تو غیر مناسب اور غیر اولیٰ امور کی نشان دہی بھی فرماتے تھے اور یہاں معاملہ بالکل برعکس ہے۔ چنانچہ آپ ﷺ سے سینکڑوں اور مختلف مواقع میں جہراً ذکر اور دُعائیں مانگنا ثابت ہیں پھر بھی اس کی تعلیم امت کو نہیں فرماتے کہ میں جہراً اسلئے کرتا ہوں تا کہ تم لوگ صرف الفاظ سیکھو۔ تم لوگ جہر نہ کرو کیونکہ جہر حرام یا ممنوع ہے بلکہ اس کے برعکس جہری تلاوت مجالس ذکر کی ترغیب دیتے ہیں۔ آخر صرف "اربعوا" والی حدیث جس سے واضح طور پر معلوم ہو چکا ہے کہ صرف نرمی اور شفقت کیلئے ہے اور "دون الجهر" جس کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔ پھر بھی قرآن مجید کے واضح نصوص اور نبی کریم ﷺ کے سینکڑوں قول و عمل اور حدیثیں جن سے صراحتہً ذکر و دُعا جہراً ثابت ہے ان سب کو دریا برد کرنا یقیناً بہت بڑی سینہ زوری اور جرأت مندی اور نفس پرستی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے بعد آنے والی حدیثوں اور صحابہ کرامؓ کے تابعین وغیرہ کے عمل سے یہ صاف واضح ہو جائے گا کہ جہر صرف قرآن و سنت ہی سے ثابت نہیں بلکہ صحابہ کرامؓ و تابعین اور آج تک امت مسلمہ سے تواتراً ثابت ہے جس کے بعد آپ خود اس نتیجے پر پہنچ جائیں گے کہ جہراً ذکر کی مخالفت کر کے ہم کس قدر سنگین غلطی بلکہ جرمِ عظیم کے مرتکب ہو رہے ہیں۔

## نوافل اور مختلف اوقات میں نبی کریم ﷺ کی بعض دُعائیں جس سے جہر ہی ثابت ہوتا ہے:

نبی کریم ﷺ سے نفلی نمازوں میں غیر قرآنی دُعائیں بھی منقول ہیں۔ جنکے بارے میں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ بطور تلاوت اور ذکر کے تھیں۔ بلکہ ان سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے نماز کے اندر بھی جہراً دُعائیں مانگی ہیں اور نماز سے فراغت کے بعد بھی یہاں چند ایسی دُعاؤں کو اوراذکار کو لکھ دیتا ہوں کہ ایک ادنیٰ عقل والا آدمی بھی سمجھ جائے کہ واقعی ذکر و اذکار تو کیا دُعا بھی جہراً جائز بلکہ خود نبی کریم ﷺ سے یقینی طور پر ثابت ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کا بیان ہے کہ:

> ایک رات میں نے رسول اللہ ﷺ کو بستر پر موجود نہ پایا تو آپ ﷺ کو میں تلاش کر رہی تھی کہ میرا ہاتھ آپ ﷺ کے پیروں پر جا لگا، چنانچہ میں نے دیکھا کہ آپ ﷺ بارگاہ الٰہی میں سجدہ ریز ہیں اور آپ ﷺ کے دونوں پیر مبارک کھڑے ہوئے تھے اور آپ

ﷺ یہ دُعا پڑھ رہے تھے،"اللّٰھم انی اعوذبرضاک من سخطک وبمعافاتک من عقوبتک و اعوذبک منک لااحصی ثناءً علیک انت کما اثنیت علی نفسک : اے اللہ میں تیری خوشنودی کے ذریعے تیرے غیظ وغضب سے (یعنی ایسے اعمال سے جو مجھ پر یا میری جماعت اور امّت پر عذاب کا ذریعہ بنیں) پناہ مانگتا ہوں، تیری معافی کے ذریعے تیرے عذاب سے پناہ چاہتا ہوں اور تجھ سے (یعنی تیری رحمت کے ذریعے تیرے غضب سے) پناہ مانگتا ہوں، میں تیری تعریف کا شمار واحاطہ نہیں کر سکتا تو ایسا ہی ہے جیسا کہ خود تو نے اپنی تعریف کی ہے (یعنی نہ مجھ میں اتنی قوت و طاقت ہے اور نہ میرے لئے یہ ممکن ہے کہ تیری ایسی تعریف کروں جو تیری شان کے لائق ہو تو ایسا ہی ہے جیسا کہ تو نے خود اپنی تعریف کی ہے" (مشکوٰۃ بحوالہ مسلم)۔

اسی طرح نبی کریم ﷺ سے نفلی نمازوں میں اور بھی بہت سی دُعائیں منقول ہیں اور صحابہ کرامؓ نے ان دُعاؤں کو سن بھی لیا ہے۔ مثلاً حضرت عبداللہ بن عباسؓ کم سن بچے تھے، وہ کبھی کبھی اپنی خالہ امّ المومنین حضرت میمونہؓ کے ہاں رات گذارتے تھے، انہوں نے بھی نبی کریم ﷺ سے حالت سجدہ میں دُعائیں سنی ہیں جو حدیث کی کتابوں میں موجود ہیں (نسائی باب الدُعاء فی السجود)۔ ایسے اوقات کی دُعاؤں کے بارے میں کہنا کہ یہ بھی تعلیم کیلئے تھیں جبکہ یہ بات بھی غور طلب ہے کہ آپ ﷺ بالکل تنہا ہیں اللہ تعالیٰ کیساتھ مناجات میں مشغول ہیں اور سننے والے کا اچانک آپ ﷺ کے پاس گذر ہوا یا آپ ﷺ کو ایسی حالت میں پایا۔ اب ایسے اوقات کی دُعاؤں کے بارے میں یہ کہنا کہ یہ دُعائیں صرف دوسروں کی تعلیم کیلئے تھیں کس قدر غلط اور بیہودہ بات ہے۔

نماز استسقاء کے بعد نبی کریم ﷺ نے بارش کیلئے جہراً دُعائیں مانگیں ہیں اور آج تک امت کا یہ معمول رہا ہے کہ معتدل جہر کے ساتھ نہیں بلکہ بلند آواز کے ساتھ بارش کیلئے دُعائیں مانگیں جاتی ہیں بلکہ خطبہ کے دوران بھی نبی کریم ﷺ سے جب دُعا کی درخواست کی گئی تو آپ ﷺ نے جہراً دُعا مانگی۔ جیسا کہ حضرت انسؓ سے روایت ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ایک مرتبہ قحط پڑ گیا۔ انہی دنوں نبی کریم ﷺ جمعہ کے دن خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ ایک دیہاتی آئے اور کھڑے ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہمارے مال و اسباب (یعنی کھیتی باڑی مویشی اور باغات قحط کی وجہ سے) برباد ہو گئے اور اہل وعیال بھوک سے بلبلا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے ہمارے لئے دُعا فرمائیں۔ آپ ﷺ نے یہ سنتے ہی ہاتھ اٹھا کر یہ دُعا مانگی: "اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا، اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا، اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا: اے اللہ ہم کو پانی پلا دے، اے اللہ ہم کو پانی پلا دے، اے اللہ ہم کو

پانی پلا دے" اللہ تعالیٰ نے خوب بارش برسا دی ایک ہفتہ تک بارش جاری رہی دوسرے جمعہ پھر آپ ﷺ خطبہ دے رہے تھے کہ وہی صاحب ایک دوسرے شخص کے ساتھ آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ بارشوں سے مکان گر رہے ہیں اور مال و اسباب ڈوب رہے ہیں، آپ ﷺ اللہ تعالیٰ سے دُعا کریں کہ بارش تھم جائے تو آپ ﷺ نے ہاتھ اٹھا کر یہ دُعا فرمائی؛ "**اللّٰهُمَّ حَوالَيْنَا وَلا عَلَيْنَا**: اے اللہ ہمارے ارد گرد اطراف میں برسا ہم پر نہ برسا" (بخاری، جلد ا، ص ۱۳۷ اور مسلم جلد ا، ص ۲۹۳) نیز حضرت جابر بن عبد اللہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں کچھ عورتیں حاضر ہوئیں جو قحط کی وجہ سے رو رہی تھیں۔ تو نبی کریم ﷺ نے دُعا مانگی کہ؛"**اَللّٰهُمَّ اسقنا غيثاً مغيثاً مَرِيئاً مريعاً نافعاً غيرَ ضارٍّ عاجلاً غيرَ آجِل** :اے اللہ ہم پر ایسی بارش برسا جو فریاد رسی کرنے والی ہو ارزانی پیدا کرنے والی نفع دینے والی ہو، نقصان کرنے والی نہ ہو" (المنتقی المختار، ص ۱۶۴، بحوالہ ابوداؤد)۔

## نبی کریم ﷺ کا دوسروں کیلئے جہراً دُعا کرنا:

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ؛

> نبی کریم ﷺ میری عیادت کیلئے تشریف لائے اور کہا کہ؛ **اَللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْداً، اَللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْداً، اَللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْداً** : اے اللہ سعد کو شفا دے، اے اللہ سعد کو شفا دے، اے اللہ سعد کو شفا دے (المنتقی المختار، ص ۱۲۰ بحوالہ صحیح مسلم)۔

حضرت عبد اللہ بن یسرؓ سے روایت ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ میرے والد کے پاس بطور مہمان تشریف لائے۔ چنانچہ ہم نے آپ ﷺ کی خدمت میں کھانا پیش کیا اور آپ ﷺ نے تناول فرمایا پھر کھجوریں پیش کی گئیں آپ ﷺ نے کھجوریں بھی کھائیں اس کے بعد پانی پیش کیا گیا اور آپ ﷺ نے پیا پھر میرے والد نے جو آپ ﷺ کی سواری کی لگام پکڑے ہوئے تھے عرض کیا اللہ تعالیٰ سے میرے لئے دُعا کیجئے، تو آپ ﷺ نے یہ دُعا فرمائی؛

> **اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ**: اے اللہ انہیں تو نے جو کچھ رزق دیا ہے اس میں برکت فرما ان کو بخش دے اور ان پر رحم فرما (مشکوٰۃ کتاب الدعوات بحوالہ صحیح مسلم)۔

نبی کریم ﷺ کی یہ دُعا جہراً تھی اور باپ بیٹے دونوں نے سنی اور تسلی ہوئی۔ اسی طرح آپ ﷺ نے بہت سے

بیماروں، مسافروں اور دوسرے لوگوں کیلئے ان کے سامنے دُعائیں کیں، اگر صرف ان دُعاؤں کو جمع کیا جائے تو وہ بھی سینکڑوں کی تعداد کو پہنچ جائینگی اور آپ ﷺ کی یہ ساری دُعائیں جہراً تھیں۔

## سفر،لڑائی اور مسجد بنانے کے اوقات میں نبی کریم ﷺ کا لوگوں کے سامنے دُعائیں مانگنا، بلکہ صحابہ کرامؓ سے مل کر موزوں دُعا بار بار پڑھنا اور اکیلے میں جہری دُعائیں پڑھنا:

نبی کریم ﷺ نے لڑائی کے اوقات میں اکیلے بھی جہری دُعائیں مانگی ہیں اور لوگوں کے سامنے بھی، بلکہ صحابہ کرامؓ سے مل کر موزوں اور نظم کی صورت میں بھی دُعائیں مانگی ہیں۔ چنانچہ مدینہ منورہ میں مسجد نبوی بناتے وقت صحابہ کرامؓ کے ساتھ مل کر نبی کریم ﷺ پتھر وغیرہ اپنے کندھوں پر اٹھا اٹھا کر لیجا رہے تھے اور سب مل کر یہ شعر دُعائیہ انداز میں بار بار پڑھ رہے تھے۔

اَللّٰھُمَّ لاخیر اِلَّا خَیر الآخرۃ
فَاغْفِر اِلانصَار وَ المھاجرۃ

اے اللہ آخرت کے علاوہ کوئی خیر نہیں
پس تو انصار اور مہاجرین کو بخش دے

غزوہ احزاب کے موقع پر صحابہ کرامؓ نے خندق کھودنا شروع کیا تا کہ دشمن پار کر کے نہ آسکیں اور آپ ﷺ بنفس نفیس خود بھی خندق کھودنے میں شریک تھے اور تین دن سے صحابہ کرامؓ اور آپ ﷺ نے کچھ کھایا پیا نہ تھا، لیکن پھر بھی صبر وتحمل کے ساتھ صحابہ کرامؓ کھدائی میں مشغول تھے بھوک اور مشقت کی یہ حالت دیکھ کر آپ ﷺ بار بار یہ الفاظ پڑھتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ ان العیش عیش الاخر
فاغفر الانصار و المھاجرۃ

اے اللہ بلاشبہ زندگی بس آخرت ہی کی ہے
پس انصار اور مہاجرین کو بخش دے

توجب آپ ﷺ یہ مذکورہ بالا دُعائیہ شعر مانگتے تھے تو صحابہ کرامؓ جواب میں یہ کہتے تھے۔

نحن الذین بایعوا محمداً

علـــی الـجهـــاد مـــا بـقيـنـــا ابـــداً

ہم وہ ہیں جنہوں نے محمد ﷺ کی بیعت کی ہے

جب تک ہم زندہ ہیں ہمیشہ جہاد کریں گے [1]

نیز خندق کھودتے وقت آپ ﷺ مذکورہ دُعا کے علاوہ اور دُعائیں بھی نظم کی صورت میں مانگتے تھے، چنانچہ حضرت براء بن عازبؓ نے فرمایا کہ غزوہ احزاب کے موقع پر میں نے دیکھا کہ آپ ﷺ خندق کھودرہے ہیں اور آپ ﷺ کے شکم انور کو مٹی کے گرد وغبار نے چھپا رکھا تھا۔ اور آپ ﷺ اشعار میں یہ دُعائیں پڑھ رہے ہیں۔

الـلّهُــمّ لــو لاانـــت مـــا اهتـديـنـــا

و لا تـــصـــدّقـــنـــا و لاصـــلّيـنـــا

فـــانـــزلـــن سـكـيـــنة عـــليـنـــا

و بّـــــت الاقـــدام ان لاقيـــنـــا

انّ الاولـــیٰ قـــد بـــغـــوا عـــليـنـــا

اذا ارادو فتـــــنة ابيـــــنـــــا

اے اللہ اگر آپ ہدایت نہ دیتے تو ہم ہدایت نہ پاتے، اور نہ صدقہ دیتے اور نہ نماز پڑھتے، پس اب ہم پر سکینہ (قلبی سکون و اطمینان) نازل فرمایئے، اور اگر (دشمن سے) ہماری مڈبھیڑ ہو جائے تو ہمارے قدموں کو ثابت قدم رکھیئے،، بلاشبہ ان (کافر اور مشرک) لوگوں نے ہم پر ظلم کیا، اور جب یہ لوگ ہمیں فتنہ میں ڈالنے کا ارادہ کریں گے تو ہم انکار کریں گے۔

(بخاری جلد ا، ص ۳۹۸)

اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ "رفـع صـوتـه بهـا ابينا ابينا "یعنی آخری لفظ ابینا ابینا (دوسرے اشعار کے مقابلہ میں) زیادہ آواز بلند کے ساتھ مکرر پڑھتے تھے (بخاری، جلد ا ص ۵۸۹)۔

---

[1] دیکھئے بخاری، جلد ا، ص ۶۱۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ:

رسول اللہ ﷺ جب جہاد یا حج یا عمرہ سے واپسی میں سفر میں ہوتے تو ہر بلند جگہ (مثلاً ٹیلے وغیرہ) پر چڑھتے ہوئے تین مرتبہ اللہ اکبر کہتے تھے اور پھر یہ کلمات کہتے تھے **"لاالٰہ الا اللّٰہ وحدہ لاشریک لہ ، لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کلّ شیءٍ قدیر، ائبون تائبون عابدون ساجدون لربّنا حامدون،صدق اللّٰہ وعدہ ونصر عبدہ وھزم الاحزاب وحدہ"** (مشکوٰۃ کتاب الدعوات بحوالہ صحیح بخاری وصحیح مسلم )۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ آپ ﷺ کی تکبیریں ان تمام موقعوں پرسن کرتب ہی تو فرماتے ہیں کیوں کہ یہ تکبیریں جہر کے ساتھ تھیں البتہ یہ جہر معتدل تھا،شدید نہ تھا۔ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ نبی کریم ﷺ کے لشکر جب پہاڑیوں پر چڑھتے تو اللہ اکبر کہتے اور جب نیچے اترتے تو سبحان اللہ کہتے (دیکھئے ریاض الصالحین بحوالہ ابوداؤد)۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ جہراً تکبیر وغیرہ بعد میں بھی ہوتی رہیں البتہ وہ جہرِ معتدل کے ساتھ ہوتی تھیں۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے تھے کہ غزوہ بدر میں جب رسول اللہ ﷺ نے مشرکین کی طرف نظر کی اور آپ ﷺ کو یہ معلوم ہوا کہ کفار کی تعداد ایک ہزار ہے اور مسلمان تین سوانیس تو مسلمانوں کے بے سروسامانی اور قلیل تعداد کو دیکھ کر سخت متفکرّ ہوئے۔اپنے قبّہ میں تشریف لائے اور قبلہ رخ ہوکر نہایت عاجزی کے ساتھ دُعا کی اور صحیح مسلم نے آپ ﷺ کی دُعا کی تصویریوں پیش کی ہے۔

**ثم مدّ یدیہ فجعل یھتف بربّہٖ اللّٰھُمّ انجزلی ما وعدتّنی، اللّٰھُمّ اٰتِ ما وعدتّنی، اللّٰھُمّ انّک ان تھلک ھذہ العصابۃ من الاسلام لاتعبد فی الارض فمازال یھتف بربّہٖ مادًّایدیہ مستقبل القبلۃ حتی سقط رداؤہٗ عن منکبیہ فاتاہٗ ابوبکر فاخذ ردائہ فالقاہ علیٰ منکبیہ ثم التزمہ من ورائہٖ وقال یا نبیّ اللّٰہ کفاک منا شدتک ربک فانہ سینجزلک ماوعدک:** (نبی کریم ﷺ قبّہ کے اندآ کر قبلہ رو ہوئے ) پھر ہاتھوں کو دراز کیا اوراپنے پروردگار کو پکارنے اور فریاد کرنے لگے کہ،اے اللہ میں تجھ سے تیرے وعدہ کو پورا کرنے کی درخواست کرتا ہوں، اے اللہ تو نے جو وعدہ مجھ سے کیا تھا اسے پورا فرمادے، اے اللہ اگر اہلِ اسلام کی یہ جماعت ہلاک ہوگئی تو روئے زمین پر تیری بندگی کہیں نہ ہوگی۔رسول اللہ ﷺ دیر تک

ہاتھ پھیلائے ہوئے قبلہ رخ ہو کر اپنے رب سے فریاد کرتے رہے یہاں تک کہ کندھوں پر سے چادر گر گئی۔ پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے آپ ﷺ کی چادر کو اٹھایا اور آپ ﷺ کے کندھوں پر ڈال دیا پھر پیچھے سے آپ ﷺ کے ساتھ چپک گئے اور عرض کیا، اے اللہ کے نبی ﷺ بس کافی ہے آپ نے اپنے پروردگار سے بہت الحاح وزاری کی اللہ تعالیٰ یقیناً اس وعدہ کو پورا کرے گا جو اس نے آپ سے کیا ہے (صحیح مسلم، جلد۲،ص۹۳ اور صحیح بخاری کتاب المغازی و کتاب الجہاد و تفسیر سورۃ القمر)۔

جنگ کی حالت اور فریاد وزاری کا وقت اور قبّہ کے اندر نبی کریم ﷺ کا جانا پھر دُعا کے الفاظ صحابہ کرامؓ کا یاد کرنا بلاشبہ اسی وقت ہوسکتا ہے جبکہ نبی کریم ﷺ کی یہ دُعا جہر اور بلند آواز کے ساتھ ہو۔ پہلے بیان کر چکا ہوں کہ یہ مشاہدہ بھی ہے انسانی فطرت وطبیعت بھی ہے کہ جب انسان مضطرّ ہو جاتا ہے تو بے اختیار اس کی چیخیں نکلتی ہیں۔ بچے کو دیکھئے کہ پریشانی کی حالت میں ماں کو دیکھ کر روتا ہے کسی رحمدل کے پاس جب بھی کوئی دکھا ہوا انسان آتا ہے تو اپنی پریشانی کے مطابق چلاّ کر روتا ہے فریاد کرتا ہے جو شریعت مطہرہ اور فطرت انسانی کے عین مطابق ہے، انسان جب بھی مجبور ہو جاتا ہے اور سخت مجبوری کی حالت میں جب وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے ہاتھ پھیلاتا ہے تو رو پڑتا ہے اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ اس کی چیخیں نکل جاتی ہیں۔ چلاّ کر روتا ہے ایسی صورت میں اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ وہ اللہ تعالیٰ کو اپنا رونا اور چلاّنا سناتا ہے، بلکہ یہ اس کے خود اپنے جذبات اور اندرونی کیفیت ہوتی ہے جو ابھر کر زبان اور آنکھوں وغیرہ اعضاء سے ظاہر ہو جاتی ہے اور یہ اس کے نہایت خدا پرستی اور اللہ تعالیٰ پر حد درجہ یقین کی وجہ سے ہوتا ہے اس لئے وہ اوروں کے بجائے اللہ تعالیٰ کے سامنے گڑگڑاتا ہے اور فریاد کرتا ہے۔

اس حدیث میں "**فجعل یھتف** اور **مازال یھتف**" کے الفاظ آئے ہیں اور لغت میں "**ھتف**" کے معنی ہیں آواز دینا، پکارنا، بلند آواز سے بلانا۔ "**قال: اھتف بالانصار** : آنحضرت ﷺ نے جنگ حنین میں حضرت عباسؓ سے فرمایا انصار کو آواز دو، بلاؤ" **فجعل یھتف** : لگے دُعا کرنے اپنے مالک کو پکارنے اس سے فریاد کرنے۔ (دیکھئے لغات الحدیث) اور ھتف کے یہی معنی یعنی بلند آواز سے بلانا لغت کی دوسری کتابوں میں بھی موجود ہیں اور امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ؛ "**معناہ یصیح و یستغیث باللّٰہ بالدُّعاء**: اس کے معنی چیخنے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا میں فریاد کرنے کے ہیں" اس حدیث کے تحت حضرت امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ؛ "**و فیہ استحباب استقبال القبلۃ فی الدُعاء و رفع الیدین فیہ و انہ لاباس برفع الصوت فی الدُعاء** : اور اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے کہ قبلہ رخ ہو کر دُعا مانگنا مستحب ہے اور دُعا میں ہاتھ اٹھانا بھی، نیز یہ کہ دُعا میں آواز بلند

کرنے میں کوئی حرج نہیں" (شرح مسلم، جلد۲، ص۹۳)۔

## نبی کریم ﷺ کی کفار ومشرکین اور ظالموں کیلئے جہراً بددعائیں:

نبی کریم ﷺ سے نماز کی حالت میں بھی جہرً ادُعائیں اور بدُ عائیں ثابت ہیں اور قنوت نازلہ بھی جب کوئی مصیبت اور بلاء مسلمانوں پر نازل ہوتی تو ایسے سخت حالات میں صبح کی دوسری رکعت میں رکوع کے بعد کھڑے کھڑے آپ ﷺ دُعائیں مانگتے تھے اور آپ ﷺ یہ دُعائیں جہراً پڑھتے تھے اور مصیبت کے وقت اب بھی اسی طرح کی دُعائیں صبح کی نماز میں دوسری رکعت کے رکوع کے بعد پڑھی جاسکتی ہیں اور یہ طریقہ سب کے نزدیک جائز ہے۔

نماز کے بغیر بھی آپ ﷺ نے جہراًبددعائیں کی ہیں چنانچہ جب مشرکین قریش نے نبی کریم ﷺ کو سخت ایذاء پہنچائی اور سجدہ کی حالت میں اونٹ کی اوجڑی آپ ﷺ کے کندھوں پر رکھ دی اور کفار ومشرکین ہنستے رہے اور حضرت فاطمہؓ کو جب خبر ہوئی دوڑتی ہوئی آئیں اور اوجڑی کو آپ ﷺ پر سے ہٹایا اور جب آپ ﷺ نے نماز ختم کی تو دُعا کی؛

> **اللّٰھمّ علیک بِقریش ثلٰث مرّات فشقّ علیھم اذادعاعلیھم قال وکانوا یرون انّ الدعوۃ فی ذالک البلاد مستجابۃ، ثم سمی، اللّٰھمّ علیک بابی جھل وعلیک بعتبۃ بن ربیعۃ وشیبۃ بن ربیعۃ والولیدبن عتبۃ وامیۃ بن خلف وعقبۃ بن ابی معیط**: اے اللہ قریش کو پکڑ لے، اے اللہ قریش کو پکڑ لے، اے اللہ قریش کو پکڑ لے۔ روای کہتے ہیں کہ یہ دُعا قریش پر بہت شاق گذری کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ اس شہر میں دُعا قبول ہوتی ہے (اس کے بعد روای کہتے ہیں کہ) پھر آپ ﷺ نے ایک ایک کے نام لئے، آپ ﷺ نے کہا اے اللہ ابوجہل، عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ولید بن عتبہ، امیہ بن خلف، عقبہ بن ابی معیط کو پکڑ لے (جن جن کے آپ ﷺ نے نام لئے یہ سب جنگ بدر میں قتل ہوئے) (بخاری کتاب الوضوء، کتاب الصلوٰۃ، کتاب احادیث الانبیاء وصحیح مسلم کتاب الجہاد)۔

اگر یہ بددعا جہراً نہ تھی تو یہ پھر یہ کفار ومشرکین پر شاق کیوں گذری اور کیوں ہنسنے وغیرہ سے رک گئے معلوم ہوا کہ یہ بددعا جہراً تھی اور اس قدر جہراً تھی کہ کفار ومشرکین سن کر خاموش ہوگئے اور دب گئے۔ اس طرح صحابہ کرامؓ نے بھی بعض لوگوں کیلئے بدعائیں مانگی ہیں بلکہ ظالم مسلمانوں کو بھی بدعائیں دی ہیں، جو حدیث کی کتابوں میں موجود

ہیں۔ مثلاً سعد رضی اللہ عنہ نے اسامہ بن قتادۃ کیلئے بددُعا کی۔ اور سعید بن زیدؓ نے اروی بنت اویس کو بددعا دی اور وہ بددعائیں قبول بھی ہوئیں۔ وہ بددعائیں جہراً ہی تھیں اس لئے لوگوں نے سنیں (کتاب المنتقی المختار، ص ۲۸۹ تا ۲۹۰ بحوالہ صحیح بخاری، مسلم)۔

## بالکل آخر وقت میں آپ ﷺ سے جہراً دُعا کا ثبوت:

حضرت عائشہ صدیقہ ؓ کہتی ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا جب آپ ﷺ سکرات الموت میں مبتلا تھے آپ ﷺ کے پاس ایک بڑا برتن رکھا ہوا تھا جس میں پانی تھا، آپ ﷺ اپنا ہاتھ برتن میں ڈبوتے پھر اپنا ہاتھ چہرہ مبارک پر پھیرتے اور یہ دُعا کیا کرتے تھے؛

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّی عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ: اے اللہ موت کی سختیوں کے وقت میری مدد فرما (دیکھئے کتاب المنتقی المختار، ص ۱۲۷، بحوالہ ترمذی وابن ماجہ) نیز حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں؛ سمعت النبیّ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم وھو مستند الیَّ یقول اللّٰھمّ اغفرلی وارحمنی والحقنی بالرفیق الاعلٰی: نبی کریم ﷺ مجھے تکیہ لگائے ہوئے (یعنی میرے سینے سے اپنی کمر لگائے بیٹھے ہوئے) کی حالت میں یہ دُعا پڑھ رہے تھے، اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق اعلی کے ساتھ ملا دے (کتاب المنتقی المختار، ص ۱۲۷، بحوالہ صحیح بخاری وصحیح مسلم)۔

## نبی کریم ﷺ کا جہراً استغفار:

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ؛

ان کنا لَنَعُدَّ لرسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم فی المجالس یقول ربّ اغفرلی وتب علی انّک انت التوّاب الغفور مائة مرّة: ہم رسول اللہ ﷺ کی ایک مجلس میں رسول اللہ ﷺ کی استغفار کو شمار کرتے تھے وہ سو مرتبہ یہ کہا کرتے تھے، میرے پروردگار مجھے بخش دے اور میری توبہ قبول فرما بلاشبہ تو ہی بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے (مشکوٰۃ باب التوبہ بحوالہ احمد، ترمذی، ابوداوٗد اور ابن ماجہ) یہ استغفار جہراً تھا اس لئے تو وہ اس کو شمار کر سکتے تھے۔

حضرت ام ھانیؓ سے روایت ہے کہ؛

**کنت اسمع قرأۃ النبی صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم وانا علی عریشی:** میں نبی کریم ﷺ کی قرأت ایسی حالت میں سنتی تھی جبکہ میں بالا خانہ میں بیٹھی ہوتی تھی (سنن نسائی، جلد ا،ص ۱۵۷)۔

حضرت عبداللہ بن ابی قیسؓ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے چند مسائل پوچھے ان میں ایک یہ بھی تھا کہ؛

**کیف کان قرأتہ کان یسّر بالقراء ۃ ام یجھر قالت: کلّ ذالک کان یفعل قد کان ربّما اسرّو ربما جھر:** نبی کریم ﷺ کی قرأت کیسی تھی کیا وہ قرأت سراً اور چھپ کر کرتے تھے یا جہراً کیا کرتے تھے؟ حضرت عائشہؓ نے فرمایا ہر طرح کی قرأت کرتے تھے کبھی سراً اور چھپ کر کیا کرتے تھے اور کبھی جہراً کیا کرتے تھے، (یہ سن کر) حضرت عبداللہ بن ابی قیسؓ نے فرمایا کہ؛**الحمد للّٰہ الذی جعل فی الامر سعۃ:** تمام تعریفیں اس ذات کیلئے ہیں جس نے دین میں وسعت فراخی (آسانی) کردی ہے (ترمذی، جلد۲، آخر ابواب فضائل القرآن، ص ۱۲۰)۔

## صحابہ کرامؓ کا ذکر وتلاوت اور دُعاؤں میں جہر اور نبی کریم ﷺ کی طرف سے ان کے جہر کی تائید:

حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ؛

حضرت ابوموسیٰؓ اپنے گھر میں بیٹھے تھے اور ان کے پاس لوگ جمع ہو گئے تو انہوں نے قرآن مجید پڑھ کر سنانا شروع کیا ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ: تعجب کی بات ہے کہ ابوموسیٰؓ گھر میں بیٹھے ہیں اور لوگ ان کے پاس جمع ہوئے ہیں اور انہوں نے قرآن مجید پڑھ کر انہیں سنانا شروع کیا ہے، تو آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم یہ کر سکتے ہو کہ مجھے ایسی جگہ بٹھا دو کہ مجھے ان میں سے کوئی نہ دیکھ سکے اس شخص نے آپ ﷺ کو ایسی جگہ بٹھا دیا کہ ان میں سے کوئی آپ ﷺ کو نہیں دیکھ سکا اور آپ ﷺ نے حضرت ابوموسیٰؓ کی قرأت سنی اور فرمایا؛ **انہ یقرء علی مزمار من مزامیر آل داؤد:** کہ یہ داؤد علیہ السلام جیسے لہجہ میں قرآن مجید پڑھ رہے ہیں (رواہ ابویعلی، اسنادہ حسن کذا فی مجمع الزوائد، جلد۹، ص ۳۶۰)۔

# مسجد میں معتدل جہر کے ساتھ دُعا اور آدابِ دُعا کے بارے میں نبی کریم ﷺ کا ارشاد:

حضرت فضالہ بن عبیدؓ کہتے ہیں کہ؛

ایک روز رسول اللہ ﷺ بیٹھے تھے کہ اچانک ایک شخص آیا اور نماز پڑھی اور پھر یہ دُعا مانگی **اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِی** :اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما۔ یہ سن کر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛ **عَجَّلْتَ اَیُّھَاالْمُصَلِّی اذا صلیت فقعدت فاحمد اللّٰہ بما ھو اھلہٗ و صلِّ عَلَیَّ ثُمَّ ادعہٗ** : اے نماز پڑھنے والے تم نے (دُعا کے آداب ترک کرکے) جلدی کی (پھر اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا) جب تم نماز پڑھو تو (نماز کے بعد دُعا کیلئے بیٹھو) اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء جیسا کہ وہ اس کے لائق ہے بیان کرو اور مجھ پر درود بھیجو، پھر اللہ تعالیٰ سے مانگو۔ حضرت فضالہؓ کہتے ہیں کہ اس کے بعد ایک دوسرے شخص آئے اور نماز پڑھی نماز کے بعد حمد و ثناء بیان کی اور نبی کریم ﷺ پر درود بھیجا تو آپ ﷺ نے فرمایا؛ **ایھاالمصلّی ادع تجب**: اے نماز پڑھنے والے دُعا مانگ قبول کی جائیگی (مشکوٰۃ باب الصلوٰۃ علی النبی ﷺ بحوالہ ترمذی، ابوداؤد اور نسائی)۔

اس حدیث میں خوب غور کریں تو معلوم ہو جائیگا کہ یہ دُعائیں، اذکار جہراً تھیں چنانچہ پہلے شخص نے جب دُعا میں صرف اس قدر الفاظ پڑھے کہ "**اللّٰھمّ اغفرلی وارحمنی**" تو نبی کریم ﷺ نے آواز دی کہ اے نمازی تو نے جلدی کی تو آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے صحابی فضالہؓ نے اس شخص کے یہ دُعائیہ کلمات سن لئے تھے اس لئے تو فرمایا کہ تو نے جلدی کی ورنہ اگر وہ شخص چپکے چپکے دُعا میں مشغول رہتا تو نہ صحابہ کرامؓ اس کی دُعا کو سنتے اور یاد کرتے اور نہ نبی کریم ﷺ اس کو یہ فرماتے کہ تو نے جلدی کی۔ نیز وہ شخص قدرے دور بھی تھا ورنہ نبی کریم ﷺ آواز نہ دیتے کہ؛"**ایّھاالمصلّی**" اے نمازی، بلکہ بعض روایتوں میں یہ بھی آیا ہے کہ "**ثم دعاہ**" پھر نبی کریم ﷺ نے اس کو بلایا (دیکھئے کتاب المنتقی المختار، ص ۱۰۱، بحوالہ ابوداؤد، ابن ماجہ و ترمذی) جس سے اچھی طرح یہ بات معلوم ہوئی کہ وہ شخص کچھ فاصلہ پر تھا اور وہاں بیٹھ کر جہراً دُعا کی، آواز اتنی اونچی تھی کہ نبی کریم ﷺ نے اس کی دُعا کو سن لیا۔ پھر دوسرے شخص نے نماز کے بعد حمد و ثناء اور درود شریف جہراً ہی پڑھا تھا اس لئے تو صحابہ کرامؓ نے سنا اور نبی کریم ﷺ نے ان کو پکارا کہ اے نمازی دُعا مانگ، دُعا قبول کی جائیگی۔ غور

کیجئے یہاں نبی کریم ﷺ نے پہلے شخص کو دُعا کے آداب میں یہ تو بتلایا کہ دُعا میں حمد وثناء اور درود شریف ہونا چاہیئے لیکن جہر کرنے سے منع نہیں فرمایا اور جس شخص نے جہراً درود شریف حمد وثناء پڑھی نبی کریم ﷺ نے اس کو بھی جہر سے منع نہیں کیا بلکہ فرمایا کہ دُعا مانگو قبول کی جائیگی۔

حضرت بریدہؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ایک شخص کو یہ دُعا مانگتے ہوئے سنا کہ؛

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیُ اَسئَلُکَ بِاَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہ لَااِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیُ لَمُ یَلِدُ وَلَمُ یُوْلَدُ وَلَمُ یَکُن لَّہٗ کُفُواً اَحَد**: اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس وجہ سے کہ تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں تو ایسا یکتا اور بے نیاز ہے کہ نہ تو اس نے کسی کو جنا اور نہ اسے کسی نے جنا اور اس کا کوئی ہمسر نہیں (یہ سن کر نبی کریم ﷺ نے) فرمایا کہ؛ **دعا اللّٰہَ باسم الاعظم الذی اذاسُئل به اعطیٰ و اذادُعی به اجاب**: اس شخص نے ایسے اسم اعظم کے ساتھ دُعا مانگی کہ جب اللہ تعالیٰ سے اس کے ذریعے سوال کیا جاتا ہے تو وہ سوال پورا کرتا ہے اور جب اس کے ذریعے دُعا مانگی جاتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے (یعنی وہ دُعا اکثر قبول ہوتی ہے) (دیکھئے مشکوٰۃ کتاب اسماء اللہ تعالیٰ بحوالہ ترمذی وابوداوٗد)۔

یہاں اس دُعا والے کی دُعا کو نبی کریم ﷺ وصحابہ کرامؓ نے سنا، نبی کریم ﷺ نے اس کے اس جہری ذکر اور دُعا کی کوئی تردید نہیں کی بلکہ تائید کی۔

حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ؛

رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کے بارے میں جن کو ذوالبجادین کہا جاتا ہے فرمایا؛ "**انَّہٗ اوّاہ**: بے شک یہ (اللہ تعالیٰ کو) فریاد کرنے والا ہے" اور حضرت عقبہ بن عامرؓ کہتے ہیں کہ؛ **وذالک انہٗ کان یکثر ذکراللّٰہ بالقرآن والدُعاء ویرفع صوتہٗ**: اس کو اسی وجہ سے "**انَّہٗ اوّاہ**" یعنی فریادی کہا جاتا تھا کہ وہ کثرت سے قرآن کے ساتھ اور دُعا کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا تھا اور اپنی آواز کو بلند کیا کرتا تھا (حیاۃ الصحابہؓ، جلد۳، ص ۳۲۲)۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ؛

وہ کہتے ہیں کہ ہم نے بقیع میں ایک آگ دیکھی تو ہم اس آگ کے پاس آئے تو کیا دیکھتے

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ قبر کے اندر سے آواز دے رہے ہیں کہ مجھے آدمی (یعنی میت کی لاش) دے دو تو لوگوں نے آپ ﷺ کو قبر کے پیر کی جانب سے دے دی، حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ جب میں غور سے دیکھا "**فاذاھو الذی کان یرفع صوته بالذکر**: تو وہ وہی آدمی تھا جو اپنی آواز کو ذکر کے ساتھ بلند کرتا تھا" (ابوداؤد جمع الفوائد جلدا، ص ۱۳۷؛ حلیۃ الاولیاء، جلد۲، ص ۳۳۸؛ حیاۃ الصحابہؓ، جلد۳، ص ۳۲۱)۔

حضرت ابوذ ھیر نمیریؓ سے روایت ہے کہ؛

ہم ایک رات نبی کریم ﷺ کے ساتھ نکلے تو ہم ایک ایسے شخص کے پاس آئے، "**قد الحّ فی المسئلة فقال النبیّ صلّی اللّٰه علیه وسلّم: اوجب ان ختم** : جو دُعا میں از حدالحاح وزاری کررہا تھا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا (دُعا کی قبولیت کو) واجب کیا اگر ختم کیا۔ تو ایک شخص نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ کس چیز کے ساتھ ختم کرے، آپ ﷺ نے فرمایا" آمین کے ساتھ "(مشکوٰۃ بحوالہ ابوداؤد) چونکہ اس شخص کی آہ وزاری سنائی دے رہی تھی اوراس قدر آواز کے ساتھ تھی کہ راستے پر سے گذرتے ہوئے بھی نبی کریم ﷺ اورآپ ﷺ کے صحابہؓ نے اس کی آہ وزاری کو سن لیا۔

## مسجد میں جہری دُعائیں اور بلند آواز کے ساتھ تلاوت:

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ؛

میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ مسجد میں بیٹھا تھا اورایک شخص نماز پڑھ رہا تھا اس نے نماز کے بعد یہ دُعا مانگی، "**اللّٰھمّ انّی اسألک بانّ لک الحمد لااله الاّ انت الحنّان المنّان بدیع السمٰوٰت والارض یا ذاالجلال والاکرام یا حیّ یاقیّوم اسئلک**: یااللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس وجہ سے کہ تمام تعریفیں تیرے لئے ہیں تیرے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں تو بہت ہی شفقت کرنے والا، بہت ہی احسان کرنے والا، اورآسمانوں وزمین کا پیدا کرنے والا ہے، اے بزرگی وبخشش کے مالک، یاحیّ یاقیّوم میں تجھ سے سوال کرتا ہوں" (یہ سن کر نبی کریم ﷺ نے) فرمایا؛ "**دُعا اللّٰه باسمه الاعظم الّذی اذا دعی به اجاب واذاسئل به اعطی**: اس شخص نے اللہ تعالیٰ سے اس اسم اعظم کے ذریعہ دُعا مانگی کہ جب اس کے ذریعے دعا کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اسے

قبول کرتا ہے اور جب اس کے ذریعہ سے سوال کیا جاتا ہے تو وہ سوال پورا کرتا ہے"(ترمذی، ابوداؤدونسائی، مشکوٰۃ کتاب اسماءاللہ تعالیٰ)۔

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس شخص نے جہراً دُعا کی جو نبی کریم ﷺ نے سنی اور صحابہ کرامؓ نے یاد کی نیز یہ کہ مسجد ہی میں دُعا مانگ رہا تھا۔ نبی کریم ﷺ نے تائید کی تردید نہیں کی۔

## صحابہ کرامؓ ذکرِ جہر کے بدعت ہونے کا تصور بھی نہیں کرتے تھے:

حضرت بریدہؓ سے روایت ہے کہ؛

ایک دن میں عشاء کی نماز کیلئے مسجد میں داخل ہوا تو وہاں کیا دیکھتا ہوں کہ ایک شخص قرآن کریم پڑھ رہا ہے "ویرفع صوته" اوراپنی آواز کو بلند کررہا ہے۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ: کیا آپ اس شخص کوریاءکار نہیں کہیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا (نہیں) "بل مؤمن منيب: بلکہ مؤمن (اللہ تعالیٰ کی طرف اورغفلت سے ذکر کی طرف) رجوع کرنے والا ہے"۔(اس کے بعد حضرت بریدہؓ فرماتے ہیں کہ) اور ابوموسیٰ اشعریؓ بھی "یقرأ ویرفع صوتهٔ فجعل رسول الله صلى الله عليه وسلّم يتسمّع بقرأته "نماز میں بآواز بلند تلاوت کررہے تھے اور رسول اللہ ﷺ ان کی قرآت کو سنتے رہے"، پھر حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بیٹھے اور یہ دُعا کرنے لگے "اللّٰھمّ انّی اشھدک انک انت اللّٰه لا اله الا انت احداً صمداً لم يلد و لم يولد ولم يكن له كفواً احد: اے اللہ میں تجھ کو (اپنے اس اعتقاد واقرار پر) گواہ بناتا ہوں کہ تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں تو ایسا یکتا و بے نیاز ہے کہ نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ اسے کسی نے جنا اوراس کا کوئی ہمسر نہیں" (یہ سن کر) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس نے یقیناً اللہ تعالیٰ سے اس کے ایسے نام کے ذریعے سوال کیا کہ جب اسکے ساتھ سوال کیا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سوال کو پورا کرتا ہے اور جب اسکے ذریعے دُعا مانگی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس دُعا کو قبول فرماتے ہیں، حضرت بریدہؓ کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ میں نے آپ سے جو بات (ابوموسیٰ اشعریؓ کے حق) میں سنی اسے ابوموسیٰ تک پہنچادوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ "ہاں" چنانچہ میں نے ابوموسیٰؓ تک آپ ﷺ کا یہ ارشاد پہنچادیا تو (وہ بہت خوش ہوئے) انہوں نے کہا کہ آج کے دن سے تم میرے سچے

بھائی ہو کہ تم نے رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد مجھ تک پہنچایا ہے (مشکوٰۃ شریف کتاب اسماء اللہ تعالیٰ بحوالہ رزین)۔

اس پوری حدیث میں غور کریں اس سے یہ بات اچھی طرح معلوم ہو جاتی ہے کہ صحابہ کرامؓ مسجد وغیرہ میں جہر کامل یعنی بلند آواز کے ساتھ بھی ذکر و اذکار اور تلاوت وغیرہ کو نا جائز و بدعت نہیں کہتے تھے اس لئے حضرت بریدہؓ جس صحابیؓ کو نہیں پہچانتے تھے ان کے متعلق صرف اتنا پوچھا کہ یہ ریاء تو نہیں کر رہا ہے کہ اس قدر بلند آواز کے ساتھ تلاوت کر رہا ہے اسکے جواب میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ نہیں یہ مؤمن منیب ہے۔ اگر صحابہ کرامؓ ذکر جہری کو بدعت یا نا جائز کہتے پھر تو یوں پوچھتے کہ یا رسول اللہ ﷺ یہ شخص نا جائز و ممنوع کام یا بدعت میں مشغول تو نہیں۔ پھر غور کریں کہ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کو چونکہ حضرت بریدہؓ پہچانتے تھے اسلئے ان کے متعلق یہ سوال ہی نہیں کیا کیونکہ ان کو معلوم تھا کہ یہ منافق نہیں بلکہ جلیل القدر صحابیؓ ہیں نیز اسکے بعد انہوں نے دُعا بھی جہراً مانگی اور یہ اس قدر فاصلے پر تھے کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد اور پھر حضرت بریدہؓ کا سوال اور پھر آپ ﷺ کا جواب وہ خود نہ سن سکے بلکہ بریدہؓ نے ان کو یہ ساری بات پہنچائی اور یہ سب کچھ مسجد میں ہی تھا۔

حضرت عبداللہ ذوالبجادینؓ ایک صحابی ہیں جو بچپن میں یتیم ہو گئے تھے چچا کے پاس رہتے تھے اور وہ بہت اچھی طرح ان کی پرورش کرتے تھے ذوالبجادینؓ گھر والوں سے چھپ کر مسلمان ہو گئے تھے جسکی وجہ سے چچا اور ماں ان سے بیزار ہو گئے تھے اور چچا نے وہ تمام چیزیں چھین لیں جو اس نے ان کو دی تھیں۔ چنانچہ پھر وہ گھر سے ایسی حالت میں نکلے کہ چادر کو دو ٹکڑے کر کے آدھے کا تہہ بند باندھا اور آدھے کی چادر بنا کر اوڑھا۔ ایسی حالت میں مدینہ منورہ آ کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ کے دروازے پر پڑے رہتے تھے اور بہت کثرت سے بلند آواز کے ساتھ ذکر کرتے تھے۔ حضرت عمرؓ نے کہا کہ یہ شخص ریاء کار ہے کہ اس طرح ذکر کرتا ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛"بل هو احد الاوّاهين :(نہیں) بلکہ یہ اللہ تعالیٰ سے گریہ و زاری کرنے والوں میں سے ہے" جب ان کا انتقال ہوا تو نبی کریم ﷺ نے رات کے وقت چراغ کی روشنی میں اپنے ہاتھ مبارک سے دفن کیا اور آپ ﷺ کے ساتھ حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ ان کی تدفین میں شریک تھے۔ دفن کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" اللّٰهمّ انّى امسيت عنه راضياً فارض عنه : اے اللہ میں اس سے راضی ہوں تو بھی ان سے راضی ہو جا" (تفصیل کیلئے دیکھئے حیاۃ الصحابہؓ ج ۳ ص ۳۲۲)۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ حضرت عمرؓ اور صحابہ کرامؓ کا اعتراض بھی ذکر جہر پر نہ تھا بلکہ اندیشہ ریاء کی وجہ سے تھا لیکن نبی کریم ﷺ نے ان کی تردید فرمائی اور بتلایا کہ جب ذکر جہر ریاء سے خالی ہو تو ذکر بالجہر اوّاهین یعنی اللہ تعالیٰ سے گریہ و زاری

کرنے والوں کی علامت ہے۔

نیز حضرت ابن ادرعؓ سے روایت ہے کہ؛

میں نبی کریم ﷺ کی چوکیداری کرتا تھا ایک رات نبی کریم ﷺ کسی ضرورت سے باہر نکل آئے اور مجھے دیکھ کر ہاتھ سے پکڑا اور جاتے وقت ایک ایسے آدمی کے پاس سے ہم گذرے جو قرآن مجید کو بلند آواز سے پڑھ رہا ہے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ شاید یہ ریاء کاری کرتا ہو، حضرت ابن ادرعؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ یہ تو نماز پڑھتا ہے اور قرآن مجید جہراً پڑھتا ہے (تو یہ کیونکر ریاء کار ہوسکتا ہے) آپ ﷺ نے جواب میں فرمایا کہ تم لوگ اس بات کو پوری طرح نہیں پہنچ سکتے (کہ کون ریاء کار ہے اور کون منافق ہے اور کون نہیں کیونکہ تمہارے پاس نہ وحی آتی ہے اور نہ تم میں نبی کی طرح فراست ہوسکتی ہے)۔ حضرت ابن ادرعؓ کہتے ہیں کہ پھر آپ ﷺ ایک رات کسی حاجت کیلئے نکلے اور میں آپ ﷺ کی چوکیداری کرتا تھا تو آپ ﷺ پھر میرا ہاتھ پکڑ کر چل دیئے اور ایک ایسے آدمی پر ہمارا گذر ہوا جو جہراً قرآن مجید پڑھ رہا تھا تو میں نے عرض کیا کہ شاید یہ ریاء کاری کر رہا ہو، تو آپ ﷺ نے فرمایا **"کلا انہ اواب فنظرت فاذا عبداللّٰہ ذو البجادین"** ایسا ہرگز نہیں بلکہ یہ (اللہ تعالیٰ کی طرف) بہت زیادہ رجوع کرنے والا ہے۔ حضرت ادرعؓ کہتے ہیں تو میں نے دیکھا وہ عبداللہ ذوالبجادینؓ تھے (رواہ احمد ورجالہ رجال الصحیح کذا فی مجمع الزوائد، جلد۹، ص۳۹)۔

مروزی نے عبید بن عمیرؓ سے روایت کیا ہے کہ؛

**کان عمر یکبّر فی قبّہ فیکبّر اھل المسجد فیکبّر اھل السوق حتّی ترتجّ منی تکبیراً:** حضرت عمرؓ (ایام منیٰ میں) اپنے خیمہ میں تکبیر کہتے اس تکبیر پر اہل مسجد بھی تکبیر کہتے تو اہل بازار بھی تکبیر کہنے لگتے حتی کہ پورا منیٰ تکبیر کی آواز سے گونج اٹھتا (الحادی للفتاویٰ، جلد۱، ۳۹۳)۔

حضرت عمرؓ کی تکبیر کس قدر بلند تھی کہ مسجد میں سنائی دیتی تھی پھر اہل مسجد کی تکبیریں اس قدر بلند ہو جاتیں کہ بازار یعنی تمام خیموں وغیرہ میں آواز پہنچ کر پورا منیٰ تکبیر کی آواز سے گونج اٹھتا اور تکبیرات تشریق وغیرہ یہ سب کچھ مسجد میں بیٹھ کر ہو جاتی تھیں اور آج تک کہی جاتی ہیں۔ مذکورہ بالا حدیثوں سے ایک بات یہ ثابت ہوئی کہ کسی پر ریاء

کاری کا فتویٰ صرف نبی کریم ﷺ کا کام ہے ہم کسی کے دل کی حالت کو نہیں جانتے۔ دوسری بات یہ کہ صحابہ کرامؓ ذکر جہر کو بدعت نہیں سمجھتے تھے اور نہ وہ اس کو مسجد وغیرہ میں ناجائز سمجھتے تھے۔ تیسری بات یہ کہ جہری تلاوت و ذکر مسجد میں بھی جائز ہے بشرطیکہ نمازی وغیرہ کیلئے تکلیف کا باعث نہ بنے۔

## حضرت عمرؓ کا شدید جہر یعنی بلند آواز کے ساتھ دُعا:

حضرت سائب بن یزیدؓ کا بیان ہے کہ میں نے ایک دن حضرت عمرؓ کو قحط سالی کے زمانے میں دیکھا کہ معمولی کپڑے پہنے ہوئے گڑ گڑا رہے ہیں۔ آپ پر اتنی چادر تھی کہ دونوں گھٹنوں تک نہیں پہنچ سکتی تھی۔ **"یرفع صوته بالاستغفار وعيناه تهراقان على خدّيه** "استغفار کے ساتھ آپ کی آواز بلند تھی اور آپ کی آنکھوں سے دونوں رخساروں پر آنسو بہہ رہے تھے" اور آپ کی دائیں جانب حضرت عباس بن مطلبؓ تھے آج کے دن انہوں نے (حضرت عمرؓ) نے دُعا کی؛

> **وهو مستقبل القبلة رافعايديه الى السماء وعجّ الى ربّه فدعا ودعاالناس معه:** اور وہ (یعنی حضرت عمرؓ) قبلہ کی طرف منہ کئے ہوئے تھے اور اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے تھے اور اپنے پروردگار کے سامنے چلاّ کر فریاد کر رہے ہیں (یعنی خوب بلند آواز کے ساتھ گڑگڑا رہے ہیں) چنانچہ انہوں نے دُعا کی اور لوگوں نے بھی ان کے ساتھ دُعا کی"۔ اس کے بعد حضرت عمرؓ نے حضرت عباسؓ کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا **"اللّٰهم انّا نستشفع بِعمّ رسولک الیک** "اے اللہ ہم تیرے رسول ﷺ کے چچا کے ذریعہ سے تجھ سے شفاعت طلب کرتے ہیں (یعنی دعا کرواتے ہیں) راوی کہتے ہیں کہ حضرت عباسؓ دیر تک برابر حضرت عمرؓ کے پہلو میں کھڑے رہے اور حضرت عباسؓ دعا کر رہے تھے اور ان کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے (حیاۃ الصحابہؓ، ج ۳ ص ۳۳۰ تا ۳۳۱)۔

اس روایت میں حضرت عمرؓ نے جو دعا مانگی وہ رفع الصوت "بلند آواز" کے ساتھ تھی یعنی بلند آواز کے ساتھ گڑگڑا رہے تھے نیز اس روایت میں یہ بھی موجود ہے کہ **"وعجّ الیٰ ربه"** یعنی اپنے پروردگار سے چلاّ کر فریاد کی **"عجّ"** عربی میں چلاّنے کو کہتے ہیں (لغات الحدیث) جس کا مطلب یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ سے چلاّ کر بلند آواز کے ساتھ فریاد کی۔

## حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور صحابہ کرام کا ذکرِ جہری:

حضرت زہرہؒ کا بیان ہے کہ؛

**عبداللہ بن عمر اذا انصرف من صلاة العشاء الآخرة یکبّر رافعاً صوته' حتّی یدخل منز له:** حضرت عبداللہ بن عمرؓ جب نماز عشاء سے (فارغ ہوکر گھر) واپس آرہے تھے تو وہ برابر بلند آواز سے تکبیر کرتے یہاں تک گھر میں داخل ہوجاتے (تاریخ ابن عساکر، جلد۵،ص۳۸۹)۔

حضرت عمر بن خطابؓ سے روایت ہے کہ؛

انہوں نے صحابہ کرامؓ کو دیکھا کہ وہ" **لااله الّا اللّٰه اور اللّٰه اکبر** " کہہ رہے ہیں تو آپ نے فرمایا کہ یہی ہے، یہی ہے، رب کعبہ کی قسم۔ آپ سے دریافت کیا گیا کہ یہی ہے، یہی ہے۔ کیا چیز ہے؟ فرمایا تقویٰ کا کلمہ اور صحابہ کرامؓ اس کے زیادہ اہل اور حقدار ہیں (کنز العمال، جلد۱،ص۲۰۷؛ حیاۃ الصحابہ، جلد۳،ص۲۹۴)۔

# بعض علماء بلاضرورت بھی جہرِ مفرط غیر موذی کو کیوں جائز قرار دیتے ہیں؟

بہت سے علماء بلاضرورت غیر موذی اور بلا کسی مانع شرعی کے جہر شدید کو بھی جائز کہتے ہیں جب ان سے پوچھا جاتا ہے کہ قرآن مجید میں "**دون الجهر**" کا حکم آیا ہے یعنی بلند آواز کی نسبت کم آواز سے ذکر کا ادب جو کہ قرآن مجید نے بتلایا ہے نیز "**وَلاتَجْهَرْ بِصَلاتِکَ وَلاتُخَافِتْ بِهَا**" یعنی جہر معتدل کا حکم ہے۔ نیز "**اربَعُوْا عَلیٰ اَنْفُسِکُمْ**" کہ اپنی جانوں پر نرمی کرو۔ اس میں بھی جہر مفرط سے روکا گیا پھر اس کے بعد اس بات کی کیا گنجائش باقی رہ جاتی ہے کہ جہر مفرط غیر موذی بلاضرورت بھی جائز قرار دیا جائے۔

اس کا جواب وہ یہ دیتے ہیں کہ "**دون الجهر**" کا حکم ارشادی ہے۔ لہٰذا اس کا مطلب یہ نہیں کہ جہر شدید ممنوع یا مکروہ یا حرام ہے نیز وہ اس کے متعلق یہ بھی فرماتے ہیں کہ "**دون الجهر**" بھی بلکہ یہ پوری سورۃ مکی ہے۔ اور اسکی تفسیر جو کہ "**وَلاتَجْهَرْ بِصَلاتِکَ وَلاتُخَافِتْ بِهَا**" کے متعلق تو یہ بات معلوم ہے کہ یہ حکم اس لئے تو نہ تھا کہ جہر شدید ممنوع ہے۔ بلکہ صرف مصلحت کی بنیاد پر تھا کہ جہر شدید کی صورت میں کفار کی طرف سے ایذاء رسانی اور سبّ وشتم کا خطرہ لاحق تھا۔ لیکن ہجرت کے بعد جب یہ خطرہ ٹل گیا اور مدینہ منورہ میں نمازوں کیلئے اذان دے دینا بھی شروع ہوا اور خطبے بھی دیئے جانے لگے اور حج وعمرہ میں تلبیہ اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر

تکبیرات تشریق سے پہاڑ گونج اٹھے جس سے معلوم ہوا کہ یہ حکم مخصوص حالات کیلئے ہے وہ یہ کہ جب کفار و مشرکین سے مسلمانانِ اسلام کوایذاءرسانی کا خطرہ ہوتو یہ حکم ایسے حالات کیلئے ہےاگر چہ علامہ سید محمود آلوسیؒ جو کہ جہر مفرط کو بلاضرورت درست نہیں سمجھتے لیکن وہ بھی اس آیت کے متعلق لکھتے ہیں کہ؛

**والآية علی مايقتضيه كلام الاكثرين محمكة وقيل هی منسوخة بناء علی مااخرجهٗ ابن مردويه وابن ابی حاتم عن ابن عباس عن النبیّ صلّی اللّٰه عليه وسلم امر تكم بالتوسط بأن لايجهر جهراً شديداً ولايخفض حتی لايسمع اذنيه فلما ها جرالی المدينة سقط ذالک**[1]: علماء کی اکثریت کے کلام کا تقاضا یہ ہے[2] کہ یہ آیت محکم اور غیر منسوخ ہےاور کہا گیا ہے کہ یہ آیت منسوخ ہے جیسا کہ ابن مردویہ ابن ابی حاتم نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ کو جو معتدل اور متوسط جہر کا حکم دیا گیا تھا کہ نہ جہر شدید ہواور نہ ایسی پست آواز ہو کہ اپنے کانوں کوبھی نہ سنائی دے پس جب آپ ﷺ نے مدینہ منورہ کوہجرت فرمائی تو یہ حکم ساقط ہوگیا (روح المعانی، جلد۱۵،ص۱۹۵)۔

اوراسی طرح کی تفسیر ابن کثیر نے عبداللہ بن عباسؓ سے بھی نقل کی ہے کہ ہجرت کے بعداس کی اجازت دی گئی کہ جس طرح چاہے جہر کے ساتھ تلاوت کریں (دیکھئے تفسیر ابن کثیر، جلد۳،ص۶۹) اس کا مطلب یہ نہیں کہ اس کا حکم بالکل منسوخ ہوگیا بلکہ مطلب یہ ہے کہ جس حالت کی وجہ سے یہ حکم دیا گیا تھاجب وہ حالت نہ رہی تو حکم بھی نہ رہا۔اور جب بھی مسلمانوں کیلئے ایسے حالات درپیش ہوں کہ قرآن کی تلاوت اور ذکر جہر کی وجہ سے ایذاءرسانی کا خطرہ ہوپھر بھی یہی حکم ہوگا۔

خلاصہ یہ کہ وہ ان آیتوں جن میں جہر معتدل کا حکم ہے کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ اس کا تعلق ایسی حالت اور ایسی جگہوں کے ساتھ خاص ہے جہاں جہر شدید میں ایذاءرسانی اور سبّ وشتم کا خطرہ موجود ہواور جب ایسے حالات نہ ہوں تو پھر جہر مفرط بھی جائز ہے۔باقی رہی "اربعوا" والی حدیث اس کوشفقت اورمہربانی پرمحمول فرماتے ہیں۔جیسا کہ خود "ارْبَعُوْا عَلیٰ اَنْفُسِکُمْ" کے لفظ سے واضح ہے۔نیز وہ فرماتے ہیں کہ یہ جنگ اور سفر کا موقع تھا ایسے مواقع میں جہر شدید یا تو خود جہر کرنے والے کیلئے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہےاور سفر کو پُرمشقت

---

[1] علامہ سیوطیؒ کی تفسیر درمنثور میں یہ روایت تفصیل کے ساتھ موجود ہے (دیکھئے درمنثور، جلد۴،ص۲۰۷)۔

[2] اس کا مطلب یہ نہیں کہ اکثر علماء نے اس پرتصریح کی یاان کی رائے یہ ہے بلکہ علامہؒ کا مطلب یہ ہے کہ کلام کا جوتقاضا ہے وہ یہ ہے

بنا لینے کا سبب بن جاتا ہے یا دشمن مسلمانوں کا سراغ لگا کر ان کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔

## بلند آواز کے ساتھ بلاضرورت بھی ذکر جائز ہے بلکہ افضل ہے:

جو علماء بلاضرورت وحاجت کے بھی جہر کامل یعنی رفع صوت بلند آواز اور پکار کر کہنے کو جائز بلکہ افضل قرار دیتے ہیں۔

- ...... وہ کہتے ہیں کہ جہر میں مشقت زیادہ ہے۔
- ...... جہر کی برکت ان تمام جگہوں کو پہنچتی ہے جہاں تک ذکر کی آواز جاتی ہے اوراس کی وجہ سے بکثرت گواہ ملتے ہیں۔
- ...... اس سے دل اور ذہن بیدار رہتا ہے۔
- ...... اس سے وساوس اور نفسانی کیفیات دفع ہو جاتی ہیں اوراسی طرح کے فوائد اس وقت زیادہ سے زیادہ حاصل ہو جاتے ہیں جب کہ جہر کامل یعنی بلند آواز کے ساتھ ذکر ہو[1]۔

## شدید جہر کے ساتھ ذکر وتلاوت کے فضائل:

جو علماء بلاضرورت ومصلحت جہر کامل اور بلند آواز سے ذکر کی افضیلت کے قائل ہیں وہ دوسرے دلائل کے علاوہ قرآن مجید کی اس آیت کو بھی پیش کرتے ہیں۔

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا : تو اللہ تعالیٰ کا اس طرح ذکر کرو جیسا کہ تم آباؤ اجداد کو یاد کیا کرتے تھے بلکہ اس سے بھی سخت ذکر کیا کرو (بقرہ، ۲۰۰ تا ۲۰۱)۔

نیز گذرے ہوئے صفحات میں جو حدیثیں اور روایتیں ایسی آ چکی ہیں جن سے رفع الصوت اور شدید جہر معلوم ہوتا ہے جیسا کہ حضرت عمرؓ کی دُعا اور خود نبی کریم ﷺ کی دُعا "بصوته اعلی" وغیرہ کو بھی پیش کرتے ہیں نیز وہ ذیل میں آنے والی حدیثوں کو بھی پیش کرتے ہیں۔

"الدالّ علی الخیر کفاعله " خیر اور نیک کام کی نشان دہی کرنے والا ایسا ہے جیسا کہ اس کار خیر کا کرنے والا"۔ اور جہر اور رفع الصوت میں جہاں تک آواز پہنچتی ہے اور جو لوگ اس کے ساتھ کلمہ توحید یا سبحان اللہ

---

[1] دیکھئے مرقاۃ، جلد۳، ص۱۷۲، طحطاوی، ص۱۱۹، فتاوی خیریہ علی تنقیح الحامدیۃ، جلد۲، ص۲۸۱، شامی، جلد۱، ص۴۴۴، طحطاوی علی مراقی الفلاح، ص۱۹۰، اس طرح روح المعانی، روح البیان وغیرہ میں ان فوائد کے علاوہ کتب فقہ اور تفسیروں میں ذکر جہری کے فوائد کا ذکر بھی آیا ہے۔

کہیں گے یا اس پر سوچیں گے اس کا ثواب بھی اسے ملے گا۔ نیز حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ؛

**لایسمع مُدی صوت المؤذّن جنٌّ ولاانسٌ ولا شئٌ الاّ شهد لهٗ یوم القیامة :** مؤذن کی انتہائی آواز کو جو بھی سنتا ہے خواہ انسان ہو یا جن اور یا جو بھی چیز ہو وہ سب قیامت کے دن اس کیلئے گواہ بنیں گے (صحیح بخاری، مشکٰوۃ باب الاذان) ایک دوسری روایت میں ہے کہ اس کیلئے ہر خشک اور تر چیز گواہی دے گی (دیکھئے مشکٰوۃ بحوالہ ابوداؤد)۔

یعنی جہاں تک مؤذّن کی آواز پہنچتی ہے وہاں تک جن وانس اور حیوانات ونباتات وجمادات تمام چیزیں اس کیلئے قیامت کے دن گواہی دیں گے۔ اسی حدیث میں مؤذن کو یہ ترغیب دلانی مقصود ہے کہ اذان نہایت بلند آواز سے کہا کریں تا کہ ان کیلئے ایمان کے گواہ زیادہ ہوں۔

حضرت سہل بن سعدؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

**مامن مسلم یلبّی الا لبّٰی من عن یمینهٖ وشمالهٖ من حجر او شجر او مدر حتی تنقطع الارض من ھٰهُنا و ھٰهُنا :** جب کوئی بھی مسلمان لبیک کہتا ہے تو اس کے دائیں بائیں کی ہر چیز خواہ پتھر ہو درخت اور یا ڈھیلے سب لبیک کہتے ہیں، یہاں تک کہ اس طرف سے (یعنی اس کے دائیں طرف سے) اور اس طرف سے (یعنی اس کے بائیں طرف سے) تمام زمین ختم (یعنی اس میں شامل) ہو جاتی ہے (مشکٰوۃ بحوالہ ترمذی وابن ماجہ)۔

یہ کائنات گونگی بہری نہیں بلکہ جمادات ونباتات دنیا کی ہر ایک ایک چیز بلکہ انسان کے اپنے اعضاء اجزاء انسان کے افعال واقوال کو خاموشی کے ساتھ ریکارڈ کرتے ہیں اور جب قیامت برپا ہوگی اور حساب وکتاب شروع ہو جائے گا تو یہ ساری چیزیں حق کے مطابق گواہی دینگے اور اپنے اپنے محفوظ اور ریکارڈ کردہ افعال واقوال کو بیان کریں گے جیسا کہ اس کا پورا بیان قیامت کے بیان میں موجود ہے۔ البتہ یہاں نبی کریم ﷺ کی دو حدیثوں کو نقل کرتے ہیں۔

## ذکر وتلاوت سے شیاطین اور فاسق جنات بھاگ جاتے ہیں اور فرشتے آجاتے ہیں:

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ؛

تم میں سے جو کوئی رات کے وقت نماز پڑھے تو اپنی قرأت کو جھراً (بلند آواز) کے ساتھ پڑھا کریں کیونکہ ان کے ساتھ فرشتے نماز میں شریک ہوجاتے ہیں اوراس کی قرأت کو سنتے ہیں اور ہواؤں میں اور قاری کے آس پاس جو مومن جنات ہیں سب اس کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں اوراس کی قرات سنتے ہیں اور یہ قاری اپنی جہری قرات کے ذریعے اپنے گھر سے اوراپنے گھر کے اردگرد سے فاسق جنوں اور سرکش شیطانوں کو بھگا دیتے ہیں (الفتاوی الکبری ج ا ص ۱۷۷)۔

آس پاس کے گھرانوں سے شیطانوں کواس وقت بھگایا جاسکتا ہے کہ وہاں تک قاری کی آواز پہنچ جائے اور یہی جہر شدید ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ سے روایت ہے کہ؛

**خرجنا مع رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم نصرخ بالحج صراخاً:** ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے ہم حج کے لئے چلّایا کرتے تھے (مشکوٰۃ بحوالہ صحیح مسلم)۔

حضرت خلاد بن السائبؒ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ؛

میرے پاس جبرائیل علیہ السلام آئے اور مجھے حکم فرمایا کہ "**ان آمر اصحابی ان یرفعوا اصواتھم بالاھلال او التلبیۃ**" کہ میں (اپنے صحابہ کو) حکم دوں کہ وہ اپنے تلبیہ (یعنی لبیک کہنے میں آوازیں بلند کریں۔ (مشکوٰۃ بحوالہ مؤطا امام مالک وترمذی)۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ؛

میں سواری پر حضرت ابوطلحہؓ کے پیچھے بیٹھا تھا "**وانھم لیصرخون بھما جمیعا الحج والعمرۃ**" اور صحابہ کرامؓ دونوں کے لئے یعنی حج وعمرہ (دونوں) کے لئے چلّاتے تھے (مشکواۃ بحوالہ بخاری)۔

اسی طرح اور بہت سے روایات ایسی ہیں جن کی بنیاد پر بعض فقہاء فرماتے ہیں کہ کہ ذکر جہراً اگر مفاسد سے خالی ہوتو بوجہ مشقت ذکر سری سے افضل ہے اور مشقت جہر شدید میں ہوتی ہے۔ اسی طرح وہ دوسرے فوائد جو بیان کرتے ہیں مثلاً یہ کہ اس سے دوسروں کو فائدہ پہنچتا ہے، اس سے دل نرم ہوتے ہیں ، وہ بھی جہر شدید کی صورت میں حاصل ہوسکتے ہیں۔ چنانچہ حضرت مولانا عبدالحی لکھنویؒ اپنے رسالہ " **سباحتہ**

الفکر "میں ذکر جہری سے متعلق متعدد احادیث نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں؛ یہ صحیح احادیث ہیں ان سے اور ان جیسی احادیث سے صراحۃً یا اشارۃً یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ذکر جہری میں کسی قسم کی کراھت نہیں ہے بلکہ اس میں اس کا جواز یا استحباب ملتا ہے اور کیوں نہ ہو جبکہ ذکر جہری میں دلوں کو نرم کرنے کی ایسی تاثیر ہے جو سری ذکر میں نہیں ہے" (سباحۃ الفکر)۔

## جہر شدید کے جواز و استحباب میں بھی بحث و کلام کی پوری گنجائش ہے:

بہر حال جہر شدید کے جواز و استحباب یا افضلیت میں بھی بحث و کلام کی پوری گنجائش موجود ہے اس لئے اس کے متعلق بھی اپنے قلم و زبان کو محتاط رکھیں اور جہر معتدل میں تو کلام ہی نہیں۔ ہاں اگر اس سے لوگوں کو ضرر پہنچتا ہے تو وہ جہر موذی ہو جائے گا جس سے روکنا چاہیے۔

www.noorehidayat.org

# باب
# مجالس ذکر اور ان کے فوائد

ذکر اللہ کی مجالس کا انعقاد و قیام بہت مبارک کام ہے اور قرآن وحدیث میں ان کی ترغیب و تائید اور بہت سے فضائل بیان ہوئے ہیں ان مجالس کے چند فوائد یہ ہیں۔

...... ذکر کی مجالس وہ باغ ہیں جن میں دلوں کی آبیاری ہوتی ہے اور یہ ایمانی و روحانی ترقی کا ذریعہ بنتی ہیں۔

...... ان کی وجہ سے قلوب اللہ تعالیٰ کی طرف مائل اور متوجہ ہوتے ہیں۔

...... ان کی وجہ سے دوسرے لوگوں کو بھی ذکر الٰہی کی ترغیب ہو جاتی ہے۔

...... ان مجالس کیوجہ سے کم ہمتوں کی ہمتیں بڑھ جاتی ہیں اور ذکر الٰہی پر استقامت نصیب ہوتی ہے۔

...... صاحب دل لوگوں کے ذکر اور روحانی موجوں میں غافل لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی یاد اور دل کی بیداری حاصل ہو جاتی ہے۔

...... مجلس ذکر کے تمام ذاکرین سے جو قلبی نور اور مہک جمع ہو جاتی ہے وہ ہر ایک شریکِ مجلس میں جگمگا اٹھتی ہے جس کی وجہ سے ہر ایک کو حسبِ استعداد اور حسبِ اخلاص ذکر الٰہی میں رسوخ اور پختگی حاصل ہوتی ہے۔

...... ان مجالس پر روحانی اور نورانی فرشتوں کا نزول ہوتا ہے ان کی روحانیت اور نورانیت سے یہ مجالس اور زیادہ پُرنور اور دلوں کے اطمینان وطمانیت کا سبب بنتی ہیں۔

...... مجالس ذکر وہ روحانی حصار اور قلعے ہیں جن کے ذریعے انسان نفس وشیطان کے وار سے بچ سکتا ہے۔

...... مجالس ذکر سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور شرکائے مجلس کی بخشش فرماتا ہے اور ان کی برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیتا ہے۔

...... مجالس ذکر جنت کے باغ ہیں۔ جو ان میں شریک ہوتا رہے گا وہ روز محشر میں موتیوں کے

منبروں پر ہونگے اور انکے چہروں میں نور چمکتا ہوگا۔

...... ذاکرین کے لئے جھنڈا ہوگا وہ اس جھنڈے کے پیچھے جائیں گے اور ہمیشہ کے لئے جنت میں داخل ہونگے اور جنت کے بالا خانوں اور باغوں میں رہیں گے۔

مجالس ذکر کے یہ چندفوائد ذکر کئے گئے ہیں احادیث میں اس کے علاوہ اور بھی بہت سے فوائد وفضائل بیان ہوئے ہیں جس کا کچھ بیان انشاءاللہ تعالیٰ آگے آئے گا۔

## شیطان مجالس ذکر سے جز بز ہوجاتا ہے:

خلاصہ یہ کہ ذکر کی مجالس میں بہت سے فوائد ہیں اور شیطان جو انسان کا بنیادی اور اصل دشمن ہے وہ ان فوائد کو دیکھ کر مجالس ذکر سے جز بز ہوجاتا ہے اس لئے اس کی انتہائی کوشش یہ ہوتی ہے کہ کسی نہ کسی حیلے بہانے سے مجالس ذکراوران حصاروں اور قلعوں کو ختم کیا جائے جن میں انسانیت کی حفاظت اور نجات وفلاح ہے

## مجالس ذکر کے مراکز مساجداور خانقاہیں ہیں:

اسلامی تاریخ گواہ ہے کہ مسلمانوں کے روحانی تسلسل کی حفاظت اور بقاءاور افراد کے اخلاق واعمال کا تزکیہ انہی روحانی مراکز مساجداور خانقاہوں میں ہوا ہے اوران مراکز سے دین اسلام کے ہر شعبے میں کام کرنے والوں نے ایمان ویقین، اخلاق واحسان، تعلق مع اللہ اورتقویٰ وپرہیز گاری کی روح کو حاصل کیا۔

چنانچہ جتنے مجدّ دین امت اور مصلحین امّت گزرے ہیں سب کے سب انہی مراکز اور خانقاہوں کے تربیت یافتہ ہیں مثلاً امام شاہ ولی اللہؒ، مجددالف ثانیؒ، امام شاملؒ۔ سید احمد شہیدؒ، امام سنوسی ۔فرنگ اور انگریز کے ساتھ لڑنے والے شیخ المشائخ مجاھد ملت حضرت حاجی امداداللہؒ، بانی دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ، حضرت مولانا رشید احمد گنگوھیؒ، حضرت شیخ الہندؒ، حضرت حسین احمد مدنیؒ، حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ اور بانی تبلیغی جماعت حضرت مولانا محمد الیاسؒ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ذکریاؒ مہاجر مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ۔ اور انگریز سے لڑنے والے پاکستان کے صوبہ سرحد کے امام المجاھدین حضرت مولانا عبدالغفور سواتیؒ، حضرت مولانا محمد عمر شاہؒ عرف صاحب مبارک کربوغہ شریف، حضرت حاجی ترنگزئیؒ اور فاتح کشمیر حضرت مولانا حاجی محمد امین صاحبؒ وغیرہ وغیرہ۔

یہ سب وہی لوگ ہیں جنہوں نے انہی مراکز اور خانقاہوں میں تربیت پائی تھی اور آج بھی صحیح معنوں میں جو حضرات کفروشرک کے علمبرداروں یہودوہنود اور انگریز کے خلاف لڑتے ہیں یہ وہی لوگ ہیں جو انہی مراکز

کے تربیت یافتہ ہیں۔

## دشمنان اسلام کوخطرہ کس سے ہے؟

غرض یہ ہے کہ یہی مجالس ذکر کے مراکز اور خانقاہیں ہیں جوشیطان اوراس کے چیلوں دشمنان اسلام یہودو ہنود کی آنکھوں میں کھٹکتی ہیں اوران سے وہ بہت زیادہ خطرہ محسوس کرتے ہیں اورانہوں نے اس رازکو پالیا ہے کہ اصلاً یہی وہ پاور ہاؤس ہیں جہاں سے اسلام کے سچے خادم سرفروشان اسلام اسلامی اخلاق سے آراستہ اللہ تعالیٰ کے رنگ میں رنگے ہوئے سپاہی تیار ہوتے ہیں۔ جو بڑی سے بڑی قربانی بھی آنکھ بندکر کے دے دیا کرتے ہیں اوریہی وہ لوگ ہیں جواسلام کی بقاء وحفاظت کے لئے مال وجان اورعزت کی بازی لگاتے رہتے ہیں اوریہی وہ لوگ ہیں جو پورے عالم اسلام میں مسلمانوں کے خلاف ہونے والی استعماری طاقتوں کے سب سے زیادہ مخالف ہیں اوران دشمنان اسلام کے لئے سب سے بڑی رکاوٹ ہیں اس لئے شیطان کے چیلوں یہودوھنود وغیرہ دشمنانِ اسلام اپنے ایجنٹوں کے ذریعے ذکرالٰہی کے مراکز اور مجالس ذکراوران درسگاہوں اور مدارس کوختم کرنے کی کوشش کرتے ہیں جومدارس اوردرس گاہیں ان پاور ہاؤسوں اورخانقاہوں سے وابستہ ہیں اوران ظالموں نے تاک کرنشانہ لگایا ہے اورسب سے زیادہ پروپیگنڈہ تصوف ،صوفیائے کرام اورانہی مجالس ذکر کے مراکز اور خانقاہوں اوران مدارس کے بارے میں کرتے ہیں جن سے شیطان اوراس کے چیلے پریشان وسرگردان ہیں۔

## مجالس ذکرکوختم کرنے کے لئے شیطانی سازشیں:

مجالس ذکراور خانقاہوں کوختم کرنے کے لئے شیطان اوراس کے چیلے طرح طرح کی سازشیں کرتے ہیں مسلمانوں کے اندرحیلوں بہانوں سے ذکراورمجالس ذکر کے متعلق شکوک اوراوھام پیدا کرتے ہیں اورشیطان کے داؤمیں سے ایک داؤیہ بھی ہے کہ وہ کسی مبہم روایت سے یا من گھڑت روایت کے ذریعے لوگوں کواللہ تعالیٰ کے ذکراوراس کی یادکی راہ سے ہٹا دیتا ہے ان روایتوں میں سے ایک محتمل ،مبھم وہ روایت بھی ہے جوحضرت عبداللہ بن مسعودرضی اللہ عنہ تعالیٰ کی طرف منسوب کی جاتی ہے اورحدیث کے پورے ذخیرہ میں وہ ایک روایت ایسی ہے جس کومجالس ذکر کے خلاف بطور پروپیگنڈہ استعمال کیا جاتا ہے۔

## حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب روایت اوراس کی حیثیت:

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی طرف منسوب روایت کونسی ہے؟ اور اس کی حیثیت کیا ہے؟ اس کی قدرِ تفصیل کی ضرورت ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی طرف منسوب اثر کا خلاصہ یہ ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا بیان ہے کہ ہم نماز فجر سے قبل عبداللہ بن مسعودؓ کے دروازے پر ان کے انتظار میں بیٹھے تھے اور انکے ساتھ ہو کر مسجد میں آئے تھے ایک دن حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ (گھبرائے ہوئے) آئے اور ہم سے پوچھا کہ عبداللہ بن مسعودؓ نکلے یا کہ نہیں؟ ہم نے کہا نہیں جب ابن مسعودؓ نکل آئے تو ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہا کہ ابھی ابھی ہم نے ایک جماعت کو دیکھا ہے جو نماز کے انتظار میں (جگہ جگہ) حلقے باندھ کر بیٹھی ہے اور ان کے ہاتھوں میں کنکریاں ہیں ہر حلقے میں ایک شخص ہے جو کہتا ہے کہ (۱۰۰) سو مرتبہ تکبیر کہو تو وہ (۱۰۰) سو بار تکبیر کہتے ہیں پھر کہتا ہے کہ سو بار لاالہ الا اللہ کہو تو وہ لاالہ الا اللہ کہتے ہیں پھر اسی طرح سبحان اللہ کہنے کی ہدایت کرتا ہے وہ سبحان اللہ کہتے ہیں جب حضرت عبداللہ بن مسعودؓ مسجد کو پہنچے تو انہوں نے (ان حلقوں میں سے) ایک حلقے والوں کو مخاطب ہو کر فرمایا کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ انہوں نے کہا کہ یہ کنکریاں ہیں ان پر اللہ تعالیٰ کی تکبیر وتہلیل اور تسبیح کر رہے ہیں تو ابن مسعودؓ نے فرمایا تم بجائے تکبیر وتہلیل اور تسبیح کے اپنے گناہوں کو شمار کرو تو میں اس کا ضامن ہوں کہ اللہ تعالیٰ تمہاری نیکیوں سے کچھ بھی ضائع نہیں کرے گا، افسوس تم پر اے امت محمد ﷺ کس قدر جلد ہی تم ہلاکت میں پڑ گئے ابھی رسول اللہ ﷺ کے اصحاب تم میں بکثرت موجود ہیں اور ابھی تک رسول اللہ ﷺ کے کپڑے پرانے نہیں ہوئے اور آپ ﷺ کے استعمال کے برتن نہیں ٹوٹے، شاید تم ایسے طریقے پر ہو جو محمد ﷺ کے طریقہ سے زیادہ عمدہ اور زیادہ ہدایت والا ہے یا پھر تم گمراہی کا دروازہ کھولنے والے ہو (سنن دارمی ج اص۶۰)۔

سنن دارمی کے علاوہ مصنف عبدالرزاق، جلد۳، ص ۲۲۱ اور المعجم الکبیر جلد ۹، ص ۱۳۳ اور تلبیس ابلیس علامہ ابن جوزیؒ میں بھی مختلف طرق سے یہ اثر موجود ہے لیکن کوئی طریق بھی ضعف سے خالی نہیں ہے۔ رہا متن تو اس کے متن کے اندر بھی خفیہ علت موجود ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ یا تو یہ اثر حضرت ابن مسعودؓ پر جھوٹ وافتراء ہے یا حضرت ابن مسعودؓ کا انکار ایک خاص محل پر محمول ہے کیونکہ قرآن وحدیث کے رُو سے جہر معتدل اور مجالس ذکر کا جواز واستحباب ثابت ہے تو پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ جیسے جلیل القدر صحابی قرآن و

حدیث کی مخالفت کریں۔

# جس چیز کا جواز اور حلال ہونا ثابت ہو اس کے متعلق قرآن مجید کا اصول:

پہلے بتایا جاچکا ہے کہ جس چیز کا جواز واستحباب یا حلال ہونا ثابت ہو جائے تو پھر اس کی کسی صورت یا کسی فرد و جز و کو بغیر کسی مضبوط دلیل و برھان کے ناجائز یا حرام یا بدعت کہنا خود قرآن مجید اور شریعت مطہرہ کی رُو سے ناجائز اور ایک اعتقادی بدعت ہے اور یہاں اس کے متعلق قرآن مجید کے صرف ایک مقام کو پیش کرتا ہوں۔ چنانچہ عرب میں گوشت اور دودھ وغیرہ کے لئے جو جانور گھروں میں پالے جاتے تھے ان میں سے چار زیادہ معروف تھے بھیڑ، بکری اور اونٹ، گائے ان چاروں کے نر و مادہ کو الگ الگ گنیں تو یہ سب آٹھ بن جاتے ہیں جانوروں کے ان اقسام میں عربوں نے اپنے مشرکانہ توہّمات کی بنیاد پر بعض کو حلال اور بعض کو حرام ٹھہرایا تھا مثلاً بعض جانوروں کو اگر ذبح کیا جائے اور اس کے پیٹ سے زندہ بچہ نکلے تو اس کا گوشت صرف مرد کھائیں اور عورتیں نہ کھائیں اسی طرح بعض سواری کے جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونا اور ان کے اوپر بوجھ لادنا ان کے نزدیک ناجائز و حرام تھا وغیرہ وغیرہ۔ تو ان کے متعلق اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو ہدایت فرمائی کہ ان میں ایک ایک کو فرداً لے کر ان سے پوچھو کہ ان میں سے کس کو اللہ تعالیٰ نے حرام ٹھہرایا ہے اور ان سے مطالبہ کرو کہ وہ تمہارے سوال کا جواب کسی علمی یا عقلی دلیل و برھان سے دیں محض اٹکل کے تیر بے تکُے نہ چلائیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ؛

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ط قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ط نَبِّئُوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ o وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ط قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ط اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ج فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ: چوپایوں کی آٹھ قسموں کو لو، بھیڑ کی قسم میں سے (نر ومادہ) دو اور بکری کی قسم میں سے (نر و مادہ) دو، ان سے پوچھو کہ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کے نر حرام کئے ہیں یا دونوں کے مادہ کو یا اس بچے کو جو دونوں مادہ (بھیڑ و بکری) کے رحم میں ہے مجھے دلیل کے ساتھ بتاؤ اگر تم (اپنے دعویٰ میں) سچے ہو اور اسی طرح (نر و مادہ) دو اونٹ کی

قسم میں سے ہیں اور دو گائے کی قسم میں سے، ان سے پوچھو کہ دونوں کے نر اللہ تعالیٰ نے حرام کئے ہیں یا ان دونوں کے مادہ کو یا اس بچے کو جوان دونوں مادہ (اونٹنی اور گائے) کے رحم میں ہے کیا تم اس وقت حاضر تھے جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس کا حکم دیا تھا پس اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بہتان باندھے تا کہ وہ لوگوں کو گمراہ کرے بغیر کسی علم کے، بے شک اللہ تعالیٰ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا (الانعام ۱۴۳-۱۴۴)۔

اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اصلاً ان جانوروں اور ان کے نر و مادہ اور ان کے پیٹ کے بچے کو حلال کیا ہے ان میں سے کسی کی حرمت کا دعویٰ یہ نہیں کر سکتے تو پھر انہی کے بعض اجزاء اور بعض افراد پر حرمت اور عدمِ جواز کا حکم کہاں سے طاری ہوا؟ کہ بعض کا کھانا ناجائز ہو جاتا ہے اور بعض پر سواری حرام ہو جاتی ہے آخر میں فرمایا کہ ان سے محروم النعمۃ اور ظالم لوگ کون ہو سکتے ہیں، جو بغیر کسی علمی سند و دلیل کے محض جھوٹے بہتان کے ذریعے لوگوں کو گمراہ کررہے ہیں اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔ بلاشبہ اس سے بڑھ کر ظالم کوئی نہیں ہوسکتا جو اللہ تعالیٰ پر بہتان باندھے اور علم و تحقیق سے تہی دست ہونے کے باوجود لوگوں کو باطل اور غلط مسائل بیان کرتا ہے اور ان کو گمراہ کرتا ہے جس شخص نے اس قدر ڈھٹائی اختیار کی ہو اور ایسے ظلم عظیم پر کمر باندھ لی ہو اس سے ہدایت پانے کی توقّع نہیں کی جاسکتی۔

## حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انکار کس چیز پر تھا:

مذکورہ بالا آیتوں کی روشنی میں سوال یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا انکار کس چیز پر تھا؟ ان کا انکار معین عدد پر تھا تو یہ قطعاً صحیح نہیں کیونکہ عدد معین کے ساتھ تسبیح وتہلیل وغیرہ شریعت مطہرہ میں دوپہر کے چڑھتے ہوئے سورج کی طرح ثابت ہے بلکہ خود حضرت ابن مسعودؓ سے بھی صحاح ودیگر کتبِ احادیث مشہورہ میں معلّقاً و متّصلاً، تسبیح وتہلیل عدد معیّن کے ساتھ اسانید صحیحہ کے ساتھ منقول ہے۔

## حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ذکر جہری:

اور اگر انکار جہر پر ہے تو یہ بھی صحیح نہیں کیونکہ جہر معتدل تو خود قرآن مجید اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے جیسا کہ اس کا بیان پہلے گزر چکا ہے بلکہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ خود بھی ذکر جہر کرتے تھے جیسا کہ ان کے خاص شاگرد ابووائل شقیق بن سلمہؒ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ حضرت امام سیوطیؒ، حضرت امام بن حنبلؒ کی کتاب "الزھد" سے نقل فرماتے ہیں اور ان سے حضرت مولانا عبدالحئی لکھنویؒ نے بھی نقل کیا ہے کہ؛

**عن ابی وائل قال هؤلاء الذين يزعمون ان عبدالله كان ينهىٰ عن الذكر ماجالست مجلساً قطّ الاّ ذكر الله فيه:** یہ لوگ جودعویٰ کرتے ہیں کہ عبداللہ بن مسعودؓ ذکر سے منع کیا کرتے تھے حالانکہ جب بھی میں ان کے ساتھ کسی مجلس میں بیٹھا تو وہ اس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے تھے (الحاوی للفتاوی ج اول ص ۳۹۴)۔

ذکر سے مراد یہاں ذکر جہری ہی ہے کیونکہ یہ تو کسی کے تصور میں بھی نہیں آ سکتا کہ العیاذ باللہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ذکر الٰہی کے منکر تھے کیونکہ یہ تو خالص کفار اور دھریوں کا عقیدہ اور طرز عمل ہے بلکہ دراصل یہ اس اثر کی تردید ہے جوان کے متعلق لوگوں میں پھیلایا گیا تھا کہ آپ نے ذکر جہری کرنے والوں پر انکار کیا تھا حضرت ابو وائلؒ نے اس اثر کی تردید اور تغلیط کی، کہ یہ غلط ہے بلکہ وہ تو خود ذکر جہری کرتے تھے اوران کی کوئی مجلس ذکر سے خالی نہ تھی۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت مولانا عبدالحیؒ نے "ذکر" کے ساتھ "الجهر" لکھا ہے یعنی ذکر جہر کرتے تھے اور حضرت علامہ حقّیؒ نے بھی اپنے رسالہ "فضل التسبيح و التهليل" میں حضرت ابووائلؒ کی اس روایت کو نقل کیا ہے انہوں نے بھی "ذکر" سے مراد ذکر جہری ہی لیا ہے اور خود امام سیوطیؒ نے بھی اس سے ذکر جہری پر استدلال کیا ہے (سبّاحۃ الفکر)۔

## مجلس ذکر اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

کہنے والا کہتا ہے کہ حضرت ابن مسعودؓ کا انکار مجلس ذکر پر تھا تو یہ بھی صحیح نہیں کیونکہ مجالس ذکر کی اہمیت وا ستحباب قرآن وحدیث سے ثابت ہے جیسا کہ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا بیان آنے والا ہے بلکہ حضرت ابووائل کی روایت میں غور وفکر کریں تو اس میں اس قصّے کی تردید موجود ہے اور حضرت ابووائل نے دولفظوں میں اس قصّے کی تردید فرمائی جیسا کہ اس کا بیان پہلے گزر چکا ہے۔

## مجالس ذکر شیطان کی آنکھوں میں کھٹکتی ہیں:

نیز خود حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا یہ بیان ہے کہ شیطان کی آنکھوں میں سب سے زیادہ جو چیز کھٹکتی ہے وہ مجالس ذکر ہیں۔ چنانچہ حضرت عمر بن میمونؒ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا؛

**ان الشيطان لطاف باهل الذكر ليفتنهم فلم يستطع ان يفرق بينهم فاتىٰ على حلقةٍ يذكرون الدنيا فاغرىٰ بينهم حتّى اقتتلوا فقام اهل الذكر**

**فحجزوا بینھم فیتفرّقوا** : شیطان مجلس ذکر کرنے والوں کے ارد گرد چکر لگا تا ہے تا کہ ان کو کسی طرح آزمائش میں ڈال کر ان کی اس مبارک مجلس کو ختم کر دے۔ پس (وہ اس کوشش میں کامیاب نہیں ہوا اور) یہ بات اس کی قدرت سے باہر تھی کہ ان کو (مجلس سے ہٹا کر ان کو) تتّر بتّر کر دے پھر وہ ایک ایسی جماعت کے پاس آیا جو دنیا کے دھندوں اور باتوں میں مشغول تھی شیطان نے ان کے درمیان پھوٹ ڈال دی یہاں تک کہ وہ آپس میں لڑ پڑے (یہ دیکھ کر) مجلس ذکر والے اٹھ گئے اور (ان کو لڑائی سے باز رکھنے کے لئے) ان کے درمیان حائل ہو گئے پس اس طرح وہ (مجلس ذکر سے اٹھ کر) تتّر بتّر ہو گئے (کتاب الزھد، ص۱۹۶)۔

حضرت ابن مسعودؓ اس قصّے کے ذریعے مجالس ذکر کی اہمیت کو بیان فرماتے ہیں کہ ان پر شیطان کا بس نہیں چلتا ہے اور وہ حفاظت کے قلعے ہیں اور شیطان ہمیشہ اس کوشش میں ہوتا ہے کہ وہ مجالس ذکر سے لوگوں کو ہٹا دے۔ اس سے یہ بات بھی معلوم ہوگئی کہ شیطان ذکر کی مجلس سے جز بز ہوتا ہے اور مجالس ذکر اس کی آنکھوں میں کھٹکتی ہیں اور اس سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ مجالس ذکر شیطان سے بچنے کے لئے محفوظ اور مضبوط قلعے ہیں اس کے برعکس دنیا کی مجالس شیطان کے مورچے ہیں جن سے وہ مجالس ذکر پر حملہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

## اثر ابن مسعودؓ کے متعلق محقّقین علماء کی آراء:

بہر حال جب شریعت میں ذکر جہری جائز ہے اور معیّن مقدار کے ساتھ تسبیح وتہلیل اور مجلس ذکر بھی جائز ہے، پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ قرآن وحدیث کو نظر انداز کر کے اپنی طرف سے مجلس ذکر جہری پر بدعت کا فتویٰ لگائیں۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے محقّقین علماء نے اس اثر کو یا تو من گھڑت قرار دیا ہے یا پھر اس روایت کو اس کے ٹھیک مقام پر منطبق کرنے کی کوشش کی ہے۔

حضرت علامہ کردری صاحب بزازیہؒ کا اس اثر سے جواب:

وہ فرماتے ہیں کہ؛ **الاخراج عن المسجد لو نسب الیہ بطریق الحقیقۃ بجواز ان یکون لاعتقادھم العبادۃ فیہ ولتعلیم الناس بدعۃ** :حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا ان لوگوں کو مسجد سے نکالنا اگر واقعی طور پر ثابت ہو تو اس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے اس جہر کو عبادت سمجھ لیا تھا (کہ صرف ذکر جہر ہی عبادت ہے) اور ان لوگوں کو یہ تعلیم دینا

مقصود تھا[1] کہ (یہ عقیدہ رکھنا کہ صفت جہرہی عبادت ہے، بدعت ہے) (فتاویٰ بزازیہ علی ھامش الھندیہ، جلد۶،ص۳۷۸تا۳۷۹)۔

مشہور محدّث امام سیوطیؒ کے نزدیک حضرت ابن مسعودؓ کا اثر:

وہ فرماتے ہیں کہ؛ **ھذاالاثر عن ابن مسعود علی تقدیر ثبوتہ معارض بالاحادیث الکثیرۃ الثابتۃ المتقدمۃ وھی مقدّمۃ عندالتعارض** : یہ اثر ابن مسعودؓ سے (اول تو ثابت ہی نہیں اور) اگر بالفرض والتقدیر ثابت بھی ہوجائے تو یہ ثابت شدہ بہت سی احادیث سے جن کا بیان پہلے گذر چکا ہے متعارض ہے اور تعارض کی صورت میں انہی (احادیث مرفوعہ) کو ترجیح ہوگی (الحاوی للفتاویٰ، جلد۲،ص۳۹۴)۔

اس کے بعد امام سیوطیؒ نے اس اثر کی تردید کیلئے حضرت امام بن حنبلؒ کی کتاب "الزھد" سے حضرت ابووائل کی وہ روایت نقل کی ہے جو حضرت ابووائل نے ان لوگوں کی تردید میں فرمائی تھی جو یہ دعویٰ کرتے تھے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے لوگوں کو ذکر جہری سے منع فرمایا تھا، جیسا کہ اس کا بیان پہلے گذر چکا ہے۔

اثر ابن مسعودؓ کے متعلق علامہ حقّیؒ کی رائے:

حضرت مولانا عبدالحیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت علامہ حقّیؒ اپنے رسالہ فضل التسبیح والتھلیل میں لکھتے ہیں کہ؛ **مانقل عن ابن مسعود غیرثابت بدلیل مافی کتاب الزھد بالسند الی ابی وائل انہ قال ھؤلاء الذین یزعمون ان عبداللہ بن مسعود کان ینھی من الذکر ماجالستہ مجلساً الاذکر اللہ ای جھر** : یہ جو عبداللہ بن مسعودؓ سے نقل کیا جاتا ہے ثابت نہیں، دلیل اس کی یہ ہے کہ کتاب الزھد میں سند کے ساتھ (خود حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے خاص شاگرد) ابووائل سے منقول ہے کہ یہ لوگ جو دعویٰ کرتے ہیں کہ ابن مسعودؓ ذکر (یعنی ذکر جہری) سے منع کرتے تھے (حالانکہ یہ صحیح نہیں کیونکہ) میں ان کے ساتھ جب بھی کسی مجلس میں بیٹھا تو وہ اس میں ذکر (یعنی ذکر جہری) کیا کرتے تھے (سبّاحۃ الفکر،ص۷)۔

اثر ابن مسعودؓ کے متعلق مشہور مفسر علامہ محمود آلوسی حنفیؒ کی رائے:

---

[1] علامہ کردریؒ کے ان الفاظ سے یہ بات اچھی طرح واضح ہے کہ ان کے نزدیک یہ روایت صحیح نہیں۔ اس لئے فرمایا کہ اگر یہ روایت ثابت ہوجائے تو............

وہ فرماتے ہیں کہ ؛ **لایصح عند الحفاظ من الائمة المحدثین وعلی فرض صحتہ ھو معارض مایدل علی ثبوت الجھر منہ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ مما رواہ غیر واحد من الحفاظ او محمول علی الجھر البالغ:** (یہ اثر) حفاظ حدیث ائمہ محدّثین کے نزدیک صحیح نہیں اور اگر بالفرض اس کو صحیح بھی تسلیم کرلیا جائے تو خود ابن مسعودؓ سے منقول ذکر بالجہر کی روایتوں سے (یہ روایت) معارض (اور ٹکراتی) ہے (جس کا قبول کرنا ہرگز صحیح نہیں) یا پھر یہ جہر بالغ (یعنی چلاّ چلاّ کر) ذکر پر محمول ہے (تفسیر روح المعانی، جلد۱۶، ص۱۶۳)۔

اثر ابن مسعودؓ کے متعلق شیخ العرب والعجم حضرت مولانا حسین احمد مدنی ؒ کی رائے:

شیخ العرب والعجم حضرت مولانا حسین احمد مدنی دیوبندیؒ مجالس ذکر کے متعلق چند حدیثوں کو ذکر کرکے اس اثر کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ؛ یہ روایات اوران کے ہم معنی شیخین وغیرہما کی مرفوعات صحیحہ ہیں ان کے مقابلہ میں دارمی کی وہ روایات جو آپ نے ذکر فرمائی ہے، کیا حیثیت رکھتی ہے جب کہ وہ موقوف ہے اوراس کے رواۃ متفق علیہ نہیں ہیں، اگر چہ ثقاۃ ہیں اس لئے اگر معارضہ کیا جائے گا تو احادیث مذکورہ بالا ہی کو ترجیح ہوگی، خصوصاً جب کہ اطلاق آیات ذکران کی مؤیّد ہیں، **فَاذْکُرُوااللّٰہَ قِیٰمًاوَّقُعُوْدًاوَّعَلیٰ جُنُوْبِکُمْ** (الایة، آل عمران) **یٰآیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُو اذْکُرُوااللّٰہَ ذِکْرًاکَثِیْرًاo وَّسَبِّحُوْہُ بُکْرَةًوَّاَصِیْلاً** (احزاب) وغیرہ جن سے اجتماع اورانفراد سب کا ثبوت ہوتا ہے، اوراگر کوئی صورت جمع کی نکالی جائے تو یہ کہنا ممکن ہے کہ کوئی چیز ہر دوصاحبوں نے اس جماعت میں ایسی مشاہدہ کی جو کہ زمانہ سعادت میں نہیں پائی گئی اوراس میں افراط تفریط کا شائبہ تھا، اس بناء پر اس کو منع کیا نہ کہ نفس اجتماع بالذکر اوراس کی مباح کیفیات کو۔ خط کشیدہ عبارات پر تینوں روایتوں میں غور فرمایئے، اس روایت میں قرأت قرآن پر بھی تو نکیر ہے، پھر کیا اس میں مطلقاً ممانعت جاری ہوسکتی ہے اوراگر ایسا کیا جائے تو کیا آیات صریحہ اور احادیث صحیحہ کا خلاف لازم نہیں آئے گا؟ اوراگر اس میں کوئی تخصیص ایسی کیجائے جو کہ محض انکار ہوسکتی تو حلق ذکر میں کسی خاص کیفیت منکرہ پر یہ ممانعت محمول ہوگی واللہ اعلم۔ ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہٗ دیوبند، ۲۲ ذیقعدہ ۱۳۷۰ء (مکتوبات شیخ الاسلام، جلد دوم، ص۴۰

تا ٦٤، مکتوب ٦)

اگر یہ روایت ثابت ہو جائے تو بندہ کے نزدیک اس کی ایک وجہ وہی معلوم ہوتی ہے جو کہ خود اس روایت سے ظاہر ہے کہ یہ لوگ نمازِ فجر کے انتظار میں بیٹھے تھے اور بلند آواز سے ذکر کر رہے تھے حالانکہ یہ وقت فجر کی سنتیں ادا کرنے اور نماز کے انتظار کا تھا جس میں ان کے ذکر کی وجہ سے انتشار اور لوگوں کی نمازوں میں خلل واقع ہونے کا اندیشہ تھا، واللہ اعلم۔

## امّت مسلمہ کے ساتھ خیر خواہی:

یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی طرف منسوب غیر صحیح یا محتمل وہ اثر جس کو ذکر جہر اور مجالس ذکر کے خلاف بطور پروپیگنڈہ استعمال کیا جا رہا ہے، جبکہ آجکل امّت کے اکثر افراد پہلے ہی سے دینی کاموں، مجالس ذکر سے دور بھاگتے ہیں اور دنیا کی محبت فضول کھیلوں اور ٹی وی، وی سی آر وغیرہ نے ان کو ذکرِ الٰہی سے غافل کر دیا ہے اور وہ یہی چاہتے ہیں کہ کسی نہ کسی طرح نماز ذکر وغیرہ سے چھٹکارا مل جائے یہی وجہ ہے کہ ایسے لوگ ہر اُس شخص کی باتوں پر واہ واہ کہتے ہیں اور اس کو قبول کرتے ہیں، جو ان کو دینی کاموں سے آزاد کر دیتے ہیں، ایسے حالات میں تو امّت مسلمہ کے ساتھ خیر خواہی یہ تھی کہ امّت مسلمہ کو دینی اعمال پر اُبھارتے ان کو ذکر اور مجالس ذکر کی ترغیب دیتے لیکن اس کے برعکس بعض لوگوں نے اسلام دوستی کے رنگ میں یہ رویہ اپنا رکھا ہے کہ جن لوگوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ دین اور یادِ الٰہی کی طرف مائل ہو گئے ہیں ان کو وہ طرح طرح کے حیلوں بہانوں سے ذکرِ الٰہی اور مجالس ذکر سے روکتے ہیں۔

## عوام کی اکثریت مرغوبات نفس کے ساتھ ہوتی ہے:

اور وہ اس پر خوش ہو رہے ہیں کہ عوام النّاس میرے ساتھ ہیں، حالانکہ عوام النّاس کی اکثریت اپنے نفس کی مرغوبات کے ساتھ ہوتی ہے نہ کہ ان کے ساتھ۔ یہی وجہ ہے کہ یا تو ان قصّہ خوانوں اور خطیبوں پر لوگوں کی بھیڑ ہوتی ہے جو چند سستے آسان اعمال پر جنت کا ٹکٹ دیتے ہیں یا ان پر جو ان کو بے عملی میں جنت کے باغ دکھاتے ہیں۔ مثلاً اگر لوگوں سے یہ کہا جائے کہ بیس (٢٠) رکعت تراویح بدعت اور آٹھ رکعت سنت ہیں تو ایسی صورت میں وہ خلفائے راشدین اور صحابہ کرامؓ کے متفقہ اور تواترِ عملی سے ثابت شدہ عمل کو تو چودھویں صدی کے " نیم ملا خطرہ ایمان " کے کہنے پر چھوڑ دیں گے اور اس کے برعکس اسی نام نہاد دین کے شیدائی کو اگر یہ کہہ دیا جائے کہ مروّجہ بنک کی ملازمت ناجائز اور بنک کا منافع سُود اور حرام ہے تو وہ ہرگز اس یقینی حرام اور سُود یا تجارت وغیرہ میں خیانت

کو چھوڑنے والا نہیں ہوتا بلکہ وہ اسی حرام کو حلال بنانے کیلئے حیلے بہانے ڈھونڈتا پھرتا ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ یہ دین کے بجائے دنیا اور احکام الٰہی کے بجائے مرغوبات نفس کا شیدائی ہوتا ہے۔ لیکن وہ اس کو دینی رنگ دے کر اپنے نفس کو بے دینی پر مطمئن کرتا ہے۔ اس سے اندازہ لگایئے کہ جو لوگ عوام النّاس کو ذکر اللہ اور مجالس ذکر سے روکتے ہیں تو وہ کس قدر ظلمِ عظیم اور تباہ کُن جرم کے مرتکب ہو رہے ہیں۔

## جو اللہ تعالیٰ کے ذکر اور یاد سے روکے اس سے بڑھکر ظالم کون ہوگا:

بلا شبہ جو لوگ مختلف حیلوں و بہانوں سے لوگوں کو ذکر الٰہی سے روکتے ہیں وہ بہت بڑے ظالم ہیں آخر اس سے بڑھکر ظالم کون ہوسکتا ہے؟ جو دین کے نام پر لوگوں کو یاد الٰہی سے روکتا ہے۔ ایسے لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَاللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِىْ خَرَابِهَا: اور اس سے بڑھکر ظالم کون ہوگا جو اللہ کی مسجدوں کو اس سے روکے کہ وہاں اللہ تعالیٰ کے نام کا ذکر کیا جائے اور ان کے ویران کرنے کی کوشش کرے (بقرہ۱۱۴)۔

## شیطان کا اصل ہدف لوگوں کو ذکرِ الٰہی سے روکنا ہے:

شیطان کا اصل ہدف یہی ہے کہ وہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے روک دے اور ان کے دلوں پر غفلت کے پردے ڈالدے، اس مقصد کے حصول کیلئے وہ طرح طرح کی کوششیں کرتا ہے وہ دنیا کی چیزوں اور حب الشہوات کو مزین کر کے ان میں لوگوں کو پھنساتا ہے، کھیل تماشے اور نشہ آور چیزیں بھی اس کے بہترین جال ہیں، جتنے شرکیّہ عقائد اور شرکیّہ افعال ہیں وہ لوگوں کو ان میں مبتلا کرتا ہے، اس لئے کہ لوگ اللہ تعالیٰ کے بجائے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو مشکل کُشا، حاجت روا بنائیں اور ان کے دل اللہ تعالیٰ کے بجائے مخلوق کی یاد میں مشغول ہو جائیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ؛

اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِى الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِاللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ج فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ: شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے تمہارے درمیان دشمنی اور بغض (وکینہ) ڈال دے اور تم کو اللہ تعالیٰ کے ذکر اور نماز سے روکے تو کیا تم اب بھی ان سے باز آ جاؤ گے (مائدہ/۹۱)۔

نیز اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛

اِسۡتَحۡوَذَ عَلَیۡهِمُ الشَّیۡطٰنُ فَاَنۡسٰهُمۡ ذِکۡرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِکَ حِزۡبُ الشَّیۡطٰنِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزۡبَ الشَّیۡطٰنِ هُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ: ان (منافقوں) پر شیطان مسلط ہو گیا ہے پس اس نے انھیں اللہ تعالیٰ کا ذکر بھلا دیا ہے یہی لوگ شیطان کی پارٹی ہیں سن لو شیطان کی پارٹی ہی نقصان اٹھانے (اور برباد ہونے) والی ہے (سورۃ مجادلہ/۱۹)۔

## انسان کیلئے حفاظت کا قلعہ:

اس میں شک نہیں کہ انسان کا اصل محافظ اللہ تعالیٰ اور اس کی یاد ہے اور اللہ تعالیٰ کی یاد ہی وہ قلعہ ہے جس میں انسان شیطان کے حربوں سے محفوظ رہ سکتا ہے جو شخص اس سے محروم ہو جائے وہ شیطان کے ہتّھے چڑھ جاتا ہے، بلا شبہ اسلام نے زندگی کی تمام رفعت و عظمت کو ذکرِ الٰہی کے ساتھ وابستہ کیا ہے، اور اللہ تعالیٰ کی یاد ہی انسان کو زندگی کی اصل حقیقتوں سے کبھی بے پرواہ نہیں ہونے دیتی۔ جس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ انسان کبھی راہ حق سے بھٹک نہیں سکتا اگر کبھی کوئی لغزش ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کی یاد اس کو سنبھال لیتی ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل ہوا اس کا دل ایک ویران جنگل بن جاتا ہے جس میں شیطان اپنا گھر بنا لیتا ہے اور اس کو ھوائے نفس کی راہ پر لگا کر تباہ و برباد کر دیتا ہے۔

## مجالسِ ذکر کو فروغ دیجئے:

لہٰذا مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ خود بھی بکثرت اللہ تعالیٰ کو یاد کریں اور یاد رکھیں اور اس کیلئے مجالسِ ذکر کو فروغ دیں اور ان مجالس کو غنیمت سمجھیں، جن میں اللہ تعالیٰ کی یاد پیدا ہوتی ہے اور جن میں یادِ الٰہی ترقّی کرتی ہے اور وہ لوگوں کو غفلت سے نکال کر ان کے دلوں کو یادِ الٰہی سے معمور کریں ان مجالس کی بڑی بڑی دو قسمیں ہیں۔ ایک قسم کی مجالس وہ ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کی عظمت و بڑائی اور اللہ تعالیٰ کی رضا مندی حاصل کرنے اور ذکر اللہ اور نماز اور حسن معاملات اور حسن اخلاق وغیرہ کے فضائل اور آخرت جنت اور دوزخ وغیرہ کے بیانات اور تذکرے ہوتے ہیں اور جن میں اللہ تعالیٰ کی بندگی کے طور طریقے اور مسائل سکھائے جاتے ہیں ایسی مجالس کو عام اصطلاح میں علمی اور تعلیمی مجالس یا مجالس علم کہتے ہیں اور مجالس کی دوسری قسم وہ ہے جن میں یادِ الٰہی کو عملی جامہ پہنایا جاتا ہے، یہ مجالس اللہ تعالیٰ کے ذکر تہلیل و تسبیح وغیرہ کی مجالس ہیں ان کو عام اصطلاح میں مجالس ذکر کہتے ہیں۔ مجالس علم کے ذریعے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اس کے ذکر کی طرف مائل کیا جاتا ہے اور انہی مجالس کے ذریعے بندوں میں اللہ تعالیٰ کے ذکر اور یاد کا شوق پیدا کیا جاتا ہے۔ اور ذکر اور مجالس ذکر کے ذریعے دلوں کی

www.noorehidayat.org

آبیاری ہوتی ہےاوران کے ذریعے یادِالٰہی میں ترقّی ہوتی ہے،اوران کی وجہ سے ذکرِالٰہی کوفروغ ہوتا ہے۔

# مجالس ذکر کے متعلق فقہاءاورعلمائے اسلام کے اقوال اوراحوال

مجالس ذکرکا جواز واستحباب قرآن وحدیث سےاس قدرواضح اورثابت ہے کہ کوئی عالمِ دین بھی اس کے جواز واستحباب سے انکارنہیں کرسکتا، البتہ مجالس ذکر کے ساتھ اگرکوئی ناجائز کام شامل ہوجائے تو وہ مجلس، مجلسِ ذکرنہیں بلکہ اس ناجائز کام کیوجہ سے ناجائز ہوجاتی ہے،جیسا کہ زمزم کے پورے مٹکے میں تھوڑی سی ناپاک چیز مثلاً پیشاب مل جائےتو اس ناپاک چیز کیوجہ سے پورا مٹکا ناپاک ہوجاتا ہے،اسی طرح فقہاء وعلماء کرام صرف اسی قسم کی مجلس ذکرکوناجائزقراردیتے ہیں جس مجلس میں غلط اورناجائز کام شامل ہوجاتا ہے۔

## حضرت حافظ ابن تیمیہؒ اورمجالسِ ذکر:

جیسا کہ حضرت حافظ ابن تیمیہؒ سے جب مسجد میں اجتماعی ذکراورمجلس ذکر کے بارے پوچھا گیا تو انہوں نے جواب میں فرمایا؛

> **الحمد للّٰہ الاجتماع علی القرأۃ والذکر والدعاء حسن مستحب اذا لم یتخذ ذٰلک عادۃً راتبۃً کالاجتماعات المشروعۃ ولا اقترن بہٖ بدعۃ منکرۃ:** الحمدللہ،قرأتِ قرآن اورذکرودعا پرجمع ہونااچھااورپسندیدہ عمل ہے جبکہ اس کو ایسی عادت مستمرّہ نہ بنایا جائے جیسا کہ مشروع اجتماعات ہوتے ہیں،اورنہ اس اجتماع و مجلس کے ساتھ بدعت منکرہ اور برا کام شامل ہوجائے(فتاویٰ ابن تیمیہؒ، جلد۲۲، ص۵۲۲)۔

اجتماعات مشروعہ سے مراد جمعہ اورعید جیسی نمازوں کے اجتماعات ہیں یعنی ان کے ساتھ فرض واجب اورمسنون اجتماعات جیسا معاملہ نہ کیا جائے اور بدعت منکرہ سے مرادوہ اعمال ہیں جن کی کوئی اصل شریعت مطہرہ میں موجودنہ ہواوران کوکارِثواب اوردین سمجھا جائے اسی طرح اگرکوئی مجلس لوگوں کی ایذاء کا سبب بن جاتی ہےتو یہ ایذاء و تکلیف دیناناجائزہےاوراس کی وجہ سے وہ مجلس بھی ناجائز ہوگی۔

www.noorehidayat.org

## حضرت امام شاہ ولی اللہؒ اور مجلس ذکر:

حضرت امام شاہ ولی اللہؒ فرماتے ہیں کہ؛

**لاشک ان اجتماع المسلمین راغبین ذاکرین یجلب الرحمة والسکینة ویقرّب من الملائکه:** اس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے کہ مسلمانوں کا شوق وذوق کے ساتھ جمع ہوکر ذکر کرنا اللہ تعالیٰ کی رحمت وسکینت کو کھینچتا ہے اور فرشتوں کے قریب کردیتا ہے (حجۃ اللہ البالغہ، جلد۲، ص۷۱)۔

## حضرت شیخ عبدالحق محدّث دھلویؒ اور مجلس ذکر:

حضرت مولانا عبدالحی لکھنویؒ اپنے رسالہ "**سبّاحة الفکر**" میں حضرت شیخ عبدالحق محدث دھلویؒ کا ایک مضمون ان کے رسالہ "**توصیل المرید الی المراد**" فارسی سے عربی میں ترجمہ کر کے نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں؛

**الجهر والاعلان بالذکر والتلاوة والاجتماع لذکر فی المجالس والمساجد جائز و مشروع:** پکار کر اوراعلان کے ساتھ ذکر وتلاوت اور ذکر کیلئے اکٹھا ہونا مجالس اور مساجد میں جائز اور مشروع ہے۔ اس کے بعد حضرت مولانا عبدالحیؒ نے شیخ عبدالحق محدث دھلویؒ کا اس سلسلہ میں مفصل اور مدلل مضمون نقل فرمایا ہے (سباحۃ الفکر، ص۳۰ تا ۳۱)۔

## حضرت علامہ خیرالدین رملی حنفیؒ اور مجالسِ ذکر:

فتاویٰ خیریہ میں ہے کہ حضرت علامہ خیرالدین رملی حنفیؒ سے ایک طویل سوال کیا گیا اس میں مجالس ذکر سے متعلق جو سوال کیا گیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ؛

حضرات صوفیہ کی یہ جو عادت ہے کہ ذکر کے حلقے مساجد میں قائم کر کے ذکرِ جہری کرتے ہیں۔ نسل درنسل یہ طریقہ ان کے ہاں چلا آرہا ہے اس میں عارفانہ کلام اور قصائد بھی اونچی آواز سے پڑھتے ہیں ان پر بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ یہ قصائد پڑھنا اوراونچی آواز سے ذکر کرنا مساجد میں جائز نہیں، تو کیا ان کا یہ اعتراض شریعت کے مطابق ہے؟ تو

انہوں نے جواب میں فرمایا؛"**فامّا حلق الذکر والجھر بہٖ وانشاد القصائد فقد جاء فی الحدیث مااقتضی طلب الجھر نحو وان ذکر نی فی ملاء ذکرته فی ملاء خیر منه رواه البخاری ومسلم و ترمذی والنسائی وابن ماجه و رواه احمد بنحوه باسناد صحیح**...... الخ، باقی رہا یہ کہ ذکر کے حلقے اور جہری ذکراور قصائد کا پڑھنا تو (ان کے متعلق) حدیث میں جو کچھ ہے اس سے ان کا مطلوب ہونا معلوم ہوتا ہے، جیسا کہ حدیث میں آیا ہے "وان ذکرنی فی ملاء ذکرتہ فی ملاء خیر منہ" اس کو بخاری مسلم ،ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور اسی طرح احمد نے صحیح اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے(الفتاویٰ الخیریۃ علی ھامش تنقیح الحامدیۃ ،جلد۲،ص۲۷۹تا۲۸۱)۔

## علامہ سیوطی رحؒ کی تحقیق:

حضرت علامہ حافظ سیوطیؒ اپنے رسالہ "**نتیجة الفکر**" کی ابتداء میں لکھتے ہیں کہ؛

**سألت اکرمک اللّٰه عما اعتاده السادة الصوفیه من عقد حلق الذکر والجھر به فی المساجد ورفع الصوت بالتھلیل وھل ذالک مکروه او لا**: اللہ تعالیٰ تمہیں عزت دے تم نے سوال کیا ہے کہ حضرات صوفیہ کی یہ جو عادت ہے کہ وہ مساجد میں ذکر کے حلقے منعقد کرتے ہیں اوران میں ذکرِ جہری کرتے ہیں اوراونچی آواز سے "**لاالٰہ الاّ اللّٰہ**" پڑھتے ہیں تو کیا یہ مکروہ ہے یا کہ نہیں؟

(الجواب) **انه لاکراھة فی شیءٍ من ذالک وقد وردت احادیث تقتضی استحباب الجھر بالذکر واحادیث تقتضی استحباب الاسرار بهٖ والجمع بینھما ان ذالک یختلف باختلاف الاحوال والاشخاص کما جمع النووی بمثل ذالک ......الخ**: اس کا جواب یہ ہے کہ اس میں سے کسی چیز میں کوئی کراہت نہیں بلکہ بعض ایسی حدیثیں ہیں جن کا تقاضا یہ ہے کہ ذکر جہری مستحب ہے اور بعض احادیث ایسی ہیں جن کا تقاضا ہے کہ سرّی اور خفیہ ذکر مستحب ہے اوران دونوں قسم کی حدیثوں میں جمع اس طرح ہوگا کہ یہ اختلاف مختلف اشخاص اور مختلف احوال کے لحاظ سے ہے جیسا کہ (حضرت امام) نوویؒ نے اس طرح جمع کیا............الخ (الحاوی للفتاوی،جلد۲ص

۳۸۹ تا ۳۹۷)۔

## مساجد وغیرہ میں ذکرِ جہری کے حلقے بالاتفاق جائز ہیں:

بہرحال مساجد وغیرہ میں ذکرِ جہر کے حلقے اور مجالس بالاتّفاق جائز ہیں۔ چنانچہ علاّمہ ابن عابدینؒ اپنی کتاب "ردالمحتار" المعروف بالشامی میں لکھتے ہیں کہ؛

**وفی حاشیة الحموی عن الامام الشعرانی اجمع العلماء سلفا وخلفا علی استحباب ذکر الجماعة فی المساجد وغیرها الاّ أن یشوّش جهرهم علی نائم او مصلٍّ اوقاری:** اورحاشیہ حموی میں حضرت امام شعرانیؒ سے نقل کیا گیا ہے کہ سلف وخلف (متقدمین اورمتاخرین تمام) علماء کا مساجد اور دوسری جگہوں میں مجالسِ ذکر کے مستحب ہونے پر اجماع (اوراتفاق) ہے سوائے اس صورت کے کہ ذاکرین کا جہر کسی کے آرام یا نمازی کی نماز یا کسی کی قرأت (اور بیان) میں خلل ڈالے (تو ایسی صورتوں میں ذکرِ جہر جائزنہیں) (ردالمحتار المعروف بالشامی، جلد۱،ص۴۴۴)۔

## علمائے دیوبند کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ

بعض لوگ اکابر علمائے دیوبند کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ (العیاذ باللہ) ذکرودرود شریف اورمجالسِ ذکر کے مخالف ہیں۔ یہ ان پر افتراء اور بہتان ہے۔حضرات علمائے دیوبند صرف ذکرِ جہراور مجالسِ ذکراور درودشریف کے جواز واستحباب کے قائل ہی نہیں بلکہ وہ ہمیشہ ذکرودرود شریف اورمجالسِ ذکرکو عملی جامہ بھی پہناتے رہے ہیں۔اگرچہ ان کے قول وفعل سے اس کا جواز واستحباب خوب واضح ہے تاہم اس کے متعلق ان حضرات کے کچھ اقوال اوراحوال کونقل کرتا ہوں تا کہ عام لوگ بھی کسی غلط فہمی کے شکار نہ ہوں۔اب اس کے متعلق ان حضرات کے اقوال اوراحوال کو پڑھ لیجئے۔

## حضرت مولانا مفتی کفایت اللہؒ کے نزدیک مساجد میں جہری ذکر کی مجلس:

حضرت مولانا مفتی کفایت اللہؒ سے سوال کیا گیا کہ مسجد کے اندر حلقۂ ذکر کرنا درست ہے؟ تو جواب

میں انہوں نے فرمایا؛

مسجد کے اندحلقہ ذکرمنعقد کرنا مباح ہے بشرطیکہ کسی نمازی کی نماز یا کسی سونے والے کی نیند میں خلل انداز نہ ہواور ذکر بھی زیادہ شور وشغب اور افعالِ مکروہہ پر مشتمل نہ ہو(کفایت المفتی ،جلد۳،ص۱۶۴)۔

# حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ کی تحقیق:

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ سے سوال کیا گیا کہ طریق شاذلیہ میں ذکر جلی بافراط لوگوں کو لے کر کھڑے ہوکر کرتے ہیں جائز ہے یانہیں؟ حضرت تھانویؒ نے اس سوال کا مفصّل جواب دیا ہے،اور اس پر پوری بحث مباحثہ کرکے آخر میں فرماتے ہیں کہ؛

پس بعد ثبوتِ مشروعیتِ جہر کسی طور وہیئت کے ساتھ مقیّد نہیں بلکہ بوجہ اطلاق ادلّہ مطلق ہے خواہ منفرد ہو یا مجتمع،حلقہ باندھ کر ہو یا صف باندھ کر یا کسی اور صورت سے کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر ہو ہر طور سے جائز ہے(امدادالفتاویٰ،جلد۵،ص۱۵۱تا۱۵۴)۔

# امام ربانی حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کا مسجد کے اند ذکرِ جہر:

امام ربانی حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کا ذکر جہری کے متعلق فتویٰ ذکرِ جہری کے باب میں گذر چکا ہےاور حضرت اقدس خود بھی آخرعمر تک ذکر بالجہر کرتے تھے۔حضرت مولانا عاشق میرٹھیؒ نے ان کا ابتدائی بیعت کا واقعہ لکھا ہے جبکہ وہ شیخ المشائخ امیر المؤمنین حضرت حاجی امداداللہ مہاجر مکیؒ سے بیعت ہوئے۔اس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت اقدس حاجی صاحبؒ نے جب آپ کو ذکر جہر بارہ تسبیح تلقین وتعلیم کیا تو آپ اٹھے اور وضو کیا اور مسجد میں تشریف لے گئے ایک گوشہ میں اعلیٰ حضرت حاجی امداداللہ صاحبؒ اپنے کام میں مشغول تھے دوسرے گوشے میں آپ جا کھڑے ہوئے اور تہجد کے نوافل پڑھنے کے بعد ذکر نفی واثبات بالجہر شروع کردیا،آگے حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ؛

آخر میں نے ذکر بالجہر شروع کیا گلا اچھا تھا بدن میں قوت تھی صبح کو جب حاضر خدمت ہوا تو حضرت حاجی صاحبؒ فرمانے لگے کہ تم نے تو ایسا ذکر کیا جیسے کوئی بڑا مشّاق کرنے والا ہو۔ اس دن سے ذکرِ جہر کے ساتھ مجھے محبت ہوگئی پھر کبھی چھوڑنے کو جی نہیں چاہا اور نہ کوئی وجہ شرعی اس کی ممانعت کی معلوم ہوئی(تذکرۃ الرشیدؒ،ص۴۸تا۴۹)۔

## گنگوہ شریف کی خانقاہ:

شیخ الحدیث حضرت اقدس مولانا محمد زکریاؒ اپنی کتاب " شریعت وطریقت کے تلازم " کے ابتدائی صفحہ میں فرماتے ہیں کہ؛

قطب الارشاد حضرت گنگوہیؒ کے دور میں ان کے مریدوں میں معمولی سے معمولی اوران پڑھ بھی متبع سنت تھے۔ میں نے بہت سے بالکل ان پڑھ لوگوں کو دیکھا کہ تہجد کے ایسے پابند تھے کہ بعض بڑوں کو بھی ایسا کم دیکھا۔اورطریقت کا حال یہ تھا کہ حضرت قدّس سرّہ کی خانقاہ کے قریب جوعام گڑھا" تالاب ''مشہورہےاس میں پچاس ساٹھ دھوبی آخرشب میں کپڑے دھویا کرتے تھے وہ بجائے مختلف آوازوں کے "اللہ اللہ " کی صدائیں لگایا کرتے تھے( شریعت وطریقت،ص۳ تا۴ )۔

حضرت مولانا عبدالحفیظ مکّی دامت برکاتہم اپنے رسالہ " مساجد میں مجالسِ ذکرِ جہری کا استحباب "میں لکھتے ہیں کہ؛

حضرت حکیم الاسلام قاری محمد طیّب صاحب قاسمیؒ سے اس سیاہ کار نے ایک بیان میں یہ فرماتے ہوئے سنا کہ گنگوہ کی خانقاہ کے پاس ہی ایک جوہڑ ( تالاب ) تھا جس کی دوسری طرف ایک مسجد تھی اس مسجد میں حضرت مولانا محمد یحییٰ کاندھلویؒ کا اپنے تلامذہ ومتعلقین کیساتھ قیام تھا، رات کونصف شب کے بعد سے خانقاہ سے بھی ذکرِ جہری شروع ہو جاتا اورحضرت مولانا یحییٰؒ والی مسجد سے بھی جس کے اثر سے پوری فضالاالٰہ الاّاللہ، ......الاّ اللہ اوراللہ اللہ کی ضربوں سے گونج اٹھتی تھی جس کے نتیجے میں جوہڑ ( تالاب ) میں موجو دھوبی بھی اس ذکر جہری سے متاثر ہوئے اوران کا دائمی معمول بھی یہ بن گیا کہ جب کپڑا پتھر پر مارتے تو مارتے ہوئے زبان سے ضرب کے ساتھ اللہ اللہ کا نعرہ لگاتے ( مساجد میں مجالس ذکر جہری کا استحباب،ص۳۹ تا۴۰ )۔

## بانی جماعت تبلیغ حضرت مولانا شاہ محمد الیاسؒ کا ذکرِ جہری:

حضرت مولانا شاہ محمد الیاسؒ ایک مرید کواس کے خط کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ؛

ذکر کی مقدارتم نے بہت غلط لکھی ہے۔لاالٰہ الاّ اللہ دوتسبیح پھر "الاّ اللہ "چارتسبیح پھر " اللہ،اللہ "چھ تسبیح سب میں قوت وہمت اور تعظیم اورحلاوت ملحوظ خاطر رہنی ضروری ہے ہمیشہ

مواظبت رہے ترک نہ ہو(ارشادات ومکتوبات ،بانی جماعت تبلیغ حضرت مولانا شاہ محمد الیاسؒ ،ص۱۳۵)۔

نیز حضرت مولانا محمد منظور نعمانیؒ فرماتے ہیں کہ؛

(حضرت مولانا محمد الیاسؒ نے فرمایا) ہماری اس دینی دعوت میں کام کرنے والے سب لوگوں کو یہ بات اچھی طرح سمجھا دینا چاہئے کہ تبلیغی جماعتوں کے نکلنے کا مقصد صرف دوسروں کو پہنچانا اور بتانا ہی نہیں ہے بلکہ اس کے ذریعہ سے اپنی اصلاح اور اپنی تعلیم وتربیت بھی مقصود ہے۔لہذا نکلنے کے زمانہ میں علم اور ذکر میں مشغولیت کا بہت زیادہ اہتمام کیا جائے علم دین اور ذکراللہ کے اہتمام کے بغیر نکلنا کچھ بھی نہیں ہے پھر یہ بھی ضروری ہے کہ علم وذکر میں مشغولیت اس راہ کے اپنے بڑوں سے وابستگی رکھتے ہوئے اوران کے زیر ہدایت ونگرانی ہو۔انبیاء علیہم السلام کا علم وذکر، اللہ کے زیر ہدایت تھا اور صحابہ کرامؓ، رسول اللہ ﷺ سے علم وذکر کر لیتے تھے اور حضور ﷺ ان کی پوری پوری نگرانی فرماتے تھے۔اسی طرح ہر زمانہ کے لوگ اپنے بڑوں سے علم وذکر لیا کرتے اوران کی نگرانی اور رہنمائی میں تکمیل پاتے۔ایسے ہی آج بھی ہم اپنے بڑوں کی نگرانی کے محتاج ہیں ورنہ شیطان کے جال میں پھنس جانے کا بڑا اندیشہ ہے[۱]۔

حضرت اقدس مولانا محمد الیاسؒ طالب علمی کے زمانہ میں حضرت اقدس گنگوہیؒ سے بیعت ہوگئے تھے اوران کی وفات کے بعد حضرت اقدس مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ سے بیعت ہوئے اوران کے خلیفہ مجاز ہوئے[۲] وہ خود بھی بارہ(۱۲) تسبیح ذکر جہری کرتے تھے اوراپنے مریدین کو بھی یہی ذکر بتاتے تھے اور تبلیغی جماعت والوں کو بھی یہی ترغیب دیتے تھے کہ وہ یہ ذکر اس راہ کے بڑوں سے سیکھیں۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ اپنی کتاب "تبلیغی جماعت پراعتراضات کے جوابات" میں فرماتے ہیں کہ؛ "حضرت دہلوی[۳] کے ایک مکتوب کے چند فقرے نقل کرتا ہوں جو میوات کے کارکنوں کے نام لکھا گیا اور حضرت دہلوی کے مکاتیب میں طبع شدہ ہے۔

میرے دوستو اور عزیزو؛تمہارے ایک ایک سال دینے کی خبر سے جو ابھی سے مسرت ہو رہی

---

۱　تفصیل کیلئے دیکھئے ملفوظات شاہ محمد الیاسؒ ،ص۹۳، دارالاشاعت بالمقابل مولوی مسافرخانہ کراچی نمبرا۔

۲　تفصیل کیلئے دیکھئے "حضرت مولانا محمد الیاسؒ اوران کی دینی دعوت" مؤلف حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ۔

۳　حضرت دہلوی سے مراد حضرت مولانا محمد الیاسؒ ہیں۔

ہے وہ تحریر سے باہر ہے۔اللہ تعالیٰ قبول فرمائے اورتوفیق مزید عطا فرمائے میں چند باتوں کی طرف آپ صاحبان کی توجّہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

- اپنے اپنے حلقے کے ان لوگوں کی فہرست جمع کرکے مجھے اور شیخ الحدیث صاحب[1] کولکھیں کہ جوذکرشروع کرچکے ہیں یااب کررہے ہیں یا چھوڑ چکے ہیں۔
- دوسرے جو بیعت ہیں اوران کو بیعت کے بعد جو بتلایا جاتا ہے اس کو نباہ رہے ہیں یانہیں۔
- ہر مرکز میں جو مکاتب ہیں ان کی نگرانی اور جدید مکاتب کی جہاں جہاں ضرورت ہے۔
- تم خودبھی ذکروتعلیم میں مشغول ہو یانہیں اگرنہیں تو بہت جلداب تک کی غفلت پرنادم ہوکرشروع کردو،الف سے مراد یہ ہے کہ جن کو بارہ تسبیح بتائی گئی ہیں وہ پابندی سے پورا کرتے ہیں یانہیں اورانہوں نے ہم سے پوچھ کرکیا ہے یا خوداپنی تجویز سے ذکرکرنے والوں کودیکھ کر شروع کیاہے، ہرہر شخص سے دریافت کرکے نمبروار تفصیل سے لکھو۔
- اپنے مرکزوں سے ہر ہرنمبر کے متعلق نمبر وار تفصیل کے ساتھ کارگذاری میرے اورشیخ الحدیث صاحب کے پاس روانہ کرنے کا اہتمام ہو۔
- جوذکر بارہ تسبیح کررہے ہیں ان کوآمادہ کروکہ وہ ایک ایک چلہ رائے پورجاکرگذاریں۔
- میرے دوستو؛ تمہارے نکلنے کا خلاصہ تین چیزوں کا زندہ کرنا ہے۔ ذکر۔تعلیم اورتبلیغ ،یعنی تبلیغ کیلئے باہرنکالنا اوران کوذکروتعلیم کا پابند کرنا(تبلیغی جماعت پراعتراضات کے جوابات،ص ۲۹ تا ۳۰، بحوالہ مکاتیب)۔

---

[1] شیخ الحدیث سے مرادشیخ الحدیث حضرت مولانامحمدزکریاؒ ہیں

یہاں دو باتوں کی تشریح ضروری سمجھتا ہوں ایک یہ کہ بارہ (۱۲) تسبیح سے مراد چشتیہ کا نصابِ ذکر ہے اور یہ بارہ تسبیح جہراور ضرب کے ساتھ ہوتے ہیں۔جیسا کہ اس کا ذکر حضرت اقدس مولانا محمد الیاسؒ کے مکتوب میں بھی گذر چکا ہے، وہ یہ ہیں۔

دوسومرتبہ　　" لاالٰہ الاّاللّٰہ "

چارسومرتبہ　　" الاّ اللّٰہ "

چھ سومرتبہ　　" اللّٰہ اللّٰہ "

دوسری بات کہ رائے پور کے چلے سے مراد یہ ہے کہ وہ رائپور کی خانقاہ جو کہ مجالس ذکر کا مرکز تھی اس ماحول میں چالیس دن گذاریں۔

## بنگلہ والی مسجد مرکز تبلیغ میں ذکر جہراور مجلس ذکر:

امام المجاہدین حضرت مولانا عبدالحفیظ مکّی دامت برکاتہم اپنے رسالہ "مجالس ذکرِ جہری" میں فرماتے ہیں کہ؛

جن لوگوں نے امام التبلیغ اسوۃ السلف الصالحین حضرت اقدس مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلویؒ کا زمانہ دیکھا ہے ان سے اس سیاہ کار نے بالتواتر سنا کہ بنگلہ والی مسجد "مرکز تبلیغ" میں ہمیشہ معمول تھا کہ لوگ آخر شب میں عموماً سب اٹھ کر تہجد کے نوافل میں مشغول ہوجاتے اور فجر کی اذان سے تھوڑی دیر قبل سے لیکر فجر کی جماعت کھڑی ہونے تک (جو کہ اسفار میں ہوتی تھی) اکثر لوگ مسجد میں اور باہر صحن میں اور برآمدے میں ذکرِ جہری میں عموماً مشغول ہوجاتے۔ یہ منظر تو اس سیاہ کار نے خود بھی ۱۹۵۹ءاور ۱۹۶۰ء میں دیکھا ہے حضرت مولانا محمد یوسف صاحب کاندھلویؒ کے زمانہ میں کہ فجر کی اذان سے لیکر فجر کی جماعت کھڑے ہونے تک دھلی مرکز نظام الدین بنگلہ والی مسجد میں کافی لوگ اپنی اپنی جگہ بیٹھے ذکرِ جہری میں مشغول رہتے تھے ان میں سے کچھ مسجد کے اندر ہوتے تھے اور کچھ باہر مگر ان سب کی آواز سے مسجد اور اس کے باہر کا سارا حصہ ذکرِ جہری سے گونجتا رہتا تھا (مجالسِ ذکرِ جہری، ص ۴۱ تا ۴۲)۔

## مسجد خانقاہ امدادیہ اشرفیہ تھانہ بھون:

حضرت مولانا عبدالحفیظ مکی دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ ماھنامہ "البلاغ" کراچی جلد ۳۴ جمادی الاولی ۱۴۲۰ھ میں ایک مضمون بعنوان "خانقاہ امدادیہ اشرفیہ تھانہ بھون" مفتی عبدالرؤف سکھروی مدّ ظلّہ کا چھپا ہے جس میں حضرت اقدس حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے زمانہ میں خانقاہ کے مختلف حالات وکوائف تفصیلاً ذکر فرمائے ہیں اس مضمون میں ایک ذیلی عنوان قائم فرمایا ہے۔ "معمولات اھل خانقاہ" اس میں حضرت مفتی عبدالرؤف صاحب فرماتے ہیں؛

> نماز فجر کے بعد لوگ مسجد میں وظیفہ پڑھتے رہتے تھے۔ اور کچھ اھل خانقاہ اور طالب علم کلام پاک کی تلاوت میں مشغول رہتے تھے اور کچھ لوگ ذکرِ جہری میں محو ہوتے تھے پھر سورج نکلنے پر مدرسہ شروع ہوتا تھا۔

شفیق الامت حضرت حاجی محمد فاروق صاحب سکھرویؒ اپنے رسالہ "مجالس ذکر" میں تحریر فرماتے ہیں کہ؛

> حضرت تھانویؒ جب نماز تہجد کے بعد ذکر فرماتے تھے تو حضرت کے ساتھ ساتھ حضرت خواجہ صاحبؒ اور دوسرے حضرات بھی ذکر شروع کر دیا کرتے تھے اور آپ اس سے منع نہیں فرمایا کرتے تھے (مجالس ذکر، ص ۳، تفصیل کیلئے دیکھئے مجالسِ ذکرِ جہری)۔

## حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ وغیرہ اکابر کا ذکر بالجہر:

ذکرِ جہری کے متعلق حضرت حسین احمد مدنیؒ کی رائے کا بیان پہلے ذکر کر چکا ہوں کہ وہ مسجد میں ذکرِ جہری کو جائز سمجھتے ہیں یہاں ان کا اور دوسرے اکابر کا عمل بھی ملاحظہ کیجئے۔

> چنانچہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ فرماتے ہیں؛ ہمارے اکابر حضرت گنگوہیؒ، حضرت رائپوریؒ، چچا جان اور حضرت مدنیؒ وغیرہ اکابر ذکر بالجہر اخیر زمانہ تک جبکہ شیخ المشائخ بن چکے تھے کیا کرتے تھے اور پوچھنے پر فرماتے تھے کہ جس چیز سے ہم یہاں تک پہنچے اس کو چھوڑ دیں؟ (حضرت شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ اور ان کے خلفاء کرام، تالیف حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ، ص ۵۱۶ حصہ اوّل)۔

## حضرت مدنیؒ وغیرہ اکابر کا لوگوں کو ذکر بالجہر سکھانا:

حضرت مولانا مدنیؒ اور اکابر علمائے دیوبند اپنے متعلّقین کو چشتیہ کے مشہور اور معروف بارہ (۱۲) تسبیح ذکرِ جہری سکھایا کرتے تھے۔ تفصیل کیلئے دیکھئے حضرت تھانویؒ کی کتاب شریعت وطریقت، (صفحہ ۲۷۰ تا ۲۷۴)

نیز اس کا بیان پہلے صفحات میں بھی گذر چکا ہے۔اور یہ تمام حضرات ذکر کا جوطریقہ سکھاتے تھے وہ مفہوم کے لحاظ سے ایک ہی تھا لیکن یہاں حضرت مدنیؒ کا تعلیم کردہ طریقۂ ذکر نقل کر دیتا ہوں اور حضرت مولانا عبدالغنی صاحب دامت برکاتہم نے مندرجہ ذیل طریقہ خودراقم الحروف کولکھ کر دیا ہے۔

ذکر سے پہلے درود شریف ۳ بار، الحمد شریف ۳ بار، سورہ اخلاص ۱۲ بار پھر درود شریف ۳ بار پڑھ کر اپنے مشائخ طریقتؒ کی ارواح مقدسہ کواس کا ثواب پہنچایا جائے اور دعا کی جائے کہ اے اللہ تبارک وتعالےٰ انکے طفیل میرے قلب کو غیراللہ سے پاک فرما اور اپنے نور معرفت سے منور فرما۔

| | | |
|---|---|---|
| لا الٰہ الاّ اللّٰہ | = | ۲۰۰ مرتبہ |
| الاّ اللّٰہ | = | ۴۰۰ مرتبہ |
| اللّٰہ ُ اللّٰہ | = | ۶۰۰ مرتبہ |
| اللّٰہ | = | ۱۰۰ مرتبہ (کل ۱۳ تسبیح) |

قلب بائیں پستان کے نیچے ہے، سر کواس طرف جھکا کر قلب سے لا الٰہ نکالتا ہوا دائیں مونڈھے پر لے جائے اور یوں خیال کرے کہ جملہ ماسوا کو میں نے قلب سے نکال کر پس پشت ڈال دیا پھر وہاں سانس کو توڑ کر الاّ اللہ کی ضرب قلب پر لگائی جائے گویا کہ لوہار ہتھوڑے سے ضرب لگاتا ہے اور یوں خیال رہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کو میں نے قلب کے اندر گاڑھ لیا۔ لا الٰہ الاّ اللہ کے معنی کوئی میرا محبوب نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے کیونکہ جو معبود ہوتا ہے محبوب ہوتا ہے۔ اس کے بعد قلب پر الاّ اللہ کی ضرب لگائی جائے، سر کو دائیں مونڈھے کی طرف نہ لے جایا جائے بلکہ سر کو اٹھا کر قلب پر ضرب لگائی جائے اور خیال یوں رہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کو دل میں گاڑھ رہا ہوں۔ پھر اللہُ اللہ کی ضرب لگائی جائے یعنی پہلے اسم اللہ پر ضرب ہو اور دوسری مرتبہ بغیر ضرب اسکے ساتھ کہا جائے۔ دو مرتبہ یعنی اللہُ اللہ کو ایک بار شمار کر کے ۶ تسبیح پوری کی جائے۔ بعد ازاں ۱۰۰ مرتبہ اسم ذات باری تعالیٰ "اللہ'' کا ذکر اسی طریقہ اور خیال پر کیا جائے۔ روزانہ ۲۴ گھنٹہ میں ایک مرتبہ ایک ہی جلسہ میں باوضو قبلہ رُو، دوزانوں یا چار زانوں بیٹھ کر یہ ذکر کیا جائے بہتر تو یہ ہے کہ آخر شب میں کیا جائے۔ ورنہ اگر اس وقت نہ ہو سکے تو بعد نماز فجر، ظہر، عصر یا مغرب کسی وقت کر لیا

جائے (تلقین فرمودہ شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ العزیز، مورخہ ۱۰ جمادی الاولیٰ، ۱۳۵۵ء)۔ احقر محمد عبد الغنی غفرلہٗ

## شیخ الہندؒ کی ذکرِ جہری کی تلقین وتعلیم:

شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن دیوبندیؒ حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ کے شاگرد تھے اور انہی سے آپ کا اصلاحی تعلق تھا اور ان کی طرف سے آپ کو چاروں سلسلوں میں اجازت بیعت تھی، لیکن معروف ومعمول بہا ان حضرات میں سلسلہ چشتیہ ہے اورؒ حضرت شیخ العرب والعجم مرشد العلماء حضرت حاجی امداد اللہ صاحبؒ نے بھی بذریعہ والا نامہ کے اجازت وخلافت عطا فرمائی تھی۔ بہر حال بالواسطہ اور بلا واسطہ آپ کا سلسلہ ارشاد حضرت حاجی صاحبؒ تک پہنچتا ہے۔ آپ بھی اپنے ان مریدین کو جو باقاعدہ ذکر وشغل جاری رکھنا چاہتے ان کو دوازدہ تسبیح یعنی سلسلہ چشتیہ کے بارہ تسبیح جہری ذکر تعلیم فرمایا کرتے تھے۔ (حیات شیخ الہندؒ ص، ۲۴۶ تا ۲۴۸)۔

## سراج الاولیاء حضرت مولانا خلیفہ غلام محمد دینپوریؒ اور مجالسِ ذکر:

حضرت مولانا حافظ نثار احمد الحسینی صاحب زید مجدہم اپنے مضمون مجالسِ ذکر میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

آپ اکابر اولیاء اللہ میں سے گذرے ہیں حضرت شیخ الہندؒ کی تحریک ریشمی رومال میں آپ نے مثالی کردار ادا کیا، آپ حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ کے مرشد تھے۔ حضرت مدنیؒ کو آپ نے اپنے سلسلہ میں خلافت سے نوازا۔ حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ آپ کے دامن فیض سے وابستہ تھے اور آپ کے خلیفہ مجاز تھے آپ کی خانقاہ دینپور میں روزانہ مجلسِ ذکر ہوتی تھی۔ آپ کی سوانح حیات میں حاجی عبیدی دینپوریؒ لکھتے ہیں؛ بعد از نماز مغرب (عشاء سے قبل) حضرت روزانہ طریقہ قادریہ کے مطابق مسجد میں ذکرِ جہر کی مجلس منعقد فرمایا کرتے تھے، جسے حلقہ ذکر کہا جاتا ہے اس میں خود بھی شامل ہوتے اور یہ سلسلہ سفر وحضر میں ہر جگہ بدستور جاری رہتا یہ مجلس تقریباً بیس پچیس منٹ کی ہوتی تھی۔ رمضان المبارک میں نماز تراویح کی ہر چار رکعت کے بعد ایک تسبیح ذکر کی، کی جاتی ذکر کے اختتام پر تھوڑی دیر مراقبہ اور پھر دعا ہوتی (ید بیضاء)۔

## امام الاولیاء شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ اور مجالسِ ذکر:

حضرت مولانا حافظ نثاراحمد الحسینی زیدمجدہم اپنے مضمون میں آگے لکھتے ہیں کہ؛

حضرت لاہوریؒ اس دور کے اکابراولیاءاللہ میں سے تھے دین وسیاست ہرشعبہ میں آپ نے امت محمدیہ علی صاحبہا التحیۃ والسلام کی رہنمائی فرمائی۔آپ طریقت میں حضرت خلیفہ غلام محمد دینپوریؒ سے مجاز تھے، ہزار ہا علماء،صلحاء حضرت لاہوری کے دامنِ فیض سے وابستہ ہوئے۔اپنے شیخ کے طرز پرآپ ہر جمعرات کو بعدنماز مغرب ذکر بالجہر کا اہتمام فرماتے تا عمرآپ نے اس پر مواظبت فرمائی۔ اور اپنی اجازت سے جگہ جگہ ذکر کی مجالس قائم کروائیں۔آپ کے سلسلہ عالیہ میں الحمدللہ آج بھی پاک وہند کے علاوہ عرب اور یورپین مما لک میں خانقاہیں قائم ہیں اورمجالس ذکرکا اہتمام جاری ہے............الخ۔

## شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مہاجر مدنیؒ:

مرشدی حضرت اقدس شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ کی شخصیت پوری دنیا میں سورج کی طرح نمایاں ہے۔دنیا کا کوئی گوشہ ایسانہیں جس میں حضرت اقدسؒ کی شخصیت جانی پہچانی نہ ہو۔وہ شریعت وطریقت کے امام تھے،علماء ومشائخ کے مرجع ومقتداء تھے،وہ تبلیغی جماعت اورمدارس کے سرپرست تھےاورپوری دنیامیں ان کاعلمی اورروحانی فیض پھیلا اورپھیل رہا ہے۔آپ کے فضائل وکمالات،اخلاق وعادات تعلیمات وافادات اورآپ کی اللہ تعالیٰ اوراس کے رسول ﷺ کے ساتھ عشق ومحبت اوردلسوزی پر لکھنے والوں نے بہت کچھ لکھا ہےاوران کی سوانح حیات پرمستقل کتابیں لکھی گئی ہیں۔یقیناً جواللہ تعالیٰ اوراس کے رسول ﷺ کا عاشق اور سچی محبت رکھنے والا ہووہ اللہ تعالیٰ کے ذکراوردرودشریف اوراس کے پھیلاؤ سے بھی محبت اورگہراتعلق رکھے گا۔یہاں اس جامع شخصیت کی ذکراوردرودشریف سے عشق ومحبت اوراس کے پھیلاؤ سے عشق ومحبت کوملاحظہ کیجئے۔

مدارس میں کس چیز کی کمی سے نقصان آیا؟

دوسرے حضرات کی طرح مولانا تقی الدین ندوی مظاہری نے بھی حضرت شیخ کے ملفوظات جمع کئے ہیں اور یہ ملفوظات حضرت شیخ الحدیثؒ کی حیات میں "صحبتے با اولیاء" کے نام سے چھپ چکے ہیں۔اس کی انّیسویں مجلس میں حضرت شیخ الحدیثؒ کا ارشاد ہے کہ "آج ہمارے مدارس میں ساری اسٹرائیک وغیرہ سب اسی خانقاہی زندگی کی کمی سے پیش آرہی ہے، حدیث میں آیا ہے کہ اگر زمین میں اللہ اللہ کہنے والے ختم ہو جائیں تو قیامت

آجائیگی۔اللہ کا نام خواہ کتنی ہی بے توجہی سے لیا جائے اثر کئے بغیر نہیں رہتا۔ہم لوگوں میں اخلاص نہیں رہا۔اللہ اللہ کرنے کے سلسلے کو بڑھاؤ۔اللہ کا نام جہاں کثرت سے لیا جائے گا وہاں فتنہ نہ ہوگا۔اللہ کا ذکر حوادث وفتن میں سدِّ سکندری ہے پہلے زمانے میں دورۂ حدیث میں طلبہ کی ایک تعداد ذاکر ہوا کرتی تھی (صحبتے با اولیاء،ص۱۲۴)۔

مصائب اور فتن کا علاج:

حضرت مولانا ابوالحسن علی ندویؒ اپنے مضمون میں حضرت شیخ الحدیثؒ کے متعلق لکھتے ہیں کہ ایک دوسرے مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں؛ میرا یقین ہے کہ فتن کا علاج اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے اور اسی جذبہ کے تحت ملکوں ملکوں میں پھر رہا ہوں (حیات شیخ الحدیثؒ،ص۱۷۳)۔حضرت شیخؒ نے فرمایا؛ تجربہ ہے کہ ذکر اور درود شریف کی جتنی کثرت ہوگی امن وامان پیدا ہونے اور مصائب کے رفع کا ذریعہ ہے (حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ،ص۴۰۰)۔

# حضرت شیخ الحدیثؒ اور مجالس ذکر

حضرت شیخ الحدیث قدّس سرّہ آخری عمر میں ذکر کی لائن کو زندہ کرنے اور خانقاہوں کے فروغ کی طرف خاص طور سے متوجہ ہوئے تھے،آپ پر یہ بات اچھی طرح کھل گئی تھی کہ ہر دینی شعبے میں انتشار اور فتنوں کا جوزور ہے اس کی وجہ اخلاص اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق کی کمی ہے اور اس کا واحد علاج اصلاح وتربیت اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کی کثرت ہے۔اس لئے حضرت اقدس سخت معذوری کے باوجود دور، دور ملکوں کا سفر کیا کرتے تھے اور حضرت اقدس کے سوز گداز نے دنیا کے ہر گوشے میں عشق الٰہی کے پروانوں کو پیدا کیا اور یہ بات اس قدر واضح ہے کہ اس سے انکار کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی۔تاہم حضرت اقدسؒ کے ذکرِ جہر اور مجالسِ ذکرِ جہری کے متعلق بطور نمونہ چند شہادتیں پیش کردیتا ہوں۔

## حضرت شیخ الحدیثؒ کی دارالعلوم فیصل آباد میں مجلس ذکر جہری:

رمضان،۱۴۰۰ھ مطابق ۱۹۸۰ء میں شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ نے حضرت مولانا مفتی زین العابدین صاحب کے مدرسہ دارالعلوم ،فیصل آباد میں تربیتی اور اصلاحی مجلس قائم فرمائی تھی اور بہت سے لوگوں نے رمضان المبارک کا پورا مہینہ اعتکاف کیا تھا۔اس میں سینکڑوں مفتیان علماء اور مشائخ نے شرکت فرمائی جس میں حضرت

مولانا مفتی ولی حسن ٹونکیؒ اور حضرت مفتی محمود حسن گنگوہیؒ بھی تشریف لائے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے بندہ (مختار الدین) کو بھی یہ سعادت نصیب فرمائی کہ اس مبارک روحانی اجتماع میں شامل ہوا۔ اس اجتماع میں ہزاروں لوگوں کا مجمع ہوتا تھا۔ تبلیغی مرکز رائیونڈ سے بھی اس میں شمولیت اور خدمت کیلئے جماعتیں بھیجی جاتی تھیں۔ حضرت مولانا مفتی زین العابدین صاحب اور حضرت مولانا احسان الحق صاحب دامت برکاتہم بھی حضرت اقدسؒ کی خدمت میں رہتے تھے۔ اور اس تربیتی اور روحانی اجتماع میں ٹل شہر کے مرکزی امیر حاجی ولی شاہ صاحب بھی شریک تھے۔

غرض یہ ہے کہ آج بھی اس روحانی اجتماع کے عینی گواہ ہزاروں کی تعداد میں موجود ہیں اور یہ سب اس پر گواہ ہیں کہ اس روحانی اجتماع میں روزانہ نماز ظہر کے بعد مجلسِ ذکرِ جہری ہوتی تھی اور اس ذکرِ جہر میں حضرت اقدس مفتی محمود الحسن گنگوہیؒ، حضرت مولانا مفتی زین العابدین صاحب اور حضرت مولانا احسان الحق صاحب دامت برکاتہم اور حضرت مولانا مفتی ولی حسنؒ صاحب وغیرہ جیسے جیّد مفتیان اور علمائے کرام بھی موجود ہوتے تھے بلکہ خود ذکرِ جہر کرتے تھے۔

حضرت شیخؒ کے اسی رمضان کے بارے میں حضرت ڈاکٹر محمد اسماعیل میمن خلیفہ مجاز حضرت شیخ الحدیثؒ لکھتے ہیں کہ؛ کئی سال سے اہل پاکستان کا اصرار تھا کہ حضرتؒ ایک رمضان پاکستان میں گذاریں کہ ہندوستان یا حرمین شریفین جانا سب پاکستانیوں کے بس میں نہیں تھا، قانونی یا مالی دشواریاں حائل تھیں، زیادہ تقاضا مفتی زین العابدین صاحب کا تھا کہ رمضان ان کے مدرسہ کی مسجد میں گذارا جائے (کتاب قطب الاقطاب شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ کاندھلوی، ص ۵۸)۔

اس روحانی وتربیتی اجتماع کے بارے میں حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ اپنے مضمون بصائر وعبر میں لکھتے ہیں کہ؛

> بارہ بجے فیصل آباد پہنچے اور حضرت مفتی زین العابدین صاحب مدّ ظلّہ العالی کے دار العلوم فیصل آباد (پیپلز کالونی نمبر ۲) میں قیام رہا۔ باتوفیق وسعادت حضرات ماہ مبارک شروع ہونے سے پہلے ہی وہاں پہنچنا شروع ہوگئے تھے۔ جو حضرات شروع رمضان ہی سے معتکف تھے ان کی تعداد دوسو کے قریب تھی اور آخری عشرہ میں معتکفین کی تعداد پانچ سو سے متجاوز ہوگئی، غیر معتکف حضرات شروع میں پانچ سو کے قریب تھے اور آخری عشرہ میں ان کی تعداد پندرہ سو سے بڑھ گئی تھی۔ روزانہ سینکڑوں آدمیوں کی آمد ورفت کا سلسلہ جاری تھا اس ناکارہ کا عزم پورے ماہ مبارک کے حاضری کا تھا لیکن اپنے بعض ناگزیر وجوہ کی بنا پر یہ

آرزو تو پوری نہ ہوسکی، اللہ تعالیٰ جلّ شانہ نے آخری عشرہ کے اعتکاف کی توفیق عطا فرمادی۔ وہاں انوار وبرکات کا جو فیضان ہورہا تھا اور رحمت وتجلّیات کی جو بارش ہورہی تھی۔اس کا ادراک تو مجھ ایسے کور باطن کو کیا ہوسکتا ہے تاہم ظاہری آنکھوں نے جو کچھ دیکھا اس کی منظر کشی بھی اس کوتاہ قلم کیلئے ممکن نہیں۔

گر مصور صورت آں دلستان خواہد کشید
لیکن حیرانم کہ نازش راچساں خواہد کشید

اس منظر کو دیکھتے ہی جو پہلا تأثر قلب پر نقش ہوا وہ یہ تھا کہ گویا نور کا ایک دریا بہہ رہا ہے اور خدا تعالیٰ کے سعادت مند بندے حسب توفیق اس کی غوّاصی میں مصروف ہیں۔فمن مقل او من مکثر۔ ذاکرین کے بارے آنحضرت ﷺ کا جو ارشاد گرامی ہے؛ **لایقعد قوم یذکرون اللّٰہ الا حفّتھم الملائکۃ و غشیتھم الرحمۃ ونزلت علیھم السکینۃ وذکرھم اللّٰہ فی من عندہ**: جب کچھ لوگ ذکرِ الٰہی کیلئے بیٹھتے ہیں تو فرشتے ان کا گھیراڈال لیتے ہیں، رحمت ان کو ڈھانک لیتی ہے۔سکینت ان پر نازل ہوتی ہے، اور اللہ تعالیٰ ان کا ذکر اپنے پاس کے فرشتوں سے فرماتے ہیں (متفق علیہ مشکوٰۃ،ص۱۹۶)۔ اس کا کھلی آنکھوں مشاہدہ ہورہا تھا جسے دیکھ کر مجھ جیسے رُوسیاہ کو بھی مغفرت کی آس بندھتی تھی۔ ماہ مبارک کے انوار وتجلیات کا شباب تھا۔ شبانہ روز ذکر وتلاوت کے انوار متعاکسہ فضا کو معمور ومنوّر کررہے تھے اور حضرت شیخ مدّ ظلّہ العالی کی صحبت مردہ دلوں کی مسیحائی کررہی تھی۔

نظروں سے بھردی رگ و پے میں بجلی
نظر دیدہ برق تپاں ہو رہا ہے

اس سہ آتشہ شراب محبت سے پورا مجمع مست ومخمور نظر آتا تھا۔ جی چاہتا تھا کہ ساری دنیا یہاں سمٹ آتی اور اس دولت بے بہا کی بہاریں لُوٹ لے جاتی۔

گوئے توفیق وسعادت درمیاں افگندہ اند
کس بمیداں درنمی آید سواراں راچہ شد

حضرت شیخ مدّ ظلّہ العالی کے پورے رمضان مبارک کا روزنامچہ مولانا عبدالحفظ صاحب (نزیل مدینہ) نے قلمبند

کیا ہے۔ یہاں شب وروز کے معمولات کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے۔

افطار کے دس منٹ بعد اذان ہوتی تھی، نماز کے پندرہ منٹ بعد دسترخوان لگ جاتا، معتکفین کیلئے سحری وافطاری کا انتظام مسجد میں ہوتا تھا اور غیر معتکفین کیلئے مسجد سے باہر مدرسہ کے صحن میں۔ ساڑھے آٹھ بجے حضرت کے معتکف کا دروازہ کھلتا اور بیعت ہوتی، بیعت ہونے والے حضرات کا ہجوم مغرب کے بعد ہی سے شروع ہوجاتا اسی وقفہ میں بعض بچے قرآن کریم کے حفظ کا افتتاح بھی کرتے، اور پانی یا نمک پر دم کرنے والوں کا بھی خوب زور بندھتا۔ ۹ بجے عشاء کی اذان ہوتی اور ساڑھے نو بجے نماز شروع ہوتی۔ تراویح مولانا سلمان صاحب زید مجدہ نے (جو حضرت شیخ مدّ ظلّہ کے عزیز ہیں) پڑھائیں، جو خوب صاف اور تیز پڑھتے ہیں۔ ساڑھے دس بجے کے قریب نماز سے فراغ کے بعد سورۃ یسین شریف پڑھی جاتی اور طویل دعا ہوتی (جو معمولاً مولانا عبدالحفیظ صاحب کے ذمہ تھی) دعا میں پوری امت کیلئے خیر ورشد، دنیاوآخرت کی بھلائی اور ہدایت وتوفیق مانگی جاتی، حضرت مدّ ظلّہ العالی کے حکم سے حرمین شریفین کی تمام فتنوں سے حفاظت کی دعا کا بہت ہی اہتمام ہوتا۔ دعا سے فراغت کے بعد پہلے درودوسلام کی چہل حدیث پڑھی جاتی (معمولاً یہ مولانا معین الدین صاحب مرادآبادی کے ذمہ تھی اور وہ اپنے مخصوص انداز میں درودوسلام اس طرح پڑھتے کہ سننے والوں کو بھی وجد آجاتا۔ ستائیسویں شب کو وہ تشریف لے گئے تو ان کے بعد جناب مولانا احسان الحق صاحب رائے ونڈ والوں کے ذمہ رہی) اور پھر کتاب فضائل درود شریف پڑھی جاتی، رات ساڑھے گیارہ بجے تک یہ سلسلہ رہتا، اس کے بعد بعض حضرات آرام کرتے اور بعض تلاوت میں مشغول ہوجاتے۔ مسجد کا صحن اسی مقصد کیلئے خالی رکھا گیا تھا۔ پانچ سات جگہ قرآن مجید سنا جارہا تھا اور بہت سے حضرات اپنی تلاوت فرماتے۔

رات دو بجے سحری کیلئے دسترخوان لگ جاتا اور سوا دو بجے سونے والوں کو سحری کیلئے اٹھادیا جاتا، گویا تہجد اور کھانا بیک وقت چلتے۔ وقت سحر ختم ہوجانے پر اذان ہوتی، اور اس کے دس منٹ بعد نماز، فجر کی نماز میں قنوت نازلہ ہوتی، جس میں افغانستان کے علاوہ حرمین شریفین کی حفاظت کیلئے بطور خاص دعا ہوتی، نماز فجر کے بعد نئے آنے والے یا

www.noorehidayat.org

رخصت ہونے والے مہمان حضرت شیخ مدّ ظلہٗ سے مصافحہ کرتے جس کا سلسلہ کم وبیش آدھ ،پون گھنٹے تک جاری رہتا (آخری ایام میں ہجوم بہت بڑھ گیا تھا)۔نماز فجر کے بعد اکثر حضرات آرام کرتے ، ساڑھے آٹھ بجے کے قریب اٹھ کر اپنے انفرادی معمولات میں مشغول ہوجاتے ۔گیارہ بجے حضرت مفتی محمود حسن گنگوہی مدّ ظلہ العالی کی سلوک وتصوف کے موضوع پر آدھ گھنٹہ کے قریب تقریر ہوتی ۔(بعض حضرات نے ان تقریروں کا خلاصہ قلمبند بھی کیا اور کچھ ٹیپ ریکارڈر کے ذریعہ محفوظ کی گئیں)[1]۔

دو بجے ظہر کی اذان اور ڈھائی بجے جماعت ہوتی ۔ظہر سے فراغت کے بعد پہلے ختم خواجگان ہوتا اور پھر طویل دعا ہوتی ۔(جو مولانا عبدالحفیظ صاحب کے ذمہ تھی) دعا سے فارغ ہوکر ذکر ہوتا،جن حضرات کو ذکر بالجہر کی اجازت ہے وہ ذکر جہر کرتے ، باقی حضرات اپنی تسبیحات ومعمولات میں مشغول رہتے ۔ساڑھے پانچ بجے عصر کی نماز ہوتی اور عصر کے بعد مغرب سے آدھ گھنٹہ پہلے تک حضرت کی مجلس میں کتاب پڑھی جاتی ۔آخری عشرہ میں "ارشاد الملوک'' ختم ہوکر "اکمال الشیم'' شروع ہوئی اس کے بعد نماز مغرب کی تیاری شروع ہوجاتی اور افطار تک دعا واستغفار میں مشغول رہتے ۔ جمعہ کے دن عصر کے بعد کتاب سے پہلے اسی (۸۰) مرتبہ درود شریف (اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ نَاوَمَولَانا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الاُمِّیِّ وَ آلِهٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِیْماً) کا التزام کیا جاتا۔

پانچوں نمازوں کے علاوہ مغرب کے بعد بیعت کی نشست میں اور عصر وعشاء کے بعد کی مجلسوں میں نیز فجر کے بعد مصافحہ میں مشتاقین کو حضرت شیخ مدّ ظلہ العالی کی زیارت کا موقعہ مل جاتا،اس کے علاوہ جس شخص کو کچھ عرض معروض کرنا ہوتا، یا کچھ دریافت کرنا ہوتا اس کو الگ وقت دیا جاتا۔مولانا نذیر احمد صاحب استاذ حدیث دارالعلوم فیصل آباد کی تحریک پر علماء کرام کی ایک جماعت کو دو الگ الگ نشستوں میں حدیث کی اجازت بھی مرحمت فرمائی گئی اور انہیں سندیں بھی عطا کی گئیں۔عید کے دن نماز فجر کے بعد حضرت شیخ مدّ ظلہٗ کیطرف سے کھجور اور زم زم کی ضیافت کی گئی اور حدیث مسلسل بیوم العید

[1] تقاریر اب مطبوعہ شکل میں "مواعظ فقیہہ الامّت " کے نام سے دستیاب ہیں۔

اور مسلسل بالاسودین سنا کر مسلسلات کی اجازت دی گئی ( کتاب قطب الاقطاب شیخ الحدیثؒ ،ص۵۹تا۶۳)۔

مولانا عبدالعظیم صاحب ندوی مظاہری اپنے مضمون "شیخؒ کا رمضان" میں لکھتے ہیں کہ؛

نماز ختم ہوتے ہی اعلان ہوتا کہ سنتوں کے بعد ختم خواجگان ہوگا، جن حضرات کو طریقہ معلوم ہے وہ تو آگے بڑھیں، بقیہ حضرات درود شریف پڑھتے رہیں، پھر ذکر ہوگا، جن کو کسی شیخ سے ذکر کی اجازت ملی ہے، وہ تو ذکر کریں، باقی حضرات اپنے معمولات میں لگے رہیں۔

## حضرت شیخ کے ہاں روزانہ کی مجلسِ ذکر:

حضرت مولانا عبدالحفیظ مکّی دامت برکاتہم تحریر فرماتے ہیں کہ سیّدی قطب الاقطاب صاحب سرّ نبی برکۃ العصر شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ مہاجر مدنی قدّس سرّہ العزیز کے ہاں تدریس کے زمانہ میں ہمیشہ کا یہ معمول تھا کہ تقریباً صبح سات بجے سے تقریباً گیارہ بجے تک اوپر تصنیف کیلئے کمرہ میں تشریف لیجاتے تو اس کمرہ کے باہر صحن میں چٹائیاں بچھی رہتیں۔ جن پر اس دوران مختلف حضرات آکر اپنے معمولات کے مطابق ذکر کرتے تھے۔ (مجالسِ ذکرِ جہری، ص۵۶)۔

## حضرت شیخؒ کی ہفتہ وار مجلسِ ذکر:

حضرت مولانا عبدالحفیظ مکّی دامت برکاتہم آگے تحریر فرماتے ہیں کہ؛

ہر جمعہ کو حضرت شیخ کا معمول تھا کہ عصر سے مغرب تک مسجد میں ہی معتکف رہتے اور اس دوران مختلف لوگ مریدین و متعلقین بھی حضرت کے ساتھ ہی مسجد میں رہتے جن میں اکثر ذکرِ جہری میں مشغول رہتے اور ان کے ذکر سے مسجد گونجتی رہتی تھی، اس مجلس کا اکثر لوگوں کو علم تھا کہ حضرت شیخ ہمیشہ اس کی پابندی کرتے ہیں اس لئے قرب و جوار کے لوگ بھی شوق سے اس میں شرکت کرتے تھے "دارالعلوم دیوبند" سے بھی بہت سے اساتذہ وطلبہ شریک ہو جاتے، حضرت اقدس مفتی محمود حسن گنگوہی قدّس سرّہ العزیز بھی ہمیشہ اس مجلس میں بہت اہتمام سے شرکت فرماتے۔ یہ ہفتہ واری ذکرِ جہر کی مجلس مسجد میں پورا سال ہوتی تھی اور پورے ہندوستان کے اکابر علماء و مشائخ اور مفتیان کرام میں سے اکثر کوئی نہ کوئی اس میں ضرور شرکت کرتا (مجالسِ ذکرِ جہری، ص۵۷)۔

## حضرت شیخ ؒ اپنے متعلّقین کو اجتماعی ذکر کی ترغیب دیتے تھے:

حضرت شیخ الحدیثؒ اپنے متعلّقین اور متوسّلین کو بھی اجتماعی ذکر اور مجالس ذکر کے انعقاد کی ترغیب دیتے تھے۔ چنانچہ ایک مرید کو لکھتے ہیں کہ: "بَرِی" [1] دوستوں کا ذکر تمہاری مجلس میں بہت مناسب ہے اگر اجتماع کی کوئی صورت ممکن ہو۔ تمہارا گھر ایک ہے وہاں کوئی صورت اجتماع کی ہو جایا کرے۔ اور نہ ہوسکتا ہو تو الگ الگ کیا کریں۔ مغرب کے بعد بہت مناسب ہے کہ اس میں "بَرِی" بھی آ سکتے ہیں۔ لیکن ایسی کوئی صورت ہو کہ آپ کے سفر وغیرہ کی وجہ سے ناغہ نہ ہو۔ میری آٹھ ماہی غیبت میں سہارنپور میں کچّے گھر میں جو ذکر کا سلسلہ الحمدللہ جاری رہا۔ اس میں طلبہ کی کوشش کو زیادہ دخل ہے (۱۴ ذی الحجہ، ۸۹ھج)۔

ایک دوسرے خط میں تحریر فرماتے ہیں؛" مولوی عبدالرحیم کی تجویز کہ ذکر اکٹھے کیا کریں بہت مناسب ہے مگر میں تو پہلے سے آپ کے خطوط کی وجہ سے یہ سمجھ رہا تھا کہ تم قاری یوسف وغیرہ احباب اکٹھے ہی کرتے ہوں گے۔ بہرحال یہ تجویز مناسب ہے کہ سب اکٹھے ہی کرلیا کریں" (حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی اوران کے خلفائے کرام، ص۴۰۳، ۴۵۷)۔

## حضرت شیخ کا اہل مدارس کو مجالس ذکر کے قیام وانعقاد کی ترغیب:

حضرت شیخ الحدیثؒ تحریر فرماتے ہیں کہ؛

> میرا تجربہ ہے کہ جس کو بہت سے اہل مدارس کو لکھتا رہتا ہوں کہتا بھی رہتا ہوں دوستوں نے چھاپ بھی دیا کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر جتنی کوشش ہو سکے مدرسہ میں ضرور رکھیں۔ طلبہ میں بھی کم سے کم استغناء نہ ہو اور آپ کے تعلق والوں میں کوئی ذاکر ہو تو اس سے فرمادیں کہ آپ کے کمرہ میں آکر طلبہ سے دور، جس سے طلبہ کا حرج نہ ہو ذکر ضرور کرلیا کریں (۶ دسمبر ۷۶ء) (حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا مہاجر مدنیؒ اورانکے خلفائے کرام، ص۳۶۴)۔

## حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ کی عیادت اور آپ کے ساتھ مجالسِ ذکر کے قیام پر گفتگو:

حضرت شیخ الحدیثؒ آپ بیتی نمبر ے میں فرماتے ہیں کہ؛

[1] انگلینڈ کے ایک شہر کا نام ہے۔

اول مفتی شفیع صاحب کے مدرسہ میں جانا ہوا کیونکہ مفتی صاحب کی عیادت بھی اہم تھی مفتی صاحب ضعف کی حالت میں چارپائی پر لیٹے ہوئے تھے زکریاؔ کو دیکھتے ہی بہت اظہار مسرّت کیا ایک گھنٹہ زکریاؔ ان کے پاس برابر کی چارپائی پر لیٹا رہا۔ مفتی صاحب نے اپنے مدرسہ کی بہت ہی شکایات کیں طلبہ کی طرف سے۔ حکومت کی طرف سے اور یہ کہ بعض طلبہ پڑھنا تو ان کا مقصود نہیں ہوتا، غیروں کے تنخواہ دار محض فساد ڈالنے کے لئے ہمارے مدرسہ میں طالب علم بن کر داخل ہوتے ہیں۔ مفتی صاحب نے اس کی بہت سی جزئیات بتائیں۔ زکریاؔ نے بڑے اہتمام سے ساری گفتگو سنی اور کہا کہ یہ اشکالات آپ ہی کے یہاں نہیں۔ ہم سب مدارس والوں کو پیش آتے ہیں۔ صورت میں کچھ تھوڑا بہت فرق ہو جاتا ہے ہمارے یہاں کے اسٹرائیک ۱۳۸۲ھ میں اس کے بڑے تجربات ہوئے کہ مدارس بلکہ اسلام کے مخالف لوگوں نے بعض لوگوں کو تنخواہیں دے دے کر ہمارے اسٹرائیک میں شریک کیا میرے نزدیک تو ان سب کا واحد علاج ذکر اللہ کی کثرت ہے۔

## حضرت مفتی محمد شفیعؒ اور حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ کے نام خطوط:

آگے حضرت شیخؒ لکھتے ہیں کہ "پھر مکّہ مکرّمہ پہنچنے کے بعد میں نے اس مضمون کو یاددھانی کے طور پر مفتی صاحب اور مولانا بنوری نوراللہ مرقدھما کو الگ الگ لکھے جو خصوصی مضامین کے علاوہ مشترک مضمون دونوں میں یہ تھا۔

مدارس کے روز افزوں فتن، طلبہ کی دین سے بے رغبتی، بے توجہی اور لغویات میں اشتغال کے متعلق کئی سال سے میرے ذہن میں یہ ہے کہ مدارس میں ذکر اللہ کی بہت کمی ہوتی جارہی ہے بلکہ معدوم بلکہ اس لائن سے تو بعض میں تنفّر کی صورت دیکھتا ہوں جو میرے نزدیک بہت خطرناک ہے ہندوستان کے مشہور مدارس دارالعلوم، مظاہر علوم شاہی مسجد مراد آباد وغیرہ کی ابتداء جن اکابر نے کی تھی وہ سلوک میں بھی امام الائمہ تھے انہی کی برکات سے یہ مدارس ساری مخالف ھواؤں کے باوجود اب تک چل رہے ہیں میں اس مضمون کو کئی سال سے اہل مدارس منتظمین اور اکابرین کی خدمت تحریراً تقریراً کہتا اور لکھتا رہا ہوں میرا خیال یہ ہے کہ آپ جیسے حضرات اس کی طرف توجّہ فرمائیں تو مفید اور مؤثّر زیادہ ہوگا۔ مظاہر علوم

میں تو میں کسی درجہ میں اپنے ارادہ میں کامیاب ہوں اور دارالعلوم کے متعلق جناب الحاج حضرت قاری محمد طیب صاحب سے بار ہا تقریراً تحریراً عرض کر چکا ہوں اور بھی اپنے سے تعلق رکھنے والے اہل مدارس کو متوجہ کرتا رہتا ہوں مدارس کے روز افزوں فتنوں سے بہت ہی طبیعت کو کلفت پہنچتی رہتی ہے۔میرا خیال یہ ہے کہ فتنوں سے بچاؤ کی صورت صرف ذکراللہ کی کثرت ہے جب اللہ کا نام لینے والا کوئی نہ رہے گا تو دنیا ختم ہو جائے گی جب اللہ تعالیٰ کے پاک نام کی اتنی قوت ہے کہ ساری دنیا کا وجود اس سے قائم ہے تو مدارس بے چارے ساری دنیا کے مقابلہ میں دریا کے مقابلہ میں قطرہ بھی نہیں۔اللہ تعالیٰ کے پاک نام کوان کی بقاء اور تحفظ میں جتنا دخل ہوگا وہ ظاہر ہے۔اکابر کے زمانہ میں ہمارے ان جملہ مدارس میں اصحاب نسبت وذاکرین کی کثرت جتنی رہی ہے وہ آپ سے مخفی نہیں اور اب اس میں جتنی کمی ہوگئی ہے وہ بھی ظاہر ہے، بلکہ اگر یوں کہوں کہ اس پاک نام کے مخالف۔ حیلوں بہانوں سے مدارس میں داخل ہوتے ہیں تو میرے تجربہ میں غلطی نہیں، جب تک اس ناکارہ کا قیام سہارنپور میں رہا تو ایسے لوگ بکثرت رہتے تھے جو میرے مہمان ہوکران کے کھانے پینے کا انتظام تو میرے ذمہ تھا لیکن قیام اہل مدرسہ کے جانب سے مدرسہ کے مہمان خانہ میں ہوتا تھا۔اور وہ بدلتے رہتے تھے صبح کی نماز کے بعد میرے مکان پران کے ذکر کا سلسلہ ایک گھنٹہ تک ضرور رہتا تھا اور میری غیبت میں سنتا ہوں کہ عزیز طلحہ کی کوشش سے ذاکرین کی وہ مقدار اگر چہ نہ ہو مگر ۲۰،۲۵ کی مقدار روزانہ ضرور ہو جاتی ہے ۔ میرے سہارنپور کے قیام کے زمانہ میں تو سوا سو تک پہنچ جاتی تھی اور غیبت کے زمانہ میں بھی سنتا ہوں کہ چالیس پچاس کی تعداد عصر کے بعد جمعہ کے دن ہو جاتی ہے۔اس ناکارہ کو نہ تحریر کی عادت نہ تقریر کی آپ جیسا یا مفتی شفیع صاحب جیسا کوئی شخص میرے مافی الضمیر کو زیادہ وضاحت کے ساتھ لکھتا تو شاید اہل مدارس کے اوپر اس مضمون کی اہمیت زیادہ پیدا ہو جاتی اس ناکارہ کے رسالہ فضائل ذکر میں حافظ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب" الوابل الصیب" سے ذکر کے سو (۱۰۰) کے قریب فوائد نقل کئے گئے ہیں جن میں شیطان سے حفاظت کی بہت سی وجوہ ذکر کی گئی ہیں شیطانی اثر ہی سارے فتنہ وفساد کی جڑ ہے ۔ دارالعلوم،مظاہر علوم،شاہی مسجد کی ابتدائی حالات آپ کو مجھ سے بھی زیادہ معلوم ہیں کہ کن

صاحب نسبت اصحابِ ذکر کے ہاتھوں ان کی ابتداء ہوئی ہے ان ہی کی برکات سے یہ مدارس اب تک چل رہے ہیں یہ ناکارہ دعاؤں کا بہت محتاج ہے بالخصوص حسن خاتمہ کا۔ کہ گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے۔ فقط والسلام (حضرت شیخ الحدیث صاحب بقلم حبیب اللہ ۳۰ نومبر ۱۹۷۵ مکہ مکرمہ)۔

# حضرت مفتی محمد شفیعؒ اور حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ کے جوابی خطوط کے اقتباسات:

حضرت شیخؒ فرماتے ہیں کہ "میرے اس خط کے جواب میں مفتی شفیع صاحبؒ کا یہ جواب آیا۔

مخدومنا المحترم حضرت شیخ الحدیث صاحب متعنا اللہ تعالیٰ بطول حیاتہ بالعافیۃ،

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ؛

آپ کا کرم نامہ اتنی جلد خلاف وہم وگمان کے پہنچا اور بڑا تفصیلی پہنچا کہ حیرت ہوگئی مگر حقیقت یہ ہے کہ عرصہ دراز سے آں مخدوم کے تمام ہی معاملات بالکل خرق عادت اور کرامات ہی کی قبیل سے نظر آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو افاضہ خلق اللہ کے لئے دائم و باقی رکھیں۔.................. حضرت کا گرامی نامہ وصول ہونے کے بعد کچھ ایسے ذاکر شاغل لوگ جنکا مجھ سے تعلق ہے اور پہلے سے یہ کہا کرتے تھے کہ ہم کچھ عرصہ دارالعلوم میں رہ کر ذکر و شغل کریں میں اپنی بیماری اور عدم فرصت کا عذر کرکے دفع کر دیتا تھا اب الحمدللہ یہ کام شروع کر دیا ہے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرمائے اپنے لڑکوں میں سے جو دو عالم ہوئے ہیں ان دونوں کو احقر نے اصلاح ظاہر و باطن اور ذکر و شغل سکھانے کے لئے ڈاکٹر عبدالحئی صاحب کے سپرد کیا ہے۔ بندہ محمد شفیع ۱۴ ذی الحجہ ۱۳۹۵ھ جمعرات۔

حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ نے جواب میں تحریر فرمایا؛

مخدوم گرامی مفاخر ھذہ العصور حضرت شیخ الحدیث رفع اللہ تعالیٰ درجاتہ وافاض علینا من برکاتہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ؛

عزیزم محمد سلّمہ، نے آپ کا مکتوب مبارک دیا بلکہ سنایا دوبارہ خود بھی پڑھا۔ حضرت مولانا

www.noorehidayat.org

مفتی محمد شفیع صاحبؒ کی عیادت وزیارت کے لئے دارالعلوم گیا تھا وہاں بھی میں نے ذکر کیا ۔فرمایا کہ زبانی بھی اس کا تذکرہ آیا تھا ۔ "اساتذہ مدرسہ عربیہ اسلامیہ" کی شوریٰ کا اجلاس تھا اس مجلس میں مکتوب مبارک سنایا گیا اور عمل کرنے کے لئے تدبیر ومشورہ پر غور بھی ہوا۔ بات تو بالکل واضح ہے ذکر اللہ کی برکات وانوار سے جو نتائج مرتب ہونگے وہ بھی واضح ہیں اور میں اس کی تلافی کے لئے ہمیشہ یہ کہا کرتا تھا ۔ کہ مدرسہ کے ساتھ ایک خانقاہ کی ضرورت ہے۔

حضرت اقدس مولانا محمد یوسف بنوری قدس سرہ اس سلسلہ کے ایک دوسرے خط کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں۔

اس لئے گزارش کی تھی کہ ہر درسگاہ کے ساتھ ایک خانقاہ کی بھی ضرورت ہے جو طلبہ فارغ ہوں اس سے وابستہ ہوں اور کچھ عرصہ اس مقصد کے لئے اقامت بھی کریں ۔ خدا کا شکر ہے کہ آپ کی خواہش ذاکرین کے اجتماع اور اجتماعی ذکر کی تدبیر کی گئی اس ہفتہ اس کا افتتاح بھی ہوجائیگا۔ محمد یوسف بنوری، (آپ بیتی ،نمبر۷ص۱۶۴تا۱۶۵)۔

## حضرت مولانا محمد منظور نعمانیؒ اور مجالسِ ذکر:

حضرت مولانا محمد منظور نعمانیؒ ایک حدیث کی تشریح میں لکھتے ہیں کہ؛ اس حدیث سے صراحۃً معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ بندوں کے ایک جگہ جمع ہوکر ذکر کرنے کی خاص برکات ہیں اور ایک دوسری حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں کہ؛ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ بندوں کا ایک جگہ بیٹھ کر اخلاص کے ساتھ اللہ کو یاد کرنا اس کی باتیں کرنا اس کی حمد وتسبیح کرنا اللہ تعالیٰ کو بیحد پسند ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے خاص فرشتوں کے سامنے ایسے بندوں کیلئے اپنی رضا کا اظہار فرماتا ہے، اَللّٰھُمَّ اجعَلْنَا مِنْھُمْ (معارف الحدیث، جلد۵ ،ص۲۸تا۳۲)۔

## مذکورہ اقتباسات کا حاصل:

مذکورہ اقتباسات اور حضرت شیخؒ کے مکتوبات اور ان کے جوابات کا حاصل یہ ہوا۔

...... حضرت شیخ الحدیث اللہ تعالیٰ اور اس کے ذکر کے شیدائی اور انسانیت کی اصلاح وفلاح کے لئے تڑپتے تھے۔

...... حضرت اقدس خود مجالس ذکر کو منعقد فرماتے تھے اور اس مجالس کے قیام اور ان کو فروغ دینے

کے لئے خوب کوشش اور پوری جدو جہد بھی کیا کرتے تھے۔

...... حضرت اقدس کی جدوجہد سے بڑے بڑے مدارس میں ذکر کی مجالس قائم اور جاری ہو گئیں۔

...... اس وقت کے اکابر علمائے دیو بند نے حضرت شیخؒ کی تائید کی اور آپ کے ساتھ اس جدوجہد میں شریک ہوئے اور مجالس ذکرکوعملی جامہ پہنایا۔

...... ہمارے اکابر اس بات پر متفق ہیں کہ ذکر اور خانقاہ ہی لائن سے لوگوں کی صحیح اصلاح ہوسکتی ہے اس لئے انکے لئے خود اپنی اصلاح وتربیت کی شدید اوراولین ضرورت ہے۔

## اہل مدارس کو فتّین اور شریروں سے زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے:

چھٹی بات مذکورہ اقتباسات سے یہ بھی معلوم ہوگئی کہ حضرت شیخ الحدیث اور حضرت مفتی محمد شفیعؒ نے اس راز کو پالیا تھا بلکہ انہوں نے تجربہ کیا تھا کہ مدارس میں بعض لڑکے اوراستاد صرف اس لئے داخل ہوتے ہیں کہ وہ مدرسہ میں فتنہ وفساد برپا کردیں ہڑتالیں کروائیں ،طلباء میں فتنہ وفساد پیدا کریں ،طلباء کے عقائد اوراخلاق کو بگاڑ دیں طلباء کے دلوں سے ادب واحترام کونکال دیں وغیرہ وغیرہ۔ان لڑکوں کا مقصد علم حاصل کرنا نہیں ہوتا نہ ان استادوں کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ طلباء کو پڑھائیں بلکہ وہ غیروں ،دشمنانِ اسلام کے براہ راست یا بالواسطہ تنخواہ دار ہوتے ہیں اور وہ غیروں سے تنخواہیں لیکر مسلمانوں میں فساد اور فتنہ ڈالنے کی بھر پور کوشش کرتے رہتے ہیں اور فتنہ فساد تو آجکل اس قدر بڑھ گیا ہے کہ بعض مساجد کے امام بھی بالواسطہ یا بلاواسطہ دشمنانِ اسلام سے تنخواہیں لیتے ہیں اور وہ ان کے ایجنٹ بنے ہوئے ہیں۔اور یہ ایسی کھلی بات ہے کہ ایک ادنی عقل والا بھی اس کو سمجھ سکتا ہے اور کئی جگہوں پر اس کا تجربہ ہو چکا ہے لہذا تمام مسلمانوں سے خصوصاً اہل مدارس سے دردمندانہ درخواست ہے کہ وہ ایسے لوگوں اور طلباء واساتذہ سے محتاط رہیں جو ملک وقوم اور مدارس میں شر وفتنہ پیدا کرنے کے لئے کوشش کرتے ہیں۔

## مفسدوں اور شریروں کی پہچان:

مفسدوں اور شریروں کی پہچان کے لئے کوئی ایک طریقہ نہیں اس کو مختلف طریقوں سے آزمایا جا سکتا ہے ،یہاں ان کے پہچاننے کے چند طریقے اور نشانیاں بتلاتے ہیں۔

...... ان کا روزگار کیا ہے؟ ان کو تحفہ تحائف دینے والے لوگ کون ہیں؟ ان سے دوستی اور محبت کون لوگ کرتے ہیں اور ان کو کس سے محبت ہے اور ان کا لین دین کن لوگوں کے ساتھ

www.nooreihidayat.org

ہے۔

...... ایسے لوگ پہلے پہل لوگوں کے اندر اسلاف، صحابہ کرامؓ، تابعینؒ، تبع تابعینؒ اور علمائے کرام پر بے اعتمادی پیدا کرتے ہیں۔

...... وہ یا تو عقیدت ومحبت کے نام پر شرک اور شرکیہ اعمال کو رواج دیں گے۔

...... یا توحید کے نام پر نبی کریم ﷺ کی عشق ومحبت کا نکالنے کی کوشش کریں گے ان کے دل خود بھی ادب واحترام سے خالی اور عاری ہوں گے اور ان کے ساتھ جو لوگ بیٹھتے ہیں محبت رکھتے ہیں ان کے دل بھی نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرامؓ وغیرہ اسلاف کے احترام وادب سے خالی ہونگے۔

...... وہ دنیا والوں اور لیڈروں کا نام بلند کریں گے لیکن اللہ تعالیٰ کے نام بلند کرنے اور ذکر الٰہی سے ان کو نفرت ہوگی۔

...... اہل کفر اور دشمنان اسلام کی فتح سے خوش اور اہل اسلام اور مسلمانوں کی فتح اور کامیابی سے نالاں ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہر شریر کی شر اور ہر فتّین کے فتنے وفساد سے حفاظت میں رکھے۔ (آمین)

## دارالعلوم دیوبند میں مجالس ذکر:

حضرت مولانا حافظ نثار احمد صاحب زید مجدھم اپنے مضمون میں تحریر فرماتے ہیں کہ؛

حضرت مولانا مفتی محمود وحسن گنگوہی دارالعلوم دیوبند کے مفتی اور شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریّا مہاجر مدنیؒ کے خاص خلفاء میں سے تھے۔ ہمیشہ سفر وحضر میں مجالس ذکر کا اہتمام فرماتے تھے دارالعلوم دیوبند میں آپ کا قیام مسجد چھتہ میں ہوتا تھا جہاں روزانہ فجر کی نماز کے بعد مجلس ذکر کا اہتمام ہوتا تھا۔ آپ کا وجود ایک چلتی پھرتی خانقاہ تھی۔ مدیر ماہنامہ دارالعلوم دیوبند لکھتے ہیں؛ " زندگی کے آخری لمحات میں بھی حسب معمول طویل علمی و اصلاحی مجالس بھی ہوتی رہیں وعظ وتزکیہ اور مجالس ذکر کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ قرب وجوار اور دور دراز کے اسفار بھی کئے۔ جن میں ارباب مدارس او متعلّقین ومتوسّلین سے ملاقاتیں بھی ہوئیں اور اجتماعات میں خطاب بھی فرماتے رہے (ماھنامہ دارالعلوم دیوبند، ص۱۰)۔

دارالعلوم کی یہ خصوصیت ہے کہ اس کے ابتدائے قیام سے یہاں علم وذکر دونوں شعبوں پر برابر توجہ دی جاتی رہی ہے۔حضرت شیخ الاسلام مدنی قدّس سرّہ کے دور تک بغیر کسی انقطاع واضمحلال کے یہ بابرکت سلسلہ جاری وساری رہا حضرت شیخ قدّس سرّہ کی رحلت کے بعد اس میں اضمحلال وفتور آ گیا لیکن حضرت مفتی صاحب (حضرت مفتی محمود گنگوھی قدس سرہ) کے یہاں آ جانے کے بعد یہ مبارک سلسلہ پھر شروع ہو گیا تھا اورانکی قیام گاہ مسجد چھتہ ایک مستقل خانقاہ بن گئی تھی اورادھر دس پندرہ سالوں سے حضرت مفتی صاحب کی جانب رجوع اس قدر بڑھ گیا تھا کہ مسجد چھتہ ذکر خداوندی سے ہمہ وقت گونج رہی تھی (ماھنامہ دارالعلوم دیو بندص ۱۱ تا ۱۲)۔

# مساجد میں مجالس ذکر جہری کے متعلق

## حضرت مولانا عبدالستار صاحب دامت برکاتہم کا مدلّل فتویٰ

جامعہ خیرالمدارس کے مفتی حضرت مولانا مفتی عبدالستار صاحب دامت برکاتھم جو عصر حاضر کے بہت بڑے مفتی ہیں۔انہوں نے مساجد میں جہر معتدل کے ساتھ اجتماعاً وانفراداً اورمجالس ذکرِ جھری کو قرآن وسنت کے نصوص اورفقہائے اسلام اورعلمائے کرام کے اقوال فتاویٰ کے ساتھ مدلل ثابت کیا ہے اوروہ فتویٰ خیرالفتاوی میں چھپ کر منظر عام پر آ چکا ہے اورحضرت مفتی صاحب دامت برکاتھم الحمدللہ اب تک زندہ ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کی زندگی سے ہم کواورتمام مسلمانوں کو دینی فائدہ اٹھانے کی توفیق عنایت فرمائے۔حضرت مفتی صاحب کا یہ جواب تقریباً تیرہ صفحات پر مشتمل ہے یہاں ان سے صرف چند اقتباسات کو نقل کردیتا ہوں۔

...... اس حدیث سے مجالسِ ذکر میں حاضری کی ترغیب معلوم ہوتی ہے کہ ملائکہ کی طرح اہلِ اسلام کو بھی ایسی مجالس کی تلاش وجستجو کرنی چاہیے تاکہ انھیں بھی اس رحمت سے حصہ ملے جو ان مجالس پر نازل ہوتی ہے۔شبہ نہ کیا جائے کہ ان مجالس سے مراد وعظ وتقریر کی مجالس ہیں کیونکہ یہ تخصیص بلا دلیل ہے۔ اس حدیث پاک میں آگے صراحۃً مذکور ہے۔ یُسَبِّحُوْنَکَ وَیُکَبِّرُوْنَکَ وَیُهَلِّلُوْنَکَ وَیُحَمِّدُوْنَکَ وَیَسْئَلُوْنَکَ اس سے اجتماعی ذکر تسبیح ،تکبیراورتہلیل وغیرہ کا ثبوت ظاہر ہے۔ ہاں ثانوی درجہ میں مجلس وعظ بھی مجالس ذکر کے حکم میں ہوں تو اسکا مضائقہ نہیں۔ نیز یہ خیال بھی صحیح نہیں کہ یہ حدیث ایسی مجالس ذکر کے بارے میں ہے جن میں اجتماع کا قصد نہ ہو۔بس ایسے ہی بیٹھے بیٹھے ذکر

www.noorehidayat.org

کرنے لگ گئے ہوں کیونکہ دعوائے تخصیص بھی بلا دلیل ہے۔ بظاہر حدیث پاک اپنے اطلاق وعموم کی وجہ سے دونوں قسم مجالس کو شامل ہے بلکہ آخر حدیث سے یہ عموم صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ اصل تو اس مجلس ذکر میں وہی لوگ تھے جو قصداً اس مجلس میں شامل ہو گئے تھے۔ جب فرشتوں نے بارگاہ خداوندی میں ایسے لوگوں کا غیر قصدی طور پر شامل ہونا عرض کیا تو ارشاد خداوندی ہوا کہ رحمت سب کو پہنچے گی ایسے لوگ بھی محروم نہیں رہیں گے۔

...... بعد از ثبوت مشروعیتِ جھر کسی طور وہیئت کے ساتھ مقیّد نہیں بلکہ بوجہ اطلاق ادلّہ مطلق ہے خواہ منفرد ہو یا مجتمع حلقہ باندھ کر یا کسی اور صورت سے............ ہر طور سے جائز ہے۔

...... ہاں حالات واشخاص کے اعتبار سے اس کی افضلیت میں اختلاف ہوسکتا ہے البتہ ذکر بالجھر میں یہ شرط ہے کہ بطور ریا نہ ہو کسی نائم ومصلّی کو اذیت نہ ہو، بلا تجویز شیخ جہر مفرط نہ ہو، پھر اس جہرِ مفرط اور اس کی ہیئات خاصہ کو قربت مقصود نہ سمجھے۔ (تفصیل کے لئے دیکھئے خیر الفتاوی ج دوم ص ۷۰۳ تا ۷۱۵)۔

## علمائے دیو بند پر جھوٹ اور بہتان باندھنے والے:

اکابر علمائے دیو بند کے احوال اور اقوال آپ کے سامنے ہیں ان سے اندازہ لگایئے کہ یہ کس قدر جھوٹ اور بہتان ہے کہ ان کھلی کھلی شہادتوں کے باوجود بھی بعض بے رحم، ظالم اور جھوٹے لوگ ایسے ہیں جو دنیا بھر میں یہ پروپیگنڈہ کرتے ہیں کہ اکابر علمائے دیو بند کے نزدیک ذکرِ جہری اور مجالسِ ذکرِ جہری جائز نہیں اور العیاذ باللہ وہ ذکر اور درود شریف کے مخالف ہیں حالانکہ اکابر علمائے دیو بند اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے سچّے اور مخلص عاشق تھے وہ علم کے ساتھ ساتھ ذکر اور درود شریف کو پھیلانے والے تھے۔ ذکرِ جہری اور مجالسِ ذکرِ جہری کے جواز واستحباب کے قائل اور خود بھی اس کے عامل تھے اور آج بھی ان کے مساجد اور مدارس اور خانقاہوں میں اللہ تعالیٰ کا ذکر ہو رہا ہے اور آج بھی وہ علم وذکر کے فروغ کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں۔

## تداعی کا مسئلہ

بعض لوگ ان کھلی کھلی شہادتوں کے باوجود مجالسِ ذکر سے متعلق تداعی کا مسئلہ چھیڑتے ہیں اور لوگوں کے دلوں سے مجالسِ ذکراللہ کی اہمیت کم کرنے کے لیے یہ کہتے ہیں کہ؛

www.noorehidayat.org

"اگر اتفاقی طور پر کچھ لوگ جمع ہو گئے تو اس طرح مجلسِ ذکر تو جائز ہے مگر مجالسِ ذکر کا انعقاد اور اس کی طرف بلانا درست نہیں"

یہ اس قدر بیہودہ بات ہے کہ اس کا جواب دینا ضیاع وقت کے مترادف ہے تاہم اس طرح کے پروپیگنڈوں سے عوام کو بچانے کی خاطر اس کے متعلق بھی کچھ لکھ دیتا ہوں۔ جو حضرات مجالسِ ذکر کا انعقاد کرتے ہیں اور لوگوں کو ان مجالس میں شرکت کی ترغیب اور دعوت دیتے ہیں، ان حضرات کے پیشِ نظر مجالسِ ذکر کی اہمیت اور وہ فضائل ہوتے ہیں جو قرآن وحدیث میں بیان کیے گئے ہیں تاکہ عوام النّاس مجالسِ ذکر کے فوائد وثمرات کو حاصل کر سکیں ان حضرات پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ مجالسِ ذکر کی طرف لوگوں کو بلا کر دعوت وترغیب دے کر مجلس کا انعقاد کرنا یہ درست نہیں اس میں کراہت ہے اور پھر اس طریقے پر مواظبت کرنا یہ بدعت ہے لہذا اس سے اجتناب کرنا چاہیے اور معترضین کی دلیل قیاس ہے وہ تداعی الی مجالسِ الذکر کو قیاس کرتے ہیں تداعی الی النوافل پر کہ جس طرح نوافل کے لیے لوگوں کو بلانا اور جماعت کے ساتھ ان کو ادا کرنا اور پھر اس پر مواظبت اختیار کرنا فقہاء کے ہاں مکروہ اور بدعت ہے حالانکہ اگر اس اصول کا قرآن وحدیث کی روشنی میں مطالعہ کیا جائے تو یہ بات ہر سلیم الفطرت انسان پر واضح ہو جاتی ہے کہ تداعی الی مجالسِ الذکر کو تداعی الی النوافل پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے جس کی بناء پر لوگوں کو نہ صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے ذکر سے روکا جا رہا ہے بلکہ ایسے حضرات کا یہ طرزِ عمل اللہ تعالیٰ کے ذکر سے جزبز ہونے کی عکاسی بھی کرتا ہے۔

## تداعی الی النوافل کا مطلب:

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو جس طرح نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کے احکامات میں سے ایک حکم ذکر اللہ بھی ہے لیکن نماز کا حکم کچھ افراد پر مشتمل ہے جن میں سے فرض، واجب، سنت اور نفل ہیں اور نماز کے حکم کو ادا کرنے کی دو صورتیں ہیں انفرادی طور پر یا اجتماعی طور پر مسجد میں یا مسجد کے علاوہ گھر کے اندر اس حکم کو ادا کیا جاتا ہے، احادیث مبارکہ کی روشنی میں ہمیں یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جہاں تک فرض نماز کا تعلق ہے تو اس کو آپ ﷺ نے مسجد میں جماعت کے ساتھ ادا فرمایا اور سنتوں اور نوافل کو آپ ﷺ نے انفرادی طور پر ادا فرماتے تھے اور صحابہ کرامؓ کا بھی یہی عمل تھا اور ان کو آپ ﷺ جماعت کے ساتھ ادا نہیں فرماتے تھے، اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر کچھ لوگ نفل نماز کو جماعت کے ساتھ ادا کریں تو شریعت کی

رُو سے اس کا حکم کیا ہے تو اس کے بارے میں فقہائے احناف ؒ نے فرمایا کہ ایسا کرنا مکروہ ہے لیکن کراہت کا یہ قول مطلقاً نہیں بلکہ اس کو تداعی کی قید کے ساتھ مقیّد فرمایا ہے کہ اگر نفل کی یہ جماعت تداعی کے ساتھ ہو تو تب یہ عمل کراہت سے خالی نہیں اور اگر تداعی نہ ہو تو پھر نفل کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھنا جائز ہے اور تداعی کے متعلق علاّمہ ظفر احمد عثمانی ؒ اعلاء السنن میں فرماتے ہیں:

**وھو ان یدعو بعضھم بعضاً وفسرہ الفقھاء بالکثرۃ کما فی "الشامیة"..... قلت وتفسیر التداعی بالاھتمام والمواظبة اولیٰ من تفسیرھا بالعدد والکثرۃ کمالایخفیٰ، لان الاول اقرب الی اللغة واشبه بھادون الثانی (اعلاء السنن ج ۷ ص ۸۷۔۸۰)**

ان عبارتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ تداعی باب تفاعل سے ہے اور اس کا مطلب ایک دوسرے کو بلانا ہے اور فقہاء تداعی کی تفسیر کثرت کے ساتھ کرتے ہیں یعنی کسی کام کو جمع ہو کر زیادہ لوگ ادا کریں اِسے تداعی کہتے ہیں جبکہ مولانا ظفر احمد عثمانی ؒ فرماتے ہیں کہ تداعی کی تفسیر اہتمام اور مواظبت کے ساتھ کرنا زیادہ بہتر ہے کیونکہ یہ معنیٰ کثرت والے معنیٰ کے مقابلے میں لغوی اعتبار سے زیادہ بہتر ہیں لہٰذا فقہائے کرام جب فرماتے ہیں کہ تداعی الی النوافل یہ مکروہ ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ نفل نماز کو اہتمام اور مواظبت کے ساتھ جمع ہو کر جماعت کی صورت میں ادا کیا جائے کہ لوگوں کی کثرت ہو اور پھر اس کام کے لیے لوگوں کو بلایا جائے کیونکہ اہتمام کے اندر دعوت دینا بھی آجاتا ہے تو ایسا طرزِ عمل مکروہ اور بدعت ہے اور اس کی کچھ وجوہات ہیں۔

ایک وجہ یہ ہے کہ جب نفل کو بھی جماعت کی صورت میں ادا کیا جائے گا تو اس کی مشابہت فرض نماز کے ساتھ ہوتی ہے اور جماعت تو اصلاً فرض نماز کے ساتھ خاص ہے نہ کہ نفل نماز کے ساتھ اور آپ ﷺ کے طرزِ عمل سے یہی معلوم ہوتا ہے جس کی بناء پر نفل کی نماز جماعت کے ساتھ بعض فقہاء کے نزدیک تداعی کے طور پر مکروہ ہے۔

مولانا ظفر احمد عثمانی ؒ اعلاء السنن میں تحریر فرماتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ نوافل کے بارے میں احادیث میں جو کچھ آیا ہے وہ یہ ہے کہ نوافل کو انفرادی طور پر ادا کرنا چاہیے اور گھر میں انفرادی طور پر ادا کرنے میں زیادہ ثواب ہے بمقابلہ مسجد میں ادا کرنے کے، جس سے معلوم یہ ہوا کہ اصل نوافل میں اخفاء اور انفراد ہے یعنی لوگوں سے الگ اور انفرادی طور پر نفل نماز کو ادا کیا جائے اور گھر میں چونکہ انفراد اور اخفاء کامل طور پر حاصل ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ احادیث مبارکہ میں نوافل کو گھر کے اندر ادا کرنے کی فضیلت آئی ہے اور فرض نماز کے

اندر اصل اظہار اور اجتماع ہے اس لیے مسجد میں ادا کرنے کا حکم ہے اس سے معلوم یہ ہوا کہ نوافل کو جماعت کے ساتھ ادا کرنا یہ خلاف اصل ہے کیونکہ جماعت کی صورت میں انفراد اور اخفاء نہیں پایا جاتا اس میں اظہار اور اجتماع ہے اور یہ خلاف اصل ہے اور نوافل کو اس کی اصل کے خلاف ادا کرنا یہ کراہت سے خالی نہیں :

**واما النوافل فالاصل فیھا الاخفاء والانفراد والا لم یکن فعلھا فی البیت افضل فانّ الصلاۃ التی بناء ھا علی الاظھار والاجتماع فالافضل فعلھا فی المساجد فثبت ان الجماعۃ فی النوافل مکروھۃ** (اعلاء السنن ج ۷ ص ۸۷)۔

نوافل کی جماعت کے مکروہ ہونے کی تیسری وجہ اور دلیل اعلاء السنن میں مولانا ظفر احمد عثمانی ؒ ابن قیم ؒ کے حوالے سے تحریر فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کا طریقہ یہ تھا کہ سنن اور نوافل کو آپ ﷺ گھر میں ادا فرماتے تھے سوائے کسی عذر کے اور فرائض کے متعلق آپ ﷺ کا طریقہ یہ تھا کہ انہیں آپ ﷺ مسجد میں جماعت کے ساتھ ادا فرماتے تھے لہذا نوافل اور سنن کو انفرادی طور پر ادا کرنا یہ سنت ہے جیسا کہ فرائض کو جماعت کے ساتھ ادا کرنا سنت مؤکدہ ہے کیونکہ نوافل اور سنن کی ادائیگی ،آپ ﷺ نے ہمیشہ انفرادی طور پر کی لہذا یہ بھی سنت ہے کہ انہیں انفرادی طور پر ادا کیا جائے نہ کہ اجتماعی طور پر لہذا اجتماعی طور پر نوافل کا ادا کرنا سنت کے اور صحابہ ؓ اور خلفاء ؓ کے عمل کے خلاف ہے جس کی بناء پر ہمارے علماء کے نزدیک نفل نماز جماعت کے ساتھ مکروہ ہے ،اور احادیث مبارکہ میں اجتماعی طور پر نوافل کے ادا کرنے کی ترغیب بھی نہیں دی گئی بلکہ انفرادی طور پر ادا کرنے کی ترغیب دی گئی ہے؛

**وقال ابن قیم فی "زادالمعاد"وکان ھدی النبی ﷺ فعل السنن والتطوع فی البیت الا لعارض کما ان ھدیہ کان فعل الفرائض فی المسجد الا لعارض** اھ (من ۱ الی ۸۳) **فکان الانفراد فیھا سنۃ مؤکدۃ کما ان الجماعۃ فی الفرائض سنۃ مؤکدۃ لمواظبۃ علیہ فتکرہ الجماعۃ فی النوافل لکونھا خلاف السنۃ الموکدۃ وخلاف عمل الخلفاء والصحابۃ** (اعلاء السنن ج ۷ ص ۸۷)۔

نفل کی جماعت کے مکروہ ہونے کی بیان کردہ وجوہات اور دلائل کے پیش نظر ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ نفل کی جماعت علی الاطلاق مکروہ قرار دی جاتی اور اس پر مواظبت کو بدعت کہا جاتا لیکن احادیث کے اندر آپ ﷺ سے نفل نماز جماعت کے ساتھ بھی احیاناً ثابت ہے ( اعلاء السنن ج ۷ ص ۸۷ ) جس کی بناء پر فقہاء نے مطلقاً نوافل کی

جماعت کومکروہ نہیں قرار دیا بلکہ انہوں نے نوافل کی جماعت کوتداعی کی قید کے ساتھ مقیّد فرمایا ہے،لہٰذا اگر تداعی پائی جائے تواس صورت میں نفل نماز جماعت کے ساتھ مکروہ ہوگی،یعنی اہتمام اورمواظبت کے ساتھ کثیرلوگ اگرشریک ہوں توپھرایسا کرنا کراہت سے خالی نہیں کیونکہ اس طرز پرآپ ﷺ سے نوافل کی جماعت ثابت نہیں اور یہ شریعت کےمزاج کےخلاف ہے۔

چنانچہ علاّمہ حصکفیؒ فرماتے ہیں:

**قال فی الدر،ولایصلی الوتر ولاالتطوع بجماعة خارج رمضان ای یکره ذلک لوعلی سبیل التداعی بان یقتدی اربعة بواحد کمافی الدرر:** درمختار میں فرمایا کہ وتر اورنفل رمضان کےعلاوہ جماعت کےساتھ ادانہ کیے جائیں اور یہ مکروہ ہےاگرتداعی کےطور پر ہویعنی چارآدمی ایک کی اقتداء میں نمازادا کریں‘‘

اورعلاّمہ شامیؒ فرماتے ہیں:

**وقال الشامی امااقتداء واحدبواحداواثنین بواحدفلایکره وثلاثة بواحدفیه خلاف:** بہرحال ایک یادوآدمیوں کاایک آدمی کی اقتداء کرنامکروہ نہیں اورتین آدمیوں کاایک آدمی کی اقتداءکرنے میں اختلاف ہے(بحوالہ اعلاءالسنن ج ۷ص ۷۹)۔

اسی طرح علاّمہ ظفراحمدعثمانی صاحبؒ دوسرےفقہاء کےمسلک کوتحریرفرماتے ہیں:

**وفی الخلاصة ولایصلّی التطوع الافی رمضان وعن شمس الائمة السرخسی ان التطوع بالجماعة انمایکره اذاکان علی سبیل التداعی امالواقتدیٰ واحدبواحدلایکره واذااقتدی ثلثة بواحداختلف فیه،وان اقتدی اربعة بواحدکره اتفاقاًوالاقتداء فی الوترخارج رمضان یکره وذکرالقدوری لایکره واصل هذاان التطوع بالجماعة اذاکان علی سبیل التداعی تکره:** ا ورخلاصہ میں ہے کہ نفل (باجماعت) نہ پڑھےجائیں مگررمضان میں اورشمس الائمہ السرخسیؒ سے منقول ہے کہ نفل جماعت اس وقت مکروہ ہے جب بطورتداعی کہ ہوپس اگرایک نے ایک کی اقتداءکی تومکروہ نہیں اورجب تین ایک کی اقتداء کریں توپھراس میں اختلاف ہے(کہ آیامکروہ ہے یانہیں)اوراگرچار(آدمی)ایک کی اقتداءکریں توپھربالاتفاق (باجماعت نمازنفل) مکروہ ہے اوررمضان کے علاوہ وتر کی

نماز میں اقتداء کرنا مکروہ ہے اورقدوری نے ذکر کیا ہے کہ مکروہ نہیں اور( کراہت کے حکم کی )اصل یہ ہے کہ جماعت کے ساتھ نفل جب بطورتداعی کے ہوں تو پھر مکروہ ہے (اعلاء السنن ج۷ص۸۱)۔

فقہاء کی مذکورہ بالاعبارتوں سے یہ بات واضح ہوئی کہ نفل کی جماعت علی الاطلاق مکروہ نہیں یہ صرف اس صورت میں ہے کہ جب تداعی پائی جائے ،لیکن بعض فقہاء کے نزدیک نفل کی جماعت مکروہ نہیں کیونکہ ان کے پیش نظر وہ احادیث ہیں جس میں آپ ﷺ سے نفل کی جماعت کا ثبوت ہے جس کی بناء پروہ اس کے قائل نہیں چنانچہ مولانا ظفراحمد عثمانیؒ تحریرفرماتے ہیں کہ:

**وفی الاصل للصدرالشهیداماااذاصلوابجماعة بغیراذان واقامة فی ناحیة المسجدلایکره وقال شمس الائمة الحلوانی ان کان سوی الامام ثلٰثة لایکره بالاتفاق وفی الاربع اختلف المشائخ والاصح لایکره:** صدرالشہیدکی کتاب الاصل میں ہے؛ بہرحال جب لوگ جماعت کے ساتھ(نوافل کی نماز)بغیراذان اوراقامۃ کے مسجد کے ایک کونے میں پڑھیں تو پھر(یہ جماعت)مکروہ نہیں اورشمس الائمہ حلوانی ؒنے فرمایاکہ اگرامام کے علاوہ تین آدمی ہیں تو مکروہ نہیں بالاتفاق اورچار(آدمیوں کی صورت)میں مشائخ کا اختلاف ہے اورصحیح یہ ہے کہ(جماعت کے ساتھ نفل کی نماز)مکروہ نہیں ہے(اعلاءالسنن،ج۷،ص۸۱)۔

مذکورہ بالاعبارتوں کی روشنی میں یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جس اصول کو بنیاد بنا کر تداعی الی مجالسِ الذکر کو مکروہ قرار دیا جارہا ہے خوداس اصول یعنی تداعی الی النوافل میں فقہاء کا اختلاف ہے بعض کے نزدیک یہ مکروہ ہے اوربعض اسے جائز قرار دیتے ہیں لیکن جوفقہاء تداعی کی قید کا اعتبار کرتے ہوئے نوافل کی جماعت کو مکروہ قرار دیتے ہیں اگران کی بات کولیا جائے تو کراہت کا قول اس لیے کہا جارہا ہے کہ آپ ﷺ کا عمل نوافل کے بارے میں عموماً یہی تھا کہ انہیں انفرادی طورپرادا فرمایا کرتے تھے اورنوافل کی ترغیب بھی انفرادی طور پر ہی منقول ہے اوراجتماعی طورپرنوافل کی ترغیب آپ ﷺ سے منقول نہیں لیکن احیاناً آپ ﷺ سے نوافل کی جماعت بھی ثابت ہے اس لیے نوافل کی جماعت کوعلی الاطلاق مکروہ نہیں کہا جاتا بلکہ فقہاء اس میں تداعی کی قید لگاتے ہیں اوراگرتداعی کے ساتھ نہیں تو پھراس میں کراہت نہیں اورتداعی کی تفسیر ماقبل میں گزرچکی ہے کہ نوافل کے لیے لوگوں کو بلانا اوراہتمام کے ساتھ جمع ہوکرادا کرنا اوریہ خلاف اصل ہے اورفرض کے ساتھ اس کی مشابہت ہے

جس کی بناء پر ایسا کرنا مکروہ اور خلاف التوارث ہے اور اسی کو تداعی بالنوافل سے تعبیر کیا جاتا ہے لیکن اگر نوافل کو جمع ہو کر ادا کرنے کی ترغیب کہیں موجود ہے تو پھر اس صورت میں اجتماعی طور پر تداعی کے ساتھ نوافل کو ادا کرنا بھی مکروہ نہیں بلکہ بہتر ہے مثلاً استسقاء میں جو کہ بعض حضرات کے نزدیک جماعت کے ساتھ ادا کی جاتی ہے اور بعض کے نزدیک یہ ایک دعا ہے جسے اجتماعی طور پر ادا کیا جاتا ہے بہر حال دونوں صورتوں میں اس کی ادائیگی ہوتی ہے تو لازماً اس میں تداعی پائی جاتی ہے اور اس کی ترغیب احادیث میں موجود ہے لہٰذا اس وجہ سے اس کی کراہت کا کوئی بھی قائل نہیں، لہٰذا یہ بات واضح ہوئی کہ تداعی بالنوافل کا اصول ان نوافل یا نفلی کاموں کے ساتھ خاص ہے جن کو انفرادی طور پر کرنا آپ ﷺ سے ثابت ہو اور اجتماعی طور پر اس کی ترغیب ثابت نہ ہو لیکن اگر کسی نفلی کام کی ترغیب آپ ﷺ سے اجتماعی طور پر ثابت ہے تو پھر اس اصول کا انطباق اجتماعی طور والی صورت پر کرنا سراسر ظلم اور انتہائی نامناسب بات ہے۔

## تداعی الی النوافل اور تداعی الی مجالسِ الذکر میں فرق:

تداعی الی النوافل کے اصول کی وضاحت کے بعد یہ بات کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ تداعی الی النوافل اور تداعی الی مجالس الذکر میں بہت واضح فرق پایا جاتا ہے۔

پہلا فرق یہ ہے کہ تداعی الی النوافل کا تعلّق نماز کے حکم سے ہے اور نفل اس حکم کا ایک فرد ہے اسی طرح فرض بھی اس حکم کا ایک فرد ہے لہٰذا اگر نوافل کو بھی اہتمام اور مواظبت اور لوگوں کو دعوت دے کر کیا جائے تو اس کی مشابہت فرض سے لازم آتی ہے جبکہ تداعی الی مجالس الذکر کا تعلّق ذکر کے ساتھ ہے اور اس حکم کی ادائیگی کی انفرادی اور اجتماعی ہر صورت میں ترغیب موجود ہے اور فرض، واجب نماز کی طرح اس کے افراد بھی نہیں کہ جن سے اس کی مشابہت لازم آئے لہٰذا تداعی الی مجالس الذکر کو تداعی الی النوافل پر قیاس کرنا درست نہیں۔

دوسرا فرق یہ ہے کہ تداعی الی النوافل یہ صرف ان نفلی کاموں کے ساتھ خاص ہے جن کی انفرادی طور پر ترغیب دی گئی ہو اور اجتماعی طور پر ان کی ترغیب موجود نہ ہو اور پھر اگر کوئی اجتماعی طور پر ان کو ادا کرے تو اس میں علماء کے لیے بحث ومباحثہ کی گنجائش موجود ہے اور تداعی الی مجالس الذکر والی صورت میں تو قرآن وحدیث میں خود انفرادی طور کے علاوہ اجتماعی طور پر ذکر کرنے کی ترغیب موجود ہے لہٰذا اجتماعی طور پر فضیلت کو حاصل کرنے کے لیے تداعی تو ضروری ہوگی، وگرنہ ان فضائل اور ترغیبات کو کیسے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

اور یہ بات بھی واضح ہے کہ اگر کوئی نفلی کام اجتماعی طور پر آپ ﷺ سے منقول ہے اور اس کی ترغیب

بھی دی گئی ہے تو اس میں بھی تداعی الی النوافل جائز بلکہ مستحب بن جاتا ہے جیسے نماز استسقاء کے لیے لوگوں کو اکھٹا کرنا پھر جماعت کے ساتھ یا اجتماعی دعا کے ساتھ اسے ادا کرنا اور اسی طرح نماز تراویح میں اور اس کے علاوہ نماز کسوف کے لیے "الصلوۃ جامعۃ" کہہ کر پکارنا احادیث سے ثابت ہے اور کوئی بھی اس کا انکار نہیں کرتا اور مجالسِ ذکر کی ترغیب تو انفرادی اور اجتماعی طور پر آپ ﷺ سے ثابت ہے تو پھر ان فضائل کو حاصل کرنے کے لیے ترغیب دینا کوئی بری بات نہیں بلکہ مستحسن امر ہے۔

## فرشتوں کا مجلسِ ذکر کی طرف بلانا:

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو راستوں کا چکر لگاتے ہیں اور ذکر والوں کو ڈھونڈتے ہیں اور جب وہ کسی جماعت کو پاتے ہیں کہ وہ اللہ کا ذکر اکھٹے ہو کر کر رہے ہیں تو وہ فرشتے پکارتے ہیں اور دوسرے فرشتوں کو بلاتے ہیں "ھلمّوا" آؤ اس مجلسِ ذکر میں شرکت کرو اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ تداعی الی مجالس الذکر تو خود فرشتے بھی کرتے ہیں اور ظاہر ہے کہ فرشتے تو ایسی مخلوق ہیں کہ اپنے اختیار سے کچھ نہیں کرتے اور اللہ کے حکم ہی پر چلتے ہیں لہٰذا معلوم ہوا کہ تداعی کا یہ عمل اللہ تعالیٰ کا حکم تھا اور اگر یہ کوئی بری بات ہوتی تو فرشتے ایسا ہرگز نہ کرتے بلکہ اس حدیث کے آخر میں فرشتے ایسے شخص پر تعجب کا اظہار کر رہے ہیں جو بغیر ذکر کے مقصد کے اس مجلس میں شامل ہوا جس سے معلوم ہوا کہ جو لوگ جمع ہوئے تھے ان سب کے مقصد میں اتحاد تھا کہ وہ اللہ کے ذکر کے لیے جمع ہیں اور ظاہر ہے کہ اس میں تداعی پائی گئی ہوگی وگرنہ بغیر قصد وارادے کے جمع ہونے والے پر تو فرشتے تعجب کا اظہار کر رہے ہیں۔

## بحث کا خلاصہ:

تداعی کی بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ تداعی الی مجالس الذکر کو تداعی الی النوافل پر قیاس کرنا درست نہیں کیونکہ یہ اصول انفرادی نوافل کے ساتھ خاص ہے اور وہاں جاری ہوتا ہے کہ ان نوافل کی اجتماعی طور پر ترغیب نہ ہو اور پھر خود اسی اصول میں علماء کا اختلاف ہے لہٰذا مختلف فیہ چیز پر قیاس کرنا درست نہیں جبکہ مجالسِ ذکر کی انفرادی اور اجتماعی ترغیب باقاعدہ بیان کی گئی ہے لہٰذا مجالسِ ذکر کو تداعی الی النوافل پر قیاس کرنا قطعاً درست نہیں، آخر جس اجتماعی کام کے لیے اللہ تعالیٰ خود بلائیں یا ترغیب دیں اور نبی کریم ﷺ اس کے لیے خود ترغیب دیں اور فرشتے مجالسِ ذکر کی طرف "ھلمّوا" کہہ کر بلائیں تو اگر مسلمان اس کام کی طرف ترغیب

دیں تو وہ کیسے گناہ گار ٹھہریں گے وہ تو اللہ تعالیٰ کی منشاء اور نبی کریم ﷺ کی اتباع کر رہے ہیں اب مجالسِ ذکر اوراس کی ترغیب کے متعلق جو کچھ قرآن وحدیث میں آیا ہے اس میں کچھ آیات اور احادیث مبارکہ کو پڑھ لیجئے۔

## مجالسِ ذکرِ جہری کے جواز واستحباب کا اصل ماخذ:

مجالسِ ذکرِ جہری کے جواز وستحباب کے متعلق فقہاء اور علمائے کرام ومفتیان عظام کے فتاویٰ اوران کے اقوال واحوال آپکے سامنے بیان ہو چکے ہیں اس کے بعد مناسب یہ ہے کہ قرآن وسنت جو دین اسلام اوراحکام شرعی کے اصل ماخذ اور سرچشمہ ہیں ان سے بھی مجالسِ ذکرِ جہری کے جواز واستحباب کو ثابت کیا جائے لیکن مجالسِ ذکر کے متعلق قرآن وحدیث کی نصوص پیش کرنے سے قبل اس کے لئے ایک تمہید لکھنا بھی ضروری سمجھتا ہوں۔

## ذکر اللہ کا اصطلاحی معنی اور اصطلاحات کے ساتھ ظلم:

پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ یادِ الٰہی کا تعلّق دل سے ہے اوراس کی اصل جگہ انسان کا دل ہی ہے اور قرآن مجید نے اور نبی کریم ﷺ نے اپنے ارشادات میں جن اعمال کے کرنے اور جن الفاظ کو پڑھنے کی ہدایت فرمائی وہ سارے الفاظ اوراعمال اسی یادِ حق کے ذرائع اور اسباب یا صورتیں ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کو یاد کیا جاتا ہے یا جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو یاد کیا جاتا ہے تو ان سب کو بھی اللہ تعالیٰ کا ذکر اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ تمام احکامات ہدایات انسان کو غفلت سے نکال کر یادِ الٰہی کا سبب بن جاتے ہیں اس لئے ان کو بھی مجازاً ذکر کہا جاتا ہے۔ لیکن یاد رکھیں کہ ان سب کو ذکر ہی کا نام دینا اصل اصطلاحی ذکر کو اور مجالسِ ذکر کو ختم کرنے کے مترادف ہے اور یہ قرآن وحدیث میں تحریف اور دشمنان اسلام کی ایک عظیم سازش ہے۔ کہ اصطلاحات اسلامی کو مٹایا جائے تاکہ کوئی حکم اپنی اصلی حالت میں باقی نہ رہ سکے اور یہی معاملہ "ذکر" اور مجالسِ ذکر" کے متعلق بھی اختیار کیا جارہا ہے۔

## اصطلاحات کے سلسلے میں قرآن مجید کی آیات

اس تمہید کے بعد اب قرآن وحدیث سے میں بطور نمونہ کچھ پیش کر کے یہ سمجھانے کی کوشش کروں گا کہ ذکر کا اصل مصداق یہی تہلیل ہے یعنی "لا الہ الاّ اللہ" اور تسبیح یعنی "سبحان اللہ" وغیرہ ہیں اور انہی چیزوں کو اصطلاحِ شریعت میں ذکر کہا جاتا ہے نماز ایک ایسی چیز ہے جو کہ سراسر اللہ تعالیٰ کی یاد پر مشتمل ہے اس میں تلاوتِ قرآن مجید ہے تسبیح وتحمید ہے دعا اور درود شریف ہے اور قیام ورکوع وسجود بھی، اس کے باوجود اصطلاح میں اس کو ذکر نہیں

کہا جاتا ہے بلکہ اس کے لئے "الصّلوٰ ۃ" کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ "اقیمو الصّلوٰ ۃ: نماز قائم کرو" اور نماز پڑھنے والے کو "مصلّی" "نمازی" کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے اور یہ ایسی واضح بات ہے جو کسی مسلمان سے چھپی نہیں رہ سکتی۔لیکن پھر بھی اس کے متعلق قرآن مجید میں سے کچھ پڑھ لیجئے۔

فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوۃَ فَاذْکُرُوا اللّٰہَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًاوَّعَلٰی جُنُوْبِکُم : پھر جب نماز سے فارغ ہو جاؤ تو اللہ تعالیٰ کو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے ہوئے کی حالت میں یاد کرو (نساء آیت ۱۰۳)۔

نیز نماز جمعہ کے متعلّق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛

یٰاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْآ اِذَانُوْدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَۃِ فَاسْعَوْااِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ وَذَرُوا الْبَیْعَ ط ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ٥ فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوۃُ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ وَاذْکُرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا لَّعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ: اے ایمان والو جب جمعہ کے دن نماز کے لئے اذان دی جائے تو اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف لپکو اور خرید وفروخت چھوڑ دو تمہارے لئے یہی بہتر ہے اگر تم جانتے ہو پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ تعالیٰ کا فضل (یعنی رزق الٰہی اور حلال رزق) کو تلاش کرو اور اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کرو تا کہ تم فلاح پاؤ (جمعہ، ۹ تا ۱۰)۔

انہی آیات میں غور کیجئے، نماز جمعہ کے لئے "صلوٰۃالجمعہ" کا لفظ استعمال فرمایا پھر فرمایا کہ ذکر الٰہی کی طرف لپکو جس سے مراد خطبہ بھی ہو سکتا ہے اور نماز جمعہ بھی اور دونوں بھی، لیکن اس کے بعد نماز اور خطبہ کے لئے لفظ ذکر استعمال نہیں فرمایا کہ جب ذکر پورا ہو جائے بلکہ نماز کے لئے وہی اپنا اصطلاحی نام لے کر فرمایا کہ جب نماز پوری ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کی ذکر (یاد) کثرت سے کیا کرو" یہ اسلیئے تا کہ نماز اور دوسرے اذکار اور اصطلاحی ذکر میں امتیاز ہو سکے۔اس طرح امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اس میں بھی اگر چہ اللہ تعالیٰ کی یاد اور ذکر ہوتا ہے لیکن اس کے متعلق جگہ جگہ یہی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا لفظ استعمال کیا گیا ہے چنانچہ لقمان علیہ السلام اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ؛

یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْہَ عَنِ الْمُنْکَرِ: اے میرے بیٹے نماز قائم کرو اور اچھے کاموں کی نصیحت کیا کرو اور برے کاموں سے منع کیا کرو (لقمان آیت ۱۷)۔

حج جو کہ سراسر عشق ومحبت کا منظر پیش کرتا ہے اور سراسر اللہ کی یاد ومحبت ہے اس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے؛

فَاِ ذَاقَضَیْتُمْ مَّنَاسِکَکُمْ فَاذْکُرُوااللّٰہَ کَذِکْرِکُمْ اٰبَآئَکُمْ اَوْاَشَدَّ ذِکْرًا ط: پھر جب حج کے مناسک (اورارکان) ادا کر چکو تو اللہ تعالیٰ کو یاد کرو جیسے تم اپنے باپ دادا کو یاد کیا کرتے تھے یا اس سے بھی بڑھ کر قوت کے ساتھ ذکر کیا کرو (بقرہ، ۲۰۰)۔

تمام اعمال صالحہ اگر چہ اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی ہیں اس کے باوجود اللہ تعالیٰ ذکر کو دوسرے اعمال صالحہ سے جدا کر کے فرماتے ہیں؛

اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَکَرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا: مگر وہ جو ایمان لائے اور نیک کام کئے اور اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کرتے ہیں"۔ (شعراء، ۲۲۷)۔

اللہ تعالیٰ نے روزے کا حکم دیا اور اس کا نام صوم رکھ دیا اور فرمایا "کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ: تم پر روزہ فرض کیا گیا ہے"۔ غرض یہ کہ قرآن وحدیث میں کہیں کہیں اعمال شرعیہ نماز، نصیحت وغیرہ کے لئے لفظ ذکر آیا ہے لیکن نماز و نصیحت، وعظ وتبلیغ، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر، تعلیم وتعلم، تمام کے تمام کے لئے اپنے اصطلاحی نام موجود ہیں اور یہی اس کے اصل نام ہیں اور شریعت مطہّرہ میں تہلیل اور تسبیح کے لئے اصطلاحی نام " ذکر "ہی ہے اور مجالس ذکر سے اول نمبر پر مراد یہی تہلیل وتسبیح وغیرہ کے مجالس ہیں اور یہی وہ ذکر ہے کہ جس کے لئے نہ وقت شرط ہے اور نہ کوئی اور حالت چنانچہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب اور عقلمند بندوں کے متعلق فرماتے ہیں کہ؛

اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلیٰ جُنُوْبِھِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا ج سُبْحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ: وہ لوگ اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور کروٹ پر لیٹے ہوئے (یعنی ہر حالت) میں یاد کرتے ہیں اور آسمان وزمین کے پیدائش میں فکر کرتے ہیں اور (کہتے ہیں) اے ہمارے رب تو نے یہ بے مقصد اور فضول تو نہیں بنایا ہے تو پاک ہے ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا (آل عمران، ص ۱۹۱)۔

# اصطلاحات کے سلسلے میں چند احادیث

نبی کریم ﷺ نے اپنے ارشادات اور اپنے عمل سے دین اسلام کے تمام شعبوں کی تفصیل بیان فرمائی ہے۔ نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج اور جہاد کے طریقے اور ذکر کے کلمات بتلائے اور دین کے ہر ایک شعبے کو دوسرے سے جدا کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حدیث کی کتابوں میں دیکھیں تو اس میں دین کے ہر شعبے کیلئے علیحدہ اصطلاحی نام موجود

ہیں۔طہارت، غسل اوروضوء، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، تعلیم وتبلیغ، امر بالمعروف نہی عن المنکر، جہاداورذکر، دعاوغیرہ وغیرہ۔ ہرایک کے مفصّل احکامات اور ہرایک کے فضائل جداجدا بیان فرمائے ہیں اور یہ ایک ایسی کھلی بات ہے جس سے کوئی بھی معمولی پڑھا لکھا بلکہ ایک عام مسلمان بھی انکارنہیں کرسکتا، پھربھی یہاں صرف تین احادیث اس لئے پیش کرتے ہیں کہ دین اسلام کی اصطلاحات میں شیطان دخل اندازی کرکے ان کومٹانے کی جرأت نہ کرسکے۔حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

> کیاتم کوایسی چیز نہ بتاؤں جوتمہارے اعمال میں بہت بہتر اورتمہارے مالک کے نزدیک سب سے زیادہ پاکیزہ، اورتمہارے درجات کو بہت زیادہ بلند کرنے والی اورسونے چاندی کو(اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے سے بھی زیادہ بہتر اور (جہاد میں) تم دشمنوں (یعنی کفارومشرکین) سے مقابلہ کرواورتم ان کی گردنیں مارواور وہ تمہاری گردنیں ماریں اس سے بھی بہتر ہو، صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ ہاں ضرور بتایئے۔آپ ﷺ نے فرمایا؛ ذکراللہ یعنی اللہ کی یاد(مشکوٰۃ)۔

اس حدیث شریف میں نبی کریم ﷺ نے دین کے شعبوں میں سے بہت اعلیٰ شعبوں کو لے لیا، یعنی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اوراس کی راہ میں مال خرچ کرنا اور جہاد میں اوراپنی جان اورسر اللہ تعالیٰ کی راہ میں کٹوانا اور یہ سب کچھ ذکراللہ میں توشامل ہی ہیں لیکن حدیث کے الفاظ پڑھ لیجئے معلوم ہوگا کہ اصطلاحی ذکروہی ہے جسے تہلیل وتسبیح یاذکر قلبی اوردھیان کہا جاتا ہے۔حضرت ام حبیبہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

> **کل کلام ابن ادم علیه الاّ امرٌ بمعروف او نهیٌ عن المنکر او ذکراللّٰه:** بنی آدم کا ہرکلام اس کیلئے وبال ہے علاوہ اس کلام کے جوامر بالمعروف (یعنی نیک اوراچھے کاموں کی تاکیداورتعلیم کرنے) یانہی عن المنکر (یعنی برائی سے منع کرنے) یااللہ تعالیٰ کے ذکر کیلئے ہو(مشکوٰۃ)۔

اس حدیث میں بتلایا گیا کہ انسان کا ہرکلام اور ہرقول اس پروبال ہے، مگروہ قول اوروہ الفاظ جواچھے کاموں کی تعلیم وتاکید کیلئے نکالے جائیں یاوہ الفاظ جوکسی کو برے کام سے روکنے کیلئے زبان سے نکالے جائیں اوروہ کلام اور الفاظ جواللہ تعالیٰ کے ذکرکیلئے زبان سے نکالے جائیں تو یہ تین قسم کا کلام انسان پروبال نہیں بلکہ ان کیلئے ذخیرہ آخرت ہے۔غورکیجئے کسی کواللہ تعالیٰ کے احکامات اوربھلے کاموں کیلئے بلانا یااللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے روکنا اوراس کونصیحت کرنا کتنی عظیم بات ہے جوکہ ذکرالٰہی میں شامل ہے لیکن یہاں امر بالمعروف نہی عن المنکر یاذکراللہ تینوں

چیزوں کو الگ الگ ذکر کیا گیا۔

**من شغله ذكرى عن مسئلتي اعطيته افضل مااعطى السائلين:** جو شخص میرے ذکر میں مشغول ہونے کی وجہ سے دعا نہ کر سکے تو میں اس کو دعا مانگنے والوں سے زیادہ عطا کرونگا۔

اگرچہ دعا بھی ذکر ہی ہے بلکہ دعا کی روح توجہ الیٰ اللہ ہے اور یہی دعا عبادت کا مغز ہے، نیز دعا میں اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی، ذلت وافتقار کی جو کیفیّت ہوتی ہے وہ دوسرے اعمال میں نہیں۔لیکن چونکہ دعا میں ذاتی غرض و حاجت کی طلب بھی ہوتی ہے اور ذکر الٰہی ،تہلیل وتسبیح میں خوف ورجاء کا بے غرضانہ جذبہ شامل ہوتا ہے اور ان کے ذریعے عشق ومحبت کا پاکیزہ اظہار ہوتا ہے اس لئے دعا وذکر کی اصطلاح بھی الگ الگ ہو جاتی ہے اس لئے اسی حدیث میں بھی دعا کو اصطلاحی ذکر سے الگ کر دیا گیا۔اور اسی لئے حدیث وغیرہ کی کتابوں میں دعا اور ذکر کیلئے الگ الگ عنوان رکھے جاتے ہیں اگرچہ اصطلاح میں درود شریف، استغفار، دعا اور تہلیل وتسبیح وغیرہ سب کے سب ذکر اللہ میں شامل ہیں جیسا کہ اس کا بیان انشاءاللہ تعالیٰ آگے آئیگا۔

## شرعی اصطلاحات کا خلاصہ:

خلاصہ یہ ہے کہ آج کل شرعی اصطلاحات کے ساتھ بہت ظلم ہو رہا ہے۔یہ ظلم دشمنانِ اسلام کی طرف سے نہیں بلکہ مسلمانوں کے ہاتھوں ہو رہا ہے اور جو بھی جس کام میں ڈوب گیا اس نے اسلام کے تمام شعبوں کے فضائل اپنے ہی کام کیلئے مختص کر لئے۔حالانکہ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، جہاد، تبلیغ، ذکر وغیرہ تمام کے تمام اسلام میں اس قدر معروف اور مشہور ہیں کہ کوئی مسلمان ان چیزوں کے مفہوم میں غلطی نہیں کر سکتا کسی سے کہہ دو کہ نماز پڑھو تو اس سے مراد ذکر نہیں لے گا، یا کسی سے کہہ دیجئے کہ جہاد کیلئے تیار ہو جاؤ تو وہ اس سے مراد قطعاً یہ نہیں لے گا کہ تبلیغ وتعلیم کیلئے تیار ہو جاؤ۔نیز حج اور عمرہ مخصوص اعمال کا نام ہے مگر اور اعمال بھی ایسے ہیں جن کے متعلّق حدیثوں میں آیا ہے کہ ان پر حج وعمرہ کا ثواب ملتا ہے،لیکن ان اعمال کو کرنے سے تو حج یا عمرہ ساقط نہیں ہو جاتے اور نہ ان اعمال کو کوئی حج یا عمرہ کہتے ہیں۔اسی طرح حدیثوں میں ہے کہ حرم شریف میں ایک نماز کا ثواب ایک لاکھ گناہ بڑھ جاتا ہے لیکن حرم شریف میں ایک نماز پڑھنے سے نہ لاکھ نماز ادا ہوتی ہیں اور نہ ہی لاکھ نمازوں کی فرضیت ساقط ہو جاتی ہے۔نیز جہاد فی سبیل اللہ،شریعت کی اصطلاح میں دشمنانِ اسلام کے خلاف تلوار بندوق وغیرہ اٹھا کر ان کے ساتھ لڑنے اور قتال ہی کو کہا جاتا ہے۔مگر حدیثوں میں آیا ہے کہ ایک صحابیؓ نے نبی کریم ﷺ سے جہاد میں

شرکت کی اجازت مانگی تو آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا تیرے والدین زندہ ہیں، انہوں نے عرض کی کہ زندہ ہیں۔تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ان میں جہاد کر (یعنی والدین کی خدمت کر) اب ہر ایک مسلمان اس بات کو جانتا ہے کہ صرف والدین کی خدمت سے نہ ہی فریضہ جہاد[1] ساقط ہوتا ہے اور نہ کوئی اس کو جہاد کہتا ہے۔البتہ یہ کہنا درست ہے کہ تبلیغ وتعلیم وغیرہ جہاد کے حکم میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اس طرح ذکراور مجالس ذکر سے مراد بھی اللہ تعالیٰ کے نام مبارک کا ذکر یعنی تہلیل وتسبیح وغیرہ ہی ہیں البتہ تعلیمی مجالس اس میں تبعاً شامل ہو سکتے ہیں اور جن حضرات مثلاً حضرت عطاءؒ وغیرہ تابعین رحمہم اللہ تعالیٰ نے بعض جگہ مجالسِ ذکر سے مراد مجالسِ علم یا مجالسِ حلال و حرام لیا ہے ان کا مطلب بھی یہی ہے کہ یہ مجالسِ علم اور مذاکرہ علم بھی مجالسِ ذکر کے حکم میں داخل ہیں جیسا کہ سوال اور سائلین کے پس منظر کو سامنے رکھنے سے ان حضرات کے اقوال کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے ورنہ مجالسِ ذکر سے صرف علم و مذاکرہ علم اور تعلیمی تدریسی مجالس لیکر مجالس تہلیل وتسبیح وغیرہ کی نفی کرنا یہ تو خود قرآن وحدیث میں معنوی تحریف اور ان کو محل سے ہٹانا اور تبدیل کرنا ہے۔حضرت مولانا عبدالحیؒ مشہور محدّث شیخ عبدالحق دہلویؒ سے نقل کرکے فرماتے ہیں کہ؛

> **وتاویل الذکر بمذاکرة العلم وآلاء اللّٰه تعالیٰ بعید ولایجوز حمل لفظٍ علی خلاف المتبادر الی الذھن من غیر ضرورة**:اور ذکر سے (تسبیح وتہلیل اور اللہ تعالیٰ کے نام مبارک کے ذکر کے علاوہ) مذاکرہ علم اور اللہ تعالیٰ کے انعامات (اور احکامات) مراد لینا ایک بعید معنی ہے اور (اصول یہ ہے کہ) بلاضرورت کسی لفظ سے ایسا معنی مراد لینا جس کی طرف ذہن نہ جاتا ہو جائز نہیں (سبّاحۃ الفکر،ص ۳۱)۔

اور حضرت حافظ ابن حجرؒ نے اس کے بارے میں جو کچھ فرمایا ہے اس کا خلاصہ بھی یہی ہے کہ مجالس ذکر سے مراد وہی مجالس ہیں جو تسبیح وتکبیر وغیرہ اذکار پر مشتمل ہوں اس سے مذاکرہ علم قرأت وحدیث وغیرہ لینا محلّ نظر ہے، البتہ،قرأتِ حدیث مذاکرہ علم وغیرہ بالتبع ذکراللہ میں داخل ہیں (فتح الباری، جلد ۱۱، کتاب الدعوات، ص ۲۱۶)۔

## مجالسِ ذکر سے مراد تسبیح وتہلیل وغیرہ اذکار کی مجالس ہی ہیں:

مذکورہ بالا بحث سے یہ بات اچھی طرح معلوم ہوگئی کہ قرآن مجید اور احادیث نبوی ﷺ میں جہاں مطلقاً مجالسِ ذکر کے فضائل بیان ہوئے ہیں ان سے مراد اصلاً اور حقیقۃً اللہ تعالیٰ کے نام مبارک کا ذکر اور تسبیح

[1] جہاد فی سبیل اللہ کی اصطلاح پر تفصیل کتاب جواہرالاسلام کے باب "جہاد فی سبیل اللہ کا بیان" میں دیکھیں۔

وتہلیل وغیرہ اذکار کی مجالس ہی ہیں۔البتہ ہر وہ عمل جولوگوں کوغفلت سے نکال کر یادالٰہی کا سبب بنے اس کے بارے میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ ذکر اللہ کے حکم میں تبعاً شامل ہے۔البتہ جہاں تعلیم وتدریس کی مجلس کا خصوصیت سے ذکر آیا ہو وہاں اصلاً وحقیقۃً تو تعلیمی مجلس اور مذاکرہ علم ہی مراد ہوگا۔لیکن اس میں بھی تہلیل وتسبیح وغیرہ اذکار پر مشتمل مجالسِ ذکر تبعاً شامل ہوسکتی ہیں۔جیسا کہ نبی کریم ﷺ کاارشاد ہے کہ؛

**وما اجتمع قومٌ فی بیتٍ من بیوت اللّٰہ یتلون کتاب اللہ ویتدارسون بینھم الاّ نزلت علیھم السکینہ و غشیتھم الرحمۃ وحفّتھم الملائکۃ وذکرھم اللّٰہ فیمن عندہ:** کوئی جماعت نہیں جواللہ تعالیٰ کے گھروں میں سے کسی گھر (یعنی مسجد یا مدرسہ) میں جمع ہوکرقرآن مجید کی تلاوت کرتی ہےاورآپس میں ایک دوسرے کواس کی تعلیم دیتی ہومگران پرسکینہ نازل ہوتاہےاوررحمت الٰہی ان پر چھاجاتی ہےاورفرشتے ان کوگھیر لیتے ہیں اوراللہ تعالیٰ اس جماعت کا ذکران (فرشتوں) میں کرتاہے جوآس پاس ہیں (مشکوٰۃ شریف بحوالہ کتاب العلم)۔

تلاوت قرآن خودبھی ذکر ہےاوریہاں اس سے مراداگرچہ تعلیمی مجلس ہے لیکن اس میں بھی تہلیل وتسبیح وغیرہ اذکار پرمشتمل مجلسِ ذکرتبعاً شامل ہے۔

# مجالسِ ذکر کی فضیلت

اس تمہید کے بعدمجالسِ ذکر کے متعلق قرآن وحدیث سے کچھ پڑھ لیجئے پہلےقرآن مجید سے دوآیتوں کو برکت کیلئے پیش کرتا ہوں۔اللہ تعالیٰ کاارشاد ہے؛

**وَاصۡبِرۡ نَفۡسَکَ مَعَ الَّذِیۡنَ یَدۡعُوۡنَ رَبَّھُمۡ بِالۡغَدٰوۃِ وَالۡعَشِیِّ یُرِیۡدُوۡنَ وَجۡھَہٗ وَلَاتَعۡدُ عَیۡنٰکَ عَنۡھُمۡ ج تُرِیۡدُزِیۡنَۃَ الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا ج وَلَا تُطِعۡ مَنۡ اَغۡفَلۡنَا قَلۡبَہٗ عَنۡ ذِکۡرِنَا وَاتَّبَعَ ھَوٰہُ وَکَانَ اَمۡرُہٗ فُرُطًا:** آپ اپنےنفس کوان لوگوں کےساتھ پابند کیجئے جوصبح وشام اپنے رب کی عبادت محض اس کی رضا مندی کیلئے کرتے ہیں اور دنیوی زندگی کی زینت کے خیال سے آپ کی آنکھیں (یعنی توجہات) ان سے نہ ہٹنے پائیں اور اس شخص کا کہنا نہ مانیئے جس کے دل کو ہم نے اپنے ذکر (یاد) سے غافل کردیااوروہ اپنی خواہش کےتابع ہوگیاہےاوراس کامعاملہ حد سے گذرگیاہے (کہف،۲۸)۔

سردارانِ قریش نے نبی کریم ﷺ سے یہ مطالبہ کیا کہ بلالؓ، صہیبؓ اور عمارؓ اور خبیبؓ وغیرہ جیسے غریب اور خستہ حال جو تمہاری صحبت میں بیٹھتے ہیں اگر آپ ان کو اپنی مجلس سے ہٹا دیں تو ہم تمہاری مجلس میں آ سکتے ہیں کیونکہ ان کے ساتھ ہم بیٹھ نہیں سکتے (صحیح مسلم، ابن کثیر وغیرہ) تو اللہ تعالیٰ نے سردارانِ قریش کی اس بات پر سختی سے اس مذکورہ آیت میں گرفت کی لہذا اس آیت کا مطلب تو یہی ہے کہ آپ ﷺ کی توجّہات اور اٹھنے بیٹھنے کے مستحق وہی لوگ ہیں جو صبح، شام اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اس کی یاد میں مشغول رہتے ہیں۔ کسی ایسے سردار، دولتمند اور چوہدری جس کا دل اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل ہو ان کی خاطر ان کے ساتھ اپنی نشست و برخاست نہ چھوڑیئے کوئی حق قبول کرے یا نہ کرے کسی کی خاطر کسی نیک شخص کو اپنی صحبت اور اپنی توجہات سے محروم نہ کریں، البتہ اس ایت کے حکم میں مجالسِ ذکر بھی شامل ہو سکتے ہیں اور اس میں مجالسِ ذکر کا شامل ہونا خود نبی کریم ﷺ کی ارشاد سے ثابت ہے، چنانچہ حضرت عبدالرحمٰن بن سہیلؓ سے روایت ہے کہ یہ آیت "وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ "، ایسی حالت میں نازل ہوئی کہ آپ ﷺ اپنے گھر میں تھے تو آپ ﷺ اسی آیت کے نازل ہونے پر ان لوگوں (یعنی ان فقراء صحابہ کرامؓ) کی تلاش میں نکلے تو ایک جماعت کو دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول ہیں بعض لوگ ان میں بکھرے ہوئے بالوں والے تھے اور بدن کا چمڑا خشک تھا اور جسم پر صرف ایک ہی کپڑا تھا۔ جب آپ ﷺ نے ان کو دیکھا تو ان کے پاس بیٹھ گئے اور فرمایا؛ "اَلْحَمْدُ لِلّٰه الّذی جَعَلَ فِيْ اُمَّتِيْ مَنْ اَمَرَ نِيْ اَنْ اَصْبِر نفسي معهم: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہیں جس نے میری امّت میں ایسے لوگ پیدا فرمائے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا کہ میں اپنے نفس کو ان لوگوں کے ساتھ روکوں" (تفسیر ابن کثیر بحوالہ الطبرانی)۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کا حضرت عبداللہ بن رواحہؓ پر گذر ہوا اور یہ اپنے دوستوں کو ذکر کرا رہے تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا بلا شبہ تم ایک ایسی جماعت ہو کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اپنے آپ کو تمہارے ساتھ پابند رکھوں، اس کے بعد یہ آیت "وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ "، تک پڑھی پھر اس کے بعد آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سن لو بے شک جتنی تعداد تمہاری یہاں بیٹھی ہے اسی تعداد کے برابر فرشتے (تمہارے ساتھ بیٹھے) ہوتے ہیں۔ اگر تم اللہ تعالیٰ کی تسبیح (یعنی سبحان اللہ) پڑھتے ہو تو وہ بھی تسبیح پڑھتے ہیں اگر تم اللہ تعالیٰ کی حمد پڑھتے ہو (یعنی الحمدللہ پڑھتے ہو) تو وہ بھی اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے ہیں اور اگر تم تکبیر (یعنی اللہ اکبر کہتے ہو یا اللہ تعالیٰ کی بڑھائی بیان کرتے ہو) تو وہ بھی تکبیر کہتے ہیں پھر یہ فرشتے اللہ تعالیٰ شانہٗ کی طرف چڑھتے ہیں جس کو ان فرشتوں سے زیادہ علم ہے تو یہ فرشتے

www.nooreHidayat.org

عرض کرتے ہیں؛ اے ہمارے پروردگار تیرے بندوں نے تسبیح پڑھی ہم نے بھی تسبیح پڑھی، تیرے بندوں نے اللہ اکبر کہا تو ہم نے بھی اللہ اکبر کہا، تیرے بندوں نے الحمدللہ کہا تو ہم نے بھی الحمدللہ کہا (اس کے بعد نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں) کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کی یہ بات سن کر فرماتے ہیں؛ اے میرے ملائکہ میں تم کو گواہ بناتا ہوں میں نے ان سب کی مغفرت اور بخشش فرمادی تو فرشتے کہتے ہیں کہ ان میں تو فلاں فلاں بہت خطاء کار ہیں تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ؛"**هُمُ الْقَوْمُ لَا يَشْقىٰ بِهِمْ جَلِيْسُهُمْ**: یہ (ذکر کرنے والے) ایسی قوم ہے کہ ان کی وجہ سے ان کے پاس بیٹھنے والا بھی محروم اور بدبخت نہیں ہوتا" (رواہ الطبرانی۔ قال الھیثمیؒ وفیہ محمد بن حماد الکوفی وھو ضعیف، کذافی مجمع الزوائد، جلد۱۰، ص۷۶) اس حدیث سے مجلس ذکر بھی ثابت ہے اور یہ بھی صراحۃً ثابت ہے کہ یہ مجلس تسبیح وتہلیل کی ہے۔

حضرت ثابت بنانیؒ کا بیان ہے کہ حضرت سلمان فارسیؓ (حضرات صحابہ کرامؓ کی) ایک ایسی جماعت میں تھے جو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول تھے کہ نبی کریم ﷺ ان پر گذرے تو یہ حضرات (ذکراللہ) سے رک گئے، تو آپ ﷺ نے فرمایا تم کیا کررہے تھے انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ہم اللہ تعالیٰ کا ذکر کررہے تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا؛ کرتے جاؤ میں نے رحمت کو دیکھا کہ تمہارے اوپراتر رہی ہے تو میرا بھی دل چاہا کہ آ کر تمہارے ساتھ شرکت کروں، پھر اس کے بعد نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ الحمدللہ، اللہ تعالیٰ نے میری امّت میں ایسے لوگ بھی پیدا کئے جن کے پاس بیٹھنے کا مجھے حکم ہوا (حلیۃ الاولیاء، جلد۱، ص۳۴۲)۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ مجلس جہری ذکر کی تھی ورنہ چپ رہنے کے کیا معنی؟ لہٰذا وہ ذکر جہر کررہے تھے جیسے ہی آپ ﷺ آئے تو وہ ذکر سے چُپ ہوگئے۔

## حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکرِ جہراور مجلسِ ذکر:

**اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَاالْاَيْدِ ج اِنَّهٗ اَوَّابٌ ○ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ○ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ط كُلٌّ لَّهٗ اَوَّابٌ**: ان (کفار ومشرکین کی نامناسب نامعقول باتوں اور بکواس) پر صبر کرو اور ہمارے بندے داؤد علیہ السلام کو یاد کرو جو بڑا طاقتور تھا بلاشبہ وہ (اللہ تعالیٰ کی طرف) بہت رجوع کرنے (اور گڑگڑانے) والا تھا بے شک ہم نے پہاڑوں کو مسخّر کررکھا تھا کہ وہ ان کے ساتھ (شریک ہوکر) اشراق اور شام کے وقت تسبیح کیا کریں اور (اسی طرح) پرندوں کو

بھی (مسخّر کررکھا تھا) وہ بھی (تسبیح کرنے کیلئے ان کے پاس آکر) جمع ہوجاتے تھے۔اور یہ سب (پہاڑ اور پرندے وغیرہ) ان کے فرمانبردار تھے (یعنی ان کے ساتھ تسبیح کیا کرتے تھے) (سورۃ ص، ۱۷تا۱۹)۔

تقریباً اسی طرح کا مضمون سورۃ انبیاء، آیت ۷۹ میں بھی ہے نیز سورۃ سبا میں یہ بھی ہے کہ؛ "**وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاو‘دَ مِنَّا فَضْلاً ط یٰجِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَه‘ وَالطَّیْرَ ج**: بے شک ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے بڑی فضیلت بخشی (ہم نے حکم دیا) اے پہاڑو اس (یعنی داؤد) کے ساتھ (تسبیح کو) دہراؤ اور (اسی طرح) پرندوں کو بھی حکم دیا تھا" (سبا، ۱۰) اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پرندوں اور پہاڑوں کو حکم دیا تھا کہ وہ حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ ذکر میں تسبیح دہرائیں، جیسا کہ اس کی تصریح پہلی آیتوں میں گذر چکی ہے۔ یہاں یہ نہیں فرمایا کہ **سخّرنا لَه‘** بلکہ یوں فرمایا ہے کہ "**سخّرنا مَعَه**". "**معه**" سے یہ مفہوم پیدا ہوتا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی تسبیح میں اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں اور پرندوں کو بھی ان کا شریکِ بزم بنا دیا تھا۔ جب داؤد علیہ السلام اپنی تسبیح وحمد کرتے تھے تو وہ بھی ان کی ہمنوائی میں کرتے تھے۔ پہاڑوں اور پرندوں کے اس ذکر و تسبیح کے متعلق بعض لوگوں نے جو یہ کہا ہے کہ جب آپ تسبیح کرتے تو پہاڑ گونج اٹھتے اور یہی گونج ان کی تسبیح تھی۔ یہ بالکل لغو اور فضول بات ہے کیونکہ پہاڑوں کی تسبیح (جس میں ان کے ساتھ پرندے بھی شامل ہوتے تھے) کو اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام پر ایک خصوصی انعام اور فضل کی حیثیت میں بیان فرمایا ہے اور اگر اس سے بازگشت اور گونج ہی مراد لیا جائے تو اس میں حضرت داؤد علیہ السلام کی کیا خصوصیت ہوئی بلکہ جو شخص بھی پہاڑوں اور گنبدوں میں بلند آواز سے بولے گا تو اس میں گونج پیدا ہوگی۔ خواہ وہ آواز دینے والا کافر ہی کیوں نہ ہو، بلکہ حق یہ ہے اور یہی قرآن مجید سے بالکل واضح ہے کہ یہ حضرت داؤد علیہ السلام کا معجزہ تھا کہ پہاڑ اور پرندے سب مل کر حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ ذکر و تسبیح کرتے تھے۔ جیسا کہ نبی کریم ﷺ کے ہاتھ مبارک میں پتھروں نے "**لا الـه الا الـلـه محمد رسول الله**" پڑھا۔

خلاصہ یہ ہوا کہ داؤد علیہ السّلام کو اللہ تعالیٰ نے بہت شیریں آواز عطا فرمائی تھی اور جب وہ سوز و گداز اور عشق الٰہی میں ڈوبی ہوئی اپنی شریں آواز سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے یا زبور پڑھتے تھے تو سارے ماحول میں عشقِ الٰہی کی ایک عجیب کیفیت پیدا ہوجاتی تھی اور پہاڑ اور پرندے اڑنا بند کرکے وہ بھی ان کے ساتھ مل کر ذکر و تسبیح میں مشغول ہوجاتے اور ان کے ساتھ تسبیح دہراتے تھے جیسا کہ تقریباً سارے مفسّرین نے اس کے یہی معنی لئے ہیں۔ (دیکھئے روح المعانی اور ابن کثیر وغیرہ)۔ پہاڑوں درختوں پر پرندوں وغیرہ کا یہ ذکر ذکرِ جہری تھا ورنہ اگر پہاڑوں

وغیرہ کا ذکر زبانِ حال سے ہوتا یا زبانِ قال سے خفی ہوتا تو اس میں حضرت داؤد علیہ السلام کی کیا خصوصیت تھی وہ تو ویسے بھی قرآن مجید سے ثابت ہے کہ کائنات کا ایک ایک ذرّہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا ہے۔

## اجتماعی ذکر کے فوائد:

حضرت مفتی محمد شفیعؒ اس آیت کے تحت فرماتے ہیں کہ حضرت تھانویؒ نے ایک لطیف توجیہ فرمائی ہے کہ پہاڑوں اور پرندوں کی تسبیح سے ذکر و شغل کی ایک خاص کیفیت پیدا ہوگئی تھی جس سے عبادت میں نشاط اور تازگی اور ہمت پیدا ہوتی ہے۔ اجتماعی ذکر کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ ذکر کی برکتوں کا ایک دوسرے پر انعکاس ہوتا رہتا ہے۔ صوفیاء کرام کے یہاں ذکر و شغل کا ایک خاص طریقہ معروف ہے جس میں ذکر کرتے ہوئے یہ تصوّر کیا جاتا ہے کہ پوری کائنات ذکر کررہی ہے۔ اصلاح باطن اور شوقِ عبادت میں اس طریقہ کی عجیب تاثیر ہے اس آیت سے اس طریقۂ ذکر کی بنیاد بھی مستنبط ہوتی ہے۔ (معارف القرآن، جلد۷ ص۴۹۶ تا ۴۹۷)۔

# مجالس ذکر کے متعلق احادیث شریفہ

قرآن مجید کی مذکورہ دو آیتوں اور اس کے تحت آنے والی روایات اگرچہ مجلسِ ذکر کی اہمیت اور اس کی مشروعیت اور جواز کیلئے کافی ہیں، پھر بھی یہاں چند احادیث کو پیش کیا جاتا ہے ان کو پڑھ لیجئے۔

## مجلسِ ذکر کی برکات:

حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت ابوسعید خدریؓ دونوں سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

**لایقعدقوم یذکرون اللّٰہ الاحفّتھم الملائکۃ وغشیتھم الرحمۃ ونزلت علیھم السکینۃ وذکرھم اللّٰہ فیمن عندہ** :جب کوئی قوم (یعنی کوئی جماعت اور کچھ لوگ) اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کیلئے بیٹھتی ہے تو ان کو فرشتے گھیر لیتے ہیں (یعنی ہر طرف سے ان کے گرد جمع ہوجاتے ہیں) اور اللہ تعالیٰ کی رحمت ان کو اپنی آغوش میں لے لیتی ہے اور ان پر سکینہ نازل ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ ان ذکر کرنے والوں کا تذکرہ اپنے پاس والوں میں کرتا ہے (صحیح مسلم، مشکوٰۃ)

یعنی مقرب فرشتوں وغیرہ میں ایسی جماعت کا تذکرہ فرماتے ہیں۔ ذکر کرنے والی جماعت کی اس سے زیادہ خوش نصیبی کیا ہوسکتی ہے کہ اس کا تذکرہ اللہ تعالیٰ جلّ شانہٗ فرماتے ہیں۔ اس حدیث سے واضح طور پر یہ معلوم ہوا کہ

مجلسِ ذکر کی خاص برکات اور کیفیات ہیں۔ حضرت مولانا محمد منظور نعمانیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت شاہ ولی اللہؒ نے اسی حدیث کی شرح میں فرمایا ہے؛'

اس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں کہ مسلمانوں کا جمع ہو کر ذکر وغیرہ کرنا رحمت وسکینت اور قربِ ملائکہ کا خاص وسیلہ ہے (حجۃ اللہ البالغہ، جلد۲، ص۷۰)۔

اس حدیث میں اللہ کا ذکر کرنے والے بندوں کیلئے چار خاص نعمتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ایک یہ کہ ہر طرف سے اللہ تعالیٰ کے فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ رحمت الٰہی ان کو اپنی آغوش اور سایہ میں لے لیتی ہے اور ان دونوں نعمتوں کے لازمی نتیجہ کے طور پر تیسری نعمت ان کو یہ حاصل ہوتی ہے کہ ان کے قلب پر سکینت نازل ہوتی ہے جو عظیم ترین روحانی نعمتوں میں سے ہے۔ یہاں سکینت سے مراد خاص درجہ کا قلبی اطمینان اور روحانی سکون ہے جو اللہ کے خاص بندوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خصوصی عطیہ کے طور پر نصیب ہوتا ہے اسی کو اہلِ سلوک "جمعیت قلبی" بھی کہتے ہیں اس دولت اور نعمت کا صاحب سکینہ کو احساس اور شعور بھی ہوتا ہے۔ اور ذاکر بندوں کو ملنے والی چوتھی نعمت جس کا اس حدیث میں سب سے آخر میں ذکر کیا گیا ہے۔ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے ملائکہ مقرّبین کے حلقہ میں ان ذاکر بندوں کا ذکر فرماتے ہیں۔ مثلاً فرماتے ہیں کہ؛ دیکھو آدم ہی کی اولاد میں سے میرے یہ بھی بندے ہیں جنھوں نے مجھے دیکھا نہیں غائبانہ ہی ایمان لائے ہیں اس کے باوجود محبت وخشیّت کی کیسی کیفیت اور کیسے ذوق وشوق اور کیسے سوز وگداز کے ساتھ میرا ذکر کر رہے ہیں۔ بلاشبہ مالک الملک کا اپنے مقرّب فرشتوں کے سامنے اپنے بندوں کا اس طرح ذکر فرمانا یہ سب سے بڑی نعمت ہے۔ جس سے آگے کسی نعمت کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ اللہ تعالیٰ اس سے محروم نہ رکھے (آمین)۔

(فائدہ) اس حدیث سے یہ بھی اشارہ ملا کہ اگر اللہ کا کوئی بندہ ذاکر اپنے قلب و باطن میں "سکینت" کی کیفیت محسوس نہ کرے (جو ایک محسوس کی جانے والی چیز ہے) تو اس کو سمجھنا چاہیئے کہ ابھی وہ ذکر کر کے اس مقام تک نہیں پہنچ سکا ہے جس پر یہ نعمتیں موعود ہیں یا اس کی زندگی میں کچھ ایسی خرابیاں ہیں جو آثارِ ذکر کے حصول میں رکاوٹ بنی ہوئی ہیں۔ بہرحال اسے اپنی اصلاح کی فکر کرنی چاہیئے۔ ربِّ کریم کے وعدے برحق ہیں۔ (معارف الحدیث، جلد۵، ص۲۸ تا ۲۹)۔

## اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے مسجد میں ذاکرین کی جماعت پر فخر کرتے ہیں:

حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ؛

حضرت معاویہؓ مسجد میں قائم ایک حلقہ پر پہونچے انہوں نے حلقہ والوں سے پوچھا تمہیں یہاں کس چیز نے بٹھایا ہے انہوں نے کہا کہ ہم یہاں اللہ تعالیٰ کی یاد کرنے کیلئے بیٹھے ہیں۔ حضرت معاویہؓ نے کہا کیا اللہ کی قسم؛ تم صرف ذکر اللہ ہی کیلئے بیٹھے ہو؟ انہوں نے کہا اللہ کی قسم؛ ہمارے بیٹھنے کا کوئی اور مقصد اللہ تعالیٰ کے ذکر کے سوانہیں ہے۔ حضرت معاویہؓ نے کہا دیکھو میں نے کسی بدگمانی اور تہمت کی بناء پر آپ لوگوں سے قسم نہیں لی ہے (یعنی تمہیں جھوٹا سمجھ کر تم سے قسم نہیں کھلوائی بلکہ میں نے آنحضرت ﷺ کی اتباع کے پیشِ نظر قسم کھلوائی ہے کہ آپ ﷺ نے بھی اسی طرح کہا تھا جیسا کہ آگے حدیث میں آتا ہے اور پھر معاویہؓ نے کہا) اصل بات یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی حدیث کو نقل کرنے کے سلسلے میں میرے برابر کوئی نہیں (یعنی میں حدیثوں کے نقل کرنے میں بہت زیادہ احتیاط کرتا ہوں کہ مبادا کوئی کمی و زیادتی نہ ہو جائے اس لئے دوسرے لوگوں کے بنسبت میں بہت کم حدیثیں بیان کرتا ہوں وہ حدیث یہ ہے)۔ کہ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہؓ کے پاس پہونچے آپ ﷺ نے ان سے فرمایا یہاں تمہیں کس چیز نے بٹھایا ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا ہم یہاں اللہ تعالیٰ کو یاد کر رہے ہیں اور اس نے ہم کو جو ہدایت بخشی اور ایمان اور اسلام کی توفیق دے کر احسان عظیم فرمایا ہے اس پر اس کی حمد و ثنا کر رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا اللہ تعالیٰ کی قسم تم صرف اسی لئے بیٹھے ہو۔ انہوں نے عرض کیا اللہ تعالیٰ کی قسم؛ ہم صرف اسی لئے بیٹھے ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا؛ **اما انّی لم استحلفکم تھمة لکم ولکنه اتانی جبرئیل فاخبرنی ان اللّٰہ یباھی بکم الملائکة**: دیکھو میں نے کسی (جھوٹ وغیرہ) کی بدگمانی کی بناء پر آپ لوگوں سے قسم نہیں لی ہے بلکہ میرے پاس جبرائیل آئے اور انہوں نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے تم پر فخر کرتے ہیں (صحیح مسلم وغیرہ دیکھئے مشکوٰۃ)۔

ملائکہ اور فرشتوں پر فخر کا مطلب:

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ اس حدیث کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ؛ "ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ فخر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ فرشتوں سے فرماتے ہیں کہ دیکھو

یہ لوگ باوجودیکہ نفس ان کے ساتھ ہے شیطان ان پر مسلّط ہے شہوتیں ان میں موجود ہیں، دنیا کی ضرورتیں ان کے پیچھے لگی ہوئی ہیں ان سب کے باوجود یہ لوگ اللہ کے ذکر میں مشغول ہیں اور اتنی کثرت سے ہٹانے والی چیزوں کے باوجود میرے ذکر سے نہیں ہٹتے۔ تمہارا ذکر و تسبیح اس لحاظ سے کہ تمہارے لئے کوئی مانع بھی ان میں سے نہیں ان کے مقابلہ میں کوئی چیز نہیں ہے"۔(فضائل ذکر، ۲۶ تا ۲۷)۔اس سے مجالس ذکر کی اہمیت کا اندازہ لگایئے کہ لوگوں کا جمع ہو کر اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا و تسبیح کرنا، اللہ تعالیٰ کو کتنا پسند ہے کہ وہ اپنے خاص فرشتوں کے سامنے ایسے بندوں پر فخر کرتے ہیں اور ان سے اپنی رضا و خوشنودی کا اظہار فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی یاد اور اپنی یاد کرنے والوں کے ساتھ بیٹھنے کی توفیق عنایت فرمائے (آمین)۔

مجلسِ ذکر مسجد میں بھی جائز ہے:

نیز حضرت معاویہؓ کا گذر جن حضرات کے حلقہ پر ہوا ان کے بارے صراحت کے ساتھ یہ بیان ہے کہ وہ حلقہ مسجد میں جما ہوا تھا۔ چنانچہ حدیث کے الفاظ یہ ہیں **"خرج معاوية على حلقةٍ فى المسجد**: حضرت معاویہؓ مسجد میں جمے ہوئے حلقہ پر پہنچے۔(صحیح مسلم)۔

## اہل الذکر اور مجالسِ ذکر کو فرشتے ڈھونڈتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ایسی مجالس میں بیٹھنے والوں کی مغفرت فرماتے ہیں:

حضرت ابو ہریرہؓ نے نبی کریم ﷺ سے ایک طویل روایت نقل کی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ؛

اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو مجالسِ ذکر کو تلاش کرتے ہیں اور جب بھی وہ کسی جماعت یا قوم کو پالیتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول ہیں تو وہ آپس میں ایک دوسرے کو پکارتے ہیں کہ اپنے مطلب کو جلدی آؤ تو آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ فرشتے ان لوگوں کو دنیا کے آسمان تک گھیر لیتے ہیں اور آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں سے ان لوگوں کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ میرے بندے کیا کہتے ہیں، حالانکہ وہ ان فرشتوں سے کہیں زیادہ اس بارے میں جانتا ہے۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ فرشتے جواب میں

عرض کرتے ہیں "**یسبحونک و یکبّرونک و یحمدونک و یمجدونک**: تیری تسبیح کرتے ہیں، اور تیری بڑائی بیان کرتے ہیں اور تیری تعریف کرتے ہیں اور عظمت کے ساتھ تجھے یاد کرتے ہیں"۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ پھر اللہ تعالیٰ ان فرشتوں سے پوچھتے ہیں کہ کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے، اس کے جواب میں فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اللہ کی قسم؛ انہوں نے تجھے نہیں دیکھا، تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے کہتے ہیں کہ اچھا اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو پھر ان کا کیا حال ہوتا۔ فرشتے جواب میں عرض کرتے ہیں "**لو رأوک کانوا اشدّلک عبادةً واشدّلک تمجیداً واکثر تسبیحاً**: اگر وہ تجھے دیکھتے پھر تو بہت ہی زیادہ تیری عبادت اور بندگی میں لگ جاتے اور بہت زیادہ بزرگی اور عظمت کے ساتھ تجھے یاد کرتے اور تیری تسبیح بہت ہی کرتے"۔ پھر اللہ تعالیٰ ان فرشتوں سے پوچھتا ہے کہ وہ بندے مجھ سے مانگتے کیا ہیں۔؟ فرشتے جواب میں عرض کرتے ہیں کہ وہ تجھ سے جنت مانگتے ہیں، پھر اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتا ہے کہ کیا انہوں نے جنت کو دیکھا ہے؟ فرشتے کہتے ہیں اللہ کی قسم؛ اے ہمارے پروردگار انہوں نے جنت کو نہیں دیکھا، تو اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتے ہیں اچھا اگر وہ جنت کو دیکھ لیتے تو پھر ان کا کیا حال ہوتا، فرشتے کہتے ہیں اگر جنت کو دیکھ لیتے تو اسی (جنت) پر بہت حرص کرتے اور اس کو بہت زیادہ طلب کرنے والے ہوتے اور اس میں بہت زیادہ رغبت کرتے، پھر اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں کہ وہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں؟، فرشتے کہتے ہیں کہ دوزخ سے، پھر اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتا ہے کہ کیا انہوں نے دوزخ کو دیکھا ہے تو فرشتے کہتے ہیں کہ اللہ کی قسم؛ اے پروردگار انہوں نے دوزخ کو نہیں دیکھا، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اگر وہ دوزخ کو دیکھ لیتے تو ان کا کیا حال ہوتا تو فرشتے جواب میں عرض کرتے ہیں اگر وہ اس کو دیکھ لیتے تو اس سے ڈر کی وجہ سے بہت زیادہ بھاگتے، آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کو فرماتے ہیں کہ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان (مجلس والوں) کو بخش دیا پھر ان فرشتوں میں سے ایک فرشتہ کہتا ہے یا اللہ ان ذکر والوں میں فلاں شخص تو ان ذکر والوں میں سے نہیں ہے بلکہ وہ تو اپنے کسی کام کیلئے آیا تھا اور ان میں بیٹھ گیا تو اللہ تعالیٰ جواب میں فرماتے ہیں کہ "**هم الجلساء لایشقی جلیسهم**: یہ اہل ذکر، ایسے بیٹھنے والے ہیں جن کے پاس

بیٹھنے والا بھی بد بخت اور بے نصیب نہیں ہوتا" (بخاری ومسلم)۔

اس طویل حدیث کوصحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں نے ایک دوسرے سے معمولی فرق کے ساتھ نقل کیا ہے اور مشکوٰۃ میں بھی یہ دونوں روایتیں موجود ہیں۔اس حدیث سے چندامور معلوم ہو گئے۔

...... مجالسِ ذکراس قدراہم ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فرشتے ان کوڈھونڈتے رہتے ہیں اوراس کیلئے فرشتوں کی خاص جماعتیں مقرّر ہیں۔

...... اللہ تعالیٰ علیم وخبیر ذات ہونے کے باوجودان مجالس سے اس قدرخوش ہوتے ہیں کہ ملائکہ سے بار باران کا حال پوچھتے ہیں، جیسا کہ کسی کا محبوب کسی کو یاد کرے تو عاشق بسا اوقات معلوم ہونے کے باوجود بار بار پوچھتا ہے، پھر کیا کہا، پھر کیا کہا۔اس سے اندازہ لگایئے کہ اللہ تعالیٰ کا کس قدر پیار ومحبت ہے، اس کو یاد کرنے والوں کے ساتھ اور مجالس ذکر کے ساتھ۔اس کا اندازہ صاحب ذوق لوگ ہی لگا سکتے ہیں۔

...... مجالسِ ذکر والے لوگوں کو اللہ تعالیٰ بخش دیتے ہیں، جنت دے دیتے ہیں اور جہنم سے بچالیتے ہیں۔

...... ذکر کرنے والوں اور مجالسِ ذکر میں بیٹھنے والا شخص بھی بے نصیب اور بد بخت نہیں ہوتا بلکہ اس کو بھی اللہ تعالیٰ بخش دیتا ہے۔اگرچہ وہ خود ذاکر نہ ہو بلکہ اپنی کوئی غرض لے کر بیٹھ گیا ہو۔اس سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ فرشتے بھی ذکر کوسن کر ایک دوسرے کو اس کے سننے کیلئے تداعی کرتے ہیں اور ایک دوسرے کو بلاتے ہیں۔اور وہ مجلس بھی تہلیل وتسبیح کی ہوتی ہے، یہ نہیں کہ مجلس تو وعظ ونصیحت کی تھی مگر درمیان میں کسی نے "سبحان اللہ" کہا کیونکہ یہاں مجلس کا مقصد اور اس کا انعقاد ہی تسبیح وتہلیل ہے اور فرشتوں نے اللہ تعالیٰ کے سامنے وہ کچھ پیش کیا ہے جو کچھ انہوں نے ان ذاکرین سے سنا تھا۔

...... اسی حدیث میں اچھی صحبت اور اللہ تعالیٰ کی یاد کرنے والی مجالس میں بیٹھنے کی ترغیب دی گئی ہے۔

......مجالسِ ذکر میں حاضری کی ترغیب:

حضرت مولانا مفتی عبدالستار صاحب دامت برکاتہم اس حدیث کو نقل کرکے اس کے تحت تحریرفرماتے ہیں، اس حدیث پاک سے "مجالسِ ذکر" میں حاضری کی ترغیب معلوم ہوتی

ہے کہ ملائکہ کی طرح اہل اسلام کو بھی ایسی مجالس کی تلاش وجستجو کرنی چاہیے تاکہ انہیں بھی اس رحمت سے حصہ ملے جوان مجالس پر نازل ہوتی ہے۔

......ان مجالس سے مراد اجتماعی ذکر تسبیح وتکبیر وغیرہ کی مجالس ہیں:

حضرت مفتی صاحب آگے فرماتے ہیں کہ؛"یہ شبہ نہ کیا جائے کہ ان مجالس سے مراد وعظ و تقریر کی مجالس ہیں کیونکہ یہ تخصیص بلا دلیل ہے۔اسی حدیث پاک میں آگے صراحۃً مذکور ہے،" **یسبّحونک ویکبّرونک ویھلّلونک ویحمدونک ویسئلونک** " اس سے اجتماعی ذکر تسبیح،تکبیر اور تھلیل وغیرہ کا ثبوت ظاہر ہے۔ ہاں ثانوی درجہ میں مجلس وعظ بھی مجالس ذکر کے حکم میں ہوں تو اس کا مضائقہ نہیں"۔

......ان مجالسِ ذکر سے مراد وہی اجتماعی ذکر کی مجالس ہیں جو قصداً منعقد کی جائیں:

حضرت مفتی صاحب اس کے بعد فرماتے ہیں کہ؛"نیز یہ خیال بھی صحیح نہیں کہ یہ حدیث ایسی مجالسِ ذکر کے بارے میں ہے جن میں اجتماع کا قصد نہ ہو۔بس ایسے ہی بیٹھے بیٹھے ذکر کرنے لگ گئے ہوں کیونکہ یہ دعوائے تخصیص بھی بلا دلیل ہے بظاہر حدیث پاک اپنے اطلاق وعموم کی وجہ سے دونوں قسم کی مجالسِ ذکر کو شامل ہے بلکہ آخر حدیث سے یہ عموم صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ اصل تو اس مجلسِ ذکر میں وہی لوگ تھے جو قصداً مجلس میں شریک ہوئے ہیں اور بعض لوگ ایسے بھی تھے جو بلا قصد اس مجلس میں شامل ہو گئے تھے، جب فرشتوں نے بارگا خداوندی میں ایسے لوگوں کا غیر قصدی طور پر شامل ہونا عرض کیا تو ارشاد خداوندی ہوا کہ رحمت سب کو پہنچے گی ایسے لوگ بھی محروم نہیں رہیں گے،"**ھم القوم لایشقی بھم جلیسھم** "(مسلم شریف،جلد۲،ص۳۴۴) (خیرالفتاویٰ،جلد۲،ص۳۰۷تا۵ا۷)۔

## مجالسِ ذکر پر اللہ تعالیٰ کی رحمت برستی ہے:

حضرت سلمان فارسیؓ ایک ایسی جماعت میں تھے جو کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول تھی، اتنے میں ان کے پاس سے نبی کریم ﷺ گذرے تو یہ حضرات چپ ہو گئے آپ ﷺ نے فرمایا؛

ذکر کئے جاؤ میں نے رحمت دیکھی ہے کہ تم پر اتر رہی ہے اور میں نے اچھا سمجھا کہ تمھاری

اس رحمت میں شرکت کروں (حیاۃ الصحابہؓ، جلد۳، ص۲۸۲)۔

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ یہ مجلس ذکر تسبیح وتہلیل کی تھی اور سارے حضرات تہلیل وتسبیح میں مشغول تھے ورنہ اگر ایک آدمی بیان کرتا یا قرأت کرتا اور دوسرے لوگ سنتے پھر تو یہ کہنا چاہیے تھا کہ نبی کریم ﷺ کو دیکھ کر واعظ یا قاری چپ ہوگیا۔ بلکہ وہاں الفاظ یہ ہیں کہ "فکفوا" یعنی (نبی کریم ﷺ کو دیکھ کر تو وہ سب) حضرات ذکر سے رک گئے (حلیہ الاولیاء، جلد۱، ص۳۴۲) اس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ اجتماعی ذکر جہراً تھا ورنہ چُپ ہونا یا رُک جانے کی کیا ضرورت تھی؟ اگر وہ پہلے سے چپکے چپکے ذکر کررہے تھے۔ نیز نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ذکر کئے جاؤ۔ تو معلوم ہوا کہ پہلے جہراً ذکر کرتے تھے اور نبی کریم ﷺ کو دیکھ کر چُپ ہوگئے اس لئے نبی کریم ﷺ نے سوال کیا انہوں نے جواب دیا پھر آپ ﷺ نے ذکر کو شروع کرنے کا حکم فرمایا۔

## اللہ تعالیٰ کے نزدیک ذکر کی مجلس والے عزت والے ہیں:

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا کہ اس مجمع (یعنی محشر میں اول تا آخر جتنے لوگ ہیں اس پورے مجمع) کو عنقریب معلوم ہوجائے گا کہ اہلِ کرم (یعنی عزت والے) لوگ کون ہیں؟ کسی نے نبی کریم ﷺ سے دریافت کیا کہ یارسول اللہ ﷺ اہل کرم کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ "**اھل مجالس الذکر**: ذکر کی مجلس والے۔ (احمد، ابویعلی وابن حبان، والبیہقی وغیرہم کذا فی الترغیب، جلد۲، ص۴۰۳)۔

## مجلس ذکر والوں کے گناہ معاف ہوتے ہیں اوران کی خطائیں نیکیوں سے بدل دی جاتی ہیں:

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

**مامن قوم اجتمعوا یذکرون اللّٰہ لایریدون بذالک الاوجھہٗ الا ناداھم منادٍ من السماء ان قوموا مغفوراً لکم قد بدّلت سیاٰتکم حسناتٍ**: جو بھی لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے اکھٹے ہوجائیں اوران کا مقصود صرف اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی ہو تو آسمان سے ایک آواز دینے والا (یعنی فرشتہ) ندا (یعنی آواز) دیتا ہے کہ تم لوگ بخش دیئے

گئے اورتمہاری خطائیں نیکیوں سے بدل دی گئیں (رواہ احمد وغیرہ دیکھئے ترغیب، جلد۲،ص ۴۰۳تا۴۰۴)۔

گناہوں کا نیکیوں سے بدل جانے میں چند اقوال ہیں۔

...... خطائیں معاف ہوجاتی ہیں اور نیکیاں باقی رہ جاتی ہیں۔

...... لوگوں کو برائیوں کی بجائے نیکیوں کی توفیق ہوجاتی ہے۔

...... ذکراللہ کی وجہ سے ان لوگوں کے جذبات بدل جاتے ہیں اور برائیوں کی بجائے اچھے کام کرنے کا جذبہ پیدا ہوجاتا ہے۔

...... ان کو نیکیوں کی توفیق مل جاتی ہے اور پرانے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔ نیز چونکہ توبہ بھی عبادت ہے اس لیے توبہ کی نیکی لکھی جاتی ہے۔

...... اللہ تعالیٰ مالک ہیں قدرت والے ہیں وہ جس سے راضی ہوجائیں اور جس کی ادا اس کو پسند آجائے تو وہ اس کے گناہ معاف کرکے اس کے بدلے نیکیاں لکھ دیں، تو اس کی عطا کو روکنے والا کون ہے، اللہ تعالیٰ ہماری خطاؤں کو معاف کردیں اور ہم سے راضی ہوکر ہماری برائیوں کو اچھائیوں میں بدل دیں۔ (آمین)

## مجلسِ ذکر والے قیامت کے دن موتیوں کے منبروں پر ہوں گے:

حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت ہے کہ؛

اللہ تعالیٰ قیامت کے دن بعض قوموں کا حشر اس طرح فرمائیں گے کہ ان کے چہروں میں نور چمکتا ہوگا وہ موتیوں کے منبروں پر ہوں گے لوگ ان پر رشک کرتے ہوں گے وہ نہ انبیاء ہوں گے اور نہ شہداء۔ کسی بدوی نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ان کا حال بیان کردیجئے کہ ہم ان کو پہچان لیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا؛ **هم المتحابّون فی الله من قبائل شتّٰی وبلادٍ شتّٰی یجتمعون علی ذکر الله یذکرونه**: یہ وہ لوگ ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کی محبت میں مختلف جگہوں سے مختلف خاندانوں سے آکر ایک جگہ جمع ہوگئے ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول ہوں (رواہ الطبرانی باسناد حسن کذا فی الترغیب، جلد۲، ص ۴۰۶)۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ اپنے رسالہ فضائل ذکر (جو فضائل اعمال یعنی تبلیغی نصاب میں داخل ہے) میں فرماتے ہیں؛

آج خانقاہوں کے بیٹھنے والوں پر ہرطرح الزام ہے ہرطرف سے فقرے کسے جاتے ہیں، آج انہیں جتنا دل چاہے برا بھلا کہہ لیں کل جب آنکھ کُھلے گی اس وقت حقیقت معلوم ہوگی کہ یہ بوریوں پر بیٹھنے والے کیا کچھ کما کرلے گئے جب وہ منبروں، بالا خانوں پر ہوں گے اور یہ ہنسنے والے اورگالیاں دینے والے کیا کما کرلے گئے۔ (فضائل ذکر، ص ۳۴)۔

## مجالسِ ذکرکی غنیمت اور بدلہ جنّت ہے:

فَسَوْفَ تَرىٰ اِذَا انْكَشَفَ الْغُبَارُ
اَفَرَسٌ تَحْتَ رِجْلِكَ ام حِمار [1]

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ؛

میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ذکر کی مجلسوں کا مال غنیمت (یعنی بدلہ اوراجر) کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا؛"غنيمة مجالس الذكر الجنة: مجالس ذکر کی غنیمت جنت ہے"۔ (رواہ احمد باسناد حسن کذافی الترغیب، جلد۲، ص ۴۰۵)۔

## مسجد میں مجلسِ ذکراور صبح کی نماز کے بعد اشراق تک ذکر کرنے والوں کی فضیلت:

حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک چھوٹی سی جماعت نجد کی طرف بھیجی اس جماعت نے بہت مال غنیمت جمع کیا اورجلد واپس آ گئی تو ایک شخص نے کہا جواس جماعت میں نہیں گیا تھا کہ میں کوئی لشکر اتنا جلد واپس آنے اور اتنا زیادہ مال غنیمت جمع کرنے والا اس لشکر کی بہ نسبت نہیں دیکھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

الا ادلّكم على قوم افضل غنيمة واسرع رجعة قوم شهدوا صلاة الصبح ثم جلسوا فى مجالسهم يذكرون الله حتى طلعت الشمس فاولئك اسرع

[1] عنقریب جب غبار ہٹ جائے گا تو معلوم ہوگا کہ گھوڑے پر سوار تھے یا گدھے پر۔

رجعة و افضل غنيمة، : کیا میں تمہیں ایسی قوم نہ بتاؤں جوغنیمت میں افضل اور بہت جلد لوٹنے والے ہیں؟ یہ وہ قوم ہے جو صبح کی نماز کو حاضر ہوئے پھر (جب صبح کی نماز پڑھی تو) اپنی جگہ بیٹھے رہے اور طلوع آفتاب تک اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہے یہ لوگ جلد واپس آنے والے اور زیادہ غنیمت جمع کرنے والے ہیں (ترمذی وغیرہ دیکھئے حیاۃ الصحابہؓ، جلد۳،ص ۲۸۰)۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ؛

" صبح سے طلوع شمس تک ذکراللہ کرنے والی جماعت کے ساتھ بیٹھوں یہ مجھے اولادِ اسماعیل علیہ السلام میں سے چار غلام آزاد کرنے سے زیادہ محبوب ہے اور عصر سے غروبِ شمس تک اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والوں کے ساتھ بیٹھوں یہ مجھے چار غلام آزاد کرنے سے زیادہ محبوب ہے" (مجمع الزوائد، جلد۱۰،ص ۱۰۵)۔

صبح اور عصر کی مجلسِ ذکر سے یہی تسبیح وتہلیل وتکبیر کی مجلس ذکر مراد ہے۔ چنانچہ ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

میں (صبح کی نماز کے بعد) اللہ تعالیٰ کے ذکر کیلئے بیٹھ جاؤں "واکبره، واحمده، و اسبحه، واهلله" یعنی اللہ اکبر کہوں، سبحان اللہ کہوں، اور الحمدللہ کہوں اور لا الہ الاّ اللہ کہوں۔ حتی کہ سورج نکل آئے یہ مجھے اس بات سے زیادہ محبوب ہے کہ میں دو غلام اولاد اسماعیل علیہ السلام سے آزاد کروں اور عصر کے بعد سورج غروب ہونے تک بیٹھوں یہ مجھے اس بات سے زیادہ محبوب ہے کہ چار غلام اولاد اسماعیل علیہ السلام سے آزاد کروں۔

اور ایک روایت میں ہے کہ صبح کی نماز کے بعد سے لیکر طلوع آفتاب تک تسبیح وتہلیل تحمید وتکبیر کہنے کے متعلق فرمایا کہ؛ یہ مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ اولاد اسماعیل علیہ السلام سے چار غلام آزاد کروں۔ (مجمع الزوائد، جلد۱۰، ص ۱۰۴ تا ۱۰۵)۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ؛

میں ایسی جماعت کے ساتھ بیٹھوں جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے فجر کے بعد سے سورج نکلنے تک تو یہ مجھے اس چیز سے زیادہ پسند ہے کہ جس پر سورج طلوع ہوتا ہے اس طرح ایسی جماعت کے ساتھ بیٹھ کر ذکر کروں جو عصر کے بعد سے سورج غروب ہونے تک ذکر کرتے ہیں یہ مجھے دنیا اور دنیا میں جو کچھ ہے اس سے زیادہ پسند ہے (بیہقی وغیرہ)۔

مذکورہ بالاان حدیثوں میں بھی غورفرمائیں: نبی کریم ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ میں تنہا فجر کے بعد سے سورج نکلنے تک ذکر کیلئے بیٹھوں بلکہ یوں فرمایا ہے کہ میں ایسی جماعت کے ساتھ بیٹھوں جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے فجر کے بعد سے سورج نکلنے تک۔ اس میں ذکر کی فضیلت کے ساتھ ساتھ جماعت کے ساتھ ذکر کی ترغیب بھی دی ہے اور مجلس ذکر کی فضیلت کو بھی بیان فرمایا گیا ہے۔

## مجالسِ ذکرکومضبوط پکڑو:

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ اپنے رسالہ فضائل ذکر میں لکھتے ہیں کہ؛ "ایک حدیث میں ہے کہ مجالس پر جوسکینہ (ایک خاص نعمت) نازل ہوتی ہے فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں رحمت الٰہی ان کو ڈھانک لیتی ہے اور اللہ جلّ جلالہ عرش پر ان کا ذکر فرماتے ہیں۔ ابورزینؓ ایک صحابی ہیں وہ کہتے ہیں حضو ﷺ نے فرمایا کہ؛

تجھے دین کی تقویّت کی چیز بتاؤں جس سے دونوں جہانوں کی بھلائی کو پہنچے وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والوں کی مجلسیں ہیں، ان کو مضبوط پکڑو اور جب تو تنہا ہوا کرے تو جتنی بھی قدرت ہو اللہ کا ذکر کرتا رہ"۔ (دیکھئے فضائل ذکر، ص۳۴)۔

## نبی کریم ﷺ کا صحابہ کرامؓ سے مل کر جہراً لااله الّا الله کا ذکر کرنا:

حضرت شداد بن اوسؓ فرماتے ہیں اور حضرت عبادہ بن صامتؓ اس واقعہ میں حاضر تھے وہ اس کی تصدیق کررہے تھے، فرماتے ہیں کہ؛

**كنا عند النّبى صلّى اللّٰه عليه وسلّم فقال هل فيكم غريب يعنى اهل الكتاب فقلنا لا، يارسول اللّٰه فأمر بغلق الباب وقال ارفعو ايديكم وقولو لااله الّا اللّٰه فرفعنا ايدينا ساعةً ثم وضع رسول اللّٰه صلّى اللّٰه عليه وسلّم ثم قال الحمد للّٰه اللّٰهمّ انک بعثتنى بهذهٖ الكلمة وأمرتنى بها ووعدتنى عليها الجنة وانک لاتخلف الميعاد ثم قال ابشرو ا قال اللّٰه عزوجل قد غفرلكم:** ہم لوگ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم میں کوئی اجنبی یعنی (غیر مسلم) اہل کتاب (یہود ونصاری) ہے؟ ہم نے عرض کیا نہیں تو آپ ﷺ نے دروازہ بند کرنے کا حکم فرمایا؛ اور فرمایا؛ کہ ہاتھ اٹھاؤ اور کہو لا الہ الاّ اللہ چنانچہ ہم نے اپنے ہاتھ تھوڑی دیر اٹھائے رکھے (اور کلمہ طیبہ پڑھتے رہے) پھر آپ ﷺ

نے اپنا ہاتھ نیچے کیا، پھر فرمایا کہ؛ الحمدللہ؛ اے میرے اللہ تو نے مجھے یہ کلمہ دیکر بھیجا ہے اور اس کلمہ ( کی تبلیغ اور اس کے ورد کرنے ) کا حکم دیا ہے اور اس کلمہ پر جنت کا وعدہ کیا ہے اور تو وعدہ خلافی نہیں کرتا اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا کہ خوش ہو جاؤ اللہ تعالیٰ نے بے شک تم لوگوں کی مغفرت کردی (رواہ احمد باسناد حسن والطبرانی وغیرھما کذافی الترغیب وقال الهیشمی رواه احمد فیه شداد بن داود وقد وثقه غیر واحد وفیه ضعف وبقیة رجاله ثقات قلت رواه الحاکم فی المستدرک وقال الذهبی راشد ضعفه الدارقطنی وغیره و ثقه رحیم، انظر الی حیاه الصحابه،الجز الثالث، ص ۲۵۳، وبلوغ الامانی الجزء الثالث عشر، ص ۲۱۳ – ۲۱۴، و فضائل الذکر،ص ۷۳).

اس حدیث کے فائدے میں شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ فرماتے ہیں "اس حدیث سے علماء نے مشائخ کا اپنے مریدین کی جماعت کو تلقین کرنے پر استدلال کیا ہے، چنانچہ جامع الاصول میں لکھا ہے۔ حضور ﷺ کا صحابہؓ کو جماعۃً اور منفرداً ذکر کی تلقین کرنا ثابت ہے جماعت کو تلقین کرنے میں اس حدیث کو پیش کیا ہے اس صورت میں کواڑوں کا بند کرنا مستفیدین کی توجہ تام کرنے کی غرض سے ہوا اور اسی وجہ سے اجنبی کو دریافت فرمایا کہ غیر کا مجمع میں ہونا حضور ﷺ پر تشتّت کا سبب اگرچہ نہ ہو لیکن مستفیدین کے تشتّت[1] کا احتمال تو تھا ہی (فضائل ذکر،ص ۷۳)۔

اس حدیث کے تحت علامہ احمد الرحمٰن البنّاءؒ فرماتے ہیں کہ؛

وفیه دلالة علی استحباب رفع الید عند قول لااله الّا اللّٰه وجواز قولها جماعة والظاهر ان هذا اصل اجتماع الناس علی الذکر بقول لااله الّا اللّٰه، واللّٰه اعلم: اور اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے کہ لا الہ الاّ اللہ کہنے کے ساتھ ہاتھ اٹھانا مستحب ہے۔ نیز اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ اس کلمہ کو اجتماعی طور پر پڑھنا جائز ہے اور ظاہر ہے کہ لوگوں کا اجتماعی طور پر لا الہ الاّ اللہ پڑھنے کیلئے یہ حدیث اصل ہے (بلوغ الامانی،جلد۳،ص۲۱۳ تا ۲۱۴)۔

---

[1] تشتّت کے معنی ہیں انتشار وافتراق یعنی توجہ کا دوسری طرف لگ جانا۔

## مجالس ذکرمیں ایمان ترقی کرتا ہے:

مجالسِ ذکر یادالٰہی اورایمان میں ترقی کا ذریعہ ہیں چنانچہ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ؛"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ؛

اپنے ایمان کوتازہ کرو،صحابہ کرامؓ نے عرض کیایارسول اللہﷺ ہم کس طرح ایمان کو نیا(اور تازہ) کریں۔آپ ﷺ نے فرمایالا الہ الاّ اللہ کثرت سے کہا کرو(**اخرج احمد والطبرانی قال الهيثمی رجال احمد ثقات وقال المنذری فی الترغيب اسناد احمد حسن كذافی حياة الصحابهؓ، جلد۳، ص ۱۴** )۔ حضرت ابوالدرداءؓفرماتے ہیں کہ جب میرے ساتھ حضرت عبداللہ بن رواحہ ملتے تو فرماتے اے عویمرتھوڑی دیر بیٹھو کہ ہم ذکر کریں، چنانچہ ہم بیٹھ جاتے اور ذکر کرتے اس کے بعد حضرت عبداللہ بن رواحہ فرماتے کہ یہ ایمانی مجلس ہے۔

اسی طرح کی روایت حضرت انس بن مالکؓ سے بھی منقول ہےاور جب نبی کریم ﷺ کو یہ معلوم ہوا کہ عبداللہ بن رواحہ لوگوں کوایمان کی تازگی اور مجلس ذکر کی ترغیب دیتے ہیں،تو آپ ﷺ نے فرمایا؛

اللہ تعالیٰ ابن رواحہ پر رحم کرے بیشک وہ ایسی مجالس کومحبوب رکھتا ہے جن پر ملائکہ بھی فخر کرتے ہیں (اخرج احمد باسناد حسن كذافی الترغيب، جلد۳، ص۶۳، حياة الصحابہؓ،جلد۳ ،ص۱۳)۔

حضرت ابوذرؓ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروقؓ اپنے ساتھیوں میں کسی ایک یا دوکا ہاتھ پکڑتے اورفرماتے ہمارے ساتھ تیار ہوجاؤ تا کہ ہم ایمان میں زیادتی کریں، چنانچہ وہ اللہ تعالیٰ عزوجل کا ذکرکرتے (**اخرج ابن ابی شيبه واللالكائی فی السنة كذافی الكنز** ،جلد۱،ص۲۰۷،حياة الصحابہؓ،جلد۳،ص۱۴)۔حضرت اسود بن ہلالؓ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت معاذؓ کے ساتھ چلے جارہے تھے کہ انہوں نے ہم سے فرمایا کہ ہمارے ساتھ بیٹھوتا کہ ہم ایک گھڑی ایمان کوتازہ کریں (اخرج ابونعيم فی الحليه ،جلد۱،ص۲۳۵، حياة الصحابہؓ،جلد۳،ص۱۴)۔

## نبی کریم ﷺ اورصحابہ کرامؓ کامل کر جہراً سبحان اللہ، سبحان اللہ اور اللہ اکبر پڑھنا:

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ؛

ہم سعد بن معاذؓ کی وفات پر (نماز جنازہ کیلئے) رسول اللہ ﷺ کے ساتھ گئے پس جب آپ ﷺ نے ان کی نماز جنازہ پڑھی اوران کو قبر میں رکھدیا گیااوران کی قبر برابر کردی گئی تو رسول اللہ ﷺ نے تسبیح یعنی (سبحان اللہ) پڑھی (آپ ﷺ کو دیکھ کر) ہم بھی دیر تک تسبیح کرتے رہے، پھرآپ ﷺ نے تکبیر کہی تو ہم نے بھی ان کے ساتھ تکبیر پڑھی۔آپ ﷺ سے پوچھا گیا کہ یارسول اللہ ﷺ آپ نے تسبیح اور تکبیر کیوں پڑھی، آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے اس نیک بندے پر قبر تنگ ہوگئی تھی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے (تسبیح وتکبیر کی وجہ سے) تنگی کی اس کیفیت کو دور فرما کر کشادگی پیدا فرمادی۔(رواہ احمد دیکھئے مشکوٰۃ باب اثبات عذابِ قبر)۔

حضرت مولانا منظور نعمانیؒ اس حدیث کی تشریح میں لکھتے ہیں کہ یہ سعد بن انصاریؓ رسول اللہ ﷺ کے مشہور صحابیؓ اور ممتاز صحابہ کرامؓ میں سے تھے غزوہ بدر کی شرکت کی فضیلت اور سعادت بھی انھیں حاصل تھی۔۵ھ میں ان کا وصال ہوااورایک دوسری حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے ان کے بارے میں فرمایا کہ ستّر ہزار فرشتوں نے ان کے جنازہ میں شرکت کی اور آسمان کے دروازے ان کیلئے کھولے گئے۔باوجوداس کے قبر کی تنگی سے ان کو بھی واسطہ پڑا (اگرچہ فوراًوہ اٹھالی گئی)۔اس میں ہم جیسوں کیلئے بڑاانتباہ اورسبق ہے۔ **اَللّٰھُمَّ اِرْحَمْنَا اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا** (معارف الحدیث، جلد۱، ص۲۰۰)۔

# ذکر کے حلقے جنت کے باغ ہیں:

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

**اذا مررتم بریاض الجنة فارتعوا قالوا وماریاض الجنة قال حلق الذکر**: جب تم جنت کے باغوں میں سے گذرو تو خوب چرو (یعنی خوب پھل اورمیوے کھاؤ) صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ جنت کے باغ کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ذکر کے حلقے"۔(ترمذی دیکھئے مشکوٰۃ باب ذکراللہ عزوجل وتقرّب الی اللہ)۔

# مساجد میں ذکر کی مجالس اوران میں چرنے اورلگ جانیکی ترغیب اور

## ان میں چرنا کیا ہے؟ وہ تہلیل وتسبیح وغیرہ ہیں:

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا؛

**اذامررتم برياض الجنة فارتعوا، قيل يا رسول الله وما رياض الجنة ؟ قال المساجد قيل ومالرتع يا رسول الله، قال سبحان الله والحمد لله ولااله الّا الله والله اكبر** :جب تم جنت کے باغوں کے پاس سے گذروتو خوب چرو(یعنی خوب پھل کھاؤ) کسی نے دریافت کیا، یارسول اللہ ﷺ جنت کے باغ کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا مسجدیں (پھر) کسی نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ان میں چرنا (اور پھل اور میوے کھانے کا مطلب) کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے جواب میں فرمایا؛ **سبحان الله والحمد لله ولااله الّا الله والله اكبر** (ترمذی دیکھئے مشکوٰۃ باب المساجد)۔

## حضرت عمرؓ کی جہری اوراجتماعی دعا:

مولیٰ ابوسعیدؓ کا بیان ہے کہ حضرت عمرؓ عشاء کے بعد مسجد کا چکرلگاتے اوراس میں نفل پڑھنے والوں کے سوااورلوگوں کونکال دیتے تھے۔ چنانچہ ایک دن حضرت عمرؓ کا گذرایک ایسی جماعت پر ہوا جن میں حضرت ابی بن کعبؓ بھی تھے۔ حضرت عمرؓ نے ان سے پوچھا تم لوگ کون ہو، حضرت اُبیؓ نے کہا اے امیرالمؤمنین آپ کے گھرانے کے کچھ لوگ ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا نماز پڑھنے کے بعد کیوں مسجد میں ٹھہر گئے ہو، توابی بن کعبؓ نے عرض کیا"**جلسنا نذكر الله**: ہم بیٹھے ہیں اللہ تعالیٰ کا ذکرکررہے ہیں" توحضرت عمرؓ بھی ان کے ساتھ بیٹھ گئے پھران میں سے جوان کے پاس زیادہ قریب بیٹھا تھا ان سے فرمایا دعا شروع کروتواس نے دعا کی پھرایک ایک آدمی کو لیتے وہ سب دعا کیا کرتے تھے، حتی کہ نوبت مجھ تک پہنچ گئی (یعنی راوی مولیٰ ابوسعیدؓ کا نمبرآ گیا) وہ کہتے ہیں اورمیں ان کے پہلو میں تھا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ شروع کروتو میں رُک گیا۔ اورخوف کی وجہ سے مجھ پر کپکپاہٹ طاری ہوئی اوراس کوحضرت عمرؓ نے بھی محسوس کیا اورفرمایا کہ (تھوڑا سا کہدو) اگرچہ اتنا ہی کہہ دو کہ **اللهم اغفرلنا، اللهم ارحمنا** :اے اللہ ہمیں بخش دے، اے اللہ ہم پررحم فرما۔ اس کے بعد حضرت عمرؓ نے دعا مانگنی شروع کی۔ روای کہتے ہیں؛**ما كان فى القوم اكثر دمعة ولا اشد بكاء منه**؛ قوم میں سے کوئی بھی ان سے زیادہ آنسو بہانے والا اوران سے زیادہ سخت رونے والا آدمی نہ تھا" اس کے بعد فرمایا اب چلے جاؤ (حیاۃ الصحابہؓ، جلد۳، ص۱۳۳۱)۔ اس روایت میں اجتماعی ذکر بھی ہے اوراجتماعی دعا بھی ہے بلکہ حضرت عمرؓ کا سخت رونا اور

سخت رونے کی حالت میں دعا کے جو جملے نکلے ہیں وہ شدید جہر کے ساتھ ہوتے ہیں۔

## صحابہ کرامؓ کی جہری اوراجتماعی دعائیں اوراذکار:

ابوہبیرہؓ سے روایت ہے کہ؛

حبیب بن مسلمہ بن فہریؓ مستجاب الدعوات تھے ایک دفعہ یہ ایک لشکر کے امیر مقرر ہوئے اور سرحد پار کر چکنے کے بعد جب دشمنوں سے ملے تو لوگوں سے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے وہ فرماتے تھے کہ؛ **لایجتمع ملاء فیدعو بعضهم ویؤمّن سائرهم الاّ اجابهم اللّٰه**: جب کوئی جماعت جمع ہوتی ہے اوران میں سے بعض دعا کریں اور باقی لوگ آمین کہیں تو اللہ تعالیٰ ان کی دعا کو ضرور قبول فرماتا ہے اس کے بعد اس نے (یعنی حبیب بن مسلمہ بن فہریؓ) نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی اور کہا؛ **اللّٰهُمَّ احفظ دمائنا واجعل اجورنا اجور الشهداء**: اے اللہ ہمارے خون کی حفاظت فرما اور ہمیں شہداء جیسے اجر دے، راوی کہتا ہے کہ ہم لوگ ابھی اسی حال میں تھے کہ اچانک دشمنوں کا امیر آیا اور حضرت حبیب بن مسلمہؓ کے خیمے میں داخل ہوگیا۔ (رواہ الطبرانی ورجالہ رجال الصحیح غیر ابن لہیئۃ وھوحسن حدیث کذافی مجمع الزوائد، جلد۱۰،ص۱۷۰)۔ اس روایت سے اجتماعی دعا جہری دعا جس پر آمین کہی جائے اس کی ترغیب موجود ہے۔

حضرت قتادہؓ سے روایت ہے کہ؛

**کان انس بن مالکؓ اذا ختم القرآن جمع اهله ودعا**: حضرت انس بن مالکؓ جب قرآن مجید کو ختم کرتے تو اپنے اہل وعیال کو جمع کرتے اور دعا کرتے (المنتقی المختار، ص۹۳ بحوالہ ابوداؤد) نیز حضرت ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالکؓ جب قرآن مجید ختم کرتے تو اپنے اہل اور اولاد کو جمع کرتے اوران کیلئے دعا کرتے (**رواہ الطبرانی رجاله ثقات مجمع الزوائد، جلد۳، ص ۱۷۲**).

مجاہدؒ سے روایت ہے کہ؛

**کانوایجتمعون عند ختم القرآن یقولون تنزل الرحمة**: وہ (یعنی صحابہ کرامؓ وغیرہ) قرآن مجید کے ختم کے وقت جمع ہوجاتے تھے اور کہا کرتے تھے، اللہ تعالیٰ کی رحمت

www.noorehidayat.org

نازل ہوتی ہے (المنتقی المختار، ص ۹۴)۔

یہ چند احادیث اور روایات مجالسِ ذکر کے متعلق ذکر کی گئیں جن سے یہ معلوم ہوا کہ مجالسِ ذکر سے حقیقۃً اور اصل مراد یہی تسبیح وتہلیل وغیرہ کی مجالس ہیں جیسا کہ احادیث میں جگہ جگہ کہا گیا اور مجازاً اس میں وہ تمام مجالس شامل ہیں جن میں اللہ کو کسی نہ کسی طرح یاد کیا جاتا ہے، خواہ تعلیم وتدریس ہو، حلال وحرام بیان کرنے کی مجلس ہو لیکن کس قدر ظلم اور زیادتی ہے کہ مجلسِ ذکر کی فضیلت سے ذکر اللہ تہلیل اور تسبیح کی مجلس تو نکال دی جائے جس کے متعلق یہ ساری فضیلتیں آئی ہیں اور یہ کہا جائے کہ بس ان مجالس سے مراد صرف تعلیم وتدریس کی مجالس ہیں۔ ایسا رویّہ رکھنے والوں سے درخواست یہ ہے کہ وہ مجالسِ ذکر کی اہمیت کو نہ گھٹائیں اور اپنی آخرت کو برباد نہ کریں اگر انہی فضیلتوں کو دوسرے تعلیمی مجالس کے حق میں بیان کریں تو پھر عوام کو یہ بھی سمجھائیں کہ یہ فضیلتیں اگرچہ مجالسِ ذکر کیلئے ہیں لیکن ان میں تعلیمی مجالس بھی داخل ہیں۔

## جن مجالس میں اللہ تعالیٰ کے ذکر کی توہین ہوتی ہے یا کسی کی غیبت یا جھوٹ بولا جاتا ہے یا غلط حدیث بیان کی جاتی ہے وہ مجالس ذکر میں داخل نہیں:

یہاں ایک بات کی نشان دہی ضروری سمجھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر مبارک یا رسول اللہ ﷺ پر ایسے انداز میں درود شریف پڑھنا جس سے واضح طور پر یہ معلوم ہوتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی توہین ہو رہی ہے یا سونے والوں کی نیند کو خراب کیا جاتا ہو، جیسا کہ بعض مساجد میں لاؤڈ اسپیکر پر ساری ساری رات تلاوت ہوتی رہتی ہے اور ذکر تہلیل وتسبیح کی جاتی ہے جیسا کہ انشاء اللہ اس کا بیان آجائے گا تو ایسی صورت میں یہ مجالس، مجالسِ ذکر میں شامل نہیں بلکہ وہ تو دوسروں کی ایذاء پہنچانے اور حدود شرعی سے تجاوز کی وجہ سے ناجائز اور کارِ گناہ بن جائے گی۔ اسی طرح آج جو بعض لوگ تقریریں کرتے ہیں اور تعلیم اور قرآن مجید کے ترجموں وغیرہ میں یا تو جھوٹ بولتے ہیں یا اپنے مخالفوں پر بہتان باندھتے ہیں یا اسلاف کی توہین اور تحقیر کرتے ہیں یا بادشاہوں اور اپنے اپنے قائدین کی تعریف میں مسجدوں میں نعرے لگاتے ہیں اور ان کی بے جا تعریفیں کرتے ہیں۔ یہ ساری وہ باتیں ہیں جو ان مجالس میں نجاست ڈال کر ان مجالس کو پلید اور گندہ کر دیتی ہیں۔ جس کی وجہ سے یہ مجالسِ ذکر سے خارج ہو جاتی ہیں اور ایسی غلطی کرنے والے اپنی آخرت کو برباد کر رہے ہیں بلکہ علماء تو جمعہ اور عید کے خطبہ کے متعلق بھی یہ

فرماتے ہیں کہ اس میں نامناسب باتیں ہوجائیں تو وہ ذکر میں شامل نہیں ہوسکتیں، جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہےاور جونماز جمعہ کیلئے شرط ہےاور جس کے بغیر نمازِ جمعہ بھی صحیح نہیں۔ چنانچہ علامہ زمخشریؒ اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں؛

**ماكان من ذكر رسول الله صلّى الله عليه وسلّم والثناء عليه وعلى خلفائه الراشدين واتقياء المؤمنين الموعظة والتذكير فهو فى حكم ذكر الله فاما ماعدا ذالک من ذكر الظلمة وألقابهم والثناء عليهم والدعاء لهم وهم احقّاء بعكس ذالک فمن الشيطان وهو من ذكر الله على مراحل......الخ :**

رسول اللہ ﷺ کا جوذکراس پرثناءاوراس کی تعریف اورآپ ﷺ کے خلفاء، خلفائے راشدین پراور پرہیزگار مؤمنوں پرثناءاوران کی مدح، تعریف کرنااوروعظ، نصیحت (یہ سب کچھ) اللہ تعالیٰ کے ذکر کے حکم میں ہیں[1] اوراس کے علاوہ ظالم حکمرانوں کی مدح وثناءیاانکو (بے جابڑے بڑے القاب دے دینااوران کیلئے دعا کرنا حالانکہ وہ اس کے برعکس معاملہ کے لائق ہوں) تو ایسا خطبہ ذکراللہ کے بجائے ذکرِ شیطان ہےاور (ایسے خطبہ کا) ذکراللہ سے کوئی دورکا واسطہ بھی نہیں (تفسیر کشاف، جلد۴، ص۹۸ تا۹۹، تفسیر کبیر، جلد۳، ص)۔

## ذکرجہری اورمجالس ذکرقرآن مجید کی بہت سی آیتوں اورسینکڑوں احادیث سے ثابت ہیں:

گزشتہ صفحات میں جہری ذکراورمجالسِ ذکر کے متعلق قرآن مجید کی جودس سے زائد آیتیں پیش کی گئیں اورسینکڑوں روایتوں اورحدیثوں میں سے جوساٹھ سے زائد حدیثیں پیش کی گئیں اوراس کے متعلق علمائے کرام کے حوالے دیکھے گئے ہیں یہ سب کچھ بطورنمونہ ہیں ورنہ اگرقرآن مجید کے متعلق آیتوں کوجمع کیا جائے اور ان تمام احادیث اورآثارکوجمع کیا جائے جس سے جہرصراحتہً یاالتزاماًیاضمناًواشارةً ثابت ہےتو صرف ان آیتوں اورحدیثوں سے بھی ایک ضخیم کتاب بن جائیگی۔

## لمحۂ فکریہ:

آخرآپ خودغورکریں اورمسلمانوں کے مختلف مکاتبِ فکرکودیکھیں کیاانہوں نے کبھی جہراً دعائیں نہیں

---

[1] یہاں یہ نہیں فرمایا کہ یہ سب حقیقتاً ذکرہیں بلکہ یوں فرمایا کہ "فی حکم ذکراللہ" ذکرالٰہی کے حکم میں ہیں۔

مانگیں؟ کیا انہوں نے کبھی جھراً تلاوت وذکرنہیں کیا؟ مکہ مکرّمہ جائیں وہاں طواف کے دوران دیکھیں مسجد ہے بلکہ تمام مساجد سے افضل مسجد ہے اس میں ذکر کی گونج ہے۔اور یہ گونج دن رات ہوتی رہتی ہے۔ملتزم پر دیکھیں لوگ گڑگڑاتے ہیں مطاف اور صفا مروہ میں دیکھیں اور یہ سلسلہ اب سے نہیں شروع ہوا بلکہ عہد مبارکہ سے چلا آرہا ہے لیکن جہر کے ساتھ ہمارے بعض دانشوروں نے جو معاملہ کیا اور اس کو شجرہ ممنوعہ قرار دے دیا کہ مسلمانوں کے دل سے شوق ذکر نکل گیا اور عیدالاضحیٰ میں نمازعید کو جاتے وقت لوگ گونگے بہروں کی طرح جاتے ہیں اور مکہ مکرمہ کے پہاڑوں میں تلبیہ کی چیخ وپکار میں بھی وہ زور نہ رہا۔

البتہ انسانوں کے نام بلند کرنے اور اپنی جماعتوں کے نام بلند کرنے میں ایسا زور لگایا جارہا ہے گویا یہی اصل دین ہے۔مسجدوں میں زندہ باد اور مردہ باد کے نعرے لگائے جاتے ہیں وہ بھی جھرِ معتدل کے ساتھ نہیں بلکہ جھرِ مفرط اور اس سے بڑھ کر جھرِ موذی ہوتا ہے آوازوں سے گلے بیٹھ جاتے ہیں اور لاؤڈ سپیکروں پر نعرے بلند ہوتے ہیں جن کی وجہ سے کان بند ہوجاتے ہیں۔لوگوں کی نیندیں حرام ہوجاتی ہیں۔افضل الذکر **لاالــہ الاّ الــلہ** کے بجائے خرافات اور بکواسی تقریریں جاہلوں کے بیانات جو کہ حدِّ حرام تک پہنچ گئی ہیں ان کو افضل الذکر قرار دیا جاتا ہے،اور اس کے برعکس اللہ تعالیٰ کا نام لینے والوں پر فقرے کسے جاتے ہیں۔جس سے نقصان یہ ہوا کہ مجالسِ ذکر اور مجالس تہلیل وتسبیح کا فقدان ہو رہا ہے اور اس فقدان سے انفرادی طور پر بھی تسبیح وتہلیل اور ذکر وتلاوت میں بھی کمی آنی شروع ہوگئی ہے کیونکہ عوام کو یہ باور کرایا گیا کہ بس بولو، بیان کرو، پڑھو، پڑھاؤ۔یہی اصل ذکر ہے تو اس کی وجہ سے ذکراللہ جو اللہ تعالیٰ کے متعلق اس کے ساتھ سچی محبت کا ذریعہ ہے اس کے راستے مسدود ہونے لگے،گھر میں بچے،مدارس میں طالب علم،عوام،خواص کے عمل کو دیکھ کر عمل سیکھتے ہیں پہلے پہل مدارس میں مسلمانوں کے گھروں کے چھوٹے بچوں اور عوام کی زبانیں ذکر سے تر رہتی تھیں کردار کے بلند تھے اور جب سے بیانات کا یہ نرالا ذکر شروع ہوا ہے خواص کے بجائے عوام بھی ماہرین بیانات،اور اعمال کے کورے بن گئے۔جس کی وجہ سے لوگ عمل کے بجائے باتوں کے سیلاب میں بہہ گئے،جس کی وجہ سے مسلمانوں کا اللہ تعالیٰ سے وہ تعلق نہ رہا جو ہونا چاہیئے اور جب اللہ تعالیٰ سے کٹ گئے اور دنیا اور نفس پرستی میں مشغول ہوگئے تو مسلمانوں کا شیرازہ بکھر گیا۔کیونکہ وہ تار ہی ٹوٹ گیا جس کی وجہ سے مسلمان جڑے ہوئے تھے وہ دھاگہ اللہ تعالیٰ سے محبّت اور اس کی تعلیمات اور دستورِ زندگی سے محبّت ہے۔اللہ تعالیٰ کرے کہ پھر مسلمانوں کی آبادیوں میں ذکرالٰہی،تلاوت،تسبیح وتہلیل کی فضا قائم ہوجائے اور دل اللہ تعالیٰ سے مضبوط جڑ جائیں اور پوری تعلیماتِ الٰہی کو اپنے اوپر اور تمام انسانوں پر نافذ کرنے کی کوشش میں لگ جائیں اور اللہ تعالیٰ کی بندگی کو اپنا کر دنیا و آخرت کی کامیابیوں کو حاصل

کریں (آمین)۔

## ذکر وتلاوت سے کسی دوسرے ذاکر، نمازی، قاری یا کسی دوسرے مسلمان کو اذیت وتکلیف نہیں پہنچانی چاہیئے:

جہری ذکر وتلاوت سے شیطان، منافق اور کافر پریشان تو ہو ہی جاتا ہے جب کسی کافر یا منافق سے یہ اندیشہ نہ ہو کہ وہ دین کا مذاق اڑائے گا یا کوئی اذیت پہنچائے گا پھر تو جہر کو نہیں چھوڑنا چاہیئے۔ البتہ اگر مذکورہ بالا خطرہ ہو پھر "وَلَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَاتُخَافِتْ" اور "...... وَالْاٰصَالِ وَلَاتَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ" کی آیتوں کی روشنی میں وقت کے تقاضے کے مطابق ذکر وتلاوت میں مشغول رہو، البتہ اگر کسی مسلمان کو آپ کے ذکر سے تکلیف ہو مثلاً وہ نماز پڑھ رہا ہے اور آپ کی تلاوت سے اس کی تلاوت میں خلل پڑتا ہے یا وہ بھی جہراً تلاوت کرتا ہے اور آپ بھی نوافل میں مشغول ہیں لیکن اگر آپ اس سے زیادہ جہر کرتے ہیں تو اس کی تلاوت میں گڑ بڑ ہو جاتی ہے یا کوئی سو رہا ہے یا کوئی قرات کر رہا ہے اور لوگ سن رہے ہیں تو ذکر جہر سے اس کی قرات میں خلل آجاتا ہے تو ایسی صورت میں چونکہ مسلمان کو ایذاء وتکلیف پہنچتی ہے اس لئے شریعت مطہّرہ کا حکم یہی ہے کہ کسی کو بلاوجہ تکلیف نہ پہنچائے تو ایسی صورتوں میں جہر کے بجائے آہستہ آواز کے ساتھ ذکر کرنا چاہیے یا ایسے جہر سے ذکر کرنا چاہیے کہ دوسرے کو تکلیف نہ پہنچ جائے۔ چنانچہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں معتکف تھے تو آپ ﷺ نے سنا کہ صحابہ کرام جہر (یعنی بلند آواز سے) قرات وتلاوت کرتے ہیں تو آپ ﷺ نے (اپنے خلوت خانے کے) پردے کو ہٹایا اور فرمایا؛

> **الا کلکم مناج ربه فلا یوذینّ بعضکم بعضًا ولا یرفع بعضکم علی بعض فی القرآۃ اوفی الصلاۃ** :خبردار تم میں سے ہر ایک اپنے پروردگار کے ساتھ مناجات (اور سرگوشی) کرنے میں مشغول ہے لہذا ایک دوسرے کو ایذاء وتکلیف نہ پہنچاؤ اور قرات میں یا (آپ ﷺ نے یوں فرمایا) نماز میں ایک دوسرے پر آواز بلند نہ کیا کرو (ابوداوٗد، کتاب الصلوٰۃ، جلد ۱، ص ۱۸۸)۔

اس حدیث سے بعض لوگوں نے یہ سمجھا ہے کہ جہری ذکر ممنوع ہے۔ "حاشا وکلّا" حدیث کے الفاظ کو دیکھ لیجئے وہ یہی بتا رہے ہیں کہ تلاوت وذکر جہراً اور بلند آواز کے ساتھ جائز ہے، البتہ ایک دوسرے کی مناجات اور سرگوشی میں خلل ڈال کر ایک دوسرے کو تکلیف نہ پہنچاؤ۔ کیونکہ آپ ﷺ خود بھی معتکف تھے اور آپ ﷺ کے

ساتھ صحابہ کرامؓ بھی اعتکاف کیلئے بیٹھے تھے، تو رات کے وقت یا کسی وقت وہ مسجد میں تلاوت کرتے تھے اور یہ تو معلوم ہے کہ عہد مبارک میں چھپا ہوا قرآن مجید تو تھا نہیں بلکہ اکثر یہ ہوتا تھا کہ نماز کے بغیر بھی بن دیکھے یاد سے قرآن کی تلاوت کی جاتی۔ ایسی صورت میں ایک دوسرے پر آواز اٹھانے کی وجہ سے نماز میں بھی خلل آجاتا ہے اور دوسرے قرأت وتلاوت میں بھی۔ اس لئے نبی کریم ﷺ نے جہاں یہ فرمایا کہ دوسرے پر آواز بلند نہ کیا کرو یعنی اگر آواز سے بھی پڑھو تو ایسے انداز میں نہ ہو کہ دوسروں کو تکلیف پہنچے۔ آپ ﷺ نے اپنے اس حکم کی علّت اور وجہ خود متعیّن فرمائی۔ وہ یہ کہ اپنے جہری ذکر وتلاوت کی وجہ سے دوسرے ذاکر، نمازی، قاری کو تکلیف نہ پہنچاؤ۔ بندہ کے خیال میں حدیث کے الفاظ اتنے صاف ہیں کہ ان کو دیکھ کر ایک ادنیٰ عقل والا اور عام شخص بھی اس کا مطلب یہ نہیں لے گا کہ بلند آواز سے تلاوت وذکر جائز نہیں، بلکہ اس کے برعکس یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ اگر کسی کو تکلیف نہ ہو تو رفع الصوت یعنی بلند آواز کے ساتھ بھی ذکر وتلاوت جائز ہے۔

## مذکورہ بالا بحث کا خلاصہ اور احکام الذکر والدعاء:

...... مقصود یادالٰہی ہے اور انسان کے سارے اعمال کی جان وروح یہی یادالٰہی ہے۔

...... خفیہ، سرّ اور جہر، یہ اس یاد کی صورتیں اور شکلیں ہیں۔

...... جس موقع پر شریعت مطہّرہ نے جہر کی تعلیم دی ہے، مثلاً تکبیراتِ تشریق، تلبیہ یا امام کیلئے صبح، مغرب اور عشاء کی نمازوں میں جہری تلاوت تو ایسی صورتوں میں جہر واجب یا مسنون ہوتا ہے اس کا خلاف صحیح اور درست نہیں اور جہاں شریعت مطہّرہ نے سرّ یعنی خفیہ ذکر کی تعلیم دی ہے مثلاً ظہر اور عصر کی نمازوں میں چپکے چپکے تلاوت کی جاتی ہے یا رکوع میں "**سبحان ربّی العظیم**" اس طرح جواذ کار نماز میں خفیہ اور چپکے چپکے پڑھے جاتے ہیں ان کا چپکے چپکے پڑھنا واجب یا مسنون ہے ایسے موقع پر سرّ کے بجائے جہر کو اختیار کرنا بھی درست نہیں۔

...... جہاں شریعت مطہّرہ نے نہ چپکے چپکے ذکر کا حکم کیا ہے اور نہ جہر کرنے کا۔ وہاں دونوں صورتیں خواہ سرّ ہو یا جہر ہو خواہ انفرادی ہو یا اجتماعی قرآن مجید اور سنت رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرامؓ سے بلا کسی نکیر کے ثابت ہیں اور ایسی صورت میں جہرِ معتدل کے جواز پر بھی سب کا اجماع اور اتفاق ہے۔ اور جہرِ معتدل کو بلاوجہ بدعت یا ناجائز کہنا ضلالت اور

www.noorehidayat.org

گمراہی ہے۔ اور ایسا شخص حلال وحرام اور بدعت وغیرہ احکامات کا اختیار اپنے ہاتھ میں لے لینے کا مجرم اور شرک فی الاطاعت کے جرم میں مبتلا ہے۔

...... دُعا کا ادب یہ ہے کہ اس میں آواز زیادہ اونچی نہ کی جائے البتہ اگر مجمع میں دعا کرنی ہے تو مجمع کے مطابق آواز نکالنے میں کوئی حرج نہیں۔ اسی طرح اگر اکیلے میں دعا ہو تو خفیہ یا قدرِ جہر سے گڑگڑا کر شروع کی تھی بآلاخر گریہ وزاری کی شدت سے آواز زیادہ اونچی ہوگئی تو بھی اس میں کوئی مضائقہ نہیں، البتہ قصداً ایسا کرنا آداب دعا کے خلاف ہے اسی طرح تلاوت اور ذکر اگر جہراً کرنا ہو تو اس میں بھی اعتدال ہونا چاہیئے۔ البتہ اگر دین کے اظہار کیلئے ہو یا دشمن کو مرغوب کرنے کیلئے ہو یا اپنے وساوس اور خطرات کو دفع کرنا مقصود ہو یا قاری لوگوں کو قرآن مجید سنا رہا ہو یا کوئی ذکر کی تعلیم دے رہا ہو کہ فلاں فلاں دعا ایسی فلاں فلاں وقت یہ کلمات پڑھا کریں تو اس میں اگر آواز زیادہ اونچی ہوگئی تو یہ بھی جائز ہے۔

...... بلاضرورت بلند آواز یعنی چلاّنے اور پکارنے کی آواز جیسا کہ اذان یا تلبیہ میں پوری قوت سے آواز بلند کی جاتی ہے اسی طرح بلند آواز کے ساتھ ذکر وتلاوت اگر بلاضرورت اور بلا کسی مصلحت کے ہو۔ ذکر جہر کی اسی صورت میں علماء کا اختلاف ہے بعض علماء اس کو بھی جائز قرار دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ جہاں تک ذکر کی آواز جائیگی وہاں تک کے ہر خشک وتر چیز قیامت میں اس کیلئے گواہ بنے گی اور اس کے عمل کی گواہی دے گی۔ اور "دون الجھر" اور" ولاتجھر بصلاتک ولاتخافت بھا "اور"اربعوا" والے جیسے نصوص کے متعلق وہ فرماتے ہیں کہ ان میں جہرِ معتدل کی جو تعلیم ہے اس کی بنیاد بھی شفقت ہے یا وہ اس وقت مصلحت کے خلاف تھا۔ جیسا کہ اس کا بیان پہلے گذر چکا ہے۔ لیکن قرآن وسنت کی رُو سے صحیح یہ معلوم ہوتا ہے کہ دراصل ذکر وتلاوت سب کے آداب یہی ہیں کہ وہ جہرِ معتدل کے ساتھ ہو یا خفیہ ہو لیکن اگر کسی وقت آواز اونچی بھی ہو جائے تو بھی اس میں کوئی مضائقہ نہیں اور ضرورت اور مصلحت کے پیش نظر تو کبھی یہی بلند آواز مسنون اور کبھی جائز قرار پاتی ہے۔ اور ضرورت اور مصلحت کا بیان پہلے گذر چکا ہے۔ نیز غلبۂ شوق کی وجہ سے یا الحاح وزاری میں بے اختیار زیادہ آواز بلند ہو جائے اس میں بھی کوئی مضائقہ نہیں اور اسکے

بغیر عام حالات میں زیادہ بلند آواز کے ساتھ ذکر نہیں کرنا چاہیئے کہ یہ ادب کے خلاف ہے۔

...... اگر جہراً تلاوت اور ذکر ایسے انداز میں ہو جس سے ذکر و تلاوت کی بے ادبی نمایاں ہو رہی ہو۔ یا اگر جہری ذکر و تلاوت کی وجہ سے کسی ذاکر مثلاً نمازی یا دوسرے تلاوت کرنے والے وغیرہ کے ذکر و نماز میں خلل آجاتا ہے یا کسی سونے والے کی نیند خراب ہو جاتی ہے یا کسی مریض کو نقصان پہنچتا ہے یا خود ذاکر کو زیادہ جہر سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو تو ایذاء رسانی کی وجہ سے اس ذکر و تلاوت کو ذکرِ مضر کہا جاتا ہے جس کے ناجائز ہونے پر تمام علماء کا اتفاق ہے۔

...... جس موقع پر ذکر تو منقول ہو لیکن رسول اللہ ﷺ سے اس موقعہ پر جہر ثابت نہ ہو تو اس وقت صفتِ جہر کو اختیار کرنا حضرت امام حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدعت ہے کیونکہ جہاں ذکر تو منقول ہے لیکن پھر بھی نبی کریم ﷺ نے اس موقعہ پر جہر نہیں کیا ہے تو ایسی صورت میں اگر کوئی جہر کو اختیار کرتا ہے تو وہ ذکر کے ساتھ صفتِ جہر کو بھی عبادت مقصودہ کا اعتقاد رکھے گا اور ایسے موقع پر یہی اعتقاد ایک نیا اعتقاد ہے جو بدعت ہے اس کی مثال عیدالفطر کی نماز کو جاتے وقت ذکر اور تکبیر کہنا ہے کہ یہ ذکر کا موقعہ تو تھا جیسا کہ عیدالاضحیٰ کی نماز کو جاتے ہوئے جہراً تکبیریں کہی جاتی ہیں لیکن نبی کریم ﷺ نے جہراً تکبیریں نہیں کہی ہیں تو حضرت امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ عیدالفطر کے وقت جہری تکبیریں کہنا بدعت ہے۔

تکبیرات تشریق حضرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک صرف آٹھ نمازوں میں ثابت ہے وہ صرف انہی نمازوں میں ان کو ضروری قرار دیتے ہیں اور اس سے زیادہ نمازوں میں تکبیریں کہنے کو بدعت کہتے ہیں یہ بھی اس لئے کہ جو شخص یہ زائد تکبیریں کہے گا واجب اور مسنون سمجھ کر کہے گا حالانکہ جب اس کا وجوب یا مسنون ہونا نبی کریم ﷺ سے ثابت نہیں تو یہ مسنونیت کا اعتقاد ایک نیا اعتقاد ہے جو بدعت ہے لیکن دوسرے ائمہ جن میں امام ابوحنیفہؒ کے دو عظیم شاگرد بھی شامل ہیں یعنی حضرت امام ابو یوسفؒ اور حضرت امام محمدؒ کے نزدیک ایسے مواقع میں بھی جہر جائز ہے۔

...... ذکر الٰہی عبادت مقصودہ اور کار ثواب ہے رہا سرو جہر اور خفی وغیرہ یہ سب اس کی صورتیں

شکلیں اور اقسام ہیں اور ان صورتوں میں یادالٰہی ادا ہو جاتی ہے۔ لہذا ذکر اور یادالٰہی کو کسی ایک شکل وصورت میں منحصر نہیں سمجھنا چاہیے مثلاً ذکر جہری کو تو ذکر کہا جائے اور ذکر سری کو ذکر ہی نہ سمجھا جائے یا جس موقع پر شریعت مطہرہ نے جہر یا سر کی کوئی صورت مقرر نہیں فرمائی ہو اس موقع میں خارجی وجوہ واسباب کے بغیر کسی ایک صورت مثلاً سر یا جہر کو ناجائز سمجھنا یا کسی خاص صورت کو مسنون یا ضروری سمجھنا یہ سب کچھ اسلام میں نرالا اور نیا عقیدہ گھڑ لینا ہے اور یہی نیا اعتقاد بدعت ہے لہذا اگر عوام میں یہ بات مشہور ہو جائے کہ "ذکر جہری" میں ذکر ہے اور اس کے سوا ذکر کو ذکر ہی نہ کہا جائے تو ایسی صورت میں چونکہ عوام کے اعتقاد خراب ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے اسلئے ایسے موقع پر اپنے عمل سے بھی اور قول سے بھی یہ بات ضروری قرار پاتی ہے کہ لوگوں کو سمجھایا جائے کہ ذکر جہر میں منحصر نہیں بلکہ اسکی تمام صورتیں جائز ہیں۔ اسی طرح اگر کوئی ذکر جہری کو ناجائز باور کرانے کی کوشش کرتا ہے یا اس کو بدعت قرار دیتا ہے وہاں بھی اپنے قول وعمل سے جہر کو ثابت کرنا ضروری قرار پاتا ہے۔

...... جس موقع پر سرّ وجہر کی کوئی صورت مقرر نہ ہو ایسے موقع پر جہر افضل ہے یا سر اس میں علماء کا اختلاف ہے اور یہ اختلاف ذوق کے اختلاف کی وجہ سے ہے جہاں ریاء کا خوف ہو وہاں سر اور خفیہ بالاتفاق افضل ہے اور جہاں ریاء کا اندیشہ نہ ہو اور جہر سے مقصود یہ ہو کہ دوسرے لوگوں کو بھی ترغیب ہو جائے یا اپنے آپکو غفلت کی نیند سے جگانا یا وساوس یا خطرات کو دفع کرنا مقصود ہو یا اسی کی کوئی اور مصلحت ہو تو پھر ذکرِ جہر افضل ہے۔

چونکہ ذکر اللہ کے بارے میں قرآن مجید میں جگہ جگہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ خوب کثرت سے ذکر کرو۔ اور ہر جگہ یہ حکم مطلق ہے یعنی یہ حکم سب حالات کو شامل ہے لہذا بیٹھ کر ہو یا کھڑے ہو کر سر ہلا کر ہو جیسا کہ قرآن شریف کی تلاوت میں بھی لوگ سر ہلاتے ہیں جس کی وجہ سے نشاط حاصل ہوتا ہے یا سر جھکا کر ہو جہراً ہو یا سرّاً ہو انفرادی ہو یا اجتماعی ہو مساجد میں ہو یا گھروں میں ہو ہر طرح جائز ہے۔ بشرطیکہ کسی خاص صورت کو عبادت مقصودہ نہ سمجھا جائے اور اس کو لازم قرار نہ دیا جائے کہ اس کی وجہ سے دوسروں پر نکیر کی جائے اگر کسی خاص صورت کو ضروری قرار دے کر دوسروں پر نکیر کی جائے جیسا کہ بعض لوگوں خصوصاً جاہل نام نہاد صوفیوں میں یہ بیماری بہت کثرت سے پائی جاتی ہے۔ کہ یہ کسی خاص صورت پر ایسا زور دیتے ہیں کہ جو اس طریقے اور صورت کے خلاف

www.noorehidayat.org

دوسرے طریقے پر ذکر کرے تو وہ اس کو غلط قرار دیتے ہیں تو ایسی صورت میں کسی ایک طریقہ وصورت پر زور دے کر دوسرے طریقے وصورت کی تردید کرنا بدعت ہے کیونکہ شریعت نے جب کسی صورت کی نہ نفی کی ہے اور نہ کسی صورت کو لازم قرار دیا ہے تو کسی کو کیا حق ہے کہ وہ کسی صورت کو ناجائز کہے یا کسی صورت کو واجب یا ایسا ضروری قرار دے کہ دوسروں پر نکیر کرنے لگے جیسا کہ اس کا بیان پہلے گزر چکا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَرِنَا الحقّ حقّا وَارْزُقْنَا اتْبَاعه وَارِنَا البَاطِلَ بَاطِلاًوَارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ
رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْم.

**بندہ مختار الدین**

کربوغہ شریف

۱۸ اگست، ۲۰۰۰

۸ جمادی الاولیٰ، ۱۴۲۱ھ

www.noorehidayat.org